UNIVERSAL
LIBRARY
OU-232772
UNIVERSAL
LIBRARY

مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

از تصانیف نادرهٔ عصر یگانهٔ دهر مولوی حمید الزمان بن مولوی صبیح الزمان مهتمم تعمیل احکام دیوانی خجسته بنیاد کرمن سلمه الله الرحمن



باهتمام حاجی غفران مآب محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان مغفور و تربیت یافتهٔ خدمت بدر امعظم محمد مصطفی خان مرحوم

در مطبع صبح صادق واقع کانپور مطبوعهٔ ۱۲۸۰ صد و هشتاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین محمد وآلہ واصحابہ اجمعین الی یوم الدین

اما بعد جاننا چاہیے کہ علم دین افضل جمیع امور دینی ہی چنانچہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ذکر کیے گئے آپ کے سامنے دو شخص ایک عالم تھا اور ایک عابد تھا کہ بزرگی عالم کی عابد پر ایسی ہی جیسی بزرگی میری تم مین سے ادنی شخص پر اور حدیث صحیح مین وارد ہی کہ اللہ تعالی اور ملائکہ اور جتنی مخلوقات زمین آسمان مین ہی یہان تک کہ چیونٹی اپنے سوراخ مین اور مچھلی دریا مین دعا مانگتے ہین بہتری کی واسطے اوس شخص کے جو علم دین سیکھتا ہی روایت کیا ان دونون حدیثون کو ترمذی اور دارمی نے اور فرمایا جناب باری تعالی نے اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا یعنی اللہ سے بندون مین اللہ سے ڈرتے ہین وہی لوگ جو عالم ہین اور فرمایا اللہ تعالی نے شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ یعنی گواہی دی اللہ نے کہ نہین ہی کوئی معبود سوا اوسکے اور فرشتون نے اور علم والون نے کہ وہ قائم ہی ساتھ عدل اور انصاف کے تو اس مقام پر پہلے اللہ تعالی نے اپنے نفس سے شروع کیا اور دوسری بار ملائکہ کا ذکر کیا اور تیسرے مرتبہ مین علم والونکا کہا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے وَنَاھِیْکَ بِھٰذَا شَرَفًا وَّفَضْلًا وَّجَلَالًا وَّنُبْلًا یعنی کفایت ہی یہ آیت واسطے شرف علم اور جلال اور بزرگی اوسکی کے اور فرمایا اللہ تعالی نے یَرْفَعِ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْکُمْ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ یعنی بلند کریگا اللہ تعالی درجے اون لوگون کے جو ایمان لائے تم مین سے اور اون لوگون کے جو دیے گئے علم منقول ہی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ علم کے واسطے مومنین پر سات سو درجے زیادہ ہین درمیان دو درجون کے پانسو برس کی راہ ہی اور اسیطرح اور آیات فضل اور بزرگی علم مین وارد ہین اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے علما وارث ہین انبیا کے اور یہ بات معلوم ہی کہ کوئی رتبہ بڑھکے رتبہ نبوت و رسالت سے نہین ہی تو کوئی شرف بھی شرف وراثت نبوت سے بڑھکے نہوگا اور فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کمیل سے کہ اے کمیل علم بہتر ہی مال سے علم تیری نگہبانی کرتا ہی اور مال کی تو محافظت کرتا ہی اور علم حاکم ہی اور مال محکوم ہی

اور مال مین سے اگر خرچ کرے تو کم ہوجاویگا اور اگر علم کو خرچ کرے تو اور زیادہ ہوجاویگا اور کہا حضرت علی رضی نے کہ عالم بہتر ہی صائم قائم مجاہد سے یہ تو فضیلت ہی مطلق علم دینی کی اور علم دینی مین کوئی علم علم فقہ سے زیادہ نہین اسواسطے کہ پہچانا جاتا ہی اس سے حلال اور حرام اور حکم اللہ تعالی اور اوسکے رسول کا اور علم حدیث اگرچہ اسکی اصل ہی لیکن یہ اوس سے ماخوذ ہی اور اوسکا محصل اور نتیجہ ہی اور علم فقہ کی فضیلت مین فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکے ساتھ اللہ تعالی ارادہ کرتا ہی بہتری کا تو اللہ اوسکو فقیہ کردیتا ہی دین مین یہ روایت کیا اوسکو بخاری اور مسلم نے اور جامع ترمذی مین وارد ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فَقِیْہٌ وَاحِدٌ اَشَدُّ عَلَی الشَّیْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ یعنی ایک فقیہ اشد ہی شیطان پر ہزار عابد سے اور فرمایا کہ دو خصلتین ہین کہ نہین جمع ہوتی ہین منافق مین ایک اچھی سیرت یعنی نیک خلق اور دوسری فقیہ ہونا دین مین روایت کیا اوسکو ترمذی نے اور ایک روایت مین ہی کہ ہر دین کا ایک ستون ہی اور ستون اس دین کا فقہ ہی

بیان وجہ تصنیف اس کتاب اور درج احادیث اور ادلہ ہر مسئلے کا

وجہ تصنیف اس کتاب کی یہ ہی کہ جب ہمارے زمانے مین بعض لوگون نے خلاف حق یہ طریقہ اختیار کیا کہ اپنی ہوا نفس کے موافق جو حدیثین مشکوۃ شریف وغیرہ سے دیکھ لین اوپر عمل کرنے لگے اور عوام الناس کو جو مقلد مذہب معین کے تھے اپنی خواہش کی طرف بلانے لگے تو رفتہ رفتہ ایسا حال ہوا کہ ایک فرقہ اونکا علحدہ ہوگیا یہان تک کہ حنفیون کی جماعت سے دور رہنے لگے اور جن جن مسجدونمین کہ حنفیونکی بڑی بڑی جماعتین ہوتی ہین حاضر نہین ہوتے بلکہ اپنی ایک الگ مسجد خاص بنلے کے جمعہ اور جماعت کرنے لگے اور جو لوگ مقلد تھے اور اونکو ہر مسئلے مین آگاہی اون احادیث سے جو اوس سے متعلق ہین نہین تھی اونکو سمجھانے لگے کہ اس مسئلے مین کوئی تمھاری دلیل نہین اور جسپر ہم عمل کرتے ہین اوس باب مین صریح حدیث دیکھو مشکوۃ یا ترمذی وغیرہما مین موجود ہی اور اسی طرح اپنے زعم ناقص کے موافق اعتراضات بیجا کرنے لگے اور حال اہل عصر کا یہ تھا کہ اونکے اکثر علما کو بھی بخوبی اون احادیث سے جو مذہب حنفیہ مین دلائل ہین آگاہی نتھی اس وجہ سے نہایت شور اور نزاع مسلمانون مین واقع ہوا تب اس عاجز بیچارہ نے یہ ارادہ کیا کہ کوئی کتاب اس قسم کی تالیف کرنا لازم ہی جسمین ہر مسئلے کی دلیل قرآن شریف اور حدیث سے مذکور ہووے اور جو حدیث لکھی جاوے تخریج بھی اوسکی تحریر ہو تاکہ ان حدیثون کو مقلدین مذہب حنفیہ یاد کرکے اون لوگون کو الزام معقول دے سکین تو اس باعث سے مناسب معلوم ہوا کہ کتاب شرح وقایہ جو اس زمانے مین مقبول اور درس مین داخل ہی ترجمہ کرے اور ہر مسئلے مین احادیث متعلق اوسکے ذکر کرکے جرح اور تعدیل اور ضعف اور توثیق رواۃ بھی اوسکے ساتھ شامل کیجیے تاکہ ناظر کو اس کتاب کے بخوبی احادیث سے وقوف حاصل ہووے

بیان شرف اس کتاب کا اور فوائد اوسکے

پہلا فائدہ اس کتاب مین یہ ہی کہ ہر مسئلے مین احادیث جو متعلق اوس مسئلے کی ہین ذکر کی جاتی ہین تاکہ حجت ہووے اوسکے منکرین پر **دوسرا فائدہ** یہ ہی کہ جتنی حدیثین اسمین لکھی ہین اکثر جاونکے ضعف اور صحت سے بحث کی ہی اور صحت کو اگر مقامات پر اثبات کو پہنچایا ہی تاکہ منکرین کو جاے کلام باقی نرہے **تیسرا فائدہ** یہ ہی کہ اکثر مقامات مین احادیث ہدایہ کی بھی تخریج کردی ہی تاکہ ہدایہ پڑھنے والے کو بھی فائدہ حاصل ہو **چوتھا فائدہ** یہ ہی کہ اگر مسائل مختلف فیہا مین جو قول مختار ہی اوسکو بھی ذکر کردیا ہی تاکہ عمل کرنے والے کو اطمینان ہووے **پانچوان فائدہ** یہ ہی کہ جو اوس کتاب کو اول سے

آخر تک دیکھے اوسکو نہایت وقوف احادیث پر حاصل ہوگا اور بخوبی دلائل مذہب حنفیہ سے مطلع ہوجاویگا چھٹا
فائدہ یہ ہی کہ یہ کتاب حجت ہی اون لوگون پر جو مقلد ہین مذہب حنفیہ کے ساتوان **فائدہ** یہ ہی کہ یہ کتاب
حجت ہی اون لوگون پر جو طعن کرتے ہین مذہب حنفی پر آٹھوان **فائدہ** یہ ہی کہ یہ کتاب نافع ہی اوس شخص کو
جو عالم ہووے کیونکہ فی الفور وقت نزاع کے ہر حدیث متعلق اوس مسئلے کی نکال سکتا ہی اور جو شخص اردو عبارت
پڑہ سکتا ہی اوسکو بھی نفع ہوگا نوان **فائدہ** یہ ہی کہ اکثر مقامات مین جو مسئلے مشکل ہین اونکی تفصیل کردی ہی
تاکہ ناظر کو ملال نہووے دسوان **فائدہ** یہ ہی کہ باوجود رعایت ان سب باتون کے رعایت اختصار بھی کی ہی
تاکہ کتاب نہایت دراز نہوجاوے اور اتنا اختصار بھی نہین کیا کہ سمجھ مین نہ آوے گیارھوان **فائدہ** یہ ہی کہ
جو مسئلے مشہور ہین اور اونمین غیر مقلدین بہت نزاع کرتے ہین اوسمین لفظ حدیث بھی ذکر کیا ہی اور تفصیل کی ہی تاکہ
بخوبی حجت ہوجاوے اونپر بارھوان **فائدہ** یہ ہی کہ جتنی حدیثین اس کتاب مین مذکور ہین سبکی تخریج کردی ہی اور بے نشان
حدیث نہین لکھی تاکہ کوئی طعن نہ کرسکے تیرھوان **فائدہ** یہ ہی کہ جو حدیث موضوع ہی اوسکو نہین ذکر کیا اور اگر کہین ذکر کیا ہی
تو لکھدیا ہی کہ یہ حدیث موضوع ہی اور اتفاق ہی محدثین کا اس بات پر کہ حدیث موضوع کا لکھنا جائز نہین مگر جب کہ لکھدیوے
کہ یہ حدیث موضوع ہی ذکر کیا اسکو امام نووی نے شرح صحیح مسلم مین اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ كَذَبَ
عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ اخرجہ الستۃ یعنی جو شخص جھوٹھ بولے میرے اوپر قصداً تو چاہیے کہ
بنالیوے ٹھکانا اپنا جہنم مین نکالا اسکو صحاح ستہ والون نے اور یہ حدیث نہایت صحیح ہی اور بعضون نے اسکو متواتر کہا ہی اور
فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص حدیث بیان کرے مجھسے اور وہ جانتا ہی کہ یہ حدیث کذب ہی تو چاہیے کہ مقرر کرلے
مقام اپنا جہنم مین روایت کیا اوسکو مسلم وغیرہ نے اور اسی طرح بعض واعظ جو حدیثین بے نشان بیان کرتے ہین اور قصے
طرح طرح کے جھوٹھ بناتے ہین مورد وعید شدید ہین اسواسطے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس شخص نے قرآن مین
اپنی عقل سے کہا تو چاہیے کہ مقرر کرلے مقام اپنا جہنم مین اور ایک روایت مین ہی کہ جس شخص نے قرآن مین کہا بے جانے بوجھے تو چاہیے
کہ مقرر کرلے اپنا مقام جہنم مین اور قرآن کے معنی بیان کرنے مین نہایت احتیاط لازم ہی اور اگر کوئی معنی قرآن کے منتے بھی ہون
اور وہ منقول احادیث اور تفاسیر معتبرہ سے نہون تو بیان کرنا اونکا بھی خوب نہین ہی اور حدیث صحیح مین ہی کہ جس
شخص نے قرآن شریف مین عقل سے کہا اور اوسنے ٹھیک کہا تو بھی اوسنے خطا کی روایت کیا اوسکو ترمذی اور ابوداؤد نے

بیان تعریف حدیث اور اقسام حدیث کا

حدیث اوسکو کہتے ہین کہ جو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے ارشاد فرمایا یا خود کیا یا جو فعل حضرت کے سامنے ہوا
اور آپنے اوس سے منع نہ کیا تو جو زبان سے فرمایا اوسکو حدیث قولی کہتے ہین اور جو کیا ہی اوسکو حدیث فعلی کہتے ہین اور جو آپکے سامنے ہوا
اوسکو حدیث تقریری کہتے ہین اور حدیث دو قسم ہوتی ہی متواتر اور آحاد متواتر اوسکو کہتے ہین جسکو ہر زمانے مین اتنے لوگون نے روایت کیا ہو
کہ احتمال کذب کا اونکی طرف عقل کے نزدیک محال ہووے اور آحاد اوسکو کہتے ہین جسکی روایت مین اسقدر کثرت نہو اور آحاد
تین قسم ہی مشہور اور عزیز اور غریب مشہور یہ ہی کہ جسکو ہر زمانے مین تین یا زیادہ راویون نے روایت کی ہووے اور

عزیز وہ ہی جسکو ہر زمانے مین دو راویون نے روایت کی ہو اور غریب وہ ہی جسکی روایت کسی زمانے مین ایک ہی راوی سے ہووے تو اب جانا چاہیے کہ متواتر حدیث سے ہر شخص کو علم یقینی حاصل ہوتا ہی اور احتمال شک کا بالکل زائل ہوتا ہی اور آحاد روایت سے علم ظنی حاصل ہوتا ہی اور بعضی صورت مین جنکو معرفت حدیث حاصل ہی علم یقینی بھی اوس سے حاصل ہوتا ہی اور آحاد مین بعضی روایت مقبول ہی اور بعضی مردود اگر راوی کی راستی اور صدق معلوم ہووے تو مقبول ورنہ مردود ہی

فائدہ متواتر حدیث بعضون نے کہا ہی کہ کوئی موجود نہین اور بعضون نے کہا کہ ہی اور صحیح قول اول ہی کذا فی بعض الکتب

فائدہ جو آحاد مقبول ہی اوسکی دو قسمین ہین ایک صحیح اور ایک حسن صحیح اوسکو کہتے ہین جسکو دیندار پرہیزگار خوب دیکھنے والے لوگون نے ہر زمانے مین برابر روایت کیا ہو اور نہ اوسمین کوئی پوشیدہ عیب ہو اور معتبر لوگون کی مخالفت بھی نہو اور صحیح حدیث کے کئی درجے ہین پہلا درجہ یہ ہی کہ اتفاق کیا ہو اوسپر بخاری و مسلم نے یعنی دونونکی کتابون مین وہ حدیث موجود ہووے دوسرا درجہ یہ ہی کہ فقط بخاری نے اوسکو روایت کیا ہو تیسرا درجہ یہ ہی کہ فقط مسلم نے اوسکو روایت کیا ہو چوتھے وہ جو بخاری مسلم کی شرط اور اونکے طریقے پر ہووے پانچوین وہ جو صرف بخاری کے طور پر ہووے چھٹے وہ جو صرف مسلم کے طور پر ہووے ساتوین وہ جو سوا بخاری اور مسلم کے اور حدیث کے امامون نے اوسکو صحیح جانا ہو فائدہ بعضون کے نزدیک شرط بخاری اور مسلم کی یہ ہی کہ حدیث کے راوی خوب ضبط کرنے والے اور پرہیزگار ہون غفلت اور مخالفت ثقات وغیرہ سے خالی ہوون اور بعضون کے نزدیک شرط مسلم کی یہ ہی کہ جو حدیث ایسی ہو کہ دو تابعی ثقہ نے دو صحابیون سے روایت کیا ہو اور اسی طرح اون دو تابعی سے دو تبع تابعی نے روایت کیا ہو اسیطرح سب طبقون مین دو شخص ثقہ روایت کرتے چلے آئے ہون اور مضمون حدیث کی کتابون مین مذکور ہی اور حسن اوس حدیث کو کہتے ہین جو صحیح کی طرح پر ہووے لیکن اوسکے راوی نکا درجہ حفظ وغیرہ مین صحیح کے راویون سے کم ہو اور عمل کرنے مین دونون برابر ہین اور دونون حجت ہین لیکن رتبے مین صحیح حدیث زیادہ ہی حسن سے اور ضعیف حدیث اوسکو کہتے ہین جو صحیح اور حسن کے مخالف ہو یا اوسکے راوی مین کوئی وجہ ضعف کی مثلاً نقصان حفظ یا فسق یا جہالت یا بدعت وغیرہ پائی جاتی ہو یا اوسکا کوئی راوی درمیان سے ساقط ہووے یا اوسکے راوی پر لوگ طعن کرتے ہون تو اگر اول سے کوئی راوی ساقط ہی تو اوسکا نام معلق ہی اور اگر انتہا سے ساقط ہووے مثلاً نام صحابی کا مذکور نہووے اور تابعی حدیث بیان کرے تو اوسکو مرسل کہتے ہین اور اگر دو راوی برابر ساقط ہون تو معضل ہی اور نہین تو منقطع اور کبھی منقطع کو مرسل بولتے ہین اور مرسل کو منقطع بولتے ہین اور طعن کے معنی یہ ہین کہ اوسکا راوی جھوٹا ہووے تو اوس حدیث کو موضوع کہتے ہین یا اوسپر تہمت جھوٹ کی لگی ہووے تو اوسکو متروک کہتے ہین یا غلطی بہت کرتا ہو یا غافل ہو یا اوسکو وہم بہت ہووے یا سچے لوگون کی روایت کے مخالف اوسکی روایت ہووے یا فاسق یا بدعتی ہووے تو اوسکو منکر کہتے ہین

فائدہ صحابی اوسکو کہتے ہین جسنے حالت ایمان مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو آنکھ سے دیکھا ہووے اور پھر ایمان پر اوسنے انتقال کیا ہووے اور تابعی اوسکو کہتے ہین جسنے صحابی کو دیکھا ہی اور تبع تابعی اوسکو کہتے ہین جسنے تابعی کو دیکھا ہووے

فائدہ یہ ضعف اور توثیق سب راویون مین محدثین بیان کرتے ہین لیکن صحابی تو سب ثقہ ہین کوئی ضعیف نہین اور نہ کسیطرح کا طعن ہی فائدہ ایک قسم حدیث کی مدلس ہی یعنی وہ حدیث جسمین راوی نے اپنے شیخ کو جیسا یا ہووے اوسکا

نام نہ لیا ہو بے کسی مصلحت سے اور ایک قسم **مضطرب** ہی جسمین راویون نے اختلاف کیا ہو سند یا متن مین اور ایک قسم **مدرج** ہی جسمین راوی نے کچھ اپنا کلام بھی حدیث مین شامل کر دیا ہو اور ایک قسم **معنعن** ہی یعنی جو برابر ایک نے دوسرے سے روایت کیا ہو

فائدہ اور **شاذ** اوسکو کہتے ہین جو حدیث مخالف روایت معتمد لوگون کے ہووے اور **معلول** اوس حدیث کو کہتے ہین جسمین کسی طرح کی علت پوشیدہ جو صحت حدیث مین قدح کرتی ہو پائی جاوے اور **متابع** اوسکو کہتے ہین کہ ایک راوی نے ایک حدیث دوسرے راوی کے موافق روایت کی اور اسیکو **شاہد** بھی کہتے ہین اور **مرفوع** حدیث جو کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا فعل آپکا ہووے اور **موقوف** وہ حدیث ہی جو صحابی کا فعل یا قول ہووے اور وقف کہتے ہین صحابی کا قول یا فعل ذکر کرنے کو اور رفع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قول یا فعل ذکر کرنے کو **فائدہ** اور ان قسمون کے سوا اور بھی قسمین حدیث کی ہین لیکن اس جا پر بوجہ اختصار کے ترک کیا **فائدہ** حدیث کی مشہور کتابین چھ ہین اور اونکو صحاح ستہ کہتے ہین صحیح بخاری اور صحیح مسلم اور جامع ترمذی اور سنن ابو داؤد اور نسائی اور سنن ابن ماجہ اور بعضون کے نزدیک ابن ماجہ صحاح مین داخل نہین اور موطا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی صحاح مین داخل ہی اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین جتنی حدیثین ہین صحیح ہین حسن ہین ضعیف حدیث اونمین نہین پائی جاتی اور باقی چارون کتابون مین سب قسم کی حدیثین صحیح اور حسن اور ضعیف ہین اور صحاح اونکا نام اسواسطے ہی کہ اکثر حدیثین ان کتابون کی صحیح ہین اور ان کتابون کے سوا اور بہت سی کتابین حدیث کی ہین اور اونمین بھی صحیح حدیثین موجود ہین مثلاً معاجم ثلثہ طبرانی اور سنن دار قطنی اور مستدرک حاکم کی اور مصنف ابن ابی شیبہ اور عبد الرزاق کا اور مسند دارمی کی اور حال ان سب کا بالتفصیل بستان المحدثین مین مذکور ہی اور ہم ہان جا پر صحاح ستہ والونکا حال مختصر کچھ لکھینگے

احوال بخاری کا

نام و نسب انکا ابو عبد اللہ محمد بن اسمعیل بن ابراہیم بن المغیرہ ہی قد و قامت انکا میانہ تھا نحیف یعنی دُبلے آدمی تھے اور حالت طفولیت مین دونون آنکھین جاتی رہین تھین اس سبب سے انکی والدہ کو نہایت ملال تھا خواب مین حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو دیکھا کہ وہ فرماتے ہین کہ اللہ تعالی نے تیرے بیٹے کی آنکھونمین روشنی عنایت کی اور یہ تیری گریہ وزاری کا بدلہ ہی صبح کو جب اوٹھین دیکھا کہ آنکھین لڑکے کی روشن ہین اور جب دس برس کے تھے مکتب مین جہان حدیث کو سنتے یاد کر لیتے اور اوسی سن مین شغل حدیث کا اونکو تھا اور جب مکتب سے فارغ ہوئے ایک شخص کو بخارا مین سنا کہ وہ محدث تھا و داخلی اونکا نام تھا بخاری نے اونکے پاس آمد و رفت شروع کی ایک روز داخلی اپنی کتاب سے احادیث پڑھ رہے تھے کہ یکایک اونکی زبان سے نکلا سُفْیَانُ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ اوسیوقت بخاری نے کہا کہ ابو الزبیر نے ابراہیم سے نہین سنا داخلی رحمۃ اللہ علیہ نے اونکو سبار کبا دی پھر بخاری نے کہا کہ اصل نسخے مین دیکھنا چاہیے سو داخلی گھر مین گئے اور اصل نسخہ لاے اور بخاری کو بلا کے کہا کہ بھلا سینے تو غلط پڑھا اب صحیح کیا ہی کہا بخاری نے کہ صحیح سُفْیَانُ عَنِ الزُّبَیْرِ بْنِ عَدِیٍّ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ ہی داخلی حیران ہوئے اور اپنے نسخے کو جسمین پڑھتے تھے صحیح کیا اور جب سولہ برس کے ہوئے تمام کتابین حدیث کی آپکو یاد تھین حامد بن اسمعیل ایک بزرگ کہ بخاری کے زمانے مین تھے کہتے ہین کہ بخاری حدیث کے اوستادون کے پاس بلا دوات و قلم کے جاتے آتے تھے تو ہم لوگون نے کہا کہ تمکو کیا فائدہ ہی اس سے جو تم سنتے ہو بھول جاتے ہو

اسی طرح سب لوگون نے اونکو کہنا شروع کیا سولھوین دن بخاری نے کہا کہ تمنے مجھے تنگ کیا اب جو تمنے لکھا ہی اوسکو سامنے لاؤ اور میری یاد کو اوس سے مقابلہ کرو اس عرصے مین پندرہ ہزار حدیث سب لوگون نے لکھین تحین بخاری نے سب یاد سے پڑھنا شروع کین اور ایسا خوب یاد تھا کہ جینے اپنی حدیثون کو اونسے صحیح کر لیا پھر کہا بخاری نے کہ کیا تم جانتے ہو کہ مین بے فائدہ محنت کرتا ہون تو ہم لوگون نے اوس روز سے جانا کہ یہ شخص شدنی ہی اسکی برابری کوئی نکر سکیگا اور صحیح بخاری تصنیف کرنے کا یہ سبب ہی کہ ایک روز اسحٰق بن راہویہ کی مجلس مین یہ ذکر ہوا کہ اگر کوئی جدا صحیح حدیثون کو جمع کرے تو کیا خوب ہو کہ بلا خدشہ لوگ اوسپر عمل کرنے لگین بخاری کے دل مین یہ بات اثر کر گئی چھ لاکھ حدیثین اونکے پاس تھین اونکا انتخاب کرنے لگے جو حدیث نہایت صحیح پائی اوسکو لکھا اور باقی کو ترک کیا اور معمول یہ کیا تھا کہ ہر حدیث کی تحریر کے واسطے غسل کرتے اور دو رکعت نماز پڑھتے اور دعا کرتے کہ یا الٰہی مجھے خطا سہو سے آخر اسیطرح سولہ برس کامل محنت کر کے مسجد کے اندر منبر اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کے بیچ مین صحیح بخاری مرتب ہوئی اور انتقال کیا بخاری نے خرتنگ مین کہ ایک گانون ہی دو فرسخ سمرقند سے وقت نماز عشا کے اور دن عید فطر بعد نماز ظہر کے سال دو سو چھپن ۲۵۶ ہجری مین اونکو دفن کیا اور باسٹھ ۶۲ برس کی عمر آپکی تھی

بیان مسلم کے احوال کا

انکے باپ کا نام حجاج ہی اور کنیت اونکی ابو الحسین اور لقب اونکا عساکر الدین ہی نیشاپور جو ایک شہر ہی خراسان مین وہان کے رہنے والے ہین ابو زرعہ رازی اور ابو حاتم نے جو اجلہ محدثین مین سے ہین اونکی جلالت اور امامت پر گواہی دی ہی اور صحیح مسلم اونکی نہایت عمدہ کتاب ہی تین لاکھ حدیث سے اس کتاب کو انتخاب کیا ہی اور بعضون نے اسکو صحیح بخاری پر مقدم رکھا ہی کہا حافظ ابو علی نیشاپوری نے کہ آسمان کے نیچے کوئی کتاب صحیح زیادہ مسلم کی کتاب سے نہین ۱۰ ابو حاتم رازی نے کہ اجلہ محدثین مین سے ہین مسلم کو خواب مین دیکھا اور اونکا حال پوچھا مسلم نے کہا کہ اللہ تعالی نے جنت کو میرے اوپر مباح کیا ہی جہان چاہتا ہون رہتا ہون اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے تمام عمر مین کسیکی غیبت نہین کی اور نہ کسیکو مارا اور نہ کسیکو برا کہا اور پیدا ہوئے تھے سال دو سو اور دو مین اور بعضون نے کہا ہی کہ دو سو چار مین اور بعضون نے کہا کہ دو سو چھ مین اور صاحب جامع الاصول نے اسیکو اختیار کیا ہی اور وفات اونکی یکشنبے کو شام کے وقت اور دوشنبے کے دن پچیسوین تاریخ کو رجب مین سال دو سو اکسٹھ ۲۶۱ مین فوت ہوئے اور وفات اونکی اس طرح پر ہوئی کہ ایک مجلس مین لوگون نے آپسے ایک حدیث پوچھی انھون نے اوسکو نہ پہچانا اور اپنے گھر آکے سب کتابون مین تلاش کرنا شروع کیا اور لوگون نے سامنے اونکے ایک ٹوکرا کھجور کا رکھ دیا تھا آپ ایک ایک خرما کھاتے جاتے تھے یہان تک کہ وہ حدیث نہ ملی اور خرمے تمام ہو گئے اور یہ اونکے انتقال کا سبب ہوا اللھم اغفرلنا ولہ ولجمیع المومنین

احوال ابو داؤد کا

نام انکا سلیمان بن اشعث بن اسحاق بن بشیر بن شداد بن عمرو بن عمران الازدی سجستانی ہی اور سجستان معرب ہی سیستان کا اور سیستان ایک ملک ہی سند اور ہرات کے بیچ مین متصل ہی قندھار کے اور وہ جو ابن خلکان نے کہا ہی کہ سجستان ایک قریہ ہی قریب بصرے کے خطا ہی تو لد اونکا سنہ دو سو اور دو ہجری مین ہوا اور اکثر بلاد اسلام مین مانند مصر اور شام اور حجاز اور عراق اور خراسان وغیرہا مین سیر کی اور علم حدیث کو بخوبی جمع کیا حفظ حدیث اور عبادت اور تقوی اور صلاح مین ایک فرد کامل تھے

اور آپ ایک دامن کشادہ رکھتے تھے اور ایک تنگ لوگونے اس حال کو اونسے دریافت کیا فرمایا کہ دامن کشادہ واسطے کتابون حدیث کے ہی اور دوسرے دامن کے کشادہ رکھنے کی کچھ حاجت نہین ہی اور موسی بن ہارون کہ ایک بزرگان وقت مین سے تھے فرماتے کہ ابوداؤد دنیا مین واسطے حدیث کے پیدا ہوئے اور آخرت مین واسطے جنت کے اور جب اس کتاب کی تصنیف سے فارغ ہوئے امام احمد کے پاس لے گئے اونھون نے اوسکو دیکھکے بہت پسند کیا اور ابوداؤد نے اس کتاب کو پانچ لاکھ حدیثون سے انتخاب کیا ہی اور کل حدیثین اس کتاب مین چار ہزار آٹھسو حدیثین ہین اور التزام کیا ہی اس بات کا کہ حدیث صحیح ہووے یا حسن اور اسیواسطے یہ کتاب بعد صحیحین کے سب کتابون سے زیادہ معتبر اور وفات ابوداؤد کی سولھوین تاریخ مہینہ شوال سے سال دوسو اوپچھتر ہجری مین ہوئی اور بصرے مین مدفون ہوئے اور عمر آپ کی تہتر سال ہوئی

احوال ترمذی کا

کنیت انکی ابوعیسی ہی اور نام ونسب محمد بن عیسی بن سورہ بن موسی بن الضحاک سلمی اور ترمذ نام ایک شہر کا ہی اور ترمذی شاگرد ہین بخاری کے اور مسلم اور ابوداؤد سے بھی روایت کرتے ہین بہرسون طلب علم حدیث مین صرف کیے اور یہ کتاب اونکی عمدہ تصانیف سے ہی کئی فائدون پر بہ نسبت اور کتابون کے زیادہ مشتمل ہی اول ترتیب اسکی خوب ہی دوسرے تکرار کم ہی تیسرے ہر مقام پر مذاہب ائمہ اور وجوہ استدلال ہر ایک کی ذکر کرین ہین چوتھے ہر حدیث کے ضعف اور صحت سے بحث کی ہی پانچوین ضعف اور توثیق راویون سے بھی تعرض ہی اور انکو خلیفہ بخاری کا کہتے ہین اور تورع اور زہد اور خوف اونکا بیحد تھا خوف الہی سے برسون رویا کیے آخر اندھے ہوگئے اور ایک حکایت عجیب اونکی یہ ہی کہ مکے کی راہ مین ایک شیخ سے ملاقات کی اور پہلے اوس شخص سے دو جزو حدیث کے لکھے تھے اور فرصت قرارت کی نہین پائی تھی ترمذی نے اوسوقت اونسے قرارت طلب کی شیخ نے قبول کیا اور کہا کہ وہ جزو نکالو یکایک ترمذی نے جو اونکو تلاش کیا تو وہ نہ ملے اور گم ہوگئے تھے دو جزو سفید کاغذ سادہ کے نکال کے حدیث اونسے سننے لگے شیخ کی نگاہ جو اوس کاغذ جا پڑی غصے ہوکے بولے کہ کیا تم مجھسے ہنسی کرتے ہو ترمذی نے کہا کہ نہین صاحب اون جزونکو گم کیا لیکن احادیث سب مجھے اون جزون کی یاد ہین شیخ نے تعجب سے کہا کہ پڑھو ترمذی نے اول سے آخر تک پڑھدیا اور کہین نہ بھولے اور سب حدیثین سنادین شیخ نے کہا کہ اسکا مجھکو یقین نہین آتا سابق سے تمنے یاد کرلی ہونگی ترمذی نے کہا امتحان فرمائیے شیخ نے چالیس حدیثین غریب نکالکے اونکو ایکبار سنادین ترمذی نے اون حدیثون کو بھر بعینہ ایکبار بھی نہ بھولے اور سنادیا اور ایسے ایسے امتحان اونکے حافظے کے اکثر ہوا کیے اور کہتے ہین کہ جب اس جامع کی تصنیف سے فارغ ہوا پہلے اس کتاب کو علماے حجاز کے سامنے پیش کیا سبنے پسند کیا بعد اوسکے علماے عراق کے سامنے وہ بھی خوش ہوئے بعد اوسکے مینے اس کتاب کو رواج دیا اور وفات اونکی ترمذ مین دوشنبے کی رات کو ستائیسوین رجب مین سال دوسو ستر اور نو ہجری مین ہوئی

احوال نسائی کا

نام انکا ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب بن علی بن بحر بن سنان بن دینار نسائی ہی اور یہ نسبت ہی طرف نسا کے کہ نام ایک شہر کا ہی خراسان مین پیدا ہوئے سال دوسو اور چودہ ہجری مین اور بڑے بڑے شیخون کو اور عالمونکو حدیث کے پایا شافعی مذہب تھے اور ہمیشہ ایک روز روزہ رکھتے اور ایک روز افطار کرتے نہایت قوی اور زبردست تھے چار بیویان تھین ہر رات کو ایک کے پاس جاتے تھے اور لونڈیان بھی بہت تھین اور پہلے ایک کتاب حدیث کی کہی اور نام اوسکا سنن کبری رکھا جب اوسکی تصنیف سے فارغ ہوئے ایک امیر نے اونسے پوچھا کہ جتنی حدیثین اس کتاب مین ہین سب صحیح ہین انھون نے کہا کہ صحیح بھی ہین حسن بھی ہین سب قسم کی

حدیثین ہون اوس امیر نے عرض کیا کہ ایک کتاب ایسی جمع کیجیے جسمین سب حدیثین صحیح ہوون تب انھون نے اوسکو خلاصہ کرکے صحیح حدیثین منتخب کین اور نام اوسکا مجتبی رکھا اور اوسکو سنن صغری بھی کہتے ہین اور وہ جو سنن نسائی اس زمانے مین مشہور ہی سنن صغری ہی اور سبب اونکی وفات کا یہ ہوا کہ حضرت علی مرتضیٰؓ کی مناقب مین ایک کتاب انھون نے تصنیف کی بعد فراغت کے انھون نے چاہا کہ اس کتاب کو جامع دمشق مین بیان کرین کہ وہان کے لوگ بسبب سلطنت بنی امیہ کے خوارج کی طرف میل رکھتے ہین کچھ تھوڑا سا بیان اوس کتاب کا کیا تھا کہ ایک شخص نے کہا آپ نے امیر المومنین معاویہؓ کے مناقب مین بھی کچھ لکھا ہی فرمایا کہ معاویہؓ کو یہی کافی ہی کہ نجات پاجاوین اونکے مناقب کہان ہین اور بعضے کہتے ہین کہ یہ کلمہ بھی کہا کہ میرے نزدیک اونکے مناقب مین سے کچھ صحیح نہین بسطرح کچھ کہا کہ عام لوگون نے اونکو تشیع کی طرف منسوب کیا اور لاتین مارنا شروع کین کچھ چوٹ اونکے فوطون مین پونہچی کہ اوسکے سبب سے آپ نیم جان ہوگئے خادمون نے اونکو اوٹھاکے گھر مین لائے انھون نے کہا کہ مجکو سیوقت مکہ معظمہ مین لیچلو کہ یا وہان جاکے مرون یا رہا ہوجاؤن غرض مکے مین پونہچے اور صفا اور مروہ کے بیچ مین مفتون ہوئے وفات اونکی دوشنبہ تاریخ ۱۳ صفر مین سال تین سو تین مین ہوئی اور بعضے کہتے ہین کہ رملہ مین اونکا انتقال ہوا اور وہان سے لاش اونکی مکے مین لے گئے

احوال ابن ماجہ کا

نام اسکا ابو عبداللہ محمد بن یزید بن عبداللہ بن ماجہ قزوینی ربعی ہی اور ربعی نسبت ہی طرف ربع کے کہ نام ایک قبیلے کا ہی اور قزوین نام ایک شہر کا ہی عراق عجم مین اور یہ کتاب اونکی عمدہ تصانیف مین سے ہی اور صحاح ستہ مین بقول راجح داخل ہی اور جب اسکی تصنیف سے فارغ ہوئے ابوزرعہ رازی کے پاس لے گئے اونھون نے اس سنن کو دیکھکے کہا کہ اگر یہ کتاب کسی شخص کے ہاتھ لگیگی اکثر کتابین فن حدیث کی بیکار ہوجاوینگی اور واقعی یہ کتاب اختصار اور عدم تکرار مین بے نظیر ہی اور ابوزرعہ نے اس کتاب کی صحت کی شہادت دی اور کہا کہ غالب ہی اوس مین کوئی حدیث نہایت ضعیف موضوع نہوگی اور اس سنن مین تیس کتابین ہین اونمین ایک ہزار پانسو باب ہین اور سب حدیثین اوسکی چار ہزار ہین اور صحیح یہ ہی کہ ماجہ انکی ماکا نام تھا اور عبداللہ دادا انکے صحابی تھے سنہ دوسو اور نو ہجری مین پیدا ہوئے اور بہت مشائخ حدیث سے استفادہ کیا اور بخوبی اس فن سے مطلع ہوئے اور وفات انکی دوشنبہ کے روز سنہ دوسو تہتر ہجری مین بتاریخ بیسوین رمضان ہوئی فقط

بیان تقلید کا

جانا چاہیے کہ بعض محققین نے تقلید مذہب معین کو مذاہب اربعہ مین سے واجب کیا ہی اور بعضون نے مستحسن تو موافقت ان دونون قولون مین اسی طور پر ہی کہ جو شخص عالم فن حدیث کا ہووے چارون مذہب کے ماخذ اور اصول مین واقف ہو کلام اللہ کی آیات منسوخہ اور غیر منسوخہ اور معانی اونکی مین بخوبی مطلع ہووے اور معرفت ضعف حدیث اور صحت مین بہرۂ تام ہو کیفیت رواۃ سے آگاہ ہو بہت احادیث اوسکو مستحضر ہون اکثر کتابین حدیث کی اوسکے مطالعے سے گذرین ہون تو ان سب صورتون کا جو شخص جامع ہووے اوسکو تقلید مذہب معین کرنا مستحسن ہی اور جس شخص مین یہ شرائط متحقق نہین تقلید کا وجوب اوسیکے حق مین ہی اور اس زمانے مین ایسا شخص جو ان شرائط مذکورہ کا جامع ہووے اکثر مقامون مین متحقق نہین اگرچہ ممکن الوجود یا مکان عقلی ہی اور تقلید ائمہ مجتہدین مسائل شرعیہ مین درحقیقت اطاعت خدا اور رسول مین داخل ہی فرمایا اللہ تعالی نے اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ اور اسیواسطے مفسرین نے اُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ سے امرا اور سلاطین مسلمین مراد لیے ہین نہ مجتہدین شریعت چنانچہ بیضاوی مین ہی کہ اسکی تایید کرتا ہی قول اللہ تعالی کا

فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ سواسطے کہ مقلد کو جائز نہین کہ نزاع کرے مجتہد سے اوسکے حکم مین
بخلاف اسکے اور عبارت اوسکی یہ ہی وَهُوَ يُؤَيِّدُ الْوَجْهَ الْأَوَّلَ إِذْ لَيْسَ لِلْمُقَلِّدِ أَنْ يُنَازِعَ الْمُجْتَهِدَ
فِي حُكْمِهِ بِخِلَافِ الْمَرْءُوسِ انتہت کیونکہ اطاعت علماے اہل اجتہاد کی اطاعت خدا اور رسول کی ہوگی حالانکہ وہ لوگ
حاملان علم نبوت اور شارحان کتاب وسنت ہین اور قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ اور
عُلَمَاءُ أُمَّتِي كَأَنْبِيَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ اسی مضمون پر دلالت کرتا ہی اور وہ جو بعض جہلا اعتراض کرتے ہین کہ تقلید ابی حنیفہ
اور شافعی وغیرہما کی ایسی ہی جیسے مشرکین تقلید اپنے آبا واجداد کی کرتے ہین جواب اوسکا یہ ہی کہ قیاس اس تقلید کا مشرکین کی
تقلید پر قیاس مع الفارق ہی کیونکہ مقلدین مجتہدین کو وسائط بلوغ علم نبوت اور وسائل وصول احکام شریعت سمجھکر تقلید کرتے ہین
بالاستقلال اونکو مصدر احکام نہین جانتے ہین امام ابو جعفر نے بسند متصل نقل کیا ہی کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ ہم
اخذ کرتے ہین اول ساتھ کتاب کے پھر ساتھ سنت کے پھر ساتھ قضایاے صحابہ کے اور عمل کرتے ہین ہم جسپر اتفاق ہوتا ہی صحابہ کا اور
جسمین کہ اختلاف ہوتا ہی صحابہ کا اوسکو قیاس کرتے ہین اور مسئلے پر اور روایت کیا بیہقی نے مدخل مین بسند صحیح حضرت امام
ابو حنیفہ سے عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا حَنِيفَةَ يَقُولُ إِذَا جَاءَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَى الرَّأْسِ وَالْعَيْنِ وَإِذَا جَاءَ عَنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَخْتَارُ مِنْ قَوْلِهِمْ
وَإِذَا جَاءَ مِنَ التَّابِعِينَ زَاحَمْنَاهُمْ یعنی جو وقت آئے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے تو وہ سر اور آنکھون پر اور جو وقت صحابہ سے
اوسمین اختیار کرتے ہین ہم اور جو وقت تابعین سے آیا ہووے تو اونکی مزاحمت کرتے ہین یعنی اوسمین کلام کرتے ہین اور قیاس کو دخل
دیتے ہین اور کس طرح حضرت امام صاحب تابعین کے قول مین مزاحمت نہ کرینگے کیونکہ خود بھی تابعین مین سے ہین اور روضۃ العلما سے
مذکور ہی اُتْرُكُوا قَوْلِي لِخَبَرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یعنی فرمایا امام صاحب نے ترک کرو قول میرا ساتھ حدیث
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور فرمایا إِذَا صَحَّ الْحَدِيثُ فَهُوَ مَذْهَبِي یعنی جب صحیح ہوجاوے حدیث تو وہی میرا مذہب ہی
اور صراط مستقیم مین ہی کہ اصحاب ابو حنیفہ کے متفق ہین کہ حدیث ہر چند اسناد اوسکا ضعیف ہو مقدم اور اولی ہی قیاس سے
اور اجتہاد سے اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے بدون ضرورت کے عمل قیاس پر ہرگز نہین کیا اور میزان شعرانی مین ہی وَمَا طَعَنَ
أَحَدٌ فِي قَوْلٍ مِنْ أَقْوَالِهِمْ إِلَّا لِجَهْلِهِ بِهِ إِمَّا مِنْ حَيْثُ دَلِيلِهِ وَإِمَّا مِنْ حَيْثُ دِقَّةُ مَدَارِكِهِ عَلَيْهِ
لَاسِيَّمَا الْإِمَامُ الْأَعْظَمُ أَبُو حَنِيفَةَ الَّذِي أَجْمَعَ السَّلَفُ وَالْخَلَفُ عَلَى عِلْمِهِ وَوَرَعِهِ وَعِبَادَتِهِ وَدِقَّةِ
مَدَارِكِهِ وَاسْتِنْبَاطِهِ وَحَاشَاهُ مِنَ الْقَوْلِ فِي دِينِ اللَّهِ بِالرَّأْيِ الَّذِي لَا شَاهِدَ لَهُ ظَاهِرٌ كِتَابٍ
وَلَا سُنَّةٍ یعنی نہین طعن کیا کسیسے بیچ کسی قول کے اقوال مجتہدین سے مگر جاہلون نے اوس قول کے کہ جاہل رہے اوسکی دلیل سے یا دقت اور
باریکی اوسکی سے خصوصًا امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کہ اجماع کیا سلف اور خلف نے اونکے علم اور ورع اور عبادت اور دقت
مدارک اور استنباطات اونکے پر اور بیچے قول سے دین خدا مین اوس سے کہ نہین شہادت کی ہوا اوسکی کتاب یا سنت نے اور لیکن
وجوب تقلید کا واسطے غیر مجتہد کے تو اتفاق کیا اوسپر علما نے اسی کہا جلال الدین محلی نے شرح جمع الجوامع مین يَجِبُ عَلَى
الْعَامِيِّ وَغَيْرِهِ مِمَّنْ لَمْ يَبْلُغْ مَرْتَبَةَ الِاجْتِهَادِ الْتِزَامُ مَذْهَبٍ مُعَيَّنٍ مِنْ مَذَاهِبِ الْمُجْتَهِدِينَ انتہی یعنی

واجب ہی عامی اور غیر عامی پر جو نہ پونہچا ہو درجۂ اجتہاد کو التزام ایک مذہب معین کا مجتہدین مذاہب سے اور کہا شیخ محی الدین نووی نے روضۃ الطالبین مین اَمَّا الْاِجْتِهَادُ الْمُطْلَقُ فَقَالُوا اِنْقَرَضَ بِالْاَئِمَّةِ الْاَرْبَعَةِ حَتّٰى اَوْجَبُوا تَقْلِيدَ وَاحِدٍ مِّنْ هٰؤُلَاءِ عَلٰى اُمَّتِهٖ وَنَقَلَ اِمَامُ الْحَرَمَيْنِ الْاِجْمَاعَ عَلَيْهِ یعنی اجتہاد مطلق تو ختم ہوگیا ساتھہ ائمۂ اربعہ کے اور واجب ہی تقلید ایک کی ان مین سے امت پر اور نقل کیا امام الحرمین نے اجماع اسپر اور بحر العلوم نے شرح تحریر ابن الہمام مین لکھا ہی غَيْرُ الْمُجْتَهِدِ الْمُطْلَقِ يَلْزَمُهُ تَقْلِيدُ مُجْتَهِدٍ مَّا مِنَ الْمُجْتَهِدِيْنَ الْمُطْلَقِيْنَ یعنی جو مجتہد مطلق نہو اوسکو لازم ہی تقلید کسی مجتہد مطلق کی تو اگر کوئی اسمقام پر کہے کہ ان اقوال سے اتنا ہی ثابت ہوتا ہی کہ تقلید کسی ائمۂ اربعہ مین واجب ہی اور ہم بھی کسی مسئلے مین جو مخالف ائمۂ اربعہ کے ہو عمل نہین کرتے بلکہ کوئی مسئلے پر موافق ابو حنیفہ کے اور کسی پر موافق شافعی کے اسیطرح پر عمل کرتے ہین تو جواب اوسکا یہ ہی کہ باعث اسکا یا تو حصول درجۂ اجتہاد ہی کہ جسکا قول صحیح موافق احادیث کے پاتے ہین اوسپر عمل کرتے ہین تو اس صورت مین تقلید کی کیا حاجت ہی اور اگر بغیر حصول اجتہاد کے یا مر ہی تو مخالف حق اور باطل ہی کیونکہ اتفاق کیا علما نے اس بات پر کہ نہین جائز ہی غیر مجتہد کو کہ عمل کرے ایک مسئلے مین رائے ابو حنیفہ پر اور دوسرے مین رائے شافعی پر کہا ملا علی قاری نے رسالے مین اپنے کہ تالیف کیا ہی اوسکو قفال کے رد مین بَلْ يَجِبُ عَلَيْهِ اَنْ يُّعَيِّنَ مَذْهَبًا مِّنَ الْمَذَاهِبِ اِمَّا مَذْهَبَ الشَّافِعِيِّ فِيْ جَمِيْعِ الْفُرُوْعِ وَالْوَقَائِعِ وَاِمَّا مَذْهَبَ مَالِكٍ وَاِمَّا مَذْهَبَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَغَيْرِهِمْ وَلَيْسَ اَنْ يَّنْتَحِلَ مِنْ مَذْهَبِ الشَّافِعِيِّ مَا يَهْوَاهُ وَمِنْ مَذْهَبِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ مَا يَرْضَاهُ لِاَنَّا لَوْ جَوَّزْنَا ذٰلِكَ اَدّٰى اِلَى الْخَبْطِ وَالْخُرُوْجِ عَنِ الضَّبْطِ وَحَاصِلُهٗ يَرْجِعُ اِلٰى نَفْيِ التَّكْلِيْفِ لِاَنَّ مَذْهَبَ الشَّافِعِيِّ اِذَا اقْتَضٰى تَحْرِيْمَ الشَّيْءِ وَمَذْهَبَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ مَثَلًا اِبَاحَةَ ذٰلِكَ الشَّيْءِ بِعَيْنِهٖ اَوْ عَكْسَ ذٰلِكَ فَهُوَ اِنْ شَاءَ مَالَ اِلَى الْحَلَالِ وَاِنْ شَاءَ مَالَ اِلَى الْحَرَامِ فَلَا يَتَحَقَّقُ الْحِلَّةُ وَالْحُرْمَةُ وَفِيْ ذٰلِكَ اِعْدَامُ التَّكْلِيْفِ وَاِبْطَالُ فَائِدَتِهٖ وَاسْتِيْصَالُ قَاعِدَتِهٖ وَذٰلِكَ بَاطِلٌ اِنْتَهٰى مَا ذَكَرَ کہ بلکہ واجب ہی اوسپر تعیین ایک مذہب کی یا مذہب شافعی کی جمیع فروع اور وقائع مین یا مذہب مالک کی یا مذہب ابو حنیفہ کی اور یہ نہین کہ جو چاہے مذہب شافعی سے اختیار کرلے اور جو چاہے مذہب ابی حنیفہ سے کیونکہ جواز مین اسکے کام مودی ہوگا طرف خبط کے اور نکلنے کے ضبط سے اور حاصل اسکا نفی تکلیف ہی کیونکہ جب مذہب شافعی مقتضی تحریم کو کسی امر کے ہی اور مذہب ابو حنیفہ کا مثلا اوسکی تحلیل کو تو جب چاہے مائل ہو طرف حرام کے اور جب چاہے طرف حلال کے تو حلت و حرمت کا تحقق و تقرر جاتا رہا اور اسمین صریح اعدام تکلیف ہی اور ابطال ہی اوسکے فائدے کا اور استیصال ہی اوسکی بنا کا اور یہ باطل ہی اور کہا تر صیح مین لَا خَيْرَ فِيْ اَنْ يَّكُوْنَ حَنَفِيًّا فِيْ بَعْضِ الْمَسَائِلِ وَشَافِعِيًّا فِيْ بَعْضٍ اٰخَرَ نہین بہتر ہی کہ حنفی ہو بعض مسائل مین اور شافعی بعض مین اور شرح عین العلم مین ہی فَلَوِ الْتَزَمَ اَحَدٌ مَّذْهَبًا كَاَبِيْ حَنِيْفَةَ وَالشَّافِعِيِّ فَلَزِمَ عَلَيْهِ الْاِسْتِمْرَارُ فَلَا يُقَلِّدُ غَيْرَهٗ فِيْ مَسْئَلَةٍ مِّنَ الْمَسَائِلِ یعنی جسنے لازم پکڑا ایک مذہب مثلاً مذہب ابو حنیفہ یا مذہب شافعی کا تو واجب ہی کہ ہمیشہ اوسی مذہب پر رہے اور سوا اوسکے کسی مسئلے مین غیر کی تقلید نہ کرے اور کہا ابن عبد البر نے اِنَّ تَتَبُّعَ رُخَصِ الْمَذَاهِبِ غَيْرُ جَائِزٍ بِالْاِجْمَاعِ یعنی تلاش خصتون کا ہر مذہب مین ممنوع ہی بالاجماع اور تفسیر احمدی مین ہی اِذَا الْتَزَمَ مَذْهَبًا يَجِبُ عَلَيْهِ اَنْ يَّدُوْمَ عَلٰى مَذْهَبِ الْتَزَمَهٗ وَلَا يَنْتَقِلُ عَنْهُ اِلٰى مَذْهَبٍ اٰخَرَ

یعنی جس مذہب کو التزام کرے تو چاہیے کہ مداومت کرے ادھر اور نہ پھر جاوے طرف دوسرے مذہب کے الحاصل ان روایات و اقوال سے بخوبی واضح ہو کہ جو شخص پایہ اجتہاد کا نہ رکھتا ہو خواہ عامی ہو یا غیر عامی تقلید مذہب معین کی اوسکو واجب ہے اور وجوب تقلید پر بہت سی دلیلین ہین کہ اونکو اس مقام مین ذکر کرنا مناسب ہے **دلیل پہلی** یہ ہے جو ہمنے اس مقام مین قول اکابر علمائے امت کے اس باب مین بیان کیے **دلیل دوسری** ایسی ہے کہ اوسمین خصم کو جائے کلام نہین وہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے جب ارشاد فرمایا کہ مسائل میرے ماخوذ ہین احادیث اور آیات سے تو دو حال سے خالی نہین یا اس قول کی تصدیق کرتے ہو یا انکار کرتے ہو اور اوسکو کذب جانتے ہو بر تقدیر اول تو تابعداری اس مذہب کی جمیع مسائل مین واجب ہوگی اور تقدیر ثانی مین اگر احتمال کذب کا جیسے امام صاحب کی طرف ہے اسی طرح جائز ہے کہ احتمال کذب کا بخاری مسلم کی طرف ہو ویسا جب امام صاحب کہ مصداق خَيْرُ الْقُرُونِ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ہین یون فرماوین کہ مسائل بیان کیے ہوئے ہمارے ماخوذ ہین کتاب اور سنت اور قضایائے صحابہ سے تو قول اونکا لائق اعتماد نہوا اور جب بخاری مسلم وغیرہما کہ اونسے نہایت متاخر ہین ذکر کرین کہ یہ حدیث ہمکو فلانے سے پونہچی ہے تو قول اونکا بغیر گفتگو مقبول ہو جاوے تو جیسا جائز ہے کہ امام اعظم رح نے کذبا یہ کہا ہو کہ مسائل بیان کیے ہوئے میرے ماخوذ ہین کتاب اور سنت سے اور واقع مین وہ مسائل استراعی اور عقلی ہون اسیطرح جائز ہے کہ بخاری مسلم وغیرہما نے کذبا کہا ہو کہ یہ حدیث ہمکو فلانے سے پونہچی ہے تو ایک کی بات کو صادق جاننا اور دوسرے کی بات کو باوجود بزرگی اور فضل کے کذب شمار کرنا ترجیح بلا مرجح بلکہ ترجیح مرجوح ہے **دلیل تیسری** یہ ہے کہ اس زمانے مین اکثر غیر مقلد جو عمل سے سن لیتے ہین کہ یہ قول موافق حدیث کے ہے اور اوسپر عمل کرتے ہین تو تعجب ہے کہ قول اون علما کا جنکو امام صاحب کی نسبت بالکل وقوف نہین لائق اعتبار ہو جاوے اور امام صاحب کا قول لائق اعتماد اور عمل کے نہووے اور یہ نہایت درجے کا جہل ہے **دلیل چوتھی** یہ ہے کہ اکثر علما اور فضلا اور اولیا اللہ اس امت مین اتباع مذہب حنفیہ کرتے چلے آئے ہین تو احتمال بطلان اس مذہب کا ایک شخص کے قول سے کس طرح جائز ہوگا **بیت** ہمہ شیران جہان بستہ این سلسلہ اند ۔ روبہ از حیلہ چہ سان بگسلد این سلسلہ را ۔ **دلیل پانچوین** یہ ہے کہ حدیث صحیح مین وارد ہے اتبعوا السواد الاعظم فمن شذ شذ فی النار یعنی اطاعت کرو بڑے گروہ کی اور جو اوسمین سے نکلا وے نکلا دوزخ مین اور فرمایا اللہ تعالی نے وَمَنْ يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ۝ یعنی جو شخص مومنون کی راہ کے سوا اور راہ طلب کرے پھیر نگے ہم اوسکو جس طرف پھرا اور داخل کرینگے اوسکو جہنم مین اور بری ہے وہ جگہہ پھر جانے کی اور حال انکہ اکثر لوگ امت کے تقلید مذہب ابوحنیفہ پر ہین اور بعض باقی ہاوپر مذاہب ثلثہ باقیہ کے کہا ملا علی قاری نے وَلِمَا اتِّبَاعُ أَبِي حَنِيفَةَ قَدِيمًا وَحَدِيثًا فِي الْأَزْدِيَادِ فِي جَمِيعِ الْبِلَادِ سِيَّمَا فِي بِلَادِ الرُّومِ وَمَا وَرَاءَ النَّهْرِ وَوِلَايَةِ الْهِنْدِ وَالسِّنْدِ وَأَكْثَرُ أَهْلِ خُرَاسَانَ وَعِرَاقٍ مَعَ وُجُودِ كَثِيرِينَ فِي بِلَادِ الْعَرَبِ بِالْاِتِّفَاقِ وَاظُنُّ أَنَّهُمْ يَكُونُونَ ثُلُثَيِ الْمُسْلِمِينَ بَلْ أَكْثَرَ عِنْدَ الْمُهْتَدِينَ بِالْاِتِّفَاقِ یعنی اتباع مذہب ابی حنیفہ کا تو زیادتی پر ہے قدیم سے اور جدید سے تمام شہرونمین خاص کر کے روم کے ملکون مین اور ماوراء النہر کے اور ولایت ہندوستان اور سندھ اور اکثر اہل خراسان اور عراق مین باوجود اسکے کہ بہت لوگ ہین عرب مین بالاتفاق اور جانتا ہونمین کہ ہونگے وہ دو ثلث مسلمانون کے بلکہ

اکثر نزدیک ہندستین کے بالاتفاق اور اکثر اولیاء اللہ اور کاملین اسی مذہب کے مقلد ہے درمختار مین ہی وَقَدِ اتَّبَعَهُ
عَلٰی مَذْهَبِهٖ كَثِيْرٌ مِّنْ اَوْلِيَاءِ الْكِرَامِ مِمَّنِ اتَّصَفَ بِثَبَاتِ الْمُجَاهَدَةِ وَرَكَضَ فِيْ مَيْدَانِ الْمُشَاهَدَةِ
كَاَبِيْ اِبْرٰهِيْمَ بْنِ اَدْهَمَ وَشَقِيْقٍ الْبَلْخِيِّ وَمَعْرُوْفٍ الْكَرْخِيِّ وَاَبِيْ يَزِيْدَ الْبِسْطَامِيِّ وَفُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ وَ
دَاوٗدَ الطَّائِيِّ وَاَبِيْ حَامِدٍ اللَّفَّافِ وَخَلَفِ بْنِ اَيُّوْبَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَوَكِيْعِ بْنِ الْجَرَّاحِ
وَاَبِيْ بَكْرٍ الْوَرَّاقِ وَغَيْرِهِمْ اٰخِرُ تک اور ایسا ہی ذکر کیا اکثر علماء نے اور کہا اہل کشف نے کہ جیسا مذہب امام ابوحنیفہ کا قدیم ہی اسی طرح آخر تک رہیگا اور دیکھنے کی بات ہی کہ امام اعظم صاحب اتباع حدیث مین اوروں سے زیادہ ہین کہ حدیث مرسل کو قبول کرتے ہین اور قیاس کو اوسکے مقابلے مین جائز نہین رکھتے تو افسوس ہی اون لوگون پر کہ باوجود مشاہدے ان امور کے اور اس احتیاط بلیغ کے ان لوگون کو اصحاب رائے سے شمار کرتے ہین اور اس مذہب کے مسائل کو اپنے زعم باطل کے موافق خلاف احادیث اور آیات کے سمجھتے ہین اور اونکے تابعداروں کو کہ سواد اعظم مین داخل ہین گمراہ اور خاطی کہتے ہین مثل مشہور ہی کہ چاند پر خاک ڈالنے سے اپنے ہی مونہہ پر خاک پڑتی ہی جن لوگون کو اللہ تعالی نے نور ہدایت دیا ہی وہ لوگ کبھی حشر تک اتباع اس طریقہ سنیہ سے باز نہ آوینگے اور بعض لوگ جو مصداق يَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ ہین باغوای مفسدین کے شاید کہ اس سے محروم رہین يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ دلیل چھٹی
یہ ہی کہ بوقت تسلیم کے جب کوئی مسئلہ مسائل حنفیہ مین سے اس قسم کا نکالدو کہ جسکی کوئی دلیل حدیث ضعیف یا صحیح یا آیت قرآن سے نہو تو اوس صورت مین اگر خاص اوس مسئلے مین کلام کرو اور اوسپر عمل نکرو تو قول تمہارا لائق قبول ہوگا اور وہ جو مسئلہ رفع یدین یا قرأت مین پیچھے امام کے یا قلتین کے مسئلے مین کلام کرتے ہین ہم مسائل کو ہمنے فصل آلہی سے اس کتاب مین تفصیل سے بیان کیا ہی اور تمامی مطاعن کے جوابات تحریر کیے ہین دیکھنے سے ظاہر ہوگا حال انکا امام شافعی کے مذہب مین بھی بہت سے ایسے مسئلے ہین جنکی دلیلین ضعیف اور اونمین کلام ہی مثلاً بسم اللہ کا اور حدث نہوتا خون اور پیپ کا اور کھانا اونٹ کا جسپر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو وے قصداً اور کوئی مذہب ایسا نہین کہ ہر مسئلے مین اوسکی ادلہ قویہ ہون سب قسم کے مسائل ہوتے ہین ہان ایسا قول نہو جو مخالف صریح حدیث کے ہو وے اور کسی دلیل سے اوسمین تمسک نہو وے واللہ اعلم و علمہ اتم

جواب اون مطاعن کا جنکو اکثر غیر مقلدین بیان کیا کرتے ہین

طعن پہلا ہم لوگ احادیث کے اوپر عمل کیا کرتے ہین اور تعجب ہی کہ قول ابوحنیفہ کا تو قابل قبول ہو اور قول جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قابل عمل کے نہو وے جواب احادیث پر عمل کرنا تو عین ہمارا مطلوب ہی مگر یہ کہ جسشخص کو معرفت حدیث کی اور ناسخ و منسوخ کی ہو وے اور معانی حدیث سمجھتا ہو وے اور طریقہ استنباط جانتا ہو وے تو اوسشخص کو عمل بالحدیث جائز ہی اور جسمین یہ شروط متحقق نہین اوسکو عمل کرنا احادیث پر دیکھکے جائز نہین تقریر شرح تحریر مین ہی وَلَيْسَ لِلْعَامِيِّ اَلْاَخْذُ بِظَاهِرِ الْحَدِيْثِ لِجَوَازِ كَوْنِهٖ مَصْرُوْفًا عَنْ ظَاهِرِهٖ اَوْ مَنْسُوْخًا بَلْ عَلَيْهِ الرُّجُوْعُ اِلَى الْفُقَهَآءِ لِعَدَمِ الْاِهْتِدَآءِ فِيْ صِحَّةِ
اِلٰى مَعْرِفَةِ صَحِيْحِ الْاَخْبَارِ وَسَقِيْمِهَا وَنَاسِخِهَا وَمَنْسُوْخِهَا فَاِذَا اعْتَمَلَ كَانَ تَارِكًا لِلْوَاجِبِ عَلَيْهِ انتہی
یعنی نہین جائز ہی عامی کو تمسک کرنا ساتھ ظاہر حدیث کے بسبب جواز مصروف ہونے اوسکے ظاہر سے یا منسوخ ہونے اوسکے بلکہ لازم ہے عامی کو رجوع طرف فقہا کے بجہت عدم اہتدا کے حق مین اوسکی طرف معرفت صحیح احادیث اور سقیم اور ناسخ اور منسوخ کے پس اگر اعتماد کریگا

طعن اول

ظاہر حدیث پر تو ہوگا تارک اوس چیز کا جو واجب ہی اوپر اور کفایہ حاشیہ ہدایہ مین مسطور ہی اَلْعَامِیُّ اِذَا سَمِعَ حَدِیْثًا لَیْسَ لَہٗ اَنْ یَّاْخُذَ بِظَاهِرِهٖ وَیَجُوْزُ اَنْ یَّکُوْنَ مَصْرُوْفًا عَنْ ظَاهِرِهٖ اَوْ مَنْسُوْخًا بِخِلَافِ الْفَتْوٰی اور معنی اسکے وہی ہین جو اوپر بیان کیے اور بھی کفایے مین مرقوم ہی اِنَّ الْمُفْتِیَ یَنْبَغِیْ اَنْ یَّکُوْنَ مِمَّنْ یُّؤْخَذُ عَنْهُ الْفِقْهُ وَیُعْتَمَدُ عَلَیْهِ فِی الْبَلْدَةِ فِی الْفَتْوٰی وَاِذَا کَانَ الْمُفْتِیْ عَلٰی هٰذِهِ الصِّفَةِ فَعَلَی الْعَامِیِّ تَقْلِیْدُهٗ وَاِنْ کَانَ الْمُفْتِیْ اَخْطَاَ فِیْ ذٰلِکَ وَلَا یَعْتَبِرُ بِغَیْرِهٖ هٰکَذَا رَوَی الْحَسَنُ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَابْنُ رُسْتُمَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَبِشْرٌ عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ انتہت یعنی چاہیے کہ مفتی ہو اون شخصون سے کہ لی جاتی ہی اوونسے فقہ اور اعتماد کیا جاتا ہی اونپر شہر مین جبکہ ایسا مفتی ہووے کے اور جبکہ ہو مفتی اس صفت پر پس عامی پر لازم ہی تقلید اوسکی اگرچہ مفتی نے خطا کی ہو اوس مسئلے مین اور نہ اعتبار کرے ساتھ غیر اوس مفتی کے ایسا ہی روایت کیا ہی حسن نے ابو حنیفہ سے اور ابن رستم نے امام محمد سے اور بشیر نے امام ابو یوسف سے اور مسلم الثبوت مین ہی کہ اجماع کیا ہی محققین نے اوپر منع عوام کے تقلید صحابہ سے بلکہ اونپر لازم ہی اتباع اون لوگون کا کہ جلا دی ہی اونھون نے اور باب باب کیا ہی اونھون نے پس مہذب اور منقح کیا ہی اونھون نے اور جمع کیا ہی اونھون نے اور اسی پر بنا کیا ہی ابن الصلاح نے منع کو تقلید سے سوا چار اماموں کے کیونکہ یہ بات نہین جانی گئی ہی غیر مین ان چار کے اور اونمین کلام ہی اور وہ جو بعض لوگ کہتے ہین کہ اللہ رسول کا کلام سمجھنا کچھ مشکل نہین اون معنی کر صحیح ہی کہ اصل مضامین اوسکے ایسے نہین ہین کہ بیان کیے سے سمجھ مین ہر خاص و عام کے نہ آوین مثل مطالب منطق اور علوم فلسفہ کے اور ان معنی کر غلط ہی کہ اوسکے مضامین کو سمجھکر عبارت سے نکال لینا اور بیان کر دینا ہر امی اور ان پڑھے کو آسان ہی بلکہ بعض مضامین ظاہر مین نہایت آسان اور سہل ہوتے ہین لیکن حقیقت اوسکی سوا اونھین کے اور کو نہین کھلتے پس اگر ظاہر پر ایسے مضمون کے یہ شخص ہو بغیر تحقیق کے واقفون سے باوجود استطاعت اور قدرت سوال کے عمل کریگا تو عجب نہین کہ مواخذہ دار ہووے علاوہ اسکے قول امام ابو حنیفہ پر ہم اسطرح سے عمل نہین کرتے کہ یہ بالذات اونھین کا قول ہی بلکہ اسطرح پر کہ یہ قول اونکا قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ماخوذ ہی اور موافق شریعت کے ہی تو قول ابو حنیفہ اور قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین کچھ منافاۃ نہین بلکہ کوئی قول ابو حنیفہ کا اس قسم سے نہین پایا جاتا جسکی دلیل کچھ احادیث و آیات سے ہووے اور پھر درصورتیکہ عمل عامی کو ظاہر حدیث پر منع ہووے اور قول ابو حنیفہ کا موافق قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہووے عمل کرنا احادیث پر اپنی رائے کے موافق اور ترک کرنا تقلید ابو حنیفہ کی نہایت عقل و انصاف سے بعید ہی اور ابو شامہ سے جو منع تقلید مین مروی ہی تو بتقدیر صحت نقل کے وہ طعن نسبت اون لوگون کے ہی کہ جنھون نے حرام کہا ہو نظر کرنے کو کتب احادیث مین اور ہم لوگ اسکو ہرگز حرام نہین کہتے بلکہ موجب اجر جزیل اور ثواب جانتے ہین اور مشارق الانوار مین جو خلاف حدیث کے چلنے سے منع کیا ہی بعد متفق ہوجانے اوس بات کے کہ یہ مخالف ہی اوس حدیث کے سو وہ کچھ مخالف ہمارے نہین ہی اور علی ہذا القیاس یہی مراد ہی ان قولون سے اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے شرح سفر السعادت مین لکھا ہی کہ مصلحت اور قرارداد علما کا آخر زمانے مین تعین اور تخصیص مذہب ہی کہ ضبط اور ربط کار دین و دنیا اسی مین ہی پہلے سے مخیر ہی جسکو اختیار کرے ہو سکتا ہی اور بعد اختیار ایک مذہب کے دوسرے مذہب کی طرف جانا بے توہم سوء ظن اور تفرق کے اعمال و احوال مین نہوگا پس قرارداد متاخرین مختار ہی اور اوسی مین خیر ہی اب کبھی مجتہد کے تابع کو نہین پہونچتا ہی کہ اگر کوئی حدیث مخالف اپنے مذہب کے پاوے اپنے مذہب کو چھوڑ دے اور اوس حدیث پر عمل کرے یہ طریقہ متقدمین کا ہی علما کو اس زمانے مین سوا متابعت

مجتہدون کے کوئی طریقہ نہین ہی اور حکم مجتہد کا درحقیقت حکم کتاب وسنت ہی اور کلام صاحب تحفہ العزیز یعنی مولانا شاہ عبدالعزیز کا
اس آیت کی تفسیر مین بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا کی منع مین اوس تقلید کے کہ مشرکین اوسکو مقابلے مین حکم خدا اور رسول کے
پیش کرتے تھے ہی منع مین اہل تقلید کے کہ فی الحقیقت اطاعت خدا اور رسول کی ہی اور کسطرح مولانا صاحب منع کرتے اہل تقلید کو
حالانکہ خود بھی مقلد تھے اور خود اسی تفسیر مین وَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا کے تحت مین فرماتے ہین کہ اون لوگون مین سے جنکی اولاد
بحکم خدا فرض ہی مجتہدین شریعت اور شیوخ طریقت ہین کہ حکم اونکا بھی واجب الاتباع ہی عوام امت پر کیونکہ فہم اسرار شریعت اور
دقائق طریقت انکو میسر ہی فرمایا اللہ تعالیٰ نے فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ یعنی پوچھ لو نصیحت والون سے
اگر تم نہین جانتے ہو اور شاہ ولی اللہ صاحب نے عقد الجید مین لکھا ہی کہ جان تو بیشک تمسک کرنے مین ساتھ ان مذاہب اربعہ کے
مصلحت عظیمہ ہی اور اغراض مین اوس سے بڑا مفسدہ ہی اور ہم بیان کرینگے اوسکو کئی وجہون سے انتہی **طعن دوسرا** دیکھو صحاح ستہ
کی کتابین جو احادیث کے فن مین اور کتابون سے زیادہ معتبر ہین اکثر احادیثین شافعیہ کے موافق ہین اور حنفیہ کے مخالف تو اولے
اس صورت مین عدم اتباع مذہب حنفیہ ہوگا **جواب** صحاح ستہ کے ماسوا اور بہت سی کتابین حدیث کی ہین کہ جنکو محدثین نے
بیان کیا ہی مثلاً معاجم طبرانی کی مؤطا امام محمد کی مصنف ابن ابی شیبہ کا کتابین دارقطنی کی تصانیف طحاوی کی تصانیف ابن حبان
اور حاکم کی وغیرہا اور صحاح ستہ کی شہرت مبنی ہی اس بات پر کہ اکثر حدیثین ان کتابون کی صحیح ہین جیساکہ انکا ذکر اوپر ہم کر چکے
اور یہ لازم نہین کہ جو حدیث ان کتابون مین نہووے وہ صحیح نہووے سیکڑون حدیثین صحیح ایسی ہین بخاری مسلم کی شرط پر
کہ ان کتابون مین موجود نہین **طعن تیسرا** حنفی مذہب کو چونکہ یہ لوگ اکثر جا مخالف حدیث کی کہتے ہین اور قیاس اور رائے
کو دخل دیتے ہین اوسطے نام انکا اہل الرائے ہوا اور یہ نام انکا قدیم سے ہی ترمذی مین جابجا دیکھو مسائل مذہب حنفیہ کو لکھا ہی
وَهُوَ قَوْلُ أَهْلِ الرَّأْيِ **جواب** ظاہر اہل رائے کہنے کا سبب یہ ہوا تھا کہ امام ابوحنیفہ صاحب کے وقت مدارک اور باریکی استنباط کی
اس قسم کی تھی کہ بعض اہل عصر کی سمجھ مین قول اونکا بلا تامل وفکر نہین آتا تھا اس وجہ سے بعض لوگون نے اونکو اہل رائے کہنا شروع کیا
اور یہ نام وجہ طعن نہین ہوسکتا الا اوس صورت مین کہ مسائل انکے صرف رائے اور اختراع عقل پر مبنی ہون حالانکہ کوئی مسئلہ انکا اس
قسم کا نہین جسکے ساتھ اور مجتہد نے بھی تمسک کیا ہو اور کیونکر اہل رائے یہ لوگ ہونگے حالانکہ انکے نزدیک حدیث ضعیف مرسل
مقدم تر اور اولیٰ تر ہی قیاس اور اجتہاد سے برخلاف امام شافعی کے کہ وہ حدیث مرسل کو قبول نہین کرتے تو اگر کسینے ازراہ تعصب
یا کسی اور وجہ سے کوئی کلمہ خلاف اونکی شان کے کہا تو اوسپر اعتبار کرنا درصورتیکہ وہ مطابق واقع اور نفس الامر کے نہووے نہایت بیجا ہی
اور کوئی ایسا شخص جو کسی فن مین کامل ہووے نہین گذرا کہ کسینے اوسکے کلام مین رد وقدح نکیا ہو اور اوسکی شان مین کچھ نکہا ہو
یہان تک کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کہ باتفاق مشائخ طریقت اور علمائے شریعت کے اولیاء کبار مین سے ہین اور کسیکو
اہل حق مین سے اونکی ولایت اور علو درجہ مین کلام نہین لیکن ابن جوزی محدث نے کیا کیا اونکی شان مین کہا ہی اور اسی قبیل سے محاربات
ومشاجرات ومنازعات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو سمجھنا چاہیے اور اوس سے یہ لازم نہین آتا کہ دوسری جانب کو برا کہنے لگے مثلاً
ترمذی نے امام ابوحنیفہ کی شان مین جو بیان کیا تو اب ترمذی کی برائی کرنا اسکو لازم نہین یا ابن الجوزی نے ازراہ خطا کے غوث اعظم
رحمۃ اللہ علیہ کی شان مین کہا اوس سے ابن الجوزی رحمۃ اللہ کی برائی کرنا اور اونپر طعن کرنا لازم نہین **طعن چوتھا** یہ جو چار مذہب

لوگون نے مقرر کر لیے ہین اسکا حکم کچھ خدا اور رسول نے نہین فرمایا ہی بلکہ ان لوگون نے اپنے دل سے چار مذہب ٹھہرا کے حق اونہین
حصر کیا اور جو قول کہ اونکے مخالف ہی اوسکو باطل بتایا پس دلیل شرعی اس باب مین کوئی پائی نہین جاتی **جواب** دلیلین شرع
مین چار ہین ایک ان مین اجماع امت بھی ہی اور اطاعت اہل اجماع کی فرض ہی اور اجماع کیا امت محمدی علی صاحبہا الصلوۃ والسلام
نے ان چار مذہبون پر اور اتفاق کیا اس بات پر کہ جو ان چارون کے مخالف ہو باطل ہی اشباہ مین ہی وَمَا خَالَفَ الْاَرْبَعَةَ
الْاَرْبَعَةَ مُخَالِفٌ لِّلْاِجْمَاعِ وَقَدْ صَرَّحَ فِي التَّحْرِيْرِ اَنَّ الْاِجْمَاعَ انْعَقَدَ عَلٰى عَدَمِ الْعَمَلِ بِمَذْهَبٍ مُّخَالِفٍ
الْاَرْبَعَةِ لِانْضِبَاطِ مَذَاهِبِهِمْ وَكَثْرَةِ اَتْبَاعِهِمْ یعنی جو حکم مخالف ہو ان چار امامون کے قول کے سو وہ اجماع کے
مخالف ہی اور تصریح کی ہی ابن الہمام نے تحریر مین کہ تمام علما کا اجماع ہوا ہی عمل نکرنے پر اوس مذہب کے جو مخالف ہی ان چار امامون کے
اسواسطے کہ ان امامون کا مذہب ضبط اور آراستہ ہوا ہی اور انکے اتباع کرنے والے بہت لوگ ہین حاصل یہ ہی کہ ان امامون کے
مقلدین سواد اعظم مین داخل ہین اور سواد اعظم کی متابعت کرنے کو حدیث مین حکم ہی اور اسکا بیان گذرا اور نہایۃ المرادین مرقوم ہی
وَفِيْ زَمَانِنَا هٰذَا قَدِ انْحَصَرَتْ صِحَّةُ التَّقْلِيْدِ فِيْ هٰذِهِ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ فِي الْحُكْمِ الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ بَيْنَهُمْ
وَفِي الْحُكْمِ الْمُخْتَلَفِ فِيْهِ اَيْضًا قَالَ الْمَنَاوِيُّ فِيْ شَرْحِ الْجَامِعِ الصَّغِيْرِ لَا يَجُوْزُ الْيَوْمَ تَقْلِيْدُ غَيْرِ الْاَئِمَّةِ الْاَرْبَعَةِ
فِيْ قَضَاءٍ وَّلَا اِفْتَاءٍ ہمارے اس زمانے مین منحصر ہوئی ہی تقلید ان چار مذہب مین خواہ حکم متفق ہو خواہ حکم مختلف پھر ان چار
کے سوا اور کسیکی تقلید جائز نہین اور کہا مناوی نے جامع صغیر کی شرح مین جائز نہین ہی اس زمانے مین تقلید کرنی سوا ان چار
امامون کے نہ تو قضا مین نہ فتوے مین یعنی قاضی کو درست نہین کہ ان مذاہب کے سوا اور کا حکم کرے اور مفتی کو درست نہین کہ
برخلاف انکے فتوی دے اور تفسیر احمدی مین ہی قَدْ وَقَعَ الْاِجْمَاعُ عَلٰى اَنَّ الْاِتِّبَاعَ اِنَّمَا يَجُوْزُ لِلْاَرْبَعَةِ فَلَا يَجُوْزُ
الْاِتِّبَاعُ لِمَنْ حَدَثَ مُجْتَهِدًا مُّخَالِفًا لَهُمْ یعنی بیشک اجماع ہوا ہی اس بات پر کہ اتباع سوا ان چار مذہبون سے کسی کا
جائز نہین سو نہین جائز ہی اتباع اوس شخص کا جو نیا مجتہد مخالف انکے نکلے اور اوسی کتاب مین ہی وَالْاِنْصَافُ اَنَّ انْحِصَارَ
الْمَذَاهِبِ فِي الْاَرْبَعَةِ وَاتِّبَاعَهُمْ فَضْلٌ اِلٰهِيٌّ وَقَبُوْلِيَّتُهٗ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى لَا مَجَالَ فِيْهِ لِلتَّوْجِيْهَاتِ
وَالْاَدِلَّةِ یعنی انصاف یہ ہی کہ منحصر ہونا مذہبون کا ان چار مین اور اتباع انکا فضل الٰہی ہی اور مقبولیت اوسکی نزدیک اللہ تعالی کے اور اس بات
مین دلیل اور توجیہ کو دخل نہین **طعن پانچوان** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین ہر ایک صحابی جیسی حدیث
کو پاتے تھے اوسی طرح پر عمل کرتے تھے مجتہد ہو یا عامی نہ یہ کہ کسی صحابی معین کی جو مجتہد ہو تا صرف اوسکی تقلید پر اقتصار
کرتے اپنی اپنی سمجھ کے موافق عمل مین لاتے تھے تو اب اس زمانے مین بھی موافق اوسکے عمل کرنا صواب ہی کچھ حرج نہین **جواب**
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک مین یا اوس زمانے مین جو آپ کی وفات سے قریب تھا اکثر لوگ صحابی موجود تھے کسی حدیث کو
جو غیر معتبر ہو کبھی بیان نہین کرتے تھے احتمال کذب کا اونکی نسبت ہرگز نتھا اسی واسطے جو شخص کہ کوئی حدیث کسی صحابی یا تابعی
مقبول سے سنتا تھا بوجہ اعتبار کے اوسپر عمل کرتا تھا برخلاف اس زمانے کے کہ ہزارون قسم کی حدیثین اور قصے لوگون نے
جھوٹھ ایجاد کر لیے ہین راوی حدیث کے سب قسم کے ہونے لگے تو اس صورت مین ہر شخص کے کہے کے موافق عمل کرنا ناجائز ہوا
جو لوگ کہ حال کیفیت رواۃ اور احادیث سے واقف تھے وہ اور لوگون کو بتلا دیتے تھے اور لوگ اونکی تقلید کرتے تھے

طعن پانچوان

تو زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قیاس کرنا اس زمانے کا حماقت ہی اور بہت سے مطاعن جو غیر مقلد بیان کرتے ہین اونکا جواب بھی ان جوابات سے نکل آویگا اور جب مشہور طعنون کا یہ حال ہوا تو معلوم نہین کہ جو اور طعن ہین وہ کیسے ہونگے مسلمانون کو لازم ہی کہ انکی باتون کی طرف خیال نکرین اور جس طریقے پر کہ اکابر علمائے امت اور ہزارون اولیا اللہ محبوب خدا کے چلتے رہے اوسی پر چلین

اور ایک مکرر اس وقت کا یہ ہی کہ نام اپنا بمقابلہ حنفی شافعی کے محمدی رکھا ہی اس وجہ سے کہ ہم لوگ طریقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اختیار کرتے ہین اور اوسکی پیروی کرتے ہین برخلاف مقلدین کے کہ اون لوگون نے خلاف طریقہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابو حنیفہ اور شافعی کا طریقہ اختیار کر لیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و فعل کو ترک کیا ہی اور یہ نہین سمجھتے کہ طریقہ ابو حنیفہ یا شافعی کا بعینہ طریقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی کچھ اوسکے مخالف نہین اور تسمیہ انکا ان نسبتون کے ساتھ بوجہ تقلید مذہب معین کے ہی ورنہ تمامی اہل حق محمدی ہین حاجت انکی تخصیص کی کیا ہی اور دوسرے یہ کہ اس زمانے مین جو معروف کتابین مشتہر اور رواج پاگئین ہین مثل مشکوۃ شریف وغیرہ کے اونمین اپنے مذہب کے موافق احادیث نکال کے عوام مقلدین سے بیان کرتے ہین اور کہتے ہین کہ حدیثین صحیح اتنی کتابون مین منحصر ہین اور تمھارے مسائل صریح مخالف ان احادیث کے ہین تو قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چھوڑکے قول ابو حنیفہ اختیار کرتے ہو اور نہین جانتے کہ بہت سی کتابین ایسی حدیث کی ہین کہ انھون نے خواب مین بھی نہ دیکھی ہونگی اور ہزارون حدیثین صحیح بخاری و مسلم کی شرط پر ان کتابون مین موجود ہین

فصل چند اصطلاحات کتاب کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ صاحبین کا لفظ اس کتاب مین جہان آیا ہی مراد اوسسے امام محمد اور امام ابو یوسف ہین اور طرفین سے امام محمد اور امام ابو حنیفہ اور شیخین سے امام ابی یوسف اور امام ابو حنیفہ اور اس کتاب مین حرف صاد سے جو قلم جلی سے لکھا ہی مراد کتاب اصل شرح وقایہ ہی اور حرف فا سے زیادات اور جو احادیث ہین کہ زائد مضمون اصل کتاب پر ہین بطریق فوائد کے مراد ہین اور جہان بطلق امام ہی مراد امام ابو حنیفہ ہین اور ائمہ اربعہ سے امام ابو حنیفہ اور شافعی اور مالک اور امام احمد رحمہم اللہ مراد ہین اور لفظ شیخین سے ذکر احادیث مین بخاری اور مسلم مقصود ہین اور جماعت سے چارون علمائے باقیہ یعنی ابن ماجہ اور ابو داؤد و نسائی اور ترمذی رحمہم اللہ منظور ہین اور مقصود اصلی تصنیف و تالیف اس کتاب سے فائدہ خلق اللہ ہی نہ کسیکا رد اور کسیکا اظہار خطا منظور ہی تو اب یہ بندہ عاصی پر معاصی فقیر حقیر ننگ خاندان معتاج رحمت ایزد منان **محمد وحید الزمان** ولد مولوی محمد مسیح الزمان لکھنوی فاروقی حنفی مؤلف اسکا اون صاحبون کی خدمت مین جو اس کتاب کے مطالعے سے مسرور اور محظوظ ہون عرض رسا ہی کہ جس جگہ پر از راہ خطائے انسانی کے کوئی قسم کی لغزش دیکھین تو پردہ عفو سے چھپاوین اور مجھ گنہگار اور میرے والدین اور تمامی عزیز و اقارب اور عامہ مسلمین کے واسطے دعائے خیر کرین اور اس کتاب کے پڑھنے کا یہ طریقہ رکھین کہ جس جگہ پر نام مبارک حضرت سیدنا و مولانا و سولنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا آوے آپ پر صلوۃ و سلام بھیجین کیونکہ حدیث صحیح مین وارد ہی کہ جس شخص پر ذکر کیا جاوے نام میرا اور وہ درود نہ بھیجے مجھ پر تو وہ بڑا بخیل ہی اور حقیقت مین بڑے افسوس کی بات ہی کہ جو دنیا مین کسی کا دوست ہوتا ہی اوسکے ذکر کے وقت مدح اور ثنا مین اوسکی مشغول ہوتا ہی اور جب محبوب خدا شافع روز جزا پیغمبر حق جناب نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک سنا جاوے اور پھر لوگ محروم ثواب صلوۃ و سلام سے رہین اور جس کسیکا آپ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین مین سے ذکر آوے اوسپر کلمہ

رضی اللہ عنہ کا کہنا ضرور جانین اور تابعین کو اور اور علما کو بکلمہ رحمۃ اللہ علیہ کہا کرین اور قبل شروع اس کتاب کے
باادب بیٹھکے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف تین بار اور سورہ اخلاص تین بار اور الحمد ایکبار پڑھین اور ثواب اوسکا
تمام صحابہ اور علما اور سب بزرگان دین کو پونہچاوین بعد اوسکے کتاب کو مطالعہ کرین اور پھر بعد فراغ کی بھی ایسا ہی کرین اور یہ
تصور کرتے رہین کہ جتنا علم ہم سیکھتے ہین یا سکھاتے ہین وہ سب خالصتاً لوجہ اللہ اور اوسکی رضامندی کے لیے اور عمل
کرنے کے لیے کرتے ہین اور غرض دنیا اور تحصیل مال کبھی علم سے نرکھے کہ بعد رعایت ان شرائط کے ضرور اللہ تعالی اوسکے علم مین
برکت دیگا اور توفیق عمل کی عطا فرماویگا اَللّٰھُمَّ وَفِّقْ لَنَا بِالْخَیْرِ وَاجْعَلْ خَوَاتِمَ اُمُوْرِنَا بِالْخَیْرِ اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ
عَلَیْنَا مُھِمَّاتِ الْعِلْمِ وَاَعْطِنَا عِلْمًا نَافِعًا وَّفَھْمًا کَامِلًا وَّقَلْبًا خَاشِعًا وَّبَطْنًا
مُشْتَعًا وَّعَمَلًا مُّقَرَّبًا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدَیْنَا وَلِجَمِیْعِ الْمُسْلِمِیْنَ
وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ اٰمِیْنَ یَا رَبَّ
الْعٰلَمِیْنَ تَمَّتْ مُقَدِّمَۃُ الْکِتَابِ وَیَلُوْھَا
کِتَابُ الطَّھَارَۃِ اَللّٰھُمَّ تَمِّمْ بِالْخَیْرِ
بِاَکْرَمِ خَیْرٍ وَّھُوَ

فقط

فہرست انوار الہدایہ ترجمۂ اردو شرح وقایہ

صفحہ		سطر
	کتاب الطہارۃ	۲
۲۰	فصل وضو کے بیان میں	۲۶
۴۱	باب پانیوں کے بیان میں	۵۰
۵۶	فصل جانوروں کے جھوٹے کے بیان میں	۵۸
۷۰	باب حیض کے بیان میں	۷۵
۷۹	فصل نجاست غلیظہ و خفیفہ کے بیان میں	
	فصل نواقض وضو کے بیان میں	۲۶
	فصل پانی مستعمل کے بیان میں	۵۰
	باب تیمم کے بیان میں	۵۸
	فصل استحاضہ کے بیان میں	۷۵
	باب غسل کے بیان میں	۳۵
	فصل داخلت کے بیان میں	۵۱
	باب مسح موزوں کے بیان میں	۶۶
	فصل نفاس کے بیان میں	۷۷
	فصل مستحبات غسل کے بیان میں	۳۶
	فصل مکروہات کے بیان میں	۵۴
	فصل پگڑی پر مسح کرنے کے بیان میں	۶۹
	باب نجس چیزوں کے بیان میں	״
	فصل تیمم کے بیان میں	
۸۳	**کتاب الصلوۃ**	۸۳
۸۳	فصل نماز کے وقتوں کے بیان میں	۸۹
۱۱۲	فصل قراءت کے بیان میں	۱۱۵
۱۲۴	فصل مکروہات نماز کے بیان میں	۱۲۷
۱۴۱	فصل نماز جمعہ و وقت اور مسافر کے بیان میں	۱۴۳
۱۴۹	باب بیمار کی نماز کے بیان میں	۱۵۰
۱۵۸	باب عیدین کی نماز کے بیان میں	۱۶۳
	باب اذان اور اقامت کے بیان میں	۸۹
	باب جماعت کے بیان میں	۱۱۵
	باب وتر اور نوافل کے بیان میں	۱۲۷
	باب فرض پڑھنے کے بیان میں	۱۴۳
	باب سجدۂ تلاوت کے بیان میں	۱۵۰
	باب قضا کی نماز کے بیان میں	۱۶۳
	باب نماز کھیے کے بیان میں	۱۷۵
	باب نماز کی شرطوں کے بیان میں	۹۳
	باب جمعہ میں جمع نماز کے	۱۱۹
	فصل نوافل کے بیان میں	۱۳۶
	باب قضا فوت ہونے کے بیان میں	۱۴۵
	باب مسافر کی نماز کے بیان میں	۱۵۲
	باب جمعہ کے احکام میں	״
	باب نماز جنازہ کے بیان میں	
	باب نماز کی صفت کے بیان میں	۹۵
	باب متفرقات نماز کے بیان میں	۱۲۱
	فصل تراویح کے بیان میں	۱۴۰
	باب سجدۂ سہو کے بیان میں	۱۴۶
	باب نماز جمعہ کے بیان میں	۱۵۴
	باب شہید کے بیان میں	۱۷۲
۱۷۶	**کتاب الزکوۃ**	۱۷۶
۱۷۷	باب قانون کی زکوۃ کے بیان میں	۱۸۳
۱۸۷	مصارف زکوۃ کے بیان میں	
	باب عاشر کے بیان میں	۱۸۳
	باب زکاز کے بیان میں	۱۸۴
	باب صدقۂ فطر کے بیان میں	۱۹۰
	باب زکوۃ خارج کے بیان میں	۱۸۵
۱۹۳	**کتاب الصوم**	۱۹۳
۱۹۷	باب روزہ فاسد ہونے کے بیان میں	۲۰۱
	باب روزے کے مکروہات کے بیان میں	۲۰۱
	باب اعتکاف کے بیان میں	۲۰۷
۲۱۰	**کتاب الحج**	۲۱۰
۲۲۷	باب قران اور تمتع کے بیان میں	۲۳۲
	باب جنایات کے بیان میں	۲۳۲
	باب میقات سے آگے جانے کے بیان میں	۲۳۵
	باب احصار کے بیان میں	۲۳۶
۲۳۹	**خاتمہ** فوائد متفرقہ کے بیان میں	۲۳۹
۲۳۸	فائدہ بھلا دعوہ سنت ہو	۲۳۹
	فائدہ دوسرا اصحیہ کے بیان میں	۲۳۹
	فائدہ تیسرا کی فضیلت کے بیان میں	۲۳۹
	فائدہ چوتھا زیارت مدینہ شریف کے بیان میں	۲۴۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجزء الاول کتاب الطہارۃ

فصل وضو کے بیان مین فرمایا اللہ تعالی نے ای ایمان والو جب کھڑے ہو تم طرف نماز کے پس دھولو اپنے مونھ کو اور ہاتھون کو کہنیون تک اور مسح کرو اپنے سر کا اور دھوؤ پانؤن کو ٹخنون تک فرض وضو مین چار چیزین ہین پہلے دھونا مونھ کا پیشانی سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک اور شمس الائمہ کے نزدیک اگر درمیان کان اور خسارے کے تر کرے اور پانی نہ بہاوے کافی ہی جیسا کہ کہا ہی ابو یوسف نے کہ وضو کرنے والا اگر تر کرے سب اعضاے وضو کو اور پانی جاری نکرے جائز ہی مگر علما نے معنی اسکے یون بیان کیے ہین کہ ہر عضو سے دو تین قطرے جاری ہو دین اگرچہ پانی نہ بہین دوسرے دھونا دونون ہاتھون کا کہنیون سمیت تیسرے دھونا دونون پیرون کا ٹخنون سمیت اور امام زفر کے نزدیک کہنیان اور ٹخنے دھونا فرض نہین اور ٹخنا روایت مین ہشام کی امام محمد سے وہ ہڈی ہی جو بیچ قدم مین ہی نزدیک گرہ تسمے جوتی کے لیکن صحیح یہ ہی کہ وہ ہڈی اونچی ہی جسپر پنڈلی کی ہڈی ختم ہوتی ہی چوتھے مسح کرنا چوتھائی سر کا **ف** کیونکہ روایت کیا مسلم اور طبرانی اور ابو داود اور ضوی نے مغیرہ بیٹے شعبہ سے تحقیق کہ وضو کیا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تو مسح کیا اوپر پیشانی اپنی کے اور اوپر عمامے اور موزون کے اور پیشانی آگے سے چوتھائی سر کے برابر ہوتی ہی اور روایت کیا ابو داود اور حاکم نے انس سے کہا کہ دیکھا مینے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ وضو کرتے تھے اور انکے سر پر عمامہ تھا پس لائے ہاتھ اپنا نیچے عمامے کے اور مسح کیا مقدم سر کو اور مقدم سر آگے سے چوتھائی سر کو کہتے ہین اور روایت کیا ایسا ہی بیہقی نے عطا سے اور شافعی نے اور آگے سے چوتھائی سر کا مسح کرنا حضرت عثمان رض سے مروی ہی روایت کیا اسکو سعید بن منصور نے اور ابن عمر رض سے صحیح ہوا ہی کہ اکتفا کیا اونھون نے ساتھ مسح بعض سر کے روایت کیا اوسکو ابن المنذر نے اور کسی صحابی سے انکار اسکا

صحت کو نہین پہونچا یہ مضمون صحیح البخاری مین ہی ص مگر امام شافعی کے نزدیک اگر ایک بال یا دو بال کا بھی مسح کرلیگا درست ہوجاویگا اور امام مالک کے نزدیک تمام سر کا مسح فرض ہی اور مسح چوتھائی ڈاڑھی کا امام اعظم صاحب کے نزدیک فرض ہی اور امام ابی یوسف کے نزدیک تمام داڑھی کا مسح فرض ہی اور مشہور روایت مین امام ابوحنیفہ سے ساری داڑھی کا مسح فرض ہی اور وہی صحیح اور مختار ہی اور مسح کہتے ہین تر ہاتھ کو اوس عضو پر جسکا مسح کرنا ہی یہ پہنچانا چاہیے نیا پانی برتن سے لیا جو تری اعضا کے دھونے سے باقی ہو اوس سے مسح کرے اور جو تری ہاتھ مین بعد مسح کرنے کسی عضو کے باقی رہے یا ہاتھ کو اعضائے غسولہ یا ممسوحہ سے تر کیا اور اوس سے مسح کرے جائز نہوگا اور ایسا ہی موزے کے مسح مین اور اگر بعد مسح کے سر کے دو بال یا دو تین بار مسح کرنا لازم نہ آویگا یا وضو کیا اور پھر ناخون کٹوائے اوتنی جگہہ کا پھر دھونا واجب نہین اور سنت وضو مین چودہ ہین پہلے دھونا ہاتھ کا بند دست تک ف کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جاگے تم مین سے کوئی تو نہ ڈالے اپنا ہاتھ پانی مین جب تک اوسکو تین بار نہ دھولے اسواسطے کہ وہ نہین جانتا کہ کہان رہا ہاتھ اوسکا یعنی پاک جگہہ یا ناپاک جگہہ روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے ابوہریرہ سے ص اور یہ دھونا بعض مشایخ کے نزدیک قبل استنجے کے ہی اور بعضون کے نزدیک بعد استنجے کے اور بعضون کے نزدیک قبل استنجے کے بھی دھوے اور بعد اوسکے بھی دھوے ف در مختار مین اسیکو اختیار کیا ہی کہ قبل استنجے کے بھی دھوے اور بعد اوسکے بھی دھوے ص اور دھونے کا طریق یہ ہی کہ برتن کے پہلے بائین ہاتھ مین لیکر داہنا ہاتھ دھووے اور پھر داہنے مین لیکر بائین ہاتھ کو دھووے تین تین بار اگر برتن چھوٹا ہو اور اوٹھ سکے اور اگر برتن بڑا ہی کہ اوٹھا اوسکا ممکن نہین تو کسی چھوٹے برتن سے پانی نکالکے دھووے جیساکہ اوپر ذکر کیا اور اگر چھوٹا برتن نہو تو بائین ہاتھ کی انگلیون کو ملاکے اوسمین ڈالے اوسمین داخل کرے اور پانی نکالکے داہنے ہاتھ پر ڈالے اور انگلیون کو آپس مین خوب ملے اسی طرح تین بار کرے بعد اوسکے داہنے ہاتھ کو اچھی طرح ڈالکے پانی نکالے اور اس حدیث مین جو ہاتھ ڈالنے سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہی یہ جب ہی کہ برتن چھوٹا ہو یا بڑا ہو اور اوسکے ساتھ چھوٹا برتن بھی ہو لیکن جب کہ برتن بڑا ہو اور اوسکے ساتھ چھوٹا برتن نہو تو منع یہ ہی کہ خوب مبالغے کے ساتھ ہاتھ ڈالکے پانی کو نکالے یہ سب صورتین جب ہین کہ اوسکے ہاتھ نہین نجاست اور اگر نجاست ہو تو ہاتھون کو دھونا نجاست سے بغیر اس بات کے کہ پانی نجس ہو ضرور ہی دوسرے شروع مین وضو کے اللہ کا نام لینا ف جیسے بسم اللہ العظیم یا بسم اللہ علی دین الاسلام کہنا ایسا ہی در مختار مین کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے اول وضو مین ذکر خدا کا کیا پاک ہوویگا تمام بدن اوسکا اور جو ذکر خدا کا نکیا پاک نہوویگا مگر مقام وضو اوسکے کا روایت کیا اسکو دارقطنی نے ابوہریرہ سے اور ابویعلی الشیخ نے اور روایت کیا اسکو بیہقی نے اور دارقطنی نے عبداللہ ابن مسعود سے اور ضعیف کیا اوسکو اور روایت کیا ان دونون نے اسکو ابن عباس سے اور ضعیف کیا اوسکو اور شیرازی نے القاب مین مانند اسکے ابن مسعود سے کچھ زیادہ کرکے اور اوسکو بھی ضعیف کیا اہل حدیث نے اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وضو نہین اوسکا جسنے ذکر کیا نام اللہ کا اوسپر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور احمد اور ابوداؤد نے ابوہریرہ سے اور دارمی نے مانند اسکے اور مراد اس سے یہ ہی کہ وضو اوسکا کامل نہین اور ہدایے مین اسکو مستحب لکھا ہی اور اس باب مین روایت ہی چند صحابہ سے ص تیسرے مسواک کرنا ف کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ مسواک کیا کرتے تھے اور فرمایا حضرت نے کہ اگر نہ شاق ہوتا میری امت پر البتہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجزء الاول کتاب الطہارۃ

فصل وضو کے بیان مین

فرمایا اللہ تعالی نے ای ایمان والو جب کھڑے ہو تم طرف نماز کے پس دھولو اپنے مونھ کو اور ہاتھون کو کہنیون تک اور مسح کرو اپنے سر کا اور دھوؤ پانؤن کو ٹخنون تک فرض وضو مین چار چیزین ہین پہلے دھونا مونھ کا پیشانی سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک اور شمس الائمہ کے نزدیک اگر درمیان کان اور خسارے کے تر کرے اور پانی نہ بہاوے کافی ہے جیسا کہ کہا ہے ابو یوسف نے کہ وضو کرنے والا اگر تر کرے سب اعضاے وضو کو اور پانی جاری نکرے جائز ہے مگر علما نے معنی اسکے یون بیان کیے ہین کہ ہر عضو سے دو تین قطرے جاری ہو دین اگرچہ پانی دریا نہ بہین دوسرے دھونا دونون ہاتھون کا کہنیون سمیت تیسرے دھونا دونون پیرون کا ٹخنون سمیت اور امام زفر کے نزدیک کہنیان اور ٹخنے دھونا فرض نہین اور ٹخنا روایت مین ہشام کی امام محمد سے وہ ہڈی ہے جو بیچ قدم مین ہے نزدیک گرہ نلے جوتی کے لیکن صحیح یہ ہے کہ وہ ہڈی اونچی ہے جو سیر پنڈلی کی ہڈی ختم ہوئی ہے جوڑ سے مسح کرنا چوتھائی سر کا **ف** کیونکہ روایت کیا مسلم اور طبرانی اور ابو داود اور نسوی نے مغیرہ بن شعبہ سے تحقیق کہ وضو کیا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تو مسح کیا اور پیشانی پگڑی کے اور اوپر عمامے اور موزون کے اور پیشانی آگے سے چوتھائی سر کے برابر ہوتی ہے اور روایت کیا ابو داود اور حاکم نے انس سے کہا کہ دیکھا مینے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ وضو کرتے تھے اور اونکے سر پر عمامہ تھا پس لائے ہاتھ اپنا نیچے عمامے کے اور مسح کیا مقدم سر کو اور مقدم سر آگے سے چوتھائی سر کو کہتے ہین اور روایت کیا ایسا ہی بیہقی نے عطا سے اور شافعی نے اور آگے سے چوتھائی سر کا مسح کرنا حضرت عثمان سے مروی ہے روایت کیا اسکو سعید بن منصور نے اور ابن عمر سے صحیح ہوا ہے کہ اکتفا کیا اونھون نے ساتھ مسح بعض سر کے روایت کیا اوسکو ابن المنذر نے اور کسی صحابی سے انکار اسکا

ف فرض ہونے وضو مین چار چیزون کے

صحت کو نہین پوہنچاتا یہ مضمون ہے البارئی مین ہی ص مگر امام شافعی کے نزدیک اگر ایک بال یا دو بال کا بھی مسح کرلیگا درست ہوجاویگا اور امام مالک کے نزدیک تمام سر کا مسح فرض ہی اور مسح چوتھائی ڈاڑھی کا امام اعظم صاحب کے نزدیک فرض ہی اور امام ابی یوسف کے نزدیک تمام داڑھی کا مسح فرض ہی اور مشہور روایت مین امام ابوحنیفہ سے ساری داڑھی کا مسح فرض ہی اور وہی صحیح اور مختار ہی اور مسح کہتے ہین تر ہاتھ کو اوس عضو پر جسکا مسح کرنا ہی یوہنچانا چاہے نیا پانی برتن سے لے یا جو تری اعضاے وضو کے دھونے سے باقی ہو اوس سے مسح کرے اور جو تری ہاتھ مین بعد مسح کرنے کسی عضو کے باقی رہے یا ہاتھ کو اعضاے مغسولہ یا ممسوحہ سے تر کیا اور اوس سے مسح کرے جائز نہوگا اور ایسا ہی ہووے کے مسح مین آوے اگر بعد مسح کے سر تہائی دا ڑھی کے دوبارہ مسح کرنا لازم نہ آویگا یا وضو کیا اور پھر ناخون کٹوائے اوتنی جگہ کا پھر دھونا واجب نہین اور سنت وضو مین چودہ ہین پہلے دھونا ہاتھ کا بند دست تک ف کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جاگے تم مین سے کوئی تو نہ ڈالے اپنا ہاتھ پانی مین جب تک اوسکو تین بار نہ دھوے اسواسطے کہ وہ نہین جانتا کہ کہان رہا ہاتھ اوسکا یعنی پاک جگہہ یا ناپاک جگہہ روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے ابوہریرہ سے ص اور یہ دھونا بعض مشایخ کے نزدیک قبل استنجے کے ہی اور بعضون کے نزدیک بعد استنجے کے اور بعضون کے نزدیک قبل استنجے کے بھی دھوے اور بعد اوسکے بھی دھوے ف در مختار مین اسیکو اختیار کیا ہی کہ قبل استنجے کے بھی دھوے اور بعد اوسکے بھی دھوے ص اور دھونے کا طریق یہ ہی کہ برتن کے پہلے بائین ہاتھ مین لیکر داہنا ہاتھ دھوے اور پھر داہنے مین لیکر بائین ہاتھ کو دھوے تین تین بار اگر برتن چھوٹا ہو اور اوٹھ سکے اور اگر برتن بڑا ہی کہ اوٹھانا اوسکا ممکن نہین تو کسی چھوٹے برتن سے پانی نکالکے دھوے جیساکہ اوپر ذکر کیا اور اگر چھوٹا برتن نہو تو بائین ہاتھ کی انگلیونکو ملاکے اوسمین ڈالے اور ہتھیلی داخل کرے اور پانی نکالکے داہنے ہاتھ پر ڈالے اور انگلیون کو آپس مین خوب ملے اسی طرح تین بار کرے بعد اوسکے داہنے ہاتھ کو اچھی طرح ڈالکے پانی نکالے اور اس حدیث مین جو ہاتھ ڈالنے سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہی یہ جب ہی کہ برتن چھوٹا ہو یا بڑا ہو اور اوسکے ساتھ چھوٹا برتن بھی ہو لیکن جب کہ برتن بڑا ہو اور اوسکے ساتھ چھوٹا برتن نہو تو منع یہ ہی کہ خوب مبالغے کے ساتھ ہاتھ ڈالکے پانی کو نکالے یہ سب صورتین جب ہین کہ اوسکے ہاتھون مین نجاست اور اگر نجاست ہو تو ہاتھون کو دھونا نجاست سے بغیر اس بات کے کہ پانی نجس ہو ضرور ہی دوسرے شروع مین دو بار کے اللہ کا نام لینا ف جیسے بسم اللہ العظیم یا بسم اللہ علی دین الاسلام کہنا ایسا ہی ہی در مختار مین کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے اول وضو مین ذکر خدا کا کیا پاک ہووے گا تمام بدن اوسکا اور جو ذکر خدا کا نکیا پاک نہووے گا مگر بمقام وضو اوسکے کا روایت کیا اسکو دارقطنی نے ابوہریرہ سے اور ابوالشیخ نے اور روایت کیا اسکو بیہقی نے اور دارقطنی نے عبداللہ ابن سعود سے اور ضعیف کیا اوسکو اور روایت کیا ان دونون نے اسکو ابن عباس سے اور ضعیف کیا اوسکو اور شیرازی نے القاب مین مانند اسکے ابن مسعود سے کچھ زیادہ کرکے اور اوسکو بھی ضعیف کیا اہل حدیث نے اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وضو نہین اوسکا جسنے نہ ذکر کیا نام اللہ کا اوسپر روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور احمد اور ابوداؤد نے ابوہریرہ سے اور دارمی نے مانند اسکے اور مراد اس سے یہ ہی کہ وضو اوسکا کامل نہین اور ہدایے مین اوسکو مستحب لکھا ہی اور اس باب مین روایت ہی چند صحابہ سے ص تیسرے مسواک کرنا ف کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ مسواک کیا کرتے تھے اور فرمایا حضرت نے کہ اگر نہ شاق ہوتا میری امت پر البتہ

حکم کرتا مین اونکو ساتھ مسواک کے نزدیک ہر وضو کے روایت کیا اسکو نسائی اور ابن خزیمہ نے اور کہا حاکم نے کہ یہ حدیث صحیح ہی اور روایت کیا اوسکو بخاری نے بغیر اسناد کے اور جب مسواک نہو تو انگلی سے دانتون کو ملے اور یہ حدیث مین ثابت ہی کذا فی الھدایۃ ص چوتھے تین بار کلی کرنا یا پانچوین تین بار ناک مین پانی ڈالنا اور کلی کے واسطے تین بار جدا پانی لے اور پھر ناک مین ڈالنے کے واسطے تین بار لے اور امام شافعی کے نزدیک کلی کرے اور ناک مین پانی ڈالے ایک چلو سے پھر اسیطرح پھر اسیطرح تین بار ف دلیل ہماری یہ ہی کہ روایت کیا ترمذی اور نسائی نے حضرت علی رضہ سے کہ اونھون نے وضو کیا سو دھوئے دونون کف یہان تک کہ صاف کیا اونکو پھر کلی کی تین بار اور ناک مین پانی ڈالا تین بار آخر تک کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور روایت کیا ابوداود نے طلحہ کے دادا سے کہا کہ داخل ہوا مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ وضو کرتے تھے اور پانی بہتا تھا منھہ اور داڑھی اونکی سے پس دیکھا مینے اونکو کہ آپ جدائی کرتے تھے درمیان کلی اور ناک مین پانی ڈالنے کے اور روایت کیا اسکو طبرانی نے اور وضو کے باب مین بائیس صحابیون سے روایت کی گئی ہی اور وہ یہ ہین عبداللہ بیٹے زید کے روایت کیا انسے بخاری مسلم ابوداؤد و نسائی ابن ماجہ نے اور عثمان روایت کیا انسے بخاری مسلم نے اور ابن عباس روایت کیا انسے بخاری نے اور مغیرہ روایت کیا انسے بخاری نے اور حضرت علی روایت کیا انسے ابوداؤد نسائی وغیرہما نے اور مقدام روایت کیا انسے ابوداود نے اور ابو مالک اشعری روایت کیا انسے عبدالرزاق اور احمد اور ابن ابی شیبہ اور اسحق نے اور ابوبکر روایت کیا انسے بزار نے اور ابوہریرہ روایت کیا انسے احمد اور ابویعلی نے اور وائل بن حجر روایت کیا انسے ترمذی نے اور جبیر بن نفیر روایت کیا انسے ابن حبان نے اور ابوامامہ روایت کیا اوسنے احمد نے اور ابوکامل اور ربیع بیٹے معوذ کے روایت کیا انسے ابوداؤد نے اور عائشہ روایت کیا انسے دارقطنی نے اور عبداللہ بن انیس روایت کیا انسے طبرانی نے اور عبداللہ بن عمرو بن العاص روایت کیا انسے ابوداؤد نے اور باقی صحابیونکا نام اور تفصیل فتح القدیر مین ہی ص چھٹے داڑھی کا خلال کرنا ف اس طرح پر کہ اونگلیون کو نیچے داڑھی کے کرکے باہر نکالے کیونکہ روایت کیا ترمذی نے عثمان رضہ سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خلال کرتے تھے اپنی داڑھی کا اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور کہا بخاری نے کہ یہ حدیث اصح ہی اس باب مین اور صحیح کیا اوسکو ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اور روایت کیا اوسکو ابن ماجہ نے اور یہ حدیث عثمان رضہ کی کہا احمد نے کہ یہ صحیح ترہی سب حدیثون کی اور ابن حزم نے اس حدیث کو ضعیف کیا اور کہا کہ اسناد مین اسکی اسرائیل ہی اور وہ قوی نہین اور ایک مقام مین کہا ہی کہ عامر بن شقیق بھی اوسکی اسناد مین ضعیف ہی اور یہ قول باطل ہی کیونکہ اسرائیل بیٹا یونس کا حجت پکڑی ہی اوس سے بخاری مسلم نے اور باقی ابوداود اور ترمذی اور ابن ماجہ وغیرہم نے اور ثقہ کہا ہی اوسکو ائمہ نے کہا ابوحاتم نے کہ وہ ثقہ ہی اصحاب ابی اسحق سے اور توثیق کی اوسکی ایک جماعت نقادین حدیث نے مثل یحیی بن معین اور احمد بن حنبل کے اور احمد تعجب کرتے تھے اونکے حفظ اور زیادتی سے اور ابن حزم کو یہ دھوکا ہوا کہ امام احمد نے کہا ہی کہ روایت بیٹے اسرائیل کی اسرائیل سے انھون نے ابی اسحق سے اوسمن ضعیف ہی اور اخیر عمر مین سنا ہی اور یہ حدیث تو اوسکے بیٹے کی روایت سے نہین تو حجت ہوگی اور عامر بیٹا شقیق کا کہا نسائی نے کہ کچھ حرج نہین ساتھ اوسکے اور روایت کی اوس سے چارون عالمون نے اور یحیی ابن معین اور ابوحاتم نے ضعیف کیا اوسکو اور بخاری و احمد اور حاکم نے صحیح کیا اس حدیث کو اور حاکم نے کہا کہ اسکے واسطے اور بھی شواہد ہین عمار کی حدیث سے اور انس سے اور عائشہ سے پھر انکی سبکی رہا تین نقل کین کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور خلال کیا اپنی داڑھی کا اور روایت کی ابوداؤد نے انس سے کہ تھے جب حضرت وضو کرتے

لیتے تھے ایک کف پانی اور لاتے تھے اوسکو نیچے ٹھوڑی اپنی کے اور خلال کرتے تھے داڑھی اپنی کا اور فرماتے تھے ایسا ہی حکم کیا مجکو خدا نے اور اس حدیث کو روایت کیا حاکم نے بھی جیسا کہ آگے آویگا اور ابن حزم نے اسپر اعتراض کیا ہی کہ اسناد مین اسکے ولید بیٹا زوان کا مجہول ہی اور ایسا ہی کہا ابن القطان نے اور یہ تعلیل ضعیف ہی کیونکہ روایت کیا اس ولید سے جعفر بن برقان اور حجاج بن منہال اور بہت لوگون نے اور کسی طرح کی جرح اوسمین معلوم نہین ہوئی اور روایت کیا اس حدیث کو محمد بن یحیی ہ نے کتاب علل حدیث زہری مین کہا انھون نے حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَالِدِ الصَّغَارِ مِنْ اَصْلِهٖ وَكَانَ صَدُوْقًا ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ اَنَا الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ فَاَدْخَلَ اَصَابِعَهٗ تَحْتَ لِحْيَتِهٖ فَخَلَّلَهَا بِاَصَابِعِهٖ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا اَمَرَنِيْ رَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ کہا ابن القیم نے شرح سنن ابو داؤد مین هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ یعنی یہ صحیح ہی اور روایت کیا طبرانی نے معجم کبیر مین انس سے اس حدیث کو روایت ابی حفص عبدی سے انھون نے ثابت سے انھون نے انس سے اور ابو حفص ثقہ کہا اوسکو احمد نے اور توثیق کی اوسکی یحیی بن معین نے اور کہا عبد الصمد بن عبد الوارث نے کہ ثقہ ہی اور زیادہ ہی ثقہ سے اور تین طریقے اس حدیث کے اچھے ہین اور تین طریقے اس حدیث کے ضعیف ہین پہلا طریقہ جو روایت ہی سنن ابن ماجہ مین حضرت انس سے کہ تھے حضرت جب وضو کرتے تو خلال کرتے اپنی داڑھی کا اور کھولتے تھے انگلیون اپنی کو دو بار تو اسناد مین اس حدیث کی دار قطنی نے کہا کہ ابو النضر ترک کردی گئی ہی حدیث اوسکی اور کہا نسائی نے کہ یزید رقاشی متروک ہی دوسرا طریقہ جو روایت کیا ابن عدی نے ہاشم بن سعید سے انھون نے محمد بن زیاد سے انھون نے انس سے کہ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم آخر حدیث تک پھر کہا ابن عدی نے کہ ہاشم اتنا کہ روایت کرتا ہی اوسکو نہین متابعت کیا جاویگا اوسپر تیسرا طریقہ جو روایت کیا بیہقی نے اپنے سنن مین ابراہیم صائغ سے انھون نے ابی حازم سے انھون نے انس سے جیسا کہ گذرا اور اسمین ابو حازم مجہول ہی اور روایت کی گئی حدیث ابن عباس کی روایت نافع سے کہا عقیلی نے کہ نہین متابعت کی جاویگی اوسکے اوپر اور کہا ابو حاتم نے کہ حدیث اوسکی منکر ہی اور روایت کیا اس حدیث کو طبرانی نے اوسط مین اور روایت ہی ابن عمر سے ایسا ہی روایت کیا اسکو دار قطنی نے اور کہا سیوطی نے جامع صغیر مین کہ روایت کیا اسکو طبرانی نے بھی اوسط مین لیکن کہا دار قطنی نے کہ صحیح یہ ہی کہ یہ حدیث موقوف ہی عبد اللہ بیٹے عمر کے اور روایت ہی ابو ایوب انصاری سے کہا انھون نے دیکھا سیتے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ وضو کیا اور خلال کیا اپنی داڑھی کا اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور اسناد مین اوسکے ابو سورہ راوی ضعیف ہی کہا ترمذی نے کتاب العلل مین کہ پوچھا سیتے بخاری سے اس حدیث کو پس کہا کہ کچھ نہین لا شی ہی سو سیتے کہا کہ ابو سورہ کا نام کیا ہی بخاری نے کہا کہ مین نہین جانتا وہ کیا کرتا ہی اوسکے پاس حدیثین منکر ہین اور کہا ترمذی نے اپنی جامع مین وَاَبُوْ سُوْرَةَ الرَّاوِيْ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ یعنی ابو سورہ راوی ضعیف کیا جاتا ہی حدیث مین اور بھی سماع ابو سورہ کو ابو ایوب سے ثابت نہین کہا ابن الہمام نے وَهُوَ ضَعِيْفٌ اور بھی روایت ہی ابی امامہ سے روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے اپنے مصنف مین حدیث ابی غالب سے انھون نے ابی امامہ سے اور ابو غالب ضعیف کہا اوسکو نسائی نے اور توثیق کی اوسکی دار قطنی نے اور کہا یحیی بن معین نے کہ وہ صالح الحدیث ہی اور صحیح کیا واسطے اوسکے ترمذی نے اور کہا سیوطی نے کہ روایت کیا اوسکو طبرانی نے ابی امامہ سے اور روایت کیا ابن عدی نے جابر سے کہ وضو کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی بار سو دیکھا سیتے اونکو کہ خلال کرتے تھے داڑھی اپنی کا ساتھ انگلیون کے مانند دندانون کنگھے کے اور

اسناد مین اوسکی احزم میا غیاث نیشاپوری کا متروک ہی کہا ابن القیم نے شرح ابوداود مین وحدیث جابر ضعیف جدا
یعنی حدیث جابر کی بہت ضعیف ہی اور روایت کیا ابن عدی نے یاسین الزیات سے انھون نے ربعی بن خراش سے انھون نے
حذیفہ سے جو صحابی ہین اور یاسین ترک کردی گئی ہی حدیث اسکی ترک کیا اوسکو نسائی نے اور جماعت نے اور عایشہ کی حدیث
اسی باب مین مروی ہی مسند امام احمد مین اور وہ بھی ضعیف ہی اور بھی روایت کیا طبرانی نے ابوالدرداء اور ام سلمہ اور
ابن ابی اوفی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تھے خلال کرتے داڑھی اپنی کا اور یہ سب حدیثین ضعیف ہین
اور روایت کیا بزار نے ابوبکر سے کہ آنحضرت نے وضو کیا اور خلال کیا اور بھی اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین انس سے
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آیا میرے پاس جبرئیل علیہ السلام سو کہا کہ ای محمد خلال کر داڑھی اپنی کا اور اسناد مین اوسکی ہیثم
راوی ضعیف ہی اور روایت ہی عمار سے کہا انھون نے دیکھا مینے حضرت کو کہ خلال کرتے تھے اپنی داڑھی کا روایت کیا اسکو ترمذی
اور حاکم اور ابن ماجہ نے اور ایسا ہی روایت کیا طبرانی نے عبدالرزاق سے اونھون نے ابن عیینہ سے انھون نے عبدالکریم سے
انھون نے حسان بن بلال سے کہ عمار نے وضو کیا سو خلال کیا اپنی داڑھی کا سو کہا گیا کہ کیا ہو یہ فعل کہا انھون نے کہ دیکھا مینے حضرت کو
کہ خلال کرتے تھے اپنی داڑھی کا اور ابن حزم نے کہا کہ حسان راوی اسکا مجہول ہی اور یہ قول باطل ہی کیونکہ حسان بہت لوگون نے روایت کیا
کہا علی بن المدینی نے کہ وہ ثقہ ہی اور کسی نے اوسکو ضعیف نہین کہا اور عبدالکریم ضعیف ہی اور راوی سنہ حسان سے نہین سنا اس حدیث کو ایسا ہی
کہا ابن عیینہ نے اور ذکر کیا حافظ بن عساکر نے بخاری سے مانند اسکے اور کہا امام احمد نے کہ نہین ثابت ہی بیچ خلال کرنے داڑھی کے
کوئی حدیث اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے قتادہ سے انھون نے حسان سے اس حدیث کو اور یہ حدیث صحیح ہی جیسا کہ کہا ابن ماجہ نے سنن مین

وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ ثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ حَسَّانِ بْنِ بِلَالٍ عَنْ عَمَّارِ
بْنِ يَاسِرٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَلِّلُ لِحْيَتَهُ اور اسناد اسکا صحیح ہی نزدیک میرے
واللہ اعلم اور روایت کیا ابوعبید نے حجاج سے انھون نے شعبہ سے انھون نے عمر بن ابی وہب خزاعی سے انھون نے موسی بن مروان
بجلی سے انھون نے طلحہ بن عبیداللہ سے انھون نے عایشہ سے کہ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے خلال کرتے اپنی داڑھی کا
اور یہ حدیث مسند امام احمد مین مروی ہی جیسا کہ اوپر گذرا **ص** سا تو تین خلال دونون ہاتھون کی انگلیون کا کرنا آٹھوین خلال
دونون پیر کی انگلیون کا کرنا **ف** اسطرح پر کہ بائین ہاتھ کی چھنگلیا سے داہنے پانون کی چھنگلیا سے شروع کرے
اور بائین پیر کی چھنگلیا پر ختم کرے کیونکہ روایت کیا ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ اور نسائی نے لقیط بن صبرہ سے کہ فرمایا
حضرت نے جب وضو کرے تو تو کامل کر اپنا وضو اور خلال کر انگلیون کا اور مبالغہ کر ناک کے اندر پانی پونچانے مین اگر روزہ دار
نہ ہو تو کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور بدایے مین جو حدیث لکھی ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ خلال کرو انگلیون کو تا خلال کرے
آگ جہنم کی درمیان انکے سو اس حدیث کو دارقطنی نے روایت کیا ہی لیکن یہ حدیث ضعیف ہی اور اس باب مین روایت ہی
ابن عباس سے روایت کیا اسنے ترمذی اور ابن ماجہ نے اور مستورد بیٹے شداد سے روایت کیا اسنے ابن خزیمہ اور حاکم
اور احمد اور ترمذی نے **ص** نو تین ہر عضو کو تین بار دھونا **ف** کیونکہ روایت کیا نسائی اور ابن خزیمہ نے کہ ایک گنوار نے
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے طریق وضو کا پوچھا پس دکھلایا وضو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دھویا ہر عضو کو تین تین بار اور فرمایا کہ

کہ ایسا ہی وضو اور جسنے کہ زیادہ کیا اوپر اسکے بُرا کیا اور جور اور ظلم کیا اور روایت کیا ابو نعیم بن حماد نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو ایکبار یا دو بار یا تین بار پس اگر کم کیا اس سے یا زیادہ کیا تین بار دھونے پر سو اوسنے خطا کی اور سند اسکی صحیح ہے ایسا ہی ہے مواہب لدنیہ مین اور انکے سوا بہت سی حدیثین ہر عضو کے تین بار دھونے مین آئے ہین اور ہدایہ مین جو اس مقام پر حدیث لکھی ہے تو وہ پائی نہین گئی کچھ ٹکڑا اوسکا دارقطنی نے ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے اور ابن ماجہ نے ابی بن کعب سے اور دونون سندین ضعیف ہین **ص** دسویں مسواے سر کا مسح کرنا ایک بار اور امام شافعی کے نزدیک تین بار سارے سر کا مسح سنت ہے اور جامع ترمذی مین حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ انھون نے وضو کیا اور مسح سر کا ایکبار کیا اور کہا کہ ایسا ہی تھا وضو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا **ف** اس حدیث کو ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے لیکن یہ حدیث ضعیف ہے ایسا ہی کہا ابن الہمام نے اور بخاری اور مسلم کی صحیح حدیثین اس بات پر دلالت کرتی ہین کہ مسح حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار کرتے تھے اور سفر السعادت مین ہے کہ حضرتؐ مسح کی تکرار کبھی نہین کرتے تھے اور ایک حدیث مین تکرار مسح کی آئی ہے لیکن وہ حدیث ضعیف ہے انتہی اور ہدایہ مین جو لکھا ہے کہ حضرت عثمانؓ نے وضو کیا تین تین بار اور مسح کیا سر کا ایک بار اور کہا کہ یہ ہے وضو حضرتؐ کا سو یہ حدیث ترمذی نے کہا کہ ہمنے نہین پائی اور بعض لوگون نے کہا ہے کہ طبرانی نے اسکو روایت کیا ہے اور معجم طبرانی مین اس حدیث کا نام و نشان نہین ایسا ہی کہا زیلعی نے اور یہ غلط ہے کیونکہ یہ حدیث معجم اوسط مین طبرانی کے موجود ہے مسند ابراہیم بغوی سے **ص** گیارھوین دونون کانون کا مسح کرنا سر کے مسح کے پانی سے **ف** یعنی جو تری ہاتھون مین مسح سر سے باقی ہو اوسی سے دونون کانون کا مسح کرے اور نیا پانی نہ لیوے کیونکہ روایت کیا ابن ماجہ اور دارقطنی نے ساتھ صحیح کے حضرت عبداللہ بن زید اور ابن عباسؓ سے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ دونون کان سر مین سے ہین یعنی سر مین داخل ہین اور جب سر مین داخل ہوئے تو سر ہی مین جس پانی سے مسح کیا ہو اوسی پانی سے کانون کا بھی مسح کرے اور موطا مین اور سنن نسائی مین روایت ہے عبداللہ صنابحی سے کہ فرمایا حضرتؐ نے کہ جب وضو کرتا ہے بندہ مومن باہر آتے ہین وقت کلی کرنے کے گناہ اوسکے مونہہ سے اور ناک مین پانی ڈالنے سے ناک سے اور مونہہ دھونے سے مونہہ سے یہان تک کہ پلکون کے نیچے سے بھی اور ہاتھ دھونے سے ہاتھ کے یہان تک کہ ناخون کے نیچے سے بھی اور مسح سر سے یہان تک کہ کانون سے بھی اور اس حدیث مین اشارہ ہے کہ کان بھی سر مین داخل ہے اور یہ حدیث نہایت صحیح ہے اور پہلی حدیث کو ابو داود اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ابو امامہؓ سے بھی روایت کیا ہے اور یہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ اسناد مین اسکی شہر بن حوشب کا ہے اور ضعیف کیا ہے اوسکو بعض لوگون نے اور ثقہ کہا ہے اوسکو اکثر لوگون نے **ص** اور امام شافعی کے نزدیک کانون کے مسح کیواسطے نیا پانی لیوے بارھوین نیت کرنا وضو کی شروع کرنے کے وقت **ف** یعنی نیت کرنا اس بات کی کہ مین وضو کرتا ہون واسطے رفع حدث کے اور پڑھنے نماز کے یا چھونے مصحف کے وغیرہا کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انما الاعمال بالنیات یعنی سوا اسکے نہین کہ ثواب عملون کا ساتھ نیت کے ہے روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے حضرت عمرؓ سے **ص** تیرھوین ترتیب کرنا وضو کا اسطرح پر کہ پہلے مونہہ کو دھووے پھر ہاتھ کو اسی طرح اخیر تک **ف** کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ ایسا ہی کیا ہے **ص** اور امام شافعی کے نزدیک نیت اور ترتیب دونون فرض ہین چودھوین پے در پے دھونا اعضاے وضو کا کہ ایک خشک نہ ہو جاوے اور امام مالکؒ کے نزدیک یہ فرض ہے اور ان سب کے سنت ہونے پر ہمیشگی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حجت ہے اور مستحب

وضو مین دو چیزین ہین پہلے شروع کرنا دھونے مین اعضا کے داہنی طرف سے اور اسکا نام تیامن ہی ف مثلاً پہلے داہنا ہاتھ دھوے پھر بایان ہاتھ اسیطرح کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ دوست رکھتا ہی تیامن کو ہر شی مین یہانتک کہ وضو مین اور جوتا پہننے مین اور کنگھے کرنے مین اور سب کامون مین روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم اور ابو داود اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے اور روایت کیا ابو داود اور ابن ماجہ اور ابن خزیمہ اور ابن حبان نے کہ فرمایا حضرت نے جب وضو کرو تم سو شروع کرو ساتھ داہنی طرف کے اور فتح القدیر مین ہی کہ یہ سنتون مین داخل ہی ص دوسرے گردن کا مسح کرنا کیونکہ حضرت نے مسح کیا ہی گردن پر ف پیٹ سے دونون ہاتھون کی اونگلیون سے کَذَا فِی فَتْحِ الْقَدِیْرِ کیونکہ روایت کی ترمذی نے وائل بن حجر سے کہ حضرت نے مسح کیا کانون کا بھیر کیا کانون کا تین بار بظاہر گردن کا تین بار اور یہ حدیث چند طریقون سے مروی ہی تو حسن ہوئی پس مسح گردن کا مستحب ٹھہرے گا

فصل بیان مین اون چیزون کے جو وضو کو باطل کرتی ہین

جو چیز وضو کو توڑتی ہی اوسکو ناقض وضو کہتے ہین اور ناقض وضو کی بارہ چیزین ہین ص پہلے نکلنا کسی چیز کا آگے سے یا پیچھے سے برابر ہی کہ وہ چیز معتاد ہو ف یعنی اوسکے نکلنے کی عادت جیسے کہ پیچھے سے ہوا یا کیڑا نکلے ص یا غیر معتاد ف یعنی اوسکے نکلنے کی عادت نہو ص جیسے کیڑا یا پتھر قبل سے یا ذکر سے نکلے اور اسمین اختلاف مشایخ کا ہی ف در مختار مین اسیکو اختیار کیا ہی کہ سب صورتون مین ٹوٹ جاویگا کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ یعنی ٹوٹ جاتا ہی وضو جب کہ آیا ہو تم مین سے کوئی پیخانے سے اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا وُضُوْءَ اِلَّا مِنْ صَوْتٍ اَوْ رِیْحٍ یعنی نہین ہی وضو مگر آواز سے یا بو سے بائی کی روایت کیا اسکو ترمذی اور احمد نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور آیت دلالت کرتی ہی کہ جو معتاد ہی اوس سے وضو ٹوٹ جاتا ہی نہ غیر معتاد سے اور امام مالک کا مذہب یہی ہی کہ غیر معتاد سے نہین ٹوٹتا لیکن ہمارے امام اور اکثر لوگون کے نزدیک ٹوٹ جاتا ہی کیونکہ روایت کی بخاری مسلم ابو داود وغیرہم نے عایشہ رضی اللہ عنہا سے پیچ استحاضہ کے تحقیق حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا فاطمہ بنت حبیش کو کہ دھو اپنے سے خون اور وضو کرو واسطے ہر نماز کے اور جو روایت کی دارقطنی اور بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت نے وضو اوس سے ہی جو نکلے اور نہین ہی اوس سے جو داخل ہو جاوے سو یہ حدیث ضعیف ہی اور اسناد مین اوسکی دو شخص ضعیف ہین اور ہدایہ مین جو حدیث لکھی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ حدث کیا چیز ہی فرمایا جو نکلے آگے پیچھے سے یہ بھی ضعیف ہی اور اوسکے مخرج کا نام نہین معلوم ہوا ص دوسرے نکلنا کسی چیز کا اگر نجس ہو سوا ان دو راہون سے مانند خون اور پیپ کے جب بہ آوے اوس جگہہ تک جسکا دھونا وضو یا غسل مین واجب ہی ف کیونکہ روایت کیا بخاری اور مسلم نے عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ آئین فاطمہ بنت ابی حبیش کی طرف حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا کہ مین مستحاضہ ہوتی ہون اور نہین پاک ہوتی ہون کیسیطرح کیا چھوڑ دون مین نماز کو فرمایا حضرت نے نہین اور یہ ایک رگ ہی اور حیض نہین پس جب کہ حیض آوے تو چھوڑ دے تو نماز کو اور جب دن حیض کے ختم ہون پس دھو تو اپنے سے خون کو اور نماز پڑھ اور وضو کرو واسطے ہر نماز کے جب کہ آوے وقت تو حضرت نے دیکھو خون نکلنے سے وضو کا حکم کیا لیکن اس جگہہ کوئی کہہ سکتا ہی کہ یہ تو حضرت نے سوا واسطے حکم فرمایا تھا کہ وہ قبل سے نکلتا تھا اور ماسوا ان دو راہون سے جو نکلے اوسکی تایید مین یہ حدیث نہین تو جواب اوسکا یہ ہی کہ اول تو قیاس کیا ہنسنے اور جا کے خون کو اس

خون پر اور اگر نمانو تو دلیل لاتے ہین ہم ساتھ اوسکے جو روایت کیا امام مالک نے موطا مین ساتھ سند صحیح کے عبداللہ بن عمرؓ سے
کہ اونکی نکسیر پھوٹتی تھی تو وہ پھرتے تھے اور وضو کرتے تھے پھر بنا کرتے تھے اوس نماز پر جو پڑھی تھی اور ایسا ہی روایت ہی علی اور
ابی بکر اور سلمان اور ابن عباسؓ سے اور ایسا ہی روایت کیا مالک نے سعید بن المسیب سے اور حدیثین جتنی اس باب مین آئی ہین سب
ضعیف ہین اور وہ جو حدیث ہدایہ مین لکھی ہی کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ وضو ہر خون بہنے والے سے ہی سو روایت کیا ہی اوسکو دار قطنی
اور ابن عدی نے اور دونون کی سندین ضعیف ہین اور دوسری حدیث جو ہدایہ مین لکھی ہی کہ فرمایا حضرتؐ نے جو شخص قی کرے
یا نکسیر پھوٹے نماز مین اوسکی پس چاہیے کہ پھرے اور بنا کرے اپنی نماز پر جب تک کہ بات نکرے اوسکو ابن ماجہ نے عایشہؓ سے روایت
کیا ہی اور یہ بھی حدیث ضعیف ہی اور دار قطنی نے روایت کیا اوسکو اور ضعیف کیا اوسکو اور عبدالرزاق نے مصنف مین مانند اسکے
روایت کیا حضرت علیؓ سے اور وہ بھی ضعیف ہی کیونکہ اسناد مین اوسکی حارث ہی کہا شعبی نے کہ وہ کذاب ہی **ص** اور
امام شافعی کے نزدیک جوان دو راہون کے سوا اور جگہ سے نکلے اوس سے وضو نہین ٹوٹتا **ف** اور یہی مذہب امام مالک کا ہی
اور امام احمد کا مذہب یہ ہی کہ اگر تھوڑا ہو تو نہین ٹوٹتا اور بہت ہو تو ٹوٹ جاویگا امام شافعی کی طرف سے کہتے ہین روایت ہی کہ
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قی کی اور وضو نکیا اور یہی حدیث ہدایہ مین لکھی ہی جواب ہی کہ اس حدیث کا پتا نہین کہ کس کتاب مین ہی
اور کہتے ہین کہ روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگائے اور وضو نہ کیا اس سے معلوم ہوا کہ خون نکلنے سے وضو
نہین جاتا جواب یہ ہی کہ اس حدیث کو دار قطنی اور بیہقی نے انسؓ سے روایت کیا ہی اور اوسکی اسناد مین صالح بیٹا مقاتل کا
ضعیف ہی کہا دار قطنی نے کہ قوی نہین اور کہا ائمہ حدیث نے کہ ضعیف ہی اور امام احمد کی دلیل یہ ہی کہ فرمایا حضرتؐ نے
نہین ہی ایک قطرے یا دو قطرے خون مین وضو مگر یہ کہ بہتا ہوا تو اس سے معلوم ہوا کہ تھوڑے خون نکلنے سے وضو نہین جواب
یہ ہی کہ روایت کیا اوسکو دار قطنی نے ابی ہریرہؓ سے اور یہ حدیث ضعیف ہی کیونکہ اسناد مین اوسکی محمد بیٹا فضل بیٹا عطیہ کا کہا احمد اور
یحیی اور ابن حبان نے کہ وہ کذاب ہی اور یہ جو حدیث ہدایہ مین لکھی ہی اَلْقَلْسُ حَدَثٌ یعنی قی حدث ہی تو روایت کیا اوسکو
دار قطنی نے دو طریقون سے اور دونون طریقے ضعیف ہین تو اب جانا چاہیے کہ اس باب مین حدیث عبداللہ بیٹے عمرؓ کے
جو اوپر ذکر کی وہی حدیث صحیح ہی اور بھی امام شافعی کی طرف سے دلیل لاتے ہین کہ روایت ہی سعید بن المسیبؒ سے جو بڑے
تابعین مین سے ہین کہ نکسیر پھوٹتی تھی اونکی یہان تک کہ رنگین ہو جاتی تھین اونگلیان اونکی خون سے اور وہ نماز پڑھتے تھے اور
وضو نہین کرتے تھے اور جواب اوسکا یہ ہی کہ اسکو روایت کیا مالک نے موطا مین اور امام مالک نے ایک روایت مین اسکے خلاف
سعید بن المسیب سے نقل کیا ہی اور جب دونون متعارض ہوئین تو احتیاط جسمین ہو اوسپر عمل کرنا چاہیے اور احتیاط اسمین ہی کہ
وضو کرے **ص** تو اگر نہ ہے بلکہ اپنے مقام پر جم جاوے تو وضو نہ ٹوٹیگا اور امام زفر کے نزدیک ٹوٹ جاویگا **ف** ہمارے
نزدیک اسواسطے وضو نہین ٹوٹیگا کہ خون نکلنے مین یہ بھی شرط ہی کہ بہتا ہوا ہو اور نجس ہو اور یہ خون نجس نہین **ص** اور اگر
زخم کو دبایا اور اوس سے خون نکلا اور تجاوز کر گیا اور اگر نہ نچوڑتا تو تجاوز نکرتا تو وضو نہ ٹوٹیگا اور اگر کسی چیز کو دانت سے کاٹا اور اثر
خون کا دیکھا یا خلال کیا اور لکڑی پر خون ظاہر ہوا یا ناک مین انگلی کی اور انگلی پر خون دیکھا یا ناک جھاڑی اور اوسمین سے خون
جما ہوا مثل دانے مسور کے نکلا ان سب صورتون مین وضو نہ ٹوٹے گا **ف** اسواسطے کہ بہتا ہوا نہین ہی اور نجس بھی خون ہی

جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا یا خون بہتا ہوا **ص** اور امام زفر کے نزدیک ٹوٹ جاویگا اور اسیطرح اگر سوئی چبھووے اور خون اپنے مقام تک چڑھ آیا لیکن بہا نہین وضو نہ ٹوٹیگا اور اگر بہا تو ٹوٹ جاویگا کیونکہ نجس وہی خون ہی جو بہتا ہوا ہی اور اسیطرح اگر آنکھ کے اندر آبلہ ہوا اور اوسپر سے پوست اوتار اجاوے اور نہ نکلے مگر آنکھ کے اندر رہے وضو نہ ٹوٹیگا اور اگر باہر نکل آوے تو ٹوٹ جاویگا اسواسطے کہ جو اندر آنکھ کے ہی اوسکا پاک کرنا یا دھونا غسل اور وضو مین واجب نہین اور اگر فصد لی اور نکلا بہت سا خون لیکن زخم کی جگہہ نہ بھری تو وضو ٹوٹ جاویگا ہمارے نزدیک تیسرے قی اگرچہ تھوک کے برابر ہو اسطرح پر کہ تھوک سرخ ہوجاوے اور اگر تھوک خون سے زیادہ ہووے اور تھوک زرد ہوجاوے وضو نہ ٹوٹیگا چوتھے منہ بھر کھانا یا خون بندھا ہوا ہو اور مونہہ بھر کے ہووے اور اگر بلغم اوترے یا پیٹ سے چڑھے وضو نہین ٹوٹتا اور ابو یوسف کے نزدیک اگر پیٹ سے چڑھے اور مونہہ بھر کے ہووے وضو ٹوٹ جاویگا لیکن اگر سر سے اوترے تو اونکے نزدیک بھی نہ ٹوٹیگا **ف** وضو قی سے اسواسطے ٹوٹ جاتا ہی کہ روایت کی ترمذی اور ابو داؤد اور نسائی نے ساتھ سند صحیح کے ابی الدرداء سے تحقیق آنحضرت ﷺ نے قی کی پس وضو کیا معدان کہتے ہین کہ مینے ملاقات کی ثوبان کی مسجد دمشق مین ہو مینے اونسے یہ ذکر کیا کہا انھون نے کہ سچ کہا ابو الدرداء نے مینے پانی حضرت ﷺ کے وضو کا ڈالا تھا کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث صحیح ترہی حدیثون کی بیچ اس باب کے اور امام شافعی اور مالک کے نزدیک قی سے وضو لازم نہین جیسا کہ گذرا وہ دلیل لاتے ہین کہ روایت ہی ثوبان سے تحقیق حضرت ﷺ نے قی کی پس پانی منگوایا پھر وضو کیا تو مینے کہا کہ ای رسول اللہ کیا فرض ہی وضو قی سے فرمایا حضرت ﷺ نے اگر فرض ہوتا تو بتاتا تو اوسکو قرآن مین تو اس سے معلوم ہوا کہ قی کرنے سے وضو واجب نہین بلکہ اگر وضو نہ کریگا نماز درست ہوجاویگی تو جواب اسکا یہ ہی کہ اس حدیث کو دارقطنی نے روایت کیا ہی اور اوسکی اسناد مین عتبہ بیٹا سکن کا حدیث اوسکی ترک کردی گئی ہی کہا بیہقی نے کہ اوسکی طرف نسبت وضع حدیث کی ہی اور بلغم سے اسواسطے وضو نہین کہ وہ مانند تھوک وغیرہ کے ہی **ص** پوشیدہ نہ رہے کہ اگر تھوڑی تھوڑی قی کی ایسی اگر جمع کی جاوے تو مونہہ بھر کے ہووے سو امین امام ابی یوسف کا مذہب یہ ہی کہ اگر ایک مجلس مین ہووے وضو ٹوٹ جاویگا اور امام محمد کے نزدیک اگر ایک متلی سے ہوگا تو ٹوٹ جاویگا اور اسکی چار صورتین ہین اگر مجلس اور متلی دونون ایک ہون امام ابی یوسف اور امام محمد دونون کے نزدیک ٹوٹ جاویگا اور اگر مجلس اور متلی دونون مختلف ہون کسیکے نزدیک نہ ٹوٹیگا اور مجلس ایک ہو اور متلی بدل جاوے امام ابی یوسف کے نزدیک ٹوٹ جاویگا اور امام محمد کے نزدیک نہ ٹوٹیگا اور متلی ایک ہو اور مجلس بدل جاوے امام محمد کے نزدیک ٹوٹ جاویگا اور امام ابی یوسف کے نزدیک نہ ٹوٹیگا اور جو چیز ایسی ہی کہ اوسکے نکلنے سے وضو نہین ٹوٹتا وہ چیز نجس بھی نہین ہی تو خون جب کہ مقام زخم سے جدا نہووے پاک ہی اور اسیطرح تھوڑی سی قی بھی اور ایک روایت مین امام محمد کے نجس ہی کیونکہ نجاست مین کچھ بھی کم تاثیر نہین اور دلیل ہماری قول اللہ تعالی کا ہی قُلْ لَّآ اَجِدُ فِیْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا الایۃ ترجمہ کہدو تم ای محمد کہ نہین پاتا مین اوسمین کہ بھیجا گیا طرف میری حرام کسی کھانے والے پر کہ کھاوے اوسکو مگر یہ کہ ہو مردہ یا خون مسفوح یعنی جاری بیٹا گیا تو اس سے معلوم ہوا کہ جو خون مسفوح نہین حرام نہین تو نجس نہوگا اور خون جو مقام زخم سے نہین بہا تو نجس بھی نہوگا یا تحریر پہلو یا پیٹھ پر سونا چھٹے اس طرح پر سونا کہ سر اپنا دونون کانون پر رکھے یا دونون ہاتھون کے بالایک ٹہرین پر سوتا ہو اس طرح پر کہ مقعد اوسکا زمین سے جدا ہو سکتون ہے کسی چیز پر تکیہ کرکے کہ اگر وہ چیز ٹالی جاوے تو سو نہ سکے

ف اصل مذہب کی توضیح کہ نواقض وضو کی تین قسم ہین

ص ۴ فصل الفرق بین الخارج النجس وغیرہ

ص ۵ یعنی کرا یا گیا

گر پڑے اول کو مضطجع کہتے ہین اور دوسرے کو اکثر کہتے ہین اور تیسرے کو استناد **ف** کیونکر روایت کیا عبداللہ بن احمد نے
ابن عباسؓ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی وضو سوسپر جو سویا سجدے مین وضو یہان تک کہ مضطجع لیٹے کیونکہ جب
لیٹتا ہی مضطجع سست ہوجاتے ہین جوڑ اوسکے اور روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی نے اور اوسمین ہی کہ نہین وضو ہی اوسپر
جو سوجاوے بیٹھا ہوا اور روایت کیا اسکو بیہقی نے اور اوسمین ہی کہ نہین واجب ہی وضو اوسپر جو سوجاوے بیٹھے یا کھڑے
یا سجدے مین اور امام شافعی کے نزدیک اگر کھڑا بھی سوجاوے تو ٹوٹ جاویگا اور امام مالک کے نزدیک اگر سجدے یا رکوع مین
سوجاوے تو بھی ٹوٹ جاویگا اور امام احمد کے نزدیک جس ہیئت پر سوجاوے دیر تک وضو ٹوٹ جاویگا اور ہماری دلیل یہ حدیث ہی
اور بعض شافعیہ نے اس حدیث کو ضعیف کیا ہی اور کہا ہی کہ اسناد مین اسکی یزید بیٹا ابی خالد دالانی کا ہی ابن حبان نے کہا کہ
بہت خطا کرتا ہی اور اسیطرح اور لوگون نے جواب اوسکا یہ ہی کہ صحیح جو ذہبی نے کہا ہی کہ حدیث اوسکی حسن ہی اور کہا احمد نے کہ
نہین حرج ہی ساتھ حدیث اوسکی کے اور نہین کلام کیا اس حدیث مین ترمذی نے کچھ اور روایت کیا اسکو ابن عدی نے
عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ سے کہ فرمایا حضرتؐ نے نہین ہی وضو اوس شخص پر جو سوجاوے کھڑا یا بیٹھا یہان تک کہ سوے پہلو پر اور
روایت ہی حذیفہؓ سے کہ مین مسجد مین بیٹھا ہوا سو رہا تھا کہ یکایک ایک شخص نے مجکو پیچھے سے پکڑا تو مینے دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم ہین پس کہا مینے یا رسول اللہ آیا وضو واجب ہوا مجھ اوپر فرمایا نہین یہان تک کہ رکھے تو پہلو اپنے زمین پر روایت کیا
اسکو ابن عدی نے اور یہ حدیث ضعیف ہی کیونکہ اسناد مین اسکی یحیی بیٹا کثیر کا سقا ضعیف ہی اور اگر پہلو پر لیٹا یا تکیہ لگا کے سب کے
نزدیک وضو ٹوٹ جاویگا کیونکہ حضرتؐ نے فرمایا لیکن وضو ٹوٹتا ہی پخانے اور پیشاب اور سونے سے روایت کیا اوسکو ابن خزیمہ نے
اور صحیح کیا اوسکو اور ترمذی نے صفوان بیٹے عسال سے اور روایت کیا ترمذی نے حضرت انسؓ سے کہا انھون نے کہ تھے اصحاب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوتے تھے یعنی بیٹھے بیٹھے پھر کھڑے ہوتے تھے اور نماز پڑھتے تھے اور وضو نہین کرتے تھے کہا
ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور یہی قول ہی عبداللہ بن المبارک اور سفیان ثوری اور احمد کا **ص** اور ان تین سے کے سوا
اگر سوے وضو نہین جاتا مثلاً کھڑے یا بیٹھے یا راکع یا ساجد **ف** کیونکہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹھے سوتے تھے
اور وضو نہین کرتے تھے اور نماز پڑھتے تھے جیسا کہ گذرا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نہین ہی وضو اوسپر جو سوجاوے
کھڑا یا بیٹھا یہان تک کہ سوے پہلو پر روایت کیا اسکو ابن عدی نے جیسا کہ گذرا اگر کوئی کہے کہ روایت کیا بزار نے بسند صحیح کے کہ تھے
اصحاب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے انتظار کرتے تھے نماز کا پس رکھتے تھے پہلو اپنے زمین پر سو بعض اونمین سے سوجاتے تھے اور وضو
نہین کرتے تھے پھر نماز پڑھتے تھے جواب اسکا یہ ہی کہ مراد اس سونے سے اونگھ ہی اور نہین تو مخالفت ہوگی اون حدیثون کی جو اوپر گذرین
اور تمسکات ائمہ اربعہ کے مطابق نہین اس روایت کے اور اگر کوئی کہے کہ روایت کیا بخاری اور مسلم نے ابن عباسؓ سے کہ مین سویا نزدیک
خالہ اپنی میمونہؓ کے پس کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم رات کو آخر حدیث تک یہان تک کہ پھر سوئے اور لیٹے اور پھر آئے بلال رضؓ سو
خبر دی اونکو نماز کی تو کھڑے ہوئے آپ اور نماز پڑھی اور وضو نہ کیا اس سے معلوم ہوتا ہی کہ اگر لیٹے کے سوئے تب بھی وضو نہین جاتا جواب
یہ ہی کہ یہ حضرتؐ کی خصوصیات مین سے تھا چنانچہ ایک روایت مین آیا ہی تَنَامُ عَيْنَايَ وَلَا يَنَامُ قَلْبِي یعنی سوتی ہین میری دونون
آنکھین اور نہین سوتا ہی دل میرا تو یہ اوسکے واسطے نہین ہوسکتا غرض کہ اس باب مین امام ابوحنیفہ کا مذہب بہت صحیح ہی

ف یہ ہین ابی خالد الدالانی

ف یحیی ہو ابن کثیر السقا

ص آٹھوین بیہوشی خواہ جنون اور بیہوشی مین مستی بھی داخل ہی کہ چلنے مین پیر اوسکا لغزش کرے ف ان چیزون سے
اسواسطے وضو جاتا رہتا ہی کہ جب سونے سے وضو جاتا رہا غفلت کے سبب سے تو اسمین بھی سونے سے زیادہ غفلت ہوتی ہی ص
گیارھوین قہقہہ نماز پڑھنے والے بالغ کا اوس نماز مین جسمین رکوع اور سجدہ ہی ف کیونکہ روایت کیا دار قطنی نے بیچ قصے
اندھے کے کہ فرمایا حضرت نے جسنے تم مین سے قہقہہ کیا تو چاہیے کہ اعادہ کرے وضو اور نماز کا یہ حدیث معبد خزاعی جو صحابی ہین اونسے
مروی ہی اور انکے راویون مین امام ابو حنیفہ بھی ہین ابن الجوزی نے وہم کیا جو کہا انھون نے کہ وہم کیا اوسمین ابو حنیفہ نے اور روایت کیا
امام ابو حنیفہ نے معبد بن ابی معبد خزاعی سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن نماز مین تھے یکایک ایک اندھا آیا ارادہ کرتا تھا نماز کا
پس گر پڑا کنوئین مین اور ہنسی آئی قوم کو یعنی اون لوگون کو جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے پس قہقہہ کیا انھون نے
تو جسوقت فارغ ہوئے آپ نماز سے فرمایا کہ جو کوئی تم مین سے قہقہہ کیا ہو اوسنے تو وہ اعادہ کرے وضو کا اور نماز کا اس جگہہ پر بعض
لوگون نے اعتراض کیا ہی کہ معبد تابعی ہین نہ صحابی جواب یہ ہی کہ معبد جو تابعی ہین وہ اور ہین بصرے کے رہنے والے جہنی اور یہ معبد خزاعی ہین
اور یہ صحابی ہین اور ایسا ہی صحیح ہی اور اگر مرسل ہو ابی العالیہ پر جو بڑے تابعی ہین تو بھی کچھہ حرج نہین کیونکہ مرسل ہمارے نزدیک حجت ہی
جیسا کہ کہا اکثر محدثین نے کہ یہ حدیث مرسل ہی صحیح ہی اور روایت کیا اس حدیث کو ابن عدی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت نے جو کوئی ہنسے
نماز مین پس چاہیے کہ اعادہ کرے وضو اور نماز کا اگر کوئی کہے کہ اسناد مین اسکی بقیہ بیٹا ولید کا ضعیف ہی تو جواب اوسکا یہ ہی کہ بقیہ کی
روایت اگر مشہور شخصون سے حدثنا کرکے ہو تو مقبول ہی اور مسلم نے اوس سے روایت کیا ہی متابعۃً تو اب حدیث مین کسیطرح کا خلل نہین
امام شافعی کہتے ہین کہ روایت ہی جابر رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت نے ہنسی توڑتی ہی نماز کو اور نہین توڑتی وضو کو تو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قہقہے
سے وضو نہین ٹوٹتا جواب یہ ہی کہ اسکی اسناد مین عبد الرحمن بیٹا اسحق کا جسکی کنیت ابو شیبہ ہی ضعیف ہی ایسا ہی کہا یحیی نے اور کہا احمد نے
کہ حدیث اوسکی منکر ہی اور وہ کچھ نہین ص اور اگر لڑکا قہقہہ کرے تو وضو اوسکا نہین ٹوٹتا اور اگر نماز جنازہ مین کوئی بالغ یا
لڑکا قہقہہ کرے وضو نہین ٹوٹتا اسیطرح سجدۂ تلاوت مین تو جو ایسی نماز ہی کہ اوسمین رکوع اور سجدہ نہین اوسمین قہقہہ کرنے سے وضو نہین ٹوٹتا بلکہ نماز ٹوٹ جاویگی
اور قہقہہ نماز کو جب توڑتا ہی کہ جب وہ شخص جاگتا ہو تو اگر نماز مین سوتے ہوئے قہقہہ کیا وضو نہین ٹوٹیگا اور امام شافعی کے نزدیک وضو قہقہے سے کبھی نہین ٹوٹتا جاگتا ہو
یا سوتا ہنسی کی تین قسمین ہین پہلے قہقہہ اسطرح ہنسے کہ اوسکو اور اوسکے پاس والون کو سنائی دیوے اور یہ نماز اور وضو دونون کو توڑتا ہی دوسرے ضحک
اسطرح ہنسے کہ فقط اوسکو سنائی دیوے اور اوسکے پاس والون کو سنائی نہ دیوے اس سے نماز ٹوٹتی ہی وضو نہین ٹوٹتا تیسرے تبسم اس طرح پر ہنسے
کہ نہ اوسکو اور نہ اوسکے پاس والون کو سنائی دیوے اس سے نہ وضو ٹوٹتا ہی اور نہ نماز بارھوین مباشرت فاحشہ اور وہ یہ ہی کہ مرد عورت
دونون ننگے ہون اور ایک کا بدن دوسرے کے بدن سے چھو جاوے اور آلت مرد کی کھڑی ہووے اور عورت کی فرج سے چھو جاوے ف
امام احمد کے نزدیک اونٹ کے گوشت کھانے سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہی کیونکہ حضرت نے فرمایا کہ وضو کرو اونٹ کے گوشت سے روایت
کیا اوسکو ابو داود اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ وغیرہم نے براء سے اور صحیح کیا اسکو محمد بن نے اور روایت کیا مسلم نے
مثل اسکے جابر سے اور احمد نے مانند اسکے اسید بیٹے حضیر سے تو جواب یہ ہی کہ روایت کیا بخاری مسلم ابو داود نے حضرت ابن عباس سے
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کھایا گوشت بکری کا پھر نماز پڑھی اور وضو نکیا یہ حدیث تو دلالت کرتی ہی اس بات پر کہ بکری کے گوشت
کھانے سے وضو نہین جاتا اور پہلے ابتدائے اسلام مین حضرت نے فرمایا تھا تَوَضَّؤُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ یعنی وضو کرو اوس سے

جسکو لگی آگ اور یہ حدیث منسوخ ہوگئی بالاتفاق تو یہ بھی حکم ابتدائے اسلام مین تھا اور اب نہین رہا اور یہ جو بعض لوگون نے کہا ہے کہ روایت کی دارقطنی اور بیہقی نے ابن عباسؓ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وضو اوس سے ہی جو نکلے اور نہین ہی اوس سے جو داخل ہووے تو یہ حدیث ضعیف ہی جیسا کہ اوپر ہمنے بیان کیا **ص** اور امام محمد کے نزدیک مباشرت فاحشہ سے وضو نہین ٹوٹتا اگر کیڑا زخم سے نکلے تو وضو کو نہین توڑتا اسواسطے کہ وہ پاک ہی اور جو اوسپر نجاست ہی وہ تھوڑی ہی اور اسطیرح اگر مرد کے ذکر سے کیڑا نکلے وضو نہ ٹوٹیگا اور اگر دبر سے نکلے تو ٹوٹ جاویگا اسواسطے کہ دبر سے نکلنا تھوڑے کا بھی ناقض ہی اور اگر قبل سے عورت کی نکلے تو اسمین اختلاف ہی جیسا کہ اوپر گذرا اور اگر گوشت زخم سے جدا ہوکر گر پڑے وضو نہ ٹوٹیگا اور وضو کو نہین توڑتا ہی چھونا عورت کا **ف** یعنی مثلاً بوسہ لیا اپنی عورت کا یا اور کوئی بدن اوسکا چھوا تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک وضو نہین ٹوٹیگا اور امام شافعی وغیرہ کے نزدیک ٹوٹ جاویگا اگر ہتیلی سے چھوا ہو اور اگر ہاتھ کی پشت وغیرہ سے چھوا ہو تو اونکے نزدیک بھی نہ ٹوٹیگا اور امام مالک کی نزدیک اور شافعی سے ایک روایت مین اور لیث اور اسحق کے نزدیک اگر چھونا شہوت سے ہو اور عورت کو بھی اوسوقت شہوت ہو تو وضو ٹوٹ جاویگا اور اگر ایسا نہین تو نہ ٹوٹیگا امام شافعیؒ حجت پکڑتے ہین اس باب مین کہ عورت کا چھونا شہوت سے وضو کو توڑتا ہی اوس سے کہ روایت کیا ابن الجوزی نے معاذ بن جبلؓ سے کہ وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک شخص آیا اونکے پاس اور پوچھا کہ یا رسول اللہ کیا فرماتے ہین آپ اوس شخص مین جو پونہچا کسی عورت سے سب کچھ سوا جماع کے یعنی قبلہ اور معانقہ اور پیار سب کیا سوا جماع کے سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوسکے لیے کہ وضو کرا چھا وضو کرکھڑا ہو پھر نماز پڑھ سو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وضو عورت کے چھونے سے لازم آتا ہی جواب اسکا یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اوسکے لیے وضو کا حکم فرمایا تھا واسطے استغفار کے تھا اور دلیل اسپر یہ ہی کہ حضرتؐ نے فرمایا اوس سے کہ نماز پڑھ کیونکہ عورت کے چھونے سے کچھ نماز پڑھنا تو واجب نہین ہوتا اور بفرض تسلیم کے جواب یہ ہی کہ جائز ہی کہ وہ شخص مباشرت فاحشہ کا بھی مرتکب ہوا ہو کیونکہ مباشرت فاحشہ سے ہمارے مذہب مین بھی وضو لازم آتا ہی اور ہماری دلیل یہ ہی کہ روایت کی بخاری مسلم نے عایشہ رضؓ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے اور مین حضرت کے سامنے چت لیٹی تھی پس جب حضرت سجدہ کرتے تھے دبا دیتے تھے مجکو سو مین اپنے پیر سمٹا لیتی اور ایک روایت مین ہی کہ گھرون مین اوس دن چراغ نہ تھا اور روایت کی بخاری نے اونھین سے کہ مینے ایک رات گم کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تو مینے چھو لیا اونکو ساتھ ہاتھ اپنے کے پس گیا ہاتھ میرا قدم پر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور حضرت سجدے مین تھے اور فرماتے تھے پناہ مانگتا ہون مین رضا تیری سے غصے تیرے سے آخر حدیث تک اور روایت کیا بخاری نے عایشہ رضؓ سے کہ وہ کنگھی کرتی تھین حضرتؐ کے اور حضرتؐ اعتکاف مین تھے اور اعتکاف مسجد مین ظاہر ہی کہ حضرتؐ بے وضو نہ تھے اور روایت ہی عایشہ رضؓ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے میری گود مین اور مین حائض تھی پس پڑھتے تھے قرآن کو اور حضرتؐ نے وفات کی حضرت عایشہؓ کی گود مین اور عقل اس بات کو جائز نہین رکھتی کہ حضرتؐ نے وفات بے وضو کی ہو یہ حدیثین کہ سب صحیح ہین حجت اون لوگون پر ہین جو کہتے ہین کہ مطلق عورت کا چھونا وضو کو توڑتا ہی اور حدیثین ایسی بہت ہین لیکن جو لوگ کہتے ہین کہ چھونے سے عورت کے اگر بشہوت ہو تو وضو ٹوٹ جاتا ہی وہ دلیل یہ بھی لاتے ہین کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ بوسہ لینا عورت کے چھونے مین داخل ہی تو اوس سے وضو کرو اور روایت کیا اسکو دارقطنی نے اور تقاضا ہی ابن عمرؓ سے کہ وہ کہتے تھے بوسہ لینا عورت کا مرد کو اور چھونا اوسکا لمس سے ہی جو بوسہ لے عورت اپنی کا یا چھوئے اوسکو

اپنے ہاتھ سے تو اوسپر وضو ہی اور روایت ہی ابن شہاب سے کہ وہ کہتے تھے کہ بوسہ لینے سے مرد کے عورت اپنی کو وضو ہی روایت کیا
ان دونون کو مالک نے موطا مین اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین ابی عبیدہ سے کہ عبداللہ بن مسعود نے کہا ہی کہ بوسہ
لینے سے مرد کے عورت اپنی کو وضو ہی اور ابو عبیدہ نے عبداللہ بن مسعود سے نہین سنا اور روایت کیا اوسکو امام مالک نے
موطا مین بغیر اسناد کے جواب اوسکا یہ ہی کہ روایت ہی حضرت عایشہ رضی سے تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بوسہ لیا بعض عورتون
اپنی کا پھر نکلے طرف نماز کے اور وضو نکیا روایت کیا اوسکو بزار نے اور کہا یہ حدیث حسن ہی اور روایت کیا اسکو ترمذی
اور ابن ماجہ نے اور ابو داود نے بھی عایشہ رضی سے اگر کوئی کہے کہ بخاری نے ضعیف کیا اسکو اور یحیی بن سعید قطان نے کہا کہ یہ کچھ نہین
اور کہا کہ حبیب نے اسکی اسناد مین عروہ سے نہین سنا جواب اوسکا یہ ہی کہ روایت کرنے والے اس حدیث کے سب ثقہ ہین اور نہ سننے کی
گواہی نافی پر گواہی ہی اور دوسرا جواب یہ ہی بصورت تسلیم کہ روایت کیا اوسکو احمد اور ابن ماجہ نے زینب سے انھون نے عایشہ رضی سے
اگر کوئی کہے کہ زینب مجہولہ ہی اور تقریب مین لکھا ہی کہ حال اسکا معلوم نہین جواب یہ ہی کہ جہل قرن ثانی یعنی تابعین مین مقبول ہی
پھر اگر کوئی کہے کہ حجاج ضعیف ہی جواب اوسکا یہ ہی کہ اوزاعی جو بڑے امام ہین وہ بھی اوسکے ساتھ ہین دارقطنی کی روایت مین اور وہ
بڑے ثقہ ہین اور دوسرا جواب یہ ہی کہ دارقطنی نے روایت کیا اسکو سفیان ثوری سے انھون نے ابی روق سے انھون نے ابراہیم تیمی سے
انھون نے عایشہ رضی سے اگر کوئی کہے کہ ابراہیم تیمی نے عایشہ رضی سے نہین سنا جیسا کہ کہا ترمذی اور ابو داود نے کہ اس باب مین حضرت سے کچھ
صحیح نہین ہوا جواب اوسکا یہ ہی کہ ابراہیم تابعی ثقہ ہین اگر بالفرض نہ سنا بھی ہو تو بھی حدیث مرسل ہی اور مرسل ہمارے نزدیک حجت ہی
دوسرا جواب یہ ہی کہ دارقطنی نے علل مین کہا کہ روایت کیا اسکو ابراہیم نے ثوری سے انھون نے ابی روق سے انھون نے ابراہیم تیمی سے
انھون نے اپنے باپ سے تو اب یہ حدیث موصول ہو گئی اور ترمذی کے قول سے یہ نہین لازم آتا کہ جہان مین کسیکے نزدیک کوئی حدیث صحیح
نہین ہوئی جائز ہی کہ ترمذی کو کوئی حدیث صحیح اس باب مین نہ پہونچی ہو پھر اگر کوئی کہے کہ اس حدیث کو ابراہیم تیمی سے ابو حنیفہ اور ثوری
نے روایت کیا ابو حنیفہ نے تو ملایا حفصہ سے اور ثوری نے عایشہ رضی سے تو اختلاف اسمین ہوا جواب اوسکا یہ ہی کہ ثوری اور ابو حنیفہ
دونون بڑے امامون سے ہین اور ممکن ہی یہ بات کہ ابراہیم تیمی کو ایک حدیث حفصہ رضی سے پہونچی ہو اور دوسری عایشہ رضی سے ثوری نے عایشہ
کی نقل کی اور ابو حنیفہ نے حفصہ کی پھر اگر کوئی کہے کہ اس حدیث کی لفظون مین اختلاف ہی عثمان بن ابی شیبہ نے روایت کیا کہ حضرت
بوسہ لیتے تھے اور وہ روزہ دار ہوتے تھے اور سوا عثمان کے اور لوگون نے کہا کہ بوسہ لیتے تھے اور وضو نہین کرتے تھے جواب اوسکا یہ ہی
کہ یہ امر بعد ثقہ ہونے راویون کے کچھ ضرر نہین اور جائز ہی کہ یہ دو حدیثین ہون اور روایت کیا دارقطنی نے عایشہ رضی سے کہ پوچھا اونکو قول
ابن عمر رضی کا کہ بیچ بوسے کے وضو ہی سو کہا انھون نے کہتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ بوسہ لیتے تھے اور وہ روزہ دار ہوتے تھے اور وضو نہین
کرتے تھے اور اس حدیث کو صحیح کیا بعض لوگون نے اور کہا شافعی نے کہ روایت کیا سعید بن بنانہ نے محمد بن عمرو بن عطا سے انھون نے
عایشہ رضی سے انھون نے حضرت سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے تھے اور وضو نہین کرتے تھے کہا شافعی نے کہ سعید کا حال مین نہین جانتا
پس اگر ثقہ ہو تو حجت ہی جو روایت کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کہا حافظ ابن حجر نے کہ اس حدیث کو بیہقی نے خلافیات مین بطریق صحیح
روایت کیا ہی اور ضعیف کیا ان جھون کو جواب یہ ہی کہ ضعیف حدیث بھی جب دس بارہ وجھون سے روایت کی جاوے تو وہ حسن ہو جاتی ہی
اور یہ جو بعض حنفیون نے حجت پکڑی ہی کہ روایت ہی ابو امامہ رضی سے کہا انھون نے کہا میں نے کہا ای رسول خدا مرد وضو کرے واسطے نماز کے

پھر بوسے لے اہل اپنے کا اور کھیلے اوس سے کیا ٹوٹ جاتا ہی وضو اس سے فرمایا نہین تو یہ حجت ضعیف ہی کیونکہ روایت کیا اس حدیث کو دارقطنی نے اور اسناد مین اوسکی رکن بیمار عبد اللہ کا ترک کردی گئی ہی حدیث اوسکی اور روایت کیا امام ابو حنیفہ نے مسند اپنی مین ابن عباس رضی سے کہ فرمایا حضرت نے نہین ہی بیچ بوسہ لینے کے وضو اور روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے قول ابن عباس رضی کا تو جب اتنی حدیثین اس باب مین ضعیف اور صحیح آئین تو یہ بات اوسکے نزدیک جو منصف ہی ظاہر ہو گئی کہ حضرت وضو نہین کرتے تھے بوسے وغیرہ سے اور یہی مذہب ہی امام ابو حنیفہ اور امام محمد اور ابو یوسف رحمہم اللہ کا کیونکہ اگر چھونا عورت کا بشہوت بھی ناقض وضو ہوتا البتہ حضرت کے ازواج سے ضرور منقول ہوتا باوجود اس بات کے کہ اونکو بہت حرص تھی مسئلہ بیان کرنے مین اور سوال اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مخالطت اونکے ساتھ بہت رکھتے تھے جیسا کہ روایت کیا حاکم نے عایشہ رضی سے کہ نہین ہوتا تھا کوئی دن لیکن حضرت اوسدن ہمارے پاس آتے تھے اور بوسہ لیتے تھے ہمارا اور چھوتے تھے ہمکو اس جگہہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ جب عورت کے چھونے سے وضو نہین جاتا تو پھر اللہ تعالی کے قول مین لمس سے کیا مراد ہی فرمایا اللہ تعالی نے اَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ یعنی تیمم کرو اگر نپاؤ پانی جب کہ چھوؤ تم عورتون کو جواب اوسکا یہ ہی کہ لمس سے مراد اس جگہہ جماع ہی جیسا کہ کہا عبد اللہ بن عباس رضی نے واللہ اعلم

ص اور چھونا ذکر کا بھی وضو کو نہین توڑتا **ف** کیونکہ روایت کیا نسائی اور ترمذی اور ابو داود نے طلق بن علی سے کہ حضرت پوچھے گئے اوس شخص سے جو چھوئے ذکر اپنا پھر وضو کرے سو فرمایا حضرت نے کیا ہی وہ مگر ٹکڑا تم مین سے اور روایت کیا اسکو ابن حبان نے اپنی صحیح مین اور ابن ابی شیبہ نے مصنف مین اور طحاوی نے ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث صحیح ترہی حدیثون کی اس باب مین اور طحاوی نے کہا ہی کہ یہ حدیث اسناد اسکا مستقیم ہی نہ مضطرب اور روایت کیا طحاوی نے ابن المدینی سے صحت اسکی جیسا کہ آگے آویگا **ص** اور امام شافعی کے نزدیک وضو ان دونون سے ٹوٹ جاتا ہی **ف** دلیل اونکی یہ ہی کہ روایت ہی بسرہ بنت صفوان سے فرمایا حضرت نے جو کہ چھوئے ذکر اپنے کو وضو کرے روایت کیا اسکو ابو داود اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور ایسا ہی ترمذی نے اور صحیح کیا اوسکو احمد اور دارقطنی اور یحیی اور بخاری نے اور ہماری حدیث کو علی بن المدینی کہ جو استاد ہین بخاری کے کہا اونون نے کہ طلق کی حدیث ابھی ہی ہمارے نزدیک بسرہ کی حدیث سے نقل کیا اسکو طحاوی نے اور کہا عمرو بیٹے علی فلاس نے کہ حدیث طلق کی ہمارے نزدیک ثابت ترہی حدیث بسرہ سے روایت کیا اسکو طحاوی نے آب ایک بات انصاف کی یہ ہی کہ نووی جو شافعی مذہب ہین لکھتے ہین کہ مطابقت حدیثون مین جب کہ ممکن ہو سکے واجب ہی تو اس جگہہ دونون حدیثین طرفین کی صحیح ہوئین مطابقت اس طور پر ہو سکتی ہی کہ حدیث بسرہ مین وضو کے معنی ہاتھہ دھونا ہی تو یہ حکم یعنی ہاتھہ کا دھونا مستحب ہی اور اگر کوئی کہے کہ مطابقت جب واجب ہی کہ دونون حدیثین جانبین کی قوی ہون اور اس جگہہ حدیث طلق کی ضعیف ہی جواب یہ ہی کہ حدیث طلق کے راوی جتنے ہین سب ثقہ ہین تو جب قوت علی بن المدینی اور عمرو فلاس اور طبرانی اور ابن حبان اور ابن حزم اور امام طحاوی اور ترمذی یہ لوگ صحیح کرین تو پھر احتمال ضعف کا نکالنا صرف وہم ہوگا اور اگر کوئی کہے کہ امام شافعی کے لیے اس حدیث کے ماسوا اور بہت سی حدیثین ہین جواب اوسکا یہ ہی کہ ماسوا ان دونون حدیثون کے دونون طرف حدیثین ہین لیکن سب ضعیف ہین اور حدیثین امام شافعی کے مذہب کی یہ ہین روایت کی ابو ایوب سے کہ فرمایا حضرت نے جو شخص کہ چھوئے فرج اپنی کو تو چاہیے کہ وضو کرے اور اسناد مین اسکی اسحق بن عبد اللہ متروک ہی اور ایسا ہی سفیان بیٹا عیینہ کا اور روایت ہی ام حبیبہ سے کہا کہ سنا مین نے حضرت سے کہ فرماتے تھے جو کہ چھوئے فرج اپنی کو پس چاہیے کہ

وضو کرے اور اسناد مین اوسکی علاوہ بیٹا حارث کا نسبت کیا گیا ہی طرف قدر کے اور مخلوط ہوگیا تھا آخر مین علاوہ اوسکے
بخاری نے اس حدیث کو ضعیف کیا اور کہا ترمذی نے کہ اوسنے اس حدیث کو صحیح نہین دیکھا اور مکحول نے نہین سنا
سے نہین سنا اور روایت کیا اس حدیث کو ابن ماجہ نے اور روایت کیا بیہقی نے ابن عباس سے اور وہ بھی ضعیف ہی اور وہ جو ابن ماجہ
نے جابر سے روایت کیا وہ بھی ضعیف ہی اسناد مین اوسکی عبدالرحمن کا مجہول ہی اور ایک روایت مین عبداللہ بن نافع
مدنی کا ضعیف ہی اور روایت کیا احمد اور ابن ابی شیبہ نے زید بن خالد سے کہ فرمایا حضرت صلعم نے مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ
یعنی جو شخص کہ چھوے ذکر اپنے کو تو وضو کرے اور روایت کیا احمد اور دارقطنی اور اسحاق بن راہویہ نے مسند اپنی مین عبداللہ
بن عمرو بن العاص سے کہ جو شخص چھوئے ذکر اپنے کو تو وضو کرے اور جو عورت کہ چھوئے فرج اپنی کو تو وضو کرے اور ہمارے مذہب
کی حدیثین ہین ابی امامہ کی روایت کہ پوچھے گئے حضرت چھونے سے ذکر کے فرمایا کہ وہ ٹکڑا ہی تجسے یعنی اوسکے چھونے سے
وضو نہین روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور یہ حدیث ضعیف ہی اسناد مین اسکی جعفر بیٹا زبیر کا ترک کردی گئی ہی حدیث اوسکی
اور ایسا ہی روایت ہی عصمہ بن مالک اور عایشہ وغیرہما سے روایت کی ابو یعلی موصلی نے عایشہ رضہ سے کہ سنا مینے اوسکو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہین پرواہ رکھتا ہون مین اوسکو چھوؤن یا نا کہ اپنی کو اور اسناد مین اوسکی وہبی جعفر
بیٹا زبیر کا متروک ہی اگر کوئی کہے کہ روایت کیا حاکم نے قاسم سے انھون نے عایشہ رضہ سے کہ جب چھوئے عورت فرج اپنی کو ہاتھ اپنے
سے سوا اوسپر وضو ہی تو جواب اوسکا یہ ہی کہ فتوی راوی کا بخلاف روایت کے باطل ہی نزدیک محدثین کے لیکن سب حدیثین ضعیف
ہین تو نہ باقی رہی صحیح حدیث شافعی کی طرف مگر بسرہ کی اور ہماری طرف مگر طلق کی اور یہ جو بعض علماے شافعیہ نے لکھا ہی
کہ ابو ہریرہ رضہ نے روایت کی حضرت سے کہ جو چھوئے ذکر اپنا وضو کرے روایت کیا اسکو شافعی اور حاکم اور دارقطنی نے اور ابو ہریرہ
پیچھے لائے تھے اسلام طلق سے تو اس سے معلوم ہوا کہ طلق کی حدیث منسوخ ہوگئی جواب اوسکا یہ ہی کہ طلق کے اسلام لانے سے قبل
ابی ہریرہ کے یہ بات لازم نہین آتی کہ طلق پھر نہ لوٹے ہون اور نہ اونکو صحبت رہی ہو علاوہ اس بات کے حدیث ابی ہریرہ کی ضعیف ہی
کیونکہ اسناد مین اوسکی یزید بیٹا عبدالملک کا ہی اور وہ ضعیف ہی تو اب کچھ حجت نہین اگر کوئی کہے کہ جب حدیثین مختلف ہوئین تو
اب اقوال صحابہ سے تمسک ضرور ہی جواب یہ ہی کہ یہ تو ہمارا مطلوب ہی روایت کیا طحاوی نے حضرت علی اور سعد اور ابن مسعود اور
حسن بصری وغیرہم سے کہ وضو نہین ٹوٹتا اور یہی مذہب ہی عمار اور حذیفہ اور سعید بن المسیب اور عطاء اور عکرمہ اور ابراہیم نخعی
رحمہم اللہ کا روایت کیا امام محمد نے موطا مین اور ابن ابی شیبہ نے علی اور ابن عباس اور حذیفہ اور عمران بن حصین سے کہ اون
سب نے کہا کہ مین نہین پرواہ رکھتا ہون کہ چھوؤن ذکر کو یا اپنی ناک کو اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے عمار سے کہ وہ پوچھے گئے
چھونے ذکر سے بیچ نماز کے پس کہا کہ نہین ہی وہ مگر ٹکڑا تجسے اور روایت کیا محمد نے ابی الدرداء سے مانند اسکے اور روایت کیا
سعید بن منصور نے انھین سے ایسا ہی اور بھی ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہی حضرت علی سے کہ وہ پوچھے گئے اوس سے سو کہا کہ نہین حرج ہی
ساتھ اوسکے اور ابن مسعود سے بھی ایسا ہی روایت کیا اور اوسی سے سعد نے مانند اسکے روایت کیا اور روایت کیا محمد نے علقمہ سے کہ آیا ایک شخص طرف ابن مسعود کے
سو کہا کہ چھوا میںنے ذکر اپنے کو نماز مین تو عبداللہ بن مسعود نے کہا کہ ذکر تیرا نہین ہی مگر مانند سارے بدن تیرے کے اور روایت کیا محمد نے
کہ ایک شخص نے پوچھا عطاء رح سے اور کہا کہ ای ابا محمد وہ شخص کہ چھوئے فرج اپنی کو بعد وضو کے سو ایک شخص نے قوم سے کہا کہ عبداللہ

یعنی ناکہ کہ چھوئے

بن عباس کہتے تھے کہ اگر تو نجس جانتا ہی تو کاٹ ڈال اوسکو کہا عطار نے کہ یہی قول ہی عبداللہ بن عباس کا اور امام شافعی کے مذہب کی طرف ابن عمر اور عمر بن الخطاب اور ابو ایوب اور زید بن خالد اور ابی ہریرہ اور عبداللہ بن عمرو بن العاص اور جابر اور عائشہ وغیرہم گئے ہین

باب غسل کے بیان مین

غسل مین تین چیزین فرض ہین پہلے پانی موںہہ مین ڈالنا دوسرے ناک مین پانی ڈالنا اور امام شافعی کے نزدیک یہ دونون چیزین غسل مین سنت ہین **ف** دلیل ہماری یہ ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَاِنْ کُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا یعنی اگر تم جنب ہو پس چاہیے کہ پاک کرو تو لفظ مبالغے کا دلالت کرتا ہی اس بات پر کہ کلی وغیرہ بھی فرض ہی اور اسواسطے کہ فرمایا حضرت نے نیچے ہر بال کے جنابت ہی سو تر کرو اور صاف کرو بدن کو روایت کیا اسکو ابو داود نے اور یہ جو حدیث ہدایے مین لکھی ہی کہ فرمایا حضرت نے کلی اور ناک مین پانی ڈالنا سنت ہین وضو مین اور فرض ہین غسل مین تو یہ حدیث مینے نہین پائی اور شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر مین اس حدیث کو بیان نہین کیا لیکن روایت کیا ابن عدی نے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا حضرت نے کہ کلی اور ناک مین پانی ڈالنا تین بار فرض ہین غسل مین اور یہ حدیث قابل اعتبار کے نہین کیونکہ کہا ابن حبان اور دارقطنی نے کہ اس حدیث کو برکہ بیٹے محمد حلبی نے بنایا ہی اور کلی اور ناک مین پانی ڈالنا سنت ہین وضو مین اور فرض ہین غسل مین نزدیک امام ابو حنیفہ کے اور امام مالک اور شافعی کے نزدیک وضو اور غسل دونون مین سنت ہین اور امام احمد کے نزدیک دونون وضو اور غسل مین واجب ہین دلیل امام ابو حنیفہ اور شافعی اور مالک کی یہ ہی کہ روایت کیا مسلم نے ابی ہریرہ سے کہ انھون نے وضو کیا بغیر مضمضے اور استنشاق کے اور کہا کہ مینے ایسا ہی دیکھا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور جامع الاصول مین بروایت ابی داود ایک روایت مین ہی کہ انھون نے ذکر مضمضے اور استنشاق کا نہین ہی اور دلیل امام احمد کی یہ ہی کہ روایت کیا ابو داود نے لقیط بن صبرہ سے کہ فرمایا حضرت نے کہ جب وضو کرے تو پس کلی کر اور روایت کیا دارقطنی نے ابی ہریرہ سے کہ کہا انھون نے حکم کیا حضرت نے ساتھ مضمضے اور استنشاق کے وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ وَاِلَيْهِ الْمَرْجِعُ وَالْمَآبُ **ص** تو اگر غسل کیا اور بعد کلی کے اوسکے دانتون مین کھانا رہا غسل درست ہو جاویگا **ف** کیون کہ کھانے کے نیچے پانی پہونچ جاتا ہی **ص** تیسرے پہونچانا پانی کا تمام ظاہر بدن پر اور ملنا واجب نہین **ف** کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا فَاطَّهَّرُوْا یعنی پاک کرو اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تَحْتَ كُلِّ شَعْرَةٍ جَنَابَةٌ * یعنی نیچے ہر بال کے جنابت ہی رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ اور ملنا کچھ دھونے مین داخل نہین تو جب شارع نے حکم فرمایا دھونے کا تو ملنا اوس سے لازم نہ آویگا جیسا کہ ظاہر ہی ہر عاقل پر **ص** مگر امام مالک کے نزدیک واجب ہی تو اگر آٹا ناخون مین باقی رہا غسل درست نہوگا بلکہ اوسکے نیچے کا دھونا واجب ہوگا اور اگر میل ہی یا مٹی یا رنگ یا حنا وغیرہ درست ہو جاویگا اسواسطے کہ پانی اوسمین سما جاتا ہی اور اگر بدن پر روغن ہلا بعد اوسکے غسل کیا جائز ہی اگرچہ روغن پانی کو قبول نہین کرتا اور اگر وہ جانتا ہی کہ بالی کے چھیدمین بغیر بالی ہلائے پانی نہ پہونچیگا ہلاوے اور اگر بالی سوراخ مین نہین ہی اور وہ جانتا ہی کہ بے تکلف پانی سوراخ مین پہونچیگا تکلف نکرے اور اگر جانتا ہی کہ بغیر تکلف کے نہین پہونچیگا تکلف کرے اور اگر بعد بالی نکلنے کے سوراخ بند ہو گیا ہی اور جانتا ہی کہ اگر پانی گذریگا داخل ہوویگا اور اگر غافل ہوگا نہ گذریگا پانی اور نہ داخل ہوگا پانی کو اوسپر سے گذارے اور لکڑی وغیرہ کے داخل کرنے سے تکلف نکرے اور اگر اوسکی انگلی مین تنگ انگوٹھی ہی واجب ہی کہ وضو اور غسل مین اوسکو ہلاوے تاکہ پانی وہان پہونچ جاوے

فصل فرض ہین غسل مین تین چیزین

فصل فرمایا محمد حلبی نے

اور جس کیدکا ختنہ نہوا ہو اوسکو غسل مین قلفہ کے اندر پانی پونہچانا بعضون کے نزدیک واجب ہی اور بعضون کے نزدیک نہین باوجود اسکے کہ اگر پیشاب قلفہ تک آجاتا ہے اور باہر نہ نکلے وضو جاتا رہتا ہی غسل مین سنت پانچ چیزین ہین پہلے دونون ہاتھ کا دو سرے دھونا فرج کا تیسرے دور کرنا نجاست کا بدن سے بعد فرج کے دھونے کے چوتھے وضو کرنا لیکن اگر غسل کی جگہ مین پانی مستعمل جمع ہوتا ہو یا جوتون کے دھونے مین تاخیر کرے اور بعد غسل کے دوسری جگہ دھووے تو اگر غسل کرتا ہی کسی لوح یا پتھر پر کہ پانی اوپر سے بہتا جاتا ہی تو وہین پیر دھووے یا پانچوین تین بار تمام بدن پر پانی روان کرنا ف کیونکہ روایت کی بخاری مسلم نے میمونہ سے کہ کہا مینے واسطے حضرت کے پانی سو دھانپا مینے اونکو ساتھ ایک کپڑے کے تو حضرت نے پانی ڈالا اپنے دونون ہاتھون پر سو دھویا اونکو پھر ڈالا دونون ہاتھون پر پھر دھویا اونکو پھر ڈالا اپنے ہاتھ سے بائین پر سو دھوئی فرج اپنی پھر مارا ہاتھ اپنا زمین پر اور پھیرا اوسکو زمین پر پھر دھویا اوسکو سو کلی کی اور ناک مین پانی ڈالا اور دھویا مونہہ کو اور کہنیون تک ہاتھون اپنے کو پھر ڈالا پانی سر پر اپنے اور سارے بدن پر پھر ہٹا پھر ایک کونے مین ہٹ گئے سو دھوئے پیر اپنے تو دیا مینے اونکو ایک کپڑا پس نہ لیا اوسکو اور چلے اور وہ جھاڑتے تھے دونون ہاتھ اپنے اور یہ حدیث نہایت صحیح ہی اور یہ لفظ بخاری کے ہین اور ابوداود نے بھی روایت کیا ہی اسکو اور روایت کی ابوداود اور بخاری مسلم وغیرہم نے عایشہ سے اور یہان الفاظ ابوداود کے مذکور ہین ساتھ سند صحیح کے کہ تھے حضرت جب غسل کرتے تھے جنابت سے دھوتے تھے دونون ہاتھ اپنے اور ڈالتے تھے برتن کو داہنے ہاتھ پر پھر دونون ہاتھ سے لیکر دھوتے تھے فرج اپنی کو پھر وضو کرتے تھے جیسا کہ وضو ہوتا واسطے نماز کے پھر داخل کرتے تھے ہاتھ اپنا برتن مین پھر کنگھی کرتے تھے بالون اپنے کو یہان تک کہ جب دیکھتے کہ پانی پہونچ گیا بدن کو اور صاف ہو گیا ڈالتے پانی سر پر تین بار تو اگر کچھ پانی بچ رہتا ڈال لیتے تھے اوسکو اپنے اوپر **ص** ع رتون واجب نہین کہ اپنی چوٹی کھولین بلکہ بالون کی جڑ کو تر کرلین کیونکہ حضرت نے ام سلمہ سے فرمایا کہ کافی ہی تجکو جب پانی تیرے بالون کی جڑ تک پہونچ جاوے اور اسی طرح تر کرنا بھی سب بالون کا واجب نہین اور بعض مشائخ نے کہا ہی کہ تر کرلے گیسو ونکو اور نچوڑ ڈالے **ف** یہ حدیث ان لفظون سے صحاح مین نہین روایت کیا مسلم نے ام سلمہ سے کہا مینے یا رسول اللہ مین عورت ہون کہ باندھتی ہون چوٹی کیا مین کھولا کرون اوسکو واسطے غسل جنابت کے فرمایا حضرت نے نہین کافی ہی تجکو یہ کہ ڈالے تو سر پر اپنے تین بار تین لب پانی سے پھر ڈالے تو اپنے اوپر پانی تو پاک ہو جاویگی تو روایت کیا اسکو ابوداود اور ابن ماجہ نے بھی اور اسی طرح روایت ہی کہ عبداللہ بن عمرو بن العاص حکم کرتے تھے عورتون کو اس بات کا کہ جب غسل کرین تو کھولین چوٹیان اپنی سو حضرت عایشہ نے کہا تعجب ہی عبداللہ بن عمرو حکم کرتے ہین عورتون کو چوٹی کھولنے کا کیا نہین حکم کرتے اونکو کہ مونڈا ڈالین وہ سر اپنا تحقیق مین اور حضرت غسل کرتے تھے ایک برتن سے اور مین نہین زیادہ کرتی تھی تین لبون پر یہ روایت صحیح مسلم مین ہی اور ایسا ہی جو غسل حیض سے ہو کیونکہ ایک روایت مین مسلم کی یہ بھی ہی کہ کیا مین کھولون چوٹی کو واسطے حیض اور جنابت کے فرمایا حضرت نے نہین اور اسی طرح بہت سی حدیثین اس باب مین آئی ہین **ص** اور یہ سب صورتین جب ہین کہ بال عورت کے گندھے ہوئے ہون اور لیکن جب کھلے ہون تو سکو دھوئے کیونکہ حرج نہین جیسا کہ مرد داڑھی کو دھوتے ہین کیونکہ کچھ حرج نہین اور مرد اگر اپنی چوٹی باندھے ہو تو کھولنا واجب ہی اور بعضون نے کہا ہی کہ واجب نہین لیکن احتیاط اسمین ہی کہ کھولے **ف** ذخیرہ مین اسکو لکھا ہی کہ کھولنا مرد کو واجب ہی

فصل بیان مین اون چیزون کے جن سے غسل لازم آتا ہی

اور اونکو موجبات غسل کہتے ہین اور وہ چار چیزین ہین **ص** پہلے نکلنا منی کا اپنی جگہ سے کود کر کے شہوت سے تو اگر بغیر شہوت کے

انزال ہوا غسل ہمارے نزدیک واجب نہین اور امام شافعی کے نزدیک واجب ہوا **ف** امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل یہ ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی یعنی نہانا پانی سے ہی یعنی منی کے نکلنے سے ہی روایت کیا اسکو مسلم نے ابی سعید رضی اللہ عنہ سے اور یہ حدیث منسوخ ہوگئی ہی اور دلیل ہماری یہ ہی کہ اس حدیث سے مراد وہی پانی ہی جو شہوت سے نکلے کیونکہ الف لام انما الماء مین دلالت کرتا ہی اس بات پر اور بھی دلیل ہماری یہ ہی کہ روایت کیا ابن المنذر رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ حدیث بیان کی ہمسے محمد بن یحیی نے کہا اونھون نے حدیث بیان کی ہمسے ابو حنیفہ نے کہا اونھون نے حدیث بیان کی ہمسے عکرمہ نے انھون نے عبد اللہ بن مجوال سے اونھون نے اپنی ماں سے کہ پوچھا اونکی ماں نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے مذی کو پس کہا کہ ہر زنا مذی کرتا ہی اور تحقیق کہ ایک مذی ہی اور ایک ودی اور ایک منی لیکن مذی تو وہ ہی کہ مرد اپنی عورت سے کھیلے سو ظاہر ہو جاوے اوسکے اوپر کچھ یعنی کچھ پانی تو دھووے ذکر اپنے کو اور خصیون کو پھر وضو کرے اور غسل نکرے اور لیکن ودی تو وہ ہوتی ہی بعد پیشاب کے دھووے ذکر اپنے کو اور وضو کرے اور غسل نکرے اور لیکن منی تو وہ پانی بڑا ہی اوس سے شہوت ہی اور اوسمین غسل ہی اور عبد الرزاق نے مصنف مین قتادہ اور عکرمہ سے بھی ایسا ہی روایت کیا ہی واللہ اعلم **ص** اور امام ابی یوسف کے نزدیک فقط سر عضو سے بشہوت نکلے اگرچہ وقت جدا ہونے شہوت نہو تو اگر منی اپنی جگہ یعنی پشت سے بشہوت چلا ہوئی اور اوس شخص نے قبل اسکے کہ نکلے سر عضو کا تھاما یہان تک کہ شہوت جاتی رہی اور اوسکے منی بغیر شہوت کے نکلی امام محمد اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک غسل واجب ہوگا اور امام ابی یوسف کے نزدیک غسل واجب نہوگا اور اگر پیشاب سے پہلے غسل کیا بعد اسکے پھر بقیہ منی نکلی طرفین کے نزدیک غسل واجب ہوگا اور امام ابی یوسف کے نزدیک غسل واجب نہوگا اور ایسا ہی اگر خواب مین ہووے غسل واجب ہوگا اور مرد عورت سب برابر ہین اور ایک روایت مین امام محمد سے منقول ہی کہ اگر عورت کو احتلام اور لذت وغیرہ یاد ہو اور تری دیکھے غسل واجب ہی اور شمس الائمہ نے کہا کہ اس روایت پر عمل نکیا جاویگا **ف** اگر کسی نے ایسا نہو یعنی جاگ کے فقط پانی دیکھا تو اوسکا بیان آگے آتا ہی اور اگر سوتے مین یہ باتین سب دیکھین تو اوسکو احتلام کہتے ہین تو اس صورت مین اگر تری دیکھے گا غسل واجب ہوگا برابر ہی کہ مرد ہو یا عورت کیونکہ روایت کیا بخاری اور مسلم نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا ام سلیم رضی اللہ عنہا نے کہ ای رسول اللہ اللہ نہین حیا رکھتا ہی حق سے سو کیا عورت پر ہی جبکہ دیکھے غسل فرمایا کہ ہان جب کہ دیکھے پانی کو آخر حدیث تک اور روایت کیا انس رضی اللہ عنہ سے کہ پوچھا ایک عورت نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک عورت سے کہ دیکھے خواب مین ایسا کہ دیکھتا ہی مرد خواب مین سو فرمایا آپ نے کہ جب ہو اوس سے جو ہوتا ہی مرد سے سو چاہیے کہ غسل کرے روایت کیا اسکو مسلم نے نووی نے شرح صحیح مسلم مین کہا ہی کہ معنی اسکے یہ ہین کہ اوس سے منی نکلے جیسا کہ مرد جب اوس سے منی نکلتی ہی غسل کرتا ہی اور اجماع مسلمانون کا اس بات پر کہ جب احتلام ہو اور تری دیکھے غسل لازم آویگا اور روایت کیا ابن ماجہ اور بیہقی نے عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب جاگے کوئی تم مین کا خواب مین سے اور تری دیکھے اور احتلام اوسکو یاد نہو غسل کرے اور جب یاد کرے احتلام کو اور تری نہ دیکھے تو غسل لازم نہین اور سیوطی جمع الجوامع مین لائے ہین کہ روایت ہی انس رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پاوے عورت بیچ خواب کے جو پاتا ہی مرد تو غسل کرے روایت کیا اسکو سمویہ نے اور ایک روایت اوسمین ہی خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی عورت پر غسل یہان تک کہ انزال نہو جیسا کہ نہین ہی مرد پر غسل جب تک کہ انزال نہو روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور روایت کیا احمد اور ابن ماجہ اور نسائی نے انس رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھے تم عورتون مین سے

اور انزال کرے تو چاہیے کہ غسل کرے اور وہ جو ہمنے روایت نقل کی ہی کہ جب عورت لذت وغیرہ دیکھے خواب مین اور تری نہ دیکھے تو غسل واجب ہی اور اسکو شمس الائمہ نے کہا کہ اسپر عمل نہ کیا جاویگا تو دلیل اوسکی یہ ہی کہ روایت ہی ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہ انھون نے پوچھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ عورت دیکھے جب خواب مین جو مرد دیکھتا ہی تو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب دیکھے تو غسل کرے تو جواب اوسکا یہ ہی کہ مراد اس سے جو مرد دیکھتا ہی یعنی منی بھی دیکھے جیسا کہ دوسری روایت مین تصریح سے آیا اور نحی ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کرے جب دیکھے پانی کو واللہ اعلم وعلمہ اتم ص دوسرے غائب ہو جانا سر ذکر کا قبل یا دبر مین اس صورت مین غسل دونون پر یعنی فاعل و مفعول پر واجب ہوگا ف کیونکہ روایت ہی سنن ابن ماجہ مین عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ملجا وین دونون ختنے غسل واجب ہوتا ہی اور روایت کیا طحاوی نے عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب ملتے تھے دونون ختنے نہاتے تھے اور صحیحین مین روایت ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ بیٹھے ایک تم مین کا درمیان چارون کونون کے یعنی اپنی عورت کے پھر جاع کرے اوس سے تو تحقیق کہ غسل واجب ہوا اور اگرچہ انزال نہوا اور روایت کیا ابوداود اور ترمذی اور احمد اور ابن ماجہ نے مانند اسکے اور روایت کیا ایسا ہی مذی نے عایشہ رضی اللہ عنہا سے اور طبرانی نے رافع بن خدیج سے اور ابی امامہ سے اور روایت کیا شیرازی نے القاب مین مانند اسکے اور طحاوی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے قول اوسکا اور روایت کیا دارقطنی نے افراد مین ابی ہریرہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تجاوز کر جاوے ختنہ ختنے سے انزال ہو یا نہو تحقیق کہ غسل واجب ہوا اور سعید ابن منصور نے اپنے مسند مین مانند حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کے روایت کیا ہی اور یہ جو حدیث ہدایے مین لکھی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تجاوز کرے ختنہ ختنے سے اور غائب ہو جاوے سر ذکر تو تحقیق غسل اسپر واجب ہوا انزال ہو یا نہو تو روایت کیا اس حدیث کو طبرانی نے اوسط مین ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اور عبداللہ بن وہب نے مسند اپنی مین اور روایت کیا احمد نے اور ابن ماجہ نے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ملجا وے ختنہ ختنے سے اور چھپ جاوے سر ذکر تو تحقیق کہ غسل واجب ہوا اور روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف مین اگر اس جگہ کوئی کہے کہ یہ حدیث مخالف ہی اوس حدیث کے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پانی یعنی غسل پانی سے ہی یعنی منی نکلنے سے ہی روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی اور مسلم اور دارمی اور احمد اور نسائی اور ابن ماجہ نے تو جواب اوسکا یہ ہی کہ یہ حکم ابتداے اسلام مین تھا اب یہ حدیث منسوخ ہوگئی اوس سے جو روایت کیا احمد اور ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ اور دارمی نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا اونھون نے کہ یہ حکم کہ پانی سے پانی ہی تھا رخصت اول اسلام مین پھر منع کیا گیا اس سے یعنی رخصت جاتی رہی صحیح کیا اس حدیث کو ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اور کہا اسماعیلی نے کہ وہ صحیح ہی اوپر شرط بخاری کے اس جگہ اگر کوئی کہے کہ ابن ابی شیبہ اور دارقطنی نے یقین کیا اور کہا کہ زہری نے نہین سنا اس حدیث کو سہل سے اور کہا حافظ بن حجر نے کتاب ابوداود مین ایسا واقع ہوا ہی کہ معلوم ہوتا ہی اوس سے یہ حدیث منقطع ہی تو جواب اوسکا یہ ہی کہ سند ابوداود کی صحیح ہی اسواسطے کہ ثقہ جب کہے کہ خبر دی مجکو ایک ثقہ نے یا اوس سے جس سے مین راضی ہو تو حدیث صحیح ہوگئی اور یہ بات اسکو مستلزم نہین کہ سند ابن ماجہ اور احمد کی منقطع ہو کیونکہ ممکن ہی کہ زہری نے سنا ہو اوسکو ثقہ کے واسطے سے سہل سے پھر ملاقات کی سہل کی جب حدیث کی اوسنے تو اب اعتراض دفع ہوگیا وباللہ التوفیق وہو خیر الرفیق ص تیسرے دیکھنا جاگنے والے کا سنی یا مذی کو اگر احتلام یاد نہو ف کیونکہ حضرت نے فرمایا کہ جب جاگے ایک تم مین کا اور دیکھے تری اور احتلام یاد نہو تو اوسپر غسل ہی روایت کیا اسکو مانند اسکے ابن ماجہ اور ابوداود

اور ترمذی نے عایشہ رضی اللہ عنہا سے اور مرد عورت سب اسمین برابر ہین اور جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلق تری ارشاد فرمائی تو اس سے معلوم ہوا کہ مذی ہو یا منی کیونکہ دونون مین تری ہوتی ہی اور کیونکہ احتمال ہی کہ منی بسبب حرارت بدن کے رقیق ہوگئی ہو اور مثل مذی کے دکھائی دینے لگی ہو اور تفصیل اسکی خوب اوپر گذری فقط **ص** جو تھے منقطع ہونا حیض اور نفاس کا **ف** بیان حیض و نفاس کا آگے آویگا اور منقطع ہونے سے مراد یہ ہی کہ جب عورت حیض اور نفاس سے پاک ہووے تو غسل کرنا اوسپر فرض ہوتا ہی اور یہ حکم اسواسطے ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ساتھ تشدید طا کے اور ہا کے یعنی نہ قریب ہوتم انکے یہان تک کہ وہ خوب پاک ہولین یعنی غسل کرین اور یہ قرارت عاصم اور کسائی کی ہی اور امام مالک اور شافعی کے نزدیک اس قرارت مین بھی اوجب یہ آیت تخفیف پڑھی جاتی ہی معنی یہی ہوتے ہین کہ یہان تک کہ غسل کرین اور یہ آیت تو دلیل اس بات کی ہوئی کہ حیض سے غسل فرض ہی لیکن نفاس سے تو بسبب اس بات کے کہ اسپر اجماع ہی اور اجماع حجت قاطع ہی کیونکہ حضرت نے فرمایا لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِيْ عَلَى الضَّلَالَةِ یعنی نہین جمع ہوگی امت میری گمراہی پر اور اسی طرح معلوم ہوچکا ہی کتب اصول سے اور روایت کیا اس حدیث کو طبرانی اور ترمذی اور ابو داود اور ابن ابی عاصم اور حافظ ضیا اور ابن جریر اور حاکم اور ابو نعیم اور ابن مندہ نے اور احمد اور ابن ابی خیثم نے ابو مالک اشعری اور ابن عمر اور ابی بصرہ غفاری وغیرہم سے باالفاظ مختلفہ رضی اللہ عنہم اجمعین اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہی کہ جسکو مسلمان قبیح دیکھین وہ اللہ کے نزدیک بھی قبیح ہی اور جسکو مسلمان اچھا دیکھین وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہی روایت کیا اسکو بزار اور ابو داود طیالسی اور ابو نعیم اور بیہقی نے اور روایت کیا احمد نے دوسرے جملے کو فقط واللہ اعلم

وَعَلَيْهِ اَنْ يَّغْتَسِلَ **ص** اور اگر عورت کافر بعد انقطاع یعنی بند ہونے خون کے مسلمان ہوئی غسل اوسکے اوپر واجب نہوگا اور بعد جنابت کے اگر مسلمان ہوئی غسل واجب ہوگا **ف** دلیل اسکی بشرح وقایہ عربی مین مذکور ہی **ص** اور چار باتون کے وطی کرنے سے غسل واجب ہوگا اور غسل مستحب ہی واسطے جمعے کے یعنی نماز جمعے کے نہ واسطے دن جمعے کے اور یہی صحیح ہی **ف** امام شافعی و امام ابو حنیفہ صاحب کے نزدیک غسل دن جمعے کے سنت ہی اور یہی روایت ہی احمد سے اور امام مالک کے نزدیک واجب ہی امام مالک کہتے کہ روایت ہی یعنی صحیحین اور جامع ترمذی اور موطا اور سنن نسائی مین عبد اللہ بیٹے عمر رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی کہ آوے تم مین سے دن جمعے کے تو چاہیے کہ غسل کرے اور روایت کی بخاری اور مسلم اور ابو داود اور نسائی نے حضرت ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ غسل جمعے کا واجب ہی ہر بالغ پر اور مسند ابن ماجہ مین روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے بیچ ایک جمعے کے جمعون سے کہ اگر وہ مسلمانون کے یہ وہ دن ہی کہ اللہ تعالی نے اسکو عید کیا ہی سو غسل کرو آخر حدیث تک اور روایت کی مالک نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا اونھون نے کہ غسل دن جمعے کا واجب ہی اوپر ہر بالغ کے مانند غسل جنابت کے اور یہ سب حدیثین صحیح ہین اور روایت کیا ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث کو صحیح مسلم مین کئی طرق سے اور کہا مجد الدین فیروز ابادی نے کہ حدیث واجب ہونے غسل کی بہت صحیح ہی اور مالک نے نافع سے اونھون نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اوس حدیث کو کہا بخاری رحمہ اللہ نے کہ یہ اصح الاسانید ہی اور یہ تو دلیلین اونکی ہین جو کہتے ہین کہ غسل دن جمعے کے واجب ہی اور جو کہتے ہین کہ واجب نہین حجت پکڑتے ہین اوس سے کہ روایت کیا ابو داود اور ترمذی اور نسائی اور احمد اور بیہقی اور ابن ابی شیبہ نے اور ابن عبد البر نے استذکار مین سمرہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے وضو کیا دن جمعے کے تو خوب کیا اور جسنے غسل کیا

نیک کیا اور غسل افضل ہی کہا ترمذی نے کہ اس باب مین روایت ہی ابی ہریرہ اور عایشہ اور انس رضی اللہ عنہم سے اور کہا کہ حدیث عمرہ رضی اللہ عنہ کی حسن ہی اور روایت کیا ہی بخاری اور مسلم اور ترمذی اور مالک اور ابو داود رحمہم اللہ نے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خطبہ پڑھتے تھے دن جمعے کے کہ ناگاہ ایک شخص آیا مہاجرین سے اور ایک روایت مین ہی کہ عثمان رضی اللہ عنہ آئے سو پکارا عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اور کہا کہ یہ کیا وقت ہی آنے کا عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ایک کام نے مجکو مشغول رکھا تھا آج کے روز اور مین گھر نہین گیا تھا کہ ناگاہ آواز اذان کی سنی اوسی راہ سے مین مسجد مین آیا اور کچھ دیر نکی مینے مگر واسطے وضو کے حضرت عمر رضی اللہ نے کہا کہ فقط وضو ہی تمنے کیا اور حضرت نے حکم کیا ساتھ غسل کے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پھر نہ لوٹے اور نماز پڑھی اور عمر رضی اللہ عنہ نے لوٹنے کا حکم نہین کیا تو اس سے معلوم ہوا کہ غسل سنت ہی اور ایک حدیث سنن ابو داود مین ثابت ہی کہ کچھ لوگ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ کیا غسل دن جمعے کے واجب دیکھتے ہو تم فرمایا کہ نہین اور لیکن غسل زیادہ پاک کرنے والا ہی اور بہتر ہی اوسکے لیے جو غسل کرے اور جو شخص نکرے تو کچھ اوسپر واجب نہین آخر حدیث تک اور کہتے ہین کہ مراد واجب سے اون حدیثون مین ضروری ہی نہ واجب باصطلاحی فقہی اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے موطا مین لکھا ہی

أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ بْنُ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ قَالَ حَمَّادٌ سَأَلْتُهُ عَنِ الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْغُسْلِ مِنَ الْحِجَامَةِ وَالْغُسْلِ مِنَ الْعِيدَيْنِ قَالَ إِنِ اغْتَسَلْتَ فَحَسَنٌ وَإِنْ تَرَكْتَ فَلَيْسَ عَلَيْكَ الْحَدِيث یعنی خبر دی مجکو محمد بن ابان بیٹے صالح نے اونھون نے سنا حماد رحمۃ اللہ علیہ سے کہا حماد رحمۃ اللہ علیہ نے کہ پوچھا مینے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ سے غسل دن جمعے اور حجامت اور عیدین سے اونھون نے کہا کہ اگر غسل کرے تو اچھا ہی اور اگر ترک کرے تو تو کچھ تیرے اوپر نہین اور بھی روایت کیا صحیح مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے انھون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے کہ وضو کیا سو اچھا کیا وضو کو پھر آیا جمعے کو اور سنا یعنی خطبہ اور چپ رہا بخشا جائیگا اوسکے لیے جو کچھ کہ درمیان اوسکے اور درمیان جمعے کے ہی اور زیادہ تین دن آخر حدیث تک اور وہ جو ابو داود نے ابن عباس سے روایت کیا ہی سند اوسکی صحیح ہی میرے نزدیک اور روایت کیا طبرانی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ اکثر نہاتے تھے دن جمعے کے اور ترک کرتے تھے اوسکو اور اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ غسل سنت ہی واللہ اعلم اور کچھ بیان اوسکا باب جمعے مین آویگا اور اس جگہ بہت سی روایتین ہین کہ ذکر کرنا اونکا خالی طول سے نہین **ص** دوسرے دونون عیدون کے واسطے یعنی عید الفطر اور عید اضحی مین

ف جاننا چاہیے کہ عیدین کے غسل مین کئی حدیثین ہین لیکن ضعف سے خالی نہین ہین پہلے تو یہ کہ روایت ہی فاکہ بن سعد رضی اللہ عنہ سے کہ صحابی ہونا اونکا مشہور ہی کہا اونھون نے کہ تھے حضرت غسل کرتے تھے دن جمعے اور دن عید فطر کے اور دن نحر اور روز عرفے کے روایت کیا اسکو امام احمد اور ابو داود اور طبرانی نے اپنی معجم مین اور سنن ابن ماجہ مین اور مسند بزار مین بھی مروی ہی شیخ ابن الہمام نے کہا کہ حدیث ضعیف ہی ایسا ہی ذکر کیا نووی نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تھے حضرت کہ غسل کرتے تھے دن عید فطر اور دن عید اضحی کے اور یہ بھی حدیث ضعیف ہی اور سیوطی نے جمع الجوامع مین لکھا ہی کہ زیاد بن شعری نے کہا ایک قوم کو کہ جو فعل مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دیکھا وہی تسے دیکھا مگر یہ کہ تم غسل نہین کرتے ہو پیچ عید کے روایت کیا اسکو ابن مندہ نے اور ابن عساکر نے اور کہا کہ صحیح ہی عیاض سے اور زیاد کہنا محفوظ نہین انتہی تو اسمین یہ کلام ہی کہ ابن عساکر

کی روایات کا بھی اعتبار نہین جب تک رجال سند معلوم نہون اور اکثر احادیث ضعیفہ بھی ہوا کرتی ہین ان کتابون مین اور مجدالدین فیروزآبادی نے لکھا ہی کہ اس باب مین دو حدیثین آئین ہین یعنی ایک حدیث ابن عباسؓ کی اور ایک حدیث فاکہ رضی اللہ عنہ کی جو دونون ہمنے اوپر نقل کین یہ دونون ضعیف ہین اور بعض محققین نے کہا ہی کہ ہمنے سوا حدیث عباس اور فاکہ کے تیسری حدیث اس باب مین نہین پائی البتہ روایت ہی موطا مین ساتھ سند صحیح کے عبداللہ بیٹے عمر رضی اللہ عنہما سے کہ جب وہ واسطے نماز عید کے نکلتے تھے غسل کرتے تھے پہلے اسکے کہ جائین لیکن یہ بات ہی کہ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما حضرت کی تابعداری بہت کرتے تھے اور ذرا سی بات بھی جو حضرتؐ نے نہین کی ہوتی تھی نہین کرتے تھے اس سے معلوم ہوتا ہی کہ انھون نے حضرت کو غسل کرتے دیکھا ہوگا جیسا کہ فیروز آبادی نے کہا لٰکن صَحَّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اَنَّہٗ کَانَ یَغْتَسِلُ لِکُلِّ عِیْدٍ وَشِدَّۃُ مُبَالَغَتِہٖ لِمُتَابَعَۃِ السُّنَّۃِ یَقْتَضِیْ اَنَّ الْحَدِیْثَ فِیْ ھٰذَا الْبَابِ صَحِیْحٌ یعنی صحیح ہوا ہی ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ وہ غسل کرتے تھے واسطے عید کے اور شدت مبالغہ اونکا واسطے متابعت سنت کے چاہتا ہی اس بات کو کہ حدیث اس باب مین صحیح ہی فقط واللہ اعلم اگر کوئی کہے کہ روایت کی ترمذی اور دارمی نے زید بن ثابت سے اور کہا کہ حسن ہی کہ حضرتؐ نے کپڑے اوتارے واسطے جماع اوسکے کے اور غسل کیا تو اس سے سنت ہونا اوسکا ثابت ہوتا ہی تو جواب یہ ہی کہ عموم اس مین نہین بلکہ اس سے یہ سمجھا جاتا ہی کہ ایک بار کیا تو غسل مستحب ہو جاویگا نہ کہ سنت ایسا ہی کہا شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر مین ھٰذَا مَا ظَھَرَ لِیْ الْاٰنَ لَعَلَّ اللّٰہَ یُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِکَ اَمْرًا **ص** میرے واسطے احرام کے **ف** احرام کے واسطے غسل کرنا ائمہ اربعہ کے نزدیک مسنون ہی اور روایتین اس باب مین صحیح ہین اور بیان اسکا حج کے باب مین آویگا **ص** چوتھے دن عرفے کے **ف** کیونکہ اوپر ہمنے ذکر کیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے تھے دن جمعے کے اور عید فطر اور عید نحر اور روز عرفے کے روایت کیا اسکو بزار نے اور طبرانی نے اور ابن ماجہ نے اور ابوداود اور احمد وغیرہم رحمہم اللہ اجمعین نے اور زیادہ صحیح ہی

باب پانی کے بیان مین جس سے وضو جائز ہی اور جس سے جائز نہین

جائز ہی وضو مینہہ کے پانی سے اور چشمے سے یعنی زمین کے پانی سے مثل کوئین وغیرہ کے **ف** اسواسطے کہ اللہ تعالی فرماتا ہی وَیُنَزِّلُ عَلَیْکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّیُطَھِّرَکُمْ بِہٖ یعنی اور اللہ تعالی اوتارتا ہی پانی آسمان سے تاکہ پاک کرے تمکو اوس سے اور فرمایا وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَھُوْرًا اور اوتارا ہمنے آسمان سے پانی پاک کرنے والا یہ آیتین دلالت کرتی ہین آسمان کے پانی کے پاک ہونے پر اور زمین کے پانی کے بھی پاک ہونے پر کہ کوئین ہین دلیل یہ ہی جو روایت کیا ابوداؤد اور ترمذی نے ابی سعید خدری رضی اللہ عنہم سے کہ پوچھا گیا حضرتؐ سے کہ کیا وضو کرین ہم کوئین بضاعۃ سے اور وہ کنوان ہی کہ ڈالے جاتے ہین اوسمین کتے اور کپڑے حیض کے اور بدبودار چیزین فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پانی پاک ہی نہین نجس کرتی ہی اوسکو کوئی چیز اور حسن کہا اس حدیث کو ترمذی اور ابن القطان رحمۃ اللہ علیہما نے اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اور نجاست پر اوسکے دلیل اجماع ہی جیسا کہ آگے آویگا اور بہ ہے مین جو حدیث لکھی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی پاک ہی نہین نجس کرتی اوسکو کوئی چیز مگر جب بدل جاوے رنگ یا بو یا مزہ اوسکا تو روایت کیا اسکو بیہقی نے ابی امامہ رضی اللہ عنہ سے جیسا کہ آگے آویگا اور پانی دریا کے پاک ہونے پر دلیل یہ ہی کہ روایت کیا ترمذی اور ابن ماجہ اور ابوداود اور نسائی نے تحقیق کہ ایک شخص نے پوچھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ ای رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم ہم سوار ہوتے ہین دریا مین اور اوٹھاتے ہین اپنے ساتھ پانی تھوڑا تو اگر وضو کرین ہم پیاسے ہون کیا وضو کرین ہم دریا کے پانی سے تو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ یعنی

دریا پاک ہی پانی اوسکا اور حلال ہی مردہ اوسکا کہا ترمذی نے کہ پوچھا مینے محمد بن اسمعیل رحمۃ اللہ علیہ سے اس حدیث کو تو کہا اونھون نے
کہ حدیث صحیح ہی اور باقی تفصیل اسکی خوب شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر حاشیہ ہدایہ مین لکھی ہی **ص** اور برف کے پانی سے
اگر جما ہوا نہو اور اگر جما ہو تو جائز نہین **ف** کیونکہ حسب صورت مین برف مانند پانی کے ہی تو حکم اوسکا پانی کا سا ہی وضو
جائز ہوگا اور جس صورت مین جمی ہوئی ہی تو وہ پانی مین داخل نہین کیونکہ پانی کی حقیقت مین بہنا بھی داخل ہی **ص** جائز ہی
وضو اوس پانی سے جو رکھے رکھے بدبودار ہوگیا ہو یا اوسکے کسی وصف کو پاک چیز نے مثل خاک یا اشنان یا صابون یا زعفران کے
بدل دیا ہو **ف** اسواسطے کہ ان سب پر پانی کا اطلاق آتا ہی اور روایت کیا نسائی نے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کیا
روز فتح کے ایک برتن سے کہ اوسمین اثر آٹے کا تھا اور تفصیل فتح القدیر مین ہی **ص** اور امام ابی یوسف کے نزدیک اگر پاک چیز ایسی ہو
کہ پاک کرنا اوس سے مقصود ہوتا ہی تو وضو اوس سے جائز ہی اگرچہ کہ غالب ہو جاوے اوپر پانی کے مثلاً گاڑھا کر دے اور اوسکی رقت اور سیلان
یعنی بہنے کو کھو دے تو وضو اوس سے جائز نہین اور اگر وہ چیز ایسی نہو یعنی اوس سے پاک کرنا مقصود نہو تو اس صورت مین اوسنے دونون روایتون
مین ایک روایت مین غلبہ شرط ہی یعنی اگر غلبہ پانی پر نکرے تو وضو جائز ہی اور ایک روایت مین غلبہ شرط نہین یعنی چاہے غالب ہو چاہے
نہو بہرحال وضو اوس سے جائز نہین اور امام شافعی کے نزدیک اگر وہ چیز کہ پانی مین مل گئی ہی زمین کی قسم سے نہین تو وضو اوس پانی سے جائز نہین اگرچہ
غالب ہووے **ف** اور احتیاط اسمین ہی جو امام شافعی رضی اللہ عنہ کا قول ہی **ص** اگر پانی جاری مین کوئی چیز بہہ جائے
اور اثر اوسکا یعنی رنگ و بو مزہ نہ بدلے وضو اوس سے جائز ہی **ف** اسواسطے کہ نجاست اوسمین نہ ٹھہر گئی بلکہ بہ جانیکی ایسا ہی ہی
ہدایہ مین واللہ اعلم بالصواب **ص** پوشیدہ نرہے کہ جاری کسکو کہتے ہین علما کا اسمین اختلاف ہی بعضون کے نزدیک پانی جاری وہ ہے
کہتے ہین کہ گھانس اور تنکے وغیرہ کو بہا لیجائے **ف** اسی کو صاحب شرح وقایہ نے اختیار کیا ہی اور بعضون نے کہا کہ جاری وہ ہی کہ جسکو
لوگ جاری سمجھین اور اسیکو در مختار کے متن مین اختیار کیا ہی اور حق میرے نزدیک یہ ہی کہ جاری اوسے کہتے ہین کہ مطلق جریان اوسمین پایا
جاتا ہو اگرچہ کیسا ہی ضعیف ہو واللہ اعلم **ص** تو اگر ندی اوپر سے روک دی جاوے اور پانی رسان رسان نکلتا ہی وضو اوس سے جائز ہی
کیونکہ وہ پانی جاری ہی اور پانی ضعیف مین جو آہستہ بہتا ہی اس طرح پر وضو کرے کہ پھر پانی مستعمل کو نہ اوٹھالیوے یا وہ چلو اتنی دیر کرے کہ پانی مستعمل بہ جاوے اور مستعمل پانی کا بیان آگے آجاویگا **ف** کیونکہ پانی مستعمل نجس ہی امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے
نزدیک اور اوسکا ذکر آگے ہم کرینگے **ص** اگر حوض دہ در دہ سے کم ہو اور ایک طرف سے اوسمین پانی آتا ہی اور دوسری طرف سے
نکلتا جاتا ہی ہر طرف مین اوس حوض کے وضو جائز ہی اور اسی پر فتوی ہی **ف** در مختار مین ہی بہ یُفتٰی یعنی اسی پر فتوی ہی
ص اور بعضون کے نزدیک اگر چار در چار ہی یا کم تو جائز ہی اور اس سے زیادہ مین جائز نہین اور اگر پانی بدبودار ہووے اور معلوم
ہو جاوے کہ بو اوسکی نجاست سے ہی وضو اوس سے درست نہین اور اگر معلوم نہووے تو وضو جائز ہی کیونکہ کبھی بو بسبب زیادہ رکھنے کے
ہو جاتی ہی واللہ اعلم اور اگر مرا ہوا کنارون ندی مین پڑا اور اوسکے عرض کو بند کیا اور پانی کنے کے اوپر جاری ہی اگر وہ
پانی جو کنے سے ملا ہوا ہی کم ہی اوس پانی سے جو کنے سے الگ ہی اوسکے نشیب مین وضو جائز ہی ورنہ نہین جائز ہی فقیر جو حضر
نے کہا ہی کہ ہمنے اسی پر اپنے مشائخ کو پایا ہی اور امام ابی یوسف سے مروی ہی کہ اگر کوئی وصف پانی کا نہین بدلا ہی تو اوس سے وضو کرنے مین
کچھ خوف نہین اور اگر پانی مین ایسا جانور مرجاوے کہ پانی مین پیدا ہوتا ہی اور اوسمین جیتا ہی جیسے مچھلی اور مینڈک وضو اوس سے جائز ہی

ف ان چیزون کے مرنے سے اسواسطے پانی نہین نجس ہوتا کہ ان جانورون کی جگہ بھی پانی ہی ایسا ہی ذکر کیا صاحب ہدایہ نے اور عاقل پر مخفی نہین ہے کہ اس سے لازم آتا ہی کہ اگر درندہ خشکی مین مرجاوے تو چاہیے کہ نجس نہو کیونکہ درندے کا مقام خشکی ہی لیکن اسکا جواب یون ہوسکتا ہی کہ معدن سے مراد وہ ہی کہ بغیر اوسکے جی نہین سکتا اور ایسا معدن درندے کا خشکی نہین واللہ اعلم اور دوسری دلیل ہدایے مین اسکی یہ لکھی ہی کہ انمین خون نہین کیونکہ جو جانور کہ دموی ہی پانی مین نہین رہتا ہی اور جب خون نہوا تو پانی نجس نہوگا کیونکہ خون ہی نجس کرنے والا ہی شیخ ابن الہمام نے ھٰذَا التَّعْلِیْلُ ھُوَ الْاَصَحُّ اور اگر پانی کے سوا اور مین مثل سرکے وغیرہ کے اگر یہ چیزین مرجاوین تو بعضون نے کہا کہ سوائے مچھلی کے اور مین نجس ہوویگا اور بعضون نے کہا ہی کہ کسی مین نجس نہین ہوگا اور یہی صحیح ہی کذا فی الہدایہ ص اور اگر پانی مین ایسا جانور مرا جسمین بہتا خون نہین جیسے مچھر اور مکھی تو وضو اوس سے جائز ہی کیونکہ خون جو نجس ہی وہ بہتا ہی خون ہی

ف کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تمھارے پانی مین مکھی گر پڑے تو چاہیے کہ اوسکو ڈبووے پھر اوسکو نکال ڈالے اسواسطے کہ ایک پر مین اوسکے مرض ہی اور دوسرے پر مین شفا ہی روایت کیا اسکو بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور یہ حدیث نہایت صحیح ہی اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بے خون کے حیوان کے مرنے سے پانی ناپاک نہین ہوتا اور یہ دلیل لانا اوس سے اچھا ہی جو دلیل لائے ہین صاحب ہدایہ کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی حلال ہی کھانا اوسکا اور پینا اوسکا اور وضو اوس سے اور پوری حدیث یون ہی کہ روایت کی دارقطنی نے سلمان رضی اللہ عنہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کھانا یا پینا پر جاوے اوسمین وہ جانور جسمین خون نہین اور مر جاوے اوسمین تو وہ حلال ہی کھانا اوسکا اور پینا اوسکا اور وضو اوس سے کہا دارقطنی نے نہین مرفوع کیا اس حدیث کو مگر بقیہ نے سعید بن سعید زبیدی سے اور وہ ضعیف ہی اور ابن عدی نے کہا کہ سعید یہ مجہول ہی شیخ ابن الہمام نے کہا کہ یہ بقیہ بیٹا ولید کا ہی روایت کی اس سے بہت اماموں نے مثل حماد اور ابن المبارک اور یزید بن ہارون اور ابن عیینہ اور وکیع اور اوزاعی اور اسحٰق بن راہویہ اور شعبہ وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم نے اور روایت کی اوس سے جماعت نے مگر بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تین کہتا ہون کہ پوچھے گئے یحیی بن معین بقیہ اور اسمٰعیل بن عیاش سے پس کہا کہ کِلَاھُمَا صَالِحَیْنِ یعنی دونون اچھے ہین اور کہا ابوزرعہ رازی نے کہ بقیہ میرے نزدیک اچھا ہی اسمٰعیل بن عیاش سے اور سعید بن سعید سے کہا ابن الہمام رحمۃ اللہ علیہ نے کہ ذکر کیا اوسکو خطیب نے اور کہا کہ نام اونکے باپ کا عبدالجبار ہی اور وہ ثقہ تھے تو اب جہالت جاتی رہی اور حدیث باوجود اسکے حسن سے کم نہوگی تو معلوم ہوا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث جو اوپر ہمنے ذکر کی اس سے زیادہ اور بہت صحیح ہی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ ص اور امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک پانی نجس ہوجاتا ہی

ف اور قول اول جو مذہب امام صاحب کا ہی صحیح ہی ص جو پانی درخت یا میوے سے نچوڑا جاوے جیسے پانی ریواج کا درخت سے نچوڑا جاتا ہی اور پانی سیب اور انار کا کہ میوے سے نچوڑا جاتا ہی وضو اوس سے جائز نہین اور اگر خود درخت سے ٹپکے جائز ہی

ف کیونکہ اسپر پانی مطلق نہین بولا جاتا ہی مثلاً جو کوئی سرکہ پیے تو یہ نہین کہا جاویگا کہ فلانے نے پانی پیا اور قرآن شریف مین جکہ ہی کہ جب پانی نپاؤ تو تیمم کرو ص اور وضو اوس پانی سے جسپر کوئی چیز غالب آجاوے اسطرح پر کہ پانی کو اوسکی طبیعت سے نکال دیوے یا ملکانے کے سبب سے غالب ہوجاوے جیسے کہ پانی باقلے کا

ف ہے اسمین یہ ہی کہ باقلے کے پانی سے مراد وہ ہی جو پانی کہ غالب ہوگئی ہو اوسپر کوئی چیز پکانے کے سبب سے ص یا شوربا جائز نہین اور اگر پتے درخت کے پانی مین پڑے اور اوسکا رنگ یا کوئی وصف بدل گیا وضو اوس سے جائز نہین کیونکہ وہ مانند پانی باقلے کے ہی

ف ہدایہ مین ہی کہ جو پانی بغیر پکنے کے بدل گیا ہو تو اوس سے وضو جائز

فاسعید بن بشیر

فاسعید بن الربیع

اور بلقلے کے معنی جو صاحب ہدایہ نے بیان کیے شاید وہ شارح وقایہ نے مراد نہین لیے واللہ اعلم ص اور جو پانی بہتا نہین اوسمین اگر نجاست پڑی برابر ہی کہ تھوڑا ہو یا بہت وضو اوس سے جائز نہین ف جانا چاہیے کہ یہان تین مذہب ہین پہلے تو یہ ہی کہ پانی جو جاری نہین اوسمین اگر نجاست پڑیگی تو نجس ہو جائیگا پانی تھوڑا ہو یا بہت مگر جب کہ وہ حوض دہ در دہ ہو اور اوسکا ذکر آگے آویگا تو اس صورت مین مانند جاری کے ہوگا اور یہ مذہب امام اعظم کا ہی دوسرا مذہب یہ ہی کہ اگر دو پھال پانی ہو تو نجس نہوگا اور یہ مذہب امام شافعی رحمہ اللہ اور امام احمد رحمہ اللہ کا ہی اور تیسرا مذہب یہ ہی کہ پانی تھوڑا ہو یا بہت جب تک کہ اوسکا کوئی وصف نہ بدلے پانی نجس نہوگا اور یہ مذہب امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا ہی امام اعظم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل یہ ہی کہ روایت کیا بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اور مسلم اور ترمذی اور ابوداود اور رحمۃ اللہ علیہم وغیرہم نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پیشاب کرے ایک تم مین کا بیچ اوس پانی کے جو جاری نہو پھر غسل کرے اوسمین اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ غسل کرے کوئی تم مین سے بیچ پانی دائم کے اور وہ جنب ہو کہا کس طرح کرے ای ابا ہریرہ کہا کہ لے اوس سے لینے کر یعنی کسی برتن سے مثلاً لیکر اپنے اوپر پانی ڈالے اور حضرت نے منع کیا جمے ہوئے پانی مین پیشاب کرنے سے روایت کیا ان دونون کو مسلم نے اپنی صحیح مین اور اس حدیث کو صحیح کیا بہت لوگون نے روایت کیا اسکو مسلم نے کئی طریقون سے اور بخاری نے بھی اور چارون عالمون نے اور طحاوی اور طبرانی وغیرہم نے بھی اور یہ حدیث مشہور ہی اور اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ جو پانی جاری نہین وہ نجس ہو جاتا ہی والا منع کرنے سے کچھ فائدہ نہوگا اور بھی روایت ہی صحیحین مین ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ جاگے کوئی تم مین سے اپنے خواب سے سو نہ ڈالے ہاتھ اپنا بیچ برتن کے یہان تک کہ دھوے اوسکو تین بار کیونکہ نہین جانتا کہ کہان ہاتھ اوسکا اور یہ حدیث بہت طریقون سے مروی ہی اور روایت کیا اسکو مسلم نے دس طریقون سے اور روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ حسن صحیح ہی اور اس باب مین روایت ہی ابن عمر اور جابر اور عایشہ رضی اللہ عنہم سے اور بھی روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی اور ابن ماجہ وغیرہم نے اور یہ بھی حدیث مشہور ہی اور بھی روایتین مؤید اسکی کوئین کے باب مین آوینگی اور امام شافعی کے مذہب کی دلیل یہ ہی کہ روایت ہی ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا اونھون نے پوچھے گئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوس پانی سے جو کہ ہوتا ہی جنگلون مین اور پیتے ہین اوس سے پانی چارپائے درندے فرمایا آپنے کہ جب ہو پانی قلتین نہ اوٹھائیگا ناپاکی اور روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود اور ترمذی اور نسائی اور دارمی اور ابن ماجہ اور ابن حبان اور حاکم اور ابن خزیمہ اور دارقطنی اور بیہقی وغیرہم نے ابن عمر رضی اللہ عنہ اور جابر اور ابی ہریرہ وغیرہم سے اور ایک روایت مین ابوداود کی ہی کہ وہ نجس نہوگا اور روایت کیا اس حدیث کو دارقطنی نے اول کتاب مین چون سندون سے نو مسندون مین اس لفظ سے لائے ہین اِذَا کَانَ الْمَآءُ اَرْبَعِیْنَ قُلَّۃً یعنی جب ہو پانی چالیس قلہ آول ان نو کا حدیث جابر رضی اللہ عنہ کی ہی اور اسکو ضعیف کیا اور باقی ابن عمر رضی اللہ عنہ سے بعض طریقون لَمْ یَنْجُسْ ہی اور بعضون مین لَمْ یُنَجِّسْہُ شَیْءٌ اور پینتالیس اور طریقے ہین ایک اونمین ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ساتھ اس لفظ کے اِذَا کَانَ الْمَآءُ قُلَّتَیْنِ فَمَا فَوْقَ ذٰلِکَ لَمْ یُنَجِّسْہُ شَیْءٌ اور باقی ایک دوسرا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ساتھ اس لفظ کے اِذَا کَانَ الْمَآءُ قُلَّتَیْنِ فَصَاعِدًا لَمْ یُنَجِّسْہُ شَیْءٌ اور باقی ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اور بعض روایتون مین تو ابن عمر رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور بعض مین عن ابن عمر عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور چالیس قلون کی روایت ابن منکدر نے بھی کی ہی اور ابن ماجہ کی روایت مین ہی قلتین اوثلاثا یعنی قلتین ہون یا تین

اور بھی روایت کیا ابن عدی نے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب پہونچ جاوے پانی چالیس قلے پر نہ احتمال رکھے گا نجاست کا اور کہا ابن عدی نے کہ یہ حدیث صحیح نہیں غلط کیا اسمیں قاسم بن عبداللہ عمری نے اور سیوطی نے اوسکا استدراک کیا اور کہا کہ روایت کیا اسکو دارقطنی نے جابر رضی اللہ عنہ سے اور روایت کیا اوسکو عقیلی نے اور روایت کیا اسکو دارقطنی نے ساتھ سند صحیح کے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے قَالَ اِذَا بَلَغَ الْمَآءُ اَرْبَعِیْنَ قُلَّۃً لَمْ یَنْجُسْ یعنی جب پہونچے پانی چالیس قلے نجس نہیں ہوگا اور بعض روایتوں میں ہی اَرْبَعِیْنَ غَرْبًا اور بعضوں میں اَرْبَعِیْنَ دَلْوًا سو اس حدیث کے لفظوں میں ضطراب ہوا اور بھی بعض حدیثوں میں آیا ہی لَا یُنَجِّسُہٗ شَیْءٌ اور بعضوں میں لَمْ یَحْمِلِ الْخَبَثَ اور بھی سند میں اسکی اختلاف سے اختلاف ہی ابی اُسامہ کبھی تو کہتے ہیں عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ کَثِیْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ اور کبھی کہتے ہیں عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَیْرِ اور جواب اسکا یہ ہی کہ جائز ہی کہ ابی اسامہ نے دونوں سے سنا ہو اور بھی اس حدیث میں ابی اُسامہ نے کہا عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ اور وہ ہی عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ اور اسکا یہ جواب ہی کہ وہ دونوں بیٹے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے ہیں اون دونوں نے روایت کیا ہوگا اور بھی ان حدیثوں میں ایک روایت میں ہی عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اور ایک میں ہی عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اور جواب اسکا یہ ہی کہ جائز ہی کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے بھی سنا ہو اور آپ بھی سنا ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لیکن ضطراب لفظی اس حدیث میں بیشک بہت ہی کسی میں ہی قُلَّتَیْنِ اَوْ ثَلٰثًا کسی میں ہی اَرْبَعِیْنَ قُلَّۃً کسی میں ہی اَرْبَعِیْنَ غَرْبًا کسی میں ہی اَرْبَعِیْنَ دَلْوًا کہا امام طحاوی نے وَلِاَنَّہٗ رُوِیَ قُلَّتَیْنِ اَوْ ثَلٰثًا عَلَی الشَّکِّ یعنی ترک کیا ہمنے حدیث قلتین کو اسواسطے کہ وہ روایت کی گئی ہی دو قلہ اور تین اگر کوئی کہے کہ چالیس قلوں کی روایت ضعیف ہی تو اعتبار اوسی دو قلتین کا ہی جو کثر روایات میں ہی جواب اوسکا یہ ہی کہ دارقطنی نے تو مسندوں میں اربعین قلہ ذکر کیا ہی اونمیں سے حدیث جابر رضی اللہ عنہ کی ضعیف ہی اور ابن عمر رضی اللہ عنہ کی صحیح جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا اور ضطراب لفظی تو اوسمیں پایا گیا اور ضطراب معنوی جو بعض لوگوں نے بیان کیا ہی اور کہا ہی کہ ایک روایت میں ہی لَمْ یُنَجِّسْہُ شَیْءٌ یعنی نجس نہ کریگا اوسکو کچھ اور ایک میں ہی لَمْ یَحْمِلِ الْخَبَثَ یعنی ناوٹھائیگا نجاست کو یعنی نجس نہوگا تو یہ کچھ نہیں کیونکہ اکثر روایات کے یہ معنی کہنا مخالف ہی اور بعید ہی کیونکہ نجاست کا موقوف کرنا قلتین ہونے پر اسکی کچھ وجہ نہیں واللہ اعلم تو ایک ضطراب سے یہ حدیث ضعیف ہوئی دوسرے ضعف سند بھی اسمیں بعض لوگوں نے بیان کیا ہی کما صاحب ہدایہ نے ضَعَّفَہٗ اَبُوْدَاوٗدَ اور بعض نسخ ہدایہ میں فی سُنَنِہٖ بھی ہی اور وہ غلط ہی کیونکہ سنن میں ابوداود کے کہیں اسکا ذکر نہیں کہا شیخ ابن الہمام نے وَقِیْلَ لَعَلَّہٗ فِیْ غَیْرِ سُنَنِہٖ یعنی کہا گیا کہ یہ غیر سنن میں ابوداود کے ہی واللہ اعلم اور کہا شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر میں وَمِمَّنْ ضَعَّفَہُ الْحَافِظُ بْنُ عَبْدِ الْبَرِّ وَالْقَاضِیْ اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِسْحٰقَ وَاَبُوْبَکْرِ بْنُ الْعَرَبِیِّ الْمَالِکِیُّوْنَ یعنی جنھوں نے ضعیف کیا اس حدیث کو اونمیں سے ہیں حافظ بن عبدالبر اور قاضی اسمٰعیل بن ابی اسحٰق اور ابوبکر بن العربی مالکی لوگوں نے یعنی ان لوگوں نے اس حدیث کو ضعیف کیا ہی اور بدائع میں ہی عَنِ ابْنِ الْمَدِیْنِیِّ لَا یَثْبُتُ حَدِیْثُ الْقُلَّتَیْنِ یعنی روایت ہی ابن المدینی سے کہا انھوں نے ثابت نہیں ہوتی حدیث قلتین کی اور کہا صاحب قاموس نے سفر السعادت میں بَابُ اِذَا بَلَغَ الْمَآءُ قُلَّتَیْنِ لَمْ یَحْمِلْ خَبَثًا قَالَ جَمَاعَۃٌ لَمْ یَصِحَّ فِیْہِ حَدِیْثٌ یعنی باب قلتین میں کہا جماعت نے

نہ صحیح نہیں ہوئی اور نہیں کوئی حدیث اور بعضوں نے کہا ہی کہ سفر السعادت میں ہی ضَعَّفَهُ بَعْضُ الْمُحَدِّثِيْنَ وَصَحَّحَهُ بَعْضُهُمْ اور غلط ہی کیونکہ سفر السعادت میں کہیں اسکا نشان نہیں پوری عبارت اوسکی یون ہی بَابُ اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلْ خَبَثًا قَالَ جَمَاعَةٌ يَصِحُّ فِيْهِ حَدِيْثُ وَجَمَاعَةٌ قَالُوْا لَا يَصِحُّ وَقَدْ اَوْرَدَهُ اَكَابِرُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ فِيْ مُصَنَّفَاتِهِمْ اِنْتَهٰى اور زیلعی نے کہا حَدِيْثُ قُلَّتَيْنِ ضَعِيْفٌ ضَعَّفَهُ جَمَاعَةُ الْمُحَدِّثِيْنَ حَتّٰى قَالَ الْبَيْهَقِيُّ مِنَ الشَّافِعِيَّةِ اِنَّهُ غَيْرُ قَوِيٍّ وَتَرَكَهُ الْغَزَالِيُّ وَالرُّوْيَانِيُّ مَعَ شِدَّةِ اتِّبَاعِهِمْ لِلشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ لِضُعْفِهٖ یعنی حدیث قلتین کی ضعیف ہی ضعیف کیا اوسکو ایک جماعت نے محدثین کی یہان تک کہ کہا بیہقی نے کہ وہ قوی نہیں اور ترک کیا اوسکو امام غزالی اور رویانی نے باوجود شدت اتباع اونکی کے واسطے امام شافعی رحمہ اللہ کے واسطے ضعف اوسکے کے اور تمہید میں ہی مَاذَهَبَ اِلَيْهِ الشَّافِعِيُّ مِنْ حَدِيْثِ قُلَّتَيْنِ مَذْهَبٌ ضَعِيْفٌ یعنی جس طرف شافعی گئے ہین حدیث قلتین سے مذہب ضعیف ہی اور اسرار میں دبوسی کے ہی وَهُوَ حَدِيْثٌ ضَعِيْفٌ اور وہ حدیث ضعیف ہی اور ان قولون میں ایک نظر ہی وہ یہ ہی کہ اس حدیث کا ضعف بسبب ضعف رجال کے ان لوگون نے مراد لیا ہی یا ضعف بسبب اضطراب کے اگر ضعف بسبب اضطراب کے ہی تو مسلم ہی اور ضعف بسبب رجال کے ہرگز مسلم نہین کہا طحاوی نے خَبَرُ الْقُلَّتَيْنِ صَحِيْحٌ وَاِسْنَادُهٗ ثَابِتٌ یعنی خبر قلتین کی صحیح ہی اور اسناد اوسکی ثابت ہی اور کہا حاکم نے مستدرک میں صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ یعنی یہ حدیث صحیح ہی اوپر شرط بخاری اور مسلم کے اور کہا بیہقی نے هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ مَوْصُوْلٌ یہ اسناد صحیح ہی موصول ہی اور صحیح کیا اوسکو دارقطنی وغیرہ نے اور کہا شیخ ابن القیم نے شرح ابی داود میں اَمَّا صِحَّةُ سَنَدِهٖ فَقَدْ وُجِدَتْ لِاَنَّ رُوَاتَهٗ ثِقَاتٌ لَيْسَ فِيْهِمْ مَجْرُوْحٌ وَلَا مُتَّهَمٌ وَقَدْ سَمِعَ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ وَلِهٰذَا صَحَّحَهُ ابْنُ خُزَيْمَةَ وَالْحَاكِمُ وَالطَّحَاوِيُّ وَغَيْرُهُمْ یعنی صحت سند اوسکی تو پائی گئی اسواسطے کہ روایت کرنے والے اوسکے سب ثقہ ہین نہین ہی اونمین کوئی مجروح اور متہم اور سنا بعض اونکے نے بعض سے اور اسی واسطے صحیح کیا ہی اوسکو ابن خزیمہ اور حاکم اور طحاوی وغیرہم نے انتہی البتہ اضطراب لفظی اسمین بہت واقع ہی اور وہ جو ہمنے چالیس قولون کی روایت جابر رضی اللہ عنہ سے محمد بن منکدر کی روایت سے نقل کی بعض لوگون نے کہا ہی کہ جابر کہنا غلط ہی بلکہ صحیح عبداللہ بن عمرو بن العاص ہی اور یہ غلطی قاسم عمری سے جو اوسکی اسناد میں ہی واقع ہوئی ہی کیونکہ وہ ضعیف ہی ضعیف کیا اوسکو احمد اور بخاری اور یحیی ابن معین وغیرہم نے کہا بیہقی نے اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَلِيٍّ الرَّفَّاقَ يَقُوْلُ حَدِيْثُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ اَرْبَعِيْنَ قُلَّةً خَطَاٌ وَالصَّحِيْحُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو یعنی خبر دی مجکو ابو عبداللہ حافظ نے اونھون نے کہا سنا مینے ابا علی رفاق سے وہ کہتے تھے کہ حدیث محمد بن منکدر کی جابر رضی اللہ عنہ سے خطا ہی اور صحیح محمد بن المنکدر سے انھون نے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے ہی انتہی اور عبدالرزاق نے مصنف میں روایت کیا اس حدیث کو محمد بن منکدر سے انھون نے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے کہا عبدالرزاق نے اَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ وَمَعْمَرٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اور بھی روایت کی یزید بن ہارون نے عاصم بن منذر سے کہا کہ داخل ہوا مین بہاتھ عبداللہ بن عبداللہ بن عمر کے ایک باغ کو کہ اوسمین پانی تھا اور اوسمین ایک کھال مردہ اونٹ کی پڑی تھی سو وضو کیا اوس سے پس کہا مینے

۵ مراد ان سے شیخ محمد طاہر پٹنی صاحب مجمع بحار ۱۲

قاسم عمری


کیا وضو کرتے ہو تم اوس سے اور اوسمین ایک کھال مردہ اونٹ کی ہی سو حدیث بیان کی ہمنے اپنے باپ سے اونھون نے حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جب پہونچ جاوے پانی برابر دو قلے کے پاتین کے نجس نہ کریگا اوسکو کچھ اور روایت کیا ابو بکر نیشاپوری نے
کہا حدثنی ابو حمید المصیصی حدثنا ابن جریج اخبرنی لوط عن ابی اسحٰق عن مجاہد ان ابن عباس
قال اذا کان الماء قلتین فصاعدا لم ینجسہ شیء یعنی فرمایا ابن عباس نے کہ جب ہو پانی قلتین یا زیادہ نہ نجس کریگا
اوسکو کچھ اور روایت کیا اوسکو ابو بکر بن عیاش نے ابان سے اونھون نے ابو یحیی سے اونھون نے ابن عباس سے ایسا ہی قول اونکا اور ایک
وجہ ترک کی اس حدیث کی یہ بھی ہی کہ قلے کے بہت سے لغت مین معنی ہین اور معلوم نہین کہ اس جگہہ پر کون سے معنی مراد ہین قلے کے
معنی لغت مین مشک کے ہین اور مٹکے کے اور چوٹی پہاڑ کے اور ہر چیز بلند کے اور معتبر اس مقام مین امام شافعی کے نزدیک دو قلے
یعنی مٹکے ہجر کے ہین کہ نام ایک شہر کا ہی کہ وہان کے مٹکے بڑے بڑے ہوتے ہین اور اسکی تصریح حدیث مین آئی ہی جیسا کہ کہا
شافعی نے اخبرنا مسلم بن خالد الزنجی عن ابن جریج باسناد لا یحضرنی ذکرہ انہ علیہ الصلوٰۃ
والسلام قال اذا کان الماء قلتین لم یحمل خبثا وقال فی الحدیث بقلال ہجر قال ابن جریج رایت
قلال ہجر فاقلہ تسع قربتین او قربتین وشیئا یعنی فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہو پانی دو قلے نہ اوٹھائیگا نجاست کو
اور کہا ہی حدیث کے کہ قلے ہجر کے کہا ابن جریج نے دیکھا مینے قلون ہجر کو پس قلہ سماتا تھا دو مشکون کو یا کچھ زیادہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ
نے فرمایا کہ ہمنے کچھ زیادہ کے کہنے کے موافق اڑھائی مشک کر لی واسطے احتیاط کے اور بعضون نے دو مشک اور تہائی رکھا ہی اور امام شافعی صاحب
کے مذہب مین موافق دو قلون کے پانچ مشکین ہوئین اور مشک بحساب شرع کے پچاس سیر پانی ہی تو قلتین دو سو پچاس سیر پانی ہوا اور بعضون نے
کہا ہی کہ مقدار ایک مشک کا سو رطل عراقی ہین اور رطل عراقی برابر ایک سو اٹھائیس درہم کے ہوتا ہی واللہ اعلم جانا چاہیے کہ اس روایت کو
اخراج کیا ابن عدی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ہو پانی قلتین قلون ہجر سے نہین نجس کریگا اوسکو
کچھ اور ضعیف کیا اسکو ابن عدی نے اور کہا کہ یہ قول من قلال ہجر محفوظ نہین نہین ذکر کیا جاتا مگر اسی حدیث مین اور مغیرہ بن سقلاب
کنیت اوسکی ابو بشر منکر الحدیث ہی علاوہ اسکے روایت کیا اسکو دارقطنی نے ایک سند سے کہ اوسمین ابن جریج ہین اور قلال ہجر کا کچھ
اوسمین ذکر نہین اور یہ جو امام شافعی نے فرمایا روایت کی ہی اول تو خالی اسناد سے ہی دوسرے یہ کہ مسلم بن خالد زنجی شیخ امام شافعی کا قال
ابو حاتم لیس بذاک القوی یعنی منکر الحدیث لا یکتب حدیثہ ولا یحتج بہ وقال البخاری یعنی منکر الحدیث
وقال علی بن المدینی لیس ہو بشیء وقال احمد بن محمد بن الولید کان فقیہا عابدا یصوم الدہر
توفی بمکۃ سنۃ ثمانین ومائۃ وکان کثیر الغلط فی حدیثہ الی آخر ما قال یعنی کہا ابو حاتم نے
کہ وہ قوی نہین حدیث اوسکی خلاف روایت ثقات کے ہی نہین لکھی جائیگی حدیث اوسکی نہین حجت پکڑی جائیگی اوس سے اور کہا بخاری نے
کہ حدیث اوسکی خلاف روایت ثقات کے ہی اور کہا علی ابن المدینی نے کہ وہ کچھ نہین اور کہا احمد بن محمد بن الولید نے کہ وہ فقیہ عابد تھا
روزہ رکھتا تھا ہمیشہ وفات کی مکے کے سن اسی اور سو مین اور بہت غلطی کرتا تھا حدیث مین اگر کوئی کہے کہ ثقہ کہا اوسکو یحیی بن معین
نے اور کہا ابن ابی حاتم نے مسلم الزنجی امام فی الفقہ یعنی مسلم زنجی امام ہی فقہ مین اور کہا ابن عدی نے کہ وہ حسن الحدیث ہی
وغیر ذلک تو جواب اوسکا یہ ہی کہ جب ضعیف کہا مین اوسکو لوگ مانند علی بن المدینی اور بخاری اور ابو حاتم اور امثال انکے کہ ضعیف اوسکا

فصل پانی کے بیان مین

اسکے بعد تمسک کرنا بعض لوگوں کے نہیں جاویگا اور اگر مانیے بھی تو بھی یہ حدیث بغیر اسناد کی ہو تو خصم تسلیم نہیں کریگا والله اعلم اور کہا
ابن سریج نے اخبرنا محمد عن یحیی بن عقیل اخبرہ ان یحیی بن یعمر اخبرہ ان رسول الله صلی الله
علیہ وسلم قال اذا کان الماء قلتین لم یحمل خبثا ولا نجسا قال فقلت لیحیی بن عقیل قلال هجر قال قلال هجر
قال فاطن کل قلة تاخذ قربتین یعنی فرمایا حضرت صلی الله علیہ وسلم نے کہ جب ہو پانی دو مٹکے نہ اوٹھاویگا خباثت اور
گندگی کو کہا محمد نے کہ پوچھا میں نے یحیی بن عقیل سے کہ مراد یہاں قلہ ہجر کے ہیں کہا کہ قلہ ہجر کے کہا کہ گمان کرتا ہوں میں کہ ہر قلہ کا
تو ہونگیں اور اس حدیث میں حضرت کا قول قلال ہجر نہیں ہوتو حجت نہ ہوگا تو اس حدیث میں اب قلے کے معنی معلوم ہوئے تو حدیث ضعیف
ہے کیونکہ امام احمد نے کہا ما ادری ما القلتان یعنی ہمنے ترک کردیا اس حدیث کو ہوا سے قلے کے ہم
نہیں جانتے کہ کیا ہیں قلے اور یہ اشارہ ہے طرف اسکے کہ جس صحابہ نے ہیں پانچ مٹکوں کی حدیث پر خلا کیا ہے گا تو امام ابو حنیفہ صاحب کا
بھی مذہب تحقیق ہو جائیگا کیونکہ جب یہ ٹھہرا کہ قلتین سے پانچ سو رطل پانی ہوا موافق قول تمہارے کہ تو پانچ مٹکوں کا پانی ہزار اسیر
پانی ہوا جیسا کہ تم کہتے ہو اور مٹکے پانی کے جس میں دو رطل اور پانی موافق ایک بالشت کے پورا ہو جاوے گا تو مٹکوں میں
تخمینا بیس آدمی نہیں گیا والله اعلم اور کہا شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر میں هذا التخصیص ما ذکرہ الشیخ تقی الدین فی
الامام وبه ترجح ضعف الحدیث عندہ الی آخر ما قال یعنی ملاحظہ ہو اوسکا جو ذکر کیا اوسکو شیخ تقی الدین نے یعنی امام
کے اور اسسے مرجح ہوا ضعف حدیث کا نزدیک اوسکے تو وجہ ضعف کی اس حدیث میں کل کو میں ایک قسم اضراب بعطف ہونے کے شترک کا اور پانی
اور جو ضعف لگوانے بیان کیے ہیں خالی ضعف سے نہیں جیسا کہ اوپر ہمنے بعض وجوہ کی طرف اشارہ بھی کیا ہے اور شیخ شمس الدین نے
شرح ابی داود میں اس بحث کی بہت تفصیل کی ہے جسکو دیکھنا ہو تو دیکھ لے یہ بیان تھا حسب امام شافعی رضی الله عنہ کے مذہب کا اصحاب دلیلیں
مذہب امام مالک کی بیان کرتے ہیں لیکن بطور اختصار تاکہ کتاب طول نہ ہو جاوے دلیلیں امام مالک کی یہ ہیں کہ روایت کی ابی داود اور
ترمذی نے ابی سعید خدری رضی الله عنہ سے کہ پوچھا لوگوں نے کہ یا رسول الله صلی الله علیہ وسلم ہم کنوئیں بضاعہ سے اور اوس میں
ڈالا جاتا ہے کپڑے حیض کے اور نجاستیں اور گوشت کتوں کے فرمایا آپ نے پانی پاک ہے نہیں کرتا اوسکو کچھ اور کہا ترمذی نے اس حدیث
کو کہا حدیث حسن اور امام احمد نے تصحیح اسکی کی ہے اور یہ حدیث اگرچہ مطلق ہے ظاہر میں تعلق ہے پانی اور بیت میں لیکن الاعلام حدیث میں
جو الماء میں اشارہ ہے اوس بیر کی طرف بیر بضاعہ کی خصوصیت کے علاوہ اسکے پانی ہر بیر خانہ کا جاری تھا جیسا کہ پہلے میں ہی والذی
رواہ مالک ورد بیر بضاعة وما ادراک ما کان جاریا فی البساتین اور جو کہ روایت کیا اوسکو مالک نے وارد ہے
بیر بضاعہ میں اور پانی اوسکا جاری تھا باغوں میں فتح القدیر میں ہی گیا رواہ الطحاوی وفی عن ابن عمر عن ابی عبد الله
محمد بن شجاع الثلجی بالمثلثة عن الواقدی قال کانت بین بضاعة طریق للماء الی البساتین وهذا
یفید به الحجة عندنا اذا وثقنا الواقدی اما عند المخالف فلا لتضعیفها ایاہ الی آخرہ یعنی جیسا کہ
روایت کیا طحاوی نے ابن عمر سے انھوں نے ابو عبد الله محمد بن شجاع ثلجی سے انھوں نے واقدی سے کہا انھوں نے کہ تھا کنوان بضاعہ کا رستہ
واسطے پانی کے طرف باغوں کے اور اسسے حجت قائم ہو گئی ہمارے نزدیک اگر ثقہ کہیں واقدی کو لیکن نزدیک مخالف کے تو نہیں واسطے ضعیف کرنے اوسکے
واقدی کو آخر تک اور روایت کیا ابن ماجہ نے ابی سعید خدری رضی الله عنہ سے کہ نبی صلی الله علیہ وسلم پوچھے گئے اون چشموں سے جو در میان

مکہ شریف اور مدینہ طیبہ کے ہیں وارد ہوتے ہیں اونپر درندے اور کتے اور گدھے اور پوچھے گئے وضو سے اون حوضوں میں سے
سو فرمایا آپنے کہ واسطے اونکے ہی جو اونھوں نے اپنے پیٹوں میں اور واسطے ہمارے ہی جو باقی رہگیا پانی اور روایت کیا ابن ماجہ نے
جابر سے بھی ایسا ہی اور ادسمیں بھی ہی اِنَّ الْمَاءَ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف میں باسنادیکے
کہا ابن ابی شیبہ نے حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ أَنَّهُ قَالَ مَرَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
بِغَدِيرٍ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ الْكِلَابَ تَلَغُ فِيهِ وَالسِّبَاعَ فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلسَّبُعِ مَا أَحْمَلَ
فِي بَطْنِهِ وَلِلْكَلْبِ مَا أَخَذَ فِي بَطْنِهِ فَاشْرَبُوا وَتَوَضَّئُوا قَالَ أَبُو حَنِيفَةَ لَا بَأْسَ بِهِ إِذَا كَانَ
عَشْرًا فِي عَشْرٍ مَا لَمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَرِيحُهُ وَلَوْنُهُ یعنی گذرے حضرت ایک گڑھے پر سو کہا صحابہ رضی اللہ عنہم نے
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تحقیق کہ کتے مونہہ ڈالتے ہیں اوسمیں اور درندے فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے درندوں کے
جو لیا انھوں نے اپنے پیٹوں میں اور واسطے کتوں کے ہی جو لیا انھوں نے اپنے پیٹوں میں سو پیو اور وضو کرو کہا ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے
نہیں حرج ہی ساتھ اوسکے جب کہ ہووے وہ دس جب تک کہ نہ بدلے مزہ اوسکا اور بو اور رنگ تو ان حدیثوں سے امام مالک بھی تمسک نہیں
کر سکتے ہیں کیونکہ احتمال ہی کہ یہ سب گڑھے دہ در دہ ہوں اور پانی کا جب ایک رنگ مزہ یا بو بدل جاوے تو پھر اوس سے کسیکے نزدیک
وضو جائز نہیں کیونکہ روایت کیا ابن ماجہ اور دار قطنی نے ابی امامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پانی
نجس نہیں کرتا ہی اوسکو کچھ مگر جب کہ غالب ہووے اوسکی بو پر اوسکے مزہ پر یا رنگ پر کوئی چیز اور دار قطنی کا لفظ یہ ہی اِلَّا مَا غَيَّرَ رِيحَهُ وَطَعْمَهُ
اور اسناد میں اس حدیث کی رشدین بیٹا سعد کا ضعیف ہی ضعیف کیا اوسکو ترمذی وغیرہ رحمہم اللہ علیہم نے اور کہا شیخ ابن الہمام نے
روایت کیا اوسکو بیہقی نے اور دو طریقوں سے کہ اونمیں رشدین بن سعد نہیں ایک طریقہ ابی امامہ سے انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّ الْمَاءَ طَاهِرٌ إِلَّا أَنْ يَتَغَيَّرَ رِيحُهُ أَوْ طَعْمُهُ أَوْ لَوْنُهُ بِنَجَاسَةٍ تَحْدُثُ فِيهِ
یعنی پانی پاک ہی مگر یہ کہ بدل جاوے مزہ اوسکا یا بو یا رنگ ساتھ نجاست کے کہ حادث ہووے اوس پانی میں اور دوسرے طریقے میں ہی اَلْمَاءُ
لَا يُنَجِّسُ إِلَّا مَا غَيَّرَ طَعْمَهُ أَوْ رِيحَهُ یعنی پانی نہیں نجس ہوتا ہی مگر یہ کہ بدل جاوے مزہ یا بو اوسکی کہا بیہقی نے وَالْحَدِيثُ
غَيْرُ قَوِيٍّ یہ حدیث قوی نہیں حاصل کلام یہ ہی کہ اس استثنا کی حدیث قوی نہیں آئی ہی واللہ اعلم اور حدیث اَلْمَاءُ طَهُورٌ
کو روایت کیا بغوی نے اَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْحَنَفِيُّ أَنَا أَبُو الْحَارِثِ طَاهِرُ
بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاهِرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَلِيمٍ نَا أَبُو الْمُوَجِّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْمُوَجِّهِ
ثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ أَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ عَنْ
عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ قَالَ قِيلَ يَا
رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُتَوَضَّأُ مِنْ بِئْرِ بُضَاعَةَ وَهِيَ بِئْرٌ يُلْقَى فِيهِ الْحِيَضُ وَلُحُومُ
الْكِلَابِ وَالنَّتْنُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَاءَ طَهُورٌ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ
او یعنی اس حدیث کے اوپر گذرے اور ایک جواب بعض لوگوں نے یہ دیا ہی کہ یہ حدیث ضعیف ہی کیونکہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ اسکو
لائے نہیں اور لاجواب ذکر کیا قول زہری کا قَالَ الزُّهْرِيُّ لَا بَأْسَ بِهِ مَا لَمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمٌ أَوْ رِيحٌ أَوْ لَوْنٌ یعنی کہا زہری نے

کہنے مین حرج ہی ساتھ اوسکے جب تک کہ نہ بدلے اوسکا مزہ یا بو یا رنگ اور یہ جواب ضعیف ہی کیونکہ جائز ہی کہ یہ حدیث صحیح ہو جب سند سے
جانب بخاری رحمۃ اللہ علیہ لائین یا نہ لائین علاوہ اسکے احتمال ہی کہ مقصود بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا ذکر کرنا حدیث کا مع الاستثناء ہو
اور حدیث مع الاستثنا ضعیف ہی اور یہ کیا ضرور ہی کہ جو حدیث بخاری رحمۃ اللہ علیہ نہ لائے ہون تو وہ ضعیف ہو واللہ اعلم اور
حاصل ان سب تحقیقات کا یہ ہی کہ مذہب حنفیون کا اس باب مین بہت احوط ہی اور اسی پر عمل حتی المقدور کرنا چاہیے تو اس مقام کو
تامل سے دیکھ اور جلدی نکر تا کہ ظاہر ہو حقیقت حال کی واللہ اعلم ص مگر یہ کہ دہ در دہ ہو اور نہ کھل جاتی ہو زمین جلو
لینے سے تو حکم اوسکا حکم پانی جاری کا ہی تو اگر اتنا پانی ہی کہ جلو لینے مین زمین کھل جاتی ہی اوسمین بھی اگر نجاست پڑیگی تو وضو
جائز نہوگا مگر اوس جگہ پر جہان نجاست ظاہر نہو وے تو اگر نجاست دہ در دہ پانی مین دکھلائی دیتی ہی نہ وضو کرے مقام نجاست
مین بلکہ دوسری جانب سے اور اگر دکھلائی نہین دیتی وضو کرے سب جانبون سے اور جہان پانی مستعمل گرتا ہو وہان بھی وضو جائز ہی
مگر اگر حوض دہ در دہ ہو ف اس جگہ پر محی السنۃ رحمۃ اللہ علیہ نے اعتراض کیا ہی اور جواب اوسکا شرح وقایہ عربی مین
مذکور ہی لیکن صحیح یہ بات ہی کہ دہ در دہ کی تقدیر متاخرین نے واسطے عوام کے کر دی ہی اور معتبر یہ ہی کہ وضو کرنے والے کی رائے جو ہو
اوسپر عمل کرے تو اگر اوسکا گمان یہ ہی کہ نجاست دوسری طرف نہین پہنچی ہی تو اوس سے وضو جائز ہی ورنہ نہین اور یہی صحیح ہی
جیسا کہ بیچ عنایہ وغیرہ کے ہی اور یہی ظاہر روایت ہی امام رحمۃ اللہ علیہ سے اور اسی کی طرف رجوع کیا امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے
اور تحقیق کیا بیچ بحر کے کہ یہی مذہب ہی اور اسی پر عمل کیا جاویگا اور دہ در دہ کا اندازہ کرنا کچھ اصل شرعی کی طرف رجوع نہین کرتا
اور جو جواب صدر الشریعت نے دیا ہی رد کیا گیا ہی یہ مضمون در مختار کا ہی اور دہ در دہ اوسکو کہتے ہین کہ ہر جانب سے دس گز
اور سب ملا کر سو گز ہو جاتا ہی جیسا کہ اس نقشے مین ہی اور گز معتبر گز کریاس کا ہی اور وہ آٹھ مٹھی کا ہوتا ہی اور بعض



لوگون نے ہشت در ہشت کا اعتبار کیا ہی اور بعضون
نے پانزدہ در پانزدہ کا لیکن صحیح اول ہی ص

فصل پانی مستعمل کے بیان مین

اور اسمین علما کے اختلافات ہین پہلا اختلاف اسمین
یہ ہی کہ پانی کو مستعمل کون چیز کر دیتی ہی شیخین کے
نزدیک پانی مستعمل ہو جاتا ہی حدث کے دفع کرنے
اور بانیت عبادت سے تو اگر وضو کیا بے وضو نے بغیر نیت کے پانی مستعمل ہو جائیگا اور اگر پھر وضو کیا یا وضو نے تو بھی پانی مستعمل
ہو جاویگا اور امام محمد صاحب کے نزدیک فقط نیت عبادت سے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک فقط دفع حدث سے مگر دفع
حدث تو ہوتا ہی وضو سے اور وضو مین اونکے نزدیک نیت فرض ہی تو ادنی دفع حدث بھی بغیر نیت کے نہوگا دوسرا اختلاف یہ ہی کہ
کس وقت مین مستعمل ہو جاتا ہی تو ہدایہ مین ہی کہ صحیح یہ ہی کہ جب گرا عضو سے مستعمل ہو گیا اور جامع صغیر مین ہی کہ جب گرا اور ایک
مقام پر جم گیا جب مستعمل ہوا تیسرا اختلاف اسمین یہ ہی کہ اوسکا حکم کیا ہی امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نجس غلیظ ہی یعنی اگر برابر ایک
درم کے کپڑے یا بدن مین بھر جائیگا نماز نہو ویگی اور امام ابو یوسف کے نزدیک نجس خفیف ہی اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک پاک ہی

ہمارے اور بعض اوقات ہی جو بلک کتاب سہم فقہ مین ہی ۱۲ منہ مظہ

مگر پاک نہین کرتا نجس کو ف اسی کو مختار مین اختیار کیا ہی اور اسی کو اختیار کیا ہی مشائخ عراق نے اور محیط مین ہی کہ یہی صحیح ہی
امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے بھی تو اب وضو اس سے جائز نہوگا کیونکہ یہ پاک نہین کرتا اگرچہ خود پاک ہی اور صاحب ہدایہ اسکے نجس
ہونے پر دلیل لائے ہین اس حدیث سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ پیشاب کرے ایک قسم مین کا اوس پانی مین جو جاری نہو
اور غسل کرے اسمین جنابت سے اور اس حدیث کا بیان گذرا اور اس سے حجت پکڑنا ضعیف ہی کیونکہ اسمین یہ بات نکلتی ہی کہ غسل جنابت سے
تھے پانی مین جائز نہین کراہت تحریمی کراور پانی مستعمل کے نجس ہوجانے پر کچھ دلالت نہین ص اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک قول
قدیم مین وہ پاک ہی اور پاک کرتا بھی ہی اور ہم کہتے ہین کہ اگر پاک ہوا اور پاک کرے بھی تو قسم جائز نہوگا مغفرت وضو اوس سے پھر پیا اوس سے اور اسکا کوئی قائل نہین ہوا

فصل دباغت کے بیان مین

ہر جانور کی کھال دباغت سے پاک ہوجاتی ہی مگر سور اور آدمی کی ف دباغت کے معنی آگے بیان ہونگے تو کتے کی بھی کھال
پاک ہوجاویگی کیونکہ وہ بھی سوا ان دونون مین داخل ہی اور صاحب ہدایہ نے اسکی دلیل یہ بیان کی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
جو کھال کہ دباعت کی جاوے سو پاک ہوجاویگی اور اسمین کتا داخل ہی اور سور اس واسطے پاک نہین ہوتا کہ وہ نجس عین ہی بخلاف کتے کے
کیونکہ اوس سے شکار کیا جاتا ہی اور نگہبانی کرائی جاتی ہی اور اس حدیث کو روایت کیا ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اور صحیح کیا اسکو عبداللہ بن عباس
رضی اللہ عنہ سے اور روایت کیا مسلم وغیرہ نے اس حدیث کو اس لفظ سے اِذَا دُبِغَ الْاِهَابُ فَقَدْ طَهُرَ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے
نزدیک کتے کی کھال دباعت سے پاک نہین ہوتی اور اس جگہ پر شیعہ اعتراض کرتے ہین حنفیون پر کہ وہ کتے کی کھال کو کہتے ہین کہ دباعت سے پاک ہوجاتی ہی اور
جواب اوسکا تھا اثنا عشریہ کید سوم مین مذکور ہی علاوہ اسکے مَنْ لَا يَحْضُرُهُ الْفَقِيْهُ مین جو اونکے مذہب کی کتاب ہی
ایک روایت لایا ہی کہ اگر کھال سور سے ایک ڈول بناوین اور اوس ڈول سے پانی کھینچین وضو اوس پانی سے جائز ہی تو اب دیکھنا چاہیے کہ سور
کی کھال زیادہ نجس ہی یا کتے کی اور آدمی کی کھال پاک نہین ہوتی بسبب حرمت اوسکی کے ایسا ہی ہدایہ مین کہا شیخ ابن الہمام رحمۃ اللہ علیہ
کفایہ مین ہی کہ جب دباغت کیجاوے کھال آدمی کی پاک ہوجاویگی لیکن نفع لینا اوس سے جائز نہین اور حق میرے نزدیک یہی ہی کیونکہ کرامت
اور حرمت کو نہ پاک ہونے مین کیا دخل ہی البتہ انتفاع مین ہی تو انتفاع اوس سے جائز نہوگا اور مردہ جانور کی کھال بھی ہمارے نزدیک پاک ہوجاویگی
کیونکہ روایت کیا ابوداود نے ساتھ سند صحیح کے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اونھون نے میمونہ رضی اللہ عنہا سے کہا میمونہ رضی اللہ عنہا نے ہدیہ کیا گیا
واسطے ایک لونڈی آزاد بھار کی کے ایک بکری صدقے سے سو وہ مرگئی تو گذرے اوسپر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سو فرمایا کیون نہ دباغت کرلیا
تمنے کھال اوسکی کو سو کہا اونھون نے کہ ای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ مردہ ہی فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین حرام کیا گیا
مگر کھانا اوسکا یعنی مردے کا کھانا حرام ہی نہ دباغت کرنا اور بھی روایت کیا ابوداود نے ساتھ سند صحیح کے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا یہ کہ فائدہ لیا جاوے ساتھ کھالون مردے کے جب دباغت کیجاوین اور روایت کیا اسمین ابوداود نے
سلمہ بن المحبق سے بھی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دباغت کرنا مردے کا پاک کرنا ہی اوسکو اور بھی روایت کیا حالیہ بنت سبیع رضی
اللہ عنہا سے اسی باب مین اور روایت کیا دارقطنی نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اونھون نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فائدہ لو
ساتھ کھالون مردے کے جب دباغت کیجاوین مٹی ہو یا ریت یا نمک یا پانی اور اسناد مین اس حدیث کی معروف بیٹے حسان کے مجہول ہین
اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک کھال مردے کی دباغت مین پاک نہوویگی کیونکہ روایت کیا ابوداود اور ترمذی رحمہما اللہ نے

ف معروف بن حسان

اور کہا کہ حسن ہی اور ابن ماجہ اور نسائی نے عبداللہ بن عکیم سے کہ پڑھی گئی ہمپر کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیچ
زمین جہینہ کے اور مین اوسکا جوان تھا یہ کہ نہ فائدہ اوٹھاؤ مردے سے ساتھ کھال اور پٹھے کے اور اس حدیث کی اسناد مین اضطراب ہی
اور اسیواسطے امام احمد رحمۃ اللہ علیہ قائل تھے پہلے ساتھ اس حدیث کے پھر ترک کیا اوسکو بسبب اضطراب اسناد اوسکی کے اور دوسرے
یہ کہ بعضون نے کہا ہی اوسکو بیہقی ہین کہ صحبت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نہین ہی واسطے عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ کے اور یہ حدیث
مرسل ہی اگر کوئی کہے کہ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے خالد رضی اللہ عنہ سے انھون نے حکم بن عتبہ رضی اللہ عنہ سے کہ وہ آئے اور لوگ ساتھ اونکے
طرف عبداللہ بن عکیم کے کہا حکم نے کہ وہ داخل ہوئے اور بیٹھا مین اوپر دروازے کے سو نکلے میری طرف اور خبر کیا مجھکو کہ
عبداللہ بن عکیم نے خبر دی اونکو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھا طرف جہینہ کے قبل موت اپنی کے ایک مہینے یہ کہ نہ نفع لو
مردے سے ساتھ کھال اور پٹھے کے تو جواب اوسکا یہ ہی کہ جسنے حکم بن عتبہ سے سنا وہ لوگ مجہول ہین علاوہ اسکے عبداللہ بن عکیم
رضی اللہ عنہ کو بعض لوگون نے تابعی کہا ہی جیسا کہ اوپر گذرا اور دوسرا جواب یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا
اَنْ لَّا تَنْتَفِعُوْا مِنَ الْمَیْتَۃِ بِاِھَابٍ وَّلَا عَصَبٍ اور اہاب کھال کو قبل دباغت کے کہتے ہین اور بعد دباغت کے
عربی مین اوسکو شن یا قربہ بولتے ہین جیسا کہ سنن ابوداود مین ہی قَالَ النَّضْرُ بْنُ شُمَیْلٍ یُسَمَّی اِھَابًا مَا لَمْ یُدْبَغْ فَاِذَا
دُبِغَ لَا یُقَالُ لَہٗ اِھَابٌ اِنَّمَا یُسَمّٰی شَنًّا وَّقِرْبَۃً یعنی کہا نضر بن شمیل نے کہ اہاب جبتک کھال کی دباغت نہین ہوتی
کہتے ہین اور بعد دباغت کے اوسکو شن اور قربہ کہتے ہین انتہی اگر کوئی کہے کہ روایت کیا طبرانی نے اوسط مین اس حدیث کو اس لفظ سے
کُنْتُ رَخَّصْتُ لَکُمْ فِیْ جُلُوْدِ الْمَیْتَۃِ فَلَا تَنْتَفِعُوْا مِنَ الْمَیْتَۃِ بِاِھَابٍ وَّلَا عَصَبٍ یعنی مینے رخصت دی تھی
تمکو بیچ کھالون مردے کے سو نہ نفع اوٹھاؤ ساتھ کھال اور پٹھے کے اور اوسمین تو لفظ اہاب کا نہین تو جواب اوسکا یہ ہی کہ سند مین اس
حدیث کی فضالہ بن مفضل ضعیف ہی اور رہی کا مذہب یہ ہی کہ دباغت کی بھی کچھ حاجت نہین بلکہ قبل دباغت کے بھی فائدہ اوٹھانا اوس سے
درست ہی اور یہ مذہب مخالف احادیث صحیح کے ہی کیونکہ حدیثون مین دباغت کی قید واسطے طہارت کے لگی ہی واللہ اعلم بالصواب
والیہ المرجع والمآب **ص** اور دباغت کہتے ہین نجاست دور کرنے کو کھال سے تو اگر دوائیون سے ہو مانند قرظ اور شل اوسکی کے
تو ایسی دباغت مین کھال پاک ہوجاویگی اور پھر کبھی اوسمین نجاست نہین آئی اور اگر خاک یا آفتاب سے ہو تو اوس صورت مین جبتک
کھال سوکھی ہی پاک رہتی ہی اور پھر اگر اوسکو پانی پونہچے تو اسمین امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے دو روایتین ہین ایک روایت مین نجس
ہوجاتی ہی اور دوسری روایت مین نہین نجس ہوتی اور امام ابی یوسف کے نزدیک اگر ایسی آفتاب سے سوکھی ہی کہ اوسکے چھوڑدینے سے
سڑنجاویگی تو پھر نجاست اوسکی نہ لوٹے گی اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہی کہ کھال مردے کی اگر سوکھ جاوے اور پھر پڑے پانی مین
نجس نہوگی اور نافہ مشک کا اگر کوئی اوسکو لیے نماز پڑھتا ہو تو صحیح یہ ہی کہ جائز ہی اور وہ پاک ہی تر ہو یا خشک وہ جانور ذبح کیا ہوا ہو
یا نہو **ف** درمختار مین اسی کو اختیار کیا ہی اور یہی صحیح ہی **ص** جسکی کھال دباغت سے پاک ہوتی ہی تو اوسکی کھال بھی
اور گوشت ذبح سے پاک ہوتا ہی خواہ مسلمان ذبح کرے یا اہل کتاب **ف** جیسے یہود اور نصاریٰ تو مشرک کا ذبح کیا ہوا
پاک نہوگا **ص** مگر قصداً اللہ کے نام کو چھوڑے **ف** اور اگر بھولے سے چھوڑدیویگا تو پاک ہوجاویگا **ص**
اگرچہ گوشت اوسکا کھایا نہ جاتا ہو یعنی حرام ہو اور جسکی کھال دباغت سے پاک نہین ہوتی ذبح سے بھی پاک نہین ہوتی **ف**

فضالہ بن مفضل

یہ جو کہا ہی کہ گوشت اوس جانور کا جو کھایا نہین جاتا ذبح کرنے سے پاک ہوجاویگا اسپر فتوی نہین بلکہ فتوی اسپر ہی کہ کھال اوسکی پاک ہوجاتی ہی اور گوشت نہین پاک ہوتا جیساکہ درمختار مین ہی هٰذَا اَصَحُّ مَا یُفْتٰی بِهٖ وَقَدْ قَالَ فِی الْفَیْضِ فَتْوٰی عَلٰی طَهَارَتِهٖ یعنی صحیح یہ ہی جو فتوی دیا جاتا ہی ساتھہ اوسکے اور اگرچہ کہا فیض مین کہ فتوی اوپر پاکی اوسکی کے ہی اور فتح القدیر مین ہی کہ یہی صحیح ہی اور اسی کو اختیار کیا ہی شارحین نے مانند صاحب عنایہ اور صاحب نہایہ کے

ص پانچ چیزین مردے کی پاک ہین بال اور ہڈی اور کھر اور سینگ اور دانت اور آدمی کے بال اور ہڈی بھی پاک ہی

ف کیونکہ روایت کیا دارقطنی نے عبیداللہ بن عبداللہ بن عباس رحمۃ اللہ علیہم سے کہ حرام کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مردے سے گوشت اوسکا لیکن کھال اور صوف سو نہین ہی حرج ساتھہ اوسکے اور ضعیف کیا اوسکو ساتھہ ضعف عبدالجبار بن سلم کے اور یہ منقوع ہی کیونکہ ذکر کیا انکو ابن حبان نے ثقات مین سو حدیث درجہ حسن سے نہین اوتر گی پھر نکالا اوسکو دارقطنی نے ابی بکر ہذل سے انھون نے عبیداللہ بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے کہا اونھون نے سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے قُلْ لَّا اَجِدُ فِیْمَا اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗ اِلَّا اَکْلَ شَیْءٍ مِّنَ الْمَیْتَةِ حَلَالٌ اِلَّا مَا اُکِلَ مِنْهَا فَاَمَّا الْجِلْدُ وَالْقَرْنُ وَالشَّعْرُ وَالصُّوْفُ وَالسِّنُّ وَالْعَظْمُ فَکُلُّهٗ حَلَالٌ لِاَنَّهٗ لَا یُذَکّٰی یعنی لیکن کھال اور سینگ اور بال اور صوف اور دانت اور ہڈی سو کل اوسکا حلال ہی اسواسطے کہ وہ تزکیہ نہین کیے جاتے اور کہا دارقطنی نے کہ ابوبکر یہ متروک ہی اور بھی روایت کی دارقطنی نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نہین حرج ہی ساتھہ مسک مردہ کے اور نہین حرج ہی ساتھہ صوف کے اور بال اور سینگ اوسکے کے جب دھولیا جاوے ساتھہ پانی کے اور ضعیف کیا اسکو ساتھہ ابی یوسف بن ابی السفر کے اور روایت کیا بقیہ نے عمر بن خالد سے انھون نے قتادہ سے انھون نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کنگھی کرتے تھے ساتھہ عاج کے روایت کیا اسکو بیہقی نے اور حق یہ ہی کہ عاج سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کنگھی کرتے تھے اور روایت ہی ثوبان رضی اللہ عنہ سے کہ خرید ارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ایک مارعصب سے اور دو کنگن عاج کے اور اسکی اسناد مین حمید اور سلیمان دونون راوی مجہول ہین اور ذکر کیا بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تعلیقا کہا زہری نے بیچ ہڈی مردے کے مانند ہاتھی وغیرہ کے کہ پایا مینے بہت لوگون کو علماے سلف سے کہ کنگھی کرتے تھے اوس سے اور تیل ڈالتے تھے اوسمین اور کچھہ حرج نہین دیکھتے تھے اوسمین اور سلف زہری کی وہ صحابہ ہین یا بڑے بڑے تابعین اور کہا حماد نے کہ نہین حرج ہی ساتھہ ریشون مردے کے اور کہا ابن سیرین اور ابراہیم نے نہین حرج ہی ساتھہ تجارت عاج کے اور روایت بقیہ کی اپنے شیوخ مجہولین سے ضعیف ہی اور امام شافعی صاحب کے نزدیک یہ چیزین نجس ہین اور دلیل لاتے ہین ساتھہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ کے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دفن کردو ناخون اور خون اور بالون کو اسواسطے کہ وہ مردہ ہین اور جواب اسکا یہ ہی کہ اسناد مین اسکی عبداللہ بن عزیز ہی کہا ابوحاتم نے کہ حدیث مین اوسکی منکر کذب ہین اور نہین معمل اوسکا صدق نزدیک ہمارے اور کہا ایسا ہی علی بن الحسین نے اور ایک حدیث یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین نفع لیا جائیگا مردے سے ساتھہ کسی چیز کے اور یہ بھی حدیث ضعیف ہی واللہ اعلم

ص اور جس شخص نے اپنے ٹوٹے دانت کو پھر مونہہ مین رکھ لیا اور نماز پڑھی نماز اوسکی جائز ہی اگرچہ درم سے بڑھ جاوے اور امام محمد کے نزدیک اگر درم سے زیادہ ہوگا نماز نہین درست ہوگی

ف ہمارے نزدیک اسواسطے نماز جائز ہوگی کہ دانت ہڈی ہی اور ہڈی انسان کی پاک ہی

فصل کنوئین کے بیان مین

ف جانا چاہیے کہ مسائل کنوئین کے مبنی ہین اتباع آثار تابعین اور صحابہ پر اور حدیثین صریح ہر مسئلے مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہین آئین اور قیاس کو بھی اسمین کچھ دخل نہین تو اب جو بعض جہلا اعتراض کرتے ہین حنفیون پر کہ صاحب بتیس ڈول چوہا گرنے سے نکلے تو کیا ہوا کیونکہ پانی تو اوسکا اب بھی اوسمین باقی ہی دفع ہوگیا اسواسطے کہ اس امر مین تابعداری اقوال صحابہ اور تابعین کی ہی اور وہ جو کہتے ہین کہ کیا کوئین کے پانی سے ملائی اوتار لاتے ہین بے ادبی ہی صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ اور تابعین رضی اللہ عنہم سے کیونکہ ہر مسئلہ ایسا نہین کہ اوسمین قیاس کو دخل ہووے مثلاً قہقہہ کرنے سے وضو ٹوٹ جانا اسمین قیاس کو دخل نہین بلکہ جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ماثور ہی اوسی طرح رکھا گیا اور امام شافعی صاحب کے نزدیک تو کوئین مین کیسی ہی نجاست پڑے پانی پاک رہیگا کیونکہ جب پانی دو قلے برابر ہو نہین نجس کرتا اوسکو کچھ یا اوسکا مذہب ہی جیسا کہ اوپر بیان اوسکا تفصیل سے گذرا **ص** اگر کوئین مین نجاست پڑے یا کوئی حیوان مرجاوے اور پھول یا پھٹ جاوے یا آدمی یا بکری اور کتا مرجاوے سب پانی اوسکا کھینچ ڈالا جاویگا اگر ممکن ہو

ف مطلب اسکا یہ ہی کہ کوئی حیوان اگر پھول یا پھٹ جاوے تو سب پانی کھینچنا واجب ہوگا اور اگر فقط مرجاوے تو اگر آدمی ہی یا بلی یا بکری یا جو چیزین جثے مین انکے برابر ہین تو بھی سب پانی کھینچا جاویگا دلیل اس بات کی کہ نجاست گرنے سے سارا پانی کھینچا جاویگا یہ ہی کہ روایت کیا ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے مصنف مین خالد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہ پوچھے گئے حضرت علی رضی اللہ عنہ اوس سے جو پیشاب کرے کوئین مین کہا کہ پانی اوسکا کھینچا جاویگا اور دلیل اسکی کہ اگر حیوان پھول یا پھٹ جاوے یہ ہی کہ اوس صورت مین نجاست جو اوسکے پیٹ مین ہی سب کوئین مین پھیل جاویگی اور اسمین چھوٹا اور بڑا جانور سب برابر ہی اور دلیل اسکی کہ اگر آدمی مرجاوے تو سارا پانی نکالا جاوے یہ ہی کہ روایت کیا دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے تحقیق کہ ایک حبشی گر اکوئین مین زمزم کے پس مرگیا سو حکم کیا ساتھ اوسکے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے تو وہ نکالا گیا اور حکم کیا یہ کہ کھینچا جاوے پانی اوسکا کہا کہ پس مغلوب کیا اونکو ایک چشمے نے کہ آیا کن کیطرف سے تو بند کیا گیا لوہے کے گرزون وغیرہ سے یہان تک کہ کھینچ ڈالا اوسکا پانی سو جب کھینچ چکے اوسکو جاری ہوگیا وہ چشمہ اونکے اوپر اور یہ حدیث منقطع ہی محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نہین سنا اور نہ دیکھا اونکو اور روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے ہیثم سے اونہون نے منصور سے اونہون نے عطا سے اور یہ سند صحیح ہی اور روایت کیا اسکو طحاوی نے صالح بن عبدالرحمن سے

نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ ثنا هُشَيْمٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ عَطَاءٍ أَنَّ حَبَشِيًّا وَقَعَ فِي زَمْزَمَ فَمَاتَ فَأَمَرَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ فَنُزِحَ مَاؤُهَا فَجَعَلَ الْمَاءُ لَا يَنْقَطِعُ فَنَظَرَ فَإِذَا هِيَ عَيْنٌ فَجَّرَهَا مِنْ قِبَلِ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ فَقَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ حَسْبُكُمْ فَهَذَا أَيْضًا صَحِيحٌ بِاعْتِرَافِ الشَّيْخَيْنِ فِي الْإِمَامِ يعنی کہا عطا نے کہ ایک حبشی گر پڑا بیچ زمزم کے سو مرگیا تو حکم کیا عبداللہ بن زبیر نے سو کھینچا گیا پانی اوسکا تو پانی ایسا ہوگیا کہ ٹوٹتا ہی نہ تھا سو نظر کیا گیا تو یکایک ایک چشمہ ہی کہ جاری ہی حجر اسود کی طرف سے تو کہا ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہ بس کافی ہی تمکو اور یہ بھی صحیح ہی ساتھ اقرار شیخ تقی الدین بن دقیق العید کے امام مین ایسا ہی ہی فتح القدیر مین اور وہ جو سفیان بن عیینہ نے کہا ہی کہ مین نے مین کے سر برس سے ہون نہ دیکھا مینے کسی بڑے چھوٹے کو کہ بیچا نتا ہو حدیث نہ بجی کی کہ وہ گرا تھا زمزم مین تو اوسکا جواب ہی کہ سفیان بن عیینہ کا نہ دیکھنا کچھ دلیل دین خدا مین نہین ہو سکتی ہی باوجود اسکے کہ جب سند صحیح ہو اور دلیل اس بات کی کہ جب بکری مرجاوے تو سارا

پانی نکالا جائیگا وہ ہی ہی جو اوپر گذری اور بکری کا پیشاب نجس ہی امام ابی یوسف اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک کیونکہ حضرت نے فرمایا کہ بچو تم پیشاب سے اور یہ مطلق ہی شامل ہر جانور کے پیشاب کو اور اس حدیث کو روایت کیا حاکم نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور کہا کہ اوپر شرط بخاری اور مسلم کے ہی اور روایت کیا اسکو دار قطنی نے انس رضی اللہ عنہ سے اور بھی روایت کیا اسکو بزار نے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک پیشاب اون جانورون کا جنکا گوشت کھایا جاتا ہی پاک ہی اور دلیل اونکی یہ ہی جو روایت کیا بخاری اور مسلم نے کہ آئی ایک قوم عرنیین سے مدینے مین حضرت کے پاس تو اونکے جلندھر ہوگیا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا کہ باہر نکلین اور صدقے کے اونٹون کا دودھ اور موت پیوین آخر حدیث تک اور جواب اسکا یہ ہی کہ یہ حکم اول اسلام مین تھا اور یہ حدیث منسوخ ہی ساتھ اوس حدیث کے کہ جسکو حاکم نے روایت کیا ہی واللہ اعلم بالصواب اور دوا مین موت اون جانورون کا جو حلال ہین امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بیماری مین جائز نہین اور دلیل اونکی یہی حدیث ہی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہین رکھی گئی شفا تمھاری اوس چیز مین جو حرام کی گئی تمھارے اوپر اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک درست ہی پینا اوسکا بے عذر کے بھی کیونکہ وہ اونکے نزدیک پاک ہی اور احتیاط اسمین ہی کہ اوسکو حتی الامکان نہ پیے اور امام ابی یوسف کے نزدیک حلال ہی واسطے دوا کے اگر اور دوا پاک موجود نہو اور یہی قول صواب ہی اور تاویل اوس حدیث کی جس سے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ دلیل لاتے ہین یہ ہی کہ حضرت نے شفا اونکی پیشاب سے اونٹون کے وحی سے پہچانی ہوگی واللہ اعلم بالصواب

ص اور اگر ممکن نہووے تو دو آدمی جنکو پانی مین پہچان ہو معین کر دین اور جتنا پانی بتاوین کھینچ ڈالا جاوے اور امام محمد کے نزدیک دو سو ڈول یا تین سو کھینچین **ف** اور زاد مین ہی کہ اگر ایک آدمی صاحب بصارت ہو تو بھی کافی ہو جاویگا اور روایت سے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہ سونپا جائیگا رائے متوضی پر اور ایک روایت مین اونسے سو ڈول کھینچنا چاہیے اور روایت سے امام ابی یوسف سے کہ ایک گڑھا بقدر کوئین کے کھودین سو اوسمین پانی بھرین جب وہ بھر جاوے تو پھر نہ کھینچین ایسا ہی ہی زاہدی مین اور امام محمد کے نزدیک تین سو ڈول نکالے جاوین اور اسی پر فتوی ہی جیسا کہ بیچ نصاب کے ہی **ص** اور اگر کبوتر کے مثل یا مرغی کے مر جاوے چالیس ڈول سے ساٹھ تک کھینچین **ف** کیونکہ روایت ہی ابی سعید رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انھون نے بیچ مرغی کے کہ جب مر جاوے کوئین مین کھینچے جاوین اوس سے چالیس ڈول ایسا ہی ہی ہدایہ مین اور یہ حدیث مجکو نہین ملی کہ کسنے اسکو روایت کیا ہی لیکن روایت کیا طحاوی نے شرح آثار مین حماد بن سلیمان سے کہ کہا انھون نے بیچ مرغی کے کہ پڑے کوئین مین اور مر جاوے نکالے جاوین اوس سے چالیس ڈول یا پچاس پھر وضو کیا جاوے اوس سے اور بلی بھی مانند مرغی کے ہی اور فخر ائمہ الفقہ مین ہی کہ پچاس ڈول نکالے جاوینگے جیسا کہ روایت کی ہمنے حماد بن سلیمان سے اور یہی روایت کیا شعبی سے کہ کہا انھون نے بیچ پرندے اور بلی کے اور مانند اونکے مین کہ نکالے جاوینگے چالیس ڈول اور رہنا داسکا صحیح ہی کہا اسکو امام مین اور روایت کیا اونھی سے کہ نکالے جاوینگے ستر ڈول اور روایت کیا عبد اللہ بن سے انھون نے شعبی سے کہا عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہ مینے پوچھا شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے کہ مرغی کوئین مین گر کر مر جاوے کہا کہ نکالے جاوینگے اوس سے ستر ڈول اور روایت کیا ابراہیم نخعی سے کہ کوئین مین اگر پڑ جاوے سیڑی یا بلی اور مر جاوے کہا کہ نکالے جاوینگے چالیس ڈول واللہ اعلم **ص** اور اگر مانند چڑیا یا چوہے کے مر جاوے تیس ڈول سے تیس ڈول تک کھینچے جاوینگے **ف** کیونکہ روایت ہی انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انھون نے بیچ چوہے کے کہ مر جاوے کوئین مین نکالا جاوے اوسی وقت نکالے جاوینگے اوسمین سے بیس ڈول ایسا ہی ہدایہ مین اور یہ حدیث مینے نہین پائی اور روایت کیا طحاوی نے شرح آثار مین

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بیچ کوئین کے کہ مرجاوے اوسمین چوہا کھینچا جاویگا پانی اوسکا اور بھی روایت کیا اوسنے اِذَا اسْقُطَتِ الْفَارَةُ اَوِالدَّابَّةُ فِی الْبِئْرِ فَاِنْزِحُوْهَا حَتّٰی یَغْلِبَکُمُ الْمَاءُ یعنی جب پڑجاوے چوہا یا جانور چارپایہ سو کھینچو پانی اوسکا یہان تک کہ مغلوب کرے تمکو پانی اور روایت کیا ابراہیم نخعی سے کہ اگر چوہا گرے نکالے جاوین اوسمین سے بقدر چالیس ڈول کے اور شعبی اور حماد اور ابراہیم یہ سب تابعین مین سے ہین **ص** اور ڈول اوسط کے ہون **ف** یعنی بیچ درجے کے نہ چھوٹے اور بیچ درجے کا ڈول اوسے کہتے ہین جو مستعمل ہو ہر شہر مین اور روایت کیا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کہ ڈول ایسا ہو جسمین ایک صاع پانی آتا ہو یعنی پونے دو سیر یا دو سیر بحساب وزن ہندوستان کے اور اگر بڑا ڈول ہو تو حساب کرکے برابر کرین اور اگر ڈول چھوٹا ہو تو کوئین سے نکلنے تک اگر آدھا پانی بہجاتا ہی تو درست نہوگا اور اگر آدھے سے کم گرتا ہی تو جائز ہوگا جیسا کہ بیچ زاہدی کے ہی کَذَا فِی جَامِعِ الْمُوْذِنِ **ص** اگر کوئین سے نجاست نکلی یا حیوان مرا ہوا نکلا اور پھولا یا پھٹا نہین ہی اور معلوم نہین کہ کس وقت گرا ہی امام صاحب کے نزدیک اوسکی نجاست کا حکم ایک دن ایک رات سے کرینگے اور اگر پھولا یا پھٹا ہی تو نجاست کا حکم تین دن تین رات سے کیا جاویگا **ف** تو اول صورت مین ایک دن ایک رات کی نمازین پھر قضا کیجاوینگی اور دوسری صورت مین تین دن اور تین رات تک کی کیجاوینگی اگر وہ شخص اوس پانی سے اتنے روزون سے وضو کرتا ہوگا اور اوسی سے نماز پڑھی ہوگی **ص** اور امام محمد اور ابو یوسف کے نزدیک جس وقت سے کہ وہ جانور یا وہ نجاست معلوم ہووے اوسی وقت سے حکم نجاست کا کرینگے جھوٹا آدمی اور گھوڑے اور جس جانور کا گوشت حلال ہی پاک ہی اور جھوٹا کتے اور سور اور درندون کا نجس ہی **ف** لیکن جھوٹا کتے کا تو اسواسطے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ کتے کے کہ اگر مونہہ ڈالے برتن مین دھویا جاوے تین مرتبے یا پانچ مرتبے یا سات بار روایت کیا اسکو دارقطنی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور کہا کہ متفرد ہوا ساتھ اس حدیث کے عبدالوہاب اوسنے اسمعیل سے اور وہ متروک ہی اور سوا عبدالوہاب کے روایت کرتے ہین اسمعیل سے سات بار دھونے کو مین کہتا ہون کہ صحیحین وغیرہ مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سات بار دھونا روایت کیا گیا ہی اور تین بار کا لفظ منکر ہی اور خلاف روایت ثقات کے ہی اور روایت کیا دارقطنی نے ساتھ سند صحیح کے عطاء سے فعل ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کا کہ جب کتا مونہہ ڈالتا تھا برتن مین پانی بہا دیتے تھے اوسکا پھر دھوتے تھے اوسکو تین بار اور روایت کیا ابن عدی نے کامل مین اس حدیث کو اور اسناد مین اوسکی حسین بن علی کرابیسی ہی کہا ابن عدی نے کہ نہین پاتا ہون مین اوسکے کرابیسی کے کوئی حدیث منکر سوا اسکے اور نہین دیکھتا ہون مین کچھ حرج ساتھ اوسکے حدیث مین اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک کتے کے مونہہ ڈالنے سے سات بار دھویا جاویگا کیونکہ روایت ہی صحیحین اور جامع ترمذی وغیرہم مین حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مونہہ ڈالے کتا برتن تمھارے مین تو دھوؤ اوسکو سات بار اور احتیاط اسمین ہی کہ سات بار دھووے اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ ہرگاہ مختلف ہوئین حدیثین رجوع کیا جاویگا ظاہر اور نجاست کے تو دیکھا کہ تین بار دھونا اوسنے واجب ہی تو حکم کیا اسمین بھی ہمنے ایسا ہی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ اور جھوٹا سور کا اسواسطے نجس ہی کہ وہ نجس عین ہی اور جھوٹا درندون کا اسواسطے کہ گوشت اونکا نجس ہی اور اوسی سے لعاب پیدا ہوتا ہی کَذَا فِی الْھِدَایَۃِ **ص** اور جھوٹا بلی اور اوس مرغی کا جو چھوٹی پھرتی ہی اور پرندون شکاری اور حشرات الارض کا مکروہ ہی **ف** لیکن پاک ہی بلی کا جھوٹا اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بلی کا جھوٹا مکروہ نہین کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بلی کا جھوٹا کھایا اور کہا کہ وہ نجس نہین اور وہ پھرنے والون مین سے ہی اور پرندون کا جھوٹا اور تحفیف

ف مغلوب کرنے سے مراد یہ ہی کہ آدمی پانی کھینچتے کھینچتے تھک جاوے ۱۲ منہ مزمل

ف جانورون کے جھوٹے کے بیان مین

ف عبدالوہاب

ف حسین بن علی

دیکھا مینے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ وضو کرتے تھے ساتھ جھوٹے اوسکے کے روایت کیا اسکو ابو داود نے اور دلیل امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلسِّبُعُ نَجِسٌ یعنی بلی درندہ ہی اور درندون کا جھوٹا مکروہ ہی روایت کیا اسکو حاکم نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور صحیح کیا اسکو اور روایت کیا اسکو دار قطنی نے ساتھ ایک قصے کے اور دونون سندون مین عیسی بن سبب ہی صحیح کیا اوسکو حاکم نے بسبب توثیق اوسکی کے اور ایک روایت مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وَاِذَا وَلَغَ الْهِرَّةُ غُسِلَ مَرَّةً یعنی جب مونہہ ڈالے بلی تو دھویا جاوے ایکبار اَخْرَجَهُ اَبُوْ دَاوٗدَ روایت کیا اسکو ابو داود نے اور مرغی چھوٹی ہوئی کا جھوٹا اس واسطے مکروہ ہی کہ وہ مخالطت کرتی ہی نجاست سے اور اگر چھوٹی نہو ملکہ قید مین ہو اور چونچ اوسکی اوسکے قدم کے نیچے تک نہین پہونچتی ہی تو جھوٹا اوسکا مکروہ نہین اور حشرات الارض اونہین کہتے ہین جو زمین مین رہتے ہین جیسے چوہا اور نیولا اور چھچھوندر وغیرہ اور جھوٹا اونکا اسواسطے مکروہ ہی کہ گوشت اونکا حرام ہی تو نجاست تو بسبب پھرتے رہنے کے جاتی رہی لیکن اوسمین حرج لازم آتا ہی اور کراہیت باقی رہی اور حکم انکا یہ ہی کہ جائز ہی استعمال انکا باوجود اچھے پانی ہونے کے لیکن مع کراہت کے جیسا کہ قاضی خان نے لکھا ہی ص اور جھوٹا گدھے اور خچر کا مشکوک یعنی اوسمین شک ہی کہ پاک ہی یا نجس تو اگر سوا مشکوک پانی کے اور پانی نپاوے تو وضو اور تیمم دونون کرے اور جو مکروہ پانی ہی اوسمین فقط وضو کرے اور پسینا بھی مانند جھوٹے کے ہی ف جسکا جھوٹا پاک ہی اوسکا پسینا بھی پاک ہی اور جسکا جھوٹا ناپاک ہی اوسکا پسینا بھی ناپاک ہی ص اگر سوا نبیذ تمر یعنی چھوہارے کے پانی کے پانی نملا امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وضو اوسسے کرے اور تیمم نکرے ف کیونکہ روایت کیا امام احمد اور ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ رحمہم اللہ نے ابی زید سے انھون نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیلۃ الجن کو کہ تمھاری چھاگل مین کیا ہی ابن مسعود نے کہا کہ نبیذ ہی فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خرما پاک ہی اور پانی پاک کرنے والا ہی سو وضو کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسسے اور یہ قول روایت احمد اور ترمذی مین ہی اور سیوطی اس حدیث کو عبد الرزاق اور بیہقی سے بھی لائے ہین اور روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ نے مصنف مین اور ترمذی نے ضعیف کیا اس حدیث کو اور کہا کہ ابو زید ایک مرد ہی مجہول نہین پہچانتا ہون نہین اوسکو سوا اس حدیث کے مین اور میزان الاعتدال وہبی مین ہی کہ بخاری نے بھی اوسکی تضعیف کی اور کہا کہ ابو فزارہ کہ راوی اس حدیث کا ہی ابو زید سے وہ بھی مجہول ہی اور امام شافعی اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک وضو اوسسے جائز نہین بلکہ تیمم کرے اور وہ یہ کہتے ہین کہ یہ حدیث ضعیف ہی اور اللہ تعالی جل جلالہ نے فرمایا ہی فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا الایہ یعنی اگر نہ پاؤ تم پانی تو تم تیمم کرو آخر آیت تک اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ وضو اور تیمم دونون کرے اور روایت کیا دار قطنی نے ابن عباس سے کہ کہا انھون نے وضو ساتھ نبیذ کے وضو اوسکا ہی جو پانی نپاوے اور ایسا ہی مروی ہی حضرت علی اور ابن مسعود سے اور روایت کیا ابو داود نے اور نسائی نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ تھا مین ساتھ حضرت کے لیلۃ الجن مین اور ہدایہ مین جواب اسکا یہ لکھا ہی قُلْنَا لَيْلَةُ الْجِنِّ كَانَتْ مُتَعَدِّدَةً یعنی لیلۃ الجن متعدد تھین تو ردوسرا جواب اوسکا یہ ہی کہ مصنف ابن ابی شیبہ مین ہی کہ وہ ساتھ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیلۃ الجن کو اور روایت کیا ابن شاہین نے اوسسے اَنَّهٗ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ اور روایت کیا ابو نعیم نے حلیہ مین ایک قصہ کہ اوسسے ثابت ہوتا ہی کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ تھے ساتھ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیلۃ الجن مین اور ابو زید کے مجہول ہونے کا

یہ جواب ہی کہ کہا قاضی ابو بکر غزالی نے شرح نووی مین کہ ابو زید عمرو بن حریث روایت کیا اوس سے راشد بن کیسان صیسی کوفی نے اور ابو رزین نے تو اس سے جہالت جاتی رہی اور ابو فزارہ کے مجہول ہونے کا جواب یہ ہی کہ کہا شیخ تقی الدین بن دقیق العید نے کہ تعدیل ابو فزارہ مین نظر ہی کیونکہ روایت کیا ہی اوس سے اس حدیث کو ایک جماعت نے اہل علم سے مثل سفیان اور شریک اور حسان بن علیح اور اسرائیل اور قیس بن الربیع اور ابن عدی نے کہ کہا ابو فزارہ راوی اس حدیث کا مشہور ہی اور نام اوسکا راشد بن کیسان ہی اور ایسا ہی کہا دار قطنی نے اور وہ جو بعض علماء نے یہ قول شیخ تقی الدین سبکی کا ٹھہرایا ہی غلط ہی کیونکہ ابن الہمام نے یہ کہا ہی فَقَالَ الشَّیْخُ تَقِیُّ الدِّیْنِ فِی الْاِمَامِ آہ یعنی کہا شیخ تقی الدین نے امام مین اور امام کتاب ہی شیخ تقی الدین بن دقیق العید کی نہ سبکی کی اور قاضی خان نے رجوع امام اعظم کا اس قول سے لکھا ہی اور شیعہ جو اس جگہہ طعن کرتے ہین امام ابو حنیفہ پر بیجا ہی کیونکہ اونکی کتاب من لایحضرہ الفقیہ مین لکھا ہی لَا بَاْسَ بِالتَّوَضِّیْ بِالنَّبِیْذِ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَعَلَ وَضَاَّ بِہٖ یعنی نہین ہی حرج ساتھ وضو کرنے کے نبیذ سے اسواسطے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا ہی اوس سے اور رد اوسکا تفصیل سے کتب مناظرہ فریقین مین مذکور ہی اور روایت کیا اس حدیث کو ابن ماجہ نے اور طریق سے عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے اور اسناد مین اوسکی حشیش راوی ضعیف ہی اور ایسا ہی کہا ابن المدینی اور روایت کیا ابو داود نے عطاء سے کہ انھون نے مکروہ رکھا وضو کو ساتھ دودھ اور نبیذ کے اور کہا کہ تیمم اچھا ہی نزدیک میرے اوس سے اور غسل امام ابو حنیفہ کے نزدیک نبیذ سے ایک روایت مین جائز ہی اور ایک روایت مین ناجائز ہی کیونکہ کہا ابو خلدہ رضی اللہ عنہ نے کہ پوچھا مینے ابو العالیہ سے اوس شخص سے کہ پونہچی اوسکو جنابت اور نہین ہی پاس اوسکے پانی اور نزدیک اوسکے نبیذ ہی کیا وہ غسل کرے اوس سے کہا کہ نہین روایت کیا اسکو ابو داود نے وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ ص اور امام ابو یوسف کے نزدیک تیمم کرے اور امام محمد کے نزدیک وضو اور تیمم دونون کرے اور یہ خلاف اوس پانی مین ہی جو شیرین اور رقیق ہو بتہا ہوا مانند پانی کے اور اگر سخت ہو جاوے اور شہ دینے لگے کسیکے نزدیک اوس سے وضو جائز نہین

باب تیمم کے بیان مین

تیمم جائز ہی محدث یعنی بے وضو کو اور جنب اور حائض اور نفسا کو ف اور بعضون کا مذہب یہ ہی کہ جنب کو تیمم کرنا جائز نہین اور یہی قول ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا لیکن اکثر لوگون کا قول یہ ہی کہ جائز ہی اور یہی مذہب مدینہ کے موافق ہی اللہ تعالی نے فرمایا اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ یعنی یا جماع کردتم ساتھ عورتون کے تو اس سے معلوم ہوا کہ جنب کو بھی تیمم جائز ہی لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ لمس کے معنی جماع کے نہین لیتے اور وہ جو دلیل اسیر صاحب ہدایہ لاتے ہین کہ کچھ لوگ جنگل سے آئے طرف حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سو کہا کہ ہم رہتے ہین ریتون مین تین تین مہینے چار چار مہینے اور ہوتے ہین ہم مین جنب اور حائض اور نفسا اور ہم نہین پاتے پانی کو سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوپر تھالے ہی زمین پھر مارا ہاتھ اپنا اوپر زمین کے واسطے مونہہ اپنے کے ایک بار پھر مارا دوسری مرتبہ سو مسح کیا اوس سے اوپر دونون ہاتھون اپنے کے کہنیون تک روایت کیا اسکو ابن ابو جوزی نے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ضعیف ہی کیونکہ اسناد مین اس حدیث کے شتی بیٹے صباح کے ہین کہا احمد اور رازی نے کہ وہ کچھ نہین اور کہا نسائی نے کہ متروک ہی اور دلیل صحیح یہ ہی کہ روایت ہی جابر رضی اللہ عنہ سے کہ آیا ایک شخص طرف حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ پونہچی مجکو جنابت سو تحقیق کہ مین اوٹ زمین مین تو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تیمم

دو ضرب ہین ایک ضربہ ہی واسطے موںہہ کے اور دوسرا واسطے دونون ہاتھون کے کہنیون تک روایت کیا اسکو حاکم نے اور کہا کہ صحیح الاسناد ہی اور نہین اخراج کیا اسکو بخاری مسلم نے اور کہا دارقطنی نے رجالہ کلھم ثقات یعنی رجال اوسکے سب ثقہ ہین اور جھگڑا کیا تھا عمار نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اسی باب مین اور روایت عمرو بن العاص سے ایسا ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ جنب کو تیمم جائز ہی جیسا کہ آگے آویگا **ص** جب کہ پانی پر قادر نہو یعنی اتنے پانی پر کہ طہارت کو کافی ہو اگر جنب نے موافق وضو کے پانی پایا وضو اوسپر واجب نہوگا اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک واجب ہوگا اور غسل کے لیے تیمم کرے لیکن اگر جنب کو حدث بھی ہو تو وضو واجب ہوگا سو تیمم واسطے جنابت کے ہی بالاتفاق اور جب کہ بے وضو کیواسطے اتنا پانی ہو کہ بعض اعضا دھو سکتا ہی اور بعض نہین دھو سکتا تو اوسمین بھی خلاف ہی ہمارے نزدیک تیمم کرے اور امام شافعی کے نزدیک بعض کو دھووے اور باقی کو تیمم کرے اور قدرت پانیکا وہ یہ لوگ پانی پر واسطے دور ہونے پانی کے ایک میل **ف** برابر ہین کہ مسافر ہون یہ لوگ یا شہر کے باہر ہون **ص** اور میل تیسرا حصہ فرسخ کا ہوتا ہی اور بعضون کے نزدیک تین ہزار پانسو گز کا ہوتا ہی چار ہزار گز تک **ف** کیونکہ روایت ہی ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ وہ چلے زمین اپنی سے پیچ حُرف کے تو وقت آیا عصر کا مُرْبُدِ نعم مین سو تیمم کیا اور مسح کیا موںہہ اپنے اور دونون ہاتھون کو اور نماز پڑھی عصر کی پھر داخل ہوے مدینے کو اور آفتاب بلند تھا سو نہ لوٹایا نماز کو روایت کیا اسکو شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اور حُرف نام ایک مقام کا ہی اور مربد ایک میل پر ہی مدینہ طیبہ سے **ص** یہ حکم ظاہر روایت کا ہی اور حسن کی روایت مین دو میل جانب توجہ مین ہووے تو تیمم جائز ہی یا ایک میل جانب غیر توجہ مین ہووے کہ آنے جانے مین دو میل ہوجاوین تو اس صورت مین اگر جانب توجہ میل ہوگا تیمم جائز نہوگا اور پہلی صورت کے موافق جائز ہوویگا **ف** اور مختار قول اول ہی **ص** وہ بیمار جسکو قدرت پانی کے استعمال کی نہین یا قدرت ہی لیکن خوف زیادتی مرض کا ہی اوسکو تیمم جائز ہی اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جب تیمم جائز نہوگا کہ خوف تلف عضو کا ہووے **ف** کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا ہی وان کنتم مرضی الایہ یعنی اگر ہو تم بیمار اخیر تک سو تیمم کرو مٹی پاک پر اور امام شافعی کا مذہب ظاہر نص سے دور ہی **ص** اور اگر استعمال پانی کا سردی سے ضرر کرتا ہی یعنی بیمار کردیگا یا جان یا کوئی عضو تلف کردیگا تیمم جائز ہی **ف** اور یہ جب ہی کہ باہر شہر کے ہو اور اگر اندر شہر کے ہو تو بھی یہی حکم ہی امام صاحب کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک تیمم نکرے **ص** اور تیمم جائز ہی دشمن کے خوف سے آگ یا درندے وغیرہ کے اور بھی جائز ہی پیاس کے خوف سے یعنی اگر پانی سے وضو کریگا تو پیاسا رہیگا یا پانی کسینے فقط پینے کے واسطے مباح کیا ہی اور وضو یا غسل کی اوس سے اجازت نہین دی تو اگر مسافر نے پانی پایا اور وہ جانتا ہی کہ یہ پانی فقط پینے کے واسطے رکھا گیا ہی تیمم اوسکو جائز ہی مگر جب کہ پانی بہت ہو تو اوس سے معلوم ہوا کہ پینے اور وضو دونون کے واسطے ہی اور اگر پانی پایا اور وہ جانتا ہی کہ یہ پانی وضو کے واسطے ہی پینا بھی اوسکا جائز ہی اور امام فضلی کے نزدیک اگر واسطے پینے کے ہی تو وضو جائز ہی اور اگر واسطے وضو کے ہی پینا جائز نہین اور اسی طرح اگر ڈول یا رسی موجود نہو تو بھی تیمم جائز ہی **ف** اسواسطے ان سب کے تیمم جائز ہی کہ قدرت پانی کے اوپر متحقق نہین ہوئی **ص** اگر نماز عید کی قضا ہونے کا خوف ہو درست ہی کہ تیمم کرکے نماز شروع کرے اور یہ بالاتفاق ہی اور اگر نماز عید مین اوسکا وضو ٹوٹا اور جانتا ہی کہ اگر وضو کریگا نماز جاتی رہیگی تیمم سے بنا کرنا جائز ہی

۱۲ حاشیہ جو وہ ہو جانب توجہ مین جس کی طرف نماز پڑھتا ہی اور وہ جانب غیر توجہ جس طرف نماز نہین پڑھتا ۱۲ منہ سلمہ

امام ابو حنیفہ کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک تیمم نہ کرے اور اگر تیمم سے شروع کی تھی اور تیمم سے بنا کی سب کے نزدیک جائز ہی
اور اگر نماز جنازے کی فوت ہوے کا خوف ہو تیمم جائز ہی **ف** باوجود اسکے کہ صحیح اور تندرست ہو اور پانی موجود ہی
ص مگر ولی کو جائز نہین **ف** یعنی اوس جنازے کا جو مالک اور ولی ہو اوسکو تیمم جائز نہین اسواسطے کہ لوگ
اوسکا خود انتظار کرین گے **ص** اور اگر خوف فوت نماز جمعہ یا کسی ایک نماز کا پانچ نمازون مین سے ہو تو تیمم جائز نہین
اور دو بار ہاتھ مارنا تیمم مین فرض ہی ایک تو واسطے مسح کرنے موضع کے اور دوسرے واسطے مسح کرنے دونون ہاتھون کے
مع کہنیون کے **ف** اور یہی ہی قول امام شافعی صاحب کا بھی اور امام احمد کے نزدیک ایک بار ہاتھون کو مارے اور اوس سے
مسح مونہہ اور ہاتھہ کا ہتیلیون تک کرے دلیل ہمارے مذہب کی ایک تو حدیث جابر رضی اللہ عنہ کی ہی جو اوپر گذری اور
دوسری دلیل حدیث عمار بن یاسر کی ہی کہ حکم کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانون کو سو مارا ہتیلیون اپنی کو اوپر مٹی کے
اور نہ جھاڑا مٹی سے کچھہ سو مسح کیا مونہہ اپنے کا ایک بار پھر مارا ہتیلیون اپنی کو مٹی پر سو مسح کیا ہاتھون اپنے کو رواۃ
کیا اسکو ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ نے تیسری دلیل حدیث ابی ہریرہ کی جو اوپر روایت ابن الجوزی گذری اور سند اوسکی ضعیف ہی
اور چوتھی دلیل حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ کی کہ ایک شخص گذرا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک گلی مین اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم
پیخانے یا پیشاب سے نکلے تھے تو سلام کیا اوس شخص نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تو نہ جواب دیا اوسکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
یہان تک کہ قریب ہوا وہ شخص کہ چھپ جاوے کسی گلی مین تو مارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دونون ہاتھہ اپنے اوپر دیوار کے
اور مسح کیا اونسے اپنے مونہہ پر پھر مارا دوسری بار سو مسح کیا ہاتھون اپنے کو کہنیون تک پھر جواب دیا سلام کا اوس شخص کو اور فرمایا
کہ جواب سلام دینے سے بی وضو ہونا مجھے مانع آیا تھا روایت کیا اسکو ابو داود اور ابن جریر طبری نے اور روایت کیا اس حدیث کو
طبری نے مختلف الفاظ سے اور حاصل اونکا یہی ہی اور یہ حدیث ضعیف ہی کیونکہ اسناد مین اسکی محمد بن ثابت ہی اور سنن ابو داود مین ہی

قَالَ اَبُوْدَاوٗدَ سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ يَقُوْلُ رَوٰى مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ حَدِيْثًا مُنْكَرًا فِي التَّيَمُّمِ
قَالَ ابْنُ دَاسَةَ قَالَ اَبُوْدَاوٗدَ وَلَمْ يُتَابَعْ مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ عَلٰى ضَرْبَتَيْنِ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَرْفُوْعُهُ وَفِعْلُ ابْنِ عُمَرَ یعنی کہا ابو داود نے کہ سنا مینے امام احمد حنبل سے کہتے تھے کہ روایت
کیا محمد بن ثابت نے ایک حدیث منکر کو تیمم مین کہا ابن داسہ نے کہا ابو داود نے کہ نہین متابعت کیا جاویگا محمد بن ثابت سے اس قصے کے
اوپر دو بار ہاتھہ مارنے کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیا ہی اسکو لوگون نے فعل ابن عمر رضی اللہ عنہ کا انتہی اور اثر ابن عمر
رضی اللہ عنہ کا موقوفا صحیح ہی اور پانچوین دلیل حدیث اسامہ کی اور اوسمین ہی کہ دکھلایا مجھکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تیمم ایک بار
مارنا واسطے مونہہ کے اور دوسری بار مارنا واسطے دونون ہاتھون کی کہنیون تک روایت کیا اس حدیث کو طبرانی نے اور بھی
اخراج کیا اسکا ابن مردویہ وغیرہ نے اور سند مین اوسکی ربیع بن بدر ضعیف ہی لیکن وہ معتضد ہی حدیث عمار کی اور چھٹی دلیل حدیث
حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا کی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تیمم دو بار ہاتھہ مارنا ہی ایک بار واسطے مونہہ کے اور ایک بار واسطے
دونون ہاتھون کے کہنیون تک روایت کیا اسکو دار قطنی اور حاکم اور بیہقی نے اور اسناد مین اسکی حریش بن حریث ہی کہا ابو حاتم نے
کہ منکر ہی حدیث ہی ساتوین دلیل وہ ہی جو روایت کیا حاکم اور بیہقی اور طبرانی اور دار قطنی وغیرہم نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے

جیسا کہ عایشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہی اور اسناد مین اوسکی علی بن ظبیان ہی ضعیف کیا اوسکو ابن معین قطان نے
اور کہا حاکم نے کہ وہ صدوق ہی اور روایت کی گئی ہی یہ حدیث طریق سلیمان بن داود سے اور وہ متروک ہی آٹھوین دلیل وہ ہی
جو روایت کیا دارقطنی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ تیمم کیا ہمنے ساتھ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تو مارا ہمنے دونون ہاتھون
اپنے کو مٹی پاک پر پھر جھاڑا ہمنے ہاتھون کو سو مسح کیا ہمنے اوس سے مونہہ اپنے کو پھر مارا ہمنے دوسری بار سو مسح کیا کہنیون
سے ہتیلیون تک اور اسناد مین اسکی سلیمان بن ارقم متروک ہی نوین دلیل حدیث ابی امامہ کی ہی روایت کیا اسکو طبرانی نے
اور اسناد اوسکا ضعیف ہی اور امام احمد کی دلیل یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمار کے لیے کہ کافی تھا تجکو یہ اور مارا حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اپنا زمین پر پھر پھونکا اوسکو اور مسح کیا اوس سے مونہہ اور دونون کف اپنے کو اور فرمایا حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے تیمم مین ضَرْبَةٌ لِّلْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ یعنی تیمم ایک بار ہاتھ مارنا ہی واسطے مونہہ اور کفین کے روایت کیا ان دونون
حدیثون کو امام احمد اور صحیحین مین بھی اس قسم کی حدیث ہی اور صحیح کیا اکثر محدثین نے اور اسی طرف گئے ہین امام مالک رحمۃ اللہ علیہ
جیسا کہ کہا یحیی نے شرح موطا مین اور بعض تفاسیر مین اور یہ قول مخالف ہی قول امام مالک کے موطا اپنی مین قَالَ يَحْيَى سُئِلَ مَالِكٌ
كَيْفَ التَّيَمُّمُ وَأَيْنَ يَبْلُغُ بِهِ فَقَالَ يَضْرِبُ ضَرْبَةً لِوَجْهِهِ وَضَرْبَةً لِيَدَيْهِ وَيَمْسَحُهُمَا إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ
یعنی کہا یحیی نے کہ پوچھے گئے مالک رحمۃ اللہ علیہ کیفیت تیمم سے اور کہان تک پونہچاوے اوسکو کہا کہ مارے ایکبار واسطے مونہہ اپنے کے
اور ایک بار واسطے دونون ہاتھون اپنے کے اور مسح کرے دونون ہاتھون کا کہنیون تک لیکن جواب اسکا یہ ہوسکتا ہی کہ یہ بیان
سنت کا ہی اور فرض اونکے نزدیک ایکبار ہاتھ مارنا ہی پھر چاہیے کہ تیمم مع کہنیون کے ہووے جیسا کہ اکثر احادیث مین جو اوپر گذرین
موجود ہی اور زہری[1] کے نزدیک مونڈھون اور بغلون تک چاہیے اور یہ مذہب مخالف احادیث صحیحہ کے ہی اوسپر عمل نہین چاہیے

ص اور ترتیب ہمارے نزدیک شرط نہین لیکن استیعاب شرط ہی یہان تک کہ اگر کچھ تھوڑا سا باقی رہیگا کہ اوسپر ہاتھ نہ پھیرا ہووے
تیمم جائز نہوگا **ف** کیونکہ تیمم قائم مقام ہی وضو کا تو جو حکم وضو کا ہی وہ تیمم کا بھی ہوگا **ص** اور اچھا طریق مسح کا
اس طرح پر ہی کہ چھنگلیا کی طرف سے تین انگلیان بائین ہاتھ کی لیکے مع ہتیلی کے اوپر ظاہر سیدھے ہاتھ کی اونگلیون کے سرون سے کہنیون
تک کھینچے بعد اوسکے انگلی شہادت اور انگوٹھے سے باطن ہاتھ کا مسح کرے اونگلیون کے سرون تک اور اسیطرح پھر بائین ہاتھ کو
مسح کرے بعد اوسکے اگر اونگلیون کے اندر غبار نہ پونہچا ہو تو خلال کرنا واجب ہی تو اب تیسری بار ہاتھ مارنا پڑیگا واسطے خلال کے
طرفین کے نزدیک جائز ہی تیمم اوس چیز سے کہ جو جنس زمین سے اور پاک ہووے جیسے خاک اور ریگ اور پتھر اور سرمہ اور ہرتال وغیرہ
جو زمین کی قسم سے ہین اگرچہ بغیر غبار کے ہون اور چاندی سونے کے ساتھ تیمم جائز نہین مگر جب گرد آلودہ ہون اور اسیطرح گیہون
اور جو بھی جائز نہین مگر یہ کہ گرد آلودہ ہون اور اوس جگہ جہان نجاست پڑی تھی اور وہ خشک ہوگئی تیمم جائز نہین اور نماز جائز ہی **ف**
نماز ہوا واسطے جائز ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ذَكَاةُ الْأَرْضِ يُبْسُهَا یعنی زکوۃ زمین کی خشک ہونا ہی اوسکا اور
یہ حدیث[2] پہچانی نہین گئی اور تیمم اس واسطے جائز نہین کہ قرآن شریف مین طیب کی بھی قید ہی اور خبر واحد مقابل نص قطعی کے نہوگی
اور صحیح حجت پکڑنا ہی اس حدیث سے جیسا کہ کہا بعض محققین نے عَنْ حُمَيْدَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ قَالَ كَانَتِ الْكِلَابُ تَبُولُ
وَتُقْبِلُ وَتُدْبِرُ فِي الْمَسْجِدِ فِي زَمَانِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَكُونُوا يَرُشُّونَ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ

---

[1] زہری سے مراد ابن شہاب زہری تابعی ہین منہ
[2] کہا ابن حجر نے فتح الباری مین اصل اسکی نہین اصل اسکی موقوفا ہی منہ
[3] راوی اس حدیث کا قاضی عبداللہ صاحب تابعی ہین منہ

رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَاِسْمٰعِیْلُ فِیْ صَحِیْحِہٖ وَاَبُوْنُعَیْمٍ وَالْبَیْھَقِیُّ ترجمہ تھے کتے پیشاب کرتے
اور آتے جاتے تھے مسجد مین حضرت کے وقت مین پس نہ پانی ڈالتے کسی پر اسمین سے **ص** اور راکھ سے بھی درست نہین اور
امام ابی یوسف کے نزدیک تیمم جائز نہین ہوتا مگر خاک اور ریگ سے اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جائز نہین مگر خاک سے
ف دلیل امام ابوحنیفہ اور امام محمد کی یہ ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے فَتَیَمَّمُوْا صَعِیْدًا طَیِّبًا یعنی پس قصد کرو
صعید طیب کا اور صعید نام ہی روے زمین کا برابر ہی کہ مٹی ہو یا ریت یا کنکر یا پتھر وغیرہ کما زجاج نے جو عالم ہی لغت کا لَا اَعْلَمُ خِلَافًا
بَیْنَ اَھْلِ اللُّغَۃِ فِیْ ذٰلِکَ یعنی نہین جانتا ہون مین خلاف درمیان اہل لغت کے اسمین اور اسیواسطے بیضاوی نے باوجود اسکے
کہ شافعی مذہب ہی معنی صعید کے مٹی نہین لکھے اور قاموس مین ہی اَلصَّعِیْدُ التُّرَابُ اَوْ وَجْہُ الْاَرْضِ صعید یا مٹی ہی
یا روے زمین اگر کوئی کہے کہ جب صعید کے موافق تفسیر صاحب قاموس کے دو معنی ہوئے سو کہان سے معلوم ہوا کہ صعید سے اس جگہ مراد روے
زمین ہی تو جواب اوسکا یہ ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ مائدہ مین کہ نہین ارادہ کرتا ہی اللہ کہ کرے تم پر حرج اور تراب کی قید لگانے
مین حرج ہی اور حدیث سے بھی امام ابوحنیفہ کی دلیل ہی فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گردانی گئی واسطے میرے زمین
سب مسجد اور پاک کرنے والی روایت کیا اسکو بیہقی نے سند صحیح سے ابی امامہ سے اور یہی مضمون صحیح مسلم اور جامع ترمذی
اور طبرانی مین ہی اور روایت کیا امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے کہ جو شخص میری امت سے پاوے نماز کو سو نزدیک اوسکے مسجد اور پاک کرنے والی
اوسکی ہی اور روایت ابن ابی رواد اور ابن المنذر مین ہی روایت انس رضی اللہ عنہ سے جُعِلَتْ لِیْ کُلُّ اَرْضٍ طَیِّبَۃٍ مَسْجِدًا
وَّطَھُوْرًا گردانی گئی واسطے میرے سب زمین پاک مسجد اور پاک کرنے والی اور دلیل امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ ہی کہ کہا ابن عباس
رضی اللہ عنہ نے صَعِیْدًا طَیِّبًا اَیْ تُرَابًا مُنْبِتًا یعنی مٹی اوگانے والی اور جواب یہ ہی کہ یہ حدیث پہچانی نہین گئی کہا
شیخ ابن حجر نے تخریج ہدایہ مین لَمْ اَجِدْہُ لٰکِنْ رَوَی الْبَیْھَقِیُّ وَابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ عَنْہُ اَلطَّیِّبُ الصَّعِیْدُ تُرَابُ الْحَرْثِ
یعنی روایت کیا بیہقی نے اور ابن ابی حاتم نے بھی ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انھون نے زیادہ پاک صعید مٹی کھیت کی ہی اور اس سے
معلوم ہوتا ہی کہ اور بھی مٹی پاک ہی وہو المطلوب اور امام ابی یوسف نے ریگ سے تیمم زیادہ کیا ہی اوس حدیث سے جو بروایت ابن الجوزی
اوپر گذری اور وہ حدیث ضعیف ہی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ **ص** باوجود قدرت کے زمین پر غبار سے تیمم جائز ہی تو اگر کسینے چھاڑو
دی یا کیھون تاکے یا دیوار گرائی اور اوسکے ہاتھون اور مونہہ پر غبار جما اور پھر اوسنے اوسکے اوپر ہاتھ مل لیا تیمم درست ہو گیا اور
بغیر ہاتھ ملے درست نہوگا اور نیت تیمم مین فرض ہی اور امام زفر کے نزدیک فرض نہین اور اگر کسی شخص کو دو حدث ہون جیسے
جنابت اور حدث دونون کی نیت کرے اور ایک تیمم کافی ہو جاویگا اور اگر ایک کی نیت کرے دوسرے حدث سے کفایت نکریگا **ف**
ثابت ہوا واسطے فرض ہی کہ تیمم قصد کے معنون مین ہی اور امام زفر کہتے ہین کہ تیمم قائم مقام وضو کے ہی سو جب وضو مین نیت فرض
نہوئی تو تیمم مین بھی فرض نہوگی اور جواب اسکا یہ ہی کہ خلف کو جمیع احکام مین مثل اصل کے ہونا ضرور نہین **ص** اگر کافر نے
واسطے اسلام کے تیمم کیا اور مسلمان ہوا نماز اوس تیمم سے درست نہین نزدیک طرفین کے اور امام ابی یوسف کے نزدیک نماز پڑھنا
اوس تیمم سے جائز ہی اور اگر کسینے تیمم کیا واسطے نماز جنازہ یا سجدۂ تلاوت کے تو اس تیمم سے فرض نمازون کا پڑھنا درست ہی اور
اگر واسطے قرآن شریف چھونے کے یا مسجد مین داخل ہونے کے تیمم کیا نماز اوس سے درست نہوگی بلکہ داخل ہونا مسجد کا اور چھونا قرآن کا

ف ظاہر الروایۃ لیحصل علیکم حرج ۱۲
ف بحکم اَوْجَبْنَا الْوُضُوْءَ اور پاک کرنے والی بھی دونون سے ۱۲
ف مسنون ہی ۱۲
ف یہ مون پر ہاتھ پھیرنا فرض ہی ۱۲
ف کیونکہ فرض ہی ۱۲
ف کیونکہ فرض ہی ۱۲

اوسکے لیے جائز ہوجاویگا اور اگر کافر نے بے نیت کے وضو کیا اور پھر مسلمان ہوا تو نماز اوس سے جائز ہوگی اور امام شافعی رح کے نزدیک درست نہین اور اسیطرح اگر ساتھ نیت کے بھی کیا تب بھی خلاف ہی اور تیمم درست ہی نماز کے وقت مین اور وقت سے پیشتر بھی درست ہی اور امام شافعی کے نزدیک قبل وقت کے درست نہین **ف** دلیل ہماری یہ ہی کہ تیمم جب خلیفہ مطلق ٹھہرا وضو کا تو قبل وقت کے بھی جائز ہوگا اور قول حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ صعید طیب پاک کرنے والی ہی واسطے مسلمان کے اور اگرچہ نہ پاوے پانی دس برس اوسکے اوپر دلالت کرتا ہی اور اس حدیث کو روایت کیا ترمذی اور ابوداود اور ابن ماجہ وغیرہم نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث صحیح ہی **ص** اگر دو برتنون مین پانی بھرا ہی اور اونمین ایک کا پانی پاک اور دوسرے کا ناپاک ہی اور معلوم نہین جانتا کہ نجس کون ہی اور پاک کون ہی تو اس صورت مین ہمارے نزدیک تیمم کرے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وضو کرے اگر ایک شخص نے پانی اپنے ساتھی سے مانگا اور اوسنے نہ دیا تیمم اوسکو جائز ہی اور اگر بعد نماز پڑھنے کے دیا تو نماز جائز ہی نماز کو پھر نہ پڑھے اور تیمم اوسکا ٹوٹ جاویگا **ف** اور اگرچہ وقت نماز کا باقی ہو اور یہ مذہب عطا اور طاؤس اور مکحول اور ابن سیرین اور زہری کا یہ ہی کہ نماز کا پھر لوٹانا واجب ہی اگر وقت باقی ہی دلیل ہماری یہ ہی جو روایت کیا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ دو شخص نکلے سفر مین اور وقت آیا نماز کا اور پانی اونکے پاس نتھا سو تیمم کیا صعید طیب پر اور نماز پڑھلی پھر پانی پایا اون دونون نے اور وقت باقی تھا سو ایک نے اونمین سے نماز پھر پڑھی اور دوسرے نے نہ پڑھی اور آئے دونون حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین اور دونون نے یہ بات عرض کی سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو جسنے پھر نماز نہین لوٹائی تھی کہ پوںہی تو سنت کو اور جسنے پھر پڑھی تو اوس سے کہا کہ تجھے دوہرا اجر ہی اخراج کیا اس حدیث کو ابوداود اور نسائی اور حاکم اور دارمی نے **ص** اور اگر اوسنے اپنے رفیق سے پانی نہ مانگا اور تیمم سے نماز پڑھی امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز جائز ہوئی اور صاحبین کے نزدیک نہین درست ہوئی اور ہدایہ مین ایسا ہی لکھا ہی اور مبسوط[۱] مین ہی کہ اگر اوسنے بغیر مانگے نماز پڑھی نماز درست نہوگی اور بھی مبسوط مین ایک جگہہ لکھا ہی کہ اپنے رفیق سے پانی مانگے مگر قول حسن بن زیاد[۲] مین نہ مانگے کہ مانگنا ذلت کی بات ہی اور اسمین حرج ہی اور تیمم واسطے دفع حرج کے ہی اور جواب اسکا یہ ہی کہ پانی وضو کا اکثر خرچ کیا جاتا ہی اور جو چیز کہ احتیاج کی ہی اوسکے مانگنے مین کچھہ ذلت نہین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت حاجتین اپنی غیرون سے مانگی ہین اور زیادات[۳] مین لکھا ہی کہ ایک شخص مسافر تیمم سے نماز پڑھ رہا ہی اور دیکھا اوسنے کہ ایک شخص کے پاس بہت سا پانی ہی اور اوسکو گمان غالب ہوا کہ ندیگا یا شک ہوا نماز پڑھ لیوے اور نہ توڑے اور جب کہ باہر نماز کے دیکھا تو بغیر مانگے نماز پڑھنا اوسکو تیمم سے درست نہین اور اگر نماز کے اندر گمان غالب ہوا کہ دیگا تو نماز توڑے اور پانی مانگے اور یہ بھی زیادات مین ہی کہ اگر بعد فارغ ہونے کے نماز سے پانی اوس سے مانگا اگر اوسنے دیدیا نماز پھر پڑھے اور یا قیمت دستور کے موافق مانگے اور اوسکو اوسپر قدرت ہی پانی لیوے اور نماز پھر دوہرا وے اور اگر اوسنے انکار کیا نماز اوسکی ہوگئی اور بعد انکار کے پھر اگر دیدیا نماز کو پھر نہ پڑھے لیکن تیمم ٹوٹ جاویگا اور اگر اوسنے نماز مین پانی دیکھا اور گمان کیا کہ ندیگا اور یا شک کیا اور توڑدیا نماز کو تو اگر پانی دیا تو تیمم باطل ہوگیا اور اگر انکار کیا تو تیمم باقی ہی اور اگر گمان غالب ہی کہ دیگا اور پھر نماز نہ توڑی اور پوری پڑھلی پھر بعد نماز کے مانگا تو اگر دیا نماز باطل ہوئی اور اگر انکار کیا تو نماز تمام ہوئی اور ایک تیمم سے فرض و نفل جو چاہے پڑھے **ف** یعنی ایک تیمم سے چاہے دو نماز ین یا زیادہ فرض پڑھے ایک وقت کی یا کئی وقتون مین اور جتنے چاہے نفل پڑھے خواہ وہ نفل اوس فرض کی تبعیت مین ہون یا نہون امام شافعی

[۱] ایک کتاب کا نام ہی فقہ حنفی مین ۱۲ منہ

[۲] امام محمد بن حسن شیبانی کی کتاب فقہ حنفی مین ۱۲ منہ

[۳] زیادات

رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ایک تیمم سے دو نمازین پڑھنا جائز نہین اور اسی طرح نفل بھی مگر جو فرض کی تبعیت مین ہو دلیل ہماری یہ حدیث ہی کہ زمین پاک کرنے والی ہی مسلمان کی اگرچہ پاوے پانی دس برس روایت کیا اسکو بہت ائمہ حدیث نے جیسا کہ اوپر گذرا اور امام شافعی دلیل پکڑتے ہین قول ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مِنَ السُّنَّةِ اَنْ لَا يُصَلِّيَ بِالتَّيَمُّمِ اَكْثَرَ مِنْ صَلٰوةٍ وَّاحِدَةٍ یعنی سنت سے یہ بات ہی کہ نہ پڑھی جاوے ساتھ تیمم کے اکثر ایک نماز سے اَخْرَجَهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ رافعی نے کہا ہی کہ سنت جب صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہی تو وہ مانند حدیث مرفوع کے ہی اور ایسا ہی ہی اثر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے مصنف مین اور مروی ہی عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے کہ وہ تیمم کرتے تھے واسطے ہر نماز کے اور ایسا ہی فتوی دیتے تھے قتادہ روایت کیا اسکو دارقطنی نے اور تھے ابن عمر رضی اللہ عنہ کہ تیمم کرتے تھے واسطے ہر نماز کے روایت کیا اسکو بیہقی نے اور جواب اسکا یہ ہی کہ اوسمین سے کوئی اثر صحیح نہین ہوا کیونکہ اثر ابن عباس مین کہا ابن الجوزی نے کہ روایت کیا ہی ابو یحیی نے حسن بن عمارہ سے اور وہ دونون متروک ہین اور کہا کہ حسن بہت ضعیف ہی اور اثر حضرت علی رضی اللہ عنہ مین حجاج بن ارطاۃ ہی ترک کیا اوسکو عبد الرحمن مہدی اور یحیی بن سعید قطان نے اور کہا احمد اور دارقطنی نے کہ حجت نہین پکڑی جاویگی اوس سے اور کہا یحیی بن معین اور نسائی نے کہ وہ قوی نہین اور اثر عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کا اوسمین انقطاع ہی اور اثر ابن عمر کا اسناد مین اوسکے عامر احول ہی ضعیف کیا اوسکو احمد وغیرہ نے اور توثیق کی اوسکی ابو حاتم نے اور مسلم نے پھر بھی معارض حدیث مرفوع کا نہین ہو سکتا ہی كَذَا ذَكَرَ فِيْ بَعْضِ الْكُتُبِ اور بھی اسکا حمل استحباب پر کر سکتے ہین اور ابن عباس رضی اللہ عنہ کے قول کے موافق کہ سنت ہے ہی یعنی واجب نہین مستحب ہی علاوہ اسکے کہا محدث فیروزابادی شافعی نے سفر السعادت مین وَلَوْ تَخَلَّفَ فِيْ حَدِيْثٍ صَحِيْحٍ اَنَّهٗ يَتَيَمَّمُ لِكُلِّ فَرِيْضَةٍ تَيَمَّمَ جَدِيْدًا بَلْ اَمَرَ بِهٖ مُطْلَقًا وَاَقَامَهٗ مَقَامَ الْوُضُوْءِ یعنی نہین پایا ہمنے کسی حدیث مین کہ حضرت تیمم کرتے تھے واسطے ہر نماز کے بلکہ حکم کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تیمم کا مطلقا اور قائم کیا اوسکو مقام وضو کے انتہی اور روایت کیا امام ابو حنیفہ نے حماد سے اونھون نے ابراہیم سے ایسا ہی اور یہی قول ہی حسن اور عطا کا **ص** جو چیز کہ وضو کو توڑتی ہی تیمم کو بھی توڑتی ہی اور پانی پانا اتنا کہ اوسکی طہارت کو کافی ہو تیمم کو توڑتا ہی تو اگر اوس شخص نے موافق وضو کے پانی پایا اور وضو نکیا اور پھر پانی نملا تو پہلا تیمم اوسکا ٹوٹ گیا اب دوسرا تیمم کرے اور جنب نے اگر تمام بدن کو دھویا مگر پیٹھ اوسکی باقی رہی اور پانی ہو چکا بعد اوسکے حدث ہو گیا اور دونون حدث کے لیے ایک تیمم کیا بعد اسکے اتنا پانی پایا کہ وضو اور پیٹھ دونون کے دھونے کو کفایت کرتا ہی تیمم دونون حدثون کا باطل ہو گیا اور اگر اتنا ہی کہ نہ وضو کو کفایت کرتا ہی نہ پیٹھ دھونے کو تیمم دونون حدثون کا باقی رہا اور اگر فقط غسل کو کفایت کرتا ہی غسل کے حق مین تیمم ٹوٹ گیا اور وضو کے حق مین باقی ہی یا فقط وضو کے لیے کفایت کرتا ہی پیٹھ دھونے کو کفایت نہین کرتا ہی وضو کے حق مین تیمم ٹوٹ گیا اور غسل کے حق مین باقی ہی اور اگر اتنا پانی ہی کہ اوس سے فقط وضو ہو سکتا ہی یا فقط پیٹھ کا دھونا دونون نہین ہو سکتے تو پہلے پیٹھ کو دھوے جو اوس غسل مین باقی رہی تھی اب وہ جو تیمم واسطے حدث کے تھا امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ٹوٹ گیا اب پھر تیمم کرے اور امام ابی یوسف کے نزدیک وہی تیمم کافی ہی اور اگر اوسنے پہلے تیمم کر لیا حدث کا اور بعد اوسکے پیٹھ کو دھویا اسمین بھی دو روایتین ہین ایک روایت مین پھر تیمم کرے اور دوسری روایت مین وہ تیمم کافی ہو جاویگا اور اگر اوسنے اوس پانی سے پیٹھ کو نہ دھویا بلکہ پہلے وضو کیا جنابت کے حق مین اوسکا تیمم ٹوٹ گیا دونون روایتون مین اب پھر تیمم کرے اور اگر مصلی نے دو تیمم کیے تھے ایک واسطے جنابت کے اور دوسرا واسطے حدث کے اور پھر پانی

حسن بن عمارہ

حجاج بن ارطاۃ

عامر احول

پہلے وضو کیا جنابت کے حق مین اور پھر پانی ملا وضو کے حق مین

اگر اتنا پایا کہ دونوں کے لیے کافی ہو دونوں تیمم ٹوٹ جاوینگے اور اگر ایک کے لیے بھی کافی نہیں کہ تیمم نہ توڑیگا اور اگر دونوں میں سے ایک کے لیے کافی ہی پہلے جنابت کو دفع کرے اور باقی مسئلہ ہی صورتین ہین اور وہ ہی حکم ہین جیسا کہ اوپر گذرا اور اگر مصلی تیمم واسطے جنابت کے کیا اور پھر اوسکو حدث ہوا اور ابھی تیمم حدث کا نہین کیا ہی اور پانی پایا اگر دونوں کے واسطے کافی ہی جنابت تیمم ٹوٹ گیا اور غسل اور وضو کرے اور اگر اتنا پانی ہی کہ کسیکے واسطے نہین جنابت کا تیمم باقی رہا اور حدث کے واسطے تیمم کرے اور مستحب یہ بات ہی کہ اوس پانی سے جتنی بیٹھہ دھوئی جاوے دھووے تاکہ جنابت کم ہووے ف چلپی نے اس مقام پر لکھا ہی کہ یہ پاک پانی کا ضائع کرنا ہی جواب اسکا یہ ہی کہ ضائع کرنا نہین ہی کیونکہ اگر شاید آگے جاکے اوسنے پھر تھوڑا سا پانی پایا کہ بقیہ بیٹھہ کو کفایت کرتا تو جنابت اوسکی ادا ہو جائیگی تو اگر پہلے پانی سے بیٹھہ نہ دھولیتا تو یہ پانی کفایت نہین کرتا فَتَأَمَّلْ فِيهِ ص اور اگر اتنا پانی پایا کہ بیٹھہ کے واسطے کافی ہی دھووے اور جنابت کا تیمم ٹوٹ جاویگا اور حدث کے واسطے تیمم کرے اور اگر بیٹھہ کو کافی نہین وضو کو کافی ہی وضو کرے اور جنابت کا تیمم باقی رہیگا اور اگر دونون مین سے ایک کے لیے کافی ہی تو جنابت مین سے جو باقی ہی اوسکو دھووے اور حدث کے واسطے تیمم کرے اور اگر وضو کر لیا جائز ہی اور تیمم جنابت کا پھر کرے اور اگر پانی اوسنے موافق اوس جگہہ کے دھونے کے پایا لیکن پہلے اوسنے حدث کا تیمم کیا بعد اوسکے بیٹھہ دھوئی اب پھر تیمم حدث کا کرے یا نکرے اسمین دو روایتین ہین بعض روایات کی روایت مین پھر تیمم حدث کا کرے اور اصل روایت مین پھر نکرے اور اگر اوسکے بدن یا کپڑے پر ایک درم سے نجاست زیادہ ہووے تو پہلے نجاست کو دھووے اور جنابت کے لیے تیمم کرے مسئلہ اگر ایک شخص نے ایک جماعت کو کہ تیمم کرتی تھی پانی مباح کر دیا مثلاً کہا کہ ای جماعت تیمم کرنے والی یہ پانی تمھارے واسطے مباح ہی جو نسا شخص تم مین سے چاہے اس سے وضو کرے اور وہ پانی ایک شخص کے وضو کے موافق ہی سب کا تیمم باطل ہو جاویگا تو اوس صورت مین جب ایک شخص اوس سے وضو کریگا سب لوگ پھر اپنا تیمم دوبارہ کرینگے کیونکہ ہر شخص کو اکیلے اکیلے قدرت پانی پر ہو گئی تھی اور اگر کہے کہ اتنا پانی ہینے تم سب کو دیا اور انھون نے لیا تو کسی کا تیمم نہ جاویگا کیونکہ اوس پانی مین سب کا حصہ ہی اور اتنا پانی نہین جو سب وضو کرین تو گویا سبنے پانی موافق اپنی طہارت کے نپایا پھر اگر وہ سب مل کے سارا پانی ایک شخص کو دیدین امام اعظم رح کے نزدیک تیمم اوسکا باطل نہوگا اور صاحبین کے نزدیک باطل ہو جاویگا اور تفصیل اصل کتاب مین ہی اگر تیمم کرنے والا مرتد یعنی کافر ہو جاوے معاذ اللہ تو تیمم اوسکا نہ ٹوٹیگا تو اگر پھر اسلام لائے تو تیمم اوسکا باقی ہو اوس تیمم سے نماز درست ہی اگر کسی شخص کو امید پانی ملنے کی ہو مستحب ہی اوسکو نماز کا تاخیر کرنا اور جب اول وقت مین اوسنے نماز تیمم سے پڑھلی اور پھر پانی پایا اور وقت باقی ہی پھر نماز کا اعادہ نکرے اور اگر گمان ہو کہ پانی یہان سے ایک غلوہ یا ڈھنا پانی کا واجب ہو جاویگا اور غلوہ تین سو قدم سے چار سو قدم تک کا ہوتا ہی اور امام ابی یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہی کہ اگر پانی اتنا دور ہو کہ پانی لانے سے قافلہ غائب ہو جاویگا تیمم جائز ہی اور صاحب محیط نے اوسکو اچھا کہا ہی اور اگر مسافر کے اسباب مین پانی ہووے اور وہ بھول جاوے اور تیمم سے نماز پڑھے پھر پانی یاد آوے اور اگرچہ وقت موجود ہو نماز پھر نہ پڑھے اور امام ابی یوسف کے نزدیک پھر پڑھے اور یہ اختلاف اوس صورت مین ہی کہ اوسنے پانی کو خود یا غیر نے اوسکے حکم سے رکھا ہو اور جسکو غیر نے بغیر حکم اوسکے رکھا ہی بعضون نے کہا تیمم اوسکو سب کے نزدیک جائز ہی اور بعضون نے کہا کہ اس صورت مین بھی اختلاف ہی ایسا ہی لکھا ہی ہدایہ مین اور اگر وضو کا مانع بندون کی طرف سے ہووے تیمم جائز ہی جیسے مسلمان کافرون کے قبضے مین ہون اور وہ وضو سے منع کرین یا قید مین ہون اور اگر کسی شخص نے مصلی سے کہا کہ اگر

تو نے وضو کیا تو قتل کرونگا تیمم اوسکو جائز ہی مگر جب وہ شخص چلا جاوے اور مانع جاتا رہے نماز کو پھر وضو سے پڑھنا چاہیے ایسا ہی ہے سیر

باب مسح موزون کے بیان مین

مسح موزے کا احادیث سے جائز ہی یعنی ثابت ہی اور قرآن شریف سے دھونا پیر کا ثابت ہی اور اس باب مین حدیثین بہت آئی ہین صحیح مسلم مین حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسافر کے واسطے مسح کی مدت تین دن اور تین رات مقرر کی اور مقیم کے واسطے ایک دن اور ایک رات اور صحیح ابن خزیمہ مین حضرت ابوبکر سے بھی ایسا ہی مروی ہی اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے علامات اہل سنت مین مسح خفین کو داخل کیا ہی اور عقائد مین درج کیا ہی فرمایا وَنَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ فِي السَّفَرِ وَالْحَضَرِ یعنی مسح کرتے ہین ہم اوپر موزون کے سفر اور حضر مین اور کہا امام صاحب نے کہ نہین جکم کیا مینے ساتھ مسح کے یہان تک کہ آیا میرے پاس مانند روشنی دن کے اور ایسا ہی سب ائمہ سے مروی ہی اور اتفاق کیا اسپر ائمہ اربعہ نے اور جو مسح موزے کا جائز نہین رکھتا وہ بدعتی ہی اور اس باب مین قریب تیس صحابیون سے روایت ہی اور متواتر المعنی بعض لوگون نے اس حدیث کو گنا ہی تفصیل اسکی حاشیہ شیخ ابن الہمام وغیرہ مین کوری جسکا جی چاہے ملاحظہ کرے اور یہان بسبب اختصار کے ترک کیا **ص** بے وضو کو واسطے حدث کے موزے پر مسح درست ہی مگر یہ کہ جنب ہو تو مسح جائز نہین **ف** کیونکہ روایت ہی صفوان بیٹے عسال سے کہا کہ تجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے تھے ہمکو جبکہ ہوتے ہم سفر مین یہ کہ نہ اوتارین موزون اپنے کو تین رات اور تین دن تک مگر جنابت سے اور نہ اوتارین پیشاب اور پیخانے اور سونے سے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی رحمہما اللہ **ص** اور صورت اوسکی یہ ہی کہ جنب نے تیمم کیا بعد اوسکے اوسکو حدث ہوا اور اوسکے پاس وضو کے موافق پانی ہی اوسنے وضو کرکے موزہ پہنا بعد اوسکے موافق غسل کے پانی پایا اور غسل نکیا اور پھر پانی نہ ہوا پھر پانی مقدار وضو کے پایا سو اوسنے تیمم کیا واسطے جنابت کے تو اگر احدث کرے تو وضو کرے اور موزہ اوتارے اور پھر دھووے واسطے کہ جنب کو مسح جائز نہین اور سنت مسح موزہ مین یہ ہی کہ تین انگلیون سے ہاتھ کی کشادہ کرکے پانون کی انگلیون کے سرے سے پنڈلی تک تین خط موزے پر کھینچے اور اگر انگلیان کشادہ نکین مگر تین انگلیون سے مسح کیا جائز ہوا اور اگر پہلے ایک انگلی تر کی اور مسح کیا اور پھر تر کی اور مسح کیا اور پھر تر کی اور مسح کیا اور تینون بار علیحدہ علیحدہ جگہہ پر مسح کرے تو درست ہی لیکن اگر تینون بار ایک ہی جگہہ کھینچا درست نہین اور اگر انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے مسح کیا جائز ہی اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ مسح موزے سے پوچھے گئے فرمایا آپنے ہاتھ کی انگلیون کو سر موزہ پر رکھے مع ہتیلی کے بغیر ہتیلی کے پنڈلی تک کھینچ لے اور اگر انگلیون کے سرے سے مسح کیا درست نہین مگر جب کہ موزہ اتنا تنگ ہو کہ جتنا واجب ہی تو جائز ہی اسی طرح لکھا ہی محیط مین اور ذخیرے مین لکھا ہی کہ اگر انگلیون سے قطرے بہتے ہون درست ہی اور مسح سنت ہی ہتیلی سے اور اگر ہتیلی کی پشت سے مسح کیا جائز ہوا اور پیر کی انگلیون کی طرف سے مسح شروع کرنا سنت ہی لیکن اگر پنڈلی سے شروع کریگا درست ہو جاویگا اور اگر مسح کو بھول گیا اور موزہ کا پانی اوسکے موزے کی پیٹھ پر پڑا مسح درست ہو گیا اور اسیطرح اگر سر کا مسح بھول گیا اور پانی اوسکے سر پر پڑا مسح درست ہوا اور اگر گھاس مین چلا اور ظاہر موزے کا تر ہو گیا اگر یہ تینون سے نہ ہو درست ہی اور یہی صحیح ہی اور مسح ظاہر موزے پر کرے **ف** ظاہر موزے سے مراد پشت موزہ ہی اور باطن سے مراد نیچے موزے کے ہی جیسا کہ احادیث صحیحہ مین وارد ہوا ہی اور روایت کیا ابوداؤد نے حضرت مرتضی علی رضی اللہ عنہ سے کہ انھون نے فرمایا کہ اگر کاروبار دین کا عقل پر ہوتا نیچے موزے کا اولی تھا مسح کرنے مین اوپر اوسکے سے اور امام شافعی اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک

اوپر موزے کے مسح کرنا واسطے ادائے فرض کے ہی اور نیچے موزے کے واسطے ادائے سنت کے ہی اور جو حدیث اس باب میں مغیرہ بن شعبہ
رضی اللہ عنہ سے وارد ہی کہ وضو کرایا مینے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو غزوۂ تبوک مین سو مسح کیا آپنے اوپر موزے کے اور نیچے اوسی
موزے کے روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث معلول ہی اور اتصال اوسکی سند کا
مغیرہ تک ثابت نہین ہوا کہا ترمذی نے پوچھا مینے بخاری اور ابو زرعہ سے اس حدیث کو دونو نے کہا کہ یہ حدیث صحیح نہین ہی
اور ابو داود نے بھی اسکو ضعیف کہا ہی اور بعض طریقون مین امام احمد اور ابو داود کے علی ظاہرھما کا لفظ واقع ہی یعنی مسح کیا
اوپر اون موزون کے **ص** اور موزہ اوسے کہتے ہین جو ٹخنے کو چھپاوے اور پیر کی جو چھوٹی انگلیان ہین اوسمین سے اگر تین انگلیان
کے برابر پیر ظاہر ہوگا مسح درست نہین اور اگر اوس سے کم ہی درست ہی اور اگر موزہ ڈھیلا ہی کہ اوپر سے دیکھنے مین پانو نظر آتا ہی
مسح اوسپر جائز ہی اور جرموق اوسے کہتے ہین جو موزے کے اوپر پہنے جاتے ہین واسطے حفاظت موزے کے
کیچڑ اور نجاست وغیرہما سے تو اگر چمڑے کے ہین یا مانند اوسکے اوپر مسح جائز ہی اگرچہ فقط جرموق ہون اور موزہ اوسکے نیچے نہو
اور اگر کپڑے کے ہین یا مانند اوسکے تو اگر اونکے تئین اکیلے بغیر موزون کے پہنا ہی مسح جائز نہین اور اسی طرح اگر موزے بھی اوسکے نیچے
ہون تب بھی جائز نہین لیکن اگر تری اوسکی موزے کو پہونچ جاتی ہی تو مسح جائز ہی تو اگر جرموق چمڑے کے ہین یا مانند اوسکے اور موزون پر
مسح کرکے بعد حدث کے اونکو موزے پر پہنا مسح اوپر درست نہین موزے پر کرے اور اگر قبل حدث کے اونکو پہنا اور مسح کیا اوپر پھر جرموق کو تو اتار ڈالا
اور موزون کو نہ اوتارا موزون پر پھر مسح دوبارہ کرے اور دو تہ کے موزے پر اگر مسح کیا بعد اوسکے ایک تہ کو اوتارا دوسری تہ پر پھر
مسح کرنا واجب نہین ہی اور اگر ایک پیر کے جرموق کو اوتارا اوسکے موزے پر مسح کرے اور دوسرے پیر کے جرموق پر پھر دوبارہ مسح کرے
اور امام ابی یوسف سے مروی ہی کہ دوسرا جرموق بھی اوتار ڈالے اور مسح کرے دونون پیر کے موزون پر **ف** مسح جرموق پر اوسطے
درست ہی کہ روایت کیا امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے بلال رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تھے اور مسح کرتے تھے
عمامے اور جرموقون پر **ص** اور جورب پر مسح درست ہی اگر سخت ہو اور بغیر باندھنے کے تھم سکے اور نیچے اونکے چمڑا لگا ہوا یا تمام
چمڑے کا ہووے تو اگرچہ بغیر باندھے تھم سکتے ہین لیکن چمڑا اوسمین نہین لگا امام ابو حنیفہ کے نزدیک مسح اوپر درست نہین ہی اور صاحبین
کے نزدیک درست ہی اور مروی ہی کہ امام صاحب نے رجوع کیا صاحبین کے قول کی طرف اور فتوی صاحبین کے قول پر ہی رحمہم اللہ اجمعین
ف جورب اوسکو کہتے ہین کہ موزے پر بسبب حفاظت سردی کے پہنا جاتا ہی یا اور کسی کے لیے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک
جورب پر مسح درست نہین اور روایت کیا احمد اور ترمذی اور ابو داود اور ابن ماجہ نے مغیرہ بن شعبہ سے کہ مسح کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
جوربون پر اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بھی جورب پر مسح جائز ہی اور یہ حدیث حجت ہی امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ پر اور روایت کیا
امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے مانند اوسکے اور ابو داود نے بھی اور حدیث ابی موسی اشعری رضی اللہ عنہ کی کہ حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے مسح کیا جوربون پر ضعیف ہی کیونکہ اسناد مین اوسکی عیسی بیٹے سنان کے ہین ضعیف کیا اونکو احمد اور ابن معین
اور ابو زرعہ اور نسائی وغیرہم نے سنن ابی داود مین ہی کہ مسح کیا جوربین پر حضرت علی اور ابن مسعود اور براء بن عازب اور انس
بن مالک اور ابو امامہ اور سہل بن سعد اور عمرو بن حریث رضی اللہ عنہم اجمعین وغیرہم نے اور روایت کیا گیا ہی حضرت عمر اور ابن عباس
رضی اللہ عنہما سے بھی **ص** اور مسح موزہ اوسوقت درست ہی کہ بعد پہننے کے وقت حدث کے طہارت تمام ہووے تو اگر اوسنے

وضو خیر ترتیب کیا جیسے پہلے دونوں پیر دھوکے موزہ پہنا بعد اوسکے باقی اعضا دھوئے بعد اوسکے حدث لاحق ہوا پھر اوسنے وضو کیا یا ترتیب سے وضو کیا تو داہنے پیر کو دھوکے موزہ پہنا اور دوسرے پیر کو دھوکے دوسرا موزہ پہنا بعد اوسکے حدث ہوا تو دونوں صورتین مسح جائز کی پہلی صورت مین وقت پہننے موزے کے طہارت اوسکی تمام نہ تھی اور دوسری صورت مین وقت پہننے داہنے موزے کے لیکن وقت حدث کے دونون صورتون مین طہارت اوسکی پوری ہی **ص** اور مسح جائز نہین ہی عمامے اور ٹوپی اور برقع اور دستانون پر **ف** امام محمد رحمۃ اللہ نے موطا مین لکھا ہی کہ کہا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے کہ پونہچا ہمکو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کہ اونسے پوچھا لوگون نے مسح عمامے سے کہا انھون نے جائز نہین ہی یہان تک کہ مسح بالون کا کرے اور اسی سے اخذ کیا ہمنے اور یہی ہی قول امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کا اور نافع کہتے ہین کہ مینے صفیہ بنت ابی عبید بیوی عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وضو کرتی تھین اور کھینچتی تھین اوڑھنی اپنی اور مسح کرتی تھین سر پر اور پونہچا ہی ہمکو کہ اول مین مسح اوپر عمامے کے جائز تھا اور اب منسوخ ہوگیا اور یہی ہی قول ابی حنیفہ رضی اللہ عنہ کا اور اکثر فقہا ہمارے کا اور ہشام بن عروہ سے روایت ہی کہ دیکھا انھون نے اپنے باپ کو کہ اوٹھاتے تھے عمامہ سر سے اور مسح کرتے تھے سر پر اور دستانون کو بھی عمامے وغیرہ پر قیاس کرنا چاہیے اور وہ جو مغیرہ کی حدیث مین ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسح کیا اوپر عمامے کے منسوخ ہی اور دلیل نسخ کی قول صحابہ اور تابعین ہی رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین اور کلام اللہ مین ہی **وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ** یعنی مسح کرو اوپر سرون اپنے کے **ص** اور فرض مسح موزے مین برابر تین انگل کے ہین ہاتھ کے اور اس سے زیادہ فرض نہین اور نیت وغیرہ مسح مین فرض نہین **ف** ہدایہ مین یہ روایت ہی مغیرہ بن شعبہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھے دونون ہاتھ اپنے اوپر دونون موزون اپنے کے اور کھینچا اونکو اونگلیون سے اوپر تک ایک بار اور گویا کہ مین نظر کرتا طرف نشان مسح کے اوپر موزے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ کئی خط تھے اونگلیون کے **ص** اور مدت مسح کی مقیم کو وقت حدث سے ایک رات اور ایک دن ہی اور مسافر کو تین دن اور تین رات **ف** مثال اسکی یہ ہی کہ مثلا ایک شخص نے ظہر کو وضو کیا اور موزے پہنے بعد اوسکے عصر کے وقت حدث ہوا تو اب مدت عصر کے وقت سے لی جائیگی حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مدت مین قبل مذکور ہوئی اور اور حدیثین بھی اس باب مین آئی ہین اور اکثر احادیث کا یہی مضمون ہی کہ مسافر کے واسطے مدت مسح کی تین دن اور تین رات ہی اور مقیم کے واسطے ایک دن اور ایک رات اور ایک روایت ہی امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے کہ مسح جب تک چاہے کرے یعنی کچھ مدت نہین مگر جنابت سے اوتارے اور یہی قول ہی ابن وقاص کا اور دلیل پکڑتے ہین اوس سے جو روایت کیا حاکم نے انس رضی اللہ عنہ سے اور کہا صحیح ہی تحقیق کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے تم مین سے اپنے موزے پہنے سو نماز پڑھی اون دونون موزون مین اور مسح کرے اوپر اور نہ اوتارے اگر چاہے اونکو مگر جنابت سے اور ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو تین دن کی مدت پر حمل کیا ہی اور وہ جو ابن ماجہ اور ابو داود نے روایت کیا ہی ابی بن عمارہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انھون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ مسح کرون مین موزون پر فرمایا ہان کہا ایک دن فرمایا اور دو دن کہا اور تین دن یہان تک کہ پونہچے سات دن تک سو ابو داود رحمۃ اللہ علیہ نے ذیل حدیث مذکور مین لکھا ہی **وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي إِسْنَادِهِ وَلَيْسَ هُوَ بِالْقَوِيِّ** یعنی تحقیق اختلاف کیا گیا ہی اسناد مین اوسکی اور وہ قوی نہین دوسرے یہ کہ مخالف ہی روایت اکثر صحابہ رضوان اللہ علیہم مثل حضرت علی اور ابی بکرہ اور صفوان بن عسال رضی اللہ عنہم سے اگر کوئی کہے کہ حدیث انس رضی اللہ عنہ کی جسکو حاکم نے صحیح کیا ہی اور دارقطنی نے بھی اوسکو روایت کیا ہی معتبر ہی جواب اوسکا یہ ہی کہ وہ حدیث محمول ہی تین دن کی

مدت پر جیسا کہ گذرا **ص** جو چیز کہ وضو کو توڑتی ہی مسح کو بھی توڑتی ہی **ف** کیونکہ پیر دھونا ایک جزو ہی وضو کا اور اوسکا یہ قائم مقام ہی تو جس سے وضو ٹوٹیگا یہ بھی ٹوٹیگا **ص** اور نکالنا موزے کا بھی مسح کو توڑتا ہی اور پھر دونون پیر کا دھونا واجب ہوگا کیونکہ جمع غسل اور مسح مین نہین درست ہی اور جو موزے کے اندر پانی چلا جاوے اور تمام پیر بھیگ جاوے مسح ٹوٹ جاتا ہی اور فقیہ ابو جعفر کے نزدیک اگر اکثر پیر بھیگ جاوے مسح ٹوٹ جاویگا اور جب مدت مسافر اور مقیم کی تمام ہو جاوے دھونا پیر کا اوسپر فقط واجب ہوگا اگر وہ باوضو ہی اور اگر بے وضو ہی تو سارا وضو کرے اور باہر نکلنا اکثر قدم کا موزے سے مسح کو توڑتا ہی اور یہی لفظ قدوری کا ہی اور متن مین جو لکھا ہی کہ نکلنا زیادہ ایڑی کا طرف سے پنڈلی کے مسح کو توڑتا ہی مروی ہی امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے اور اگر موزہ موافق تین اونگلی چھوٹی کے پھٹ جاوے اور پیر اتنا ہی موزے سے کھل جاوے مسح جائز نہین اور اس سے اگر کم پھٹا ہو تو درست ہی اور اگر لنبا پھٹا ہی کہ اوسمین تین اونگلیان برابر سما جاتی ہین لیکن اتنا کھلتا نہین مسح درست ہی اور اگر ملا ہوا ہی لیکن چلنے کے وقت اتنا کھل جاتا ہی مسح درست نہین اور جو موزہ رسی وغیرہ سے بنا ہوا ورنیچے سے ٹخنا کھلا ہوا گر سوت وغیرہ سے باندھ لیا جاوے اسطرح پر کہ کچھ اوسمین سے کھلا نہین رہتا تو اوسپر مسح درست ہی اور اگر کھلا رہتا ہی تو اگر مقدار تین اونگلی کے یا زیادہ کھلا ہوگا مسح درست نہین ورنہ درست ہی اور اگر ایک موزے مین بہت جگہہ پھٹا ہو کہ جمع کرنے سے تین اونگلی کے موافق ٹھہرے تو اوسپر مسح درست نہین اور اگر دونون موزے پھٹے ہون اور دونون جمع کرکے اسقدر ٹھہرے تو مسح درست ہی اور اگر مقیم موزے پر مسح کیا اور ایک دن رات گذرنے سے پہلے مسافر ہوا تین رات دن کے بعد اوتارے اور اگر ایک دن ایک رات گذرنے کے پہلے مقیم ہوا ایک دن اور ایک رات کے بعد اوتارے اور اگر مسافر بعد ایک رات اور ایک دن کے مقیم ہوا یا مقیم مسافر ہوا موزے کو پیر سے اوتار کے پھر پیر دھو کے مسح شروع کرے

فصل پٹی پر مسح کرنے کے بیان مین

پٹی پر مسح درست ہی اگرچہ وقت حدث کے باندھی ہوا اور پٹی کا کھولنا مسح کو باطل نہین کرتا ہی مگر جبکہ زخم اچھا ہوگیا ہو **ف** پٹی پر مسح کرنے کا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم کیا تھا روایت کیا ہی اسکو ابن ماجہ نے اور سند اسکی بہت ضعیف ہی اور اسواسطے کہ موزے کے اوتارنے سے زیادہ اوسپر پانی ڈالنا ضرر کرتا ہی اور جب موزے کا مسح درست ہوا تو پٹی کا بھی درست ہوگیا اور اگر زخم اچھے ہونے کے بعد پٹی گری تو اوس مقام کا دھونا فرض ہوویگا پھر اگر اوسکا وضو ہووے تو فقط اوسی مقام کو دھو ڈالے **ص** پھر اگر مسح کرنا پٹی پر ضرر کرے تو ترک کرنا اوسکا درست ہی **ف** کیونکہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک شخص کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین سر مین زخم لگا تھا اور اوسکو احتلام ہوا تو حکم کیا گیا غسل کا تو اوسنے غسل کیا اور اکڑ کے مر گیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اوسکی خبر پونہچی کہا عطا نے کہ پونہچا ہمکو کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کاش وہ تیمم کر لیتا تمام بدن اپنا اور چھوڑ دیتا سر اپنا جس جگہہ اوسکو زخم لگا تھا روایت کیا اسکو ابن ماجہ وغیرہ **نص** اور اگر ضرر نکرے تو اوسمین کئی روایتین ہین امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جائز ہی ترک کرنا اوسکا اور فتوی اسپر ہی کہ ترک کرنا درست نہین اور اسمین کچھہ شرط نہین ہی کہ پٹی طہارت کے وقت باندھی ہو اگرچہ بے طہارت کے باندھی ہو تو بھی درست ہی خواہ حدث ہو یا جنابت جیسا کہ گذرا بوشیدہ نہ رہے کہ مسح پٹی پر جب درست ہی کہ جب مسح اوس عضو کا نکر سکے جیسا کہ دھو نہین سکتا اسطرح پر کہ پانی اوسکو ضرر کرتا ہی یا پٹی بندھی ہی اور کھولنے مین اوسکے ضرر کا خوف ہی تو اگر عضو کے مسح پر قادر ہووے گا پٹی پر مسح جائز نہین **ف**

اسواسطے کہ یہ مسح بسبب عذر کے ہی اور جب عذر نہو دیگا تو مسح بھی جائز نہوگا **ص** اگر اعضا اصلی کے پٹے ہون اور اونکے دھونے سے عاجز ہووے پانی بہانا اوسپر لازم ہی تو اگر بہا نہ سکے تو اوسی جگہہ کا مسح کرلیوے اور اگر مسح سے بھی عاجز ہووے اوتنا چھوڑدیوے اور گرداوسکے دھولیوے **ف** دلیل اسکی حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ کی ہی جو اوپر گذری **ص** اور اگر ہاتھہ اوسکے پہنچے تین کہ خود وضو نہین کرسکتا دوسرے سے کرواوے تو اگر دوسرے سے اوسنے نکرایا اور تیمم کرلیا جائز ہی اور صاحبین کے نزدیک درست نہین اور اگر اوسنے پیر کی پوائی کی جگہہ پر دوائی لگائی ہی پانی کو دوا پر گذار دیوے اور اگر پانی بہایا اور پھر دوا گر پڑی اگر تندرستی سے گری ہی اوس مقام کو پھر دھولیوے اور اگر تندرستی سے نہین گری ہی تو نہ دھووے اور اگر کسی شخص نے فصد لی اور گدی رکھکے اوسکے اوپر پٹی باندھی بعض لوگون کے نزدیک پٹی پر مسح درست نہین بلکہ گدی پر کرے اور بعضون کے نزدیک اگر پٹی ایسی ہووے کہ بغیر دوسرے کے آپ باندھ سکے تو مسح اوسپر جائز نہین اور اگر آپ نہین باندھ سکتا جب تک دوسرا شخص نہ باندھے تو پٹی پر مسح جائز ہی **ف** اسواسطے کہ مسح اوسطے عذر کے ہی اور جب پٹی آپ کھولتا ہی اور آپ باندھ سکتا ہی تو پٹی اوتارنے مین عذر نہین اور اگر آپ باندھ نہین سکتا تو اوس جگہہ عذر پایا جاویگا تو مسح بھی درست ہووے گا **ص** اور بعضون کے نزدیک اگر پٹی کھولنے سے اور اوسکے نیچے مسح کرنے سے حرج ہووے اور زخم کو کچھہ ضرر پونہچے تو مسح پٹی پر جائز ہی اور اگر ضرر نہین تو پٹی پر مسح درست نہین **ف** اور یہی قول مختار ہی **ص** اگر کھولنا پٹی کا ضرر نہین کرتا لیکن بمقام جراحت سے اوتارنا ضرر کرتا ہی کھولے اور اوسکے نیچے کو بمقام جراحت تک دھووے اور پھر باندھلیوے اور بمقام جراحت کا مسح کرلے اور اکثر مشائخ اسپر ہین کہ پٹی پر مسح درست ہی اور گرد دو گرہ پٹی کے اگر بدن کھلا ہی مسح اوسپر درست ہی کیونکہ دھونے مین خوف اس بات کا ہی کہ پٹی تر ہووے اور تری اوسکی زخم تک پونہچے **ف** جو پٹی کہ گدی پر باندھی جاتی ہی اوسکو عصابہ بھی کہتے ہین **ص** اور تمام پٹی اور عصابے کا مسح کرنا چاہیے حسن کی روایت مین امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے اور بھی مذکور ہی اسرار مین اور بعضون کے نزدیک اگر پٹی اور عصابے کا اکثر مسح کرلیا تو بھی درست ہی اور اگر پٹی اور عصابے پر مسح کرلیا اور پھر اونکو اوتارا اور پھر باندھلیا مسح پھر کرے اور اگر مسح نکریگا تو بھی درست ہی اور اگر اوسکی جگہہ دوسری پٹی یا عصابہ باندھے بہتر یہ ہی کہ پھر مسح کرے اور اگر نکریگا تو بھی درست ہی اور تین بار مسح کرنا پٹی یا عصابے کا کچھہ ضرور نہین بلکہ ایکبار کافی ہی اور پٹی کے مسح کے واسطے کچھہ مدت نہین جیسا کہ مسح موزے کیواسطے ہی تو اگر پٹی گر پڑی لیکن اچھے ہونے سے گری ہی اوس جگہہ کا دھونا واجب ہی خاص کر اور اگر بے اچھے ہوئے گری تو مسح باطل نہوویگا بخلاف مسح موزے کے کہ اگر ایک موزے کو اوتار لیا تو دونون پیر کا دھونا واجب ہوا

باب حیض کے بیان مین

تین خون خاص ہین عورتون کے ساتھہ حیض اور استحاضہ اور نفاس اور حیض اوس خون کو کہتے ہین جسکو رحم عورت بالغہ کا جھاڑتا ہی اور عورت بالغہ نو برس مین ہوتی ہی بغیر کسی بیماری کے اور سن ناامیدی کو بھی نہ پونہچی ہووے تو جو خون رحم سے نہوویگا حیض نہین اور اسی طرح جو خون نو برس کے قبل آویگا اور ایسا ہی جو بیماری سے آویگا اور جو خون ہمیشہ جاری ہی بعض خون حیض ہوویگا اور بعض بیماری سے اور جو خون بعد جتنے کے عورت کو آتا ہی اوسکو نفاس کہتے ہین وہ بھی حیض مین داخل نہین اور صحیح یہ ہی کہ حیض بعد سن ایاس کے نہین ہوتا **ف** ایاس کے معنی ناامیدی کے ہین تو گویا اوسمین حیض سے ناامیدی ہوجاتی ہی **ص** اور سن ایاس بعض کے نزدیک ساٹھہ برس ہین اور بعضون کے نزدیک پچپن برس اور یہی تجویز کیا ہی مشائخ بخارا اور خوارزم نے **ف** بخارا اور خوارزم نام شہرون کے ہین

ص تو جو خون عورت بعد اس سن کے دیکھے وہ ظاہر مذہب مین حیض نہین **ف** جیسی حاشیۂ شرح وقایہ مین ہی کہ فتوی ہمارے زمانے مین اوپر اسکے ہی کہ بعد پچپن برس کے حیض نہین اور یہی قول ہی حضرت عایشہؓ اور سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کا **ص** اور فتوی اسپر ہی کہ جب خون سیاہ یا سرخ دیکھے تو حیض ہی اور جسکا خاوند مرجاوے اور اوسکو حیض نہ آتا ہو تو چار مہینے دس دن اوسکی عدت ہی اگر وہ عورت آزاد ہی اور اگر لونڈی ہی تو دو مہینے اور پانچ دن سو اگر قبل تمام ہونے عدت کے اس عورت نے **ف** یعنی جو حیض سے ناامید ہوئی اور سن ایاس کو پونہچی ہو **ص** ایسا خون دیکھا عدت مہینون سے باطل ہوجاویگی اور بعد تمام ہونے عدت کے اگر ایسا خون دیکھا تو عدت باطل نہوگی اور اگر زرد یا سبز یا خاکی ہی تو وہ حیض مین استحاضہ ہی **ف** استحاضے کا آگے بیان آویگا **ص** اور کم مدت حیض کی تین دن ہین اور اکثر مدت دس دن ہین اور امام ابی یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک کم مدت دو دن اور اکثر تیسرے دن کا ہی اور نزدیک امام شافعی کے کم مدت ایک دن ایک رات اور اکثر مدت پندرہ دن **ف** حدیث مین ہی کہ کم مدت حیض کی واسطے عورت کے باکرہ ہو یا ثیب تین دن اور تین رات اور اکثر مدت دس دن اور جو زیادہ ہو وہ استحاضہ ہی روایت کیا اسکو دارقطنی نے ابی امامہ سے کہا دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ عبدالملک اسناد مین اسکی مجہول ہی اور علاء بن کثیر ضعیف ہی اور روایت کیا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ حیض تین دن اور چار اور پانچ اور چھ سات آٹھ دس دن ہین اور جب زیادہ ہوا اوس سے تو وہ استحاضہ ہی اور بسبب حسن بن دینار کے ضعیف کیا اوسکو اور حدیث مشہور ہی خالد بن ایوب سے اور روایت ہی موقوف انس رضی اللہ عنہ سے کہا ابن عدی نے حسن بن دینار مین کہ نہین دیکھا مین نے اوسکو منکر الحدیث مین بلکہ حدیثہا اوسکی قریب ضعف کے ہی اور روایت کیا دارقطنی نے عبدالعزیز دراوردی سے انھون نے عبیداللہ بن عمر سے انھون نے ثابت سے انھون نے انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انھون نے کہ عورت حائضہ دس دن تک اور جو زیادہ ہی وہ استحاضہ ہی اور روایت ہی عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے کہ نہین ہوتی ہی عورت مستحاضہ ایک دن اور نہ دو دن مین یہان تک کہ پونہچے دس دن کو سو وہ مستحاضہ ہی اور روایت کی عثمان بن ابی العاص ثقفی رضی اللہ عنہ سے کہا انھون نے کہ حائض جب تجاوز کرے دس دن کو تو وہ بمنزلہ مستحاضہ کے ہی غسل کرے اور نماز پڑھے اور عثمان یہ صحابی ہین اور روایت کی سعید بن جبیر سے کہا کہ حیض کے تیرہ دن ہین اور روایت کی مثل اسکے سفیان رضی اللہ عنہ سے اور روایت کی دارقطنی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی واثلہ بن اسقع سے انھون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کم مدت حیض کی تین دن ہی اور اکثر مدت دس دن ہی اور ضعیف کیا اسکو کہ محمد بن سنہال مجہول ہین اور روایت کیا ابن عدی نے کامل مین معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی حیض کم تین دن سے اور نہ اوپر ہی دس دن سے اور ضعیف کیا اوسکو محمد بن سعید شامی سے کہ وہ واضع الحدیث ہی اور روایت کیا اسکو عقیلی نے معاذ رضی اللہ عنہ سے اور ضعیف کیا اسکو محمد بن حسن صوفی سے کہ مجہول ہین اور روایت کیا ابن جوزی نے علل متناہیہ مین خدری رضی اللہ عنہ سے کہ کم مدت حیض کی تین دن ہین اور اکثر اوسکے دس دن اور کم مدت درمیان دو حیضون کے پندرہ دن ہین اور ضعیف کیا اسکو سلیمان نخعی نے ابوداؤد سے اور وہ واضع ہی حدیث کا اور یہ حدیث حجت ہی امام شافعی پر جامع ترمذی مین ہی کہ اختلاف کیا اہل علم نے مدت حیض مین بعضون نے کہا ہی کہ کم مدت تین دن اور تین رات ہین اور اکثر مدت دس دن اور یہی قول ہی سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ اور اہل کوفہ کا اور اسی سے اخذ کیا ہی ابن المبارک نے اور عطا جو تابعی ہین امام شافعی کے مذہب کی طرف گئے ہین باقی کوئی حدیث صحیح اس باب مین نہین آئی **ص** اور شروع حیض کا جیسے ہوتا ہی کہ خون فرج خارج تک آجاوے تو اگر کسی عورت نے فرج داخل کپڑا رکھا ہی

فائدہ عبدالملک

فائدہ حسن بن دینار

فائدہ علاء بن کثیر

فائدہ محمد بن سنہال

فائدہ محمد بن عبدالرحمن بیلمانی

فائدہ محمد بن حسن صوفی

فائدہ سلیمان نخعی

ف کرسف اوسکو کہتے ہین جو عورتین مقام حیض مین اپنے ایک کپڑا یا روئی کا ٹکڑا رکھتی ہین **ص** اور خون اوسکی جہت سے بند ہو یعنی فرج خارج تک نہین پونہچا ہی حیض متحقق نہوگا اور نماز کو نہ توڑیگا تو کرسف کے رکھتے وقت حیض جب متحقق ہوگا کہ خون فرج خارج سے کرسف تک آجاوے تو اگر فرج داخل کا کرسف سرخ ہوگیا اور فرج خارج کا سرخ نہین ہوا حیض متحقق نہوگا مگر جب کرسف اوٹھالیا جاوے تو اوٹھانے کے وقت سے مدت مقرر ہوگی اور یہی حکم ہی خون استحاضہ اور نفاس اور عورت کے پیشاب کا یعنی فرج خارج تک انمین سے کوئی آویگا تب سے حکم اوسکا متحقق ہوگا اور اگر مرد نے اپنی حلیل مین یعنی سوراخ ذکر مین روئی رکھی ہی حکم ہی اور قلفہ خارج مین داخل ہی **ف** قلفہ اوسے کہتے ہین جہان تک کہ ختنہ کیا جاتا ہی تو اوسمین اگر پیشاب آجاویگا نماز ٹوٹ جاویگی اگرچہ باہر نہ نکلے **ص** اور رکھنا کرسف کا بکر کو ایام حیض مین مستحب ہی اور ثیب کو ہر وقت اور مقام رکھنے کرسف کا مقام بکارت کا ہی اور فرج داخل مین رکھنا مکروہ ہی اور اگر کسی پاک عورت نے اول رات مین کرسف رکھا اور جب صبح ہوئی اوسپر اثر خون کا دیکھا حکم حیض کا خون دیکھنے کے وقت سے ثابت ہوویگا اور اگر عورت حائضہ نے کرسف رکھا اور جب صبح ہوئی سفیدی دیکھی تو حکم طہارت کا جس وقت سے رکھا تھا ثابت ہوگا اور جو طہر کہ دو حیضون کے بیچ مین واقع ہو مدت حیض مین اگر ہوگا تو حیض ہی اور جو رنگ کہ مدت حیض مین ہووے سفیدی خالص کے دیکھا سب حیض ہی **ف** حیض سے پاک ہونے کو طہر بولتے ہین اور بہت کم مدت طہر کی پندرہ روز ہین اور زیادہ کی حد نہین اور طہر متخلل کہتے ہین اوس پاکی کو جو عورت دو حیض کے بیچ مین دیکھے قبل تمام ہونے مدت حیض کے اور خون کے کئی رنگ ہین سب چھ رنگ علما نے بیان کیے ہین سرخ سبز سیاہ تیرہ رنگ اور مٹی کے رنگ سفید تیرہ رنگ اور مٹی کے رنگ مین یہ فرق ہی کہ تیرہ مین سفیدی مائل ہوتی ہی اور مٹی کے رنگ مین سیاہی تو حاصل مسئلے کا یہ ہی کہ عورت حائضہ ان چھ رنگ مین سے کوئی رنگ دیکھے وہ حیض ہی مگر سفید جب ہو تو وہ حیض نہین اور اب طہر متخلل کا بیان شروع ہوتا ہی تفصیل اوسکی ہمنے بیان نہین کی جو قول مفتی بہ ہی اوسکو ذکر کردیا اور باقی مطالب کو شرح عربی پر چھوڑا **ص** جو طہر کہ پندرہ دن سے کم ہووے جب دو خونون کے بیچ مین آوے تو اگر تین دن سے بھی کم ہی تو وہ سب کے نزدیک حیض ہی اور اگر تین دن پورے یا زیادہ ہین تو امام ابی یوسف کے نزدیک اور امام اعظم سے ایک روایت مین بھی حیض مین داخل ہی اور بعضون نے کہا ہی کہ اسی پر فتوی ہی کیونکہ اسمین آسانی ہی فتوی پوچھنے والے اور فتوی دینے والے پر **ف** ہدایے مین لکھا ہی وَاَخَذْنَا بِهٰذَا الْقَوْلِ اَیْسَرُ یعنی تمسک کرنا ساتھ اس قول کے آسان ہی اور یہی ہی آخر قول امام صاحب کا اور پانچ مذہب اسمین اور ہین امام محمد کی روایت امام صاحب سے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ابن المبارک کی روایت امام صاحب سے ابو سہیل کا قول حسن بن زیاد کی روایت امام صاحب سے اور تفصیل مین ان مذاہب کے خواص کا فقط فائدہ ہی عوام کا کوئی فائدہ متصور نہین ہوا سطے ترک کیا **ص** رنگ حیض کا اگر سرخ و سیاہ ہو تو سب کے نزدیک حیض ہی اور اسی طرح اگر خوب زرد ہووے تب بھی صحیح مذہب مین حیض ہی اور سبزی اور زردی ضعیف اور تیرگی اور خاکی ہمارے نزدیک حیض ہی **ف** اور فرق ان دونون مین بیان کرچکے اور بعض امامون کے نزدیک یہ سب رنگ حیض نہین دلیل اونکی یہ ہی کہ روایت کیا ابو داود اور بخاری نے ام عطیہ سے کہ کہا انھون نے ہم نہین گنتے ہین تیرگی اور زردی کو بعد پاکی کے کچھ یعنی حیض مین داخل نہین کرتے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے بھی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی ایسا ہی مروی ہی سنن ابن ماجہ مین اور ہدایے مین ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سوائے سپیدی کے سبکو حیض گردانا ہی اور جب حیض کے رنگ سے فارغ ہوئے تو اب حکم حیض کا بیان کیا جاتا ہی **ص** عورت حائضہ

نماز نہ پڑھے اور روزہ نہ رکھے اور جب پاک ہوجاوے تو روزے کی قضا رکھے اور نماز کی قضا نکرے **ف** کیونکہ حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا نہین جب کہ حائض ہوتی ہی عورت نہ نماز پڑھتی ہی نہ روزہ رکھتی ہی روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے اور روایت کیا ابوداود وغیرہ نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ ہم حکم کیے جاتے تھے ساتھ قضا کرنے روزے کے اور نہین حکم کیے جاتے تھے ساتھ قضا کرنے نماز کے اور بعض خوارج کے نزدیک نماز کا بھی قضا کرنا لازم ہی اور یہ مذہب مخالف احادیث مشہورہ اور مردود ہی **ص** اگر کسی عورت کو اخیر وقت نماز کے حیض آیا نماز اوسکے ذمے سے ساقط ہوگی اور اگر دس دن کے بعد پاک ہوئی آخر وقت مین نماز اوسپر واجب ہوگی اگرچہ وقت ایک لمحہ باقی ہو اور دس دن سے کم مین اگر پاک ہوئی تو اگر نماز کا اتنا وقت ہی کہ غسل اور تکبیر تحریمہ ہوسکتی ہی نماز واجب ہوگی اور اگر اس سے کم وقت ہی واجب نہوگی اور اگر روزہ دار عورت کو حیض آیا اور اگرچہ آخر وقت روزے مین ہوئے تو اگر روزہ فرض ہی قضا اوسکی واجب ہوگی اور اگر نفل ہی قضا اوسکی واجب نہوگی اور نماز مین اگر حیض آیا قضا اوسکی واجب ہی اگرچہ نفل ہی اور اگر حائضہ عورت رمضان مین دن کو پاک ہوئی اور کچھ کھایا وہ روزہ کافی نہوگا لیکن نہ کھانا اوسکو واجب ہی اور اگر رات کو دس دن کے بعد پاک ہوئی اوسکو کل کا روزہ رکھنا واجب ہوگا اگرچہ رات ایک لمحہ باقی ہوئے اور اگر دس دن سے کم مین پاک ہوئی تو اگر اتنی رات باقی ہی کہ غسل اور تکبیر تحریمہ کرسکتی ہی تو کل کا روزہ واجب ہوگا اور اگر اس سے کم ہی تو واجب نہوگا اور اگر اوتنا وقت رات مین باقی تھا اور اوسنے غسل نہین کیا روزہ اوسکا باطل نہوگا اور حائضہ کو درست نہین کہ مسجد مین آوے اور طواف خانہ کعبہ کا کرے **ف** اسواسطے کہ روایت ہی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ انھون نے کہا کہ جب آئے ہم سرف مین کہ نام ایک مقام کا ہی تو حائضہ ہوئی مین ہو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کر جو کرتے ہین حاجی لوگ سوا اس بات کے کہ نہ طواف کرخانہ کعبہ کا جب تک کہ پاک نہولے روایت کیا اسکو بخاری نے اور مسلم نے اور مسجد مین داخل ہونا اسواسطے منع ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ مصلے کو مسجد سے لیلے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ مین حائضہ ہون تو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حیض تیرا تیرے ہاتھ مین نہین ہی اور اسی واسطے کوئی چیز باہر سے لینا حائضہ کو مسجد سے درست نہی اور ہدایہ مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مین نہین حلال کرتا ہون مسجد کو واسطے جنب اور حائض کے روایت کیا اسکو ابوداود اور ابن ماجہ اور بخاری نے تاریخ مین اور طبرانی نے اور تضعیف کیا خطابی نے اس حدیث کو اور کہا کہ اسناد مین اسکی افلت بن خلیفہ عامری کوفی مجہول الحال ہی اور کہا ابن الرفعہ نے کہ وہ متروک ہی جواب اوسکا یہ ہی کہ ابن حزم کا قول صحیح نہین مردود ہی اور کسی امام حدیث نے ایسا بیان نہین کیا بلکہ کہا احمد نے کہ نہین دیکھتا ہون مین ساتھ اوسکے کچھ حرج اور صحیح کیا اوسکو ابن خزیمہ نے اور حسن کہا اوسکو یحیی بن قطان نے واللہ اعلم **ص** اور اگر طواف کرلیا حلال ہوجاوینگی **ف** یعنی وہ چیزین کہ وقت احرام سے حرام ہوجاتی ہین حلال ہوجاوینگی **ص** اور حائضہ کو ناف سے نیچے زانو تک چھونا درست نہین اور چھونے سے مراد یہ ہی کہ مباشرت کرے یا ران مین ران ملائے اور بوسہ لینا اور اوس مقام کے سوا کا چھونا درست ہی اور امام محمد کے نزدیک فقط مقام فرج سے پرہیز کرے اور باقی سب بدن سے استمتاع اور فائدہ لینا درست ہی **ف** کیونکہ روایت ہی زید بن اسلم سے کہا انھون نے کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ مجکو اپنی عورت سے کیا درست ہی جس حالت مین وہ حائضہ ہو سو فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے باندھ تو اوسپر ازار پھر تجکو اختیار ہی ازار کے اوپر کا اور وہ جو بعضون نے اس حدیث کو کہا ہی کہ یہ مرسل ہی تو جواب اوسکا یہ ہی کہ مرسل وقت

فائدہ

ثقہ ہون راویون کے مقبول ہی اور راوی اس حدیث کے سب ثقہ ہین روایت کیا اس حدیث کو امام مالک اور دارمی نے اور روایت ہی معاذ بن جبل سے کہ کہا مینے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی عورت سے مجکو وقت حیض کے کیا حلال ہی کہا کہ اوپر ازار کے اور باندھنا اس سے افضل ہی روایت کیا اسکو رزین نے اور محی السنہ نے کہا ہی کہ اسناد اسکا قوی نہین اور جماع کرنا عورت سے حالت حیض مین حرام اور گناہ کبیرہی بالاتفاق ممنوع ہی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ جماع کرے حائضہ سے یا کسی عورت کی دبر مین یا کسی کاہن کے پاس آوے اوس سے خبر پوچھنے کو سو اوسنے انکار کیا اوسکا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا اور صحیحین مین مروی ہی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ مین ازار باندھ لیتی تھی پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مجھسے مباشرت کرتے تھے اور مین حائض ہوتی تھی اور روایت کی امام مالک نے کہ عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہم نے ایک آدمی کو بھیجا حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا کے پاس کہ پوچھے اونسے کہ کیا مباشرت کرے مرد عورت اپنی سے اور وہ حائض ہو سو کہا عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ باندھے ازار اپنی پھر مباشرت کرے اگر چاہے اور ایک روایت مین ابو داود اور نسائی کی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مباشرت کرتے تھے عورتون اپنی سے اور وہ حائض ہوتی تھین جب اوپر اونکے ازار ہوتی تھی نصف رانون تک اور زانو تک اور ایسی ہی بہت روایتین صحیح اس باب مین آئی ہین اور روایت کی ابی داود نے عکرمہ رضی اللہ عنہ سے کہ انھون نے سنا بعض ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتے تھے عورت حائضہ سے کچھ ڈالتے تھے فرج پر اوسکی ایک کپڑا اور شاید اسی حدیث سے تمسک امام محمد صاحب کا ہی **ص** اور حائض اور جنب اور نفسا کو قرآن پڑھنا درست نہین اگرچہ ایک آیت سے کم ہووے یہی مذہب ہی کرخی رحمۃ اللہ علیہ کا اور امام طحاوی کے نزدیک پڑھنا ایک آیت سے کم کا درست ہی اور یہ اختلاف اوسمین ہی کہ قرأت کے قصد سے ہووے اور اگر بغیر قصد کے ہووے جیسے کہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ یا شُکْرًا للنعمۃ تو کچھ حرج نہین **ف** قرأت واسطے جنب اور حائض کے اسواسطے جائز نہین کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ پڑھے حائض اور نہ جنب کچھ قرآن مین سے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ اور دار قطنی رحمۃ اللہ علیہم نے اور اسکا ایک شاہد ہی حدیث جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اسکو دار قطنی نے مرفوعًا اور بعضون نے ان دونون حدیثون کو ضعیف کیا ہی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ **ص** عورت حائضہ کو تہجی قرآن کی درست ہی **ف** اسواسطے کہ یہ قرأت قرآن کی نہین کہلاتی **ص** اور جو عورت کہ پڑھاتی ہی اوسکو اگر حیض آیا امام کرخی کے نزدیک ایک ایک کلمہ پڑھاوے اور ہر کلمے کے اوپر ٹھہر جاوے اور امام طحاوی کے نزدیک آدھی آدھی آیت پڑھاوے اور ہر آدھی کے بعد ٹھہرے پھر باقی آدھی پڑھاوے اسی طرح کرتی جاوے اور دعاے قنوت کا پڑھنا بعضون کے نزدیک مکروہ ہی اور بعضون کے نزدیک جائز ہی اور وظائف اور اذکار کا پڑھنا مکروہ نہین اور توریت و انجیل پڑھنا مکروہ ہی **ف** اور اسی طرح زبور بھی **ص** اور محدث بے وضو کو قرآن پڑھنا درست ہی **ف** اسواسطے کہ روایت ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نہین روکتی تھی کوئی چیز اونکو قرآن پڑھنے سے مگر جنابت روایت کیا اسکو احمد اور اصحاب سنن اور ابن خزیمہ اور ابن حبان اور حاکم اور ابن الجارود اور بیہقی رحمۃ اللہ علیہم نے اور صحیح کیا اسکو ترمذی اور ابن سکن اور بیہقی اور بغوی نے شرح السنہ مین اور روایت ہی صحیحین مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھین دس آیتین اخیر سورۂ آل عمران کی قبل وضو کے **ص** اور چھونا اوسکا حائضہ اور جنب اور نفسا اور محدث چارون کو جائز نہین **ف** اسواسطے کہ قرآن شریف مین آیا ہی لَا یَمَسُّہٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ یعنی نہین چھوتے ہین اوسکو مگر پاک لوگ **ص** مگر غلاف کے

اوپر سے درست ہی اور غلاف اوسے کہتے ہین کہ جدا ہوسکے تو اب جلد کا جدا ہونا ممکن نہین لہذا چھونا بھی اوسکا درست نہین
اور لکھنا قرآن کا اگر چھوا نہین جاتا ہی لکھے ہوئے کو درست ہی نزدیک امام ابی یوسف کے اور نزدیک امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے جائز نہین
اور بے طہارت کے آستین سے چھونا مکروہ ہی اور اوس روپیہ پیسون کو جسپر آیت قرآن کی لکھی ہو چھونا مکروہ ہی مگر تھیلی مین ہون تو چھونا
تھیلی کا جائز ہی مکروہ نہین اور جو عورت کہ دس دن مین حیض سے پاک ہوئے قبل غسل کے اوس سے صحبت کرنا درست ہی اور جو اس سے
قبل مین پاک ہوئے قبل غسل کے اوس سے صحبت جائز نہین اور یہی نفاس کا حکم ہی **ف** یعنی اگر نفاس کی مدت پوری ہوئی
یعنی چالیس روز کے بعد پاک ہوئی تو قبل غسل کے اوس سے صحبت درست ہی اور اگر کم مین اس سے پاک ہوئی تو بغیر غسل کے درست نہین
اور وجہ اسکی صاحب ہدایہ نے یون لکھی ہی کہ خون کبھی جاری ہوجاتا ہی اور کبھی بند ہوجاتا ہی اور جب دس دن مین حیض سے
فارغ ہوئی اور چالیس دن مین نفاس سے تو یہ تو اکثر مدت ہی اس سے زیادہ حیض و نفاس نہین ہوسکتا اور جو کم مین پاک ہوئی تو احتمال ہی
کہ شاید خون پھر جاری ہوجاوے اور جب غسل کرلیا تو جانب انقطاع کو ترجیح ہوگئی واللہ اعلم **ص** اور اگر دس دن سے کم مین
پاک ہوئی اور اوسپر وقت موافق غسل اور تکبیر تحریمہ کے گذر گیا تو اب صحبت اوسکی بغیر غسل کے درست ہی **ف** کیونکہ نماز اوس وقت
اوسپر فرض ہوگئی تو حکماً گویا پاک ہوگئی اور اگر خون اوسکا بند ہوگیا اوسکی عادت سے کم مین تین دن سے زیادہ مین تو قربت اوسکی
جائز نہین جب تک کہ عادت کے موافق وقت نگذر جاوے اگرچہ اوسنے غسل بھی کرلیا ہووے کیونکہ عادت مین خون ہی خون کے پھر آجانیکا
تو احتیاط پرہیز مین ہی کذا فی الہدایۃ **ص** اور اگر عورت حائضہ دس دن سے کم مین پاک ہوئی اور تین دن یا زیادہ گذر گئے مین
مگر عادت سے اسکی کم ہی واجب ہی اوسکو کہ نماز کی تاخیر کرے اتنے وقت تک کہ مکروہ نہوجاوے تو جب ڈر ہوجاوے قضا کا اوس وقت غسل کرے
اور نماز پڑھے اور اگر عادت کے برابر ہووے یا زیادہ عادت سے ہوجاوے یا وہ عورت مبتدئہ ہووے تو تاخیر کرنی غسل کی مستحب ہی **ف** مبتدئہ
اوس عورت کو کہتے ہین جو اول بار حائضہ ہوئی ہو اور پہلے اوسکے کبھی حیض نہ ہوا ہووے **ص** اور اگر تین دن سے کم مین پاک ہوئی نماز کی
تاخیر کرے اور جب قضا ہونے کا خوف ہو غسل کرے اور پڑھلیوے اور ان سب صورتون مین اگر پھر دس دن کے اندر خون آگیا حکم طہارت کا باطل
ہوگیا مبتدئہ یا معتادہ ہو اور اگر کوئی عورت دس دن یا زیادہ مین پاک ہوئی دس دن کے گذرنے سے حکم طہارت کا کیا جاویگا اور غسل
اوسپر واجب ہوگا اور معتادہ نے اگر ایک دن خون دیکھا اور دوسرے دن طہر تو جسدن خون دیکھے اوس دن نماز ترک کرے اور جسدن پاک
ہووے اوسدن غسل کرے اور نماز پڑھے تو تیسرے دن پھر نماز ترک کرے اور چوتھے دن پڑھے اسیطرح دس دن تک کرے اور کم مدت طہر
کی پندرہ دن ہین اور اکثر مدت کی صد نہین **ف** ابراہیم نخعی سے بھی ایسی ہی روایت ہی اور اکثر کا یہ حال ہی کہ کبھی برس دو برس تک
طہر رہتا ہی **ص** مگر معتادہ کا موافق عادت کے طہر ہوگا اور اختلاف ہی طہر کے اندازے مین اور صحیح یہ ہی کہ ایک گھڑی کم چھ مہینے ہین
صورت اوسکی یون ہی کہ ایک عورت کو اول بار حیض آیا اور اوسنے سو دن خون دیکھا اور چھ مہینے پاک رہی پھر خون اوسکا برابر جاری رہا عادت اوسکی اب تین
گھڑی کم ہوگی سو اسطے کہ تین حیض کا ایک مہینا ہوا تو تین طہر کے چھ ترک اٹھارہ مہینے ہوئے نسبت سے تین گھڑی کم ہین ایک ایک گھڑی ہر طہر مین سو طہر اور سو مہینے تین گھڑی کم ہوئے

فصل استحاضے کے بیان مین

جو خون کہ تین دن تین رات سے کم ہووے یا دس روز سے زیادہ ہووے یا نفاس کے چالیس روز سے زیادہ ہووے وہ استحاضہ ہی اسی طرح جو خون
کہ عورت کے حیض کی عادت سے زیادہ ہو اور دس دن سے بڑھ جاوے یا نفاس کی عادت سے زیادہ ہو اور چالیس دن سے بڑھ جاوے وہ بھی استحاضہ ہی

مثلاً اوسکی عادت حیض کی سات دن کی تھی اور اوسنے خون بارہ دن تک دیکھا پانچ دن استحاضے کے ہین اور نفاس کی عادت تھی اوسکو تیس دن تھی اور خون اوسنے پچاس دن تک دیکھا بیس دن استحاضے کے ہین یہ حکم تو معتادہ کا ہی اور مبتدئہ کا خون اگر جاری ماہ مہینے سے دس دن اوسکے حیض کے ہونگے اور باقی استحاضہ اور پہلے نفاس مین اوسکا خون ہمیشہ جاری ماہ چالیس دن نفاس کے گنے جاوینگے اور باقی استحاضے کے اور جو خون حاملہ دیکھے وہ بھی استحاضہ ہی **ف** معتادہ عورت کو چاہیے کہ اگر خون اوسکا جاری رہا تو جتنے دن اوسکے حیض کے ہین عادت کے موافق نماز ترک کرے اور بعد اوسکے نماز پڑھے غسل کرکے جب وہ دن آوین جو حیض کے نماز ترک کرے اسی طرح عادت کے موافق ہمیشہ کیا کرے کیونکہ روایت ہی ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہ ایک عورت تھی بہتا تھا خون اوسکا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین تو پوچھا اوسکے واسطے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا آپ نے کہ دیکھے گنتی رات دن کی کہ حائض ہوتی تھی اندنون مین مہینے سے قبل اس عارضے کے سو ترک کرے نماز موافق اوسکے مہینے سے سو جب گذر جاوین وہ دن تو غسل کرے پھر گدی لگاوے کسی کپڑے کی پھر نماز پڑھے روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی وغیرہما نے کئی سند وسے باسناد صحیح اور ایک حدیث مین آیا ہی تَدَعُ الصَّلٰوۃَ اَیَّامَ اَقْرَائِھَا یعنی چھوڑے نماز حیض کے دنون مین لیکن ابوداود نے ضعیف کیا اس روایت کو اور کہا کہ وہم ہی ابن عیینہ راوی سے اور حفاظ کی حدیثون مین یہ قول نہین اور اسی روایت کو صاحب ہدایہ نے لکھا ہی اور یہی قول ہی حسن اور سعید بن المسیب اور عطاء اور مکحول اور ابراہیم اور قاسم بہت سے تابعین کا **ص** عورت مستحاضہ نماز پڑھے اور روزہ رکھے اور وطی کرنا اوسسے درست ہی **ف** اس باب مین بہت حدیثین آئین ہین بیشمار کہان تک بیان کرون اوپر ایک حدیث بیان کی وہ کافی ہی **ص** جس شخص کو استحاضہ یا خون ناک کا یا کوئی اور حدث ہمیشہ لگا رہے اسطرح کہ کسی فرض کا وقت اوسپر بغیر اوسکے نکدرے تو وہ ہر وقت فرض کے لیے وضو کرے اور امام شافعی کے نزدیک ہر فرض کے لیے وضو اور نفلون کو فرض کی تبعیت مین پڑھے **ف** کیونکہ روایت ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عورت مستحاضہ مین کہ چھوڑے نماز کو حیض کے دنون مین پھر غسل کرے اور نماز پڑھے اور وضو کرے ہر وقت نماز کے لیے روایت کیا اسکو ابوداود نے سنن مین اور یہی ہی مذہب امام صاحب کا اور محمد اور زفر اور ابو یوسف رحمہم اللہ اجمعین کا اور ثابت کرنا اسکا بہت مشکل ہی جسکو منظور ہو وہ مشکل الآثار امام طحاوی مین خوب تفصیل ہی دیکھ لیوے اور ایسا ہی روایت ہی عایشہ رضی اللہ عنہا سے سنن ابی داود مین اور کہا سعید نے کہ غسل کرے ایک طہر سے دوسرے طہر تک روایت کیا اسکو ابوداود نے اور بعضون نے کہا ہی کہ اسمین وہم ہوگیا ہی صحیح یہ ہی کہ مِنْ ظُھْرٍ اِلٰی ظُھْرٍ یعنی ظہر سے ظہر تک لیکن یہ قول مناسب معلوم نہین اسواسطے کہ ظہر کی کیا تخصیص ہی سب نمازین اس باب مین برابر ہین مؤید ہی اسکی جو کہا ابوداود نے رَوَاہُ مُسَدَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِکِ بْنِ سَعِیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ یَرْبُوْعٍ قَالَ فِیْہِ مِنْ طُھْرٍ اِلٰی طُھْرٍ فَقَلَبَھَا النَّاسُ مِنْ ظُھْرٍ اِلٰی ظُھْرٍ یعنی روایت کیا اوسکو مسدد نے کہا اوسنے طہر سے دوسرے طہر تک سو بدل دیا اوسکو لوگون نے ظہر سے دوسری ظہر تک اس سے معلوم ہوتا ہی کہ صحیح طہر سے طہر تک ہی اور بھی مؤید ہی اسکی جو کہا ہی ابوداود نے وَھُوَ قَوْلُ الْحَسَنِ وَسَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ الخ کہ مذہب اونکا وہی ہی کہ ہر وقت نماز کے وضو کرے نہ یہ کہ ظہر سے ظہر تک غسل کرے وَاللّٰہُ اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ اور ربیعہ کا مذہب یہ ہی کہ مستحاضہ کو وضو بھی ہر وقت نماز کے واجب نہین ہی مگر یہ کہ کوئی اور حدث سوا استحاضے کے اوسکو پہنچے اور بعضون کا مذہب یہ ہی کہ ہر نماز کے واسطے غسل کرے اور بعضون کا یہ ہی کہ دو نمازون کو جمع کرے اور

دونون کے واسطے ایک غسل کرے اور احادیثین بھی مختلف وارد ہوئی ہین فاقہم اور بعضون کا مذہب یہ ہی کہ ہر دن غسل کرے
اور یہی مروی ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اخراج کیا اسکا ابوداود نے اور وطی کرنا عورت مستحاضہ سے درست ہی روایت کیا ہی
عکرمہ رضی اللہ عنہ سے کہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا مستحاضہ ہوتی تھین اور جماع کرتے تھے اونسے خاوند اونکے اور اسناد مین ارحدیث کی
معلی راوی بعض لوگون نے ضعیف کیا ہی اونکو اور امام احمد اونسے روایت نہین کرتے تھے لیکن کہا یحیی بن معین نے کہ وہ ثقہ ہین اور
اسی کو اختیار کیا ہی محدثین نے اور صحیح یہی ہی ص اور ہمارے نزدیک ہر وقت نماز کیواسطے وضو کرے اور اوسوقت مین جتنی چاہے فرضین اور
نوافل پڑھے اور اوسکے وضو کو وقت کا جانا توڑ دیتا ہی اور امام زفر کے نزدیک دوسرے وقت کا آنا توڑ دیتا ہی اور امام ابی یوسف کے نزدیک
دونون سے وضو ٹوٹ جاتا ہی جسشخص نے قبل وقت ظہر کے وضو کیا وہ وقت آنے کے بعد ظہر کی نماز پڑھے آخر وقت تک ہمارے نزدیک اور امام ابی یوسف
کے نزدیک درست نہین کیونکہ وقت کے داخل ہونے سے اونکے نزدیک وضو ٹوٹ جاتا ہی اور بعد آفتاب کے نکلنے کے وضو ہمارے نزدیک ٹوٹ جاویگا اور امام زفر
کے نزدیک نہین ٹوٹیگا کیونکہ جانا وقت کا ہمارے نزدیک وضو توڑتا ہی اور امام زفر کے نزدیک نہین اور امام ابو یوسف کے نزدیک بھی ٹوٹ جاویگا

فصل نفاس کے بیان مین

نفاس اوس خون کو کہتے ہین جو جننے کے بعد آتا ہی اور اوسکی کم مدت کی حد نہین اور اکثر مدت اوسکی چالیس دن ہین ف
حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ کہا انھون نے نفاس والی عورتین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین بعد نفاس کے چالیس
دن بیٹھتی تھین روایت کیا اسکو ابوداود اور احمد اور ابن ماجہ وغیرہم نے اور ایک روایت مین ہی ابوداود کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو
حکم کیا ساتھ قضا کرنے نمازون نفاس کے اور صحیح کیا اوسکو حاکم نے ص اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اکثر مدت ساٹھ
دن ہی ف اور حدیث ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی اونپر حجت ہی ص اور جس عورت کا ایک بچہ پیدا ہووے اور چھ مہینے سے
کم مین دوسرا بچہ پیدا ہووے تو اونکو توأمین کہتے ہین اوسکی مان کا نفاس اول لڑکے سے معتبر ہوگا اور عدت اوسکی دوسرے
لڑکے سے گذریگی اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک دوسرے لڑکے سے اعتبار نفاس کا ہوگا اور جو بچہ ایسا ہووے کہ بعضے اعضا
اوسکے مخلوق ہوئے ہون اور اوسکے بعد خون آوے تو وہ خون نفاس کا ہی اور ایسے بچہ پیدا ہونے سے لونڈی ام ولد ہو جاویگی ف
ام ولد اوس لونڈی کو کہتے ہین کہ جس سے اوسکے مالک کی اولاد ہووے حکم یہ ہی کہ بعد مرنے اوسکے کے آزاد ہو جاتی ہی تو یہ بیان کیا کہ اگر لونڈی
سے ایسا بچہ بھی ہو تو وہ مالک سے ام ولد ہو جاویگی ص اور ایسے بچے کو سقط کہتے ہین اگر کسی خاوند نے جورو سے کہا کہ
اگر تو جنے گی تو تجھ پر طلاق ہی اور وہ سقط جنی تو شرط ادا ہو جاویگی اور عورت پر طلاق پڑ جاویگا اور عدت بھی تمام ہو جاویگی

باب نجسون کے بیان مین

ف نجاست کو پاک کرنا واجب ہی نمازی کے بدن اور کپڑے سے اور جس جگہ کہ نماز پڑھتا ہی کیونکہ فرمایا اللہ تعالی نے
وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ یعنی کپڑون کو اپنے سو پاک کر اونکو اور احادیث مین بھی یہی حکم ہی ص اگر بدن یا جگہ یا کپڑا نماز کا
نجس ہو جاوے ایسی نجاست سے جو دکھائی دیتی ہی پانی اور سرکہ اور گلاب اور جو چیز کہ بہتی ہی پانی کی سی اوس سے پاک کرے
اور اگر اوسکا اثر باقی رہجاوے اور زائل ہووے تب بھی پاک ہو جاویگی ف پانی کے مثل کیا یعنی کہ جب بڑا حوض نجو آوے
جیسے پانی یہ مذہب امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف کا ہی اور کہا محمد اور زفر اور شافعی رحمۃ اللہ علیہم نے کہ نہین جائز ہی نجاست کا

پاک کرنا مگر پانی سے **ص** جو چیز کہ ناپاک ہوجاوے اوس نجاست سے کہ دکھائی نہین دیتی تین بار کے دھونے اور ہر بار کے نچوڑنے سے پاک ہوجاویگی اور تیسری بار مین خوب موافق زور اپنے کے نچوڑے تو اگر خوب زور سے نہ نچوڑیگا تو پاک نہوگا ایسا ہی خانیہ مین اور جسکا نچوڑنا ممکن نہین تین بار دھونے اور ہر بار کے خشک کرنے سے پاک ہوجاویگی اور خشک کرنا یہ ہی کہ قطرہ نہ بہے اور ٹپکنا موقوف ہوجاوے اگر موزے مین ایسی نجاست جسکا دل ہووے بھر جاوے اور خشک ہوجاوے زمین پر ملنے سے پاک ہوجاتا ہی اور امام ابی یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اگر تر دلدار بھی ہووے اور خوب ملے پاک ہوجاویگا اور اوسی پر فتوی ہی اور جو دلدار نہووے دھونے سے فقط پاک ہوگا جیسے کہ پیشاب فقط دھونے سے پاک ہوتا ہی **ف** روایت کیا ابوداود نے حضرت ابی ہریرہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب بھر جاوے تمھارے جوتے مین نجاست تو مٹی اوسکے واسطے پاک کرنے والی ہی اور ایسا ہی مروی ہی عایشہ رضی اللہ عنہا سے بھی اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہی کہ اگر نجاست تر دلدار ہووے تو وہ بغیر دھونے کے پاک نہوویگی اور دلیل اونکی وہ ہی جو روایت کیا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ جب تیرے کپڑے مین چلنے سے کوئی نجاست تر بھر جاوے تو دھو اوسکو اور اگر خشک ہی تو کچھ لازم نہین تیرے اوپر روایت کیا اسکو زین نے **ص** اگر کسی چیز مین منی بھر جاوے تر ہو یا خشک دھونے سے پاک ہوتی ہی **ف** حاصل اس مسئلے کا یہ ہی کہ تر منی سے بغیر دھوئے کپڑا پاک نہین ہوتا اور سوکھی سے بھی دھوئے سے پاک ہوجاتا ہی اور سوکھی منی کو اگر کپڑے سے کھرچ ڈالے تو بھی پاک ہوجاویگا لیکن یہ جب ہی کہ منی اسقدر غلیظ ہووے کہ قابل کھرچنے کے ہووے روایت ہی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ وہ دھوتی تھین منی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے روایت کیا اسکو ابوداود وغیرہ نے اور یہی روایت ہی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دھوتے منی کو پھر نکلتے تھے نماز کو اوسی کپڑے مین اور مین دیکھتی تھی نشان دھونے کا اوسمین روایت کیا اوسکو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اور ایک روایت مین مسلم کی ہی کہ مین کھرچتی تھی منی کو آپ کے کپڑے سے پھر نماز پڑھتے تھے اوسی کپڑے مین اور ایک روایت مین ہی کہ مین کھرچتی تھی سوکھی منی کو ناخون سے اونکے کپڑے سے اور کہا امام طحاوی نے مشکل الآثار مین حَدَّثَنَا یُونُسُ **ثنا** یَحْیَی بْنُ حَسَّانَ **ثنا** عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَکِ وَبِشْرُ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُونٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ سَنَانٍ عَنْ عَایِشَۃَ قَالَتْ کُنْتُ اَغْسِلُ الْمَنِیَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَیَخْرُجُ اِلَی الصَّلٰوۃِ وَاَنَّ بُقَعَ الْمَاءِ لَفِیْ ثَوْبِہٖ یعنی کہا حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ مین دھوتی تھی منی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے اور تحقیق کہ نشان پانی کے اونکے کپڑے مین ہوتے تھے **ص** اگر سر ذکر کا پاک ہی اس طرح پر کہ پیشاب نے مخرج سے تجاوز نکیا اور بعد پیشاب کے استنجا کیا اور منی خشک ہوگئی کھرچنے سے پاک ہوجاویگی کپڑا ہووے یا بدن اور حسن بن زیاد نے امام صاحب سے روایت کیا ہی کہ بدن مین اگر منی لگ کے خشک ہوجاوے کھرچنے سے پاک نہوجاویگی جب تک نہ دھووے **ف** صاحب ہدایہ نے وجہ اسکی یون بیان کی ہی فَاِنَّ حَرَارَۃَ الْبَدَنِ جَاذِبَۃٌ لَہٗ یَعُوْدُ اِلَی الْمَخْرَجِ وَالْبَدَنُ لَا یُمْکِنُ قولہ کہ حرارت بدن جاذب ہی سونہ عود کریگی منی طرف مخرج کے خشکی سے اور بدن سے کھرچنا اوسکا ممکن نہین **ص** تلوار یا چھری یا اور جو اوسکے مثل چیزین ہین ملنے سے پاک ہوجاتی ہین زمین پر یا کسی اور پر ہووے اور جو جھونا ایسا ہو کہ دھونا اوسکا دشوار ہو ایک رات دن اوسپر پانی بہاوے پاک ہوجاویگا اور اینٹین ناپاک یا اینٹین بھی ہوئین یا نرکل کا گھر اور درخت اور گھاس اگر کٹی نہووے اور خشک ہوجاوین اور اثر نجاست کا باقی نرہے پاک ہوجاوینگی اور یہی مختار ہی اور زمین خشک

جسکے اوپر اثر نجاست کا باقی نرہے نماز درست ہی **ف** کیونکہ وہ زمین پاک ہی جیساکہ روایت کیا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ مین بستا تھا رات کو مسجد مین زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین اور مین تھا جوان ورتھا نکاح سے اور کتے آتے جاتے تھے مسجد مین اور پیشاب کرتے تھے سو تھے پانی بہاتے کسی پر اونمین سے روایت کیا اسکو ابو داؤد وغیرہ نے اور حدیث مین ہی زکوٰۃ الارض یُبْسُہَا یعنی زکوٰۃ زمین کی سوکھنا اوسکا ایسا ہی ہی بدائے مین اور کہا ابن ہمام نے تذکرے مین کہ نہین ہی اصل اس حدیث کی مرفوع مین انتہی لیکن ذکر کیا اسکو بعض مشائخ نے اثر عایشہ رضی اللہ عنہا کا اور بعض نے محمد بن حنفیہ کا اور ایسا ہی روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے محمد سے اور ابو قلابہ سے بھی اور روایت کیا عبدالرزاق نے اونسے یعنی ابو قلابہ سے کہ جُفُوْفُ الْاَرْضِ طُہُوْرُہَا یعنی سوکھنا زمین کا طہارت ہی اوسکی اور ذکر کیا مسٹمین اَیُّمَا الْاَرْضُ جَفَّتْ فَقَدْ ذَکَتْ کو یعنی جو زمین کہ خشک ہوگئی تو وہ پاک ہوگئی حدیث مرفوع واللہ اعلم اور صحت اس باب مین حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ کی ہی **ص** لیکن تیمم جائز نہین **ف** اسواسطے کہ مٹی تیمم کی طہارت اوسکی قرآن شریف سے ثابت ہی سو حدیث اوسکے معارض نہوگی واللہ اعلم

فصل نجاست خفیفہ اور غلیظہ کے بیان مین

نجاست غلیظہ اوسے کہتے ہین جو آیت یا حدیث وغیرہ سے ثابت ہووے اور دوسری آیت یا حدیث اوسکے مخالف نہ آئی ہو اور جس چیز کو یہ نجاست غلیظہ عارض ہوتی ہی اوسکو نجس غلیظ کہتے ہین اور نجاست خفیفہ جو ایسی نہووے اور جسکو یہ عارض ہو اوسکو نجس خفیف کہتے ہین **ص** ایک درم برابر نجس غلیظ جیسے پیشاب اور خون اور شراب اور بیٹ مرغی کی اور پیشاب بلی اور گدھے اور چوہے کا اور لید اور گوبر معاف ہی اور اس سے زیادہ معاف نہین اور چوتھائی سے کم کپڑا اگر نجس خفیف سے جیسے پیشاب گھوڑے کا اور جسکا گوشت حلال ہی اور بیٹ طائرون حرام سے نجس ہوجاوے معاف ہی اور اس سے زیادہ معاف نہین اور چوتھائی کپڑے سے اوس کپڑے کا چوتھائی مراد ہی جتنے مین نماز درست ہوجاوے اور بعضون کے نزدیک چوتھائی اوس کپڑے کا جسمین نجاست لگی ہووے جیسے دامن اور آستین اور کلی مراد ہی اور امام ابو یوسف نے اوسکا اندازہ کیا ہی کہ طول مین بھی ایک بالشت ہو اور عرض مین بھی ایک بالشت ہو اور اگر نجس رقیق ہی پانی سا تو قدر درم سے مراد ہتیلی کے گڑھے کا عرض ہی اور اگر کثیف ہی تو مراد قدر درم سے ایک مثقال ہی **ف** جب کپڑے مین لید یا گوبر زیادہ درم سے لگ گیا تو نماز اوسمین نزدیک امام صاحب کے جائز نہوگی اسواسطے کہ وہ نجس غلیظ ہی کیونکہ روایت ہی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے پائخانے کے حکم کیا مجکو کہ لاتین پتھر سو پائے مینے دو پتھر اور تیسرا نہ پایا مینے سوے آیا مین اونکے پاس ایک سا لید کو لے لیا آپنے دو پتھرون کو اور پھینک دیا آپنے گوبر کو اور کہا کہ وہ نجس ہی روایت کیا اسکو بخاری نے اور احمد اور دارقطنی نے اور ترمذی نے اور نسائی نے اور منع کیا آپنے اوس سے استنجا کرنے سے **ص** اور خون مچھلی کا نجس نہین اور خچر اور گدھے کا لعاب پاک چیز کو نجس نہین کرتا اور اگر پیشاب سوئی کی نوکون کی طرح پڑجاوے دھونا اوسکا واجب نہین اور جو پانی کہ نجس پر پڑجاوے وہ بھی نجس ہی یا نجس چیز پانی پر پڑجاوے تب بھی پانی نجس ہی اور نجس کی راکھ نجس نہین اور گدھا اگر نمکدان مین گر پڑا اور نمک ہوگیا پاک ہی اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک راکھ نجس کی بھی نجس ہی اور جس کپڑے کا استر نجس ہو اور سیا ہوا نہو اوسپر نماز درست ہی اور اگر ایک جانب بچھونے کا نجس ہو اور دوسرا جانب پاک ہو اوسپر نماز درست ہی اور بعضون کے نزدیک اگر بچھونا اتنا بڑا ہو کہ ایک طرف کے ہلانے سے دوسری طرف نہ ہلے تو درست ہی اور اگر ہل جاوے تو درست نہین اور ہمارے نزدیک دونون صورتون مین درست ہی اور اگر کپڑے نجس کو پاک کپڑے کے ساتھ لپیٹے اور اوسکی تری پاک کپڑے مین آجاوے تو اگر ایسی تری ہی کہ نچوڑنے سے پانی نہین ٹپکتا

تو نماز اوسپر درست ہی اور اگر ٹپکے تو نماز اوسپر درست نہین اور زمین خشک جو ایسی مٹی سے جسمین گوبر ملا ہی لیپی گئی ہی اوسپر تر کپڑا بچھا کر نماز پڑھے درست ہی اور اگر ایک کنارہ کپڑے کا خشک ہو اتھا بھول گیا اور دوسرا کنارہ بغیر سونچ کے دھولیا نماز اوسپر جائز ہی کیونکہ کپڑے کے دھونے مین سونچ شرط نہین اگر گیہون وغیرہ کے روندنے مین بیل گدھے نے موتا اور پھر وہ گیہون بانٹے گئے یا اوسمین سے نکال کے کسیکو کچھ دیدیا سب پاک ہوجاوینگے ضرورت کے سبب سے

فصل استنجے کے بیان مین

استنجا کرنا اوس حدیث سے جو دونون راہون سے نکلے پتھر وغیرہ سے یہان تک کہ صاف ہووے بغیر گنتی کے سنت ہی اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک گنتی بھی سنت ہی اور سونے اور ریح سے استنجا نہین ف اگر کوئی کہے کہ سونا اوس سے نکل گیا جب کہ کہا دونون راہون سے پھر اسکے ذکر سے کیا فائدہ جواب اوسکا یہ ہی کہ سونے مین گمان ہی ریح وغیرہ کے نکلنے کا اسواسطے اوسکو بھی بیان کردیا اور استنجے پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مداومت فرمائی ہی اور تین پتھرونکا ہونا کچھ ضرور نہین اگر دو پتھرون مین صاف ہوجاوے کافی ہی اور ہمارے مذہب مین کوئی شمار پتھرون کا مسنون نہین اور حدیث سے ثابت ہوتا ہی کہ جو بول مین احتیاط نکرے اوسکے واسطے بڑی وعید شدید ہی روایت کیا دارقطنی اور حاکم وغیرہما نے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پرہیز کرو پیشاب سے اکثر عذاب قبر کا اوسی سے ہوتا ہی اور امام شافعی کے نزدیک تین پتھر ضرور چاہیے روایت ہی سلمان رضی اللہ عنہ سے کہ منع کیا ہمکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہم استنجا کرین تین پتھر سے کم مین روایت کیا اسکو مسلم نے اور ابی داود اور نسائی اور مالک نے اور دلیل ہمارے مذہب کی یہ ہی کہ روایت کیا ابو داود اور ابن ماجہ وغیرہما نے کہ جو استنجا کرے پس چاہیے کہ طاق لیوے جسنے کیا سو اچھا کیا اور جسنے نکیا سو کچھ حرج نہین اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو پتھر ونکو واسطے استنجے کے لیا اور صحیح یہی ہی کہ شرط یا کی ہی اور تین ڈھیلون کے سنت ہونے مین شک نہین کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ جسنے یہ کیا سو اچھا کیا اور جسنے نکیا سو کچھ حرج نہین اور سنت کا یہی حکم ہی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث سے یہ ثابت نہین ہوتا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو ہی پتھرون سے استنجا کیا اور بفرض تسلیم کے اوسکو ہم سنت ہی تو کہتے ہین نہ واجب اور سنت مین ترک تو معتبر ہی ص گرمی کے دنون مین پہلے اور تیسرے پتھر سے پیچھے کی طرف سے پاک کرے اور جاڑے کے دنون مین پہلے اور تیسرے پتھر سے آگے کی طرف سے پاک کرے اور پہلی صورت مین دوسرے پتھر سے آگے سے پاک کرے اور دوسری مین پیچھے سے اور عورت جاڑے گرمی مین ہمیشہ پہلے پتھر سے پیچھے سے پاک کرے اور بعد پتھر لینے کے پانی سے دھونا ادب ہی ف روایت ہی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نہین دیکھا مینے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی کسی پاخانے سے مگر یہ کہ بھیجا پانی کو یعنی پانی سے دھویا اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور روایت ہی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ اَنْ يَتَطَهَّرُوا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِينَ ○ یعنی مسجد قبا مین وہ لوگ ہین کہ دوست رکھتے ہین طہارت کو اور اللہ دوست رکھتا ہی طہارت کرنے والون کو فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اے گروہ انصار کے بیشک اللہ تعالی نے ثنا کی اوپر تمہارے بیچ طہارت تمہاری کے پس کیا ہی طہارت تمہاری پس کہا انھون نے کہ ہم وضو کرتے ہین نماز کے لیے اور غسل کرتے ہین جنابت سے اور استنجا پاک کرتے ہین ہم پانی سے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سو وہ یہی ہی لازم پکڑو تم اوسکو روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور رزین رحمۃ اللہ علیہما نے تو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ طہارت سے مراد قرآن شریف مین بھی استنجا کرنا پانی سے ہی اسواسطے کہ مسجد قبا والے خاص اسمین اور مہاجرین سے زیادہ تھے ورنہ وضو اور غسل اور حاجتین بھی کرتے تھے

ف یہان سے معلوم ہوا کہ اوپر کی حدیث مین جو ریح کا ذکر ہی وہ بطور تمثیل کے ہی ورنہ ریح سے استنجا نہین ہی

ص یہان سے معلوم ہوا کہ اوپر کی حدیث مین جو تین پتھر کا ذکر ہی وہ بھی بطور تمثیل کے ہی ورنہ تین پتھر کی کوئی خاص تعداد مقرر نہین ہی

اور روایت ہی سنن ابن ماجہ مین عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ دھوتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جاے پیخانے کی اپنی کو تین بار کہا عبداللہ بن عمرؓ نے سو کیا ہمنے اوسکو سو بار یا ہمنے اوسکو دو بار یا کہ اور راوی اس حدیث کے ثقہ ہین اور روایت کیا ابن سنہ نبوی اور ابن ماجہ نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نازل ہوئی آیت اہل قبا کے کہ بیچ اوس مسجد کے ایسے لوگ ہین جو دوست رکھتے ہین پاک ہونے کو فرمایا کہ تھے استنجا کرتے پانی سے سو نازل ہوئی اونمین یہ آیت ص تو پہلے دو ہاتھ دھووے پھر مخرج کو خوب صاف کرکے ملکے دھووے اور ایک اونگلی یا دو تین اونگلیان باطن سے دھووے اور اونگلیون کے سرے سے دھونا درست نہین پھر دونون ہاتھ دھووے اور اگر نجاست مخرج سے درہم برابر بھی تجاوز کرے گی دھونا اوسکا شیخین کے نزدیک واجب ہی اور امام محمد کے نزدیک اگر مخرج سمیت درہم سے بڑھ جاوے تو اوسکا بھی دھونا فرض ہی اور کھانے اور ہڈی اور گوبر اور داہنے ہاتھ سے استنجا درست نہین ف لیکن ہڈی اور گوبر سے سوا اوسکے کہ روایت کیا ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے گوبر کے باب مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انہ رجس یعنی وہ نجس ہی جیسا کہ اوپر گذرا اور بھی روایت کیا ترمذی اور ابوداود اور نسائی نے ابن مسعود سے کہ جب آئے قاصد جن کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا انھون نے ای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منع کرو امت اپنی کو کہ استنجا کرین ہڈی اور گوبر سے یا کوئلے سے پس تحقیق کہ آپنے منع کیا اوسمین ہمارا رزق سو منع کیا ہمکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اور روایت ہی رویفع سے بھی ایسا ہی اخراج کیا اسکا ابوداود اور نسائی نے اور اسی باب مین روایت ہی خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ اور سلمان سے اخراج کیا ان دونون کا ابن ماجہ وغیرہ نے اور لیکن استنجا کرنا داہنے ہاتھ سے سو روایت ہی حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے کہ منع کیا ہمکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ استنجا کرین ہم داہنے ہاتھ سے روایت کیا اسکو مسلم اور ابوداود اور نسائی اور ابن ماجہ اور ترمذی وغیرہم رحمہم اللہ نے اور روایت کیا بخاری اور ترمذی اور ابوداود وغیرہم نے ابی قتادہ سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پیشاب کرے کوئی تم مین سے پس نہ پکڑے ذکر اپنے کو داہنے ہاتھ سے اور نہ استنجا کرے داہنے ہاتھ سے اور روایت کی ابوداود نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ تھا داہنا ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطے طہارت کے اور کھانے کے اور بایان ہاتھ واسطے پیخانے وغیرہ کے اور روایت ہی ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا انھون نے کہ سنا مینے عثمان رضی اللہ عنہ سے فرماتے تھے کہ نہین چھوا مینے ذکر اپنے کو داہنے ہاتھ سے جب سے کہ مینے بیعت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اسلام لایا مین تو خوش ہوئے اس سے کہ نہ استنجا کیا اونھون نے داہنے ہاتھ سے اخراج کیا اس حدیث کا رزین بن معاویہ عبدری نے ص اور پیخانے مین قبلے کی طرف بیٹھ کرنا اور مونہہ کرنا مکروہ ہی تحریمی اور جنگل اور میدان مین بھی ہمارے نزدیک یہی حکم ہی ف کیونکہ روایت ہی ابی ایوب سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب جاؤ تم پیخانے کو سو نہ مونہہ کرو طرف قبلے کے اور نہ پیٹھ کرو طرف اوسکے اور لیکن مشرق کی طرف مونہہ کرو اور مغرب کی طرف اور یہ خطاب واسطے مدینے کے لوگون کے ہی کیونکہ قبلہ اونکا مشرق اور مغرب نہین اور جنکا قبلہ مشرق یا مغرب ہی اونکو جنوب شمال کی طرف مونہہ کرنا چاہیے روایت کیا اسکو چھ عالمون نے اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے موطا مین اور روایت کیا اسی باب مین ابن ماجہ نے ابن بعقل اسدی سے اور اسناد مین اوسکی ابوزید بعضون نے کہا ہی کہ نام اونکا ولید ہی مولی بن ثعلبہ کا مجہول ہی اور ابوسعید خدری سے اور اسناد مین اوسکی ابن لہیعہ ضعیف ہی اور دوسری روایت مین بھی ابن ماجہ کی ابی سعید خدری سے ابن لہیعہ ہی اور وہ ضعیف ہی اور ہمارے نزدیک یہ کراہت میدان اور گھر مین سب مین ہی کیونکہ کہا ابوایوب انصاری نے کہ آئے ہم شام مین تو تھین اوسمین کھڈیان طرف قبلے کے سو پھرتے تھے ہم اوس سے اور استغفار کرتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ مکان مین بھی

مونہہ طرف قبلے کے کرنا ممنوع ہی وقت پیخانے کے اور بعضون نے رخصت دی ہی قبلے کیطرف مونہہ کرنے کی جبکہ قبلہ اور اسکے درمیان مین کوئی چیز حائل ہو جیساکہ روایت ہی مروان اصفر سے کہا انھون نے دیکھا مینے ابن عمر رضی اللہ عنہ کو کہ بٹھلایا اونھون نے اونٹنی اپنی کو طرف قبلے کے پھر بیٹھے اور پیشاب کرنے لگے طرف اونٹنی کے پس کہا مینے اونسے کیا نہین منع کیا گیا اس سے کہا اونھون نے کہ ہان منع ہی میدان مین لیکن جب ہو درمیان میرے اور درمیان قبلے کے کوئی چیز کہ چھپاوے مجکو سو کچھ حرج نہین اخراج کیا اسکو ابو داود نے اور بعضون نے مطلق رخصت دی ہی لیکن مونہہ کرنے مین طرف قبلے کے سو دلیل لاتے ہین حدیث جابر رضی اللہ عنہ سے کہ منع کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ ہم مونہہ کرین طرف قبلے کے پیشاب مین سو دیکھا مینے اونکو ایک سال پیشتر قبل وفات کے کہ مونہہ کرتے تھے طرف قبلے کے روایت کیا اسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہی کہا شیخ ابن القیم نے کہا ترمذی نے کہ پوچھا مینے بخاری سے اس حدیث کو پس کہا اونھون نے کہ یہ حدیث صحیح ہی اور ضعیف کیا اسکو ابن حزم نے کہ یہ حدیث مروی ہی ابان بن صالح سے اور وہ مجہول ہین اور نہین حجت ہی مجہول کی روایت سے اور جواب اوسکا یہ ہی کہ کہا ابن منذر نے کہ ابان بن صالح ثقہ ہی مشہور ہی حدیث الا اسی اور وہ ابان بیٹا صالح بیٹا عمیر کا ابو محمد قرشی ہی روایت کیا اوس سے ابن جریج اور ابن عجلان اور ابن اسحق اور عبید اللہ بن ابی جعفر نے شہادت لایا ساتھ روایت اوسکی کے بخاری اپنی صحیح مین مجاہد اور حسن بن مسلم اور عطا اور توثیق کی اوسکی یحیی بن معین اور ابو حاتم اور ابو زرعہ رازی نے اور نسائی نے اور والد ہی محمد بن ابان کا روایت کیا اوس سے ابو ولید اور ابو داود طیالسی اور حسین جعفی وغیرہم نے اور اس حدیث پر انفراد کیا محمد بن اسحق نے اور نہین حجت پکڑی جاویگی اوس سے احکام مین تو پھر بھلا معارض کیونکر ہوگی احادیث صحاح کی اور کس طرح منسوخ ہونگی اوس سے حدیثین منع کی باوجود اس بات کے کہ اس حدیث کی تاویل ہو سکتی ہی کہ شاید یہ مکان مین ہووے اون لوگون کے مذہب پر جو مکان مین رخصت دیتے ہین یا یہ امر تنگی مکان سے تھا کہا شیخ ابن القیم نے بعد اسکے بیان کے فَكَيْفَ تُقَدِّمُ عَلَى النُّصُوصِ الصَّحِيحَةِ الصَّرِيحَةِ بِالْمَنْعِ یعنی پس کس طرح مقدم کی جاویگی یہ حدیث اوپر نصوص صحیحہ صریحہ بالمنع کے پھر اگر کوئی کہے کہ تسلیم کیا کہ یہ حدیث ضعیف ہی سو کیا کہتے ہو روایت عراک مین عایشہ رضی اللہ عنہا سے در باب رخصت کے تو جواب اوسکا یہ ہی کہ یہ حدیث صحیح نہین یہ موقوف ہی اوپر عایشہ رضی اللہ عنہا کے کہا یہ ترمذی نے کتاب العلل مین نقلا عن البخاری اور کہا بعض حفاظون نے حدیث کہ یہ حدیث صحیح نہین اور اسکے سبب کو بڑے عالم لوگ حدیث کے پہچانتے ہین اور وہ یہ ہی کہ اسناد مین اسکی جو خالد بیٹا ابی الصلت کا ہی اوسنے اس حدیث کے متن کو یاد نہین کیا ورنہ اوسکی اسناد کو قائم رکھتا مخالفت کی اوسکی اوسی حدیث مین ثقہ ثبت صاحب عراک نے نام اوسکا جعفر بن ربیعہ فقیہ ہی سو روایت کیا اوسنے اوسکو عراک سے اوسنے عروہ سے اوسنے عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ وہ انکار کرتی تھین سو معلوم ہوا کہ روایت خالد کی عراک سے اوسنے عایشہ رضی اللہ عنہا سے منقطع ہی اور صحیح جعفر کی ہی باوجود کہ اوسکی مخالف جانب احادیث صحیحہ وارد ہوئی ہین اور کہا عبد الرحمن بن ابی حاتم نے کتاب المراسیل مین اثرم سے کہ کہا سنا مینے ابو عبد اللہ سے کہ ذکر کیا بعضون نے حدیث خالد کو عراک سے اوسنے عایشہ رضی اللہ عنہا سے اوسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سو کہا اونھون نے کہ یہ حدیث منقطع ہی اور زیادہ تحقیق اسکی شرح ابو داود مین ہی اس جگہ بسبب خوف درازی کتاب کے اختصار کیا اور تفصیل کو راہ ندی اور بیٹھ کر نے مین طرف قبلے کے سو دلیل لاتے ہین حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پیخانہ پھرتے دیکھا کہ مونہہ تھا آپکا طرف شام کے اور پیٹھ طرف قبلے کے اور روایت کیا اسکو بخاری مسلم ابو داود اور نسائی نے اور حق یہ ہی کہ رخصت مین بھی حدیثین صحیح وارد ہوئی ہین **فائدہ**

ابان بن صالح

خالد بن ابی الصلت

کھڑے ہوکے پیشاب کرنا منع ہی روایت ہی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ وہ فرماتی تھین جو شخص کہ حدیث بیان کرے تمسے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوکے پیشاب کرتے تھے سو نہ تصدیق کرنا اوسکی نہین پیشاب کرتے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مگر بیٹھکے روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی نے اور روایت ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا اونھون نے کہ دیکھا مجکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مین پیشاب کرتا ہون کھڑے ہوکے پس کہا آپنے کہ نہ پیشاب کر کھڑے ہوکے اے عمر سو نہین پیشاب کیا مینے کھڑے ہوکے جب سے اور روایت ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہ نہین پیشاب کیا مینے کھڑے ہوکے جب سے اسلام لایا مین روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا کہ یہ صحیح ہی عمر رضی اللہ عنہ سے اور ضعیف ہی پہلی روایت کو اور روایت ہی ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ جفا ہی پیشاب کرنا کھڑے ہوکے اور بعضون نے کہا ہی کہ یہ واسطے اوسکے ہی نہ واسطے حرمت کے اور دلیل اسکی یہ ہی کہ روایت کیا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے موطا مین ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ پیشاب کرتے تھے وہ کھڑے ہوکے اور روایت ہی حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکے پیشاب کیا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے کئی طریقون سے اور حق یہ ہی کہ کھڑے ہوکے پیشاب کرنا فقط خلاف اولیٰ ہی اور باقی ہو جب ان دونون حدیثون کے درست ہی واللہ اعلم

کتاب الصلوٰۃ

فصل نماز کے وقتون کے بیان مین

ص وقت فجر کا عریض صبح سے آفتاب نکلنے تک ہی اور جو طویلی صبح ہو اوسکو صبح کاذب کہتے ہین اور وقت نماز صبح کا وقت نہین ہی تا **ف** یعنی صبح اوسکو کہتے ہین جو افق کی طرف چوڑان مین سپیدی پیدا ہوتی ہی کہا بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کہ صحیح وقتون نماز مین حدیث عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کی ہی اور روایت ہی بریدہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا اونھون نے پوچھا ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز کے وقتون کو سو فرمایا آپنے اوس شخص سے کہ نماز پڑھ ہمارے ساتھ دو دن سو جسوقت زوال ہوا آفتاب کا حکم کیا بلال رضی اللہ عنہ کو سو اذان دی اونھنے پھر حکم کیا اونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سو اقامت کہی اونھون نے ظہر کی پھر حکم کیا اوسکو سو اقامت کی عصر کی اور آفتاب اوسوقت سپید اور صاف اور بلند تھا پھر حکم کیا اوسکو سو اقامت کی مغرب کی جسوقت کہ غروب ہوا آفتاب پھر حکم کیا اوسکو سو اقامت کی عشا کی جس وقت کہ غائب ہوئی شفق پھر حکم کیا اونکو سو اقامت کی فجر کی جسوقت کہ طلوع ہوئی فجر پھر جب ہوا دوسرا دن حکم کیا اوسکو تو ٹھنڈے وقت پڑھی ظہر اور خوب ٹھنڈا کیا اوسکو اور نماز پڑھی عصر کی اور آفتاب بلند تھا لیکن اول روز سے تاخیر کی اور نماز پڑھی مغرب کی قبل اسکے کہ غائب ہو شفق اور نماز پڑھی عشا کی جب تہائی رات گئی اور نماز پڑھی فجر کی سو روشن کیا اوسکو یعنی جب خوب روشنی ہوگئی تب فجر کی نماز پڑھی پھر کہا آپنے کہ کہان ہی نمازون کے وقت کا سوال کرنے والا سو کہا اوس شخص نے مین ہون یا رسول اللہ کہا آپنے کہ وقت نماز کا درمیان اوسکے ہی جو دیکھا تمنے روایت کیا اسکو مسلم نے اور بھی روایت کیا مسلم نے ابی موسیٰ رضی اللہ عنہ سے مانند اسکے **ص** اور ظہر کا وقت زوال سے جب تک کہ سایہ ہر چیز کا دونا ہو جاوے سوا سایۂ زوال کے **ف** یعنی جتنا سایہ زوال کا ہی اوتنے کو کال کے ہر چیز کا سایہ دونا ہو جاوے **ص** اور ایک روایت مین امام صاحب سے ظہر کا وقت جب تک ہی کہ سایہ ہر چیز کا اوسکے برابر ہو جاوے سوا سایۂ زوال کے اور یہی قول ہی صاحبین اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہم کا اور طریقہ پہچاننے زوال کا دائرہ ہندیہ سے معلوم ہوتا ہی اور وہ شرح عربی مین مذکور ہی جسنے بنظر فہم عوام اوسکو ترک کیا اور کیونکہ ہندوستان کے ملک مین زوال کے پہچاننے کے بہت طریقے ہین تو عصر کا وقت اوس وقت سے

آفتاب کے ڈوبنے تک اور مغرب کا اوس وقت سے شفق غائب ہونے تک اور شفق کہتے ہین سرخی کو صاحبین کے نزدیک اور اسی پر فتوی ہی
اور امام صاحب کے نزدیک شفق سفیدی کو کہتے ہین جو سرخی کے بعد ہوتی ہی اور عشا کا اوس وقت سے اور وتر کا عشا کے بعد سے صبح تک
دونون کا وقت رہتا ہی ف ظہر کے آخر وقت مین بہت اختلاف ہی اور اسی طرح مغرب کے آخر وقت مین تو اکثر امام اور فقہا
اس طرف ہین کہ وقت ظہر کا ہر چیز کے سائے کے برابر ہونے تک ہی سوے اسایہ زوال کے اور مغرب کا شفق کے غروب تک لیکن امام ابو حنیفہ
رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہی ہی کہ ظہر کا وقت دو مثل تک رہتا ہی اور امام مالک اور شافعی کا ایک قول یہ ہی کہ اخیر وقت مغرب کا پس
آفتاب کا ڈوبنا ہی کہ کہا انھون نے نہ تاخیر کی جاوے مغرب بقدر اختیار آفتاب کے ڈوبنے سے اور اصل اس باب مین حدیث جبرئیل ع
کی امامت کی ہی روایت ہی حضرت عبد اللہ بن عباس سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ امامت کی جبرئیل علیہ السلام نے ساتھ میرے
دو بار نزدیک خانہ کعبہ کے سو پڑھی نماز ظہر کی پہلی امامت مین جب ہوا سایہ مثل تسمے جوتی کے پھر نماز پڑھی عصر کی جس وقت کہ ہوا سایہ
ہر چیز کا مثل اوسکے پھر نماز پڑھی مغرب کی جسوقت کہ غروب ہوا آفتاب اور افطار کیا روزہ دار نے پھر نماز پڑھی عشا کی جسوقت کہ غائب ہوا شفق
پھر نماز پڑھی فجر کی جسوقت کہ طلوع ہوئی فجر اور حرام ہوا کھانا روزہ دار پر اور پڑھی نماز ظہر کی دوسری امامت مین جسوقت کہ ہوا سایہ ہر چیز کا
مثل اوسکے جسوقت کہ نماز عصر کی پہلے روز پڑھی تھی اور پڑھی نماز عصر کی جسوقت کہ ہوا سایہ ہر چیز کا دونا اوسکا پھر مغرب جسوقت کہ کل پڑھی تھی
اور عشا جسوقت کہ گئی تہائی رات پھر نماز پڑھی صبح کی جسوقت کہ روشن ہوگئی زمین پھر التفات کیا طرف میرے جبرئیل علیہ السلام نے اور کہا کہ اے
محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہ یہ وقت ہی انبیا علیہم السلام کا قبل آپکے اور وقت درمیان ان دونون وقتون کے ہی روایت کیا اوسکو ابو داود اور ترمذی نے
اور کہا اوسنے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور ابن حبان نے اپنی صحیح مین اور حاکم نے اور کہا اوسنے کہ صحیح الاسناد ہی لیکن اسناد مین اسکی
عبد الرحمن بیٹے حارث کے ضعیف کیا اوسکو احمد اور نسائی اور یحیی بن معین اور ابو حاتم رازی نے اور توثیق کی اوسکی ابن سعد
اور ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اور متابعت کی گئی اوسکی روایت کیا عبد الرزاق نے عمری سے اونھون نے عمر بن نافع رحمۃ اللہ علیہ سے اونھون نے
اپنے باپ سے اونھون نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مانند اسکے اور اسناد مین اسکی عمری ہی اور وہ ضعیف ہی لیکن کہا شیخ تقی الدین بن
دقیق العید نے کہ یہ اچھی متابعت ہی اور صحیح کیا اوسکو ابن العربی اور ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہما نے اور مروی ہی حدیث امامت کی چند صحابہ
رضی اللہ عنہم سے اونمین سے جابر رضی اللہ عنہ ہین اور روایت مین اونکی یہ ہی کہ نماز پڑھی عشا کی دوسرے دن جب کہ گذری آدھی رات اور
یا تہائی رات اور یہ حدیث صحیح ہی جیسا کہ کہا بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اور روایت ہی عبد اللہ بن عمرو سے اونھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
کہ فرمایا آپنے وقت ظہر کا جب ہی کہ زوال ہوا آفتاب کا اور ہو سایہ ہر چیز کا مانند طول اوسکے کے جب تک کہ نہ آئے وقت عصر کا اور وقت
عصر کا جب تک ہی کہ نہ زرد ہووے آفتاب اور وقت مغرب کا جب تک ہی کہ نہ غروب ہووے شفق اور وقت عشا کا آدھی رات تک اور
وقت فجر کا جب تک کہ نہ طلوع کرے آفتاب روایت کیا اوسکو مسلم نے اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث مین ہی کہ اول وقت مغرب کا
جب تک کہ غروب ہو آفتاب اور آخر وقت اوسکا جب کہ غائب ہو افق یعنی روشنی اوسکی دور ہو جاوے اور اول وقت عشا کا جب کہ غائب ہو
افق اور آخر وقت اوسکا آدھی رات تک اور اول وقت فجر کا جب کہ فجر طلوع ہووے اور آخر وقت اوسکا جب کہ طلوع ہو آفتاب روایت کیا
اوسکو ترمذی نے اور یہ حدیثین حجت ہین امام شافعی پر اور مالک رحمۃ اللہ علیہما پر اس بات مین کہ وقت مغرب کا جب تک ہی کہ غائب ہووے
شفق اور عصر کا وقت جو مغرب تک ہی سو دلیل اوسکی یہ ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ

عبد الرحمن بن الحارث
عمری

فقال انی احببت حب الخیر عن ذکر ربی حتی توارت بالحجاب یعنی جسوقت کہ پیش کیے گئے حضرت سلیمان علیہ السلام کو گھوڑے آخر دن مین تیر نہایت عمدہ سو کہا انھون نے کہ دوست رکھا مینے مال کو اپنے رب کے ذکر سے یہان تک کہ چھپ گیا آفتاب پردے مین اور دوسری دلیل اوسکی یہ ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے پائی ایک رکعت صبح سے قبل اسکے کہ طلوع ہو آفتاب سو تحقیق کہ پائی اوسنے نماز صبح کی اور جس شخص نے کہ پائی ایک رکعت عصر سے قبل اسکے کہ ڈوبے آفتاب سو تحقیق کہ پائی اوسنے نماز عصر کی روایت کیا اوسکو بخاری مسلم نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور لیکن اس بات مین کہ عشا کا آخر وقت صبح تک ہی کوئی حدیث صحیح ضعیف نہین آئی لیکن مختلف ہوئین احادیث صحیحہ اوسمین روایت ہی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور ابوموسی اشعری اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے تحقیق کہ تاخیر کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عشا کی تہائی رات تک اور روایت ہی حضرت ابوہریرہ اور انس رضی اللہ عنہما سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تاخیر کی اوسکی آدھی رات تک اور روایت ہی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تاخیر کی اوسکی دو ثلث رات تک اور روایت ہی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ تاخیر کی عشا کی یہان تک کہ گئی اکثر رات اور یہ سب حدیثین صحیح ہین کہا امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ یہ سب حدیثین مفید ہین اس بات کو کہ ساری رات وقت عشا کا ہی لیکن تین مرتبے پر تہائی رات تک افضل ہی اور نصف تک اوس سے کم اور بعد اوسکے اوس سے کم پھر روایت کی طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند سے نافع بن جبیر تک کہا انھون نے کہ لکھا عمر رضی اللہ عنہ نے ابوموسی اشعری کو نماز پڑھ عشا کی جب چاہے رات مین اور نہ غافل ہو اوس سے اور ایک روایت مین مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی ابی قتادہ رضی اللہ عنہ سے ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہین سونے مین تفریط بلکہ تفریط اسمین ہی کہ نماز کی تاخیر کرے یہان تک کہ دوسری نماز کا وقت آجاوے (نقصان ۱۲) اور اس سے معلوم ہوتا ہی کہ وقت اوسکا صبح تک ہی اور اجماع کیا اماموں نے کہ جب اسلام لاوے کافر یا پاک ہووے حائضہ یا بالغ ہووے لڑکا اور کچھ رات باقی ہو نماز عشا کی اوسپر واجب ہی اور اجماع حجت قطعی ہی جیسا کہ اوپر ہمنے پہلی کتاب مین بیان کیا اور حدیث امامت جبرئیل علیہ السلام کی وقت مختار پر محمول ہی اور اسی واسطے کہا امام صاحب نے کہ تاخیر مغرب کی اول وقت سے مکروہ تنزیہی ہی نہ تحریمی کیونکہ صحیح ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تاخیر کی آپنے مغرب کی شفق کے ڈوبنے تک اور تاخیر عشا کی اس سے زیادہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہی یا عصر کی آفتاب کی زردی تک مکروہ ہی تحریمی اور سب سے زیادہ کراہیت عصر کی تاخیر مین ہی آفتاب کے زرد ہونے تک کیونکہ فرمایا آپنے ایسی نماز کو تلک صلوۃ المنافق یعنی یہ نماز منافق کی ہی اور شیطان کی طرف آپنے اوسکو منسوب کیا اور حدیث امامت مین جو وارد ہی کہ نماز عصر کی آپنے تاخیر کی سائے کے دو مثل ہونے تک سو یہ منسوخ ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول سے کہ وقت عصر کا جب تک ہی کہ نہ زرد ہو آفتاب اور دوسرے یہ کہ دو مثل تک آفتاب پر زردی نہین آتی اور وہ جو امام صاحب نے فرمایا ہی کہ اخیر وقت ظہر کا دو مثل تک ہی سو کسی حدیث مین تصریح مذکور نہین اور اسی واسطے مخالفت کی اونکی صاحبین نے اور موافق ہوئے اکثر اماموں کے اور حجت پکڑی امام صاحب نے حدیث ابریدہ رضی اللہ عنہ سے کہ جب ہوا دوسرا دن سو خوب تبرید کی ظہر کی یعنی ٹھنڈک کے وقت نماز پڑھی اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب شدت ہو گرمی کی سو ٹھنڈا کرو نماز کو اسواسطے کہ شدت گرمی کی جہنم کے سانس سے ہی روایت کیا اسکو چھ اماموں نے کہا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہ شدت گرمی کی اونکے شہرون مین جب ہی کہ ہر چیز کا سایہ مثل اوسکے ہو جاوے سو یہ حدیث ناسخ ہو جاویگی اور حدیث کی جو روایت کی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اور صحیح مسلم مین مروی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تاخیر کی نماز ظہر کی یہانتک کہ پڑنے لگا سایہ ٹیلون کا

اور نووی نے اوسکی شرح مین لکھا ہی کہ سایہ مثلون کا بہت اخیر وقت پڑتا ہی اور جب آفتاب بہت ڈھل جاتا ہی اور جب ثابت ہوگیا کہ ظہر کا وقت بعد سایہ مثل کے باقی رہتا ہی اور حدیث ابراد اس باب مین ناسخ حدیث امامت ہوگئی تو اول وقت عصر مین وہ حدیث امامت منسوخ ہوئی کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ○ یعنی تحقیق کہ نماز ہی مسلمانون پر وقت مقرر کیا گیا تو اس سے ثابت ہوا کہ ہر نماز کے واسطے ایک وقت علحدہ چاہیے اور اس حجت مین امام صاحب کی کلام ہی اور حق یہی ہی کہ وقت ظہر کا ایک مثل تک رہتا ہی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ لیکن اتنی بات ہی کہ جو شخص مشتاق احتیاط اور معتقد جملہ فقہا و علمائے شریعت نبوی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہو اوسکو چاہیے کہ نماز ظہر کی ایک مثل سے پہلے پڑھے کہ سب اماموں کے نزدیک درست ہو اور عصر کی بعد دو مثل کے کہ سب کے نزدیک درست ہو اور گرمی مین تاخیر کرنا ظہر کا اسکا بیان آگے بھی کچھ آویگا اور شفق نزدیک اکثر علما کے اور ایک روایت مین امام ابوحنیفہؒ کے سرخی کا نام ہی اور ایک روایت مین امام صاحب نے فرمایا کہ شفق نام سفیدی کا ہی اور بعض شروح مین ہی کہ امام صاحب نے رجوع کیا اس سے جو لوگ کہتے ہین کہ سرخی نام شفق کا ہی اونکی حجت یہ ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ شفق سرخی ہی سو جب غائب ہوجاوے واجب ہوگی نماز روایت کیا اسکو ابن عساکر نے بیچ غرائب مالک کے حدیث عتیق بن یعقوب سے انھون نے مالک سے انھون نے نافع سے انھون نے ابن عمر سے مرفوعًا اور روایت کیا اسکو ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے اور طریق سے اور صحیح کیا بیہقی نے وقف اوسکا اور کہا صاحب ہدایہ نے وَمَا رَوَاہُ مَوْقُوْفٌ عَلَی ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اور روایت کیا اسکو حاکم نے مدخل مین اور روایت کیا دارقطنی اور محمد بن خزیمہ نے صحیح مین ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اور رفع کیا اوسکو اور صحیح کیا اوسکو اور کہا ابن خزیمہ نے کہ اگر صحیح ہوجاوین یہ روایتین تو پھر بے پروائی ہوجاوے سب راویون سے لیکن متفرد ہوا ساتھ اسکے محمد بن یزید کہا حافظ بن مخبر نے محمد بن یزید سے کہ نہین جانتا اور کہا بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ مروی ہی یہ حدیث عمر اور علی اور ابن عباس اور عبادہ اور شداد اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے اور کوئی حدیث اسمین صحیح نہین لیکن حق یہ ہی کہ یہ حدیث حسن ہی اور حسن حجت ہی مثل صحیح کے اور صاحب ہدایہ نے دلیل امام صاحب کی یہ لکھی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اخیر وقت مغرب کا جب کہ سیاہ ہوجاوے افق اور چوڑی صبح سے اور مراد یہ ہی کہ روشنی آسمان کے کنارون مین ظاہر ہووے اور اوسکو صبح صادق کہتے ہین روایت ہی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فجر دو ہین ایک فجر کہ حرام کرتی ہی کھانے کو اور حلال ہی اوسمین نماز اور ایک فجر وہ ہی کہ حرام ہی اوسمین نماز اور حلال ہی اوسمین کھانا روایت کیا اسکو ابن خزیمہ اور حاکم نے اور صحیح کیا اسکو ان دونون نے اور ایک روایت مین حاکم کی ہی کہ حرام کرتی ہی کھانے کو یعنی ایک لمبی دھاری افق کے کنارے آسمان مین جاتی ہی اور یہی صبح صادق ہی اور صبح کاذب کو بیان کیا آپ نے کہ مانند دم سرطان کے **ص** تاخیر فجر کی یہان تک کہ روشنی ہوجاوے مستحب ہی اتنی کہ پچاس آیتین پڑھ سکے اور پھر اگر فاسد ہووے وضو تو لوٹ سکے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تاخیر کرو فجر کی کہ اسمین بہت اجر ہی **ف** روایت کیا طحاوی نے ساتھ اسانید متعددہ کے اس حدیث کو رافع بن خدیج سے اور ایک روایت مین ہی نَوِّرُوْا بِالْفَجْرِ یعنی روشن کرو فجر کو اور ایک روایت مین ہی اَصْبِحُوْا بِالصُّبْحِ فَاِنَّہٗ اَعْظَمُ لِاُجُوْرِکُمْ روایت کیا اسکو احمد اور ابوداود اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور صحیح کیا اسکو ترمذی اور ابن حبان نے اور روایت کیا طبرانی نے نَوِّرُوْا بِالْفَجْرِ فَاِنَّہٗ اَعْظَمُ لِاُجُوْرِکُمْ اَوْ اَصْلَحُ لِاُجُوْرِکُمْ اَوْ اَصْلَحُ لِاُجُوْرِکُمْ یعنی روشن کرو فجر کو اوسقدر کہ دیکھین لوگ مقام گرنے تیر اپنے کو اور

روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے مصنف مین اور کہا کہ روایت ہی اس باب مین حذیفہ بن شیبہ اور تمیم اور علی اور حسن بن علی اور ابی الدرداء اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم اجمعین سے اور بہت سے تابعین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اس طرف گئے ہین اور روایت ہی اعمش سے کہ تھے اصحاب عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے روشن کرتے تھے فجر کو اور روایت ہی ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ سے کہ نہین جمع ہوئے اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی چیز پر جیسا کہ جمع ہوئے تنویر فجر پر روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے مصنف مین اور طحاوی نے تو اس سے معلوم ہوا کہ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا جمع ہونا خلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نہین ہو سکتا تو اس سے حدیث تغلیس یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز اندھیرے مین پڑھنا منسوخ ہوگا اور حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی صحیحین مین بھی مؤید ہمارے مذہب کی ہی اور امام شافعی کے نزدیک اندھیرے مین پڑھنا مستحب ہی کیونکہ روایت ہی عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے صبحکو سو پھرتی تھین عورتین اور نہین پہچانی جاتی تھین تاریکی سے اور صحیح یہی ہی کہ تاخیر کرنا فجر کی مستحب ہی اور یہی مذہب ہی اکثر صحابہ اور تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اور بعض علما نے جو اس حدیث کے معنی یون بیان کیے ہین کہ قرات کرو یہان تک کہ روشن کرو فجر کو خلاف آثار صحابہ اور تابعین کے ہی اور خلاف ہی تبادر کے واللہ اعلم **ص** گرمی مین تاخیر کرنا ظہر کی مستحب ہی اور جاڑے مین جلدی کرنا صحیح بخاری مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھنڈے وقت پڑھو نماز ظہر کی کیونکہ شدت گرمی کی جوش جہنم ہی **ف** اور صحیح بخاری مین حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی ایسی ہی روایت ہی **ص** اور عصر کی تاخیر جب تک کہ آفتاب نہ بدلے مستحب ہی **ف** کیونکہ روایت کی دار قطنی نے عبدالواحد بن نافع سے کہا انھون نے کہ مین کوفے کی مسجد مین داخل ہوا سو اذان دی مؤذن نے عصر کی اور ایک شیخ نے ملامت کی اوسکو اور کہا خبر دی مجھے بابا نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ساتھ تاخیر اس نماز کے اور مینے پوچھا نام اون شیخ کا سو بیان کیا اون لوگون نے کہ یہ عبداللہ بن رافع بن خدیج ہین اور ضعیف کیا اسکو عبدالواحد کے سبب سے اور روایت کیا اوسکو بخاری نے تاریخ کبیر مین اور کہا کہ نہین متابعت کیجاوینگی عبدالواحد پر اور صحیح رافع کی حدیث سے ہی پھر روایت کی رافع سے کہ ہم پڑھتے تھے نماز عصر کی ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر قربانی کیجاتی تھی اور دس حصے کیے جاتے تھے اور پھر پکائے جاتے تھے اور کھاتے تھے ہم پکے گوشت کو قبل غروب آفتاب کے کہا شیخ ابن الہمام نے کہ یہ ممکن ہی غروب تک اور جنے باہر پکانے والون کو دیکھا ہوگا تو کچھ اوسکے نزدیک بعید نہین **ص** اور تاخیر عشا کی تہائی رات تک مستحب ہی **ف** کیونکہ روایت کیا ترمذی نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر نہ شاق ہوتا میری امت پر تو البتہ تاخیر کرتا مین عشا کی تہائی رات تک یا آدھی رات تک اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہی اور اس سے یہ ثابت ہوتا ہی کہ عشا کے قبل سونا اور بعد عشا کے باتین کرنا منع ہی کیونکہ روایت کیا چھ عالمون نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکروہ رکھتے تھے سونا قبل عشا کے اور باتین کرنا بعد عشا کے اور بعضون نے جائز رکھا ہی باتون کو بعد عشا کے گرمیون مین اور دلیل اونکی یہ ہی کہ روایت کیا ترمذی نے صلوٰۃ مین اور نسائی نے مناقب مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باتین کرتے تھے نزدیک ابی بکر رضی اللہ عنہ کے بیچ رات کے کسی امر مین مسلمانون کے امور سے اور صحیحین مین بھی ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے جواز اوسکا معلوم ہوتا ہی اور روایت کیا امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین جائز ہی باتین کرنا بعد نماز عشا کے مگر واسطے دو شخصون کے مصلی اور مسافر کے اور ایک روایت مین ذکر واسطے دو لشکر کے اور مصنف نے کہا ہی کہ گرمی مین جلدی پڑھی جاوے تاکہ جماعت کر سکے اور آدمی رات تک تاخیر اوسکی سے ہی

اور آدھی رات کے بعد مکروہ ہی ص اور وتر کی آخر رات تک اگر جاگنے کا یقین ہو مستحب ہی اور اگر جاگنے کا یقین نہو وے تو عشا کے ساتھ پڑھ لیوے اور مغرب کی جلدی مستحب ہی ف اور جلدی کے یہ معنی ہین کہ اذان اور اقامت مین دیر نکرے مگر ساتھ ایک جلسۂ خفیف کے کیونکہ روایت کی ابو داؤد نے مرثد بن عبد اللہ سے ایک حدیث طویل اور آخر اوسکا یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہیگی امت میری نیکی پر جب تک کہ نہ تاخیر کرینگے مغرب کی ستارون کی روشنی تک اور اونکے خوب پھیلنے تک اور اوسکی اسناد مین ابن اسحٰق ہی اور ضعف اوسکا جو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہی ثابت نہین اور اگر بالفرض ثابت ہو تو بھی مقبول نہین کما شعبہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہ وہ سردار ہین مسلمانون کے حدیث مین اور روایت کیا اوسنے مانند ثوری اور ابن ادریس اور حماد بن زید اور زید بن رُزیع اور ابن عیینہ اور عبد الوارث اور ابن المبارک نے اور طعن کیا بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اونکی توثیق مین اور ذکر کیا اوسکو ابن حبان نے ثقات مین اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے رجوع کیا اونمین کلام کرنے سے فقط ص ابر کے دن عصر اور عشا کی جلدی مستحب ہی اور اور نمازون کی تاخیر ف اسواسطے کہ تاخیر عشا مین قلت جماعت کی ہی بسبب پانی کے اور تاخیر عصر مین تو ہم ہی اسبات کا کہ وقت مکروہ نہو جاوے اور فجر مین اسواسطے تو ہم نہین کہ یہ مدت مدید ہی دوسرے یہ کہ اسمین بطلوع آفتاب کوئی وقت مکروہ نہین اور امام صاحب سے مروی ہی کہ سب مین تاخیر مستحب ہی واسطے احتیاط کے کیونکہ نماز بعد وقت آنے کے جائز ہی اور قبل وقت کے جائز نہین ص آفتاب کے طلوع کے وقت اور غروب کے وقت اور جسوقت عین دوپہر ہو نماز اور سجدہ تلاوت کا اور نماز جنازے کی جائز نہین ف کیونکہ روایت ہی عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مسلم وغیرہ مین کہ تین ساعت ہین کہ تجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منع کرتے تھے کہ نماز پڑھین ہم اون وقتون مین یا قبر مین دفن کرین ہم مردون کو جب کہ آفتاب طلوع کرے یہان تک کہ بلند ہو جاوے اور جسوقت عین دوپہر ہو یہان تک کہ زوال ہو آفتاب کا اور جب کہ ڈوبتا ہو یہان تک کہ ڈوب جاوے اور موطا مین ہی کہ منع کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے ان ساعتون مین اور امام شافعی کے نزدیک فرائض مکے مین ان وقتون مین جائز ہین اور امام ابو یوسف کے نزدیک نفل جمعے کے دن دوپہر کو جائز ہی اور یہ حدیث حجت ہے بسبب اطلاق کے اون دونون پر اور دلیل اونکی یہ ہی کہ روایت ہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو شخص کہ بھول جاوے کسی نماز کو پھر یاد کرے اوسکو تو پڑھ لیوے اوسکو جب یاد آوے اوسکو اور جبیر بن مطعم سے روایت ہی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اے بنی عبد مناف کے نہ منع کرو کسیکو طواف کرنے سے اس گھر کے یا نماز پڑھنے سے جسوقت چاہے کہ پڑھے دن مین یا رات مین (یعنی خانہ کعبہ کے ۱۲) اور ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی ایسی ہی روایت کیا اسکو دار قطنی نے اور بیہقی نے اور وہ حدیث چار علت سے ضعیف ہی اول تو انقطاع ہی اوسمین مجاہد اور ابی ذر سے اور ضعف ابن مؤمل سے اور ضعف حمید مولی عقر سے اور اضطراب اسناد اوسکی سے اور روایت کیا اسکو بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اور داخل کیا قیس بن سعد کو درمیان حمید کے اور مجاہد کے اور روایت کیا اسکو سعید بن سالم نے اور ساقط کر دیا اوسکو درمیان سے اور ابو یوسف کی دلیل یہ ہی جو مسند شافعی مین ہی ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا نماز سے دوپہر کو مگر دن جمعے کے اور سجدۂ تلاوت بھی بغیر نماز کے ہی ص اور آفتاب کے غروب کے وقت فقط اوس دن کی عصر البتہ جائز ہی ف اسواسطے کہ حدیث مین آیا ہی کہ جسنے پائی ایک رکعت نماز سے سو تحقیق کہ پائی اوسنے ساری نماز روایت کیا اسکو بہت علمانے اسناد صحیح سے اور صبح کی نماز مین یہ حکم اسواسطے نہین کہ وہ نماز کامل واجب ہوئی تو ناقص ادا نہو گی بخلاف عصر کے کہ وہ جب وقت مکروہ مین ناقص ہی واجب ہوئی تو ناقص ادا ہو جاوے گی واللہ اعلم بالصواب ص جب امام دن جمعے کے خطبے کے واسطے اوٹھے نفل اور قضا اور نماز جنازہ پڑھنا اور سجدہ

ابن اسحٰق

حمید مولی عقر

ابن مؤمل

تلاوت کا کرنا مکروہ ہی **ف** اس سبب سے کہ اوسمین خطبہ سننے سے باز رہنا ہوگا **ص** اور بعد فجر کے سوائے سنت فجر کے اور درمیان عصر اور مغرب کے نفل مکروہ ہی **ف** کیونکہ صحیحین مین مروی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا نماز سے بعد صبح کے یہان تک کہ طلوع ہووے آفتاب اور بعد عصر کے یہان تک کہ غروب ہووے آفتاب اور روایت کیا ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے مصنف مین ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ نماز پڑھی مینے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابوبکر اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم اجمعین کے پس نہین نماز ہی بعد صبح کے یہان تک کہ طلوع کرے آفتاب اور روایت ہی ابو نضیر سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب طلوع کرے کنارہ آفتاب کا تو چھوڑ دو نماز کو یہان تک کہ ظاہر ہوجاوے اور ایک روایت مین ہی ابن عمر سے مصنف مین اذا بدا حاجب الشمس فاخروا الصلوٰۃ حتی تبرز یعنی جب شروع ہووے اور ظاہر ہووے کنارہ آفتاب کا تو تاخیر کرو نماز کی یہانتک کہ ظاہر ہوجاوے اور کہا صاحب مصنف نے اور اس باب مین روایت کی عبد اللہ اور ابی مسعود اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اور کہا اوسنے وحدثنا غندر عن شعبۃ عن سعد بن ابراھیم عن نضر بن عبد الرحمٰن عن جدہ معاذ القرشی انہ طاف بالبیت مع معاذ بن عفراء بعد العصر وبعد الصبح فلم یصل فسألتہ فقال قال صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوٰۃ بعد صلوتین بعد الغداۃ حتی تطلع الشمس وبعد العصر حتی تغرب الشمس یعنی تحقیق کہ معاذ قرشی رضی اللہ عنہ نے طواف کیا خانہ کعبہ کا ساتھ معاذ بن عفراء کے بعد عصر کے اور بعد صبح کے سو نہ نماز پڑھی سو پوچھا مینے اوسسے سو کہا کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین نماز ہی بعد دو نمازون کے بعد صبح کے یہان تک کہ طلوع کرے آفتاب اور بعد عصر کے یہان تک کہ غروب کرے آفتاب اور وہ جو مروی ہی حدیث مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتین بعد عصر کے سو یہ خصوصیات سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہی بدلیل اوسکے کہ دوسرون کو اوسسے منع کیا اور مثال اسکی ایسی ہی جیسے روزہ وصال کا کہ خود ابوداود رحمۃ اللہ علیہ نے عایشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم رکھتے تھے بعد عصر کے دو رکعتین اور منع کرتے تھے اوسسے اور وصال کے روزے رکھتے تھے اور منع کرتے تھے اوسسے **ص** او قضا اور نماز جنازہ اور سجدہ تلاوت اون وقتون مین مکروہ نہین اور دو نمازون کو ایک وقت مین جمع کرنا جائز نہین مگر حج کے سفر مین عصر و وقت ظہر کے پڑھے اور مغرب وقت عشا کے جیسا کہ آگے آویگا **ف** جیسا کہ روایت ہی صحیحین اور مصنف ابن ابی شیبہ مین عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ نہین دیکھا مینے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ نماز پڑھی ہو مگر وقت پر لیکن عشا اور مغرب کہ جمع کیا تھا اونکو ایک دن مزدلفہ مین اور نماز پڑھی تھی فجر کی اوس روز قبل وقت کے اور بہت حدیثین اس باب مین آئی ہین اسکا بیان آگے آویگا **ص** جو عورت عصر کے وقت یا عشا کے وقت پاک ہوئی جسمین پاک ہوئی دوہی نماز اوسپر لازم آویگی اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اگر عصر کے وقت پاک ہوئی ظہر کی بھی پڑھے اور اگر عشا کے وقت پاک ہوئی مغرب بھی پڑھے اور اگر وقت موافق تکبیر تحریمہ کے باقی رہا تھا کہ لڑکا بالغ ہوا یا کافر مسلمان ہوا وہ نماز اوسپر لازم ہوگی اور قضا اوسکی واجب ہوگی اور امام زفر کے نزدیک واجب نہوگی اور جو عورت کہ اخیر وقت نماز مین حائض ہوئی اوسکو یہ نماز لازم نہ آویگی اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک لازم آویگی **ف** صبح کی نماز کے وقت مین سوائے سنت فجر کے اور نفل پڑھنا مکروہ ہی کیونکہ روایت کیا مسلم نے حفصہ رضی اللہ عنہا سے کہ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب طلوع ہوتی تھی فجر نہین پڑھتے مگر دو رکعتین خفیف اور ابوداود اور ترمذی کی روایت مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی نماز بعد فجر کے مگر دو سجدے واللہ اعلم

ص باب اذان کے بیان مین

اذان سنت ہی پانچون فرض اور نماز جمعے کے واسطے اور سوا اوسکے نوافل وغیرہ مین اور قبل وقت کے سنت نہین **ف** تو اب واسطے
عید وغیرہ کے اذان نہ دی جاویگی روایت ہی صحیح مسلم مین جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے کہ نماز پڑھی مینے عید کی ساتھ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے ایک بار یا دو بار بغیر اذان اور اقامت کے اور اسی طرح مروی ہی کسوف مین اور جمعے کی اذان مین حدیث سائب بن یزید کی
صحیح ہی اور وتر مین اسواسطے اذان نہین کہ وقت اوسکا اور وقت عشا کا ایک ہی ہی تو حاجت علیحدہ اذان دینے کی نہین **ص**
تو اگر قبل وقت کے اذان کہے پھر لوٹاوے وقت مین اور امام شافعی اور ابی یوسف کے نزدیک فجر کے واسطے آدھی رات سے اذان درست ہی
ف اور ہمارے نزدیک اسواسطے جائز نہین کہ اذان واسطے آگاہی کے ہی اور قبل وقت کے تجہیل ہی اونکے نزدیک اسواسطے جائز ہی کہ اہل حرمین
کا یہی عمل ہی اور اون سب پر حجت یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے بلال رضی اللہ عنہ کے نہ اذان دے یہان تک کہ ظاہر ہوجاوے
فجر اور پھیلایا ہاتھ اپنے کو عرض مین روایت کیا اسکو ابوداود نے بلال رضی اللہ عنہ سے اور ضعیف کیا اوسکو اور بیہقی نے ضعیف کیا اوسکو کہ
شداد نے نہین پایا بلال رضی اللہ عنہ کو سو وہ منقطع ہی اور ابن القطان نے کہا کہ شداد مجہول ہی نہین پہچانا جاتا مگر روایت جعفر بن برقان سے
اور روایت کیا بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نہ بلال اذان دے یہان تک کہ طلوع کرے فجر کہا امام مین کہ اسناد اسکا
صحیح ہی اور روایت کیا عبدالعزیز بن ابی داود نے انھون نے نافع سے انھون نے عبداللہ بن عمر سے کہ بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی قبل
فجر کے سو غصے ہوئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور روایت کیا بیہقی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا اونکو کیون
کیا تمنے ایسا کہا کہ مین اوٹھا نیند سے سو جانا مینے کہ فجر طلوع ہوئی فرمایا آپنے کہ یکا رواب کہ یہ بندہ سو گیا تھا اور روایت کیا
ابن عبداللہ نے ابراہیم سے کہا انھون نے جب اذان دیتا تھا موذن قبل وقت کے رات کو کہتے تھے اوس سے ڈر اللہ سے اور اعادہ کر اذان کا اور عمل
اہل حرمین کا کچھ شریعت مین وقت ورود احادیث صحیحہ کے اوسکے خلاف پر حجت نہین **ص** اور قضا کے واسطے بھی اذان کہنا بعد وقت
کے سنت ہی اور موذن کو چاہیے کہ وقتون کو خوب پہچانتا ہو تاکہ ثواب موعود کو پونہچے **ف** حدیث مین آیا ہی وَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ خِيَارُكُمْ
یعنی اذان دے تم مین سے جو لوگ بہتر ہین اور امامت کرین جو تم مین قاری ہین روایت کیا اسکو ابوداود نے اور اسناد مین اوسکی حسین بن عیسی
منکر الحدیث ہی کہا یہ ابوزرعہ اور ابوحاتم نے اور حدیث مین آیا ہی کہ موذن لمبی گردن والے ہونگے دن قیامت کے اور بہت سی حدیثین
فضیلت مین اذان کے آئی ہین **ص** جب اذان دے تو قبلے کی طرف مونہہ کرے اور دونون اونگلیون کو شہادت کی کانون مین
کرے **ف** کیونکہ روایت کیا ابوالشیخ نے کتاب الاذان مین کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا بلال رضی اللہ عنہ کو کہ کرے
دونون اونگلیون کو اپنے کانون مین اور کہا کہ تا بلند کرتا ہی تیری آواز کو اور روایت کیا ترمذی نے ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ سے کہ بلال رضی اللہ عنہ
کو اذان مین دیکھا کہ دونون اونگلیان اونکے کانون مین تھین اور کہا کہ یہ حسن صحیح ہی **ص** اور ٹھہر ٹھہر کے کہے **ف** کیونکہ
روایت کیا ترمذی نے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واسطے بلال رضی اللہ عنہ کے کہ جب اذان دے تو ٹھہر ٹھہر کے
کو اذان اپنی کے اور جب اقامت کہہ تو تو جلدی جلدی کہہ اور توقف کر درمیان اذان اور اقامت کے اوسقدر کہ فارغ ہوجاوے
کھانے والا کھانے اور پینے والا پینے سے اور پیخانہ پھرنے والا واسطے حاجت کے اور نہ کھڑے ہو نماز کیواسطے جب تک کہ نہ دیکھو مجھکو اور
یہ حدیث ضعیف ہی اور روایت کیا بیہقی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ وہ ٹھہر ٹھہر کے کہتے تھے اذان کو اور جلدی کہتے تھے
اقامت کو اور ذکر کیا دارقطنی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مانند اسکے **ص** اور نہ گاوے اسطرح پر کہ کچھ حرکت یا حرف یا مد کو

شداد

حسین بن عیسی

بڑھاوے اور فقط اچھی آواز سے کہنا مکروہ نہیں بلکہ اچھا ہی اور ترجیع یعنی پہلے شہادتین کو آہستہ سے کہے پھر پکار کے کہے ایسا مکروہ

ف جیسا کہ عبداللہ بن زید سے روایت کیا اور اوسمین ترجیع نہیں اخراج کیا اسکا دارقطنی اور ابوداؤد نے کہا ابن خزیمہ نے سنا مینے

محمد بن یحیی ذہلی سے کہ وہ کہتے تھے نہیں ہی بیچ حدیثون عبداللہ بن زید کے اذان کے باب مین صحیح تر اس سے یہان تک کہ کہا کہ

حدیث ابن اسحق کی ثابت صحیح ہی اور کہا ترمذی نے علل کبیر مین سنا مینے بخاری سے کہ یہ حدیث صحیح ہی اور حدیث بزار کی علی بن ابی طالب

رضی اللہ عنہ سے غریب ہی معارض ہی احادیث صحاح کے اور کہا صاحب ہدایہ نے کہ نہیں ہی ترجیع مشہور حدیثونمین اور روایت کیا

ابوداؤد نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ تھی اذان بیچ زمانے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دو دو بار اور تکبیر ایک ایک بار آخر حدیث تک اور

روایت کیا اسکو ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اپنی صحیح مین کہا ابن جوزی رحمتہ اللہ علیہ نے کہ اسناد اوسکا صحیح ہی اور سعید بیٹے مغیرہ کے

ثقہ ہین توثیق کی اونکی ابن حبان نے اور کہا شیخ تقی الدین بن دقیق العید نے امام مین کہا ابن حاتم نے کہ سنا مینے اپنے باپ سے کہ سعید بن مغیرہ

ثقہ ہین اور وہ جو کہا صاحب ہدایہ نے کہ ترجیع جو ابی محذورہ کی حدیث مین آئی ہی سو وہ تعلیم تھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور انھون نے

اوسکو ترجیع جانا غلط ہی کیونکہ ابوداود مین ہی باسناد صحیح ابی محذورہ سے کہا انھون نے کہا مینے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سکھاؤ مجکو

طریقہ اذان کا فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہے تو اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان لا الہ الا اللہ اشہد ان

لا الہ الا اللہ اشہد ان محمدا رسول اللہ اشہد ان محمدا رسول اللہ پہلے تو آہستہ سے کہہ پھر

پکار کے کہہ تو اوس سے تاویل تعلیم کی جاتی رہی اور صحیح یہی ہی کہ یہ حدیث معارض ہی اوسکو جو روایت کیا طبرانی نے اوسط مین

یہی حدیث ابی محذورہ کی اور نہین ذکر کیا اوسمین ترجیع کو اور جب دونون معارض ہوئین دونون ساقط ہوئین اور باقی رہی حدیث

عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کی سالم جمیع علل سے وثبت ما ذہبنا بفضل اللہ تعالی ص حی علی الصلوۃ

جب کہے تو داہنی طرف مونہہ پھیرے اور جب حی علی الفلاح کہے تو بائین طرف مونہہ پھیرے اور اوسی جگہہ کھڑا رہے

اور اگر جانے کہ اتنے مین آواز نہ پہنچیگی داہنی طرف مین دسیچے سے سر نکال کے کہے دوبار حی علی الصلوۃ اور بائین طرف

کے دریچے سے نکال کے دو بار کہے حی علی الفلاح اور فجر مین بعد حی علی الفلاح کے دو بار الصلوۃ خیر من النوم

کہے ف کیونکہ روایت کیا ابن ماجہ نے سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ سے انھون نے بلال رضی اللہ عنہ سے کہ وہ آئے پاس حضرت صلی اللہ

علیہ وسلم کے تاکہ آگاہ کرین اونکو ساتھہ نماز فجر کے تو کہا گیا آپ سوتے ہین سو کہا بلال رضی اللہ عنہ نے الصلوۃ خیر من النوم

دو بار تو مقرر کیا گیا یہ اذان مین اور یہ حدیث منقطع ہی کیونکہ نہین سنا ابن مسیب نے بلال رضی اللہ عنہ سے اور وہ حجت ہی نزدیک اسکے

وقت ثقہ ہونے راویون کے علاوہ اسکے مروی ہی حدیث ابی محذورہ مین کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہو نماز صبح کی کہہ تو

الصلوۃ خیر من النوم الصلوۃ خیر من النوم اللہ اکبر اللہ اکبر روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے اور انس سے

مروی ہی کہ کہا انھون نے سنت سے ہی یہ بات کہ جب کہے مؤذن نماز فجر مین حی علی الفلاح کہے الصلوۃ خیر من النوم دو بار روایت کیا

اسکو دارقطنی رحمتہ اللہ علیہ نے اور قول صحابی کا من السنۃ حکم رفع مین ہی اور وہ جو ہدایہ مین ہی کہ کہا بلال رضی اللہ عنہ نے الصلوۃ

خیر من النوم دو بار جب پایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ آپ سوتے تھے سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اچھا ہی یہ کلمہ

کر اسکو بیچ اذان اپنی کے روایت کیا اسکو طبرانی نے معجم کبیر مین باسناد صحیح ص اقامت یعنی تکبیر بھی مثل اذان کے کہے

مگر اسمین کلمے جلدی جلدی کہے اور بعد حی علی الفلاح کے دوبار قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کہے ف روایت کیا ابوداود رحمۃ اللہ علیہ نے ابی لیلی سے انھوں نے معاذ رضی اللہ عنہ سے حدیث طویل اور آخر اوسکا یہ ہی کہ بعد اذان کے ٹھہر کے پھر کھڑا ہوا فرشتہ سو کہا مثل اذان کے مگر یہ کہ بعد حی علی الفلاح کے دوبار قد قامت الصلوۃ زیادہ کیا اور ابولیلی رحمۃ اللہ علیہ نے معاذ رضی اللہ عنہ کو نہین پایا لیکن وہ ہمارے نزدیک حجت ہی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے کہ دیکھا مینے خواب مین ایک شخص کو آخر حدیث تک سو اذان دی اوسنے دو دو بار اور اقامت بھی دو دو بار اور ایسا ہی مروی ہی سنن ترمذی وغیرہ مین اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اقامت ایک ایک بار ہی بدلیل اسکے جو روایت کیا بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا بلال رضی اللہ عنہ کو کہ دو دو بار کہے اذان کو اور ایک ایک بار اقامت کو اور کہا ابوالفرج ابن جوزی نے کہ تھی اذان دو دو بار اور اقامت بھی ایسی تو جب نکلے بنی امیہ تو کردیا اقامت کو ایک ایک بار ص اور اذان اور اقامت مین باتین نکرے اور بعد اذان کے پھر پکارنا متاخرین کے نزدیک اچھا ہی ابوداود سکو تثویب کہتے ہین ف اور ہدایہ مین ہی کہ تثویب نماز فجر مین اچھی ہی اور باقی سب نمازون مین مکروہ ہی اور لکھا ہی کہ یہ تثویب نکال لیا اوسکو علمائے کوفہ نے بعد عہد صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے بسبب بدل جانے احوال آدمیون کے اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ایک مسجد مین تشریف لیگئے اور سنا ایک مؤذن کو کہ تثویب کہی اوسنے تو کہا انھون نے واسطے ساتھی اپنے کے نکل ساتھ ہمارے اس بدعتی کے پاس سے روایت کیا اسکو ابوداود نے اور ترمذی نے بغیر اسناد کے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اسکا انکار مروی ہی اور کہا امام ابی یوسف رحمۃ اللہ علیہ نے نہین دیکھتا ہون مین حرج یہ کہ کہے کوئی واسطے امیر کے بیچ اذان سب نمازون کے اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الْاَمِیْرُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ اَلصَّلٰوۃُ یَرْحَمُكَ اللّٰهُ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے اوسکو مستبعد جانا کیونکہ آدمی سب برابر ہین حکم جماعت مین اور امام ابی یوسف نے اسواسطے ان لوگون کو خاص کیا کہ وہ زیادہ مشغول رہتے ہین مسلمانون کے امور مین بنسبت اور لوگون کے اور اسی حکم مین ہین قاضی اور مفتی ص اذان اور اقامت مین بیٹھے مگر مغرب مین اور جو نماز قضا ہوگئی ہو اوسکو فائتہ کہتے ہین تو ایک فائتہ کیواسطے بھی اذان اور اقامت کہے اور جب بہت سی فائتہ ہون پہلی فائتہ کیواسطے اذان اور اقامت کہے ف کیونکہ روایت ہی ابی قتادہ رضی اللہ عنہ سے بیچ قصہ تعریس کے پھر اذان دی بلال رضی اللہ عنہ نے ساتھ نماز کے سو نماز پڑھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتین پھر نماز پڑھی صبح کی سو کیا جیسا کرتے تھے اور اخراج کیا اسکا مسلم نے اور روایت ہی ابی داود وغیرہ مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا بلال رضی اللہ عنہ کو ساتھ اذان کے اور اقامت کے جسوقت کہ سو گئے تھے نماز صبح سے اور پڑھا تھا اوسکو بعد نکلنے آفتاب کے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ اور عمرو بن امیہ ضمیری اور عمران بن حصین اور ذی مخمر حبشی صحابی رضی اللہ عنہم سے اور روایت کیا اوسکو مالک نے موطا مین ابن سیب سے مرسلا اور ذکر کیا اوسمین اذان کو اور مرسلات ابن سیب کے بمنزلہ مرفوعات کے ہین اور صحیح مسلم مین جو ہی کہ حکم کیا بلال رضی اللہ عنہ کو سو قائم کی اوسنے نماز اور نماز پڑھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ اوسکے صبح کی منافی اذان کی نہین اور ابو یوسف نے روایت کیا باسناد سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جسوقت کہ مشغول رکھا اوسکو کفار نے قضا کی نمازون کی ساتھ اذان اور اقامت کے یعنی چار نمازون کے واسطے ص اور باقی کیواسطے اختیار ہی چاہے ہر مین اذان اور اقامت کہے یا فقط اقتصار اقامت پر کرے اور بے وضو کو اذان کہنا درست ہی ف اس وجہ سے کہ اذان ذکر ہی نماز نہین تاکہ اوسکے واسطے طہارت شرط ہووے ص اور تکبیر مکروہ ہی اور اگر کہدے تو اعادہ نہوگا اور اذان جنب کی مکروہ ہی اور ایسی ہی اقامت اوسکی تو اگر جنب نے اذان کہی پھر اعادہ کیا جاویگا اور اگر اقامت کہی

تو اقامت کا اعادہ نہوگا **ف** کیونکہ تکرار اذان کی مشروع ہی اور تکرار اقامت کی نہین مشروع اور اگر اذان کا بھی اعادہ نکرے تو نماز جائز ہی
کیونکہ اذان اور اقامت سنت ہین فقط **ص** اور اذان عورت اور مست اور مجنون کی مکروہ ہی اور اعادہ اوسکا مستحب ہی اور اگر
مسافر یا کوئی شخص جو مسجد مین جماعت سے نماز پڑھتا ہی اذان اور اقامت کو ترک کرے تو مکروہ ہی لیکن اگر مسافر اقامت کو فقط کہے تو جائز ہی
ف کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے بیٹون ابی ملیکہ کے جب آیا وقت نماز کا اذان دو تم دونون اور اقامت کہو
اور امامت کرے بڑا تم مین ایسا ہی صحیحین اور ترمذی مین **ص** جو شخص کہ شہر مین گھر مین اپنے نماز پڑھتا ہی اگر اذان اور اقامت
دونون کو ترک کرے اور محلے مین اذان و اقامت ہوتی ہی جائز ہی کیونکہ عبداللہ بن مسعود نے فرمایا کہ محلے کی اذان ہمکو کفایت کرتی ہی **ف**
روایت کیا اسکو سبط ابن الجوزی نے **ص** اور دیہات مین اگر ایسی مسجد ہی کہ اذان و اقامت اوسمین ہوتی ہی تو اوسکا حکم شہر کا سا ہی
اور اگر اوسمین ایسی مسجد نہین تو جو شخص اپنے گھر مین نماز پڑھتا ہی اگر اذان و اقامت دونون ترک کرے تو مکروہ ہی اور فقط اذان کا ترک کرنا
جائز ہی اور جب تکبیر کہنے والا حی علی الصلوۃ کہے امام نماز کے واسطے کھڑا ہووے اور جب قد قامت الصلوۃ کہے نماز شروع کرے

باب نماز کی شرطون کے بیان مین

وہ شرطین پاکی بدن کی ہی نجاست حقیقی اور حکمی سے اور پاکی کپڑے کی اور جاے نماز کی **ف** کیونکہ فرمایا اللہ تعالی نے
وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ یعنی کپڑون کو اپنے پاک کر اور فرمایا اللہ تعالی نے وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا یعنی اگر جنب ہو تم
سو پاک کرو **ص** اور چھپانا عورت کا **ف** کیونکہ فرمایا اللہ تعالی نے خُذُوا زِينَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ یعنی لو تم زینت
اپنی کو نزدیک ہر نماز کے یعنی وہ کہ چھپاوے عورت اپنی کو اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی نماز حائض کی مگر ساتھ چادر کے
روایت کی یہ ابو داود و ترمذی نے اور حسن کہا اوسکو اور حاکم نے اور صحیح کیا اوسکو اور ابن خزیمہ نے اپنی صحیح مین **ص** پانچوین قبلے
کی طرف مونہہ کرنا چاہئے نیت کرنا **ف** دلیل اول کی یہ ہی فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ یعنی پھیرو مونہہ اپنے کو طرف اوسکے
یعنی قبلے کے اور دوسرے کی دلیل قول ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اَلْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ یعنی ثواب عملون کا ساتھ
نیت کے ہی اور صلوۃ خود موضوع ہی حصول ثواب کیواسطے بخلاف وضو کے کہ وہ شرط ہی ایک امر موجب ثواب کا **ص** عورت مرد کی
ناف کے نیچے سے گھٹنون کے نیچے تک ہی **ف** روایت کیا دار قطنی نے عطاء بن یسار سے انھون نے ابی ایوب رضی اللہ عنہ سے کہا انھون نے
سنا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ عورت اوپر گھٹنون کے ہی اور اسناد مین اوسکی سوا دبن داود ضعیف کیا اوسکو عقیلی نے
لیکن توثیق کی اونکی ابن معین نے اور روایت ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً کہ زانو عورت سے ہی اور اسناد مین اوسکی عمر بن شکری
ضعیف کیا اونکو ابو حاتم اور دار قطنی نے اور روایت ہی عمرو بن العاص سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ناف کے نیچے سے گھٹنے
تک ستر ہی روایت کیا اسکو دار قطنی نے اور ان حدیثون سے معلوم ہوا کہ ناف ستر مین داخل نہین بخلاف امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اور
گھٹنا ستر مین ہی بخلاف شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اور ران ستر مین ہی مگر امام مالک کے نزدیک اور دلیل ہماری یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے اَلْفَخِذُ عَوْرَةٌ یعنی ران عورت ہی اور ستر ہی وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ **ص** اور لونڈی کی بھی یہی عورت ہی
مگر بیٹا اور بیٹھی بھی اوسکی عورت ہی اور عورت آزاد کی عورت تمام بدن ہی مگر مونہہ اور دونون ہتیلیان اور دونون قدم عورت کے
عورت مین داخل نہین **ف** کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا اَلْمَرْأَةُ عَوْرَةٌ مُسْتَوْرَةٌ یعنی عورت عورت

چھپی ہوئی ہی اور یہ حدیث ہدایہ مین مذکور ہی کہا شیخ ابن الہمام نے روایت کیا ترمذی نے کتاب الرضاع مین ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت عورت ہی آخر حدیث تک اور لفظ مستورہ کا اوسمین نہین ہی کہا ترمذی نے ھذا حدیث حسن غریب یہ حدیث حسن غریب ہی اور روایت کیا ابوداود رحمۃ اللہ علیہ نے مرسلا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ عورت بالغہ نہین چاہیے کہ دیکھا جاوے اوسسے مگر مونہہ اوسکا اور ہاتھ اوسکے بند دست تک اور اس سے معلوم ہوتا ہی کہ قدم عورت کا عورت ہی اور صحیح یہ ہی کہ عورت نہین ہی کذا فی الھدایہ ص جو عضو کہ عورت مین داخل ہی اوسکی چوتھائی اگر کھل جاوے نماز جائز نہین ہوتی جیسے چوتھائی پیٹ یا پنڈلی یا ران یا دبر یا ذکر یا فوطہ یا بال عورت کے اور سر الگ عضو ہی اور بال الگ ایک عضو ہی یعنی بال اوترنے والے جو سر سے جدا ہین اور فوطے الگ عضو ہین اور جو شخص کہ پاک کپڑا نہین رکھتا اور نجاست کا زائل کرنے والا اوسکے پاس موجود نہین ناپاک کپڑے سے نماز پڑھ لیوے اور پھر اوسکا اعادہ نکرے اور اگر اوسنے ننگے نماز پڑھی اور چوتھائی کپڑا اوسکا پاک ہی درست نہین ہوئی اور اگر چوتھائی سے کم پاک ہی افضل یہ ہی کہ ننگے پڑھے اور جو شخص ننگا ہووے نماز اوسکی بیٹھ کے اشارے سے پڑھنا افضل ہی ف روایت ہی عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انھون نے ننگا نماز پڑھے بیٹھ کے اشارے سے اور ایسا ہی مروی ہی عطا اور عکرمہ اور قتادہ رضی اللہ عنہم سے اور روایت ہی انس رضی اللہ عنہ سے کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوار ہوئے کشتی مین سو ٹوٹ گئی کشتی سو نکلے دریا سے ننگے تو نماز پڑھی انھون نے بیٹھ کے کہا سبط ابن الجوزی نے روایت کیا اوسکو حلال نے اور نہین پایا مترجم نے اس حدیث کو کسی کتاب مین حدیث کی ص اور اگر کھڑے ہوکے پڑھیگا تو درست ہی اور اگر قبلہ کی طرف مونہہ کرنے مین کچھ خوف ہی جس طرف مونہہ کریگا نماز درست ہوجاویگی اور اگر قبلہ اوسے معلوم نہین اور کوئی ایسا نہین جس سے پوچھے سوچ کے پڑھ لیوے تو اگر بعد نماز کے معلوم ہووے کہ اس طرف قبلہ نتھا نماز کو پھیر نہ پڑھے اور اگر نماز کے اندر قبلہ اوسکو معلوم ہوگیا یا رائے اوسکی بدل گئی نماز ہی مین پھر جاوے اور نماز کو تمام کرے ف اسواسطے کہ مسجد قبا کے لوگون کو نماز مین خبر قبلہ بدلنے کی پونہچی اور وہ عین نماز مین اوس طرف کو پھر گئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو اچھا جانا ص اگر اندھیری رات مین ایک قوم نے نماز پڑھی اور ہر ایک نے اپنے سوچ کے موافق قبلے کی طرف مونہہ کیا اور امام کا حال کوئی نہین جانتا کہ اوسکا مونہہ کدھر ہی لیکن یہ جانتے ہین کہ امام اونکے پیچھے نہین اونکی نماز جائز ہوگی تو اگر کسینے جانا کہ امام کا مونہہ اس طرف ہی اور پھر اپنا مونہہ اور طرف کیا یا اوسنے جانا کہ امام اوسکے پیچھے ہی اور پھر وہین کھڑا رہا تو نماز اوسکی جائز نہوگی ف روایت ہی عامر بن ربیعہ سے کہ تھے ہم سفر مین ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اندھیری رات مین سو ہمنے نجانا کہ کس طرف قبلہ ہی تو ہر شخص نے ہم مین سے نماز پڑھی جدھر اوسکی عقل مین آیا تو جب صبح ہوئی سو ہمنے بیان کیا اوسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تب یہ آیت نازل ہوئی فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ یعنی جدھر تم مونہہ کرو اوسی جانب کو مونہہ اللہ کا ہی اور ضعیف کیا اوسکو ترمذی نے اور ربت لوگون نے اور روایت ہی جابر رضی اللہ عنہ سے کہ تھے ہم سفر مین سو ابر تھا نہایت تو سوچا ہمنے قبلے کو تب نماز پڑھی ہر شخص نے ہم مین سے علحدہ اور ہر شخص ہم مین سے خط کر لیتا تھا اپنے آگے جب صبح ہوئی تو ہمنے نماز پڑھی تھی غیر قبلے کی طرف سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق کہ جائز ہوئی نماز تمھاری ضعیف کیا اسکو دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اور روایت ہی ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ یکایک لوگ پڑھ رہے تھے نماز صبح کی کہ ایک شخص نے خبر دی کہ رات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن نازل ہوا اور حکم ہوا کہ مونہہ کرین طرف قبلے کے اور مونہہ تھا اونکا شام کی طرف تو مونہہ پھیر لیا اونھون نے طرف کعبہ شریف کے روایت کیا اسکو بخاری

رحمۃ اللہ علیہ نے اور مسلم نے **ص** نماز فرض مین فرض کا معین کرنا نیت مین شرط ہی اور زبان سے کہنا اور دل مین نیت کرنا افضل ہی اور نوافل اور سنت تراویح مین مطلق نیت کافی ہی اور مقتدی کو نیت اپنی نماز کی اور امام کے اقتدا کی کرنا چاہیے

باب نماز کی صفت کے بیان مین

فرض نماز کے اندر سات ہین پہلے اللہ اکبر کہنا نماز کے شروع مین **ف** کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ اور رب اپنے کی تو تکبیر کر اور حدیث مین آیا ہی مِفْتَاحُ الصَّلٰوۃِ الطُّهُوْرُ وَتَحْرِيْمُهَا التَّكْبِيْرُ وَتَحْلِيْلُهَا التَّسْلِيْمُ یعنی کلید نماز کی طہارت ہی اور تحریم اوسکی تکبیر ہی یعنی جب تکبیر کہے تو جو افعال منافی صلوٰۃ ہین وہ سب حرام ہو گئے اور اسی سبب سے اوسکو تحریمہ کہتے ہین اور تحلیل اوسکی تسلیم ہی یعنی جو چیزین حرام ہو گئی تھین وہ اب سب سلام سے حلال ہو جاوینگی روایت کیا اوسکو ترمذی نے اور ابو داود نے اور حسن کہا اوسکو نووی نے **ص** اور اوسکو تکبیر تحریمہ کہتے ہین اور ہاتھ اوٹھانا اور آمین سنت ہی دوسرے کھڑا ہونا یعنی قیام کرنا **ف** کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ۝ یعنی کھڑے ہو واسطے اللہ کے ساکت اور چپ یا خشوع خضوع سے **ص** تیسرے قرات یعنی پڑھنا قرآن کا **ف** کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ یعنی پڑھو تم جو آسان ہو قرآن سے **ص** چوتھے رکوع یا پانچوین سجدہ ماتھے اور ناک سے اور فقط ناک سے بھی امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جائز ہی لیکن صاحبین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک درست نہین اور اسی پر فتویٰ ہی **ف** کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِرْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا رکوع کرو اور سجدہ کرو **ص** چھٹے اخیر کا قعود یعنی بیٹھنا آخر نماز مین **ف** کیونکہ روایت مین ابو داود کی ہی ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جب سکھایا تھا اونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تشہد کہ جب کہا تو نے یہ اور ادا کیا تو نے یہ سو تو ادا کر چکا نماز کو اپنی اگر چاہے تو کھڑا ہو تو کھڑا ہو اور اگر چاہے بیٹھ تو بیٹھ اور روایت دارقطنی مین ہی اِذَا فَعَلْتَ هٰذَا فَقَدْ تَمَّتْ صَلَاتُكَ اور بعضون نے کہا ہی کہ یہ جملہ حدیث مین داخل نہین بلکہ کلام ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا ہی اور کہا نووی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ اِتَّفَقَ الْحُفَّاظُ عَلٰى اَنَّهَا مُدْرَجَةٌ یعنی اتفاق کیا حفاظ نے اس بات پر کہ یہ جملہ مدرج ہی یعنی حدیث مین داخل نہین اور کہا شیخ ابن الہمام نے اوسکے جواب مین وَالْحَقُّ اَنَّ غَايَةَ الْاِدْرَاجِ هُنَا اَنْ تَصِيْرَ مَوْقُوْفَةً وَلِلْمَوْقُوْفِ فِيْ مِثْلِهٖ حُكْمُ الرَّفْعِ یعنی حق یہ ہی کہ غایت ادراج یہ ہی کہ یہ حدیث موقوف ہو گئی اور موقوف اوسکے مثل حکم رفع مین ہی وَاللّٰهُ اَعْلَمُ پھر اختلاف ہی قعود کے اندازے مین لیکن صحیح یہ ہی کہ مقدار تشہد کے یعنی عبدہ ورسولہ تک اور اسی کو اختیار کیا ہی کافی مین اور فتح القدیر مین **ص** ساتوین اپنے کام سے نماز سے باہر آنا اور واجبات نماز کے گیارہ ہین پہلے فاتحہ کا پڑھنا دوسرے سورت ملانا تیسرے رعایت ترتیب کی اون کامون مین جو نماز مین مکرر آتے ہین تو تکبیر تحریمہ اور قعدۂ اخیرہ مین رعایت ترتیب کی فرض ہی چوتھے قعدۂ اولیٰ یعنی جو بعد دو رکعتون کے چار رکعتی نماز مین بیٹھتے ہین پانچوین تشہد دونون قعدون مین اور ذخیرے مین لکھا ہی کہ پہلا قعدہ سنت ہی اور اخیر کا قعدہ واجب ہی اور ہدایے مین لکھا ہی کہ تشہد کا پڑھنا پہلے قعدے مین سنت ہی اور دوسرے قعدے مین واجب ہی لیکن صاحب وقایہ کا مذہب یہی ہی کہ دونون قعدون مین تشہد پڑھنا واجب ہی چھٹے لفظ سلام کا کہنا اور امام شافعی رح کے نزدیک یہ فرض ہی **ف** اور دلیلین دونون مذہب کی اوپر گذرین امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل قول ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وَتَحْلِيْلُهَا التَّسْلِيْمُ

یعنی تحلیل نماز کی تسلیم ہی اور ہماری دلیل حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی ہی جو اوپر گذری **ص** ساتوین قرمین دعا قنوت پڑھنا آٹھوین دونون عیدونکی تکبیرین کہنا نوین قرات کا متعین کرنا پہلی دو رکعتون مین دسوین ٹھہر ٹھہر کے سب ارکان ادا کرنا اور اسکو تعدیل ارکان کہتے ہین اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ فرض ہی اور اسی طرح ٹھہرنا رکوع اور سجدے مین اور دونون سجدون کے بیچ مین گیارھوین یکار کے پڑھنا یعنی جہر کرنا جسمین پکار کے پڑھا جاتا ہی اور سر یعنی آہستہ پڑھنا جسمین آہستہ پڑھا جاتا ہی اور سوا ان واجبات اور فرائض کے سب پیزین نماز مین سنت ہین یا مستحب اور جب نماز مین شروع کرے دونون ہاتھ اوٹھاوے دونون کانون کی لو تک اور انگوٹھے سے کان کی لو چھوئے اور پھر تکبیر کہے یعنی اللہ اکبر **ف** اور سنت یہی یعنی ہاتھون کا اوٹھانا کیونکہ یہ مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسپر اور اس عبارت سے معلوم ہوتا ہی کہ تکبیر بعد رفع یدین کے ہی وَھُوَ الصَّحِیْحُ وَالْمُفْتٰی بِہٖ اور اسی کی مؤید ہی وہ جو روایت کیا نسائی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوٹھاتے تھے ہاتھ کانون تک پھر تکبیر کہتے تھے اور لفظ ثُمَّ کا اس حدیث مین دلالت کرتا ہی اوپر تراخی کے بنا بر قواعد نحو کے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہاتھون کو کانون تک اوٹھانا بدلیل اسکے جو روایت کیا بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے کہ مین خوب جانتا ہون نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا مینے اونکو جب تکبیر کہتے تھے اوٹھاتے تھے ہاتھ کاندھون تک اور جب رکوع کرتے تھے رکھتے تھے دونون ہاتھ اپنے گھٹنون پر پھر پیٹھ کو جھکاتے تھے اور جب اوٹھاتے تھے سر اپنا خوب سیدھے ہو جاتے یہان تک کہ ہر ہڈی اپنی جگہ پر آجاتی تھی پھر جب سجدہ کرتے تھے رکھتے تھے ہاتھون کو نہ بچھیلا کر اور نہ کھینچ کے اور پیر کی انگلیون کا رخ قبلے کی طرف رکھا اور جب بیٹھتے دو رکعتون کے بعد بیٹھتے بائین پیر پر اور کھڑا کیا سیدھے پیر کو اور جب بیٹھتے اخیر رکعت مین آگے کیا بائین پیر کو اور کھڑا کیا دوسرے کو اور بیٹھے اور ضعیف کیا اوسکو طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرح پر کہ یہ حدیث مروی ہوئی محمد سے دو سند طرق پر اور اونمین محمد اور ابو حمید مین واسطہ ایک شخص کا ہی اور نام اوسکا مذکور نہین اور اس روایت مین بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی واسطہ مذکور نہین اور یہ رجل مجہول ہی اور یہی راجح ہی کیونکہ سن محمد کا نہین احتمال رکھتا ہو اسقدر اور نہین ثابت کرتا ہی کوئی سماع محمد کا مگر عبد الحمید اور وہ ضعیف ہی اور ایک روایت مین ہی کہ محمد بن عمر حاضر ہوا ابو حمید اور ابو قتادہ پاس حال انکہ وفات کی ابو قتادہ نے قبل اسکے قتل کیے گئے تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اور نماز پڑھی اوسپر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اور مشہور نہین اور نہین ہی متصل یہ حدیث یہ کلام طحاوی کا ہی اور عبد الحمید وہ جعفر بیٹا حکم انصاری کا ضعیف کیا اوسکو یحیی بن القطان اور ثوری نے اور توثیق کی اوسکی یحیی بن معین و غیرہ نے اور محمد کا سماع ساتھ ابی حمید اور ابی قتادہ کے ثابت کیا اوسکو حافظ عبد الغنی نے اور اگر بالفرض صحت کو بھی یہ حدیث پونچی تو معارض ہی اوسکی وہ حدیث جو صحیحین مین مالک بن الحویرث سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب تکبیر کہتے اوٹھاتے اپنے دونون ہاتھون کو یہان تک کہ برابر کرتے اونکو دونون کانون کے اور ایسا ہی روایت ہی وائل سے صحیح مسلم مین تحقیق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوٹھاتے تھے دونون ہاتھون کو کانون تک اور روایت کیا انس رضی اللہ عنہ سے مثل اسکے طحاوی نے اور اسناد مین اوسکی مؤمل بن اسمعیل ہی اور یزید بن ابی زیاد ضعیف کیا گیا ہی مؤمل کہ حاتی رہین کتابین اوسکی سو بیان کرنے لگے حدیثین حفظ اور یاد سے تب بہت ہوئین خطائین اونکی اور یزید ضعیف کیا اوسکو علی بن مدینی اور ابن المبارک اور ابو حاتم رازی نے اور بخاری اور نسائی نے اور کہا ابن حبان نے کہ تھا سچا مگر یہ کہ جب بڑھاپا ہوا تو بگڑ گیا حفظ اوسکا اور واقع ہوئین بیچ حدیثون اوسکی تو جس سے اوسنے قبل تغیر کے سنا تو سننا اوسکا صحیح ہی اور روایت کی انس رضی اللہ عنہ سے

بیہقی سے مثل حدیث مالک بن الحویرث کے کہا ابو الفرج نے اسناد اوسکا صحیح ہے اور ایک طرح سے معارضہ باقی نہیں ہے کہ جس میں تین ہی کہ حضرت ہاتھ اوٹھاتے تھے کاندھوں تک مراد یہ ہے کہ ہاتھ کاندھوں تک اور انگوٹھے لو تک کان کی ایسی ہی تاویل کی امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے واللہ اعلم **ص** اور اونگلیوں کو نہ بہت ملاوے اور نہ بہت کشادہ رکھے بلکہ اپنے حال پر چھوڑ دے اور عورت دونوں ہوندھوں تک اوٹھاوے اور اللہ اکبر ساتھ مد الف اللہ کے اور اللہ اکبار ساتھ لام الف کے درمیان بے اور رے کے نہ کہے اور اگر بجائے تکبیر کے اللہ اجل یا اللہ اعظم یا الرحمن اکبر یا لا الہ الا اللہ کہے درست ہوجاویگا اور فارسی یا ہندی یا اور کسی زبان میں اگر تکبیر کو مثلاً یہ کہے اللہ بزرگ ترست یا اللہ بزرگ ہی یا قرأت فارسی میں یا اور کسی زبان میں عذر سے پڑھے یا جانور ذبح کرنے کے وقت فارسی وغیرہ میں کہے تو درست ہی اور اگر دعا کے الفاظ کہے جیسے اللھم اغفر لی اے خدا بخشدے مجکو تو درست نہیں **ف** اور طعن اس باب میں بیجا ہی جواب اوسکا نور الانوار وغیرہ کتب اصول میں مذکور ہی **ص** اور داہنا ہاتھ بائیں پر رکھے ناف کے نیچے اور قنوت اور نماز جنازہ میں بھی ہاتھ باندھے اور بعد رکوع کے جب کھڑا ہو اور عیدین کی تکبیروں میں چھوڑ دے اور ہاتھ نہ باندھے **ف** اور امام مالک کے نزدیک سب نمازوں میں چھوڑ دے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک سینے پر باندھے جیسے ہمارے مذہب میں عورت سینے پر باندھتی ہی دلیل امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی وہ ہی جو امام المحدیث ابوبکر بن خزیمہ نے اپنے مسند میں روایت کیا ساتھ سند صحیح کے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھے دونوں ہاتھ اوپر سینے کے اور روایت کیا احمد نے قبیصہ بن ہلب سے اوسنے اپنے باپ سے کہ دیکھا میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ رکھتے تھے ہاتھوں اپنے کو سینے پر اور فقط ہاتھ باندھنے میں حدیثیں چند صحیح بخاری میں مروی ہیں جنسے حجت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ پر قائم ہوتی ہی اور کہا شیخ ابن الہمام نے ذیل قول صاحب ہدایہ میں کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سنت سے ہی یہ بات یعنی رکھنا داہنے ہاتھ کا اوپر بائیں کے نیچے ناف کے کہ یہ حدیث مرفوعاً نہیں معلوم ہوئی ہاں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہی کہ سنت سے ہی رکھنا ایک کف کا اوپر دوسرے کف کے نیچے ناف کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور احمد اور دارقطنی اور رزین اور بیہقی نے اور اسناد میں اوسکی عبدالرحمن بن اسحق کوفی ضعیف ہیں ضعیف کیا اونکو احمد وغیرہ نے اور اس ضعف سے ضعف حدیث کا لازم نہیں آتا کیونکہ ابو حنیفہ مقدم ہیں اوسپر اور کہا بعض جہلا نے کہ نہیں ہی کوئی حدیث مرفوع صحیح اس باب میں واسطے حنفیہ کے اور یہ بات غلط ہی کیونکہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف میں حدثنا وکیع عن موسی بن عمیر عن علقمۃ بن وائل بن حجر عن ابیہ رضی اللہ عنہ قال رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم وضع یمینہ علی شمالہ تحت السرۃ یعنی روایت ہی وائل بن حجر سے کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ رکھتے تھے ہاتھ داہنا اپنا اوپر بائیں کے نیچے ناف کے کہا بعض علما نے وھذا حدیث صحیح مرجیح الاسناد لان فیہ رجالا کلھم سوی الصحابی ثقات یعنی یہ حدیث صحیح ہی اسواسطے کہ جتنے راوی ہیں اوسمیں صحابی کو چھوڑ کر سب ثقہ ہیں اور صحابی کو چھوڑ کر اسواسطے کہا کہ صحابی سب ثقہ ہیں کسی میں احتمال کذب کا نہیں لیکن ثقہ ہونا وکیع کا تو کہا حافظ بن حجر نے تہذیب التہذیب میں کہ وکیع بیٹا جراح کا بیٹا ملیح رؤاسے کا کنیت اونکی ابو سفیان ہی روایت کی اونھوں نے اپنے باپ سے اور اسمعیل بن ابی خالد اور ایمن بن نابل اور ابن عون وغیرہم سے اور روایت کیا اونسے اونکے بیٹوں نے سفیان اور ملیح اور عبید نے اور شعبہ نے اونکے سفیان ثوری نے اور ابوبکر بن ابی شیبہ اور عثمان بن ابی شیبہ دونوں بھائیوں نے اور ابو خیثمہ اور حمیدی نے کہا احمد بن حنبل نے نہیں دیکھا میں نے حافظ علم کا زیادہ

وکیع سے اور کہا انھوں نے کہ تھے وکیع مطبوع الحفظ اور کہا انھوں نے کہ تھے امام مسلمانوں کے اپنے وقت میں اور کہا ابن معین نے نہیں دیکھا میں نے افضل وکیع سے تو کہا گیا کہ کیا ابن المبارک کو فضل تھا کہا کہ ہاں اونکو بھی فضل تھا لیکن نہیں دیکھا میں نے افضل وکیع سے تھے مستقبل قبلہ اور حفظ کرتے تھے حدیث کو اور قیام کرتے تھے رات کو اور روزہ رکھتے تھے دن کو اور فتوی دیتے تھے قول امام ابوحنیفہ پر اور دوسرا راوی موسی بن عمیر عنبری تمیمی کوفی کہا یحیی بن معین اور ابوحاتم نے اور محمد بن عبداللہ بن نمیر اور خطیب اور عجلی اور دولابی نے کہ وہ ثقہ اور کہا ابوزرعہ نے لا باس بہ یعنی نہیں حرج ہی ساتھ اوسکے اور نسائی میں اوسکی ایک حدیث ہی صلوۃ میں اور لیکن علقمہ تو کہا ذہبی نے میزان الاعتدال میں کہ علقمہ یہ صدوق ہی اور کہا حافظ ابن حجر نے تہذیب میں ذکر کیا اوسکو ابن حبان نے ثقات میں اور ذکر کیا اوسکو ابن سعید نے طبقہ ثالثہ میں اہل کوفہ سے اور کہا کہ کان ثقۃ قلیل الحدیث یعنی تھا ثقہ تھوڑی حدیث والا اور کہا شیخ قاسم تغلوبغا حنفی نے بیچ تخریج احادیث الاختیار کے بعد نقل کرنے اس حدیث کے مصنف ابن ابی شیبہ سے کہ یہ سند جید ہی وکیع ہی احد الاعلام اور موسی بن عمیر توثیق کی اوسکی ابوحاتم نے اور روایت کیا اوس سے نسائی اور علقمہ نے اخراج کیا اوسکو بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے رفع الیدین میں اور مسلم نے اپنی صحیح میں اور چاروں عالموں نے اور ثقہ کہا اوسکو ابن حبان نے سو یہ شاہد ہی اوس حدیث علی رضی اللہ عنہ کا پس نہیں ہی وجہ کلام کی اوس شخص کے جسنے کہا کہ نہیں دلیل ہی حنفیہ کی اس مسئلے میں واللہ اعلم **ص** بعد تحریمہ کے ہاتھ باندھکے ثنا پڑھے وہ یہ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ اور توجیہ یعنی اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ نہ پڑھے **ف** اور امام ابی یوسف کے نزدیک پڑھے دلیل اونکی حدیث علی رضی اللہ عنہ کی ہی طویل کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے یہ آیت اور روایت جابر رضی اللہ عنہ کی کہ تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب شروع کرتے نماز کو کہتے تھے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ روایت کیا اسکو بیہقی نے اسی طرح پر کہا صاحب ہدایہ نے دلیل ہماری حدیث انس رضی اللہ عنہ کی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب شروع کرتے تھے نماز تکبیر کہتے تھے اور فرماتے تھے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ اَخَرَكَ اور نہیں زیادہ کرتے تھے اسپر کہا صاحب فتح القدیر نے روایت کیا بیہقی نے انس اور عایشہ اور ابوسعید خدری اور جابر اور عمر بن مسعود رضی اللہ عنہم سے اس مضمون کو مرفوعا مگر حدیث عمر بن مسعود رضی اللہ عنہ کی وقف کیا اوسکو اوپر عمر کے اور رفع کیا اوسکو دارقطنی نے عمر رضی اللہ عنہ سے پھر کہا محفوظ ہی وقف کرنا یہ قول عمر رضی اللہ عنہ کا ہی اور صحیح مسلم میں ہی کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ جہر کرتے تھے ساتھ ان کلمات کے انتہی اور روایت کیا اوسکو ابوداود اور ترمذی نے عایشہ رضی اللہ عنہا سے اور ضعیف کیا اون دونوں نے اوسکو لیکن صحیح کیا اوسکو محدث فیروزابادی نے اور روایت کیا اوسکو دارقطنی نے عثمان رضی اللہ عنہ سے اونکے قول سے اور روایت کیا اوسکو سعید بن منصور نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے قول سے اور سنن ابی داود میں ہی ابوسعید سے کہ تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب اوٹھتے رات کو تکبیر کہتے پھر فرماتے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ الخ تین بار پھر لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تین بار پھر کہتے اَللّٰهُ اَكْبَرُ تین بار اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ پھر قرات کرتے تھے اور اخراج کیا اسکا ترمذی نسائی ابن ماجہ نے کہا ترمذی رح نے حدیث ابوسعید رضی اللہ عنہ کی مشہور حدیث ہی اس باب میں اور تحقیق کلام کیا گیا اسناد میں اسکی تھے یحیی بن سعید کلام کرتے تھے علی بن علی رفاعی میں اور کہا احمد نے کہ نہیں صحیح ہی حدیث اور توثیق کی علی بن علی کی وکیع اور ابن معین

اور ابو زرعہ اجلۂ محدثین نے اور جب ثابت ہو افعل صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مانند حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قرارت اسکی متحقق ہوئی کہ یہی اکثر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تھا اور یہی اخیر تھا اونکے فعل سے اور صحیحین مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک اور حدیث مرسل اور اسمین اور دعا بھی ذکر کیا اوسکو شیخ ابن الہمام رحمۃ اللہ علیہ نے اور کہا وھو اصح من الکل لانہ متفق علیہ ومع ذلک لم یقل بسنیتہ عینا احد من الائمۃ الاربعۃ یعنی یہ صحیح ہی کل روایتون سے اسواسطے کہ اتفاق کیا اسپر بخاری مسلم نے اور باوجود اسکے نہین کہا کسیفے ساتھ سنیت خاص سبحانک اللھم کے تو اگر وہ دعا اسکے بدلے پڑھے کچھ حرج نہین اور جائز ہی فقط اور وہ جو روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی محمول ہی اوپر نوافل کے ایسا ہی ذکر کیا صاحب ہدایہ نے اور مؤید ہی اسکی وہ جو مروی ہی صحیح ابی عوانہ اور سنن نسائی مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے تھے نماز نفل کو کہتے تھے اللہ اکبر وجھت وجھی الخ تک بخلاف سبحانک اللھم کے کہ وہ ثابت ہی فرائض مین ص اور بعد ثنا کے تعوذ یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کہے ف کیونکہ فرمایا اللہ جل جلالہ وعم نوالہ نے فاذا قرأت القرآن فاستعذ باللہ یعنی جب پڑھے تو قرآن کو تو پناہ لیجا طرف اللہ کے مراد یہ ہی کہ شیطان سے پناہ مانگے کہ وہ مازج ہو قرارت قرآن مین ص اور مقتدی تعوذ نہ پڑھے اور مسبوق پڑھے تو تعوذ تابع قرارت کا ہی نہ تابع ثنا کا سو جو شخص قرارت پڑھے وہ تعوذ بھی پڑھے اور جو شخص قرارت نہ پڑھے تعوذ بھی نہ پڑھے اور تکبیرات عیدین کے بعد تعوذ پڑھے اور بعد اوسکے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہے اور فاتحہ اور سورت کے بیچ مین نہ پڑھے اور ثنا اور تعوذ اور تسمیہ آہستہ کہے اور امام شافعی کے نزدیک تسمیہ کو بلند پڑھے اور بہت سی حدیثین صحیح وارد ہوئین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاے راشدین قرارت کو الحمد للہ رب العلمین سے شروع کرتے تھے ف تو اس سے معلوم ہوا کہ ثنا اور تعوذ اور تسمیہ آہستہ پڑھتے ہونگے اور صاحب ہدایہ نے لکھا ہی سبب قول ابن مسعود کے چار ہین کہ آہستہ کہے اونکو امام اور ذکر کیا اونمین تعوذ اور تسمیہ اور آمین کو اور روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے اور روایت کی ابی وائل سے انھون نے عبد اللہ سے کہ وہ چھپے آہستہ کہتے بسم اللہ الرحمن الرحیم کو اور صحیح ابن خزیمہ اور ابن حبان اور نسائی مین ہی نعیم مجمر سے کہ نماز پڑھی مینے پیچھے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے سو پڑھی انھون نے بسم اللہ الرحمن الرحیم پھر پڑھی فاتحہ یہان تک کہ پہنچے ولا الضالین پھر کہی آمین پھر سلام پھیرے کہا قسم ہی اوس ذات کی جسکے قبضے مین میری جان ہی تحقیق کہ میری نماز مشابہ تر ہی ساتھ نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا ابن خزیمہ نے نہین شک ہی اوسکی صحت مین اہل معرفت کے نزدیک اور یہ حدیث مستلزم جہر کو نہین کیونکہ جائز ہی سننا نعیم کا باوجود آہستہ پڑھنے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے کیونکہ جب تک مبالغہ نکرے انحفار مین تب تک سنائی دیتا ہی خصوصاً پاس والے مقتدی کو اور صحیح ہی عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہر کرتے تھے بسم اللہ کا کہا حاکم نے صحیح ہی بغیر علت کے اور صحیح کیا اوسکو دار قطنی نے اور کہا ترمذی نے نہین ہی اسناد اوسکا قوی اور ضعیف کیا اوسکو اکثر محدثین نے اور کہا بعض حفاظ نے نہین ہی کوئی حدیث صحیح جہر مین مگر اوسکی اسناد مین گفتگو ہی اور اسی سبب سے صاحب اسانید اربعہ اور امام احمد نے احادیث جہر یہ کو اخراج نہین کیا باوجود اشتمال اونکے کے احادیث صحیحہ پر کہا امام العلماء رئیس المحدثین شیخ تقی الدین ابن تیمیہ نے اور روایت کی ہمنے دار قطنی سے کہ نہین صحیح ہوئی حضرت سے جہر مین کوئی حدیث اور مروی ہی دار قطنی سے

کہ تصنیف کی اوسنے ایک کتاب مصر مین بیچ جہر بسم اللہ کے اور ارادہ کیا بعض مالکیہ نے کہ جہر کرین اوس سے صحیح صحیح ضعیف سے سو کہا کہ نہین صحیح ہمارے جہر مین کوئی حدیث اور کہا حازمی نے کہ احادیث جہر کی اگرچہ بکثرت ماثور ہین لیکن کوئی حدیث خالی ضعف سے نہین اور روایت کیا امام طحاوی نے جہر کو قرارت اعراب کی اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نہین جہر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ کا یہان تک کہ وفات کی اور یہ معارض ہی اوس حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ کے جو جہر مین گذری تو وہ صحیح تر اوپر واقع ہونے اوسکے کے کبھی کبھی اور صریح موجب حمل ہی روایت مسلم کی انس رضی اللہ عنہ سے کہ نماز پڑھی مینے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم اجمعین کے پس سنا مینے کسیکو اونمین سے کہ پڑھتا ہو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور اس سے مراد نفی قرارت نہین ہی بلکہ نفی جہر ہی بدلیل دوسری روایت کے کہ نہین جہر کرتے تھے ساتھ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے روایت کیا اسکو احمد اور ترمذی نے ساتھ اسناد صحیح کے اور بھی روایت ہی اونھین سے کہ نماز پڑھی مینے پیچھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہ کے پس سب لوگ اخفا کرتے تھے بسم اللہ کا روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور ایک لفظ مین ہی کہ جہر کرتے تھے ساتھ بسم اللہ کے اور روایت کیا طبرانی نے انس رضی اللہ عنہ سے کہ تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سر کرتے تھے ساتھ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے اور ابو بکر اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم اور جتنے تابعین تھے اور وہی مذہب ہی سفیان ثوری اور ابن المبارک کا اور کہا ابن عبد البر اور ابن منذر نے کہ یہی قول ابن مسعود اور ابن الزبیر اور عمار بن یاسر اور عبد اللہ بن مغفل اور حاکم اور حسن بن ابی الحسن اور شعبی اور نخعی اور اوزاعی اور عبد اللہ بن المبارک اور قتادہ اور عمر بن العزیز اور اعمش اور زہری اور مجاہد اور حماد اور ابی عبید اور احمد بن اسحٰق کا اور روایت کیا امام ابو حنیفہ نے طریق عبد اللہ بن شہاب ابی سفیان ثوری سے اونھون نے یزید بن عبد اللہ بن مغفل سے انھون نے اپنے باپ سے تحقیق کہ انھون نے نماز پڑھی پیچھے امام کے سو جہر کیا اونھون نے بسم اللہ کا سو پکارا عبد اللہ بن مغفل نے کہ نماز پڑھی مینے پیچھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر اور عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ عنہم کے سو کسیکو مینے جہر کرتے نہین سنا اور کہا انھون نے اپنے بیٹے سے اے بنی محدثہ تعنی یہ جہر کرنا بسم اللہ الرحمن الرحیم کا محدث اور بدعت ہی ص اور بعد تسمیے کے فاتحہ اور سورت پڑھے ف اور فاتحہ پڑھنا ہمارے مذہب مین رکن نماز یعنی فرض نہین اور سیطرح سورت اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک فاتحہ فرض اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک دونون فرض ہین دلیل امام مالک کی ہی قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا طویل آخر حدیث یہ ہی کہ نہین ہی نماز مگر ساتھ الحمد کے اور ایک سورت کے کہا شیخ ابن الہمام نے روایت کیا اوسکو ترمذی نے ابو سعید رضی اللہ عنہ سے اور روایت کیا اوسکو ابن ماجہ نے اور اختصار کیا اسپر کہ لا صلوٰۃ لمن لم یقرأ آخر تک اور سکوت کیا اوس سے ترمذی نے اور ضعیف ہی ساتھ ابو سفیان ثوری طریق ابن شہاب کے اور اوسی سے روایت کی ابو حنیفہ نے مسندین اور نقل کی گئی ابن معین اور نسائی سے تضعیف اوسکی اور تلیین کی اوسکی ابن عدی نے اور کہا کہ روایت کی اوس سے ثقات نے لیکن وہ لاتا ہی متون مین ایسی چیز کہ نہین لاتا کوئی اوسکو سوا اوسکے اور اسانید اوسکی مستقیم ہین اور روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے اور روایت کیا اوسکو طبرانی نے ابی ہفصہ سے کہ نہین ہی نماز مگر ساتھ ام القرآن یعنی فاتحہ کے اور ساتھ اوسکے بغیر اور سورت کے اور اسناد مین اوسکی اسمٰعیل بن عیاش ضعیف ہی اور توثیق اوسکی ابن معین نے اور ہماری مؤید ہی وہ جو روایت ہی معجم اوسط مین طبرانی کی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ حکم کیا مجکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ندا کرون مین مدینے مین کہ نہین ہی نماز مگر ساتھ قرارت کے اگرچہ فاتحہ ہو اور روایت کیا اوسکو ابو حنیفہ نے اور حارث نے مسندین اور ابن عدی نے لیکن ابو حنیفہ کے طریق مین ضعف ہی اور طبرانی کی اسناد مین حجاج بن ارطاۃ ضعیف ہی اور دلیل ہماری قول اللہ تعالیٰ کا ہی فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ

طریق ابن شہاب

اسمٰعیل بن عیاش

حجاج بن ارطاۃ

یعنی پڑھو جو آسان ہو قرآن مین سے اور یہ خبر واحد ہی اور خبر واحد سے زیادتی کلام اللہ پر نہین جائز ہی مگر واجب العمل ہی تو کہا ہمنے ساتھ وجوب فاتحہ اور سورت کے اور دلیل امام شافعی کی یہ ہی جو روایت کیا بخاری مسلم نے لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب یعنی نہین ہی نماز مگر ساتھ فاتحۃ الکتاب کے اور تقدیر اوسکی یہ کی ہی کہ نہین ہی کمال نماز کا مگر فاتحۃ الکتاب سے جیسے دوسری حدیث مین فرمایا لا ایمان لمن لا امانۃ لہ ولا دین لمن لا عہد لہ یعنی نہین ہی ایمان اوس شخص کا جسکو امانت نہین اور نہین دین ہی اوسکا جسکا عہد سالم نہین تو مراد اس سے نفی ایمان و دین بالکلیہ نہین ہی بلکہ کمال ایمان اور دین مین یہ چیزین باعث خلل کی ہین واللہ اعلم فقط ص اور بعد تسمیے کے فاتحہ اور سورت پڑھے اور بعد ولا الضالین کے آہستہ سے آمین کہے اور مقتدی بھی جہری نماز مین آہستہ سے آمین کہے ف اور دلیل اوسکی وہ ہی جو اوپر حدیث ابن مسعود کی ذکر کی اور روایت کیا احمد اور ابو یعلی اور طبرانی اور دارقطنی اور حاکم نے مستدرک مین شعبہ سے انھون نے سلمہ بن کہیل سے انھون نے حجر عنبس سے انھون نے علقمہ بن وائل سے انھون نے اپنے باپ سے کہ نماز پڑھی انھون نے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تو جب پہنچے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پر کہی آمین آہستہ سے اور روایت کیا اوسکو ابو داود اور ترمذی وغیرہما نے سفیان سے انھون نے سلمہ بن کہیل سے انھون نے حجر بن عنبس سے انھون نے وائل بن حجر سے اور اوسمین ہی کہ بلند کیا انھون نے آواز اپنی کو ساتھ آمین کے تو مخالفت کی آمین سفیان نے کئی طرح پر اول یہ کہ پہلی روایت مین حجر عنبس ہی اور اسمین حجر بن عنبس اور اسمین علقمہ مذکور نہین اور کہا ترمذی نے علل کبیر مین کہ پوچھا مینے بخاری سے کہ کیا علقمہ نے سنا ہی اپنے باپ سے تو کہا بخاری نے کہ پیدا ہوا علقمہ بعد مرنے اپنے باپ کے چھ مہینے بعد اور یہ انقطاع سلم ہین کیونکہ روایت کیا مسلم نے علقمہ کی روایت کو اپنے باپ سے کہا شیخ ابن الہمام نے اور ترجیح دی دارقطنی نے روایت سفیان کو اور بیہقی وغیرہ نے بھی اس حدیث کو شعبہ سے بضمون رفع روایت کیا ہی اور اسی سبب سے صاحب ہدایہ نے اس حدیث سے عدول کر کے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کی طرف رجوع کیا اور مؤید رفع کی ہی جو ابن ماجہ مین ہی کہ تھے علیہ السلام جب آمین کہتے تھے گونج جاتی تھی مسجد اور مین کہتا ہون کہ معارض ہی اس حدیث کی بعینہ وہ جو روایت کیا ابن ابی شیبہ نے اس اسناد سے حدثنا وکیع ثنا سفیان عن سلمۃ بن کہیل عن حجر بن عنبس عن وائل بن حجر قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرأ ولا الضالین فقال آمین وخفض بہا صوتہ یعنی کہی آمین اور آہستہ کی اور یہ بعینہ وہی اسناد ہی جسمین رفع صوت بآمین مذکور ہی تو دو حدیثین مخالف ہوئین اوس ایک حدیث کی تو صحیح یہی ہوگا کہ آہستہ سے آمین کہے ص بعد اوسکے تکبیر کہے اور رکوع کرے جھککے اور دونون ہاتھ رکوع مین دونون زانو پر رکھے اور انگلیون کو کشادہ رکھے ف کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے انس رضی اللہ عنہ کے بیچ حدیث طویل کے اور آخر اوسکا یہ ہی کہ اے بیٹے میرے جب تو رکوع کرے سو رکھ کفون اپنے کو اوپر دونون زانو اپنے کے اور کشادہ رکھ انگلیون کو اور اونچا رکھ دونون ہاتھ کو دونون پہلو سے روایت کیا اسکو طبرانی نے معجم اوسط مین اور تطبیق یدین کی منسوخ ہی اور وہ یہ ہی کہ دونون ہاتھون کو ملا کے دونون رانون مین رکھے بدلیل اسکے جو مروی ہی صحیحین مین مصعب بن سعد بن ابی وقاص سے کہا کہ نماز پڑھی مینے اپنے باپ کے ساتھ تو تطبیق کی مینے سو کہا میرے باپ نے کہ نکرا اسکو پہلے ہم کرتے تھے ایسا پھر منع کیے گئے اور حکم ہوا کہ رکھین دونون ہاتھون کو اوپر زانوون کے ص اور بیٹھے کو برابر کرے اور سر کو بھی پیٹھ کے برابر رکھے ف کیونکہ روایت کیا ابن ماجہ نے وابصہ بن معبد سے کہا کہ دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ

نماز پڑھتے تھے سو جب رکوع کرتے تھے برابر رکھتے تھے پیٹھ کو یہان تک کہ اگر ڈالا جاتا اوسپر پانی البتہ ٹھہر جاتا اور روایت کیا
ابو العباس محمد بن اسحق سراج نے اپنے مسند مین برابر اسکے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع کرتے جیسا تا پیٹھ اپنی کو اور
جب سجدہ کرتے مونہہ کرتے اونگلیون کا طرف قبلے کے اور روایت کیا طبرانی نے ابن عباس سے اور ابی بردہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے مثل حدیث وائل
کے اور سر کو بھی پیٹھ کے برابر کرے بدلیل اسکے جو روایت کیا ترمذی نے حدیث ابی حمید سے کہ نہ جھکاوے سر اپنے کو اور نہ اوٹھاوے اوسکو اور
ایسا ہی روایت کیا اوسکو ابن حبان نے اور اخراج کیا مسلم نے حدیث طویل مین عایشہ رضی سے کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع کرتے نہ اوٹھاتے
تھے اور نہ جھکاتے تھے **ص** اور تین مرتبہ یا زیادہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ کہے اور اس سے کم مکروہ **ف** کیونکہ روایت کیا
ابو داود اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جب رکوع کرے کوئی تم مین سے سو کہے تین بار سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ
اور یہ ادنی درجہ اوسکا ہی اور جب سجدہ کرے تو کہے سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى تین بار اور یہ ادنی درجہ اوسکا ہی اور یہ حدیث منقطع ہی کیونکہ
عون نے نہین پایا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو **ص** بعد اوسکے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ کہتا ہوا سر کو اوٹھاوے اور مقتدی فقط
رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ کہے اور جو اکیلا ہو دونون کہے **ف** اور امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک امام سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فقط کہے اور
رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ منہ کہے اور صاحبین کے نزدیک دونون کہے اور ربنا لک الحمد آہستہ سے کہے کیونکہ روایت کیا ابو ہریرہ رضی نے کہ تھے آنحضرت
جب کھڑے ہوتے تھے طرف نماز کے تکبیر کہتے تھے یہان تک کہ کھڑے ہوتے تھے پھر کہتے تھے سمع اللہ لمن حمدہ جسوقت اوٹھاتے تھے سر
رکوع سے پھر کہتے تھے اور وہ کھڑے ہی ہوتے تھے رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ آخر حدیث تک اور امام ابو حنیفہ کی دلیل صاحب ہدایہ نے یون بیان
کی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہے امام سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ کہو رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ اور یہ خطاب واسطے مقتدیون کے ہی اور رد
رد ہوا اوس مذہب پر کہ مقتدی بھی دونون کلمے کہے اور یہی قول ہی امام شافعی صاحب کا **ص** تو جب سیدھا کھڑا ہو تکبیر کہے
اور سجدے مین جاوے **ف** اور تکبیر تو اسواسطے کہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے تھے وقت جھکنے اور اوٹھنے کے اور لیکن
سیدھا کھڑا ہونا تو فرض نہین ہی اور اسیطرح دونون سجدے کے بیچ مین جلسہ کرنا اور ٹھہرنا رکوع و سجود مین اور یہ قول طرفین کا ہی اور
ابو یوسف کا مذہب ہی کہ یہ چیزین فرض ہین اور وہ ہی ہی قول امام شافعی کا اور دلیل انکی یہ ہی کہ فرمایا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
واسطے اعرابی کے جب اوسنے جلدی کی تھی نماز مین کہ پڑھ نماز یہ تحقیق کہ تو نے نہین پڑھی نماز تو معلوم ہوا کہ تعدیل ارکان فرض ہی اور طرفین
کی دلیل یہ ہی کہ رکوع لغت مین مطلق جھکنے کا اور سجدہ پشت خم ہونے کا نام ہی تو فرضیت ساتھ ادنی درجے کے بھی ادا ہو جاویگی اور اسیطرح
ایک رکن سے دوسرے رکن کو جاتے مین اگر جلدی ہو گی کیونکہ وہ مقصود نہین اور دوسری سیکدہ اور روایت مین آنحضرت نے اوس اعرابی سے
ارشاد فرمایا کہ جو تو نے کم کیا اس سے جو بیان کیا مینے تو تو نے کم کیا اپنی نماز سے روایت کیا اس زیادت کو ابو داود اور ترمذی اور
نسائی نے ابو داود اور نے تو ابو ہریرہ سے اور ترمذی نے رفاعہ بن رافع سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کر چکا تو یہ تو تمام ہوئی نماز تیری
اور اگر تو نے اوسمین سے کم کیا کم کیا تو نے اپنی نماز سے اور کہا یہ حدیث حسن ہی اور مؤید ہی اوسکی وہ جو روایت کیا اصحاب سنن اربعہ اور دار قطنی
اور بیہقی نے ابن مسعود سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین جائز ہوتی ہی وہ نماز کہ نہ قائم ہو اوسمین پیٹھ مصلی کی رکوع اور سجود مین
اور ایسے نمازی کو آپ نے دوسری حدیث مین چور ارشاد فرمایا تو حتی المقدور لازم ہی کہ اس امر سے احتراز کرے کہ مورد وعید شدید نہ ہووے
اور باطمینان ٹھہر ٹھہر کے نماز خضوع اور خشوع سے پڑھے **ص** پہلے دونون زانو زمین پر رکھے پھر دونون ہاتھ برابر دونون کانون کے

بعد اوسکے مونہہ کو دو کف کے بیچ میں **ف** کیونکہ روایت ہی مسند ابو یعلی مین ابی اسحق سے کہا کہ وصف کیا براء سے ہمارے براء بن عازب نے سجدے کو پس سجدہ کیا اور اعتماد کیا اوپر دونون کف کے اور اوٹھایا سرین کو اور کہا کہ اسی طرح کرتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور وہ جو حدیث صاحب ہدایہ نے وائل سے نقل کی ہی پائی نہین گئی اور کہا شیخ ابن الہمام نے کہ وائل کی حدیث غریب یعنی ہونا اوسکا حدیث وائل سے غریب ہی اور صحیح مسلم مین ہی حدیث وائل سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سجدہ کیا رکھا مونہہ اپنا دونون کف کے بیچ مین اور جب ایسا ہوا تو ہاتھہ مقابل کان کے نہونگے تو اب معارض ہوگا اوسکے جو صحیح بخاری مین ہی حدیث ابی حمید سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھے دونون کف برابر کاندھون کے اور اس مقام مین روایت مسلم کی مقدم ہی بخاری سے اس وجہ سے کہ سند بخاری مین فلیح بن سلیمان اگرچہ راجح یہی ہی کہ وہ ثقہ ہی لیکن کلام کیا گیا ہی اوسمین ضعیف کیا اوسکو نسائی اور ابن معین اور ابو حاتم اور ابو داود اور یحیی القطان اور سیاجی نے اور روایت کیا اسحق بن راہویہ نے مسند مین اَخْبَرَنَا النَّضْرُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ اس اسناد سے کہ دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ رکھے دونون ہاتھہ مقابل کانون کے اور یہ اسناد صحیح ہی اور روایت کیا عبد الرزاق نے مصنف مین اَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ اوسی اسناد سے اور لفظ اوسکا یہ ہی وَكَانَتْ يَدَاهُ حِذَاءَ اُذُنَيْهِ اور تھے ہاتھہ آپکے مقابل کانون کے اور روایت کیا طحاوی نے حفص بن غیاث سے انھون نے حجاج سے انھون نے ابی اسحق سے کہا کہ پوچھا مینے براء بن عازب سے کہ کسطرح رکھتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پیشانی اپنی سجدے مین جب نماز پڑھتے کہا کہ درمیان دونون کف کے واللہ اعلم اور سجدہ کرے ناک اور پیشانی دونون پر کیونکہ روایت کیا ابو داود اور نسائی نے اور عبارت اونھین کی ہی اور ترمذی نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ کرتے تھے جاتے تھے ناک اور پیشانی اپنی کو اور الگ رکھتے تھے دونون ہاتھون کو دونون پہلو سے اور رکھتے تھے کف کو برابر کاندھون کے اور روایت ابو یعلی مین ہی ابو حمید سے کہ پھر سجدہ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سو جمایا ناک کو اور پیشانی کو زمین پر اور اگر ایک پر اقتصار کیا امام صاحب کے نزدیک جائز ہی اور صاحبین کے نزدیک نہین جائز ہی مگر عذر سے اور یہی روایت ہی امام ابو حنیفہ سے کیونکہ روایت کیا اصحاب ستہ والون نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا گیا مین کہ سجدہ کرون سات اعضا پر جبہہ اور دونون ہاتھہ اور دونون زانو اور کنارے قدمون کے اور روایت کیا مانند اسکے بزار نے اور روایت کی گئی سعد اور ابن عباس اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم وغیرہم سے یہ حدیث اور رکھنا دونون ہاتھون اور زانون کا سنت ہی نزدیک ہمارے اور لیکن رکھنا قدمونکا سو کہا ہی قدوری مین کہ وہ فرض ہی سجدے مین كَذَا فِي الْهِدَايَةِ **ص** اور انگلیان ملی ہوئی رکھے اور دونون بازو کو پیٹ سے جدا رکھے اور پیٹ کو ران سے اور انگلیان دونون پیر کی قبلے کی طرف کرے اور تین بار سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى کہے یا زیادہ اور اگر پگڑی کے بیچ پر یا فاضل کپڑے پر یا اوس چیز پر جسکا جمع ہی سجدہ کیا اگر پیشانی قرار پکڑتی ہی تو جائز ہی ورنہ درست نہین **ف** کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے تھے اوپر بیچ عمامے کے روایت کیا ابو نعیم نے حدیث ابن عباس سے حلیہ مین بیچ ذکر ترجمہ ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ کے حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْلَى الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّبَيْدِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى الْحَافِظُ الصُّوْفِيُّ الْبَغْدَادِيُّ **ثنا** ح **حدثنا** الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الدَّوْشَقِيُّ **ثنا** مُحَمَّدُ بْنُ فِيْرُوْزَ الْمِصْرِيُّ **ثنا** بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ **ثنا** اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَدْهَمَ عَنْ اَبِيْهِ اَدْهَمَ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْعِجْلِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْجُدُ عَلٰى اَوْ دَرِ عِمَامَتِهٖ یعنی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

سجدہ کرتے تھے اوپر کور عمامے کے یعنی بیچ عمامے کے اور ابراہیم بن ادہم بڑے زاہد عالم مشہور ثقہ ہین قال النسائی ثقہ مامون وہو
احد الزہاد وقال البخاری مات سنۃ اثنتین وستین ومائۃ کہا نسائی نے ثقہ مامون ہی ایک ہزاروں
ہین سے کہا بخاری نے مرے سنہ باسٹھ اور سو ہجری مین اور روایت کیا طبرانی نے اوسط مین عبداللہ بن ابی اوفی سے کہا کہ دیکھا مینے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ سجدہ کرتے تھے اوپر بیچ عمامے کے اور روایت کیا اوسکو ابن عدی نے کامل مین حدیث عمرو بن شمر سے
انھون نے جابر جعفی سے اوسنے عبدالرحمن بن سابط سے انھون نے جابر سے کہا کہ دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ سجدہ کرتے تھے
اوپر بیچ عمامے کے اور ضعیف ہی عمرو بن شمر اور جابر جعفی کذاب وضاع ہی کما شیخ ابن حجر عسقلانی نے شیعی کذاب یعنی رافضی ہی
غالی کذاب ہی اور کہا ترمذی نے ضعیف جدًا یعنی ضعیف ہی نہایت اور کہا بعضون نے متروک الحدیث ترک کردی ہی
حدیث اوسکی اور روایت کیا اوسکو حافظ ابو القاسم تمام بن محمد رازی نے فوائد مین حدثنا ابراھیم بن عبدالرحمن
ثنا ابوبکر احمد بن عبدالرحمن بن ابی حصین الطرطوسی ثنا لیث بن عبید ثنا سعید
بن عبدالعزیز بن یسر عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یسجد علی کور العمامۃ
کہ تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے اوپر بیچ عمامے کے اور اخراج کیا اوسکا بیہقی نے سنن مین من حدیث ہشام سے انھون نے حسن سے کہا کہ تھے
اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سجدہ کرتے تھے اور ہاتھ اونکے کپڑون مین تھے اور کرتا تھا سجدہ ہر آدمی اوپر بیچ عمامے کے
اور ذکر کیا اوسکو بخاری نے صحیح مین تعلیقا اور کہا کہ کہا حسن نے تھی قوم کہ سجدہ کرتی اوپر عمامے اور ٹوپی کے اور دونون ہاتھ اونکے آستینون مین
ہوتے تھے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے ثنا شریک عن حسین بن عبداللہ عن عکرمۃ عن ابن عباس
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی فی ثوب واحد یتقی بعضہ بعضہ من الحر والرمضاء وہو حر ہما یعنی تحقیق
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے نماز بیچ ایک کپڑے کے بچاتے تھے اوسکے بعضون سے گرمی کو زمین کی اور سردی کو اوسکی اور
اسی حدیث کو صاحب ہدایہ نے ذکر کیا ہی اور روایت کیا اوسکو احمد اور اسحق بن راہویہ اور ابو یعلی اور طبرانی اور ابن عدی نے کامل مین
اور ضعیف کیا اوسکو حسین بن عبداللہ کے سبب سے اور دوسرے یہ کہ شریک اوسکی اسناد مین قاضی کوفے کا ضعیف ہی کہا ترمذی نے
وشریک لکثیر الغلط یعنی شریک بہت غلطی کرتا ہی اور توثیق کی اوسکی بہت لوگون نے اور اوسکے معنی مین ہی وہ جو روایت کیا
چھ عالمون نے انس سے کہ تھے ہم نماز پڑھتے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شدت گرمی مین اور جب طاقت رکھتا تھا کوئی
ہمارا کہ رکھے منہ اپنا اوپر زمین کے بچھاتا تھا کپڑا اپنا زیر پاؤن اور اوسی پر سجدہ کرتا تھا اور سجدے مین چاہیے کہ اپنے دونون مونڈھون کو ظاہر کر
کیونکہ حدیث مین آیا ہی بروایت ابن حبان مرفوعا وجافی عضدیک عن ضبعیک اور کشادہ رکھ دونون بازو اپنے اور روایت کیا عبدالرزاق
نے ابن عمر سے کہا کہ خبر دی ہمکو سفیان نے انھون نے آدم بن علی کی ہی کہا کہ دیکھا مجکو ابن عمر نے اور مین نماز پڑھتا تھا اور ہاتھ کو اپنے زمین
سے جدا نہ کرتا تھا سو کہا کہ ای بیٹے بھائی میرے کے نہ بیٹھ جانورون کا سا بیٹھنا اور اعتماد کر اپنے دونون کف پر اور ظاہر کر بازؤن اپنے کو
کیونکہ جب تو یہ کریگا سجدہ کریگا ہر عضو تجھ سے اور جدا رکھے پیٹ کو دونون رانون سے کہ حدیث مین آیا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کشادہ رکھتے تھے
اسقدر کہ اگر بکری کا بچہ چاہتا تو اوسمین سے نکل جاوے روایت کیا اوسکو مسلم اور حاکم اور طبرانی وغیرہم نے اور جب صف مین بیٹھے چاہیے کہ اپنا ہاتھ
کشادہ نہ رکھے پاس والے کو اذیت ہووے اور مونڈھون کو ملینگے طرف قبلے کے کرے کیونکہ روایت کیا بخاری نے حدیث ابی حمید سے کہ ہوتین احفظ

ابراہیم بن ادہم

جابر جعفی

عمرو بن شمر

حسین بن عبداللہ

واسطے نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جب سجدہ کرتے تھے نہ بہت اونگلیون کو پھیلاتے تھے اور نہ بہت تنگ کرتے تھے بلکہ اوسطہ
درجے مین رکھتے تھے اور منہ کرتے تھے اونگلیون کا طرف قبلے کے اور ہدایے مین ہی کہ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ
جب سجدہ کرتا ہی مومن سجدہ کرتا ہی ہر عضو اوس سے پس چاہیے کہ منہ کرے اپنے اعضا کا طرف قبلے کے حتی المقدور اور اس حدیث پر بلفظہ مین
مطلع نہین ہوا اور تسبیح جو رکوع و سجود مین کہی جاتی ہی اگر تین سے زیادہ کہے تو لازم ہی کہ طاق کہے سات یا پانچ یا سات یا نو اسی طرح جیسا کہ حدیث
مین آیا ہی کان یختمہ بالوتر یعنی ختم کرتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم التسبیح کو ساتھ وتر کے کما صاحب فتح القدیر نے غریب واللہ
سبحانہ اعلم یعنی یہ حدیث غریب ہی اور اللہ سبحانہ جانتا ہی ف اگر آدمیون کے ہجوم کے سبب سے ایک شخص نے دوسرے کی پیٹھ پر سجدہ کیا
اگر وہ بھی وہی نماز پڑھتا ہو تو درست ہی اور اگر نماز نہین پڑھتا یا پڑھتا ہی مگر وہ نماز جو سجدہ کرنے والا پڑھتا ہی نہین پڑھتا تو سجدہ اوسکا
درست نہوویگا اور عورت پیٹ کو ران سے ملاوے اور بعد سجدے کے پھر سر اوٹھاوے اور تکبیر کہے اور اطمینان سے بیٹھے اور پھر تکبیر کہے اور سجدہ کرے
ٹھہر کے ف کیونکہ حضرت نے حدیث اعرابی مین ارشاد فرمایا پھر اوٹھا سر اپنا یہان تک کہ بیٹھے تو سیدھا اور اگر سیدھا نہ بیٹھا اور
دوسرا سجدہ کرلیا امام ابوحنیفہ کے نزدیک جایز ہوگا اور محمد کے نزدیک اور اندازہ رفع مین اختلاف کیا ہی اور صحیح یہ ہی کہ اگر سجدے کے طرف
قریب ہوویگا نہین جایز ہوگا کیونکہ وہ شمار سجدے مین ہی اور اگر بیٹھنے کی طرف قریب ہی جایز ہوگا اسواسطے کہ وہ شمار کیا جاویگا جالس
ص اور پھر تکبیر کہے اور اوٹھاوے سر پھر ہاتھ پھر زانو اور سیدھا کھڑا ہووے بغیر تکیے کے اور دونون سجدے سے سر اوٹھا کے
پھر زمین پر نہ بیٹھے بلکہ فورا کھڑا ہوجاوے اور امام شافعی کے نزدیک بیٹھے اور اوسکو جلسہ استراحت کہتے ہین ف اور دلیل
امام شافعی کی وہ ہی جو روایت ہی مالک بن الحویرث سے کہ انھون نے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بیچ نماز کے کہ جب اوٹھتے تھے دونون
سجدے سے نہین اوٹھتے تھے جب تک بیٹھ نہ جاتے تھے سیدھے اور جواب اسکا یہ ہی کہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حال ضعیفی مین تھا والا
نماز موضوع استراحت کے واسطے نہین اور دلیل اوسپر یہ ہی جو روایت کیا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ جب اوٹھتے تھے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نماز مین اوٹھتے تھے اوپر کنارے قدمون کے اخراج کیا اسکا ترمذی نے خالد بن الیاس سے انھون نے صالح مولی توأمہ سے انھون نے ابی ہریرہ
سے اور کہا ترمذی نے اسی پر ہی عمل اکثر اہل علم کا اور خالد بن الیاس کا اور کہا جاتا ہی ابن الالیاس ضعیف ہی نزدیک محدثین کے اور اس سبب سے
ضعیف کیا اوسکو ابن عدی نے لیکن کہا کہ لکھی جاویگی حدیث اوسکی باوجود ضعف اوسکے کے کہا یحیی القطان نے اور سبب سے تعلیل
کی ہی خالد مین موجود ہی صالح مین اور وہ اختلاط ہی تو کچھ وجہ تخصیص خالد کی نہین اور قول ترمذی کا کہ اسپر عمل ہی اہل علم کا مقتضی ہی
اوسکی قوت اصل کو اگرچہ یہ خاص طریق ضعیف ہوا اخراج کیا ابن ابی شیبہ نے ابن مسعود سے کہ وہ اوٹھتے تھے نماز مین اوپر کنارے قدمون کے اور
نہین بیٹھتے تھے اور مانند اسکے حضرت علی سے اور اسیطرح ابن عمر اور ابن الزبیر اور عمر سے اور روایت کیا شعبی سے کہ تھے عمر اور علی
اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوٹھتے تھے نماز مین اوپر کنارے قدمون کے اور روایت کیا نعمان بن ابی عیاش سے کہ پایا مینے
بہت لوگون کو اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تو جب کوئی سر اوٹھاتا تھا سجدہ ثانیہ مین پہلی رکعت یا دوسری رکعت مین تو اوٹھتا تھا
جیسا وہ ہوتا تھا یعنی بیٹھنا نہ تھا اور اخراج کیا اسکا بیہقی نے عبدالرحمن بن یزید سے کہ انھون نے دیکھا ابن مسعود کو مثل اسکے کرتے
اور روایت کیا اس عمل کو عبدالرزاق نے ابن مسعود سے اور ابن عباس اور ابن عمر سے تو جب اتنے صحابہ کثیر سے یہ عمل مروی ہوا کہ سب
اوٹھتے تھے اوپر کنارے قدمون کے اور نہین بیٹھتے تھے تو عمل اوسپر واجب ہوگا ص اور دوسری رکعت بھی اسی طرح ہوگی تعوذ

اور ثنا اوسمین نہ پڑھے اور ہاتھہ بھی نہ اوٹھاوے ف یعنی ہاتھہ نہ اوٹھاوے مگر تکبیر اولی مین اور تکبیر اولی تو پہلی ہی رکعت مین ہوتی ہی بخلاف امام شافعی کے کہ اونکے نزدیک ہاتھہ اوٹھانا وقت رکوع کے اور رکوع سے قیام کے وقت سنت ہین تو ہر رکعت مین اونکے نزدیک رفع یدین ہی اور اس مسئلے مین بہت تفصیل ہی سب بیان نہین کرسکتا والا کتاب ایک دفتر ہوجاویگی کچھہ بطور اختصار کے موافق تحریر صاحب فتح القدیر کے بیان کیا جاتا ہی اول تو روایت کی طبرانی نے ابن ابی لیلی سے انھون نے حکم سے انھون نے مقسم سے انھون نے ابن عباس سے کہ نہین اوٹھاتے ہاتھہ مگر سات جگہہ مین جب وقت کہ شروع کرے نماز اور جسوقت داخل ہو مسجد حرام مین ہو نظر کرے طرف خانہ کعبہ کے اور جسوقت کھڑا ہو مروہ پر اور جسوقت کھڑا ہو ساتھہ آدمیون کے رات عرفہ کو اور مزدلفہ مین دو مقام مین اور جسوقت رمی کرے جمرہ کی اور ذکر کیا اوسکا بخاری نے معلقا کتاب مفرد مین بیان رفع یدین مین اور کہا وکیع نے ابن ابی لیلی سے انھون نے حکم سے انھون نے مقسم سے انھون نے ابن عباس سے انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نہ اوٹھاوے ہاتھہ مگر سات جگہہ مین وقت شروع کرنے نماز کے اور استقبال کعبہ کے اور صفا اور مروہ پر اور عرفات مین اور مزدلفہ مین دو مقام مین اور نزدیک جمرتین کے اور کہا شعبہ نے نہین سنا حکم نے مقسم سے مگر چار جگہہ مین اور یہ نہین ہی اونمین سے تو یہ مرسل ہی اور غیر محفوظ اور کہا کہ قوم کیا اصحابون ہمارے نے مخالف کیا اس حدیث کو ساتھہ رفع کے تکبیرات عیدین مین اور تکبیر قنوت مین اور کہا شیخ تقی الدین نے امام مین اعتراض کیا گیا اس حدیث پر کئی طریقون سے ایک تو یہ کہ ابن ابی لیلی متفرد ہوا اور متروک ہی احتجاج اوس سے اور دوسرے یہ کہ وکیع نے وقف کیا اوسکو اوپر ابن عباس اور ابن عمر کے کہا حکم نے اور وکیع ثبت ہی جب اوسنے روایت کیا اوسکو ابن ابی لیلی سے تیسرے یہ کہ روایت کیا بہت سے تابعین نے اسانید صحیحہ سے ابن عمر اور ابن عباس سے کہ وہ ہاتھہ اوٹھاتے تھے وقت رکوع کے اور بعد قیام کے رکوع سے اور تحقیق کہ اسناد کیا اون دونون نے اسکو طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چوتھے یہ کہ سب روایتون مین لَا تُرْفَعُ الْاَیْدِیْ ہی یعنی ہاتھہ اوٹھاجاوے اونکے اور یہ اس بات پر دلالت نہین کرتا کہ سوا ان سات جگہہ کے اور جگہہ نہ اوٹھایا جاویگا نہ لَا تُرْفَعُ الْاَیْدِیْ اِلَّا فِیْهَا جو دلالت کرتا ہی حصر رفع یدین پر ان مواطن سبعہ مین دوسرے یہ کہ محال ہی کہ لَا تُرْفَعُ الْاَیْدِیْ ہو کیونکہ احادیث صحیحہ دال ہین اس رفع پر اور بہت سی احادیث سے یہ ثابت ہوتا ہی کہ سوا انکے مین بھی آنحضرت نے ہاتھہ اوٹھایا مانند استسقا وغیرہ کے یہ کلام ہی شیخ تقی الدین ابن دقیق العید کا اور وجہ احسن یہ ہی کہ حصر سراونہین تو جب سوا ان سات مقام کے اور کسی جگہہ رفع ثابت ہوگا عمل اوسکے اوپر کرنا پڑیگا اور تحقیق کہ رفع یدین اس جگہہ مین ثابت ہوا اور وہ یہ ہی جسکا اخراج کیا علما نے زہری سے انھون نے سالم سے انھون نے اپنے باپ سے عبداللہ بن عمر سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھڑے ہوتے تھے طرف نماز کے اوٹھاتے تھے دونون ہاتھہ برابر کندھون کے پھر تکبیر کہتے سو جب ارادہ رکوع کا کرتے پھر ہاتھہ اوٹھاتے اور جب سر اوٹھاتے رکوع سے ایسا ہی کرتے اور جب سر اپنا سجدے سے اوٹھاتے تھے تب بھی ہاتھہ اوٹھاتے تھے اور کہا شیخ ابن الہمام نے کہ جواب اوسکا معارضہ ہی ساتھہ اوسکے جو روایت کیا اوسکو ترمذی اور ابوداود نے وکیع سے انھون نے سفیان ثوری سے انھون نے عاصم بن کلیب سے انھون نے عبدالرحمن بن اسود سے انھون نے علقمہ سے کہا کہ کہا عبداللہ بن مسعود نے کیا نہ پڑھون مین ساتھہ تمھارے نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سو نماز پڑھی اور نہ اوٹھائے ہاتھہ مگر اول بار پھر اعادہ کیا کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن ہی اور اخراج کیا اوسکا نسائی نے ابن المبارک سے انھون نے سفیان سے اور جو منقول ہی ابن المبارک سے کہ کہا کہ نہین ثابت ہوئی ہو ایک حدیث ابن مسعود کی سو کچھہ نہین ہر کرتا جب کہ یہ طریقہ ثابت ہوجاوے اور وہ جو بعض علما نے کہا ہی کہ عاصم بن کلیب ضعیف ہی غیر مقبول ہی کیونکہ توثیق کی اوسکی

ابن معین نے اور اخراج کیا اوس سے مسلم نے ایک حدیث اور وہ جو کہا بعض لوگون نے کہ نہین سنا عبدالرحمن نے علقمہ سے باطل ہی اور ذکر کیا اوسکو ابن حبان نے کتاب الثقات مین اور کہا کہ انتقال کیا اوسنے سنہ ننانوے مین اور سن اوسکا سن ہی ابراہیم نخعی کا تو کیا چیز مانع ہی سماع اوسکے سے اور حال انکا اتفاق ہی سماع ابراہیم نخعی پر علقمہ سے اور تصریح کی خطیب نے کتاب المتفق والمفترق مین بیچ بیان ترجمہ عبدالرحمن کے کہ اوسنے سنا ہی علقمہ سے اور بعضون نے جو کہا ہی کہ یہ حدیث صحیح ہی لیکن زیادت ثُمَّ لَا یَعُوْدُ کی منکر ہی نقل کیا گیا ہی یہ دارقطنی اور محمد بن نصر مروزی سے اور ابن القطان سے کہ یہ ایک گمان ہی کہ گمان کیا انھون نے اور اسیواسطے نسبت کی اسکی بہتا لوگون نے طرف وہم سفیان ثوری کے مانند بخاری کے کتاب رفع الیدین مین اور کہا ابن ابی حاتم نے اپنے باپ سے کہا کہ یہ خطا ہی کہا جاتا ہی کہ وہم کیا اوسمین سفیان ثوری نے اور معلوم یہ ہوتا ہی کہ جب روایت کی انھون نے چند روایتین بغیر زیادت کے گمان کیا اسکو خطا اور حال انکہ زیادتی ثقہ ضابط کی مقبول ہی اور خصوصا جب کہ اوسپر متابعت بھی کی جاوے متابعت کی اوسکی ابن المبارک نے جو پہلے بیان کیا ہمنے اوسکو روایت نسائی سے اور اخراج کیا دارقطنی اور ابن عدی نے محمد بن جابر سے انھون نے حماد بن ابی سلیمان سے انھون نے ابراہیم سے انھون نے علقمہ سے انھون نے عبداللہ سے کہا کہ نماز پڑھی مینے ساتھہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابوبکر اور عمر کے سو نہ اوٹھایا انھون نے ہاتھون اپنے کو مگر وقت شروع کرنے نماز کے اور اعتراف کیا دارقطنی نے ساتھہ اس بات کے کہ صواب ابراہیم کا مرسل کرنا ہی اس حدیث کو اوپر ابن مسعود کے اور یہ رفع بسبب ضعف محمد بن جابر کے ہی لیکن توثیق کی اوسکی ابن معین نے اور روایت کیا اوس سے اکابر محدثین نے مثل ایوب اور ابن عوف اور ہشام بن حسان اور ثوری اور شعبہ اور ابن عیینہ وغیرہم کے اور مؤید ہی صحت اس روایت کی کہ جمع ہوئے ابوحنیفہ اور اوزاعی سو کہا اوزاعی نے کیا حال ہی تمھارا کہ نہین ہاتھہ اوٹھاتے ہو تم وقت رکوع کے اور وقت قیام کے رکوع سے کہا ابوحنیفہ رح نے

ثنا حماد عن ابراهیم عن علقمة والاسود عن عبد الله بن مسعود ان النبی صلی الله علیه وسلم کان لا یرفع یدیه الا عند افتتاح الصلوٰة ثم لا یعود بشیء من ذلک یعنی نہین اوٹھاتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھہ مگر وقت شروع کرنے نماز کے پھر نہین اعادہ کرتے تھے اسکا تو کہا اوزاعی نے کہ مین حدیث بیان کرتا ہون تمسے زہری کی انھون نے سالم سے انھون نے اپنے باپ سے رفع یدین مین اور تم کہتے ہو کہ حدثنی حماد عن ابراهیم سو کہا ابوحنیفہ نے کہ حماد فقیہ ہی زہری سے اور ابراہیم فقیہ ہی سالم سے اور علقمہ نہین ہی کم فقیہ مین ابن عمر سے اور اگرچہ واسطے ابن عمر کے صحبت ہی تو اونکو تو اوسکی صحبت کا ہی اور اسود کیواسطے فضیلت فضل ہی اور عبداللہ بن مسعود برابر ہین عبداللہ بن عمر کے تو ترجیح دی امام ابوحنیفہ نے ساتھہ فقہ روایت کے جیسا کہ ترجیح دی اوزاعی نے ساتھہ علو اسناد کے اور وہی مذہب ہی منصور نزدیک ہمارے اور روایت کیا طحاوی نے پھر بیہقی نے حدیث حسن بن عیاش سے بسند صحیح اسود سے کہا کہ دیکھا مینے عمر بن الخطاب کو کہ اوٹھائے دونون ہاتھہ اپنے بیچ اول تکبیر کے پھر نہ اعادہ کیا کہا اور دیکھا مینے ابراہیم اور شعبی کو کہ کرتے تھے ایسا ہی اور معارضہ کیا اوسکا حاکم نے ساتھہ روایت طاؤس بن کیسان کے ابن عمر سے انھون نے عمر سے کہ تھے وہ ہاتھہ اوٹھاتے بیچ رکوع کے اور وقت اوٹھنے کے رکوع سے اور روایت کیا امام طحاوی نے ابی بکر نہشلی سے انھون نے عاصم بن کلیب سے انھون نے اپنے باپ سے کہ حضرت علی رض نے اوٹھائے ہاتھہ بیچ اول تکبیر کے پھر اعادہ کیا اور وہ جو روایت کیا ترمذی نے حضرت علی رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جب قائم کرتے نماز کو اوٹھاتے تھے دونون ہاتھہ برابر کندھون کے اور کرتے تکبیر مثل اوسکے جب کہ اوا کر چکتے تھے قرأت کو اور رکوع کرتے تھے اور کرتے تھے ایسا ہی جب اوٹھتے تھے رکوع سے اور نہین اوٹھاتے تھے ہاتھہ کسی وقت مین

نماز سے جب بیٹھتے ہوتے تھے اور جب کھڑے ہوتے تھے سجدون سے تو اوٹھاتے تھے اسی طرح پر اور صحیح کیا اوسکو ترمذی نے تو یہ حدیث منسوخ ہی بسبب اتفاق کے نسخ رفع یدین پر وقت سجود کے اور جانا چاہیے کہ آثار صحابہ اور تابعین کے کثیر ہین بیحد اور کلام اسمین بہت واسع ہی طرف طحاوی کے اور ثابت کیا اوسکو شیخ ابن الہمام نے بوجہ احسن اور روایت کیا ابو حنیفہ نے حماد سے انھون نے ابراہیم سے کہا کہ ذکر کیے گئے نزدیک اونکے وائل بن حجر کہ دیکھا انھون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ اوٹھاتے تھے ہاتھ اپنے وقت رکوع اور سجود کے سو کہا ابراہیم نے کہ اعرابی ہے نہین نماز پڑھی ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قبل اسکے صلوۃ کے اور کیا زیادہ جاننے والا ہی عبد اللہ سے اور اصحاب عبد اللہ کے یاد رکھا اوسنے اور نہ یاد رکھا انھون نے اور ایک روایت مین ہی کہ حدیث بیان کی مجھسے بیشمار لوگون نے عبد اللہ سے کہ اوٹھائے انھون نے ہاتھ فقط وقت ابتدا کے صلوۃ کے اور بیان کیا اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور عبد اللہ عالم ہی ساتھ شرائع اسلام کے ٹھونڈھنے والا ہی احوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سو متمسک کرنا ساتھ قول اوسکے کے اولی ہی وقت تعارض کے واللہ اعلم اور حدیث اس باب مین الہم شافعی کی جانب بھی بہت ہین اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ نفس کثرت احادیث حجت نہین ہی بلکہ ثبوت اون روایات کا حال انکہ رفع مین بہت سی حدیثین موضوع ہین اور ضعیف ہین جیسا کہ بعض لوگ حدیث حاکم کو لاتے ہین رفع مین حال انکہ وہ بالاتفاق موضوع ہی اور طعن کیا بسبب اوسکے اکثر محدثین نے حاکم پر اور بعضون نے اس باب مین اسقدر افراط کیا ہی جسکا بیان نہین ہو سکتا چنانچہ اونمین سے ایک صاحب سفر السعادۃ نے کہا کہ چار سو آثار اس باب مین مروی ہین حال انکہ سو بھی کسی محدث نے بیان نہین کیے بلکہ بخاری نے جو خاص کتاب رفع یدین مین بنائی ہی اوسمین تھا سکے ربع بھی آثار مذکور نہین جیسا کہ دیکھنے سے ظاہر ہوگا اور بعض جہلا نے اس باب مین اسقدر اعتبار صاحب سفر السعادۃ کا کیا ہی کہ اگر کوئی اونکو لاکھ بار بھی سمجھاوے تو یقین ہی کہ اپنے وہم خرافی سے باز نہ آوین اور تعصب و عناد سے دور نہ رہین زیادہ تفصیل کی اس کتاب مختصر مین گنجایش نہین عاقل کو ایک اشارہ کافی ہی ص اور جب دوسری رکعت کو تمام کرے بائین پیر کو بچھا کے اوسپر بیٹھے اور داہنے کو کھڑا کرے اور اونگلیون کو پیر کی قبلے کی طرف کرے ف صحیح مسلم مین حضرت عائشہ رضی سے مروی ہی کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شروع کرتے تھے نماز کو ساتھ تکبیر کے آخر حدیث تک یہان تک کہ کہا بچھاتے تھے بایان پیر اور کھڑا کرتے تھے داہنے پیر کو اور سنن نسائی مین مروی ہی ابن عمر سے انھون نے اپنے باپ سے کہا کہ سنت ہی نماز کی یہ بات کہ کھڑا کرے داہنے قدم کو اور کرے اونگلیون کو طرف قبلے کے اور بیٹھے بائین پیر پر ص اور دونون ہاتھون کو دونون رانون کے اوپر رکھے اور اونگلیون کو قبلے کی طرف کشادہ رکھے اور امام شافعی کے نزدیک بنصر اور خنصر کو باندھے اور بیچ کی اونگلی اور انگوٹھے سے حلقہ کرے اور اشارہ کرے ساتھ کلمہ لا کے اونگلی سے وقت شہادتین کے چنانچہ ہمارے علماؤن سے بھی ایسا ہی منقول ہی ف ایسا ہی مروی ہی حدیث وائل مین کہا شیخ ابن الہمام نے غریب ہی اور ترمذی مین ہی حدیث وائل سے کہا البتہ دیکھا مینے طرف نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو جب بیٹھے واسطے تشہد کے بچھایا بائین پیر کو اور رکھا بائین ہاتھ کو اوپر بائین ران کے اور کھڑا کیا داہنے پیر کو اور صحیح مسلم مین ہی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے تھے نماز مین رکھتے تھے داہنی کف کو اوپر داہنی ران کے اور بند کر لیتے تھے سب اونگلیون کو اور اشارہ کرتے تھے ساتھ اوس اونگلی کے جو نزدیک ہی ابہام کے اور رکھتے تھے بائین کف کو اوپر بائین ران کے کہا شیخ ابن الہمام نے وَلَا شَكَّ اَنَّ وَضْعَ الْكَفِّ مَعَ قَبْضِ الْاَصَابِعِ لَا يَنْفِي حَقِيْقَةَ يعنی نہین شک ہی کہ رکھنا کف کا باوجود بند کرنے اونگلیون کے نہین ظاہر ہوتی ہی حقیقت اوسکی یا مراد یہ ہی کہ رکھنا کف کا پھر بند کرنا اونگلیون کا وقت اشارے کے اور ایسا ہی مروی ہی امام محمد سے کیفیت اشارہ مین

اور اس مقام پر جو کیدانی مین ہی کہ انوگلی یا انوٹھا نا محرمات مین سے ہی محض غلط ہی اور پھر طرہ او سپر یہ ہی کہ کاہل الحدیث بھی لکھدیا ہی سبحان اللہ جب ایسے لوگ محدثین کی اسقدر بے ادبی کرینگے تو اونکے کلام پر کسی مسلمان کو اعتبار کرنا خلاف درایت ہوگا اور خود صاحب فتح القدیر نے لکھا ہی وَهُوَ خِلَافُ الدِّرَايَةِ وَالرِّوَايَةِ اور یہ خلاف درایت و روایت کے ہی ص اور تشہد پڑھے حضرت عبداللہ بن مسعود کا اور وہ یہ ہی اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اور پہلے قعدے مین اس سے زیادہ نہ پڑھے ف مصنف ابن ابی شیبہ مین مروی ہی حدثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُرِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ قَالَ اَخَذَ عَلْقَمَةُ بِيَدِيْ فَقَالَ اَخَذَ عَبْدُ اللّٰهِ بِيَدِيْ فَقَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِيْ فَعَلَّمَنِي التَّشَهُّدَ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلْخَ وَفِي الْبَابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِيْ بَكْرٍ یعنی کہا قاسم نے کہ پکڑا علقمہ نے ہاتھہ میرا سو کہا کہ پکڑا عبداللہ نے ہاتھہ میرا سو کہا کہ پکڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھہ میرا سو سکھایا مجکو تشہد التحیات للہ آخر تک اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے شعبی سے کہا انھون نے جو زیادہ کرے اوپر تشہد کے بیچ دو پہلی رکعتون کے تو اوسپر دو سجدے سہو کے ہین وَفِي الْبَابِ عَنْ عَائِشَةَ اور اس باب مین مروی ہی عایشہ رضی سے اور روایت ہی ابن مسعود سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے تھے پہلی دو رکعتون مین تو گویا توے جلتے ہوئے پر ہین یہان تک کہ کھڑے ہون یعنی بہت جلدی کھڑے ہوتے تھے اور کم بیٹھتے تھے اور ایسا ہی روایت کیا مصنف مین ابوبکر رضی سے بسند صحیح اور روایت کیا عمار نے ابن مسعود سے کہ سکھایا مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تشہد اور کف میرے آپکے کف مین تھے جیسا کہ سکھاتے ہین مجکو کوئی سورت قرآن کی سو کہا جب بیٹھے کوئی تم مین سے واسطے نماز کے سو کہے اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ آخر تک اور روایت نسائی مین ہی جب بیٹھو تم دو رکعتون کے بعد اور ایک وجہ صحت اس تشہد کی یہ ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود کا ہاتھہ پکڑ کے بتاکید تمام تعلیم کیا اگرچہ بطریق تعلیم حدیث ابن عباس مین بھی ہی اور ایک وجہ ترجیح کی یہ ہی کہ ائمہ ستہ نے اوسپر اتفاق کیا لفظا و معنی اور یہ نہایت غریب ہی اور تشہد ابن عباس کا شمار کیا گیا ہی افراد مسلم سے اگرچہ اخراج کیا اوسکا سوا بخاری کے اور محدثین نے اور اعلی درجات صحیح مین اونکے نزدیک وہ ہی جسپر اتفاق کیا ہو بخاری مسلم نے نہ کہ جسپر اتفاق کیا ہو ائمہ ستہ نے اور اسیواسطے اجماع کیا علما نے کہ حدیث ابن مسعود کی صحیح ترہی حدیثون کی اس باب مین اور کہا ترمذی نے کہ صحیح ترحدیثون کی تشہد مین حدیث ابن مسعود ہی اور عمل ہی اوسپر اکثر صحابہ کا پھر اخراج کیا خصیف سے کہا کہ دیکھا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین سو پوچھا مینے آپسے کہ آدمیون نے اختلاف کیا تشہد مین سو فرمایا آپنے کہ لازم پکڑ تو تشہد ابن مسعود کا اور موافق ہوئے ابن مسعود کے معاویہ جیسا کہ روایت کیا اونسے طبرانی نے کہ تھے وہ سکھاتے تشہد کو اوپر منبر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ آخر تک مثل تشہد ابن مسعود کے اور عایشہ رضی سے بیہقی مین کہ انھون نے یہ تشہد ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سو کہا التحیات للہ آخر تک کہا نووی نے اِسْنَادُهٗ جَيِّدٌ یعنی اسناد اوسکا جید ہی اور بھی موافق ہوئے اونکے سلمان روایت کیا طبرانی اور بزار نے ابی راشد سے کہا کہ پوچھا مینے سلمان رضی سے تشہد کو کہا سکھاتا ہو مین تمکو جیسا سکھایا مجکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تب بیان کیا التحیات للہ اور کہا ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہ پکڑا ہاتھہ میرا حماد بن سلیمان نے اور پکڑا ہاتھہ اونکا ابراہیم نے اور پکڑا

ہاتھ اونکا علقمہ نے اور کہا علقمہ نے کہ پکڑا ہاتھ میرا عبداللہ بن مسعود نے اور سکھایا مجکو تشہد اور کہا عبداللہ نے پکڑا ہاتھ میرا جیسی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور سکھایا مجکو تشہد جیسا کہ سکھاتے ہین کوئی آیت قرآن سے اور متابع ہی اوسکے روایت ابن ابی شیبہ کی جو اوپر ہمنے بیان کی اور دلیل امام شافعی کی حدیث ابن عباس ہی اور اوسمین تشہد یہ ہی اَلتَّحِیَّاتُ الْمُبَارَکَاتُ وَالصَّلَوَاتُ الطَّیِّبَاتُ لِلّٰہِ سَلَامٌ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ سَلَامٌ عَلَیْنَا آخر تک اور روایت کیا امام احمد نے ابن مسعود سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا اونکو تشہد سو تھے جب بیٹھتے تھے بیچ نماز مین یا آخر نماز مین پڑھتے تھے اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ عِبَدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ تک پھر اگر ہوتا یہ قعدہ بیچ نماز کا اوٹھتے تھے جب فراغت ہوجاتی تھی تشہد سے اور اگر آخر کا قعدہ ہوتا تھا پڑھتے تھے بعد تشہد کے جو چاہتے تھے اور دعا مانگتے تھے پھر سلام پھیرتے تھے اور حدیثین دعا کی بعد تشہد مذکور ہین مشہور ہین صحیحین وغیرہما مین **ص** اور اخیر کی دو رکعتون مین فقط فاتحہ پڑھے **ف** بسبب حدیث ابی قتادہ کے صحیحین مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے بیچ دو رکعتون پہلی کی ظہر اور عصر سے فاتحہ اور دو سورتین دو رکعتون اور اخیر کی رکعتون مین فقط فاتحہ اور طول کرتے تھے رکعت اولی مین بیچ مین طول کرتے تھے رکعت ثانیہ مین اور اسمین فقط ظہر اور عصر مذکور ہین اور روایت کیا اسحق بن راہویہ نے مسند اپنی مین رافع بن رافع انصاری سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے بیچ پہلی رکعتون کے فاتحۃ الکتاب اور سورت اور اخیر کی دو رکعتون مین فاتحۃ الکتاب فقط اور مروی ہی اوسط طبرانی مین جابر بن عبداللہ سے کہا کہ سنت قرارت کی بیچ نماز کے یہ ہی کہ پڑھے پہلی دو رکعتون مین فاتحہ اور سورت اور اخیر رکعتون مین فاتحۃ الکتاب **ص** اور اگر تسبیح کہے یا چپ کھڑا رہے تو درست ہی اور پھر بیٹھے جس طرح کہ پہلے بیٹھا تھا اور امام شافعی کے نزدیک دوسرے قعدے مین سُرین پر بیٹھے اور پیر دونون داہنی طرف نکال دیوے اور عورت دونون قعدے مین اسیطرح بیٹھے **ف** جیسا کہ اوپر مروی ہوئی حدیث وائل اور عایشہ کی اور وہ جو مروی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھتے اسیطرح پر جو امام شافعی کے نزدیک ہی ضعیف کیا اوسکو طحاوی نے اور کلام کیا اوسمین بیہقی نے اور بیان کیا ضعف اوسکا شیخ تقی الدین بن دقیق العید نے **ص** اور بعد تشہد کے درود پڑھے اور دعا مانگے جو قرآن کے مشابہ ہی یا ماثور کی نہ آدمیون کی باتون سے تو ایسی چیز نہ مانگے جو آدمیون سے خاص مانگتے ہین **ف** اور درود پڑھنا ہمارے نزدیک فرض نہین ہی اور امام شافعی کے نزدیک درود اور تشہد دونون پڑھنا فرض ہین اور دلیل ہماری یہ ہی کہ کہا ابن مسعود نے جب کہہ چکے تو یعنی تشہد یا کر چکے تو تو تمام ہوگئی نماز تیری اگر چاہے تو کہ اوٹھے تو اوٹھے اور اگر چاہے بیٹھے تو بیٹھے اور صاحب ہدایہ نے اسکو کلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا ہی اور اوپر گذر چکا کہ یہ مدرج ہی لیکن ایسا مدرج مانند مرفوع کے ہی کہا قاضی عیاض نے اور جو کہا امام شافعی نے کہ جسنے درود نہ پڑھی تو نماز اوسکی فاسد ہی اونہین مجھ ہی اونکی اس قول مین اور نہ کوئی حدیث کہ متابعت کی ہو اوسکی اور تشنیع کی اونپر اس باب مین ایک جماعت نے اونمین سے ہین طبری اور قشیری اور خلاف کیا اونکا اونکے اہل مذہب مین سے خطابی نے اور کہا کہ نہین جانتا مین اونکے لیے اس باب مین کوئی دلیل اور تشہدات جو مروی ہین ابن مسعود اور ابن عباس اور ابی ہریرہ اور جابر اور ابو سعید اور ابو موسی اور ابن الزبیر سے نہین مذکور ہی اوسمین یہ اور وہ جو مروی ہی آنحضرت علیہ السلام سے نہین ہی نماز اوسکی جسنے نہ درود بھیجی اوپر میر کے ضعیف کیا اوسکو اہل حدیث نے سب نے اور اگر بالفرض صحیح ہووے تو معنی اوسکے نفی کمال کے ہین یا جسنے عمر بھر مجمیر درود نہ بھیجی اور ایک تاویل اسکی اور ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جو سلام تشہد مین ہی وہ اگر کسینے نہ کہا تو نماز اوسکی نہین کیونکہ وہ ہمارے نزدیک بھی واجب ہی اور اسیطرح جو ابن مسعود سے مروی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ

علیہ وسلم نے جسنے پڑھی نماز اور نہ بھیجی درود مجھپر اور میرے اہل بیت پر نہ قبول کیجاویگی نماز اوسکی اور ضعیف ہی جا رجحفی سے اور بیان کیا اوپر ہمنے ضعف اوسکا باوجود اس بات کے کہ اختلاف ہی اوسکے رفع اور وقف مین بیان کیا اوسکو دارقطنی نے اور لیکن حدیث اول سو روایت کیا اوسکو ابن ماجہ نے کہ لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَا وُضُوْءَ لَہٗ وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ یَذْکُرِ اسْمَ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَلَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَمْ یُصَلِّ عَلَی النَّبِیِّ وَلَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَا یُحِبُّ الْاَنْصَارَ یعنی نہین جائز ہی نماز اوسکی جسکو وضو نہین اور وضو اوسکا جسپر اللہ کا نام مذکور نہین اور نماز اوسکی جسنے درود نہین پڑھی اور نہین نماز ہی اوس شخص کی جو نہین دوست رکھتا انصار کو اور اسناد مین اوسکی عبد الہیمن ضعیف ہی اور کہا ابن حبان نے لَا یُحْتَجُّ بِہٖ نہین حجت پکڑی جاویگی اوس سے اور اخراج کیا اوس سے طبرانی نے فی ابی بن عباس سے اور بیہقی نے بھی مرفوعاً مانند اوسکے کہا لوگون نے حدیث عبد الہیمن کی اشبہ بالصواب ہی باوجود اسکے کہ جماعت نے کلام کیا ہی ابی بن عباس مین اور روایت کیا بیہقی نے یحیی بن السباق سے انھون نے ایک شخص سے بنی حارث مین سے انھون نے ابن مسعود سے انھون نے حضرت علیہ السلام سے کہ جب تشہد پڑھے کوئی تم مین سے نماز مین سو کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اور متعارف یہ ہی کہ ارحم محمدا کا لفظ اور ترحمت علی ابراھیم کا ترک کرے اور باقی کو پڑھے لیکن اسناد مین اس حدیث کی وہ شخص مجہول ہی اور بعضون نے مکروہ رکھا ہی کہ غیر نبی کے اوپر درود بھیجین لیکن حدیث مین آیا ہی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اٰلِ اَبِیْ اَوْفٰی اور جب کہ صلوٰۃ بمعنی رحمت ہی جائز نہونے کی کوئی وجہ نہین اور درود بھیجنا باہر نماز کے کرخی کے نزدیک ساری عمر مین ایک بار فرض ہی اور جب کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک آوے جیسا کہ اختیار کیا اوسکو طحاوی نے لیکن فرضیت اوسکی وقت ذکر اسم مبارک صلی اللہ علیہ وسلم کے ثابت نہین ہوتی ہان سنت ہوتا بطور مؤکدہ ثابت ہوتا ہی اور آپنے جواب آپکے نام پر درود نہ بھیجے اوسکو بخیل ارشاد فرمایا اور حقیقت مین یہ بات ہی کہ محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کچھ زبان کے کہنے سے نہین ہوتی بلکہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال کی متابعت مین کوشش کرے کہ سر مو فرق نہووے اور آپکے نام پر جب ذکر کیا جاوے درود بھیجنا لازم جانے تب وہ محب رسول اللہ کہا جاویگا والا یہ محبت نام کی ہی اسکا آخرت مین کچھ اجر و ثواب نہین اور یہ مدلول ہی اکثر احادیث صحیحہ کا واللہ اعلم بالصواب **ص** پھر سلام کہے داہنی طرف اور نیت کرے اونکی جو اودھر آدمی اور فرشتے ہین اور بائین طرف بھی ایسی ہی کرے اور مقتدی امام کی بھی نیت کرے امام کی جانب مین اونکی اگر امام اوسکے سامنے ہی تو دونون جانب مین نیت امام کی کرے اور امام دونون سلامون مین نیت کرے اور بعض کے نزدیک فقط پہلے سلام مین اور بعض کے نزدیک کسی مین نہ کرے اور جو اکیلا ہی وہ دونون سلامون مین نیت فرشتون کی کرے **ف** روایت ہی ابن مسعود سے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سلام پھیرتے داہنی طرف اور کہتے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ یہان تک کہ داہنا رخسار آپکا دکھلائی دیتا تھا اور بائین طرف اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ یہان تک کہ دکھلائی دیتی تھی سفیدی بائین رخسار کی اخراج کیا اسکا نسائی اور ترمذی وغیرہم نے اور صحیح کیا اوسکو اور ہمارے نزدیک لفظ سلام کا کہنا واجب ہی خلاف واسطے شافعی کے کہ اونکے نزدیک فرض نہی اور دلیل اونکی وہ حدیث ہی جو اوپر بیان کی قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اور دلیل نماز کی تسلیم ہی اور دلیل ہماری حدیث ابن مسعود کی ہی جو اوپر گذری اور ترمذی سے فرضیت اوسکی ثابت نہین ہوتی اور بہت سی حدیثین اس باب مین آئین ہین کہ آدمی کے داہنے بائین فرشتے ہین ذکر کیا انکو شیخ کمال الدین ابن الہمام نے

فائدہ جابر جعفی

فائدہ عبد المہیمن

فائدہ ابی بن عباس

فائدہ درود بر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

فصل قرائت کے بیان مین

نماز جمعہ اور نماز فجر اور عشا اور مغرب کی اول دو رکعتون مین امام پکار کے پڑھے اور اکیلے کو ادا مین اختیار ہی اور قضا مین ضرور آہستہ پڑھے اور ادنی درجہ جہر کا یہ ہی کہ دوسرا سنے اور سر کا یہ کہ فقط آپ سنے اور یہی صحیح ہی اور بعضون کے نزدیک ادنی درجہ جہر کا یہ ہی کہ آپ سنے اور ادنی سر کا یہ ہی کہ فقط صحیح حروف کی ہو تو طلاق اور عتاق اور جو چیزین کہ بولنے سے تعلق ہین اگر اس طرح سے جو اپنے تئین سنائی دیوے واقع نہونگے ف اور ظہر اور عصر مین سر کرے کیونکہ فرمایا حضرت علیہ الصلوۃ والسلام صلوٰۃ النہار عجماء یعنی نماز دن کی گونگی ہی اور مراد یہ ہی کہ اوسمین قرات ایسی کہ سنائی دیوے نہین یہ حدیث ہدایہ مین ہی لیکن کہا نووی نے لا اصل لہ یعنی نہین ہی اسکی حدیث کی اور روایت کیا اوسکو عبد الرزاق نے مصنف مین قول مجاہد اور ابی عبیدہ رضی اللہ عنہما سے اور سر اور جہر مین حدیثین صحیح بے شمار آئی ہین اور اوسمین اتفاق صحابہ و من بعدھم کا ہی اسی سبب سے اسمین کوئی حدیث صریح ذکر کرنے کی حاجت نہین اور جمعہ اور عیدین کے جہر مین بہت حدیثین ہین روایت کیا جماعت نے سوا بخاری کے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے عیدین اور جمعے مین سبح اسم ربک الاعلی اور ھل اتاک حدیث الغاشیۃ اور صحیح مسلم مین ہی ابی واقد لیثی سے کہ پوچھا مجھسے عمر رضی اللہ عنہ نے کہ کیا پڑھتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید اضحی اور عید الفطر مین کہا کہ پڑھتے تھے ق والقرآن المجید و اقتربت الساعۃ ص اگر عشا کی دو رکعتون اول مین سورت نہ پڑھے اخیر کی دو رکعتون مین بعد فاتحہ کے پڑھ لیوے اور فاتحہ اور سورت دونون کا جہر کرے اگر امام ہی اور اگر فاتحہ پہلی دو رکعتون مین چھوڑ دے تو پچھلی رکعتون مین نہ پڑھے کیونکہ دوسری رکعتون مین بھی فاتحہ پڑھا جاتا ہی اور پہلی رکعتون کا بھی فاتحہ اوسمین پڑھیگا تو ایک رکعت مین دو فاتحہ لازم آوینگے اور تکرار فاتحہ کی غیر مشروع ہی اور قرات فرض ایک آیت ہی اور اتنا پڑھنے والا گنہگار ہوگا بسبب ترک واجب کے اور جو سفر مین جلدی ہو تو فاتحہ اور جو سورت چاہے پڑھے اور اگر امن ہو تو مانند سورہ بروج و انشقت کے پڑھے اور اقامت مین فجر اور ظہر مین حجرات سے بروج تک جو سورت چاہے پڑھے اور عصر اور عشا مین بروج سے لم یکن تک اور مغرب مین لم یکن سے آخر تک جو سورت چاہے پڑھے ف اور اصل اوسمین ہی وہ جو روایت کیا عبد الرزاق نے مصنف مین اخبرنا سفیان الثوری عن علی بن زید بن جدعان عن الحسن و غیرہ قال کتب عمر رضی اللہ عنہ الی ابی موسی الاشعری ان اقرأ فی المغرب بقصار المفصل و فی العشاء بوسط المفصل و فی الصبح بطوال المفصل یعنی لکھا عمر رضی اللہ عنہ نے طرف ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ کے کہ پڑھ مغرب مین قصار مفصل یعنی لم یکن سے آخر تک اور عشا مین اوساط مفصل یعنی بروج سے لم یکن تک اور صبح مین طوال مفصل یعنی حجرات سے بروج تک ص اور جو ضرورت ہو تو جتنا ہو سکے اور ایک سورت کا معین نماز مین کرنا مکروہ ہی اور مقتدی چپکا کھڑا رہے اور سنے اور کچھ نہ پڑھے فرمایا اللہ تعالی نے جب قرآن پڑھا جاوے تو سنو اور چپ رہو اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسکے واسطے امام ہو تو قرات امام کی کافی ہی اوسکو اور فرمایا کیا ہی واسطے میرے جھگڑا کیا جاتا ہون قرآن مین یعنی جب لوگ میرے پیچھے قرآن پڑھتے ہین تو خیال اونکی طرف جا کے قرات قرآن مین خلل پڑتا ہی ف اور حدیث پہلی مروی ہی متعدد طریقون سے جابر بن عبد اللہ سے اور ضعیف کی گئی اور اعتراف کیا ضعیف کرنے والون نے ساتھ رفع اوسکے کے مثل دار قطنی اور بیہقی کے اور ابن عدی کے کہ صحیح یہ ہی کہ مرسل ہی اسواسطے کہ حفاظ نے مثل دونون سفیان اور ابی الاحوص اور شعبہ اور اسرائیل اور شریک اور ابی خالد دالانی اور جریر اور عبد الحمید اور زائدہ اور زہیر نے روایت کیا اوسکو موسی بن ابی عایشہ سے

انھون نے عبداللہ بن شداد سے انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوا رسال کیا ہوسکو اور ارسال کیا ہوسکو ابوحنیفہ نے بھی ایکبار تو بر تقدیر ارسال کے بھی
ہم یہ کہتے ہین کہ مرسل ہمارے نزدیک حجت ہی اور دوسرے کہ روایت کیا امام محمد بن حسن نے موطا مین حدثنا ابوحنیفۃ ثنا
ابوالحسن موسیٰ بن ابی عایشۃ عن عبداللہ بن شداد عن جابر رضہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
قال من صلی خلف امام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ اور وہ جو انھون نے کہا ہو کہ ان حفاظ نے اسکو رفع نہین کیا
صحیح نہین ہی کیونکہ احمد بن منیع نے مسند مین ثنا اسحٰق الازرق ثنا سفیان الازرق ثنا سفیان وشریک
عن موسیٰ بن ابی عایشۃ عن عبداللہ بن شداد عن جابر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ قال وحدثنا جریر عن موسیٰ
بن ابی عایشۃ عن عبداللہ بن شداد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکرہ اور نہین ذکر کیا اوسنے
جابر سے اور روایت کیا اوسکو عبد بن حمید نے حدیث بیان کی ہمسے ابو نعیم نے کہا حدیث بیان کی ہمسے حسن بن صالح نے
انھون نے ابی الزبیر سے انھون نے جابر سے انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اوسکے اور اسناد حدیث جابر اول کا صحیح ہی اوپر
شرط شیخین کے اور دوسرے اوپر شرط مسلم کے تو دیکھو یہی لوگ سفیان اور شریک اور جریر اور ابوالزبیر نے رفع کیا اوسکو ساتھ طریقون
صحیحہ کے سو باطل ہوا شمار کرنا اوسکا اون لوگون کو عدم رفع مین اور مقرر ہی یہ بات کہ اگر متفرد ہو ثقہ تو واجب ہی قبول اوسکا
سو درصورتیکہ بہت سے ثقہ رفع کرین اوسکو تو کس طرح واجب القبول نہوگی اور اخراج کیا اوسکا ابن عدی نے ابوحنیفہ سے
بیان ترجمہ مین انکے اور ذکر کیا اوسمین ایک قصہ اور روایت کیا اوسکو ابوعبداللہ حاکم نے ثنا ابو محمد بن محمد
بن حمدان الصیرفی ثنا عبدالصمد الفضل البلخی ثنا ملک بن ابراھیم عن ابی حنیفۃ عن
موسیٰ بن ابی عایشۃ عن عبداللہ بن شداد بن الھاد عن جابر بن عبداللہ ان النبی صلی اللہ
علیہ وسلم صلی ورجل خلفہ یقرأ فجعل رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ینھاہ
عن القراءۃ فی الصلوٰۃ فلما انصرف اقبل علیہ الرجل فقال انتھانی عن القراءۃ خلف رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فتنازعا حتی ذکر ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال علیہ السلام
من صلی خلف امام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ یعنی کہ پڑھتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز اور
پڑھتا تھا نماز مین ایک شخص پیچھے آپ کے سو منع کیا اوسکو ایک صحابی نے قرات سے نماز مین تو جب فارغ ہوئے نماز سے آیا اوسکے
پاس وہ شخص سو کہا کہ تم منع کرتے ہو مجکو قرات سے پیچھے امام کے سو جھگڑا کیا اون دونون نے یہان تک کہ ذکر کیا گیا واسطے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کے سو کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو نماز پڑھے پیچھے امام کے تو گویا قرات امام کی اوسکی قرات ہی اور ابوحنیفہ کی
روایت مین ہی کہ تھا یہ ظہر اور عصر مین اور اونکی روایت مین لفظ ظہر اور عصر کا مذکور ہی اور معارض ہی اوسکے جو روایت کیا ابوداؤد
اور ترمذی نے عبادہ بن صامت سے کہا کہ تھے ہم پیچھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز فجر مین سو پڑھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے اور بھاری ہوئی اونپر قرات تو جب فارغ ہوئے کہا کہ شاید قرات کرتے ہو تم پیچھے امام کے کہا ہمنے یا رسول اللہ ہان کہا کہ نہ پڑھو
مگر فاتحۃ الکتاب کیونکہ نہین نماز ہی اوسکی جسنے نہ پڑھا اوسکو اور کہا صاحب ہدایہ نے کہ ہی ہمارے مذہب پر اجماع صحابہ کا اور موطا

مالک مین ہی نافع سے انھون نے ابن عمرؓ سے کہا کہ اگر پڑھے نماز کوئی تم مین سے امام کے پیچھے تو کافی ہی اوسکو قرات امام کی اور اگر نماز پڑھے اکیلے تو قرات کرے کہا کہ تھے ابن عمرؓ نہین پڑھتے تھے پیچھے امام کے اور روایت کیا اوسکو اونسے دارقطنی نے مرفوعًا اور کہا کہ رفع کرنا اسکا وہم ہی لیکن جب صحیح ہوا یہ قول ابن عمر سے تو معلوم ہوا کہ سنا ہوگا انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تو رفع اوسکا صحیح ہوگا اگرچہ روایت ضعیف ہووے اور روایت کیا ابن عدی نے کامل مین اسمٰعیل بن عمرو بن نجیح سے انھون نے حسن بن صالح سے انھون نے ابی ہارون عبدی سے انھون نے ابی سعید خدری سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکے واسطے امام ہو تو قرات امام کی اوسکے واسطے قرات ہی اور کہا کہ نہین متابعت کیا گیا اس روایت مین اسمٰعیل اور وہ ضعیف ہی انتہی اور قول ابن عدی کا صحیح نہین کیونکہ متابعت کی اوسکی بطریق عبداللہ نے روایت کی طبرانی نے اوسط مین ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ جَدِّي عَنِ الْبَطِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ثنا الْحَسَنُ اوسی سند سے جو روایت کیا اوس سے ابن عدی نے اور روایت کیا حدیث ابن عباس سے رفع اوسکا اور اوسمین کلام ہی اور روایت کیا طحاوی نے شرح آثار مین ثنا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِي حَيَاةُ بْنُ شُرَيْحٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ اَنَّهٗ سَاَلَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو وَزَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَجَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَقَالُوْا لَا تَقْرَاْ خَلْفَ الْاِمَامِ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الصَّلٰوةِ یعنی پوچھا عبید اللہ بن مقسم نے عبداللہ اور زید اور جابر وغیرہم سے سو کہا انھون نے نہ پڑھ پیچھے امام کے نماز مین اور روایت کیا امام محمد بن حسن نے موطا مین سفیان بن عیینہ سے انھون نے منصور سے انھون نے ابی وائل سے کہا کہ پوچھے گئے عبداللہ بن مسعود قرات سے پیچھے امام کے کہا کہ چپ رہ اسواسطے کہ نماز مین شغل ہی اور کافی ہی تجکو امام اور روایت کیا سعد بن وقاص سے کہ کہا انھون نے چاہتا ہون مین اوس شخص کو جو پڑھتا ہی پیچھے امام کے کہ اوسکے مونہہ مین انگارہ ہو اور روایت کیا اوسکو عبدالرزاق نے لیکن کہا انھون نے بدلے انگارے کے پتھر اور روایت کیا محمد نے موطا مین داود بن قیس سے انھون نے عجلان سے کہ عمر بن خطاب نے کہا کاش کے ہوتا اوسکے مونہہ مین جو قرات کرتا ہی پیچھے امام کے پتھر اور اخراج کیا اوسکا عبدالرزاق نے بھی اور روایت کیا طحاوی نے حماد بن سلمہ سے انھون نے ابی حمزہ سے کہا کہ کہا مینے واسطے ابن عباس کے پڑھون مین اور امام سامنے میرے ہو کہا کہ نہین اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین جابر سے کہا کہ نہ پڑھے پیچھے امام کے چاہے جہر کرے اور چاہے اخفا کرے یعنی کسی نماز مین نہ پڑھے اور روایت کیا اوس نے اور عبدالرزاق نے حضرت علیؓ کے قول سے کہا کہ جو پڑھے پیچھے امام کے تو اوسنے خطا کی فطرت سے اور روایت کیا اوسکو دارقطنی نے ایک طریق سے اور کہا کہ نہین صحیح ہی اسناد اوسکا اور کہا ابن حبان نے کتاب الضعفا مین یہ روایت کرتا ہی اوسکو عبداللہ بن ابی لیلی انصاری حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اور وہ باطل ہی اور کافی ہی بطلان مین اوسکے اجماع مسلمانون کا اوسکے خلاف پر اور اہل کوفہ نے اختیار کیا ترک قرات کو پیچھے امام کے نہ کہ جائز نہ کہا اسکو اور ابن ابی لیلی شخص مجہول ہی ختم ہوا قول ابن حبان کا اور مروی ہی سنن نسائی مین مانند اسکے قول ابو الدرداء سے اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور جب پڑھے امام تو چپ رہو روایت کیا اسکو مسلم نے زیادت ہی حدیث اِذَا لَمْ يَكُنْ اِلَّا اِمَامُكَ فَكَبِّرْ وَاَبُوْ دَاوٗدَ اور ضعیف کیا اوسکو ابو داود وغیرہ نے اور نہین التفات کیا گیا اس طرف بعد صحت طریق اور اسناد کے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہی وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا یعنی جب پڑھا جاوے قرآن تو سنو اوسکو اور چپ رہو اور روایت کیا بیہقی نے امام احمد سے کہا کہ اجماع کیا آدمیون نے اوپر اس بات کے کہ یہ آیت نماز مین ہی اور روایت کیا مجاہد سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم سنتے قرات ایک جوان کی انصار سے سو نازل ہوئی یہ آیت وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا اور روایت کیا ابن مردویہ نے تفسیر مین کہ کہا کسی صحابی نے یہ آیت نازل ہوئی نماز مین پیچھے امام کے

ص باب جماعت کے بیان مین

جماعت سنت موکدہ ہی قریب واجب کے ف کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جماعت سنن ہدی سے ہی اور نہین تخلف کرتا ہی اوس سے مگر منافق اور یہ حدیث ہدایہ مین ہی روایت ہی امام ابو یوسف سے کہ پوچھا مینے امام ابو حنیفہ سے جماعت کو بیچ کپڑے وغیرہ کے تو کہا لَآ اُحِبُّ تَرْکَهَا نہین دوست رکھتا ہون مین ترک اوسکا اور کہا امام محمد نے موطا مین کہ حدیث مین رخصت ہی فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تر ہو جاوین نعلین تو نماز اپنی جگہ مین پڑھین یعنی اوسوقت تکلیف جماعت نہین اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن ام مکتوم کو باوجود کثرت تکالیف اذن ترک جماعت کا نہ دیا اخراج کیا اسکا ابو داود اور حاکم نے اور روایت کیا ابن ماجہ نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو سنے ندا کو اور نہ آوے جماعت مین تو نماز نہین اوسکی مگر عذر سے اور روایت کیا اوسکو حاکم نے اور کہا کہ یہ شرط بخاری مسلم پر ہی ص اور بہتر امامت کے لیے جو احکام نماز کو خوب جانتا ہو پھر جو قاری زیادہ ہو پھر جو پرہیزگار زیادہ ہو پھر جو سن مین زیادہ ہو ف روایت کیا جماعت نے سوا بخاری کے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے امامت کرے قوم کی جو زیادہ پڑھنے والا ہو کتاب اللہ کو تو اگر قرات مین برابر ہون تو جو زیادہ جانتا ہو سنت کو اور اگر سنت کے جاننے مین برابر ہون تو جو اقدم ہو ہجرت مین تو اگر ہجرت مین برابر ہون تو جو پہلے اسلام لایا ہو اور روایت کیا اوسکو ابن حبان اور حاکم نے لیکن کہا حاکم نے بدل فاعلمهم بسنته کے فَاَفْقَهُهُمْ فِقْهًا یعنی جو فقہ کو زیادہ جانتا ہو ے اور اگر فقہ مین برابر ہون تو جو سن مین بڑا ہو ے کہا شیخ کمال الدین نے کہ یہ لفظ غریب ہی لیکن اسناد اسکا صحیح ہی اور مین کہتا ہون کہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے بسند صحیح ابو مسعود انصاری سے مانند اسکے اور اوسکے الفاظ یہ ہین یَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ فَاِنْ كَانُوْا فِي الْقِرَاءَةِ سَوَاءً فَاَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ فَاِنْ كَانُوْا بِالْعِلْمِ فِي السُّنَّةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً فَاِنْ كَانُوْا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَاَقْدَمُهُمْ سِنًّا یعنی اگر ہجرت مین برابر ہون تو بڑا سن مین بڑا ہو ے اور فرمایا کہ نہ امامت کرے ایک شخص دوسرے شخص کی امامت کی جا مین اور نہ بیٹھے اوسکے گھر مین اوس جگہ پر جو اوسکی عزت کی جگہ ہے بیٹھنے کی ہی مثلاً ایک مکان مین فرش ہی اور ایک جا پر صاحب مکان کا مقام معین ہی کہ اوسمن مسند وغیرہ زیادہ اہتمام ہی تو بغیر اذن اوسکے کے یہ نہین چاہیے کہ اوسکی جا پر بیٹھ جاوے اور روایت کیا عطار سے کہ کہا انھون نے امامت کرے قوم کی جو اوسمین افقہ ہو یعنی فقہ والا ہو ے اور اس حدیث مین اور ہمارے مذہب مین مخالفت نہین کیونکہ مراد اقرأ سے اعلم بالقرات ہی اور قرات بھی ایک سنن دین سے ہی اور تعقب اسمین یہ ہی کہ بعد اوسکے پھر اعلم بالسنۃ جو ارشاد فرمایا تو اوس سے کیا مراد ہو گا اور صاحب ہدایہ نے لکھا ہی کہ اوس زمانے مین جو اقرأ ہوتے تھے وہی اعلم بھی ہوتے تھے بخلاف اس زمانے کے کہ اکثر لوگ اقرأ ہوتے ہین اور اعلم نہین ہوتے اسیواسطے ہمنے مقدم کیا اعلم کو اقرأ پر اور روایت کیا حاکم نے کہ امامت کرین تم مین سے وہ لوگ جو بہتر ہین تم مین اور یہ حدیث ضعیف ہی لیکن کہا شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر مین وَاِلَّا فَالضَّعِيْفُ غَيْرُ الْمَوْضُوْعِ يُعْمَلُ بِهٖ فِيْ فَضَائِلِ الْاَعْمَالِ یعنی حدیث ضعیف عمل کیا جاویگا اوسپر فضائل اعمال مین ص اور نماز غلام اور کنوارا اور فاسق اور اندھے اور بدعتی کے اور ولد الزنا کے پیچھے مکروہ ہی ف لیکن

اور اکیلے بڑھکے چلا گیا اور منع کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اور آپنے عشا مین پڑھنے کو سبح اسم ربک الاعلی اور اقرأ باسم ربک اور والشمس وضحہا وغیرہ ارشاد فرمایا اور بعض حدیثون مین ہی کہ یہ مغرب مین ہی غرض ہر صورت رعایت حال ضرور ہی اور اسیطرح تراویح مین بھی نہایت طول کرنا مکروہ ہی بلکہ ایک رات مین جھلوگ ختم کرتے ہین جماعت سے مکروہ ہی تین دن سے کم نہین چاہیے

ص جب مقتدی ایک ہو امام اوسکو داہنی طرف کھڑا کرے اور اگر زیادہ ہون تو امام آگے بڑھ جاوے اور اونکو حکم تاخیر کا نہ کرے کیونکہ ایک آدمی کا آگے بڑھنا بہت آدمیون کے ہٹنے سے آسان ہی **ف** پہلے مسئلے کی دلیل یہ ہی کہ روایت ہی حضرت ابن عباس سے کہ رہا مین ایک رات نزدیک میمونہ بیٹی حارث ہلالیہ کے سو کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھنے کو رات مین تو کھڑا ہوا مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بائین طرف تو پکڑا سر میرا اور کر لیا مجکو داہنی طرف روایت کیا یہ ابن ابی شیبہ اور بخاری مسلم وغیرہم نے اور اگر اوسکے پیچھے یا بائین طرف ہوکے نماز پڑھے تو جائز ہی لیکن گنہگار ہوگا بوجہ مخالفت سنت کے اور اگر دو آدمی ہون تو امام ہمارے نزدیک اونسے آگے بڑھکے نماز پڑھاوے اور امام ابی یوسف کے نزدیک بیچ مین اون دونون آدمیون کے کھڑا ہووے اور حضرت عبداللہ بن مسعود نے کھڑا کیا اسود اور علقمہ کو داہنے بائین اور آپ بیچ مین کھڑے ہوئے اور جب نماز پڑھ چکے تو کہا ایسا ہی کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا یہ مسلم نے اور کہا ابن عبدالبر نے نہین صحیح ہی رفع اوسکا اور صحیح اونکے نزدیک وقف ہی ابن مسعود پر اور کہا نووی نے خلاصے مین ایسا ہی اور اخراج کیا اوسکا مسلم نے دو طریقون سے اور ایک طریقے تیسرے مین فقط رفع ہی اور دو مین رفع نہین اور دلیل ہماری بہت حدیثین ہین روایت کی جابر رضی اللہ عنہ نے موافق مذہب ہمارے کے اور انس رضی اللہ عنہ نے کہ اونکی دادی ملیکہ نے بلایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو واسطے کھانے کے سو کھایا آپنے پھر کہا کھڑے ہو تا نماز پڑھون مین آخر رہیان تک کہ کھڑے ہوئے ہم اور یتیم پیچھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور دادی میری ہمسے پیچھے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے لیث سے انھون نے نافع سے انھون نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ وہ جب پڑھتے نماز اور تین آدمی ہوتے تھے امام سمیت پیچھے کرتے تھے دو آدمیون کو اور آگے ہوتے تھے آپ اور روایت کیا ابرار ابن سبرہ سے انھون نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا انھون نے جب ہون تین آدمی تو آگے ہو اونکے ایک آدمی اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے انس سے مانند اسکے جو اوپر گذرا اور یہی مذہب ہی اکثر صحابہ اور تابعین کا

ص اور اگر امام کی نماز مین فساد معلوم ہو مقتدی بھی پھر پڑھین **ف** کیونکہ ہدایے مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص امامت کرے قوم کی پھر ظاہر ہو کہ وہ بیوضو تھا یا جنب تھا اعادہ کرے نماز اپنی کا اور وہ لوگ بھی اعادہ کرین اور یہ حدیث غریب ہی نہین پایا اوسکو مینے اور روایت کیا محمد بن حسن نے کتاب الآثار مین حدیث بیان کی ہمسے ابراہیم بن یزید مکی نے انھون نے عمرو بن دینار سے انھون نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انھون نے اوس شخص مین جو پڑھے نماز قوم مین جنب کہا کہ وہ اعادہ کرے نماز کا اور وہ لوگ بھی اعادہ کرین اور روایت کیا اوسکو عبدالرزاق نے کہ حضرت علی نے پڑھائی نماز بھولے سے اور وہ جنب تھے یا بے وضو تھے تو اعادہ کیا انھون نے نماز کا اور حکم کیا اون لوگون کو اعادے کا اور روایت کیا امام احمد نے بسند صحیح حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا امام ضامن ہی اور روایت ہی ابی امامہ سے کہا کہ نماز پڑھی عمر رضی اللہ عنہ نے ساتھ آدمیون کے جماعت سے جنب سو اعادہ کیا اون لوگون نے تو فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہ چاہیے جسنے تمھارے ساتھ نماز پڑھی کہ اعادہ کرے شور جو کیا انھون نے طرف قول حضرت علی کے روایت کیا اسکو عبدالرزاق نے اور وہ جو روایت کیا دارقطنی نے جویبر سے انھون نے ضحاک بن مزاحم سے انھون نے براء سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو امام بھول جاوے اور نماز پڑھاوے قوم کی اور وہ جنب ہو تو تحقیق کہ جائز ہو گئی نماز اونکی اور غسل کرے امام پھر اعادہ کرے اپنی نماز کا

اور اگر نماز پڑھے بغیر وضو تو اوسکا بھی یہی حکم ہی ضعیف ہی جویریہ متروک ہی اور ضحاک نے نہین ملاقات کی براء کی اور یہ حکم اتفاقی ہی
ص اور پہلے مرد صف باندھین پھر لڑکے پھر خنثے پھر عورتین ف اسیطرح حدیث مین آیا ہی اور فرمایا حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے قریب ہون مجھسے عقل والے لوگ یعنی بالغ پھر جو اونسے نزدیک ہین پھر جو اونسے نزدیک ہین آخر حدیث تک اس روایت کیا اسکو
مسلم اور ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے اور صف مین چاہیے کہ خوب ملکے کھڑے ہون اور جگہہ باقی نرہے اور جو شخص صف کی
جگہہ خالی کو بند کرے یعنی اوسمین کھڑا ہوجاوے یا کسی اور کو اوسمین کھڑا کرے تو حدیث مین ہی کہ مغفرت ہوگی اوسکی روایت کیا اسکو
بزار نے اسناد حسن سے اور بہت سی حدیثین اس باب مین آئی ہین فتح القدیر مین سب مذکور ہین اور خنثی اوسکو کہتے ہین کہ اوسمین
عورت اور مرد دونون کی علامتین موجود ہون اور اوسکو عورت پر مقدم کیا کیونکہ ایک شائبہ مرد کا اوسمین موجود ہی اور لڑکون سے
موخر کیا کیونکہ ایک شائبہ عورت کا اوسمین موجود ہی ص تو اگر عورت مرد کے پہلو مین برابر ہوگئی اور بیچ مین کچھہ حائل نہین اور وہ
عورت لائق شہوت ہی اور امام نے اوسکی امامت کی نیت کی ہی اور نماز مین دونون شریک ہین مرد کی نماز فاسد ہوجاویگی اور
اگر امام نے نیت عورت کی نہین کی ہی نماز عورت کی باطل ہوجاویگی اور نماز کی شرکت کے معنی یہ ہین کہ دونون اپنے تحریمے کو امام کے
تحریمے پر بنا کرنے والے ہون اور اون دونون کے واسطے امام ہو اوس نماز مین جو وہ دونون پڑھتے ہین یا حقیقۃً مثلاً دونون مقتدی ہون
یا حکماً مثلاً کسی مرد اور عورت کو نماز مین حدث ہوا اور اوسنے اور عورت نے بنا کی اور امام فارغ ہوا اور عورت مرد کے برابر ہوگئی
تو نماز فاسد ہوجاویگی اور سبوق کی اگر اسبوق کے ادا کرنے مین برابر ہوگئی تو مرد کی نماز فاسد نہوگی یہ جب ہی کہ امام عورتون کی نیت کرے
اور اگر نیت نکی تو عورت کی نماز باطل ہوجاویگی اور اس سے معلوم ہوا کہ عورت اگر اقتدا کرے ساتھ امام کے برابر ایک شخص کے تو اقتدا
اوسکی صحیح نہوگی مگر یہ کہ امام اوسکی امامت کی نیت کرے اور اگر عورت نے برابر مرد کے اقتدا نہین کی ایک روایت مین نیت امام کی شرط ہی اور
ایک روایت مین شرط نہین تفصیل اسکی شرح وقایہ عربی مین خوب ہی جسکا جی چاہے دیکھہ لے اور اگر امامت کی اون پڑھنے والی عورت نے
کی تو اوسکی نماز فاسد ہوئی یا اوسی کو خلیفہ کیا اگرچہ پچھلی دو رکعتون مین ہو اوسکی نماز فاسد ہوجاویگی لیکن نماز قاری کی صحیح اس واسطے کہ اوسنے فرائض
باوجود قدرت کے ترک کی اور نماز ان پڑھون کی صحیح اس واسطے کہ جب انھون نے رغبت کی جماعت کی تو چاہیے کہ قاری کے ساتھہ اقتدا کرین تاکہ
قراءت اوسکی ان لوگونکی قراءت ہوجاوے تو گویا اون لوگون نے بھی قراءت ترک کی اور دوسرے مسئلے مین خلاف امام زفر کا ہی

باب حدث مین بیچ نماز کے

مصلی کو اگر نماز مین حدث ہووے وضو کرکے تمام کرلیوے اور بعد تشہد کے ہو تو بھی تمام کرے اور صاحبین کے نزدیک تمام ہوجاویگی
اور شروع سے پڑھنا افضل ہی ف اور امام شافعی کے نزدیک شروع سے پڑھے اور باقی نماز کو بنا نہ کرے کیونکہ حدث
منافی نماز کا ہی اور چلنا فاسد کرتا ہی نماز کو اور یہی موافق قیاس ہی لیکن ترک کیا ہمنے بدلیل اوسکے جو فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے جو شخص قی کرے یا نکسیر اوسکی پھوٹے یا مذی نکلے اوسکی نماز مین تو چاہیے کہ پھرے اور وضو کرے اور بنا کرے
اپنی نماز پر اور یہ حدیث اوپر گذری نواقض وضو کے بیان مین اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مانند اسکے موقوفا اوپر عمر اور علی
اور ابو بکر صدیق کے اور ابن عمر اور سلمان فارسی رضی اللہ عنہم اجمعین سے اور تابعین سے مثل علقمہ اور طاؤس اور سالم اور سعید
بن جبیر اور شعبی اور ابراہیم نخعی اور عطاء اور مکحول اور سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہم اجمعین اور روایت کیا ابن ماجہ نے حدیث

حضرت عائشہؓ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نماز پڑھے کوئی تم میں سے اور حدث ہو جاوے اوسکو تو چاہیے کہ پکڑے رہے ناک اپنی پھر پھیرے اور اس جگہہ حدث سے مراد ناک سے خون نکلنا ہی اسی واسطے آگے فرمایا کہ پکڑے رہے ناک اپنی **ص** اور اگر امام کو حدث ہووے تو مقتدیوں میں سے کسیکو خلیفہ کرے پھر وضو کرے اور نماز جہاں وضو کیا ہی اوس جگہہ یا پہلی جگہہ پر تمام کرے اور جنبی ہووے یا بھولے سے وہ بھی اوسی جگہہ یا پہلی جگہہ پر تمام کرے اگر خلیفہ فارغ ہو جاوے اور اگر فارغ نہیں ہوا امام خلیفہ کے پیچھے نماز کو تمام کرے اور مقتدی بھی ایسا ہی کرے **ف** کیونکہ مروی ہی حدیث میں کہ جب نماز پڑھے کوئی تم میں سے سوتی کرے یا نکسیر اوسکی بھوتے تو چاہیے کہ رکھے ہاتھ اپنا اوپر مونڈھے کے اور آگے کرے اپنی جگہہ پر اوسکو جسکو کوئی حدث نہ پونہچا ہووے ایسا ہی ہدایہ میں اور کہا شیخ ابن الہمام نے غریب ہی اور اسپر اجماع صحابہ کا ہی اور بیان کیا اسکو احمد اور ابن المنذر نے عمر اور علیؓ سے اور روایت کیا اثرم نے حضرت ابن عباسؓ سے کہ نکلے ہمارے اوپر حضرت عمر واسطے نماز ظہر کے تو جب داخل ہوئے نماز میں تو پکڑا انھوں نے ہاتھ ایک شخص کا جو انکے داہنی طرف تھا پھر پھیرتے تھے صفوں کو تو جب نماز پڑھی ہمنے یکایک دیکھا کہ حضرت عمر نماز پڑھتے ہیں پیچھے ایک ستون کے تو جب ادا کری انھوں نے نماز کہا کہ جب داخل ہوا میں نماز میں تو دیکھی میںنے ایک چیز اور چھپا اسینے اوسکو ہاتھ سے تو پائی میںنے اوسکو تری مذی کی اور روایت کیا بخاری نے عمرو بن میمون سے استخلاف کو یعنی خلیفہ کرنے کو اور روایت کیا سعید نے کہا کہ نماز پڑھی ساتھ ہمارے حضرت علیؓ نے ایک روز سو نکسیر پھوٹی اونکی سو پکڑا ہاتھ ایک شخص کا اور آگے کیا اوسکو اور پھیرے وہاں سے اور صاحبین کی دلیل ہی جو روایت کیا ترمذی نے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حدث کرے کوئی شخص اور وہ بیٹھا تھا اخیر جلسہ واسطے آخر نماز کے قبل سلام کے تو تحقیق کہ جائز ہوئی نماز اوسکی اور کہا ترمذی نے نہیں ہی اسناد اوسکا قوی اور اضطراب کیا ہی اوسکی اسناد میں **ص** اور اگر کوئی شخص نماز میں مجنون یا بیہوش ہو گیا یا سو گیا اس طرح کہ وضو نہیں جاتا اور اوسکو احتلام ہوا یا قہقہہ کیا یا قصدا حدث کیا یا درہم سے زیادہ پیشاب یا اور نجاست اوسپر پڑ گئی یا اوسکے زخم سے خون جاری ہوا یا اوسنے جانا کہ اسنے حدث کیا اور مسجد سے یا صفوں سے نکل گیا پھر اوسکو معلوم ہوا کہ حدث نہیں ہوا تھا ان سب صورتوں میں نماز باطل ہو گئی پھر سر سے پڑھے اور اگر مسجد سے یا صفوں سے باہر مسجد کے نہیں نکلا اور صفوں سے بھی متجاوز نہیں ہوا تو بنا کر نا درست ہی اور اگر بعد تشہد کے جان کے حدث یا کوئی اور عمل نافی صلوٰۃ کے کیا نماز اوسکی تمام ہو جاویگی اور بعد تشہد کے اگر تیمم کرنے والے نے پانی پر قدرت پائی یا موزہ اوسنے تھوڑے عمل سے جو منافی نماز نہیں اوتار لیا یا مدت موزے کی تمام ہو گئی یا ان پڑھے کو سورت یاد آگئی یا ننگے نے کپڑا پایا یا اشارہ کرنے والا رکوع اور سجدے پر قادر ہو گیا یا ترتیب والے کو نماز قضا یاد آگئی اور اسکا بیان آگے آویگا یا امام نے ان پڑھے کو خلیفہ کیا یا نماز فجر میں آفتاب نکل آیا یا نماز جمعے میں عصر کا وقت آگیا یا عذر والے کا عذر زائل ہو گیا یا پٹی زخم سے تندرستی کے سبب سے گر پڑی ان سب بارہ صورتوں میں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک نماز فاسد ہو گئی اور صاحبین کے نزدیک تمام ہو گئی اور اگر بعد تشہد کے امام نے قہقہہ کیا یا قصدا حدث کیا مسبوق کی نماز باطل ہو جاویگی اور اگر باتین کہیں یا مسجد سے نکل گیا تو جائز ہو گی اور اگر امام قرات میں رک گیا تو دوسرے کو خلیفہ کرنا درست ہی اگر کم ایک آیت سے پڑھا ہووے تو اگر اتنا پڑھ چکا کہ نماز جائز ہو جاویگی اور پھر خلیفہ کیا نماز فاسد ہو گئی اگر امام نے مسبوق کو خلیفہ کیا تو درست ہی اور مسبوق نماز کو تمام کرے اور مدرک کو خلیفہ کرے تاکہ وہ سلام پھیرے اور مسبوق باقی نماز اپنی پڑھ لیوے **ف** مسبوق اوسکو کہتے ہیں جو بعد ایک رکعت یا دو رکعت یا زیادہ کے شریک ہوا ہو اور

ساری نماز اوسنے امام کے ساتھ نہ پائی ہو اور مدرک اوسکو کہتے ہین جسنے ساری نماز امام کے ساتھ پڑھی ہو تو مطلب اسکا یہ ہی کہ مسبوق تو سلام پھیر نہین سکتا کیونکہ اوسکی نماز تو ابھی باقی ہی اور مقتدیون کی نماز ختم ہوچکی اسواسطے کہ وہ بھی مدرک کو خلیفہ کردیگا کہ وہ اون مقتدیون کے ساتھ سلام پھیرے **ص** اور جب مسبوق نماز کو امام کی تمام کرے تو پھر اگر اوسکو حدث ہوا کوئی اور عمل منافی صلوٰۃ کیا مانند قہقہہ اور کلام کی اور مسجد سے نکلنے کی فاسد ہوجاویگی نماز اوسکی اور پہلے امام کی جسنے مسبوق کو خلیفہ کیا تھا مگر جب پہلا امام فارغ ہوجاوے جیسے اوسنے وضو کیا اور پایا خلیفہ کو اس طرح پر کہ کچھ نماز اوسکی رہگئی تو تمام کرلی اوسنے نماز پیچھے خلیفہ کے اور مقتدیون کی نماز کسی صورت مین فاسد نہوگی کیونکہ وہ اپنی نماز تمام کرچکے اور اگر رکوع یا سجدے مین حدث ہوا اور وضو کرکے بنا کیا رکوع اور سجدے کو پھر دوبارہ کرے اور اگر رکوع یا سجدے مین یاد کیا کہ ایک رکعت کا رکوع اور سجدہ نہین کیا تھا اور اوسی وقت اوسکو قضا کیا تو جس رکوع اور سجدے مین یاد کیا تھا اوسکا بھی لوٹانا مستحب ہی اور اگر نہ لوٹایا تو کچھ حرج نہین اور اگر امام کے ساتھ ایک ہی مقتدی تھا اور امام کو حدث ہوا تو وہ شخص اوسکا خلیفہ ہوجائے اگرچہ امام خلیفہ نکرے تو اگر وہ مقتدی عورت یا لڑکا ہی امام کی نماز فاسد ہوجاویگی اور بعضون نے کہا ہی کہ فاسد نہوگی کیونکہ اوسنے خلیفہ نہین کیا ہی اور یہ عورت اور لڑکا تو امامت کی صلاحیت نہین رکھتے تو مقتدی بغیر امام کے رہ جاویگا سو نماز انکی فاسد ہوجاویگی اور امام کی فاسد نہوگی

باب نماز کے مفسدات اور مکروہات کے بیان مین

مفسدات یعنی جو نماز کو فاسد کرتے ہین بہت سے ہین پہلے کلام کرنا اگرچہ بھولے سے یا خواب مین ہووے **ف** اور امام شافعی کے نزدیک اگر بھولے سے کلام کرے تو نماز فاسد نہوگی اور دلیل اونکی یہ ہی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رُفِعَ عَنْ اُمَّتِی الْخَطَاءُ وَالنِّسْیَانُ یعنی اوٹھایا گیا میری اُمت سے خطا اور نسیان اور اس لفظ سے یہ حدیث پائی نہین گئی بلکہ اس لفظ سے وُضِعَ عَنْ اُمَّتِی الْخَطَاءُ وَالنِّسْیَانُ یعنی دفع کرلیا گیا امت میری سے خطا اور نسیان اور جسپر وہ لوگ زبردستی کیے گئے روایت کیا اوسکو ابن ماجہ اور ابن حبان نے اور حاکم نے اور کہا کہ صحیح ہی اوپر شرط بخاری مسلم کے اور ہماری دلیل قول ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطے معاویہ بن حکم سلمی کے کہ یہ نماز نہین لائق ہی اوسمین کلام آدمیون کا اور یہ تو تسبیح اور تکبیر اور قراءت قرآن ہی روایت کیا اوسکو مسلم نے اور وہ جو امام شافعی نے روایت کیا ہی محمول ہی اوپر معافی گناہ کے اور نماز کے فاسد نہونے پر دلالت نہین کرتا **ص** دوسرے قصد اسلام کرنا اور اگر بھولے سے کریگا نماز فاسد نہوگی **ف** کیونکہ سلام ایک ذکر ہی اذکار سے اور حالت نسیان مین معمول ہوگا اوپر ذکر کے بخلاف اوسکے کہ جب قصداً کوئی سلام کرے تو وہ کلام ہوجاویگا **ص** تیسرے جواب سلام کا کہنا قصداً ہو یا بھولے سے چوتھے آہ یا اوہ یا اُف کہنا پانچوین آواز سے رونا کسی مصیبت یا درد سے چھٹے بغیر عذر کے کھانسنا ساتوین جواب چھینک کا دینا آٹھوین بری چیز کا جواب اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ سے دینا اور خبر خوش کا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سے اور عجیب کا سُبْحَانَ اللّٰہِ یا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سے نوین سوا امام کے اور کو قراءت کا بتانا اور اپنے امام کو بعض مشائخ نے کہا ہی کہ اگر مقدار فرض کے پڑھ چکا ہی یا ایک آیت سے اوسنے دوسری آیت پڑھی اور اوسنے لقمہ دیا بتانے والے کی نماز جاتی رہیگی اور اگر امام نے لقمہ لے لیا تو اوسکی بھی نماز فاسد ہوجاویگی اور بعضون نے کہا ہی کہ اگر امام کو بتاویگا تو کسی صورت مین نماز نہ جاویگی اور اسی پر فتوی ہی دسوین مصحف سے دیکھ کے پڑھنا گیارھوین نجس جگہ پر سجدہ کرنا بارھوین جو کہ آدمیون سے مانگتے ہین وہ مانگنا جیسے کہے یا اللہ تعالی فلانی عورت سے میرا

نکاح کرے یا مجکو ہزار دینار دے تیرھوین کھانا یا پینا چودھوین عمل کثیر کرنا اور عمل کثیر بعضون کے نزدیک وہ ہے جسمین دونون ہاتھون کے لگانے کی حاجت ہو اور بعضون کے نزدیک عمل کثیر وہ ہے جسکو مصلی کثیر جانے اور یہی مذہب امام ابوحنیفہ کے قریب ہے اور اگر کسیننے ایک رکعت نماز پڑھی اور پھر نیت ابتدا سے کی اور تکبیر تحریمہ کہی لیکن ہاتھ نہ اوٹھائے تو اگر دوسری نماز پڑھنا چاہتا ہے پہلی رکعت اسمین محسوب نہوگی اور اگر وہی نماز پڑھتا ہے تو یہ رکعت اوسمین محسوب ہوگی اور اگر کوئی جنت یا دوزخ کے ذکر سے نماز مین رووے یا عمل قلیل کرے یعنی عمل کثیر تک نہ پہنچے یا عذر سے کھانسے یا کوئی اوسکے سامنے سے گذر جاوے تو نماز نہین جاتی اور گذرنے والا گنہگار ہوتا ہے اگر مقام سجدے مین نہ ہو بغیر کسی حائل کے گذرے اور پوشیدہ نہ رہے کہ وہ شخص اگر چھوٹی مسجد مین نماز پڑھتا ہے تو جس جگہ گذریگا گنہگار ہوگا اور اگر بڑی مسجد یا جنگل مین پڑھتا ہے تو بعضون کے نزدیک اگر مقام سجدے مین گذریگا تو گنہگار ہوگا والا نہین ہوگا اور بعضون کے نزدیک جہان تک اوسکی نظر مقام سجدے پر نظر کرنے مین پہونچتی ہے وہ مقام سجدے مین داخل ہے تو اگر کوئی شخص دکان پر پڑھتا ہے اور نیچے دکان کے کوئی گذرا تو اول روایت کے موافق گنہگار نہوگا اور دوسری روایت کے موافق اگر گذرنے والے کے اور مصلی کے کچھ اعضا مقابل ہوگئے تو گنہگار ہوگا ورنہ گنہگار نہوگا ف جانا چاہیے کہ گذرنا نمازی کے سامنے سے نماز مین نہایت برا ہے اور برائی مین اسکی احادیث صحیحہ وارد ہوئی ہین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر جانے گذرنے والا سامنے مصلی کے کہ کیا عذاب ہے اوسپر البتہ بہتر ہے اوسکے واسطے کہ کھڑا رہے چالیس اس سے کہ گذر جاوے اوسکے سامنے سے کہا ابو النضر راوی نے کہ نہین جانتا مین کیا ارشاد فرمایا آپنے چالیس دن یا چالیس ماہ یا چالیس سال اور روایت کیا اوسکو بزار نے اور اوسمین اربعین خریفا ہے یعنی چالیس خریف اور بعضون کے نزدیک اگر سامنے سے عورت یا کتا یا گدھا نکل جاوے تو نماز جاتی رہتی ہے اور ہمارے نزدیک کسیکے گذرنے سے نماز نہین جاتی دلیل ہماری قول ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ نہین توڑتی ہے نماز کو کوئی چیز اور دفع کرو اوسکو جہان تک کہ طاقت رکھو کیونکہ وہ شیطان ہے روایت کیا اسکو علما نے سوا ترمذی کے اوسکی سند مین اوسکی مجالد ہے اور اوسمین کلام ہے اور بخاری مین ہے کہ اوس شخص سے لڑائی کرے کیونکہ وہ شیطان ہے اور روایت کیا دارقطنی نے سالم بن عبداللہ سے انھون نے اپنے باپ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر اور عمر نے کہا کہ نہین قطع کرتا نماز کو کچھ پس دفع کرو جہان تک کہ طاقت ہے اوسکو ضعیف کیا رفع اسکا اور وقف کیا اسکا موطا مین اور کہا نووی نے شرح صحیح مسلم مین حدیث لَا یَقْطَعُ الصَّلٰوۃَ مُرُوْرُ شَیْءٍ ضعیف ہے اور کہا شیخ ابن الہمام نے کہ نہین ہے یہ کم درجہ حسن سے اسواسطے کہ وہ مروی ہے چند طریقون سے ابوسعید اور ابن عمر اور ابوامامہ اور انس اور جابر سے اور یہ روایتین ابوداود اور دارقطنی اور معجم اوسط طبرانی مین ہے اور بہرحال نہین برابر ہے اوسکے صحیح مسلم مین ہے حضرت ابوذر سے کہ قطع کرتا ہے صلوۃ کو جب نہو سامنے مصلی کے مانند لکڑی پالان اونٹ کے کتا سیاہ اور عورت اور گدھا کہا ہمنے کہ کیا سبب ہے کہ کتے سیاہ کو فرمایا اور سرخ کتے کو نہین کہا ای بیٹے بھائی میرے کے پوچھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جیسا کہ پوچھا تو نے مجھسے سو کہا کہ کتا سیاہ شیطان ہے کہا امام احمد نے نہین شک ہے کہ کتا نماز کو توڑ دیتا ہے لیکن میرے دل مین گھسے اور عورت سے شک ہے کہا ابن الجوزی نے اور کہا امام احمد نے یہ قول اسواسطے کہ صحیح ہوئی حدیث عایشہ رضی اللہ عنہا کی کہ مین لیٹی تھی رات کو حضرت کے سامنے اور حضرت نماز پڑھتے تھے پھر جب سجدہ کرتے ہٹا دیتے تھے ہاتھ سے پیر میرے اور گھرون مین اوس زمان چراغ نہتے روایت کیا اوسکو بخاری مسلم و غیرہما نے اور یہ حدیث نہایت صحیح ہے اور صحیح ہوا ابن عباس سے کہ مین آیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور آپ نماز پڑھتے تھے سوا وترا مین گدھے پر سے اور چھوڑا مینے اوسکو آگے

صف کے سو کچھ پرواہ نکی اوسکی آپنے اور زیا یا ہمنے کتے مین کچھ اور روایت کیا اس حدیث کو ابوداود اور ابن ابی شیبہ نے ساتھ
اسناد صحیح کے کہتا ہون مین کہ کتے کے باب مین بھی ایک حدیث آئی ہی روایت ہی فضل بن عباس سے کہ زیارت کی ہمارے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے بیچ جنگل کے اور ہماری ایک کتیا چھوٹی اور گدھی تھی تو نماز پڑھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی اور وہ دونون
اونکے سامنے تھین تو نہ زجر کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے اور کتیا اور کتے کا ایک حکم ہی یانی
اگر قید ہوند کر کی اور پھر سیاہ کی بھی ہووے تو البتہ کوئی حدیث اس تصریح سے نہین ملی واللہ اعلم وعلمہ اتم ص شخص
جنگل مین نماز پڑھتا ہی وہ مقام سجدہ مین دونون ابرو مین سے ایک ابرو کے برابر سترہ کھڑا کرے کہ طول اوسکا ایک گز کا ہووے اور ایک
انگل کا موٹا اور ستر ے کو رکھ دینا زمین پر یا بچھانے ستر ے کے زمین پر خط کھینچ لینا درست نہین ف اور ستر ے کی طرف قریب ہونا چاہیے
کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب نماز پڑھے کوئی تم مین سے تو قریب ہو ستر ے سے روایت کیا اوسکو حاکم نے اور روایت کیا
اوسکو ابوداود نے اور امر ہی کہ قطع کرے شیطان نماز اوسکی اور روایت کیا مسلم نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر تو کرے
سامنے اپنے مثل لکڑی پالان اونٹ کے تو نہ ضرر کریگا تجکو جو سامنے تیرے ہوگا اور اخراج کیا مسلم نے عایشہ سے کہ پوچھے گئے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک مین ستر ۂ مصلی سے سو کہا کہ مثل لکڑی پالان کے اور ہدایہ مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
کیا عاجز ہی کوئی تم مین کا اس سے کہ جب نماز پڑھے صحرا مین یہ کہ ہووے آگے اوسکے مثل پالان اونٹ کے اور یہ حدیث اس لفظ سے نہین ملی اور
گز سے مراد ایک ہاتھ ہی اور یہی گز ہی شرع مین اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب نماز پڑھے کوئی تم مین سے جنگل مین تو کرے سامنے
اپنے ایک ستر ا ایسا ہی ہدایہ مین اور کہا شیخ کمال الدین ابن الہمام نے کہ یہ حدیث غریب ہی نہین ملی لیکن روایت کیا ابن حبان اور
حاکم نے ابن عمر سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نماز پڑھے کوئی تم مین سے تو نماز پڑھے طرف ستر ے کے اور چھوڑے
اوسکو جو گذرے اوسکے سامنے ہو کے اور روایت کیا اوسکو احمد اور بزار نے اور زیادہ کیا ابن حبان نے کہ اگر وہ انکار کرے تو لڑے اوس سے
اور کرے ستر ے کو ایک دو نون ابرو دون کے سامنے واسطے کہ روایت کیا ابوداود نے ضباعہ بنت المقداد بن الاسود سے انھون نے اپنے باپ سے کہا کہ
نہین دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ نماز پڑھتے تھے طرف ستون یا لکڑی یا درخت کے مگر کرتے اوسکو مقابل داہنے ابرو یا بائین
ابرو کے اور نہین قصد کرتے تھے اوسکا قصد کرنے کے یعنی نماز مین اوسکی طرف نگاہ نہ رکھتے تھے تاکہ تشبیہ نہووے ساتھ بت پرستون کے
اور ولید بن کامل اوسکی اسناد مین ضعیف ہی اور ضباعہ مجہول ہی اور جواب اسکا یہ ہی کہ جہل قرن ثانی مین مقبول ہی اور دووے سکوت کیا اس حدیث سے ابوداود نے اور روایت کیا نسائی نے کہ جب نماز پڑھے کوئی تم مین سے طرف ستون کے تو نہ کرے اوسکو درمیان
آنکھون کے بلکہ کرے اوسکو بائین ابرو کے مقابل اور روایت کیا ابو علی بن سکن نے اپنی سنن مین بخ بخ سے مثل اسکے اور ضعیف کیا
اس حدیث کو احمد اور ابن حجر نے اور کہا فتح القدیر مین کہ دلیل ہی اوپر اضطراب کے ص اور اگر سترہ نہووے اور کوئی شخص گذرنا چاہے
یا ستر ہ اور آدمی کے بیچ مین گذرے تو اوسکو تسبیح یا اشارے سے منع کرے اور دونون سے منع کرنا درست نہین ف کیونکہ
اوپر گذرا کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دفع کرو جہان تک کہ قدرت ہو اور اشارے سے دفع کرے کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے اشارے سے دفع کیا ام سلمہ کے دونون لڑکون کو روایت کیا اوسکو ابن ماجہ نے اور ضعیف کیا اوسکو ابن القطان نے کہ محمد بن قیس
مجہول ہی اور نہین پہچانی جاتی ماں اوسکی لیکن مصنف ابن ابی شیبہ اور ابن ماجہ مین اوسکے باپ سے روایت ہی اور اوسکا مجہول ہونا

ثابت نہین ہوتا اور کمالی اور تہذیب مین ہی کہ اخراج کیا اوسکے واسطے مسلم نے اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب حادث ہو کوئی حادثہ تو تسبیح کہے روایت کیا اوسکو ملائی سے **ص** اور امام کا سترہ مقتدیون کو بھی کفایت کرتا ہی اور جو جائے کہ اس راہ مین کوئی نہ آویگا یا اوس جگہ سے راہ نہووے تو سترہ کا نہ گاڑنا درست ہی **ف** کیونکہ نماز پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بطحاء کہ مین اور اونکے سامنے ایک نیزہ تھا اور عورتین اور گدھے گذرتے تھے اوسکے اودھر اور تھا واسطے قوم کے سترہ اور روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے اور اخراج کیا ابو داؤد نے اسی باب مین اسناد صحیح سے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے

فصل مکروہات نمازمین

پہلے سدل کپڑے کا اور وہ یہ ہی کہ چادر کو سر پر کندھے پر ڈالے اور اوسکے کنارون کو چھوڑ دے اس طرح پر کہ لٹکے رہین اور قبا مین یہ کہ کندھون پر ڈالے اور دونون آستین کو ہاتھون مین نہ ڈالے اور دونون طرفون کو نہ ملاوے **ف** اسواسطے کہ منع کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سدل سے نماز مین اور اس سے کہ آدمی ڈھانپ لیوے مونہہ اپنا روایت کیا اوسکو ابو داود اور حاکم نے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے فقط کہ منع کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ ڈھانپے مونہہ اپنا نماز مین لیکن اسناد مین اسکی صحابی کا نام مذکور نہین بہرصورت ہمارے نزدیک حجت ہی اور حضرت عبداللہ بن عباس نے منع کیا ناک کو چھپانے سے روایت کیا یہ عکرمہ نے اور اسی طرح سعید بن المسیب اور ابراہیم نخعی اور عطاء مکروہ رکھتے تھے اوسکو اخراج کیا ان آثار کا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین **ص** دوسرے کپڑے کو سمیٹنا خاک اور غبار سے تیسرے کپڑے یا بدن سے کھیلنا **ف** کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ نے مکروہ رکھین واسطے تمہارے تین چیزین عبث یعنی بیفائدہ کام کرنا نماز مین اور رفث روزے مین اور سنسی قبرون مین روایت کیا اوسکو قضاعی نے طریق ابن المبارک سے انھون نے اسمٰعیل بن عیاش سے انھون نے عبداللہ بن دینار سے انھون نے یحیی بن ابی کثیر سے مرسل **ص** چوتھے سب بالون کا جمع کرنا یا بالون کو لپیٹ کے جڑ مین داخل کرنا **ف** کیونکہ روایت کیا عبدالرزاق نے انھون نے ثوری سے انھون نے معمول بن اسد سے انھون نے ایک شخص سے انھون نے ابو رافع سے کہا کہ منع کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے اوس شخص کو کہ باندھے ہو بالون کو سر پر اور اوسکو عربی مین عقص کہتے ہین اور روایت کیا اوسکو طبرانی نے اور اوس شخص کے بجائے نام سعید مقبری کا لیا اور کہا کہ انھون نے ابو رافع سے انھون نے ام سلمہ سے اور یہی حدیث روایت کی اور روایت کیا اوسکو احمد بن راہویہ نے سفیان سے اوسی سند اور متن سے اور یہی مضمون مروی ہی صحاح مین **ص** پانچوین انگلیون کو چٹخانا **ف** کیونکہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے اوسی سند اور متن سے اور یہی مضمون مروی ہی صحاح مین **ص** پانچوین انگلیون کو چٹخانا **ف** کیونکہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے حارث سے انھون نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چٹخاتو انگلیون کو اور تو نماز مین ہووے اور ضعیف ہی حارث مین بلکہ کہا شعبی نے کہ وہ کذاب ہی اور رافضی ہی **ص** پھیرنے گردن کے دیکھنا اور آنکھ کے گوشے سے بغیر گردن پھیرنے کے مکروہ نہین **ف** کہا صاحب ہدایہ نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر جانے مصلی کہ کس کو پکارتا ہی اور کس سے سرگوشی کرتا ہی البتہ نہ التفات کرے اور یہ حدیث اس لفظ سے نہین ملی لیکن روایت کیا بیہقی نے شعب الایمان مین کعب سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی کوئی مومن کہ نماز پڑھے کھڑے ہوکے مگر موکل کر دیتا ہی اللہ اوسپر ایک فرشتہ کہ پکارتا ہی اے بیٹے آدم کے اگر جانتا تو کہ کیا ہی نماز مین تیری اور کس سے سرگوشی کرتا ہی تو تو نہ التفات کرتا اور التفات کے معنی یہ ہین کہ ادھر ادھر دیکھنا اور روایت کیا حاکم نے اور صحیح کیا اوسکو ابو داؤد نے ابو ذر سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتا ہی اللہ متوجہ طرف

بندے کے اور وہ نماز مین ہوتا ہی پھر جب التفات کرتا ہی بندہ پھیر لیتا ہی اللہ مونہہ اپنا اوسسے اور روایت ہی انس سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو التفات سے نماز مین بواسطے کہ التفات ہلاک کرنے والا ہی تو اگر ضرور ہو تو نفل مین نہ فرض مین روایت کیا اوسکو ترمذی نے اور صحیح کیا اوسکو اور بے گردن پھیرے مکروہ نہین کیونکہ روایت کیا ترمذی اور نسائی اور ابن حبان اور حاکم نے اور صحیح کیا اوسکو عبداللہ بن عباس سے کہ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم التفات کرتے نماز مین داہنے بائین اور نہ پھیرتے تھے گردن اپنی کہا ترمذی نے کہ یہ غریب ہی اور کہا ابن القطان نے کہ یہ صحیح ہی اگرچہ ترمذی کے طریقے سے غریب ہی اور ظاہر ہوا اوسکا ایک طریقہ دوسرا مسند بزار مین **ص** ساتوین کنکریون کا ہٹانا مگر ایک بار سجدے کے **لیے ف** اسواسطے کہ یہ بھی ایک قسم عبث سے ہی مگر یہ کہ جب سجدہ کرنے کی جانہ ہووے تو اوسوقت ایکبار ہاتھ سے ہٹا دینا جائز ہی کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے ابوذر کے کہ ایکبار ای ابوذر ورنہ چھوڑ اوسکو اور یہ حدیث اس لفظ سے نہین ملی اور روایت کیا اوسکو عبدالرزاق نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے کہ پوچھا مینے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہر شی کو یہان تک کہ پوچھا مینے آپ سے کنکریون کے ہٹانے کو تو ارشاد کیا ایکبار خصت دیتا ہون مین اور اسی طرح روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے اور روایت کیا گیا موقوف کہا دارقطنی نے اور وہی صحیح ہی اور روایت ہی کتب ستہ مین کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مسح کر کنکریون کو اور تو نماز پڑھتا ہو اور اگر ضرورت پڑے تو ایکبار اور راوی اسکے معیقیب ہین **ص** آٹھوین کمر پر ہاتھ رکھنا **ف** کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا اسسے روایت کیا جماعت نے سوا ابن ماجہ کے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ نماز پڑھے آدمی کمر پر ہاتھ رکھے اور دوسری وجہ کراہت کی یہ ہی کہ مخالف ہی سنت مشہور کے اور وہ ہاتھون کا باندھنا ہی ناف کے نیچے **ص** نوین دونون ہاتھون کا کھینچنا اور سینے کو آگے کرنا واسطے سستی کے دسوین کتے کی طرح بیٹھنا اسطرح کہ دونون سرین پر بیٹھے اور دونون زانو کو کھڑا کرے گیارھوین سجدے مین دونون بازو کو بچھا دینا **ف** کیونکہ ہدایہ مین ہی کہ فرمایا حضرت ابوذر نے کہ منع کیا مجکو میرے دوست نے یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزون سے ایک یہ کہ چونچ ماروان مثل چونچ مارنے مرغ کے یعنی جلدی جلدی سجدے مین جاؤن اور پھر جلدی اوٹھ کھڑا ہون اور یہ کہ بیٹھون مثل بیٹھک کتے کے اور یہ کہ بچھاؤن مین بچھانا لومڑی کا اور یہ حدیث غریب ہی نہین ملی مجکو اور مسند احمد مین ہی ابوہریرہ سے کہ منع کیا مجکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزون سے اور ذکر کین دو ہی دو چیزین اول کی لیکن اخیر مین یہ بیان کیا کہ التفات سے مانند التفات لومڑی کے اور صحیح حدیث مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم منع کرتے تھے گھاٹی شیطان سے اور گھاٹی شیطان کی کتے کی طرح بیٹھنا ہی اور اس سے کہ بچھاوے آدمی دونون بازو اپنے مانند بچھانے درندون کے واللہ اعلم **ص** بارھوین چار زانو بیٹھنا **ف** اسواسطے کہ خلاف سنت ہی **ص** تیرھوین اکیلے امام کا کھڑا ہونا مسجد کی محراب مین یا دوکان پر امام کا کھڑا ہونا اور قوم کا نیچے یا قوم کا دوکان پر اور امام کا نیچے **ف** اسواسطے کہ وہ مشابہ ہی اہل کتاب کے کہ وہ امام کے واسطے ایک مکان اونچا بناتے ہین اور اوسمین امام کھڑا ہوتا ہی اور دوکان کی بلندی بعضون نے کہا ہی کہ بقدر قامت آدمی کے اور بعضون نے کہا ہی ایک ہاتھ اور اس سے کم مین کراہیت نہین اور بعضون نے کہا ہی کہ مسجد جب تنگ ہووے تو کچھ مضایقہ نہین کہ امام محراب مین کھڑا ہووے **ص** چودھوین کھڑا ہونا صف کے پیچھے جسمین جگہ باقی ہی **ف** اور اوپر بیان اسکا گذرا اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص نظر کرے

طرف فرجے کے یعنی صف مین جو جگہہ باقی ہی تو اوسکو بند کرے اور بعضی روایات مین ہی کہ نماز کا اعادہ لازم ہوگا اگر بیذر تنہا پیچھے صف کے پڑھیگا ص پندرھوین تصویر کا ہونا سر کے اوپر یا اوسکے آگے یا برابر اور اگر پیچھے یا نیچے قدم کے ہی تو مکروہ نہین ف کیونکہ حضرت جبرئیل نے کہا کہ ہم نہین داخل ہوتے اوس گھر مین جسمین کتا ہی یا تصویر ہی روایت کیا اوسکو مسلم نے عایشہ سے ایک حدیث طویل مین اور اوسکے معنی مین بہت حدیثین صحیح آئین ہین فرمایا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین داخل ہوتے ملایکہ اوس گھر مین جسمین کتا ہو یا تصویرین ہون ص سولھوین ننگے سر نماز پڑھنا سستی اور کاہلی کے سبب سے اور اگر واسطے عاجزی کے پڑھے تو مکروہ نہین سترھوین برے کپڑون مین جو گھر مین پہنے رہتا ہی اور لوگون کے پاس اون کپڑون سے نہین جاتا اون کپڑون سے نماز پڑھنا ف کیونکہ لوگون کی تو عزت کرتا ہی اور شرم کرتا ہی اونکے پاس برے کپڑے پہن کے جانے سے اور نماز کی کچھہ عزت و آبرو نہین حال انکہ اگر کسی امیر کے دربار مین جاتا ہی تو جو اوسکے عمدہ کپڑے ہوتے ہین اوسکو پہن کے جاتا ہی نہ کہ جب درگاہ احکم الحاکمین مین جاوے تو جو اچھے کپڑے ہون بعزت تمام اوس سے نماز پڑھے اور یہ جب ہی کہ اوسکے پاس اور کپڑے ہون ورنہ اگر کسی پاس اچھے کپڑے نہین تو اونھی کپڑون سے جو پہنے ہی نماز پڑھے ص اٹھارھوین خاک کے دور کرنے کیواسطے نماز مین پیشانی کا زمین پر ملنا اوگنیسوین آسمان پر نظر کرنا بتیسوین سجدہ بگڑی کے بیچ پر کرنا ف کیونکہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے عیاض بن عبداللہ قرشی سے کہ دیکھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سجدہ کرتا ہی اوپر بیچ عمامے کے سو اشارہ کیا ہاتھہ سے کہ اوٹھالے عمامے اپنے کو یعنی پیشانی پر سے اونچا کرلے کہ پیشانی کھل جاوے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے عبادہ بن صامت سے کہ وہ جب ارادہ کرتے تھے نماز کا اوتار لیتے تھے عمامہ سر سے اور اس باب مین مروی ہی حضرت علی اور ابن عمر اور جعد بن ہبیرہ سے ص اکیسوین آیتون کا گننا ف اسواسطے کہ یہ شغل ہی نماز مین ص بائیسوین کپڑا جسمین تصویر ہی اوسکا پہننا ف کیونکہ وہ مشابہ ہی بت کے اوٹھانے والے کے ساتھہ اور نماز جائز ہی ص اور مسجد کے اوپر دولی اور پیشاب اور پیخانہ مکروہ ہی (بقیہ صفحہ پر) ف بسبب عزت اور حرمت مسجد کے ص اور دروازہ مسجد کا بند کرنا بھی مکروہ ہی ف کیونکہ اسمین قلت جماعت ہوگی ص اور مسجد کا نقش کرنا ساتھہ گچ اور ساج یا سونے کے پانی کے مکروہ نہین اور کھڑا ہونا امام کا مسجد مین اور سجدہ کرنا محراب مین مکروہ نہین اور جو شخص کہ بیٹھا باتین کر رہا ہی اوسکے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ نہین ف کیونکہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے نافع سے کہ تھے ابن عمر جب نماز پڑھاتے تھے راہ طرف ستون وغیرہ کے کہتے تھے کہ میرے واسطے تیری پیٹھہ ہی اور مخالف ہی اوسکے جو روایت کیا بزار نے حضرت علی سے کہ دیکھا انھون نے ایک شخص کو کہ نماز پڑھتا تھا پیچھے ایک شخص کے سو حکم کیا اوسکو کہ اعادہ کرے نماز کا اور اسی طرح سوتے کے پیچھے بھی درست ہی کیونکہ صحیح ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اوپر گذرا کہ نماز پڑھتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیچھے حضرت عایشہ رض کے اور وہ سوتی تھین درمیان اونکے اور درمیان قبلے کے اور مخالف ہی اوسکے جو مروی ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے نہ نماز پڑھو پیچھے سوتے اور باتین کرنیوالے کے لیکن وہ ضعیف ہی اور بھی مروی ہی مسند بزار مین ابن عباس سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منع کیا گیا مین کہ نماز پڑھون مین طرف اون لوگون کے جو کھڑے ہین اور باتین کرتے ہین اور کہا بزار نے کہ نہین جانتا ہون مین اوسکو مگر ابن عباس سے اور جواب اوسکا یہ ہی کہ جب آواز اونکی شدت سے ہوا اور اوس سے خوف شغل کا ہو نماز مین واللہ اعلم ص اور جس فرش پر

کہ تصویر بنی ہین اگر اوسپر سجدہ نہین کرتا تو نماز پڑھنا اوسکا مکروہ نہین اور جو صورت اتنی چھوٹی ہو کہ دیکھائی نہین دیتی یا سر جانور کی
اور کسی چیز کی تصویر یا حیوان کی مگر اوسکا سر کٹا ہی تو مکروہ نہین اور مار ڈالنا بچھو اور سانپ کا بھی نماز مین مکروہ نہین ف
کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُقْتُلُوا الْاَسْوَدَیْنِ وَلَوْ کُنْتُمْ فِی الصَّلٰوۃِ یعنی قتل کرو بچھو اور سانپ کو اگرچہ تم نماز
مین ہو کہا ترمذی نے حدیث صحیح ہی اور اسمین اگر عمل کثیر بھی ہووے تو بھی نماز مین کچھ حرج نہین اور یہی صحیح ہی ص اور جس
گھر مین کہ مسجد ہی اوس گھر کی چھت پر پیشاب کرنا مکروہ نہین باسطے کہ وہ حکم مسجد کا نہین رکھتا کہ پیشاب اوسپر مکروہ ہووے

باب وتر اور نوافل کے بیان مین

وتر امام اعظم کے نزدیک واجب ہی اور نزدیک صاحبین اور امام شافعی کے سنت ہی ف اور دلیل اسکے وجوب کی یہ ہی
کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ نے زیادہ کیا تمھاری نمازون مین ایک نماز کو آگاہ ہو کہ وہ وتر ہی تو پڑھو اوسکو درمیان
عشا کے طلوع فجر تک ایسا ہی ہدایہ مین اور یہ حدیث مروی ہی عمرو بن ابی العاص اور عقبہ بن عامر اور ابن عباس اور ابن عمر اور
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہم سے اور حدیث عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ مین بھی مروی ہی اور خارجہ بن حذافہ اور ابو بصرہ
غفاری سے تو حدیث عمرو اور عقبہ کی روایت کیا اوسکو اسحق بن راہویہ نے مسند مین ثَنَا سُوَیْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ ثَنَا قُرَّۃُ
بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ حَبِیْبٍ عَنْ اَبِی الْخَیْرِ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْیَزَنِیِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَعُقْبَۃَ
بْنِ عَامِرٍ عَنْہُ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنَّ اللّٰہَ زَادَکُمْ صَلٰوۃً ھِیَ لَکُمْ خَیْرٌ مِّنْ حُمْرِ النَّعَمِ الْوِتْرُ وَھِیَ لَکُمْ فِیْمَا
بَیْنَ الْعِشَآءِ اِلٰی طُلُوْعِ الْفَجْرِ یعنی تحقیق کہ زیادہ کیا تمکو اللہ نے ایک نماز کہ وہ بہتر ہی واسطے تمھارے سرخ چارپایون
سے اور وہ وتر ہی درمیان عشا کے طلوع فجر تک اور ضعیف کیا یحیی بن معین نے قرہ کو اور لیکن حدیث ابن عباس کی سو روایت کیا
اوسکو دارقطنی اور طبرانی نے نضر ابو عمرو سے اوسنے عکرمہ سے اوسنے ابن عباس سے اور ضعیف کیا اوسکو دارقطنی نے بسبب نضر کے
اور لیکن حدیث ابن عمر کی سو اخراج کیا اوسکا دارقطنی نے غرائب مالک مین اور ضعیف کیا اوسکو ساتھ حمید بن ابی الجون کے
اور الفاظ اوسکے یہ ہین اِنَّ اللّٰہَ زَادَکُمْ صَلٰوۃً وَھِیَ الْوِتْرُ اور لیکن حدیث ابو سعید خدری کی روایت کیا اوسکو طبرانی نے
اور الفاظ اوسکے وہی ہین جو حدیث ابن عباس کے ہین جسکو روایت کیا طبرانی نے اور لیکن حدیث عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کی اخراج کیا
اوسکا دارقطنی نے اور اوسمین یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ہمکو سو جمع ہوئے ہم سو بیان کی حضرت نے تعریف اللہ کی اور ثنا
اوسکی پھر کہا کہ تحقیق اللہ نے زیادہ کیا تمھارے واسطے ایک نماز کو اور حکم کیا ہمکو وتر کا اور ضعیف کیا اوسکو ساتھ محمد بن عبید اللہ عزرمی کے
اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ
اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ زَادَکُمْ صَلٰوۃً اِلٰی صَلَاتِکُمْ وَھِیَ
الْوِتْرُ یعنی اللہ نے زیادہ کیا واسطے تمھارے ایک نماز کو اور وہ وتر ہی اور اسناد اسکا صحیح ہی لیکن حجاج مین کچھ کلام ہی پر حال
درجہ حسن سے کم نہین اور حدیث ابو بصرہ کی روایت کیا اوسکو حاکم نے ابن لہیعہ سے انھون نے عمرو بن العاص سے کہا کہ سنا
مینے ابو نضرہ غفاری سے کہ کہتے تھے سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے تحقیق کہ زیادہ کی اللہ نے تمکو ایک نماز
اور وہ وتر ہی تو پڑھو اوسکو درمیان عشا کے نماز صبح تک اور سکوت کیا اوسسے حاکم نے لیکن ابن لہیعہ ضعیف ہی کہا شیخ ابن الہمام نے

فائدہ حمید بن ابی الجون
فائدہ محمد بن عبید اللہ عزرمی
فائدہ حجاج
فائدہ ابن لہیعہ

وَاُعِلَّ بِابْنِ لَهِيعَةَ یعنی ضعیف کی گئی یہ حدیث ساتھ ابن لہیعہ کے اور لیکن حدیث خارجہ کی روایت کیا اوسکو حاکم اور ابو داود اور ترمذی نے اور ابن ماجہ نے کہ نکلے ہمارے اوپر رسول اللہ صلعم سو کہا تحقیق کہ اللہ نے مدد کی تمھارے ساتھ ایک نماز کی وہ بہتر ہی واسطے تمھارے سُرخ چارپایون سے اور وہ وتر ہی تو کیا اوسکو درمیان عشا کے طلوع فجر تک کہا حاکم نے صحیح ہی اور نہین اخراج کیا اوسکا شیخین نے بسبب متفرد ہونے تابعی کے صحابی سے اور وہ جو کہا ہی ترمذی نے کہ یہ غریب ہی اوسکی صحت کے منافی نہین کیونکہ ترمذی کبھی کہتا ہی حسن صحیح غریب اور وہ جو ابن الجوزی نے ضعیف کیا اس حدیث کو بسبب ضعف ابن اسحق اور عبداللہ بن راشد کے اور نقل کی تضعیف عبداللہ کی دارقطنی سے صحیح نہین کیونکہ ابن اسحق ثقہ ہی نہین شبہہ ہی اوسکے ثقہ ہونے مین اور نہ نزدیک محققین کے محدثین سے اور اگر بتسلیم بھی کیا جاوے تو متابع ہی اوسکے لیث بن سعد یزید بن حبیب سے اور لیکن جو نقل کی تضعیف عبداللہ بن راشد کی دارقطنی سے تو غلطی کی اوسمین کیونکہ دارقطنی نے عبداللہ بن راشد بصری مولی عثمان بن عفان راوی کو ابو سعید خدری سے ضعیف کیا ہی اور لیکن عبداللہ راوی اس حدیث کا یعنی حدیث خارجہ کا اور وہ عبداللہ رومی ہی ابو الغصاک مصری ذکر کیا اوسکو ابن حبان نے ثقات مین اور رستا بعت لیث کی اور تصریح اس بات کی کہ یہ عبداللہ رومی ہی دونون باتین اسناد نسائی مین ہیچ حدیث مذکور کے کتاب الکنی مین موجود ہی تو ثابت ہوگئی صحت اس حدیث کی اور اگر یہ بھی مان لین تو بھی حدیث ضعیف جب اتنے طریقون سے مروی ہی تو وہ خواہ مخواہ حسن ہو جاویگی بلکہ بعض طرق خود حسن ہین مثل طریقہ اسحق بن راہویہ کے اور قرہ راوی کو اگرچہ ضعیف کیا احمد نے اور کہا کہ منکر الحدیث ہی لیکن کہا ابن عدی نے نہین دیکھی مینے اوسکی کوئی حدیث منکر اور مین جانتا ہون کہ کچھ حرج نہین ساتھ اوسکے اور ذکر کیا اوسکو ابن حبان نے ثقات مین اور یہ قول حضرت کا زادکم دلالت کرتا ہی کہ ان پانچ نمازون سے ملحق ہی وتر بھی اور ثابت ہوتا ہی اس سے وجوب اسکا جیسا کہ نہین پوشیدہ ہی عاقل پر اگر کوئی کہے کہ اس سے فرضیت ثابت ہوتی ہی جیسے کہ فرضیت ہی پانچون نمازون کی تو جواب اوسکا یہ ہی کہ دلیل ظنی ہی اور فرضیت دلیل قطعی سے ثابت ہوتی ہی لیکن ایک اشکال اس مقام پر ہی وہ یہ کہ روایت کیا حاکم اور بیہقی نے بسند صحیح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ زیادہ کیا اللہ نے ایک نماز کو طرف نمازون تمھاری کے اور وہ بہتر ہی واسطے تمھارے سرخ چارپایون سے آگاہ ہو کہ وہ دو رکعتین ہین قبل نماز فجر کے یعنی سنتین فجر کی تو اگر یہ لفظ زادکم موجب وجوب کو ہی تو بر تقدیر اوسکے لازم آتا ہی کہ سنتین فجر کی بھی واجب ہو جاوین اور حال انکہ وہ بالاتفاق سنت ہین تو اس صورت مین اولی یہ ہی کہ استدلال کرین ساتھ اوس حدیث کے جو سنن ابو داود مین ہی ابو المنیب سے اور نام اوسکا عبید اللہ بن عبداللہ عتکی ہی انھون نے عبداللہ بن بریدہ سے انھون نے اپنے باپ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر حق ہی جو وتر نہ پڑھے وہ ہم مین سے نہین وتر حق ہی اور جو وتر نہ پڑھے تو وہ ہم مین سے نہین اور روایت کیا اوسکو حاکم نے اور صحیح کیا اوسکو اور کہا ابو المنیب ثقہ ہی اور توثیق کی اوسکی ابن معین نے اور کہا ابن ابی حاتم نے سنا مینے باپ اپنے سے کہتے تھے کہ وہ صالح الحدیث ہی اور انکار کیا گیا ہی بخاری پر اس وجہ سے کہ اوسنے داخل کیا اوسکو ضعفا مین اور کلام کیا اوسمین نسائی اور ابن حبان نے اور کہا ابن عدی نے کچھ حرج نہین ساتھ اوسکے تو حدیث حسن ہوگئی اور روایت کیا بزار نے اسود سے انھون نے عبداللہ سے کہ فرمایا حضرت نے اَلْوِتْرُ وَاجِبٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ یعنی وتر واجب ہی ہر مسلمان پر اور کہا کہ نہین جانتے ہم کہ روایت کیجاتی ہو یہ حدیث ابن مسعود رض سے مگر اسی وجہ سے اور اس جگہ ایک اشکال ہی اور وہ یہ کہ روایت کیا بخاری مسلم نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے تھے اونٹ پر اور اس سے نفلیت وتر کی معلوم ہوتی ہی اور حضرت معاذ کو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف

ابن اسحق

عبداللہ رومی عبداللہ بصری

قرہ

ابو المنیب

رخصت کیا تو کہا کہ کہہ تو اونسے تحقیق کہ اللہ نے فرض کیا اوپر تمہارے پانچ نمازین دن رات مین اور یہ وفات سے تھوڑے دن پہلے آپ نے کہا تھا اور روایت کیا ابن حبان نے تحقیق کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اونکے ساتھ رمضان مین تو پڑھین آٹھ رکعتین اور وتر پڑھا پھر انتظار کیا صحابہ نے آپ کا دوسری رات اور آپ نہ نکلے نماز کو واسطے تو پوچھا اونسے صحابہ نے پھر فرمایا آپ نے خوف کیا مینے کہ نہ فرض ہوجاوے تمپر وتر اور اس حدیث سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تراویح آٹھ رکعتین پڑھی ہین اور بھی مروی ہی سنن مین ہوا ترمذی کے کہ فرمایا حضرت نے وتر واجب ہی حق ہی اور ہر مسلمان کے سو جو شخص چاہے وتر پڑھے ساتھ پانچ رکعتون کے اور چاہے ساتھ تین رکعتون کے اور چاہے ساتھ ایک رکعت کے اور اس سے ثابت ہوتا ہی کہ وتر واجب نہین اور روایت کیا اوسکو ابن حبان نے اور حاکم نے اور کہا کہ صحیح ہی اور پر شرط بخاری مسلم کے اور جواب اول سے یہ ہی کہ یہ ایک واقعہ ہی کہ اوس سے عموم نہین ثابت ہوتا تو جائز ہی کہ یہ بسبب عذر کے ہووے اور اس بات پر اتفاق ہی کہ فرض چار پانچ پر بسبب عذر کے بیٹھ کر وغیرہ کے پڑھنا جائز ہی یا یہ کہ یہ واقعہ قبل وجوب وتر کے ہوگا کیونکہ وجوب وتر کا ساتھ وجوب پانچون نمازون کے نہین ہی بلکہ متاخر ہی اوسسے کہ مروی ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ وہ اوترتے تھے سواری پر سے واسطے وتر کے اور روایت کیا طحاوی نے نافع سے انھون نے ابن عمر سے تحقیق کہ وہ نماز پڑھتے سواری پر اور وتر پڑھتے تھے زمین پر اور جانتے تھے کہ نہی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے معتمر سے اونھون نے عبید سے انھون نے بکر سے کہ ابن عمر جب ارادہ رکھتے تھے وتر پڑھنے کا اوترتے تھے اور وتر پڑھتے تھے زمین پر اور کہا ابن عون نے کہ پوچھا مینے قاسم سے کہ جو شخص وتر پڑھے سواری پر کیا حکم ہی اوسکا سو کہا کہ جانتا ان سب لوگون نے کہ حضرت عمر وتر پڑھتے تھے زمین پر اور کہا ابراہیم نخعی نے کہ صحابہ نماز پڑھتے تھے اپنی سواریون اور جانورون پر جس طرف ہوتا تھا مونہہ اونکا مگر فرض اور وتر کو کہ وہ پڑھتے تھے اون دونون کو زمین پر اخراج کیا ان دو روایتون کو ابن ابی شیبہ نے مصنف مین تو معلوم ہوا کہ سواری پر وتر پڑھنا آپ کا یا تو قبل وجوب کے ہی یا بعد نسخ کے اور معاذ کی روایت سے جواب یہ ہی کہ جائز ہی کہ وجوب وتر کا بعد سفر کے ہووے اور دوسرے یہ کہ مراد حضرت کی اون نمازون سے وہ نمازین ہین جنکا ایک ایک وقت خاص علیحدہ مقرر ہی مثل پانچون نمازون کے بخلاف وتر کے کہ وہ تابع ہی عشا کے اور وقت اوسکا وقت عشا کا ہی جیسا کہ عاقل پر پوشیدہ نہ ہیگا اور تیسری روایت سے جواب ہی کہ یہ حکم قبل وجوب وتر کے ہوگا اور دوسرے یہ کہ مراد وتر سے اوس جگہ ساری رکعتین تراویح کی مع وتر مراد ہین کیونکہ آٹھ رکعتین تراویح کی اور تین وتر کی ملا کے گیارہ وتر ہین یعنی طاق ہین جفت نہین اور دلیل اوسپر یہ ہی کہ تصریح ہی روایت پچھلی مین اس حدیث کے کہ فرمایا آپ نے خَشِيتُ اَنْ يُّكْتَبَ عَلَيْكُمْ صَلٰوةُ اللَّيْلِ یعنی خوف ہی مجکو کہ فرض ہوجاوے تمپر نماز رات کی تو اب معلوم ہوا کہ واجب کے لفظ سے حدیث مین وجوب لغوی بمعنی ضرورت کے مراد نہین بلکہ وجوب شرعی ہی اور اسی واسطے آپ نے یہ کلمہ ارشاد فرمایا بطور تاکید کے فَمَنْ لَّمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا یعنی جو وتر نہ پڑھے وہ ہم مین سے نہین اور وتر پر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین نے مواظبت کی ہی وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ **ص** اور وتر کی تین رکعتین ہین ایک سلام سے اور امام شافعی کے نزدیک دو سلام کرکے **ف** دلیل ہماری یہ ہی کہ روایت کیا حضرت عائشہ رضہ نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے تھے تین رکعتین نہین سلام پھیرتے تھے مگر آخر مین روایت کیا اسکو حاکم نے اور کہا صحیح ہی اور پر شرط بخاری مسلم کے اور اسی طرح روایت کیا نسائی نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہین سلام پھیرتے تھے بیچ دونون رکعتون وتر کے اور روایت کیا حاکم نے حسن سے کہ ابن عمر تھے سلام پھیرتے دو رکعتون کے بعد وتر مین

سو کہا حسن نے کہ عمر زیادہ فقیہ تھے اوسنسے اور وہ کھڑے ہو جاتے تھے دوسری رکعت سے ساتھ تکبیر کے اور سکوت کیا اوس سے اور روایت کیا طحاوی نے ابن عباس سے کہ کہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے ساتھ تین رکعتوں کے پڑھتے تھے اول رکعت مین سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى آخر حدیث تک موافق اوس حدیث کے جو روایت کیا حضرت عایشہ رضہ سے اصحاب سنن اربعہ نے اور ابن حبان نے اور حاکم نے مستدرک مین اور روایت کیا حدیث ابن عباس کو باسناد صحیح طبرانی نے معجم صغیر مین مثل حدیث طحاوی کے اور کہا لم یروہ عن سفیان الا قتادۃ یعنی نہین روایت کیا اوسکو سفیان سے مگر قتادہ نے اور روایت کیا طبرانی نے اوسی معجم صغیر مین حدثنا محمد بن یزید بن عبد الصمد الدمشقی ثنا ھشام بن عمار حدثنا محمد بن شعیب بن شابور قال کان معظم بن المقدام یحدث عن سعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ عن زرارۃ بن اوفی عن سعد بن ھشام عن عایشۃ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا یسلم فی رکعتی الوتر یعنی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہین سلام پھیرتے بعد دو رکعتون کے وتر سے اور کہا لم یرو ھذا الحدیث عن المعظم الا محمد بن شعیب تفرد بہ ھشام یعنی نہین روایت کیا اوسکو معظم سے مگر محمد بن شعیب نے متفرد ہوا اوسکے ساتھ ہشام اور روایت کیا اسی حدیث کو ابن ابی شیبہ نے اسی اسناد سے اور روایت کیا اوسنے ابو سلمہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے تھے تین رکعتین آخر رات مین اور روایت کیا ابن عبد البر نے عثمان بن محمد بن ربیعہ بن عبد الرحمن سے حدثنا عبد العزیز الدراوردی عن عمرو بن یحیی عن ابیہ عن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی عن البتیراء ان یصلی الرجل واحدۃ یوتر بھا یعنی منع کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رکعت وتر پڑھنے سے اور اوسکو ناقص فرمایا اور ذکر کیا اس حدیث کو ابن عبد الحق محدث نے احکام مین ایسا ہی ہے برہان مین اور اکثر صحابہ اور تابعین اسی پر ہین کہ وتر کی تین رکعتین ہین روایت کیا طحاوی نے ثنا ابو بکرۃ ثنا ابو داود ثنا ابو خالد قال سالت ابا العالیۃ عن الوتر فقال علمنا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الوتر مثل صلوۃ المغرب ھذا وتر اللیل وھذا وتر النھار یعنی کہا ابو خالد نے کہ پوچھا مینے ابو العالیہ سے وتر سے کہا سکھایا ہمکو اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وتر مثل نماز مغرب کے ہی یہ وتر دن کا ہی اور وہ وتر رات کا ہی اور روایت کیا اسے طحاوی نے ثابت ہے کہ نماز پڑھی ساتھ ہمارے انس رضہ نے وتر کی سو مین اونکی داہنی طرف تھا اور ام ولد اونکی پیچھے ہمارے تھی تین رکعتین سلام پھیرا اگرچہ اونکے آخر مین اور اسی طرح صحیح ہوا ابن مسعود رضہ سے وتر اللیل ثلث کوتر النھار یعنی وتر رات کے تین ہین مانند وتر دن کے اور بعضون نے اس حدیث کو مرفوع کیا ہی اور ضعیف ہی رفع اوسکا کیونکہ نہ رفع کیا ہی اوسکو اعمش سے اوسنے عبد اللہ سے انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مگر یحیی بن ابی المواجب نے اور وہ ضعیف ہی اور روایت کیا ابو حنیفہ رح نے مسند مین حضرت عایشہ رضہ سے کہ تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے ساتھ تین رکعتون کے پڑھتے تھے اول رکعت مین سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى اور دوسری مین قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ اور تیسری مین قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے ابن عباس سے مانند اسکے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے عبد الرحمن بن زہری سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے تھے ساتھ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى اور قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ اور قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ اور کہتے تھے بیچ آخر نماز کے جب بیٹھتے تھے سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ تین بار اور آخر بار مین پکار کے کہتے تھے اور حسن بصری نے کہا

شعبی بن ابی المواجب

اجماع کیا مسلمانوں نے کہ وتر تین رکعت ہیں کہا ابن ابی شیبہ نے **حَدَّثَنَا** حفص **حَدَّثَنَا** عمر وعن الحسن قال اجتمع المسلمون علی ان الوتر ثلث لا یسلم الا فی اخرھن یعنی اجماع کیا مسلمانوں نے کہ وتر تین رکعتیں ہیں نہ سلام پھیرے مگر انکے آخر میں اور روایت کیا طحاوی نے عبدالرحمن بن ابی زیاد سے انھوں نے اپنے باپ سے انھوں نے سات فقیہوں سے کہ سب تابعی ہیں سعید بن المسیب اور عروہ اور قاسم بن محمد اور ابوبکر بن عبدالرحمن اور خارجہ بن زید اور عبیداللہ بن عبداللہ اور سلیمان بن یسار کہا سب نے کہ وتر تین رکعتیں ہیں نہ سلام پھیرے مگر اخیر رکعت کے بعد اور امام شافعی کے نزدیک چاہے ایک رکعت پڑھے چاہے تین چاہے پانچ اور دلیل اونکی وہ حدیث ہی جو اوپر گذری اور فرمایا حضرت نے الوتر رکعۃ واحدۃ من اخر اللیل یعنی وتر ایک رکعت ہی آخر رات میں اور یہ حدیث صحیح بخاری میں ہی غرض حاصل سب باتوں کا یہ ہی کہ حدیثیں دونوں طرف موجود ہیں لیکن مذہب اصح یہی ہی کہ تین سے کم بھی نہ پڑھے اور نہ زیادہ کرے کیونکہ تین رکعت کا ثبوت بنماز مغرب بھی ہو سکتا ہی اور پانچ اور سات وغیرہ کا نظیر موجود نہیں اور اسی طرح ایک رکعت پڑھنے سے نہی وارد ہوئی تو مقتضائے احتیاط یہی ہی کہ تین رکعت پڑھے کہ سب کے نزدیک درست ہووے واللہ اعلم بالصواب **ص** ہمیشہ تیسری رکعت وتر میں قبل رکوع کے دونوں ہاتھ اوٹھا کے تکبیر کہکے دعائے قنوت پڑھا کرے اور امام شافعی کے نزدیک پندرھوں رمضان سے آخر مہینے تک قنوت پڑھے اور پھر کبھی تر میں نہ پڑھے **ف** جانا چاہیے کہ اس جگہہ پر تین خلاف ہیں اول تو یہ کہ جب قنوت پڑھے وتر میں تو قنوت پڑھے قبل رکوع کے یا بعد رکوع کے دوسرے یہ کہ قنوت وتر میں تمام سال پڑھا کرے یا فقط نصف آخر رمضان میں اور تیسرے یہ کہ سوا وتر میں اور جگہہ بھی قنوت پڑھے یا نہ پڑھے تو ہمارا مذہب یہ ہی کہ **ص** سوا وتر کے اور کسی نماز میں دعائے قنوت پڑھنا درست نہیں اور امام شافعی کے نزدیک فجر کی اخیر رکعت میں بعد رکوع کے بھی قنوت پڑھا کرے **ف** تو اول مسئلے میں امام شافعی کی دلیل یہ ہی جو روایت کیا دارقطنی نے سوید بن غفلہ سے کہا کہ سنا میں نے ابوبکر اور عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ عنہم سے کہ کہتے تھے پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قنوت آخر وتر میں اور آخر وتر کا بعد رکوع کے ہی لیکن جواب اسکا یہ ہی کہ آخر شی کا جب ہوتا ہی کہ نصف سے بڑھ جاوے اور اس صورت میں قبل رکوع بھی قنوت پڑھنا آخر نماز میں ہی اور ایک حدیث صریح اونکی دلیل ہی وہ یہ ہی کہ روایت کیا حاکم نے حسن بن علی سے اور صحیح کیا اوسکو کہا کہ سکھائے مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ کلمات کہ کہتا ہوں میں اونکو وتر میں جب اوٹھاتا ہوں سر اپنا اللھم اھدنی فیمن ھدیت آخر تک اور بیان اسکا قنوت میں آویگا اور دلیل ہماری یہ ہی جو روایت کیا نسائی اور ابن ماجہ اور ابوداود اور غیرہم نے ابی بن کعب سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر میں پڑھتے تھے قنوت قبل رکوع کے اور ایک لفظ میں نسائی کے یہ ہی کہ تھے وتر پڑھتے ساتھ تین رکعت کے اول میں سبح اسم ربک الاعلیٰ اور دوسری میں قل یا ایھا الکافرون اور تیسری میں قل ھو اللہ احد پڑھتے تھے اور ضعیف کیا اس حدیث کو ابوداود نے بسبب اضطراب کے اور صحیح یہ ہی کہ زیادت ثقہ کی اگر یہ متفرد ہو مقبول ہی اور اگر تسلیم کریں تو روایت کیا خطیب نے کتاب القنوت میں باسناد صحیح عبداللہ بن مسعود سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قنوت پڑھی وتر میں قبل رکوع کے اور ذکر کیا اوسکو ابن الجوزی نے تحقیق میں اور سکوت کیا اوس سے اور بھی روایت کیا ابن ابی شیبہ نے **حَدَّثَنَا** وکیع **حَدَّثَنَا** سفیان عن ابان بن ابی عیاش عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبداللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قنت قبل الرکوع

فی الوتر یعنی قنوت پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبل رکوع کے وتر میں لیکن اسنادا سکا ضعیف ہے بسبب ابان ابن ابی عیاش
کے اور روایت کیا ابو نعیم نے حلیے میں عطار بن مسلم سے انھوں نے عطار بن سیب سے انھوں نے حبیب بن ابی ثابت سے انھوں نے
ابن عباس سے کہا کہ وتر پڑھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ تین رکعتوں کے سو قنوت پڑھی اوسمیں قبل رکوع کے اور اخراج کیا طبرانی نے
اوسطمیں محمود بن محمد مروزی سے ثنا سُهَيْلُ بْنُ عَبَّاسٍ الْتِّرْمِذِيُّ ثنا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ عَنْ
كَامِلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ بِثَلٰثِ رَكَعَاتٍ وَيَجْعَلُ الْقُنُوتَ
قَبْلَ الرُّكُوعِ کہا ابن عمر نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھتے تھے ساتھ تین رکعتوں کے اور کرتے تھے قنوت کو قبل رکوع کے
اور قول ابو نعیم کا غریب ہے حدیث حبیب سے اور علاء تفرد کیا اوس سے عطار بن مسلم نے اور قول طبرانی کا کہ نہیں روایت کیا اوسکو عبید اللہ
سے مگر سعید بن سالم نے کچھ موجب بعد کو نہیں کیونکہ اوپر بیان کیا ہمنے کہ زیادتی ثقہ کی مقبول ہے باوجود اس بات کے کہ انفراد سفیان ثوری کا
زبید سے روایت نسائی میں اور تفرد علاء کا علاء سے اور تفرد سعید کا عبید اللہ سے ساتھ ہونے حدیث ابن مسعود کے بروایت ابن ابی شیبہ
اور خطیب کے حجت قاطع ہے کیونکہ اب انفراد نہوا بلکہ کثرت ہوگئی اور خصوصا جبکہ ہر طریقہ حسن یا صحیح ہووے اور وہ جو حدیث امین ہے
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قنوت پڑھی بعد رکوع کے تو مراد اوس سے یہی ہے کہ ایک مہینہ پڑھی تھی اور پھر ترک کی بدلیل اوسکے
جو روایت کیا عاصم احول نے کہ پوچھا میں نے انس رضی اللہ عنہ سے قنوت کو نماز میں تو کہا کہ ہاں پھر کہا میں نے کہ قبل رکوع کے یا بعد رکوع کے
کہا قبل رکوع کے کہا میں نے کہ فلانے شخص نے خبر دی مجکو تمسے کہ بعد رکوع کے کہا وہ جھوٹھ ہی نہیں قنوت پڑھی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے بعد رکوع کے مگر ایک مہینے کہا شیخ ابن الہمام نے وَعَاصِمٌ كَانَ ثِقَةً جِدًّا اور عاصم تھا ثقہ نہایت درجے کا اور
عمل صحابہ کا اسی پر ہی روایت کیا ابن ابی شیبہ نے کہ ابن مسعود اور اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قنوت پڑھتے تھے قبل
رکوع کے اور دوسرے مسئلے میں امام شافعی کی دلیل یہ ہے وہ جو روایت کیا ابو داود نے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے جمع کیا آدمیوں کو اوپر ابی بن کعب کے
تو وہ نماز پڑھتے تھے ساتھ اونکے بیس راتیں مہینے سے یعنی رمضان سے اور نہیں قنوت پڑھتے تھے ساتھ اونکے مگر نصف اخیر میں
رمضان سے تو جب عشرۂ اخیر آتا تھا جماعت نہیں کرتے تھے اور پڑھتے تھے اپنے گھر میں اور اس تین کے لیے ایک طریقہ دوسرا بھی
ضعیف کیا اوسکو نووی نے خلاصے میں اور وہ جو روایت کیا ابن عدی نے انس رضی اللہ عنہ سے کہ تھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قنوت پڑھتے
نصف رمضان میں ضعیف ہی ساتھ ابو عاتکہ کے اور ضعیف کیا اوسکو بیہقی نے اور دلیل ہماری وہ ہی جو ہدایے میں ہے کہ فرمایا
حضرت حسن نے جب سکھائی اونکو دعا قنوت کی کہ اسکو اپنے وتر میں اور یہ روایت غریب ہی نہیں ملی اور مشہور وہ ہی جو مروی ہے
سنن اربعہ میں یزید بن ابی مریم سے انھوں نے ابی الجوزاء سے انھوں نے حسن بن علی سے کہا سکھائے مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے کلمات وتر میں یا قنوت وتر میں اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِي فِيمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ
تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِي فِيمَا اَعْطَيْتَ وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ اِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ وَاللّٰهُ لَا يَذِلُّ
مَنْ وَالَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ کہا ترمذی نے اسناد اوسکا صحیح ہی حسن ہی اور روایت کیا اوسکو حاکم نے
اور کہا اوسمیں کہ جب اوٹھا تا میں ہمارا اور نہ باقی رہتا تھا مگر سجدہ اور اخراج کیا اربعہ نے اور حسن کہا اوسکو ترمذی رح نے
حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ وہ کہتے تھے آخر وتر میں اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ

مِنْ عُقُوبَتِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ لیکن وجوب قنوت
ثابت نہین ہوتا مگر جب کہ وہ حدیث ثابت ہو جاوے کہ اِجْعَلْ هٰذَا فِي وِتْرِكَ یعنی کر اسکو وتر مین کیونکہ صیغہ امر کا واسطے وجوب
کے ہی اور ایک طریقہ اسکے وجوب کا اور طرح ثابت ہو سکتا ہی وہ یہ کہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے ابراہیم نخعی سے کہ کہا
انھون نے لَا وِتْرَ إِلَّا بِقُنُوتٍ یعنی نہین وتر ہی مگر ساتھہ قنوت کے اور وتر واجب ہی تو قنوت بھی واجب ہی اور مشہور قنوت مین
یہ دعا ہی جو روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے بسند صحیح عبد الرحمن سے کہ سکھایا ہمکو ابن مسعود نے پڑھنا قنوت کا اَللّٰهُمَّ
إِنَّا نَسْتَعِينُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنُثْنِي عَلَيْكَ الْخَيْرَ نَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ
وَنَتْرُكُ مَنْ يَفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّي وَنَسْجُدُ وَإِلَيْكَ نَسْعَى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُو رَحْمَتَكَ
وَنَخْشَى عَذَابَكَ إِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ اور رفع یدین بھی وقت قنوت کے حدیث ابن عباس سے
جو اوپر گذری ثابت ہوتا ہی اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے بسند صحیح عبد اللہ سے کہ وہ اوٹھاتے تھے ہاتھہ اپنے وقت قنوت
وتر مین اور اس دعاے قنوت کو روایت کیا ابو داود نے مراسیل مین خالد بن ابی عمران سے اور الفاظ اوسکے یہ ہین اَللّٰهُمَّ
إِنَّا نَسْتَعِينُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَخْضَعُ لَكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَكْفُرُكَ يَا مَنْ يَفْجُرُكَ كہا
اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّي وَنَسْجُدُ وَإِلَيْكَ نَسْعَى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُو رَحْمَتَكَ وَنَخْشَى عَذَابَكَ إِنَّ
عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ اور کہا احمد بن عمران فقیہ نے حَدَّثَنِي فَرَجٌ مَوْلَى أَبِي يُوسُفَ قَالَ رَأَيْتُ
مَوْلَايَ أَبَا يُوسُفَ إِذَا دَخَلَ فِي الْقُنُوتِ لِلْوِتْرِ رَفَعَ يَدَيْهِ فِي الدُّعَاءِ یعنی جب جاتے امام ابی یوسف قنوت
وتر مین اوٹھاتے ہاتھہ اپنے دعا مین کہا ابن ابی عمران نے کان فرج ثقة تھا فرج ثقہ اور جسکو قنوت یاد نہو وہ بجاے قنوت کے
رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ پڑھے اور تیسرے مسلے مین دلیل الشافعی کی
حدیث ابو جعفر رازی کی ہی اس سے کہ ہمیشہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے قنوت صبح مین یہان تک کہ مفارقت کی دنیا کی
روایت کیا اوسکو دار قطنی وغیرہ نے اور بخاری مین ہی ابو ہریرہ سے کہ کہا انھون نے مین قریب ترہون ساتھہ نماز رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے سو تھے ابو ہریرہ قنوت پڑھتے اخیر رکعت مین نماز صبح سے بعد کہنے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ کے تو دعا کرتے تھے واسطے
مومنون کے اور لعنت کرتے تھے کافرون کو اور حدیث ابن ابی خدیک کی عبد اللہ بن سعید مقبری سے انھون نے اپنے باپ سے انھون نے ابو ہریرہ سے
انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تھے جب سر اوٹھاتے آپ نماز صبح مین رکوع سے ہاتھہ اوٹھاتے اور دعا کرتے ساتھہ
اس دعا کے اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي آخر تک اور عبد اللہ بن سعید مقبری ضعیف ہی نہایت درجے کا کہا ترمذی نے وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ
الْمَقْبُرِيُّ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيثِ یعنی عبد اللہ بیٹا سعید مقبری کا ضعیف کیا جاتا ہی حدیث مین کہا شیخ ابن الہمام نے
فتح القدیر مین وَالْجَوَابُ أَوَّلًا أَنَّ حَدِيثَ ابْنِ أَبِي فُدَيْكٍ الَّذِي هُوَ النَّصُّ فِي مَطْلُوبِهِمْ ضَعِيفٌ یعنی
پہلے جواب یہ ہی کہ حدیث ابن ابی فدیک کی کہ وہ نص ہی اونکے مطلوب مین ضعیف ہی فَإِنَّهُ لَا يُحْتَجُّ لِعَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا کیونکہ
نہین حجت پکڑی جاویگی ساتھہ اس عبد اللہ کے اور باقی کی حدیثین منسوخ ہین ساتھہ اوسکے جو روایت کیا بزار اور ابن شیبہ اور
طبرانی اور طحاوی سب نے حدیث شریک قاضی سے انھون نے ابو حمزہ قصاب سے انھون نے ابراہیم سے انھون نے علقمہ سے انھون نے

۴ حدیث ابن ابی فدیک کی کہ وہ نص ہی اونکے مطلوب مین ضعیف ہی

عبد اللہ بن سعید مقبری

عبداللہ سے کہا کہ نہیں قنوت پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح میں مگر ایک مہینے پھر ترک کیا اوسکو نہ پڑھا اوسکو قبل اوسکے اور نہ بعد اوسکے اور ضعیف کیا اوسکو ساتھ قصاب کے ترک کیا اوسکو احمد بن حنبل نے اور ابن معین نے اور ضعیف کیا اوسکو عمر بن علی فلاس اور ابو حاتم نے اور حاصل اونکی تضعیف کا یہ ہی کہ وہ کثیر الوہم تھا تو اب یہ حدیث رافع اوس حدیث قوی کی جو ابو ہریرہ سے مروی ہی نہو گی اور جواب اوسکا یہ ہی کہ اسی طرح ابو جعفر میں کلام ہی کہا ابن المدینی نے اوسمیں غلط کرتا تھا حدیث بد اور کہا ابن معین نے خطا کرتا تھا اور کہا احمد نے قوی نہیں اور کہا ابو زرعہ نے کَانَ یَهِمُ کَثِیرًا وہم کرتا تھا بہت اور کہا ابن حبان نے کہ وہ منفرد ہوتا تھا ساتھ ذکر حدیثوں کے علمائے مشہورین سے اور مقوی ہی قصاب کی حدیث کو وہ جو روایت کیا قیس بن ربیع نے عاصم بن بہدلہ سے کہا کہ کہا ہمنے واسطے انس کے کہ کچھ لوگ گمان کرتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ پڑھتے تھے قنوت فجر میں سو کہا انس نے کہ جھوٹھ بولے وہ نہین پڑھی قنوت حضرت نے مگر ایک مہینے کہ بد دعا کرتے تھے ایک قبیلے پر قبیلون مشرکین سے تو یہ حدیث خود مخالف ہی حدیث انس کے اور قیس راوی اس حدیث مین اگرچہ ضعیف ہی ضعیف کیا اوسکو یحیی بن معین نے لیکن توثیق کی اوسکی اور لوگون نے اور بہرحال ابو جعفر سے کم نہین بلکہ اوسکے برابر ہی یا اوس سے زیادہ ہی اعتبار مین کیونکہ ضعیف کرنے والے قیس کے کم ہین ضعیف کرنے والون ابو جعفر سے اور ضعیف کیا یحیی بن معین نے بسبب اوسکے جو کہا احمد بن سعید بن ابی مریم نے پوچھا مینے یحیی سے قیس بن ربیع کو سو کہا کہ ضعیف ہی نہین لکھی جاوے گی حدیث اوسکی کیونکہ وہ حدیث بیان کرتا ہی عبیدہ سے اور وہ منصور سے ہوتی ہی اور یہ ضعف موجب رد حدیث کو نہین اسواسطے کہ غایت اوسکی غلطی ہی اوسکی ذکر عبیدہ مین بدل منصور کے لیکن ضعیف کیا اوسکو اور لوگون نے سوا یحیی کے بھی کہا نسائی نے متروک ہی اور کہا دارقطنی نے ضعیف ہی اور مروی ہی احمد سے کہ وہ کثیر الخطا تھا اور روایت کی اوسنے حدیثین منکر اور تھے وکیع اور ابن المدینی ضعیف کرتے تھے اوسکو اور کلام کیا اوسمین امام المحدثین یحیی بن سعید القطان نے لیکن نہ تھے شعبہ کہ ثنا کرتے تھے قیس پر اور تشنیع کی انھون نے یحیی بن سعید پر بسبب تضعیف اونکی کے قیس کو کہا ابو قتیبہ نے کہا واسطے میرے شعبہ نے لازم پکڑا قیس بن ربیع کو اور کہا ابن حبان نے یحیی بن معین نے حدیثین قیس کی روایات بہت سارے اور ستاخرین سے اور تلاش کی مینے اونکی تو دیکھا مینے اوسکو سچا امانت دار جب جوان تھا اور جب زیادہ ہوا سن اوسکا تو بگڑ گیا حفظ اوسکا اور اکثر روایتین اوسکی مستقیم ہین اور کہا ابو حاتم نے محل اوسکا صدق ہی اور قوی نہین لو کہا شمس الدین ذہبی نے قول معتبر قول شعبہ کا ہی اور نہین حرج ہی ساتھ اوسکے تو کہ نہو گا ابو جعفر رازی سے اور مویدہ ہی اوسکی وہ جو روایت کیا اوسکو اوس سے خصیب بعد اوسنے کتاب القنوت مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہین قنوت پڑھتے تھے مگر جب کہ بد دعا کرتے کسی قوم کو اور سند اسکی صحیح ہی اور ضعیف کیا ابن الجوزی نے اوس حدیث انس کو کہ پڑھتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قنوت نماز صبح مین یہان تک کہ انتقال کیا اور تشنیع کی اوسپر اور کہا کہ یہ اون حدیثون مین سے ہی جن سے ہماری کتابون کی محافظت چاہیے بسبب اس بات کے کہ وہ جانتا تھا کہ یہ حدیث باطل ہی اور بعض رواۃ اوسکی مشہور بالوضع ہوئی ہین اور فرمایا حضرت نے جو حدیث بیان کرے ہمسے ایسی حدیث جو جانتا ہی کہ وہ جھوٹھ ہی تو وہ بھی کاذبین مین سے ہی اور ایک حدیث صحیح روایت کی امام ابو حنیفہ صاحب نے حماد بن ابی سلمان سے انھون نے ابراہیم سے انھون نے علقمہ سے انھون نے عبداللہ بن مسعود سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین قنوت پڑھی فجر مین کبھی مگر ایک مہینہ اور نہ دیکھا قبل اوسکے اور نہ بعد اوسکے اور اس مہینے مین قنوت پڑھی واسطے بد دعا کے ایک قوم پر مشرکین سے اور اس اسناد مین کسی طرح کا غبار نہین اور اسیواسطے خود انس نے صبح مین قنوت نہین پڑھی جیسا کہ روایت کیا طبرانی نے حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا

ابو جعفر رازی

حصیب

قیس بن ربیع

شَیْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ ثَنَا غَالِبُ بْنُ وَرْدَانَ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ شَھْرَیْنِ فَلَمْ یَقْنُتْ فِیْ صَلٰوۃِ الْغَدَاۃِ یعنی کہا غالب بن فرقد نے تھا میں ساتھ انس کے دو مہینے سو نہ قنوت پڑھی انھوں نے نماز فجر میں اور کبھی قنوت بمعنی طول قیام کے بھی آتا ہی اور جائز ہی کہ یہ غلطی ابو جعفر سے واقع ہوئی ہو کو انس نے کہا ہو اس قنوت کو اور وہ سمجھا ہو دعا کے قنوت کو ایسا ہی کہا بعض محدثین نے جیسا کہ حدیث میں آیا ہی اَفْضَلُ الصَّلٰوۃِ طُوْلُ الْقُنُوْتِ یعنی افضل صلوٰۃ وہ ہی جسمیں طول ہو قیام کا تو ثابت ہو گیا نسخ قنوت کا اور روایت کیا ابن حبان نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں قنوت کرتے نماز صبح میں مگر یہ کہ دعا کرتے واسطے کسی قوم کے یا بد دعا کرتے کسی قوم کو اور اس قنوت سے مراد طول قیام ہی کیونکہ قنوت بمعنی دعا کے کس طرح ثابت ہو گی اور روایت صحیح ہوئی ابو مالک سعد بن طارق اشجعی سے انھوں نے اپنے باپ سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو نہ قنوت پڑھی اور پیچھے ابو بکر رضی اللہ عنہ کے سو نہ قنوت پڑھی اور پیچھے عمر رضی اللہ عنہ کے سو نہ قنوت پڑھی اور پیچھے عثمان رضی اللہ عنہ کے سو نہ قنوت پڑھی اور پیچھے علی رضی اللہ عنہ کے سو نہ قنوت پڑھی پھر کہا کہ ای بیٹے میرے یہ بدعت ہی روایت کیا اوسکو نسائی اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہی اور ابن ماجہ میں ہی کہ میں نے اپنے باپ سے کہا کہ ای باپ میرے نماز پڑھی تو نے پیچھے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابو بکر اور عمر اور عثمان کے اور پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کوفے میں پانچ برس تک کیا قنوت پڑھتے تھے فجر میں کہا کہ ای بیٹے میرے مُحْدَثٌ یعنی بدعت ہی اور اخراج کیا مانند اسکے ابن ابی شیبہ نے اور اس سے باطل ہو گیا قول خازمی کا کہ قنوت فجر میں منقول ہی خلفاء اربعہ سے اور اسی پر جمہور ہیں اور بھی روایت کیا ابن ابی شیبہ نے ابو بکر اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم سے کہ وہ نہیں قنوت پڑھتے تھے فجر میں اور روایت کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ جب قنوت پڑھی انھوں نے نماز صبح میں انکار کیا لوگوں نے اون پر سو کہا انھوں نے مدد مانگی ہمنے اپنے دشمن پر اور انکار کرنے والے لوگ صحابہ اور تابعین تھے اور بھی روایت کیا ابن عباس اور ابن مسعود اور ابن عمر اور ابن الزبیر رضی اللہ عنہم سے کہ وہ نہیں پڑھتے تھے قنوت فجر میں اور روایت کیا ابن عمر سے کہ کہا انھوں نے قنوت فجر میں نہیں دیکھا میں نے اور نہیں جانا میں نے اور کتاب غایت میں ہی کہ پوچھے گئے ابن عمر قنوت فجر سے کہا کہ نہیں مسلمان اللہ کی نہیں پہچانتے ہیں ہم اوسکو اور سعید بن جبیر نے کہا گواہی دیتا ہوں میں کہ سنا میں نے ابن عباس سے کہتے تھے قنوت نماز فجر میں بدعت ہی ذکر کیا اوسکو ابن مندہ نے اور وہ جو نقل کیا نازمی نے کہ ابن عمر بھول گئے اور قنوت پڑھی انھوں نے ساتھ اپنے باپ کے نماز فجر میں سو یہ غلط ہی کیونکہ اوپر گذرا کہ حضرت عمر نے نہیں قنوت پڑھی فجر میں اور اسناد اوسکا نہایت صحیح ہی اور دوسرے یہ کہ کہا محمد بن الحسن نے ثَنَا اَبُوْ حَنِیْفَۃَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ النَّخَعِیِّ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ یَزِیْدَ اَنَّہٗ صَحِبَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سِنِیْنَ فِی السَّفَرِ وَالْحَضَرِ فَلَمْ یَرَہٗ قَانِتًا فِی الْفَجْرِ یعنی اسود صحبت میں رہے عمر بن الخطاب کی برسوں سفر اور حضر میں اور قنوت نہ پڑھتے دیکھا اونھوں نے حضرت عمر کو نماز فجر میں اور اس سند پر کسی طرح کا غبار نہیں اور نسبت ابن عمر کی طرف نسیان کے اس امر میں نہایت بعید ہی کیونکہ نسیان اوس امر میں ہوتا ہی جو کبھی کبھی وقوع میں آتا ہو اور یہ ہر نماز صبح میں تھا تو کیونکر نسیان اوسکا قبول کیا جاوے گا باوجود اسکے کہ خود اوسکا قول ہی مَا شَھِدْتُّ وَمَا عَلِمْتُ یعنی نہیں دیکھا میں نے اور نہیں جانا میں نے وَاللّٰہُ اَعْلَمُ ص اور پڑھے وتر کی ہر رکعت میں فاتحہ اور سورت یعنی تیسری رکعت میں بھی سورت پڑھے ف اور دلیل اسکی یہ ہی کہ حضرت نے پہلی رکعتوں میں سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھا اور دوسری میں قل یا ایھا الکافرون

اور تیسری مین قل ہو اللہ احد روایت کیا اسکو امام ابو حنیفہ نے اور ابو داود اور ابن ابی شیبہ نے اور بہت محدثین نے اور بیان اسکا اوپر تفصیل سے گذرا **ف** اگر شافعی مذہب کے پیچھے حنفی نماز پڑھتا ہی اور وتر مین اوسنے قنوت نہ پڑھی حنفی بھی نہ پڑھے اور صبح مین اوسکی تابعداری نکرے بلکہ چپکا کھڑا رہے **ف** اور جانا چاہیے کہ وتر حنفی کا پیچھے شافعی کے بعض لوگون کے نزدیک درست ہی اور بعضون کے نزدیک درست نہین کیونکہ وتر شافعی کے نزدیک سنت ہی اور ہمارے نزدیک واجب اور اقتدا واجب پڑھنے والے کی پیچھے نفل پڑھنے والے کے درست نہین واللہ اعلم

فصل نوافل کے بیان مین

قبل فجر اور بعد ظہر اور عشا اور مغرب کی دو رکعتین پڑھنا سنت ہین اور قبل ظہر اور جمعے کے چار رکعتین ایک سلام سے اور چار قبل عصر اور عشا اور بعد عشا کے مستحب ہین **ف** اور اصل اس باب مین قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی جو شخص مداومت کرے اوپر بارہ رکعتون کے سنت سے بنا دے اللہ ایک گھر اوسکے لیے جنت مین چار رکعتین قبل ظہر کے اور دو رکعت بعد اوسکے اور دو رکعتین بعد مغرب کے اور دو رکعتین بعد عشا کے اور دو قبل فجر کے روایت کیا اوسکو ترمذی اور ابن ماجہ نے مغیرہ بن زیاد سے انھون نے عطا سے انھون نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہی اس وجہ سے اور مغیرہ بن زیاد کلام کیا ہی اوسمین بعض اہل علم نے اوسکے حفظ کے سبب سے انتہی لیکن اس حدیث کا ایک شاہد ہی روایت کیا اسکو جماعت نے سوا بخاری کے ام حبیبہ بنت ابی سفیان سے کہ انھون نے سنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہین ہی کوئی بندہ مسلمان کہ پڑھے واسطے اللہ کے ہر روز بارہ رکعتین نفل غیر فرض بنا دیگا اللہ واسطے اوسکے گھر جنت مین زیادہ کیا ترمذی اور نسائی نے کہ چار رکعتین قبل ظہر کے اور دو بعد اوسکے اور دو بعد مغرب کے اور دو بعد عشا کے اور دو قبل نماز صبح کے اور ایک روایت مین نسائی کے ہی کہ دو رکعتین قبل عصر کے بدل دو رکعتون کے بعد عشا کے باقی رہین چار قبل عصر کے اور چار قبل جمعہ اور چار بعد جمعہ اور چار قبل عشا اور چار بعد عشا تو چاہیے کہ چار قبل عصر کے مستحب ہین روایت کیا ابو داود اور احمد اور ابن خزیمہ اور ابن حبان نے دونون نے اپنی صحیح مین اور ترمذی نے ابن عمر رضہ سے کہ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رحم کرے اللہ اوس مرد پر جسنے پڑھین چار رکعتین قبل عصر کے کہا ترمذی نے حسن غریب ہی اور بعضون نے کہا ہی کہ دو قبل عصر کے پڑھے اور دلیل اونکی اوپر گذری اور روایت کیا ابو داود نے عاصم بن ضمرہ سے اور حضرت علی رضہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے قبل عصر کے دو رکعتین اور روایت کیا اوسکو ترمذی اور احمد نے اور کہا چار بدلے دو کے اور لیکن چار رکعتین قبل جمعے کے تو ثابت ہین چار رکعتون قبل ظہر سے اور چار رکعتین بعد جمعے کے تو اس واسطے کہ روایت کیا ابو ہریرہ رضہ نے کہ فرمایا حضرت نے جب نماز پڑھے کوئی تم مین سے جمعے کی تو پڑھے بعد اوسکے چار رکعتین روایت کیا اسکو مسلم اور ابو داود اور ترمذی نے اور اکثر روایتون مین آیا ہی کہ دو رکعتین بعد جمعے کے روایت کیا اسکو ابو داود نے سنن مین اور لیکن چار بعد عشا کے سو روایت کیا ابو داود نے شریح بن ہانی سے کہا کہ پوچھا مینے حضرت عایشہ رضہ سے نماز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سو کہا نہین ہی پڑھتے آپ عشا اور آتے میرے پاس پھر پڑھی چار رکعتین یا چھ رکعتین آخر حدیث تک اور روایت کیا سعید بن منصور نے براء ابن عازب سے کہ فرمایا حضرت نے جو شخص پڑھے قبل ظہر کے چار رکعتین گویا کہ اوسنے تہجد پڑھا رات مین اور جسنے پڑھا چار رکعتون کو بعد عشا کے گویا کہ پڑھین اوسنے چار شب قدر مین اور بعضون کا مذہب یہ ہی کہ دو بعد عشا کے پڑھے اور دلیل اونکی اوپر گذری اور کہا حضرت نے کہ نہین چھوڑتے تھے آپ چار قبل ظہر کے اور دو قبل صبح کے اور فجر کی سنتون کی بڑی تاکید ہی فرمایا حضرت نے دو رکعتین قبل فجر کے

سعید بن زیاد

بہتر ہین ساری دنیا سے روایت کیا اسکو نسائی نے اور چار رکعتین قبل ظہر کے اوسمین ایک ہی سلام ہے یعنی دو رکعتون کے بعد سلام نہ پھیرے بلکہ جب چارون پڑھے اور امام شافعی کے نزدیک دو دو کرکے پڑھے اور تمسک کیا ہمنے اوس سے جو روایت کیا ابوداؤد نے اور ترمذی نے شمائل مین ابو ایوب انصاری سے کہ فرمایا حضرت نے کہ چار قبل ظہر کے نہین ہی اونمین سلام کھولے جاتے ہین انکے واسطے دروازے آسمان کے اور ضعیف ہے یہ حدیث بسبب عبیدہ بن معتب ضبی کے اور ایک لفظ مین ترمذی کی شمائل مین ہے کہا مینے ای رسول اللہ کیا اونمین سلام فاصل ہے کہا کہ نہین اور اسکا ایک دوسرا طریقہ ہے جو روایت کیا اوسکو امام محمد بن الحسن نے موطا مین حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ عَامِرٍ الْبَجَلِيُّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ وَالشَّعْبِيِّ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ يُصَلِّي أَرْبَعًا إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَسَأَلَهُ أَبُو أَيُّوبَ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ إِنَّ أَبْوَابَ السَّمَاءِ تُفْتَحُ فِي هَذِهِ السَّاعَةِ فَأُحِبُّ أَنْ يَصْعَدَ لِي فِي تِلْكَ السَّاعَةِ خَيْرٌ فَقُلْتُ أَفِي كُلِّهِنَّ قِرَاءَةٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ أَيُفْصَلُ بَيْنَهُنَّ بِسَلَامٍ قَالَ لَا یعنی تھے حضرت پڑھتے چار رکعتین قبل ظہر وقت زوال آفتاب کے تو سوال کیا اوسنے ابو ایوب نے اس سے پھر فرمایا حضرت نے کہ کھولے جاتے ہین اس ساعت مین دروازے آسمان کے سو چاہتا ہون مین کہ چڑھے اس ساعت مین میری کوئی نیکی کہا مینے کیا سب رکعتون مین قرأت ہے فرمایا کہ ہان کہا مینے کیا فصل کیا جاوے اون چارون مین ساتھ سلام کے فرمایا کہ نہین یعنی چار رکعت کے بیچ مین سلام نہ پھیرے **ص** اور دن مین چار رکعت سے نفل زیادہ پڑھنا ایک سلام سے مکروہ ہین اور رات کو آٹھ رکعت سے زیادہ اور چار رکعتین دن رات مین ایک سلام سے پڑھنا افضل ہین **ف** اور صاحبین کے نزدیک رات مین ہر دو رکعت مین ایک سلام چاہیے اور دلیل اسکی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین زیادہ کیا اسپر اور اگر کراہیت نہوتی تو زیادہ کرتے واسطے تعلیم جواز کے اور افضل رات مین نزدیک صاحبین کے دو دو ہین اور دن مین چار چار اور امام شافعی کے نزدیک رات دن مین دو دو پڑھنا افضل ہین اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک چار چار پڑھنا رات دن مین افضل ہین امام شافعی کی دلیل قول حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے صَلٰوةُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مَثْنٰى مَثْنٰى یعنی نمازین دن رات کی دو دو ہین روایت کیا اسکو اصحاب سنن اربعہ نے ابن عمر سے اور صاحبین کے نزدیک باعتبار تراویح پر ہے اور یہ حدیث اسکی اسناد مین شعبہ ہے کہا ترمذی نے اختلاف کیا اصحاب شعبہ نے اوسمین تو بعضون نے اوسکو رفع کیا اور بعضون نے وقف کیا اور روایت کیا اسکو ثقات نے عبداللہ بن عمر سے اور ذکر کیا اوسمین رات کی نماز کو اور نہین بیان کیا دن کی نماز کو اور ایسا ہی ہے صحیحین مین اور کہا نسائی نے یہ حدیث نزدیک میرے خطا ہے اور وہ جو نسائی نے کہا سنن کبری مین کہ اسناد اوسکا جید ہے نہین معارض ہے اوس کلام کی واسطے کہ وجود سند کا نہین مانع ہے خطا سے دوسری جہت سے کہ عارض ہوئی ہو ثقات کو اور سیوا اسکے روایت کیا اوسکو حاکم نے اپنی کتاب علوم الحدیث مین پھر کہا کہ رجال اسکے ثقہ ہین مگر یہ کہ اسمین علت ہے کہ اوسکے ذکر سے کلام طویل ہوگا انتہی اور بتقدیر تسلیم کے قریب اسکا جواب ہم دینگے اور خود صاحبین کی دلیل ہے کہ فرمایا حضرت نے صَلٰوةُ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى یعنی نمازرات کی دو دو ہین اور نہین ذکر کیا اوسمین دن کی نماز کو اور دلیل امام صاحب کی یہ ہے جو کہا حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے نہین نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشا کی کبھی ہو آئے میرے پاس مگر پڑھین چار رکعتین اور اس سے معلوم ہوا کہ رات مین چار رکعتین ایک سلام سے آپ نے پڑھین اور روایت کیا ابوداؤد نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہا تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے نماز عشا کی جماعت سے پھر جاتے تھے گھر مین اور پڑھتے تھے چار رکعتین پھر جاتے تھے اپنے فرش پر سوتے تھے تا آخر حدیث تک اور صحیح مسلم مین ہے حدیث معاذہ سے کہ پوچھا اوسنے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے

کہ کتنی رکعتیں پڑھتے تھے نماز ضحیٰ کی کہا کہ چار رکعتیں اور زیادہ کرتے تھے جتنا چاہتے تھے اور روایت کیا ابو یعلی موصلی نے اپنی مسند میں حدثنا شیبان بن فروخ ثنا طیب بن سلیمان قال قالت عمرۃ سمعت ام المؤمنین عائشۃ تقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الضحیٰ اربع رکعات لا یفصل بینھن بسلام یعنی تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے چاشت کی چار رکعتیں نہیں کرتے تھے بیچ میں اونکے سلام اور لیکن اوس حدیث سے ثابت نہیں ہوتا کہ ایک ہی سلام سے چاروں پڑھتے تھے اور ایک دلیل یہ ہے جو مروی ہے صحیحین میں ابوسلمہ بن عبدالرحمن سے کہ انھوں نے پوچھا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کس طرح تھی نماز حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رات میں رمضان کی کہا کہ نہیں زیادہ کرتے تھے رمضان میں اور نہ غیر رمضان میں گیارہ رکعت پر پڑھتے تھے چار رکعتیں تو نہ پوچھ اون رکعتوں کے حسن اور طول سے پھر چار سو نہ پوچھ اونکے حسن اور طول سے یعنی بہت اچھی طرح طول سے پڑھتے تھے اور یہ جو جدا جدا چار چار کو بیان کیا اس سے مطلوب ثابت ہوتا ہے والا کہ نہیں آٹھ رکعت سو نہ پوچھ اونکے حسن اور طول سے اور اوپر بیان کر چکے ہم سنت ظہر میں کہ آپ نے چار رکعتیں ایک ہی سلام سے پڑھیں تھیں اور اوس حدیث سے مراد یہ ہے کہ دو دو رکعت کا ایک ایک شفع علیحدہ ہے یا یہ کہ ہر دو رکعت کے بعد تشہد کے واسطے نہ بیٹھے نہ یہ کہ ہر دو رکعت کے بعد سلام پھیرے اور دلیل اسپر یہ ہے جو اخراج کیا اوسکو ترمذی اور نسائی نے ابن المبارک سے انھوں نے لیث بن سعد سے انھوں نے عبداللہ بن سعید سے انھوں نے عمران بن ابی سے انھوں نے عبداللہ بن نافع سے انھوں نے ربیعہ بن الحارث سے انھوں نے فضل بن عباس سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نماز دو دو رکعتیں ہیں تشہد پڑھا جاتا ہے ہر دو رکعت میں واللہ اعلم **ص** فرض کی دو رکعتوں میں اور وتر اور نوافل کی سب رکعتوں میں قرأت فرض ہے **ف** کیونکہ مروی ہے صحیحین میں ابوقتادہ سے کہ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے ظہر میں دو رکعتوں میں فاتحہ اور سورت اور پچھلی دو رکعتوں میں فقط فاتحہ آخر حدیث تک اور اوپر گذر چکا کہ اگر تسبیح پچھلی دو رکعتوں کہے یا چپکا رہے تو بھی درست ہے روایت کیا ابن ابی شیبہ نے شریک سے انھوں نے ابی اسحٰق سبیعی سے انھوں نے علی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے کہا انھوں نے قرأت کرا اول کی دو رکعتوں میں اور تسبیح کہہ پچھلی دو رکعتوں میں اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت غریب ہے اور روایت کیا امام محمد نے موطا میں ثنا محمد بن ابان القرشی عن حماد عن ابراھیم عن علقمۃ بن قیس ان عبداللہ بن مسعودا کان لا یقرأ خلف الامام فیما یجھر فیہ وفی ما یخافت فیہ من الاولیین ولا فی الاخریین واذا صلی وحدہ قرأ فی الاولیین بفاتحۃ وسورۃ ولم یقرأ فی الاخریین بشیء یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نہیں پڑھتے تھے پیچھے امام کے نہ فاتحہ اور نہ سورت نہ نماز جہری نہ نماز سری میں اور نہ پچھلی دو رکعتوں میں اور جب نماز پڑھتے تھے اکیلے تو پڑھتے تھے اول دو رکعتوں میں فاتحہ اور سورت اور نہ پڑھتے تھے کچھ پچھلی دو رکعتوں میں **ص** اور جس نفل کو قصداً شروع کر لیا ہو اوسکو تمام کرنا اوسکا لازم ہے اگر یہ طلوع یا غروب آفتاب کے وقت شروع کیا ہو وے تو اگر بھولے سے شروع کیا ہو وے مثلاً اوسکو معلوم ہوا کہ ظہر پہلے نہیں پڑھی اور اوسنے شروع کی اور بعد اوسکے معلوم ہوا نماز میں کہ پڑھ چکا ہوں اور اوسنے نماز توڑ دی قضا کرنا اوسکا واجب نہیں اور اگر چار رکعت نفل شروع کی پہلے دوگانے میں توڑ دیا ایک دوگانے کی قضا لازم آویگی اور امام ابی یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک چاروں رکعت کی اور اگر دو رکعتوں کے بعد بیٹھ کے تیسری رکعت کے واسطے کھڑا ہوا اور اوسکو توڑ دیا تو فقط دوسرے دوگانے کی قضا کرے کیونکہ اول دوگانہ تمام ہو چکا اور یہ اسپر مبنی ہے کہ ہر دوگانہ ایک نماز علیحدہ ہے **ف**

کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صلوٰۃ اللیل والنہار مثنیٰ مثنیٰ یعنی نماز رات دن کی دو دو رکعتین ہین یعنی
ہر دو رکعت ایک نماز علیحدہ ہی ص اگر چار رکعت نفل کی نیت کی اور دو تون دوگانہ یا پہلے دوگانے یا دوسرے مین یا دوسرے دوگانے
کی ایک رکعت مین یا اول دوگانے کی ایک رکعت مین یا اول دوگانے مین اور دوسرے کی ایک رکعت مین قرات ترک کی دو رکعتون کی
قضا لازم آویگی یا اگر ہر دوگانے کی ایک رکعت مین یا دوسرے دوگانے مین اور ایک رکعت مین اول کی ترک کی تو چارون رکعتون کی
قضا لازم آویگی اور پہلی اور چھٹی صورت مین امام ابی یوسف کے نزدیک چار رکعتون کی قضا لازم آویگی اور ساتوین اور آٹھوین
صورت مین امام محمد کے نزدیک دو رکعتون کی قضا واجب ہوگی اور دوسری اور تیسری اور چوتھی اور پانچوین صورت مین سب کے
نزدیک قضا دو رکعتون کی لازم آویگی تو امام صاحب کے نزدیک چھ صورتون مین دو رکعتون کی قضا لازم آویگی اور دو صورتون مین چار رکعت کی
اور امام ابی یوسف کے نزدیک چار صورت مین دو رکعتون کی اور چار صورت مین چار رکعتون کی اور امام محمد کے نزدیک سب صورتون مین
دو رکعت لازم آویگی اور سب آٹھ صورتین ہین اور اگر چار رکعت نفل شروع کیے اور اول دوگانے کے تشہد مین توڑ دالا دوسرے
دوگانے کی قضا لازم نہ آویگی اور اگر چار رکعتین نفل پڑھین اور بیچ مین اوٹھکے نہ بیٹھا اول دوگانے کی قضا لازم نہ آویگی اور بیٹھکے
نفل پڑھنا اگرچہ کھڑا ہو سکتا ہو درست ہی ف کیونکہ روایت کیا جماعت نے سوا مسلم کے عمران بن حصین سے کہا کہ پوچھا مینے
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اوس شخص کی نماز سے جو بیٹھا ہو تو فرمایا جو پڑھے کھڑے ہو کے تو وہ افضل ہی اور جو شخص بیٹھکے پڑھے اوسکو
اجر برابر نصف قائم کا ہی اور جو شخص پڑھے لیٹکے تو اوسکو اجر برابر نصف قاعد کے ہی اور قائم کے معنی کھڑے ہو کے نماز پڑھنے والا
اور قاعد کے معنی بیٹھکے پڑھنے والا کہا امام نووی نے کہ کہا علمانے کہ یہ نفل مین ہی اور فرض مین بیٹھکے پڑھنا بیعذر جائز نہین
تو اگر عاجز ہی قیام سے اور بیٹھکے پڑھے تو اوسکا اجر قائم سے کم نہین انتہی کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بیمار ہووے
مرد یا مسافر تو ثواب اوسکا مثل صحیح تندرست اور مقیم کے لکھا جاویگا اخراج کیا اوسکا بخاری نے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آسمین
مخصوص ہین کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی نفل کی بیٹھکے اور پوچھا صحابہ نے ارشاد فرمایا آپنے کہ ثواب قاعد کا نصف ہی
قائم کے فرمایا کہ مین نہین ہون مثل تمھارے روایت کیا اوسکو مسلم نے ابن عمر سے ص اور کھڑے ہو کے شروع کرنا اور بھر بیچ مین
بیعذر بیٹھ جانا مکروہ ہی اور نفل باہر شہر کے سواری پر اگرچہ قبلے کی طرف منہ نہو اشارے سے درست ہی ف اور باہر شہر کے
آسمین قید ہی شہر کے اندر درست نہین کیونکہ فرمایا حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ نماز پڑھتے تھے
حمار پر اور وہ متوجہ تھے طرف خیبر کے یعنی منہ آپکا خیبر کی جانب تھا اشارے سے اور جب کہ یہ فعل مخالف قیاس ہی تو اپنے مورد مین
منحصر ہوگا اور یہ حدیث خود شرح وقایہ کے مین مذکور ہی روایت کیا اوسکو مسلم اور ابو داود اور نسائی نے اور اوسمین اشارے کا
ذکر نہین اور غلطی بیان کی دارقطنی اور نسائی نے عمرو بن یحیی کی کہ اوسنے علی حمار کا لفظ کہا اور صحیح علی راحلتہ ہی یعنی
اپنی اونٹنی پر تھے اور روایت کیا دارقطنی نے غرائب مالک مین انس سے کہ دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور وہ متوجہ تھے
طرف خیبر کے حمار پر نماز پڑھتے تھے اشارے سے اور سکوت کیا اسپر اور امام مین شیخ تقی الدین نے نسبت کی اشارے کی طرف صحیحین کے
اور زیلعی نے نہین دیکھا اوسکو صحیحین سے اور کہا عبدالحق نے جمع الصحیحین مین کہ متفرد ہوئے بخاری ساتھ ذکر اشارے کے کہا
شیخ ابن الہمام نے وقد رأیناہ فی باب الوتر فی السفر فی صحیح البخاری من حدیث ابن عمر یعنی دیکھا مینے

فائدہ عمرو بن یحیی

اس حدیث کو صحیح بخاری باب الوتر فی السفر مین حدیث ابن عمر سے اور روایت کیا اوسکو ابن حبان نے نوع اول مین قسم رابع کی صحیح مین جابر رضی اللہ عنہ سے کہ دیکھا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھتے تھے نوافل راحلے پر ہر طرف اشارہ کیساتھ اور راحلہ اونٹ کو کہتے ہین ف تو اگر سواری پر نفل شروع کیا اور پھر وتر اور اتمام کیا جائز ہو اگر نیچے شروع کیا اور سواری پر تیمم کیا نماز فاسد ہو گی

فصل تراویح کے بیان مین

تراویح رمضان مین قبل وتر کے بعد عشا کے بیس رکعتین سنت ہین اور ہر چار رکعت کے بعد جتنی دیر مین کہ اوسکو پڑھا ہو بیٹھے اور پانچ ترویحے ہوتے ہین اور ترویحہ ہر چار رکعت کو کہتے ہین اور ہر ترویحے مین دو سلام ہین اور ایک ختم رمضان مین سنت ہے اور قوم کی سستی سے ترک نہین کرنا چاہیے اور سوا رمضان کے وتر جماعت سے نہ پڑھین اور رمضان مین وتر جماعت سے پڑھین ف جانا چاہیے کہ تراویح کے سنت ہونے مین اختلاف ہے بعضون کے نزدیک سنت موکدہ ہے اور بعضون کے نزدیک مستحب ہے اور ہدایہ کے متن مین لفظ مستحب کا وارد ہے اور اسی طرح جامع صغیر مین امام محمد کی مذکور ہے لیکن کہا صاحب ہدایہ نے وَالْاَصَحُّ اَنَّهَا سُنَّةٌ لِاَنَّ الْحَسَنَ رَوٰى عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ لِاَنَّهٗ وَاظَبَ عَلَيْهِ الْخُلَفَاءُ الرَّاشِدُوْنَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيَّنَ الْعُذْرَ فِيْ تَرْكِ الْمُوَاظَبَةِ وَهُوَ خَشْيَةُ اَنْ تُكْتَبَ عَلَيْنَا یعنی صحیح یہ ہے کہ تراویح سنت ہے اور ایسا ہی روایت کیا حسن نے ابو حنیفہ سے کیونکہ مواظبت کی اوسپر خلفاے راشدین نے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا عذر کو ترک مواظبت مین اور وہ خوف اس بات کا کہ فرض ہو جاوے اور کہا امام المحدثین شیخ الفقہا والاصولیین مولانا کمال الملۃ والدین نے فتح القدیر مین کہ ظاہر منقول یہ ہے کہ شروع تراویح کا زمانہ حضرت عمر سے ہے اور وہ یہ ہے کہ مروی ہے عبد الرحمن بن القاری سے کہا کہ نکلا مین ساتھ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے ایک رات طرف مسجد کے تو ناگاہ لوگ متفرق منتشر ہین یعنی جدا جدا نماز پڑھ رہے ہین کوئی شخص اکیلے پڑھتا ہے اور کوئی شخص دس آدمی کے ساتھ ہے یہ طرح سو فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہ مین جانتا ہون کہ اگر جمع کرون مین ان سبکو ایک قاری پر البتہ اچھا ہوتا تو جمع کیا اونکو ابی بن کعب پر پھر مین دوسری رات اونکے ساتھ نکلا اور لوگ اپنے قاری کے ساتھ پڑھ رہے تھے تو فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ یعنی اچھی ہے یہ بدعت روایت کیا اسکو اصحاب سنن نے اور صحیح کیا اوسکو ترمذی نے اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لازم پکڑو تم اپنے اوپر سنت میری اور سنت خلفاے راشدین کی بعد میرے اور ایک حدیث مین آیا ہے کہ فرض کیے اللہ نے تم پر روزے رمضان کے اور سنت کیا قیام اوسکا اور بیان کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عذر اوسکے ترک مین اور وہ عذر یہ تھا کہ آپ کو خوف فرض ہو جانے کا تھا جیسا کہ بیان کیا اوسکو ہمنے باب الوتر مین حدیث ابن حبان سے اور اوپر یہ حدیث گذر چکی اور صحیحین مین ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی نماز مسجد مین تو پڑھی اونکے ساتھ نماز لوگون نے پھر دوسری رات پڑھی تو بہت ہوئے آدمی پھر سب جمع ہوئے تیسری رات اور آپ نہ نکلے تو کہا آپ نے جب صبح ہوئی کہ دیکھے جانا جو تمنے کیا لیکن مین اسواسطے نہ نکلا کہ تم پر فرض نہو جاوے اور یہ رمضان مین تھا زیادہ کیا بخاری نے کتاب الصوم مین سوا انتقال کیا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حکم ایسا ہی ہے اوپر اور ہم باب النوافل مین حدیث ابو سلمہ بن عبد الرحمن سے بیان کر چکے کہ انھون نے پوچھا حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کو رمضان مین کہا حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے نہین زیادہ کرتے تھے رمضان اور نہ غیر رمضان مین گیارہ رکعت سے آخر حدیث تک اور جو روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین اور طبرانی نے اور بیہقی نے اوس سے اور بغوی نے ابن عباس سے

کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے رمضان مین بیس رکعتین سوا وتر کے سو ضعیف ہی بسبب ابو شیبہ ابراہیم بن عثمان جد امام ابوبکر بن ابی شیبہ کے اتفاق کیا گیا ہی اوسکے ضعف پر باوجود اسکے کہ مخالف ہی روایت صحیحہ کے مترجم کہتا ہی کہ ابراہیم بن عثمان واسطی کو ذکر کیا شمس الدین ذہبی نے میزان الاعتدال مین کہ روایت کیا عثمان دارمی نے ابن معین سے کہ وہ ثقہ نہین ہی اور کہا احمد نے ضعیف ہی اور کہا بخاری نے سکوت کیا اوس سے اور کہا نسائی نے متروک ہی حدیث اوسکی اور منکر ابو شیبہ سے ایک وہ ہی روایت کیا بغوی نے حدیث بیان کی ہمسے منصور بن ابی مزاحم نے کہا حدیث بیان کی ہمسے ابو شیبہ نے اوسنے حکم سے اوسنے مقسم سے انھون نے ابن عباس سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے رمضان مین سوا جماعت کے بیس رکعت اور وتر اور پھر کہا شیخ ابن الہمام نے یہان بیس رکعتین حضرت عمرؓ سے ثابت ہوئین موطا مین ہی یزید بن رومان سے کہا کہ تھے لوگ کھڑے ہوتے زمانہ عمر بن الخطاب مین ساتھ تیئیس رکعتون کے یعنی بیس تراویح کی رکعتین اور تین وتر کی اور روایت کیا بیہقی نے معرفت مین سائب بن یزید سے کہا کہ کھڑے ہوتے تھے ہم زمانہ عمرؓ مین ساتھ بیس رکعتون اور وتر کے کہا نووی نے خلاصے مین اسناد اوسکا صحیح ہی مترجم کہتا ہی کہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے عمر بن الخطاب سے کہ انھون نے حکم کیا ایک شخص کو کہ پڑھاوے اونکے ساتھ بیس رکعتین اور روایت کیا ابو الحسناء سے کہ حضرت علیؓ نے حکم کیا ایک شخص کو کہ پڑھاوے اونکے ساتھ بیس رکعتین اور عبد العزیز بن رفیع سے کہا کہ تھے ابی بن کعب نماز پڑھتے ساتھ آدمیون کے مدینے مین بیچ رمضان کے بیس رکعتین اور وتر پڑھتے تھے تین رکعتین اور ربیع سے انھون نے ابی البختری سے کہ وہ پڑھتے تھے پانچ ترویحے رمضان مین اور وتر پڑھتے تھے تین رکعت اور ابی اسحق سے انھون نے حارث سے کہ وہ امامت کرتے لوگونکی رمضان مین رات کو ساتھ بیس رکعتون کے اور وتر پڑھتے تھے ساتھ تین رکعتون کے اور قنوت پڑھتے تھے قبل رکوع کے اور عطاء سے کہا انھون نے پایا مینے لوگون کو اور وہ پڑھتے تھے تیئیس رکعتین مع وتر کے اور پھر کہا شیخ ابن الہمام نے کہ حاصل ہوا ان سب روایتون سے کہ قیام رمضان کا سنت اوسمین گیارہ رکعتین ہین مع وتر کے جماعت سے کیا اوسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر ترک کیا بسبب خوف فرضیت کے اور نہین شک ہی کہ ان دونون امرون مین سے کوئی امر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے متحقق ہی اب تراویح سنت ہوگی اور بیس رکعتین سنت خلفاے راشدین کی ہین اور قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تمپر لازم ہی سنت میری اور سنت خلفاے راشدین کی بالماہی طرف سنت اونکی کے اور یہ تو لازم اس بات کو نہین کہ تراویح کی بیسون رکعتین سنت ہوجاوین ہواسطے کہ سنت اوس امر کو کہتے ہین جسپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مواظبت کی ہووے مگر عذر سے اور بر تقدیر نہونے عذر کے مواظبت کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے گیارہ رکعت پر جسمین سے تین رکعتین وتر کی ہوئین تو اس صورت مین بیس رکعتین مستحب ہونگی اور آٹھ اون مین سے سنت جیسے کہ چار رکعت بعد عشا کے مستحب ہین اور دو سنت اور ظاہر کلام مشائخ کا یہی ہی کہ سنت بیس رکعت ہین اور مقتضی دلیل کا وہ ہی جو ہمنے بیان کیا تو اس صورت مین اولی وہ ہی جو قہستانی مین ہی لفظ یستحب کا نہ جو ذکر کیا صاحب ہدایہ نے انتہی ما قال اور شیخ ابن الہمام

فصل نماز خسوف اور کسوف اور استسقا کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ خسوف چاند کے تاریک ہونے کو کہتے ہین اور کسوف آفتاب کے تاریک ہونے کو اور بعض ایک دوسرے پر اطلاق کرتے ہین اور ہندی مین اوسکو گہن کہتے ہین صورت کسوف کی امام جمعے کا آدمیون کے ساتھ دو رکعت پڑھے بغیر اذان اور اقامت کے مانند نفل کے اور ہر رکعت مین ایک رکوع کرے اور امام شافعی کے نزدیک دو رکوع کرے اور قراءت کا جہر کرے اور طول قراءت کا کرے

دونون رکعتون مین اور بعد اوسکے دعا مانگے یہان تک کہ آفتاب روشن ہوجاوے اور جو امام جمعے کا حاضر نہو اکیلے اکیلے پڑھین اور نماز خسوف بھی ایسی ہی مگر اوسمین جماعت نہین ف اور رکوع کے باب مین روایتین مختلف ہوئین بعض روایات مین ہر رکعت مین دو رکوع ہین اور بعض مین تین اور ابن عباس اور علی کی روایت مین چار رکوع ہین ہر رکعت مین اور ایک روایت مین ابو داود کی ابی بن کعب سے پانچ رکوع ہین اور کسی روایت مین یک رکوع ہی مثل اور نمازون کے اسواسطے کہا علما ہمارے نے کہ سب مختلف ہوئین جائز ہین تمسک کیا ہمنے ساتھ حال اور نمازون کے اور بھی روایت کیا ابو داود اور ترمذی نے شمائل مین اور نسائی نے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے کہ کسوف ہوا آفتاب کا عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین سو کھڑے ہوئے آپ اور طول کیا قیام کو پھر رکوع کیا سو کسی طرح نہ اوٹھاتے تھے سر اپنا پھر اوٹھایا سو کسی طرح سجدہ نہین کرتے تھے پھر سجدہ کیا سو کسی طرح سر نہ اوٹھاتے تھے پھر اوٹھایا تو کسی طرح سجدہ نہین کرتے تھے پھر سجدہ کیا تو کسی طرح سر نہین اوٹھاتے تھے پھر اوٹھایا اور کیا ایسا ہی دوسری رکعت مین آخر حدیث تک اور مروی ہی یہ حکم عبدالرحمن بن سمرہ سے بھی غرض مختلف ہوئین اس باب مین روایتین اور روایت کیا حدیث عبداللہ بن عمرو العاص کو حاکم نے اور کہا صحیح ہی اور نہین اخراج کیا اوسکا بخاری مسلم نے بوجہ عطا بن السائب کے اور یہ توثیق ہی اونسے عطا کی اور تحقیق کہ اخراج کیا اوس سے بخاری نے ساتھ ابو بشر کے اور کہا یحیی بن معین نے لَا یُحْتَجُّ بِحَدِیْثِہٖ نہین حجت ہوگی اوسکی حدیث اور فرق کیا امام احمد نے اوس شخص مین جسنے پہلے اونسے سنا اور جسنے پیچھے اونسے سنا یعنی اول سنے کی روایت صحیح ہی اور پھر عطا کا حافظہ خراب ہوگیا تھا اور سکوت کیا اوس سے ابو داود نے اور روایت کیا ابو داود نے اور نسائی نے سمرہ بن جندب سے ایک رکوع اور طول کیا اسمین شیخ ابن الہمام نے اور اس کتاب مین بوجہ خوف طول ترک کیا اور دعا بھی بعد نماز کے آفتاب کے صاف ہونے تک لازم ہی کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث مغیرہ مین کہ جب دیکھو تم اوسکو تو ذکر کرو اللہ کا اور دعا کرو اور نماز پڑھو یہان تک کہ روشن ہوجاوے آفتاب اور بعض مشائخ نے کہا ہی کہ آندھی اور تاریکی مین بھی یہ نماز مستحب ہی ابن عباس نے پڑھی نماز واسطے زلزلے کے بصرے مین اور خسوف کسوف کی نماز مین جہر چاہیے صاحبین کے نزدیک اور دلیل اونکی حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہی صحیحین مین کہ جہر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز خسوف مین اور بخاری مین ہی کہ جہر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کسوف مین اور روایت کیا اوسکو ترمذی اور ابو داود وغیرہما نے اور ہمارے امام صاحب کے نزدیک سر چاہیے کیونکہ مروی ہی حدیث ابن عباس سے مسند احمد اور ابو یعلی مین کہ نماز پڑھی مینے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کسوف کی اور نہ سنا مینے اونسے ایک حرف قرات سے اور اسناد مین اوسکی ابن لہیعہ ضعیف ہی اور روایت کیا اوسکو بیہقی نے معرفت مین دو طریقون سے اور طریق حاکم بن ابان سے جیسا کہ روایت کیا اوسکو طبرانی نے پھر کہا کہ اگرچہ ان لوگون سے حجت نہین لیکن روایتین اکی شاہد ہین روایت ابن عباس کو اور حدیث سمرہ مین ہی فَلَا نَسْمَعُ لَہٗ صَوْتًا یعنی ہم نہین سنتے تھے آواز قرات کی

ف اور جب پانی برسنا بند ہوجاوے تو ہر شخص دعا کرین اور استغفار نہ جماعت اور نہ خطبہ اور اگر اکیلے اکیلے نماز پڑھ لیوین تو درست ہی ف کیونکہ فرمایا اللہ تعالی نے اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ اِنَّہٗ کَانَ غَفَّارًا یعنی استغفار مانگو اللہ سے کہ وہ بڑا بخشنے والا ہی اور کہا امام محمد نے نہین نماز ہی استسقا مین ہوا اوسکے نہین کہ اوسمین دعا ہی اور پوچھا ہمکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نکلے اور دعا کی اور پوچھا ہمکو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہ وہ چڑھے منبر کو اور دعا مانگی اور طلب پانی کی اور نہین پوچھا ہمکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی مین

ف عطا بن السائب

ف ابن لہیعہ

کہ نماز پڑھی ہو آپنے مگر ایک حدیث شاذ مین کہ نہین متمسک کیا جاویگا ساتھ اوسکے اور حق یہ ہی کہ اکثر احادیث مین نماز کا ذکر نہین لیکن ذکر نماز کا بعض احادیث مین وارد ہی بیان کیا اونکو شیخ ابن الہمام نے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین وکیع سے انھون نے عیسی بن حفص بن عاصم سے انھون نے عطا بن ابی مروان اسلمی سے انھون نے اپنے باپ سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ عمر بن الخطاب کے واسطے استسقا کے سو نہ کیا کچھ مگر استغفار **ص** اور منہ قبلے کی طرف کرین اور چادر کو نہ اوٹین **ف** بعض احادیث مین چادر کو اوٹنا اسطرح ثابت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے داہنا کنارہ چادر کا بائین طرف کیا اور بایان کنارہ داہنی طرف کیا اور ظاہر ہوا چادر کا باطن ہو گیا اور باطن چادر کا ظاہر ہو گیا روایت کیا اوسکو ابو داود نے اور اکثر احادیث مین اسکا ذکر نہین سو واسطے ہمارے نزدیک نکرین کہ شاید معجزے مین داخل ہو **ص** اور ذمی حاضر ہووے **ق** ذمی وہ کافر کہتے ہین جو اسلام پر اسکو امن دیا گیا ہو اور جو جزیہ بندھا ہووے تو ذمی ہو واسطے حاضر نہو کہ دعا وغیرہ واسطے طلب نزول رحمت کے ہی اور اوپر لعنت برستی ہی

باب فرض پانے کے بیان مین

جسنے کہ نماز فجر یا مغرب تنہا شروع کی اور پھر تکبیر کہی گئی واسطے جماعت کے نماز توڑے اور جماعت سے پڑھے اگرچہ ایک رکعت پڑھ چکا ہووے اور اگر ایک رکعت سے زیادہ پڑھ چکا ہووے مثلاً تو فجر مین اوسکی نماز تمام ہو چکی اور مغرب مین اکثر نماز ہو گئی اور اکثر کو حکم کل کا ہی اور جسنے عشا یا عصر یا ظہر مین شروع کیا اور پھر تکبیر ہوئی پھر واسطے جماعت کے توڑے اور مل جاوے مگر اگر پہلی رکعت کا سجدہ کر لیا ہو تو دوسری رکعت بھی اوسکے ساتھ ملا لیوے تا کہ ایک دو گانہ نفل پڑھا ہو جاوے اور ایک رکعت ضائع نہو جاوے فرمایا اللہ تعالی نے **وَلَا تُبْطِلُوْا اَعْمَالَكُمْ** یعنی نہ باطل کرو اپنے عملون کو بعد اوسکے سلام پھیرے جماعت مین سے اور بغیر دوسری رکعت ملائے نہ توڑے اور اگر ایک رکعت سے کم پڑھا ہی تو توڑ دیوے اور جماعت مین شریک ہووے اگر چار رکعتی نماز مین تین پڑھ چکا ہی اور تکبیر ہوئی نماز کو تمام کرے بعد اوسکے نفل جماعت سے پڑھے مگر عصر مین پھر امام کے ساتھ نہ پڑھے کیونکہ نفل بعد عصر کے مکروہ ہین اور اگر مسجد مین اذان ہو گئی تو مسجد سے نکلنا قبل نماز کے مکروہ ہی **ف** کیونکر روایت کیا ابن ماجہ نے معبد عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے کہ بادی اذان مسجد مین پھر نکلا بغیر کسی حاجت کے اور وہ پھر آنیکا ارادہ نہین رکھتا سو وہ منافق ہی اور روایت کیا ابو داود نے مراسیل مین سعید بن المسیب سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین نکلتا ہی کوئی شخص مسجد سے بعد اذان کے مگر منافق لیکن جس شخص کو کسی حاجت نے نکالا ہووے اور وہ پھر آنے کا ارادہ رکھتا ہی اور مراسیل سعید مقبول ہین بالاتفاق کیونکہ پایا اون لوگون نے اونکے مراسیل کو مسانید اور روایت کیا جماعت نے سوا بخاری کے ابو الشعثا سے کہا کہ تھے ہم ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد مین سو نکلا ایک شخص جب اذان دی موذن نے تب کہا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ اس شخص نے نافرمانی کی ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی اور ابو القاسم حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت ہی اور روایت کیا اوسکو ابن راہویہ نے مسند مین اور زیادہ کیا اوسمین کہ حکم کیا ہمکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ نکلو مسجد سے بعد اذان کے **ص** اور اگر ظہر یا عشا کے وقت مسجد مین اقامت ہوئی مکروہ ہی کہ قبل نماز کے وہان سے نکلے اگرچہ آپ نماز پڑھ چکا ہو مگر یہ کہ دوسری جماعت کا مقیم ہووے اور فجر عصر مغرب مین اگر نکل جاوے تو جائز ہی بغیر کراہت کے اگرچہ تکبیر ہو چکی ہو کیونکہ اگر جماعت مین شریک ہو جاویگا تو وہ نماز نفل ہو گی اور نفل بعد فجر اور عصر کے مکروہ ہی اور مغرب مین تین رکعتین ہین اور تین رکعت نفل شروع نہین اور جو شخص ڈرتا ہی کہ اگر سنت فجر کی پڑھونگا تو نماز فرض جماعت سے نہ ملیگی سنت کو ترک کرے اور جو ایک رکعت ملنے کی امید ہو تو ترک کرے اور اگر سنت فجر کی پڑھ کر فرض جماعت سے فوت ہوئی تو قضا نکرے جب تک کہ آفتاب نہ نکلے **ف** کیونکہ فرض تو پڑھ چکا اور فقط نفل ادا ہی ہوا

حاشیہ: یعنی اسی اذان مسجد کا اور مسجد کا اور سوا بخاری کے اور سب سے روایت ہوئی ہی مرتبہ ظاہر

اور نفل بعد فجر کے مکروہ ہی یہان تک کہ آفتاب نکلے اور دلیل اسکی گذری **ص** اور بعد آفتاب نکلنے کے بھی شیخین کے نزدیک قضا نکرے اور امام محمد کے نزدیک زوال تک قضا کرے اور بعد زوال کے نہ کرے اور اگر ساتھ فرض کے فوت ہوئی ہو تو اگر قبل زوال کے قضا کرے تو دونون کی قضا کرے اور بعض مشائخ کے نزدیک بعد زوال کے بھی اور بعض کے نزدیک بعد زوال کے فقط فرض کی قضا پڑھے

ف اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جب رات تعریس[1] مین فجر فوت ہوئی تھی تو آپ نے قضا کیا تھا اوسکو ساتھ سنت کے قبل زوال کے ساتھ اذان اور اقامت کے جماعت سے اور یہ حدیث شرح وقایہ مین موجود ہی اور روایت ہی ابو قتادہ سے کہا کہ سیر کی ہمنے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک رات یعنی جب تھوڑی رات باقی تھی سو کہا ہم مین سے بعض لوگون نے کاش کے سوتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو فرمایا آپنے خوف کرتا ہون مین کہ سوجاؤ تم نماز سے یعنی نماز فجر سے تب کہا بلال نے جگا دونگا مین آپکو اے رسول اللہ سو لیٹ رہے سب لوگ اور بلال نے اپنی اونٹنی پر تکیہ لگایا اور وہ بھی سو گئے پھر جب جاگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو کیا دیکھا کہ نکل آیا کنارہ آفتاب کا پھر کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہان گیا وہ جو تمنے کہا تھا اور جواب دیا بلال نے کہ کبھی ایسی نیند آج تک مجکو نہین آئی اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ نے قبض کرلین ارواح تمھاری اور پھیر دیتا ہی جسوقت چاہتا ہی ای بلال کھڑا ہو اور اذان دے نماز کی اور وضو کیا اور جب بلند ہو گیا آفتاب اور سپید ہوا کھڑے ہوئے آپ اور نماز پڑھی جماعت سے روایت کیا اسکو بخاری مسلم ابو داود نسائی ترمذی وغیرہم نے اور ابو داود کی روایت مین ہی کہ جب جگایا اونکو آفتاب کی گرمی نے سو کھڑے ہوئے اور چلے پھر اوترے اور وضو کیا اور اذان دی بلال نے پھر پڑھی انھون نے سنت فجر کی بعد اوسکے پڑھی نماز فجر کی اور سوار ہوئے آخر حدیث تک اور روایت کیا اسکو مالک نے زید بن اسلم سے مرسل اور روایت کیا نسائی نے ابن عباس سے اور اس سے ثابت ہوا کہ اور نمازون کی قضا کرے تو بھی اذان اور اقامت کہے اور جماعت سے پڑھے اور یہ حکم فقط سنت فجر مین ہی کیونکہ اوسمین تاکید زیادہ ہی سب سنتون سے اور باقی سنتون مین یہ حکم نہین **ص** سنت ظہر کی چاہے خوف ہو جماعت کے جائیگا یا نہو ترک کیجاویگی اور بعد فرض کے قبل دو گانہ سنت کے پڑھ لیوے اور سوا انکے کوئی سنت قضا نہین کیجاویگی

ف کیونکہ سنتین عصر اور عشا کی مستحب ہین اور مغرب کے اول مین سنت ہی نہین اور مغرب اور عشا کے بعد کی سنتین اگرچہ سنت ہین لیکن اونکی تاکید نہین اور سنت فجر مین آپنے ارشاد فرمایا صَلُّوْهُمَا وَاِنْ طَرَدَتْكُمُ الْخَيْلُ یعنی پڑھ لو اون دو رکعتون کو اگرچہ روند ڈالین تمکو گھوڑے اور نہ چھوڑو اونکو روایت کیا اوسکو ابو داود نے ابو ہریرہ سے اور اسناد اوسکا ضعیف ہی لیکن قابل قبول کے ہی اور صحیحین مین ہی حضرت عایشہ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ نگاہ رکھنے والے کسی نفل کو سنت فجر سے اور سنن نسائی مین ہی کہ دو رکعتین قبل فجر کے بہتر ہین دنیا سے اور جو اوسمین ہی اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سنت ظہر مین کہ جو شخص چھوڑیگا چار رکعت کو قبل ظہر کے نہ پونچیگی اوسکو شفاعت میری اور یہ حدیث ہدایہ مین ہی کہا شیخ ابن الہمام نے وَاَمَّا مَا ذَكَرَهُ مِنْ حَدِيْثِ سُنَّةِ الظُّهْرِ فَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِهٖ یعنی جو ذکر کیا اوسکو مصنف نے سنت ظہر مین سو اللہ اوسکو جانتا ہی اور یہ حدیث اونکو نہین ملی لیکن صحیح بخاری مین ہی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہین چھوڑتے تھے چار رکعت کو قبل ظہر کے اور دو رکعتون کو قبل فجر کے اور ایک روایت مین ہی کہ نہین چھوڑتے تھے اوسکو کبھی اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا تَتْرُكُوْا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

[1] قولہ تعریس کہتے ہین سفر کے اخیر رات مین منہ ع فقہ

فَاِنَّ فِیْهَا الرَّغَائِبَ یعنی نہ ترک کرو دو رکعتون کو قبل فجر کے کیونکہ اوسمین بہت عطائین ہین اللہ تعالی سے اخراج کیا اسکا ابو یعلی نے ابن عمرؓ سے اور کہا حضرت عایشہؓ نے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے سنتون کو اور کبھی ترک کرتے تھے لیکن نہین دیکھا مینے آپ کو کہ ترک کی ہون دو رکعتین قبل فجر کی سفر اور نہ حضر مین روایت کیا اسکو طبرانی نے اوسط مین قابوس بن ابی ظبیان سے انھون نے اپنے باپ سے انھون نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے **ص** اور جس شخص نے ایک رکعت ظہر کی جماعت سے پائی جماعت اوسنے نہین پڑھی بلکہ فضیلت جماعت کی پائی تو اگر کسیسنے قسم کھائی کہ ظہر کی نماز مین جماعت سے پڑھونگا اور اوسنے ایک رکعت پائی قسم اوسکی جھوٹی ہوئی کیونکہ اوسنے جماعت کو نہین پایا بلکہ فضیلت جماعت کو پایا اور جو شخص کہ مسجد مین آیا اور جماعت اوسمین ہو چکی تھی تو اوسنے چاہا کہ فرض کو تنہا ادا کرے تو کرخی وغیرہ کے نزدیک سنتین نہ پڑھے اور حسن بن زیاد کے بھی نزدیک فرض سے شروع کرے لیکن صحیح یہ ہی کہ سنتین پڑھے لیکن جب وقت تنگ ہو تو ترک کرے اور جسنے کہ اقتدا کی اور امام رکوع مین ہی اور ٹھہرا یہان تک کہ امام نے سر اوٹھالیا تو وہ رکعت اوسکو نہین ملی اور امام زفر کے نزدیک مل گئی اگر کسی شخص نے قبل امام کے رکوع کیا اور پھر امام رکوع مین گیا درست ہو گیا اور امام زفر کے نزدیک درست نہین ہوا

باب قضا نمازون کے پڑھنے کے بیان مین

ا اگر کسی شخص کی ایک دن رات کی نماز یعنی پانچ نمازین اور وتر فوت ہوئی ترتیب سے پڑھنا فرض ہی اور جب بعض وقتی ہون اور بعض قضا اوسمین بھی ترتیب فرض ہی **ف** کیونکہ روایت کیا دار قطنی نے پھر بیہقی نے اسمعیل بن ابراہیم رحمانی سے انھون نے سعید بن عبد الرحمن جمحی سے انھون نے عبد اللہ سے انھون نے نافع سے انھون نے ابن عمر سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بھول جاوے نماز اور نہ یاد کیا اوسکو مگر اوسوقت مین کہ وہ ساتھ امام کے نماز پڑھتا ہی سو تمام کرلے نماز اپنی اور بعد اوسکے اوس قضا نماز کو پڑھے اور جب فارغ ہو اوس نماز سے تو اعادہ کرے اوس نماز کو جو ساتھ امام کے پڑھی تھی اور روایت کیا اوسکو مالک نے نافع سے انھون نے ابن عمرؓ سے موقوفا اور صحیح کیا دار قطنی اور ابو زرعہ نے وقف اوسکا اور اختلاف کیا انھون نے اوس شخص مین جسنے رفع مین خطا کی سوا انھین سے وہ لوگ ہین جنھون نے نسبت کی خطا کی طرف سعید بن عبد الرحمن کے اور بعضون نے طرف ترجمانی کے اور لیکن شک نہین اس بات مین کہ رفع زیادت ہی اور زیادت ثقہ سے مقبول ہی اور یہ دونون شخص ثقہ ہین کہا یحیی بن معین نے ترجمانی مین نہین حرج ہی ساتھ اونکے اور ایسا ہی کہا ابو داود اور احمد نے اور اسی طرح توثیق کی ابن معین نے سعید کی اور ذکر کی ذہبی نے توثیق اوسکی بہت لوگون سے میزان الاعتدال مین **ف** اگر کوئی کہے کہ یہ دونون برابر مالک کے نہین اور مالک نے وقف کیا اوسکا جواب اوسکا یہ ہی کہ یہ کچھ معارضہ نہین ہی جسمین برابری توثیق مین دونون راویون کی شرط ہی بلکہ زیادت ہی اور زیادت مین برابر ہونا راویون کا قوت مین شرط نہین اور حجت نہ پکڑی جاویگی ساتھ قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جو شخص کہ سو جاوے کسی نماز سے یا بھول جاوے اوسکو تو پڑھلے اوسکو جب یاد کرے اوسکو کیونکہ اس سے یہ معلوم نہین ہوتا کہ اول جو اوسنے نماز بھولنے سے پڑھلی ہی اوسکو پھر ارادہ کرے اور وہ نماز فاسد ہو گئی اور دلیل اول مسئلہ کی یہ ہی کہ روایت کیا ترمذی اور نسائی نے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ یہ تحقیق مشرکین نے روک رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چار نمازون سے دن خندق کے یہان تک کہ کچھ رات بھی گذر گئی تھی سو حکم کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال کو اور انھون نے اذان دی پھر اقامت کہی اور نماز پڑھی اول ظہر کی پھر اقامت کہی اور نماز پڑھی عصر کی پھر اقامت کہی

ف ترجمانی سعید بن عبد الرحمن

اور نماز پڑھی مغرب کی پھر اقامت کہی اور نماز پڑھی عشا کی کہا ترمذی نے نہین ہی ساتھ اسناد اوسکی کے کچھ حرج لیکن ابو عبیدہ نے اپنے باپ ابن مسعود سے نہین سنا یعنی وہ منقطع ہی اور جواب اوسکا یہ ہی کہ منقطع درصورت ثقہ ہونے راویون کے مرسل مین داخل ہی اور مرسل ہمارے نزدیک حجت ہی اور کہا شیخ محی الدین نووی نے خلاصے مین کہ ابو عبیدہ نے نہین پایا اپنے باپ کو اور یہ قول صحیح نہین کہا ابو داود سلیمان بن اشعث نے تو فی وَلِدِہٖ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ سَبْعُ سِنِیْنَ یعنی وفات کی عبداللہ بن مسعود نے اور ابو عبیدہ سات برس کے تھے نقل کیا یہ شیخ ابن الہمام نے علاوہ اسکے اخراج کیا اسکا نسائی نے غیر اسکے احمد ابن حبان نے صحیح مین اور روایت کیا بزار نے جابر بن عبداللہ سے اَنَّہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ شُغِلَ مِنَ الْخَنْدَقِ عَنْ صَلٰوۃِ الظُّھْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ حَتّٰی ذَھَبَ سَاعَۃٌ مِّنَ اللَّیْلِ فَاَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ فَاَقَامَ فَصَلَّی الظُّھْرَ ثُمَّ اَمَرَہٗ فَاَذَّنَ فَاَقَامَ فَصَلَّی الْعَصْرَ ثُمَّ اَمَرَہٗ فَاَذَّنَ فَاَقَامَ فَصَلَّی الْمَغْرِبَ ثُمَّ اَمَرَہٗ فَاَذَّنَ فَاَقَامَ فَصَلَّی الْعِشَاءَ قَالَ مَا عَلٰی وَجْہِ الْاَرْضِ قَوْمٌ یَذْکُرُوْنَ فِیْ ھٰذِہِ السَّاعَۃِ غَیْرُکُمْ اور معنی اوسکے وہی ہین جو اوپر گذرے لیکن آہین ہر نماز مین اذان ہی اور اسناد مین اوسکی عبدالکریم بن ابی المخارق ضعیف ہی ضعیف کیا اوسکو ابن سعد نے مثل ترمذی وغیرہ کے اور روایت کیا اس مضمون کو صحیحین مین اور ابن حبان نے اور سوا انکے بہت لوگون نے **ص** اور جسکو یاد ہو اگر اوسنے رات کو وتر نہین پڑھے فجر کی نماز اوسکی جائز نہوگی امام صاحب کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک جائز ہوگی اور اگر اوسکو معلوم ہوا کہ فرض عشا کے بےوضو اوسنے پڑھے تھے اور سنت اور وتر کو باوضو امام صاحب کے نزدیک فرض اور سنت کا اعادہ کرے اور وتر کا اعادہ نکرے اور صاحبین کے نزدیک وتر کا بھی اعادہ کرے اور ترتیب کو ساقط کردیتی ہی وقت کی تنگی تو مثلاً عشا اور وتر فوت ہوگئے اور فجر کا وقت اتنا باقی ہی کہ پانچ رکعتین پڑھ سکتا ہی صبح کی نماز اور وتر پڑھلیوے امام ابو حنیفہ کے نزدیک اور اگر ظہر اور عصر فوت ہوئین اور وقت مغرب کا اتنا باقی ہی کہ سات رکعتین پڑھ سکتا ہی ظہر اور مغرب پڑھ لیوے اور بھول جانا بھی ترتیب کو ساقط کردیتا ہی مثلاً ادا پڑھنے کے وقت قضا یاد نہی ہو اور پانچ نمازون سے زیادہ اگر فوت ہوا ہون تو بھی ترتیب ساقط ہوتی ہی اگرچہ اگلی ہون یعنی چھ سے زیادہ ہون یا حادث ہون یعنی چھ سے کم ہون یا چھ ہون اور اگر کسیکی ایک مہینے کی نمازین قضا ہوئین اور اوسنے نادم ہوکے وقتی نمازین پڑھنا شروع کین پھر اوسنے ایک نماز چھوڑدی اور اوسکو یاد ہی تو اوسکو وقتی پڑھنا بغیر ادا کرنے اوسکے درست ہی اور اسی طرح اگر سارے مہینے کی قضا نمازون کو پڑھلیا مگر ایک یا دو فرض باقی رہے تو اوسکو ترتیب فرض نہین کیونکہ ترتیب جب ہی جب پانچ یا کم قضا ہوئین ہون تو جب سب ادا کرلیگا ترتیب آجاویگی اور بعض مشائخ کے نزدیک اگرچہ زیادہ اس سے نمازین پڑھ لین اور پانچ یا کم باقی رہین تو پھر ترتیب فرض ہوجاتی ہی اور یہ مذہب مختار امام سرخسی کا ہی اور صاحب محیط نے کہا ہی کہ اسی پر فتوی ہی اور اگر کسیکی ایک نماز قضا ہوگئی تھی اور اوسکو یاد تھی اور بغیر اوسکے ادا کیے پانچ نمازین پڑھین سب فاسد ہونگی تو اگر ایک نماز اور پڑھلی سب صحیح ہوجاوینگی اور اگر قضا بعد پانچ نمازون کے پڑھلی وہ فرض نمازین سب نفل ہوجاوینگی نزدیک امام ابو حنیفہ اور ابو یوسف کے اور اونکو پھر پڑھنا پڑیگا اور امام محمد کے نزدیک نفل بھی نہونگی بلکہ سب باطل ہوجاوینگی

باب سجدۂ سہو کے بیان مین

اگر ایک رکن کو دوسرے رکن پر مقدم کیا یا ایک کو دوبار کیا یا کسی واجب کو بدل دیا یا بھولے سے چھوڑدیا جیسے رکوع قبل قرات کے

کرلیا یا بیچ کے تشہد مین بعد تشہد کے بیٹھا رہا اور امام صاحب سے مروی ہی کہ اگر ایک حرف تشہد پر سے زیادہ کیا تو سجدۂ سہو واجب ہوگا اور بعضون نے کہا ہی کہ اگر اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اتنا زیادہ کیا تو واجب نہوگا مگر جب ایک رکن کے موافق زیادہ ہووے جیسے قیام یا قعود یا دو بار رکوع کرے یا جہری نماز مین آہستہ سے پڑھے اور آہستہ والی مین پکار کے پڑھے یا پہلا قعدہ ترک کردے غرض ترک واجب کا کرے تو ان سب صورتون مین بعد ایک سلام کے دو سجدے کرے اور پھر تشہد وغیرہ پڑھکے سلام پھیرے ف اور امام شافعی کے نزدیک قبل سلام کے اور پھر اسمین اختلاف ہی کہ بعد دونون سلام کے سجدۂ سہو کرے یا بعد ایک سلام کے اور اول کو اختیار کیا صاحب ہدایہ نے اور دوسرے کو صاحب کافی نے اور مین کہتا ہون کہ صحیح یہی ہی کہ بعد دونون سلام کے کرے اور یہی مروی ہی احادیث مین اور ایک سلام کی روایت میسنے نہین پائی دلیل امام شافعی کی یہ ہی کہ روایت کیا بخاری مسلم ابوداود نسائی ترمذی وغیرہم نے عبداللہ بن بحینہ سے انھون نے کہا کہ پڑھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ظہر کی سو کھڑے ہوگئے بعد دو رکعتون کے اور نہ بیٹھے تو کھڑے ہوئے لوگ بھی ساتھ آپ کے یہان تک کہ جب تمام کرلی نماز آپنے اور انتظار کیا لوگون نے سلام کا تکبیر کہی اور وہ بیٹھے رہے تو سجدے کیے دو سجدے قبل اسکے کہ سلام پھیرین اور سجدہ بعد سلام کے بھی مروی ہی صحاح ستہ مین حدیث ذوالیدین سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھین پھر دو رکعتین پھر چلی اور سلام پھیرا پھر تکبیر کہی اور سجدہ کیا اور ایک روایت مین مسلم اور ابوداؤد اور نسائی کی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی عصر اور سلام پھیر دیا آپنے بعد تین رکعتون کے یہان تک کہ کہا راوی نے کہ پڑھی باقی رکعت پھر سلام پھیرا پھر دو سجدے کیے اور سلام پھیرا ولیکن قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کل سہو سجدتان بعد السلام یعنی ہر سہو کے واسطے دو سجدے ہین بعد سلام کے سو روایت کیا اوسکو ابوداود اور ابن ماجہ نے اسمٰعیل بن عیاش سے حدیث ثوبان سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لکل سہو سجدتان بعد السلام کہا بیہقی نے متفرد ہوا ساتھ اوسکے اسمٰعیل بن عیاش اور وہ قوی نہین اور ہمارے نزدیک یہ ممنوع ہی کیونکہ اسمٰعیل بن عیاش ثقہ ہی توثیق کی اوسکی امام جرح والتعدیل کن الدین شیخ یحییٰ بن معین نے اور تضعیف اوسکی ابو اسحٰق فزاری سے مقبول نہین اور دیکھو کہ ابوزرعہ جو امام ہین اس فن مین کہا انھون نے نہین تھا شام مین بعد اوزاعی اور سعید بن العزیز کے حافظ زیادہ اسمٰعیل بن عیاش سے اور عبید اللہ بن عبید کلاعی اوسکی اسناد مین ثقہ ہی اور کہا ابن معین نے نہین حجت ہی ساتھ اوسکے اور زبیر بن اسحٰق عیسی ذکر کیا اوسکو ابن حبان نے ثقات مین اور عبدالرحمن بن جبیر بن نفیر کہا ابوزرعہ اور نسائی نے ثقہ ہی اور کہا ابوحاتم نے صالح الحدیث اور ذکر کیا اوسکو ابن حبان نے ثقات مین اور جنھون نے منکر گنا اس حدیث کو نہین الثقات کیا گیا طرف کلام اونکے کے علاوہ اسکے کہ سکوت کیا اوس سے ابوداود نے اور بفرض تسلیم ایک حدیث قولی اور موجود ہی روایت کیا ابوداود نے عبداللہ بن جعفر سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ شک کرے نماز اپنی مین تو چاہیے کہ سجدے کرے دو سجدے بعد سلام کے اور فعلی حدیثین تو بہت ہین کہ بیان اونکے طول ہوگا بلکہ صحیح بخاری مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد سجدۂ سہو کرنے کے جب شک کرے کوئی تم مین سے نماز اپنی مین تو چاہیے کہ سوچے صواب کو تو اوسی پر عمل کرے اور نماز کو تمام کرے اور سلام پھیرے پھر سجدے کرے دو سجدے اور روایت کیا امالی محاملی مین حسین بن اسمٰعیل نے ایک حدیث ابن مسعود سے بسند صحیح کہا اونے حدثنا البیریٰ ثنا محمد بن جعفر ثنا شعبۃ عن الحکم عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبداللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ صلی الظھر خمسا فسجد سجدتین بعد ما سلم قال شعبۃ وسمعت حمادا وسلیمان یحدثان

ف ابن عباس عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود ف زبیر بن سعید عیسی

اَنَّ اِبْرَاهِیْمَ کَانَ لَا یَدْرِیْ ثَلٰثًا صَلّٰی اَوْ خَمْسًا تامل اس حدیث کا یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد سلام کے دو سجدے کیے اور اسیطرح بہت حدیثین اس باب مین آئی ہین عاقل کو ایک اشارہ کافی ہی اور روایت کیا بخاری نے بھی اس حدیث کو اور یہ حدیث اول مین ہی امالی محاملی کے **ص** مقتدی کے سہو سے کسی پر سجدہ لازم نہ آویگا بلکہ امام کے سہو سے اگر سجدہ کرے اور سبوق بھی امام کے ساتھ سجدہ کرے اور بعد اوسکے باقی نماز پڑھ لیوے اور جو قعدۂ اولی کو بھولے اور بیٹھنے کی طرف نزدیک ہی بیٹھ جاوے اور سجدۂ سہو نکرے اور اگر قیام سے نزدیک ہی کھڑا ہو جاوے اور اخیر نماز مین سجدہ کرے اور جو قعدۂ اخیر سے اگر بھول کے کھڑا ہو گیا جب تک اوس رکعت کا سجدہ نہین کیا اگر یاد ہووے تو بیٹھ جاوے اور سجدۂ سہو کرے اور اگر سجدہ کر لیا تو فرض اوسکے نفل ہو جاوینگے تو اوسکے ساتھ چوتھی رکعت بھی اگر چاہے ملا لیوے **ف** اور یہ اوسکی شیت پر اسواسطے موقوف کیا کہ نفل شروع سے اگر نہ ہوا ہو تو نہین ہوتا تمام کرنا اوسکا جیسا کہ گذرا اور ملانا ایک رکعت کا اچھا ہی کیونکہ منع فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رکعت پڑھنے سے اسکے اخراج کیا اوسکا ابن عبد البر نے ابو سعید خدری سے **ص** اور اگر قعدۂ اخیرہ کرکے بھولے سے کھڑا ہو جاوے تو جب تک پانچویں رکعت کا سجدہ نہین کیا ہی بیٹھ جاوے اور بعد سجدے کے چاہیے ایک رکعت اور ملا لیوے اور سلام پھیرے اور سجدۂ سہو کرے تو چار رکعتین اوسکی فرض ادا ہو جاوینگی اور دو نفل ہو جاوینگی تو اگر اوسنے تو ڈالا تو دوبارہ ادا کریگا قضا لازم نہ آویگی اور یہ دو رکعتین سنت ظہر کے قائم مقام نہوئین اور جو شخص ان دو رکعتون مین امام کی اقتدا کریگا اوسکو پڑھنا لازم آوینگی اور توڑ دیگا تو قضا لازم آویگی اور امام صدر کے نزدیک پھیر رکعتین اوسکو پڑھنا چاہیے اور اگر توڑ دے تو قضا لازم نہ آویگی جیسے امام قضا نہین کرتا اور اگر دو رکعت نفل مین سہو ہوا سجدہ کرے اور بعد سجدے کے بغیر سلام کے دوسرا نفل اوسکے ساتھ ملا لے اور اگر ملا لیا تو درست ہو جاویگا اور اگر کسیکو نماز مین سہو ہوا اور اخیر نماز مین سجدۂ سہو کی نیت سے سلام پھیر لیا تو اگر اوسنے بعد سلام کے سجدہ کیا تو گویا نماز سے وہ فارغ ہو چکا اور اگر سجدہ کیا تو وہ نماز مین ہی ہے تو اگر اوسنے سلام کیا اور کسیسے اوسکے ساتھ اقتدا کی پھر اوسنے سجدۂ سہو کیا اقتدا اوسکی صحیح ہو جاویگی اور اگر نکیا تو اقتدا اوسکی باطل ہو جاویگی اور اگر سلام کیا اور قہقہہ کیا اور پھر سجدۂ سہو کیا وضو اوسکا باطل ہو جاویگا اور اگر سجدہ نکیا تو باقی رہیگا اور اگر سلام پھیرا اور وہ مسافر تھا اوسنے نیت اقامت کی کی پھر سجدۂ سہو کیا تو اب چار رکعتین اوسپر فرض ہو جاوینگی اور اگر سجدہ نکیا تو فرض نہونگی اور اگر نماز مین سہو ہوا اور اوسنے توڑ دینے کی نیت سے سلام پھیرا نیت اوسکی باطل ہوگی اور سجدۂ سہو کرنا اوسکو جائز ہوگا اور اگر نماز مین شک ہوئی کہ کتنی رکعتین پڑھی ہین اگر پہلی مرتبہ شک ہوئی ہی اور کبھی نہین ہوئی تھی تو نماز پھر شروع سے پڑھے **ف** کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب شک کرے کوئی تم مین سے سو نہ جانے کہ کتنی رکعتین پڑھین چاہیے کہ دوبارہ نماز کو اور یہ حدیث ہدایہ مین ہی اور مجکو نہین ملی کہا شیخ ابن الہمام نے وَهُوَ غَرِيْبٌ **ص** اور اگر کئی بار شک ہو چکی ہو تو جو ذہن پر غالب ہو اوسپر عمل کرے **ف** کیونکہ روایت کیا ترمذی اور ابو داود نے اور بخاری و مسلم نے اور نسائی نے بھی ابن مسعود سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب شک کرے کوئی تم مین سے اپنی نماز مین تو چاہیے کہ تلاش کرے صواب کو اور بنا کرے اوسپر پھر سجدہ کرے دو سجدے اور روایت کیا سوا بخاری کے ابو داود و ترمذی مالک و غیرہم نے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب شک کرے کوئی تم مین سے اپنی نماز مین اور نہ جانے کہ تین پڑھین یا چار پڑھین تو چاہیے کہ دفع کرے شک کو اور بنا کرے یقین پر پھر سجدے کرے دو سجدے قبل سلام کے تو اگر پڑھا ہوگا پانچ رکعتین شفاعت کریگی اوسکی نماز

اور اگر پوری چار پڑھین تو ذلت ہونگی واسطے شیطان مردود کے اور روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے بھی ص اور اگر سوچنے مین کچھ نہ معلوم ہووے کم کو اختیار کرے اور جسکو اخیر نماز کا جانے اوس جگہ بیٹھ جاوے تو اگر اوسنے شک کیا کہ تین رکعتین یا چار رکعتین پڑھی ہین اور کچھ اوسکے ذہن کو معلوم نہووے تین رکعت کو لیوے لیکن بیٹھ کے پھر چوتھی رکعت پڑھے ف تاکہ قعدۂ اخیرہ ترک نہو جاوے اور مروی ہی عبدالرحمن بن عوف سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سہو کرے کوئی تم مین سے نماز مین سو نہ جانے کہ ایک پڑھین یا دو پڑھین تو بنا کرے ایک پر اور اگر نہ جانے کہ دو پڑھین یا تین پڑھین تو بنا کرے دو پر اور اگر نہ جانے کہ تین پڑھین یا چار پڑھین تو بنا کرے تین پر اور سجدہ کرے دو سجدے قبل سلام کے اخراج کیا اوسکا ترمذی نے اور روایت کیا اوسکو ابن ماجہ نے بھی

باب بیمار کی نماز کے بیان مین

اگر کوئی شخص بیماری کے سبب سے یا کوئی مرض نماز کے اندر حادث ہونے سے یا قبل نماز کے کھڑا نہ ہوسکے تو بیٹھ کے نماز پڑھے اور سجدہ اور رکوع کرے اور اگر سجدہ اور رکوع پر بھی قادر نہو بیٹھ کے سر سے اشارہ کرے اور سجدے مین رکوع سے زیادہ جھکے اور کوئی اونچی چیز سجدے کے واسطے نہ رکھے اور اگر بیٹھنے پر بھی قادر نہو چت لیٹے اور پیر قبلے کی طرف کرے اور اشارے سے سر کے نماز پڑھے یا کروٹ پر لیٹے مگر مونہہ قبلے کی طرف کرے اور چت لیٹنا بہتر ہی اور اگر اشارہ بھی متعذر ہو تو نماز کی تاخیر کرے اور آنکھ اور پلک اور دل سے اشارہ نکرے ف روایت کیا جماعت نے سوا مسلم کے عمران بن حصین سے کہا کہ تھی مجکو بواسیر اور پوچھا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی نماز کو کہا کہ پڑھ کھڑے ہوکے اور اگر نہ قدرت ہو تو بیٹھ کے اور اگر نہ قدرت ہو تو پہلو پر زیادہ کیا نسائی نے اور اگر قدرت نہ رکھے تو چت لیٹ کے نہین تکلیف دیتا ہی اللہ کسیکو مگر موافق طاقت اوسکی کے اور نہین ذکر کیا اشارے کا لیکن جب لیٹ کے پڑھیگا تو بالضرور اشارے ہی سے پڑھیگا اور کوئی اونچی چیز واسطے سجدے کے نہ رکھے کیونکہ ہدایہ مین حدیث ہی کہ اگر قدرت رکھے تو کہ سجدہ کرے زمین پر تو سجدہ کر اور نہین تو اشارہ کر اپنے سر سے اور یہ حدیث اس لفظ سے نہین ملی لیکن روایت کیا بزار نے مسند مین اور بیہقی نے معرفت مین جابر رضہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عادت کی ایک مریض کی سو دیکھا اوسکو کہ سجدہ کرتا ہی تکیے پر سو پھینک دیا آپ نے تب لی اوس مریض نے ایک لکڑی کہ سجدہ کرے اوس پر اور حضرت نے اوسکو بھی پھینک دیا اور کہا کہ اگر قدرت رکھتا ہی تو زمین پر پڑھ اور نہین تو اشارے سے پڑھ اور کر سجدے کو زیادہ جھکا کے رکوع سے کہا بزار نے نہین جانتے ہین ہم کہ کسینے روایت کیا ہی اوسکو ثوری سے مگر ابوبکر حنفی نے اور متابعت کی اوسکی عبدالوہاب اور عطار نے ثوری سے انتہی لیکن ابوبکر ثقہ ہی کہا شیخ ابن الہمام نے اور مین کہتا ہون کہ اس باب مین بہت آثار صحیحہ مروی ہوئین ہین روایت کیا ابن ابی شیبہ نے ابن عمر سے کہ عیادت کی انھون نے صفوان کی اور پایا اونکو کہ سجدہ کرتے ہین تکیے پر سو منع کیا اونکو اور کہا کہ اشارے سے پڑھ اور روایت کیا مسروق سے کہا کہ داخل ہوئے عبداللہ اپنے بھائی پر تو دیکھا اونکو کہ نماز پڑھتے ہین لکڑی پر سو چھین لیا اوسنے اور دور کیا اوسکو اور کہا کہ اشارہ کر جہان تک کہ تیرا سر پہونچے اور روایت کیا جبلہ بن سحیم سے کہا کہ پوچھا مینے ابن عمر سے نماز مریض سے اور یہ لکڑی کے کہا کہ نہین حکم کرتا ہون مین تجکو ساتھ عبادت بتون کے بلکہ اگر استطاعت رکھو تو پر پھو کھڑے ہوکے ورنہ بیٹھ کے ورنہ کروٹ لیکے اور روایت کیا عروہ سے کہا انھون نے کہ مریض اشارہ کرے اور نہ اوٹھاوے اپنے مونہہ کی طرف کسی چیز کو اور کہا ابن ابی شیبہ نے کہ اس باب مین روایت ہی ابوسعید سے اور گئے طرف اوسکے تابعین ابراہیم اور سعید بن المسیب اور حسن اور شریح اور ابن سیرین اور عامر اور عطا اور طاؤس اور مسروق سے اور روایت کیا

دارقطنی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نماز پڑھے بیمار کھڑے ہو کے تو اگر قدرت نرکھے پڑھے چت اور دونون پیر کرے
طرف قبلے کے اور یہ حدیث ضعیف ہی ساتھ حسن بن حسن عربی کے **ص** اگر رکوع اور سجدہ نکر سکے اور بیٹھا اور کھڑا ہو سکتا تک
بیٹھ کے اشارے سے پڑھے اور یہ کھڑے ہو کے اشارہ کرنے سے بہتر ہی اور جو شخص نماز اشارے سے پڑھتا ہی اور وہ شخص نماز کے
اندر اچھا ہو گیا نماز پھر سر سے پڑھے اور جو بیٹھنے والا نماز مین کھڑے ہونے پر قادر ہو گیا باقی نماز کو کھڑے ہو کے پڑھے اور سر سے نہ لوٹاوے
اور جو کشتی جاری ہی اوسمین بیعذر بیٹھ کے نماز پڑھنا درست ہی اور جو بندھی ہی تو درست نہین اور اگر کوئی ایکدن رات تمام دیوانہ
یا بیہوش رہا واجب ہی کہ نمازون کو اوسدن کی قضا کرے اور اگر گھڑی بھر بھی اس سے زیادہ بیہوشی رہی یا جنون رہا تو قضا نکرے اور
امام محمد کے نزدیک اگر پانچ وقتون تک حالت رہی تو قضا لازم آویگی اور جو چھ وقت نماز تک یا زیادہ تک رہی تو قضا ساقط ہو گی **ف**
اور کہا صاحب ہدایہ نے کہ قیاس یہ ہی کہ جب کسی نماز کا وقت گذر جاوے بیہوشی مین تو وہ نماز اوس سے ساقط ہوتی ہی اور پانچ نمازون تک
قضا کرنا بہ استحسان ہی اور یہی مذہب ہی مالک اور شافعی کا اور دلیل وہ ہی جو روایت کیا دارقطنی نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے
تحقیق کہ پوچھا انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اوس شخص کو جو بیہوش ہو جاوے اور ترک کرے نماز کو کہا کہ نہین ہی اوون نمازونکی
قضا مگر اوس نماز کی جسکا وقت باقی رہا اور اوسمین ہوشیار ہوا ہو اور یہ حدیث نہایت ضعیف ہی اسناد مین اوسکی حکم بن عبداللہ
بن سعد آملی ہی کہا احمد نے کہ احادیث اوسکی موضوع ہین اور کہا ابن معین نے نہین ہی ثقہ اور نہین ہی مامون اور کاذب کہا اوسکو ابوحاتم
وغیرہ نے اور کہا بخاری نے ترک کر دی گئی ہی حدیث اوسکی اور دلیل ہماری یہ ہی کہ روایت کیا محمد بن حسن نے عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ عَنْ حَمَّادِ
بْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ النَّخَعِیِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ سُئِلَ فِی الَّذِیْ یُغْمٰی عَلَیْهِ یَوْمًا وَّلَیْلَةً قَالَ یَقْضِیْ
یعنی کہا ابن عمر نے کہ جو شخص بیہوش ہو جاوے ایکدن رات قضا کرے اور روایت کیا عبدالرزاق نے نافع سے کہ بیہوش رہا ابن عمر ایک مہینے سو نہ قضا کی اوسکی جو فوت ہوا اور روایت کیا ابراہیم بن حرمی نے آخر کتاب غریب الحدیث کے **ثنا** اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ
ثنا زَائِدَةُ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ قَالَ اُغْمِیَ عَلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ یَوْمًا وَّلَیْلَةً فَاَفَاقَ
وَلَمْ یَقْضِ مَا فَاتَهٗ یعنی بیہوش رہے ابن عمر ایکدن اور ایکرات اور نہ قضا کی اوسکی جو فوت ہوا واللہ اعلم

باب سجدۂ تلاوت کے بیان مین

سجدۂ تلاوت کا ایک سجدہ ہی سب نماز کی شرطون سے دو تکبیرون کے بیچ مین بغیر ہاتھ اوٹھانے کے اور تشہد اور سلام کے
اور سجدۂ تلاوت مین جو نماز کے سجدے مین پڑھتا ہی پڑھے اور چودہ آیتون مین سے جو انمین سے ایک آیت پڑھے سجدہ واجب ہوتا ہی
پہلی آیت سورۂ اعراف کے اخیر کی دوسری سورۂ رعد کی تیسری سورۂ نحل کی چوتھی بنی اسرائیل کی پانچوین مریم کی چھٹی پہلی آیت
سجدے کی سورۂ حج سے اور امام شافعی کے نزدیک دوسری آیت سجدہ یعنی وَارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا مین بھی سجدہ کرے
ف اور ہمارے نزدیک اسواسطے سجدہ اوس جگہہ نکرے کہ وہ سجدہ نماز کا ہی ذکر کیا اسکو تفصیل سے شیخ ابن الہمام نے اور امام شافعی
جو دلیل لاتے ہین حدیث عقبہ بن عامر کی کہ کہا مینے ای رسول اللہ کیا فضیلت دی گئی سورت حج کی اس سبب سے کہ اوسمین دو سجدے ہین
فرمایا کہ ہان اور جو اون دونون سجدون کو نکرے تو اوس سورت کو بھی نہ پڑھے کہا ترمذی نے نہین ہی اسناد اوسکا قوی اور یہ
اس سبب سے کہ اسناد مین اوسکی ابن لہیعہ ضعیف ہی اور روایت کیا ابوداؤد نے مراسیل مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے

تفضیل دی گئی سورت حج کی بسبب دو سجدوں کے کہا ابو داؤد نے یہ حدیث مسند کی گئی ہی اور صحیح نہین ہی اور اخراج کیا حاکم نے اوس حدیث ترمذی کو اور کہا کہ عبد اللہ بن لہیعہ امامون مین سے ہی لیکن اخیر عمر مین اوسکو اختلاط ہو گیا تھا اور مین کہتا ہون کہ اگر یہ قول مسلم بھی ہووے تو بھی صحت حدیث کی جب ہو گی کہ اس حدیث کے راوی نے قبل حالت اختلاط کے عبد اللہ سے سنا ہو ورنہ حدیث ضعیف بہرصورت ہی اور اس باب مین ایک اور حدیث ہی کہ روایت کیا اوسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ابن مُنین سے انھون نے عمرو بن العاص سے کہا کہ پڑھائے مجکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پندرہ سجدے قرآن مین اونمین سے تین مفصل مین ہین اور سورۂ حج مین دو سجدے ہین اور یہ بھی حدیث ضعیف ہی کہا عبد الحق نے ابن مُنین کہ نہین حجت ہی ساتھ اوسکے اور کہا ابن القطان نے وہ مجہول ہی اور نہین پہچانا جاتا حال اوسکا **ص** ساتوین فرقان کی آٹھوین نمل مین نوین سورۂ سجدہ مین دسوین ص مین **ف** اور امام شافعی کے نزدیک اس مین سجدہ نہین اور دلیل اونکی یہ ہی جو روایت کیا ابو داؤد نے خطبہ پڑھا ہم پر ایک روز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تو پڑھی سورۂ **ص** اور جب آیا سجدہ اوترے اور سجدہ کیا اور کیا ہمنے بھی ساتھ آپکے اور پھر ایک اور بار آپنے پڑھا **ص** کو تو جب مستعد ہوئے ہم واسطے سجدے کے اور دیکھا آپنے ہمکو فرمایا کہ یہ توبہ ایک نبی کی ہی اور لیکن مینے تمکو مستعد سجدے کے لیے جانا اور پھر اوترے آپ اور سجدہ کیا تو اس سے معلوم ہوا کہ سجدۂ **ص** کا واجب نہین اور دوسری یہ کہ روایت کیا ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی وغیرہم نے ابن عباس سے کہ کہا انھون نے نہین سجدہ **ص** کا واجبات سجدون مین سے اور دیکھا مینے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ سجدہ کرتے تھے **ص** مین اور فرماتے تھے سجدہ کیا اوسکا داود علیہ السلام نے توبہ کی نیت سے اور ہم سجدہ کرتے ہین واسطے شکر کے اور جواب اسکا یہ ہی کہ اس حدیث سے عدم وجوب ثابت نہین ہوتا اور ہونا سجدے کا شکر کے لیے منافی وجوب کے نہین غایۃ الامر یہ ہی کہ آپنے سبب سجدہ کرنے کا حق داود علیہ السلام مین اور ہمارے حق مین ارشاد فرمایا جیسا کہ عاقل پر پوشیدہ نہین ہیگا اور کہا امام حافظ ابو محمد عبد اللہ بن یعقوب بن الحرب تخریج کرنیوالے مسند ابی حنیفہ نے اپنی سند سے عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِیَاضِ الْاَشْعَرِیِّ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِیْ ص یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا **ص** مین اور دلیل ہماری ہی اور روایت کیا امام احمد نے بکر بن عبد اللہ مُزنی سے انھون نے ابو سعید سے ایک حدیث اور آخر اوسکا یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ سجدہ کرتے تھے **ص** مین نقل کیا اوسکو شیخ ابن الہمام نے **ص** گیارھوین خمسہ سجدہ کا مین بارھوین والنجم مین تیرھوین والنشقت مین چودھوین اقرأ مین اور امام شافعی کے نزدیک بھی چودہ سجدے ہین مگر **ص** مین اونکے نزدیک سجدہ نہین اور حج مین دو سجدے ہین اونکے نزدیک اور خمسہ سجدہ مین شافعی کے نزدیک جب اِنْ کُنْتُمْ اِیَّاہُ تَعْبُدُوْنَ پڑھے تب سجدہ کرے اور ہمارے نزدیک جب وَھُمْ لَا یَسْأَمُوْنَ پڑھے تب سجدہ کرے **ف** اور بھی جانا چاہیے کہ تقدیم سجدے کی جائز نہین اور تاخیر جائز ہی تو احتیاط اسمین ہی کہ وَھُمْ لَا یَسْأَمُوْنَ پر سجدہ کرے کہا ہدایہ مین کہ دلیل ہماری قول حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہی اور وہ قول ہمکو نہین ملا اور کہا شیخ ابن الہمام نے وَاِنَّ ذٰلِکَ قَوْلُ عُمَرَ فَغَرِیْبٌ یعنی یہ قول حضرت عمر کا غریب ہی لیکن اخراج کیا ابن ابی شیبہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ وہ سجدہ کرتے تھے خمسہ سجدہ مین نزدیک قول اللہ تعالیٰ لَا یَسْأَمُوْنَ کے اور زیادہ ایک روایت مین کہ انھون نے دیکھا ایک شخص کو کہ سجدہ کرتا ہی نزدیک کہ اِنْ کُنْتُمْ اِیَّاہُ تَعْبُدُوْنَ کے سو کہا آپنے جلدی کی تو نے **ص** اور اگر کوئی شخص آیت سجدے کی سنے تو سجدہ کرے اگرچہ اوسکا قصد سننے کا نہو **ف** کیونکہ ہدایہ مین ہی کہ فرمایا

عبد الحق نے

ابن مُنین

حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ اوسپر ہی جو سنے آیت سجدے کو اور جو پڑھے اوسکو اور کہا شیخ ابن الہمام نے وحدیث السجدۃ علی من سمعھا رفعہ غریب یعنی یہ حدیث جو صاحب ہدایہ نے بیان کی مرفوع ہونا اسکا غریب ہی اور اخراج کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین ابن عمرؓ سے کہ سجدہ اوسپر ہی جسنے سنا اوسکو اور بخاری مین ہی تعلیقاً کہا عثمانؓ نے کہ سجدہ اوسپر ہی جو سنے اوسکو اور اس جملے کو اخراج کیا عبد الرزاق نے اخبرنا معمر عن الزہری عن ابن المسیب ان عثمان مر بقاص فقرأ سجدۃ لیسجد معہ عثمان فقال عثمان انما السجود علی من استمع ثم مشی ولو یسجد یعنی گذرے حضرت عثمانؓ ایک قصہ خوان پر سو پڑھی اوسنے آیت سجدے کی تاکہ سجدہ کرین حضرت عثمانؓ ساتھ اوسکے سو فرمایا حضرت عثمانؓ نے کہ سجدہ اوسپر ہی جو سنے پھر چلے گئے اور سجدہ نکیا واللہ اعلم ص اور امام آیت سجدے کی پڑھے مقتدی بھی اوسکے ساتھ سجدہ کرے اگرچہ اوسنے نہ سنا ہو اور اگر مقتدی نے پڑھی امام اور مقتدی نہ اندر نماز کے اور نہ باہر نماز کے کبھی سجدہ نکرین اور جو کوئی نماز مین نتھا اوسنے اگر سنا تو وہ سجدہ کرے اور اگر مصلی نے آیت سجدے کی اوس سے سنی جو اوسکے ساتھ نماز مین شریک نہین سجدہ کرے بعد نماز کے اور جو سجدہ نماز کے اندر کرے تو بعد نماز کے پھر کرے اور نماز کو نہ لوٹاوے اور اگر کسینے باہر نماز کے امام سے آیت سجدے کی سنی اور اوسنے اقتدا کی یا اور رکعت مین امام کے ساتھ ملا بعد نماز کے سجدہ کرے اور نماز کے اندر نکرے اور اگر اوسی رکعت مین قبل سجدے کے ملا امام کے ساتھ سجدہ کرے اور اگر بعد سجدے کے ملا سجدہ نکرے اور جو سجدہ کہ نماز مین واجب ہوا ہی باہر نماز کے اوسکو قضا کرینگے اور اگر کسینے آیت باہر نماز کے پڑھی اور قبل سجدہ کرنے کے نماز پڑھنے مین مشغول ہوا اور نماز مین پھر اوسی آیت کو پڑھا ایک ہی سجدہ اوسکو کافی ہی اور اگر آیت پڑھی اور سجدہ کر لیا اور پھر نماز مین اوسی آیت کو پڑھا تو پھر سجدہ کرے اور اگر ایک مجلس مین آیت سجدہ کو کئی بار پڑھا ایک سجدہ کافی ہی خواہ سب بار پڑھنے کے اخیر مین سجدہ کیا یا ایک آیت پڑھ کے سجدہ کیا اور پھر پڑھا کیا اور اگر ایک رکعت مین کئی بار پڑھا ایک ہی سجدہ لازم ہی خواہ سبکے بعد ایک ہی سجدہ کرے یا ایک بار پڑھ کے سجدہ کرے اور پھر کئی بار پڑھے اور اگر ایک رکعت مین آیت سجدہ کو پڑھا اور پھر دوسری رکعت مین بھی پڑھا امام ابی یوسف کے نزدیک ایک سجدہ لازم آویگا اور امام محمد کے نزدیک دو سجدے اور اگر آیت سجدہ کو بدل دیا مجلس کو تو ایک سجدہ کافی نہوگا مثلاً ایک مجلس مین دو آیتین سجدے کی پڑھین یا دو مجلس مین ایک آیت اور جو لاہر ہو تا نا متناہی تو آنے جانے مین مجلس اوسکی بدل جاتی ہی اور درخت پر ایک شاخ سے دوسری شاخ پر چلا جاوے تو بھی مجلس بدل جاویگی اور اگر ایک شخص نے ایک مجلس مین کئی بار آیت سجدہ کو پڑھا اور سننے والے کی مجلسین بدل گئین تو اوسپر کئی سجدے واجب ہونگے اور اگر پڑھنے والے کی مجلسین بدل لین لیکن سننے والے کی ایک ہی مجلس رہی تو اوسپر ایک سجدہ لازم آویگا اور ایک کام سے دوسرے کام کے شروع کرنے مین مجلس بدل جاویگی اور اسیطرح ایک مکان سے دوسرے مکان مین اور کونے گھر یا مسجد کے بمنزلہ ایک مکان کے ہین اور ایک درخت کی شاخین کئی مکان ہین ظاہر روایت مین اور نوادر کی روایت مین ایک مکان اور اگر بیٹھے سے اوٹھ کھڑا ہوا مجلس بدلیگی اور اگر کسی عورت کو طلاق کا اختیار دیا اور وہ بیٹھے سے کھڑی ہوگئی اوس جگہ مجلس بدل جاویگی اور اگر کسینے ساری سورت پڑھی اور آیت سجدے کی نہ پڑھی تو مکروہ ہی اور اگر آیت سجدے کو پڑھے اور باقی سورت چھوڑ دے تو مکروہ نہین اور دو تین یا ایک آیت اوسکے ساتھ ملانا مستحب ہی اور آہستہ سے بھی پڑھنا مستحب ہی تاکہ کوئی نہ سنے اور اوسکو سجدہ بھی لازم آوے اور شاید وہ اوس وقت بے وضو ہووے

باب مسافر کی نماز کے بیان مین

جو شخص کہ تین دن یا تین رات کی راہ کا اوسط چال سے ارادہ کرے اور شہر کے گھروں سے نکل جاوے تو وہ مسافر ہی اور اوسط چال اونٹ کی یا پیادے کی ہی اور دریا مین جب ہوا موافق ہو اور پہاڑ مین جو کچھ کہ پہاڑ کے لائق ہووے ف اور تین دن تین رات ہمارے

نزدیک مدت قصر کی ہی کیونکہ یہ بھی ایک سفر کی رخصتون مین سے ہی جیسے مسح موزے کا تین دن تین رات مسافر کیواسطے فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسح کرے مقیم ایک دن اور ایک رات اور مسافر تین دن اور تین رات اور یہی حدیث ہماری حجت ہی اور امام شافعی کے نزدیک مدت قصر کی ایک دن ایک رات ہی اور اخراج کیا ابن ابی شیبہ نے عطاء بن ابی رباح سے کہ کہا مینے ابن عباس سے کیا قصر کرون مین عرفات تک کہا کہ نہین قصر کرو مزدلفہ تک کہا کہ قصر کرون مین طائف تک اور عسفان تک کہا کہ ہان اور یہ اثر تالیس میل تھا اور اشارہ کیا انھون نے ہاتھ سے اور دوسری روایت مین ہی عمرو سے کہ خبر دی مجکو عطاء نے ابن عباس سے کہا کہ نہ قصر کرے مسے بطن نخلہ تک اور قصر کرے طرف عسفان اور طائف کے اور جسکے آخر حدیث تک اور دلیل امام شافعی کی کوئی مجکو نہین ملی اور روایت ہی انس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نکلتے تھے تین میل قصر کرتے تھے اور تفصیل اسکی فتح القدیر مین ہی **ص** مسافر کے واسطے اگرچہ سفر سے اوسکو گناہ کا قصد ہو جب تک کہ اپنے شہر مین نہ داخل ہووے یا آدھے مہینے کے رہنے کی نیت نکرے کسی شہر مین یا گانون مین تب تک اوسکے واسطے رخصت ہی یعنی اجازت ہی کہ چار رکعتی نماز کو قصر کرے پھر اگر نیت کی مسافر نے آدھے مہینے سے کم رہنے کی یا نیت کی اقامت کی مدت کی یعنی آدھے مہینے رہنے کی دو جگہ مین یا کسی شہر مین داخل ہوا مگر اوس ارادے پر کہ وہان سے کل یا پرسون چلا جاویگا اور اسمین اوسکو دیر ہو گئی تو ان صورتون مین قصر کرے **ف** اگرچہ ایک سال یا زیادہ اسی طرح سے گذر جاوے کہ آج جاؤنگا یا کل جاؤنگا اور نیت پندرہ دن رہنے کی نکرے اور پندرہ دن مدت اقامت کے ہین اور قیاس کیا اوسکو فقہا نے طہر پر کہ اوسکی بھی اقل مدت پندرہ دن ہین اور یہی ماثور ہی ابن عباس اور ابن عمر رضی سے روایت کیا ان دونون سے طحاوی نے کہا انھون نے اِذَا قَدِمْتَ بَلْدَةً وَاَنْتَ مُسَافِرٌ وَفِيْ نَفْسِكَ اَنْ تُقِيْمَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا وَلَيْلَةً فَاَكْمِلِ الصَّلٰوةَ بِهَا وَاِنْ كُنْتَ لَا تَدْرِيْ مَتٰى تَظْعَنُ فَاقْصُرْهَا یعنی جب آئے تو کسی شہر مین اور تو مسافر ہو اور نیت کرے پندرہ دن رہنے کی تو پورا کر نماز کو اور اگر نہین جانتا ہی تو کب جاویگا وہان سے تو قصر کر نماز کو اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مجاہد سے کہ ابن عمر رضی تھے جب اجماع کرتے اوپر اقامت پندرہ دن کے تمام کرتے تھے نماز کو اور کہا امام محمد نے کتاب الآثار مین ثنا اَبُوْ حَنِيْفَةَ ثنا مُوْسٰى بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اِذَا كُنْتَ مُسَافِرًا فَرَضِيَتْ نَفْسُكَ عَلٰى اِقَامَةِ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا فَاَتِمِّ الصَّلٰوةَ وَاِنْ كُنْتَ لَا تَدْرِيْ مَتٰى تَظْعَنُ فَاقْصُرْ اور معنی اسکے وہی ہین جو اوپر گذرے تمام ہوا مضمون فتح القدیر کا ترجمہ کہتا ہی کہ اخراج کیا ابن ابی شیبہ نے سعید بن المسیب سے کہا کہ جب جمع کرے خاطر کوئی شخص پندرہ دن کی اقامت پر تمام کرے نماز کو اور سعید بن جبیر سے کہا کہ جب اقامت کرے تو پندرہ دن پر تمام کر نماز کو اور کہا سفیان نے جب ارادہ کرے کوئی شخص کسی مقام پر پندرہ دن رہنے کا تو نماز کو تمام کرے جیسے کہ ارادہ کرے اور جب نجانے کہ کب نکلیگا پڑھے دو رکعتین اگرچہ گذر جاوے ایک سال اور یہی قول ہی اوسکا یہ عبارت مصنف ابن ابی شیبہ کی ہی **ص** اگر لشکر اسلام دار الحرب مین داخل ہووے یا دار الحرب کے قلعے کو گھیر لیوے یا باغیون کے تئین دار الاسلام مین شہر کے باہر گھیر لیا تو ان سب صورتون مین اگرچہ وہ سب اقامت کی مدت کی نیت کرینگے مگر مقیم نہونگے نماز کو قصر کرینگے اسواسطے کہ وہ مقیم نہین ہوتے ہین اقامت کی نیت کرنے سے مگر بنجارے لوگ اپنے خیمون مین اگر آدھے مہینے کی اقامت کی نیت کرینگے تو وہ مقیم ہو جاوینگے اسواسطے کہ نیت اقامت اونکی باہر شہر کے درست ہی اور جو بنجارے وغیرہ نہین اونکی نیت اقامت کی جنگل مین صحیح نہین اور اگر مسافر نے چارون رکعتین پہلی پڑھین اور پہلے قعدہ مین بیٹھا

تو فرض اوسکا تمام ہوا اگر گنہگار رہا اسلام کی تاخیر کرنے کے سبب سے اور اللہ تعالی کا قعدہ قبول کرنے سے اور دو رکعتین جو زیادہ اوسنے پڑھین ہین وہ نفل ہوجاوینگی اور اگر پہلا قعدہ نہین کیا تو نماز اوسکی باطل ہوجاویگی کیونکہ مسافر پر پہلا قعدہ فرض ہی اور اگر مقیم نے امامت کی مسافر کی نماز چہارگانہ کے وقت مین تو مسافر چار رکعت ادا کرے اور وقت کے بعد مقیم مسافر کی امامت نکرے کیونکہ وقت مین مقیم کی تابعداری سے مسافر پر بھی چار رکعت فرض ہوجاتین ہین اور وقت کے بعد مسافر کا فرض ہرگز نہین بدلتا ہی اور اگر مسافر امام ہووے اور مقیم مقتدی تو مسافر قصر کرے اور مقیم پوری پڑھے اور مستحب ہی کہ مسافر کہدیوے کہ تم لوگ اپنی نماز پوری پڑھو اور مین مسافر ہون **ف** ایک بار حضرت امام ابی یوسف حج کو ہارون رشید بادشاہ کے ساتھ تشریف لیگئے تو نماز پڑھی آپنے رشید کے ساتھ دو رکعتین یعنی قصر کیا اور سلام پھیرکے یہ کہا کہ تمام کرو نمازین اپنی ای اہل مکہ کہ ہم مسافر ہین تو کہا ایک شخص نے اونمین سے کہ مین زیادہ ہون تمسے مقیم ہون اور حاکم زیادہ ہون تمسے کہا امام صاحب نے کہ اگر تو فقیہ ہوتا نہ کلام کرتا تو نمازمین ایسا ہی ہی معراجیہ مین **ص** اور اگر ایک شخص نے اپنے وطن اصلی کو چھوڑکے دوسری جگہ وطن اصلی بنایا تو پہلا وطن اصلی باطل ہوجاویگا اور دونون وطن کے درمیان مین مدت سفر کی ہووے خواہ نہووے یہان تک کہ اگر وہ اوس پہلے وطن اصلی مین داخل ہوا تو بغیر اقامت کی نیت کے مقیم نہوگا مگر وطن اصلی سفر کرنے سے نہین باطل ہوتا ہی یہان تک کہ اگر مسافر وطن اصلی مین داخل ہوا تو فی الفور داخل ہوتے ہی مقیم ہوجاویگا اور لیکن وطن اقامت کا یعنی جس مقام مین پندرہ روز رہنے کی نیت کی ہی وہ باطل ہوتا ہی دوسری جگہ کے وطن اقامت سے مثلا ایک شخص کا وطن اقامت کسی جگہ پر تھا پھر اوسنے دوسری جگہ کو وطن اقامت کیا اگرچہ اون دونون کے درمیان مین مدت سفر کی نہین ہی تو اس صورت مین پہلی جگہ وطن اقامت نہ رہیگی یہان تک کہ اگر وطن اقامت مین پھر داخل ہوا تو بغیر نیت اقامت کے مقیم نہوگا اور اسی طرح سے اگر وطن اقامت سے اپنے وطن اصلی کی طرف جاوے تو وطن اقامت باقی نہ رہیگا اور وطن اصلی اوسکو کہتے ہین جہان اوسکا اصل مسکن ہووے اور مسافر اور حضر دونون قضا نمازون کو نہین ملاتے ہین تو اگر سفر کی قضا نمازون کو حضر مین قضا کرے تو قصر کرے اور اگر حضر کی نمازون کو سفر مین پڑھے تو قصر نکرے اور حضر کہتے ہین اقامت کو

باب جمعے کی نماز کے بیان مین

جمعے کے فرض ہونے کیواسطے کئی شرطین ہین پہلے شہر مین مقیم ہونا مسافر پر جمعہ واجب نہین دوسرے تندرست ہونا بیمار پر جمعہ واجب نہین تیسرے آزاد ہونا غلام پر جمعہ واجب نہین چوتھے مرد ہونا عورت پر واجب نہین پانچوین بالغ ہونا لڑکے پر واجب نہین چھٹے عاقل ہونا دیوانے پر واجب نہین ساتوین آنکھ کا سلامت ہونا اندھے پر واجب نہین آٹھوین پانوں کا سلامت ہونا لنگڑے پر جمعہ واجب نہین اور اگر وہ شخص جسپر جمعہ واجب نہین حاضر ہووے اور جمعہ ادا کرے تو درست ہی ظہر کا فرض اوسکا ادا ہوجاویگا اور جمعے کے ادا کیواسطے بھی شرطین ہین پہلی یہ کہ شہر ہووے خواہ شہر کا کنارہ **ف** جانا چاہیے کہ جمعہ فرض ہی منکر اوسکا کافر ساتھ کتاب اور سنت اور اجماع کے فرمایا اللہ تعالی نے وَاِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ یعنی جب پکارا جاوے نماز کیواسطے دن جمعے کے تو دوڑو واسطے ذکر خدا تعالی کے اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْجُمُعَةُ حَقٌّ وَّاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فِيْ جَمَاعَةٍ اِلَّا اَرْبَعَةً عَبْدٌ مَمْلُوْكٌ اَوِ امْرَاَةٌ اَوْ صَبِيٌّ اَوْ مَرِيْضٌ یعنی جمعہ حق ہی واجب ہر مسلمان پر جماعت سے مگر چار شخص پر غلام اور عورت اور لڑکا اور بیمار پر روایت کیا اوسکو ابوداود نے طارق بن شہاب سے اور کہا محدثین نے کہ طارق بن شہاب نے فقط آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہی اور روایت نہین کی اور یہ قول کچھ اسکی صحت کا قادح نہین

کیونکہ صحابی ہونے مین فقط دیکھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شرط ہی اور نہ حدیث مین کیونکہ بات یہ ہی کہ حدیث مرسل ہوگی اور مرسل خصوصاً جب صحابی کی ہووے تو حجت ہی کہا نووی نے حدیث اوپر شرط شیخین کے ہی اور اخراج کیا بیہقی نے بطریق بخاری سے تمیم داری سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جمعہ واجب ہی مگر اوپر لڑکے اور غلام اور مسافر کے اور روایت کیا اوسکو طبرانی نے بحکم عن عمر سے اور اوسمین زیادہ کیا عورت اور مریض کو اور مروی ہی ابو الجعد ضمیری سے اور تمی اوکو صحبت کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے چھوڑے تین جمعے سستی سے مہر کردیگا اللہ اوسکے دل پر روایت کیا اوسکو احمد اور ابو داود اور ترمذی اور نسائی نے اور صحیح کیا اوسکو ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اپنی صحیح مین اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسنے چھوڑے تین جمعے برابر لکھا جاویگا منافقین سے روایت کیا اوسکو طبرانی نے معجم کبیر مین حدیث جابر جعفی سے اور وہ ضعیف ہی لیکن اوسکے واسطے بہت شواہد ہین تو نہ کریگی تضعیف جابر کی اور غسل بھی دن جمعے کے سنت ہی اور گذرا بیان اوسکا اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے کہ پوچھے گئے حضرت علی رضی اللہ عنہ غسل دن جمعے سے کہا کہ غسل دن جمعے اور عیدین اور دن عرفے کے سنت ہی اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے بسند صحیح قرظی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص ایمان لاتا ہی اللہ پر اور پچھلے دن پر تو واجب ہی اوپر اوسکے غسل دن جمعہ کے مگر عورت اور لڑکے اور غلام اور مریض پر اور فرمایا حضرت علی نے کہ نہین جمعہ ہی اور تشریق اور عید فطر اور اضحی مگر مسجد جامع یا بڑے شہر مین اور مثل اوسکے مروی ہی حذیفہ سے اخراج کیا اسکا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین اور صحیح کیا اوسکو ابن خزیمہ نے اور اسناد اوسکا یہ ہی حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ طَلْحَۃَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عُبَیْدَۃَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ انتہی اور یہ اسناد صحیح ہی اور وہ جو روایت کیا اوسکو ابن عباس نے کہ اول جمعہ جو پڑھا بعد جمعے کے مسجد رسول اللہ مین تھا ایک قریے مین یعنی کانون مین کچھ اسکے مخالف نہین کیونکہ قریے کا اطلاق عرب کے عرف مین شہر پر ہوتا ہی اور شاہد ہی اسکا کلام اللہ تعالیٰ کا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ اور اس جگہ قریتین سے مراد مکہ اور طائف ہی اور نہین شک ہی اس بات مین کہ مکہ شہر ہی اور ہدایے مین اس حدیث کو رفع کیا ہی لیکن مرفوع نہین پائی گئی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ ص اور شہر کی تفسیر مین اختلاف ہی بعضون کے نزدیک شہر وہ جگہ ہی کہ جس پر امیر اور قاضی ہووے کہ شرع کا حکم جاری کرے اور حدون کو قائم کرے اور بعضون کے نزدیک شہر وہ جگہ ہی کہ جسوقت وہان کے لوگ جمع ہووین تو اوس جگہ کی بڑی مسجد مین نہ سما وین اور صاحب ہدایہ نے اسی کو انتخاب کیا ہی اور شہر کا کنارہ وہ ہی جو مقام شہر کے متصل ہووے اور شہر کے فائدے کیواسطے مقرر ہو مثلاً گھوڑا دوڑانے کیواسطے یا لشکر اوترنے کیواسطے یا مردہ دفن کرنے کے لیے یا جنازہ پڑھنے کے واسطے یا اسی طرح اور کاموں کے لیے مقرر ہو اور جمعے کا پڑھنا جمعے کے روز مین بنا مین خلیفہ کیواسطے اور امیر حجاز کیواسطے درست ہی اور امیر موسم کیواسطے اور عرفات مین درست نہین دوسری شرط یہ ہی کہ بادشاہ اسلام فریدرعرب ۱۲ ہو یا اوسکا نائب تیسری شرط یہ ہی کہ ظہر کا وقت ہووے ف یعنی قبل وقت ظہر کے اور زوال آفتاب کے جمعہ درست نہین کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مائل ہوجاوے آفتاب تو پڑھ ساتھ آدمیون کے جمعے کو ایسا ہی ہدایے مین اور یہ حدیث مروی ہوئی ہی مصعب بن عمیر سے کہ جب بھیجا اوکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینے کو کہا کہ پڑھ جمعے کو جب مائل ہوجاوے آفتاب اور صحیح بخاری مین حضرت انس سے مروی ہی کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے جمعے کو جب مائل ہوجاتا تھا آفتاب اور روایت کیا مسلم نے سلمہ بن اکوع سے کہ تھے ہم جمعہ پڑھتے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جب زوال ہوتا تھا آفتاب کا اور لیکن بروایت کیا دار قطنی نے

عبداللہ بن سیدان سے کہا کہ مین حاضر ہوا ساتھ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے جمعے مین سو تھا خطبہ اونکا قبل زوال کے اور ذکر کیا
ایسا ہی عمر اور عثمان رضی اللہ عنہما سے اور نہین دیکھا مینے کسیکو کہ عیب جانا ہو اسکو اور یہ دلالت کرتا ہی اس بات پر کہ خطبہ قبل زوال
کے تھا لیکن یہ کچھ قادح نہین واسطے کہ اتفاق کیا محدثین نے اوپر ضعف عبداللہ بن سیدان کے **ص** چوتھی شرط یہ ہی کہ نماز کے پہلے
خطبہ موافق ایک تسبیح کے وقت ظہر مین ہووے اور یہی مذہب امام ابوحنیفہ کا ہی اور صاحبین کے نزدیک ایک ذکر طویل یعنی ایک خطبہ دراز
پڑھا جاوے اور امام شافعی کے نزدیک دو خطبے ضرور ہین کہ ہر خطبے مین حمد اور دعا اور حکم تقوی کا ہووے اور پہلا خطبہ قراءت کے طور پر ہو
اور دوسرا دعا کے طور پر پانچوین شرط یہ ہی کہ جماعت ہووے اور جماعت کی حد یہ ہی کہ امام کے سوا تین مرد ہون اور اگر امام کے سجدہ کرنیکے
پہلے مقتدی بھاگ جاوین تو اس صورت مین امام ظہر شروع کرے اور اگر مقتدی چلے جاوین اور تین مرد رہجاوین یا امام کے سجدہ
کرنے کے بعد سب بھاگ جاوین تو ان دونون صورتون مین امام جمعہ تمام کرے چھٹی شرط یہ ہی کہ اذن عام ہووے یعنی تمام لوگون کو
مسجد مین جانے کا حکم ہووے اور جو شخص کہ جمعے کے سوا سب نمازون مین امامت کے لائق ہی وہ جمعے مین بھی امامت کے لائق ہی تو اگر
مسافر یا بیمار یا غلام جمعے مین امام ہووے درست ہوجاویگا اور امام زفر کے نزدیک درست نہوگا اور معذور اور قیدی کی ظہر جماعت کے ساتھ
دن جمعے کے شہر مین مکروہ ہی اور امام ابو یوسف کے نزدیک دو جگہہ شہر مین جمعہ درست نہین مگر جب ایسا شہر ہو کہ اوسکے دو جانب ہون تو شہر کا
حکم رکھیگا جیسے بغداد اور امام محمد کے نزدیک دو جگہہ یا تین جگہہ یا زیادہ جمعہ ایک شہر مین جائز ہی برابر ہی کہ شہر کے دو جانب ہون یا نہون
اور اسی پر فتوی ہی اور جسکو عذر نہین اوسکی بھی نماز الگ ظہر کی مکروہ ہوگی اور جس شخص کو عذر نہین اوسنے ظہر پڑھی اور جمعے کیواسطے
دوڑا جس وقت کہ امام جمعے کا نماز مین مشغول ہووے ظہر اوسکی باطل ہوجاویگی جمعے کی نماز پاوے یا نپاوے یہ امام صاحب کا مذہب ہی اور صاحبین کے
نزدیک ظہر نہ باطل ہوگی مگر جب کہ نماز جمعے کی پالیوے اور جو شخص کہ جمعے کی نماز مین تشہد مین یا سہو کے سجدے مین ملے تو وہ شخص جمعے کی نماز پوری کرے
اور ظہر نہ پڑھے اور اوسنے جمعہ پایا **ف** یہ مذہب امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف کا ہی اور امام محمد کا مذہب یہ ہی کہ اگر مقتدی امام
کے ساتھ دوسری رکعت کے اکثر کو پالیوے جمعے کو اوسپر بنا کرے اور اگر دوسری رکعت کا اکثر نہ پاوے اور شامل ہووے تو اوسپر ظہر پڑھنا
لازم ہی اور جمعے کو اوسنے نہین پایا کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مَآ اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا وَمَا فَاتَكُمْ فَاَتِمُّوا یعنی
جو پاؤ تم پڑھو اور جو جاتا رہے تو اوسکو ادا کرلو اور پوری حدیث یون ہی کہ جب قائم کی جاوے نماز تو نہ آؤ تم دوڑتے ہوئے بلکہ اپنی چال سے
اور لازم ہی تمہیں المیان اور سکون سو جو پاؤ اوسکو پڑھو اور جو فوت ہوجاوے تمام کرو روایت کیا اسکو احمد اور ابن حبان نے اور اوسمین بجاے
فَاَتِمُّوا کے فَاقْضُوا ہی اور بھی اخراج کیا اس حدیث کو بخاری مسلم ابوداود ترمذی نسائی ابن ماجہ وغیرہم نے ابوہریرہ سے اور ایک روایت
مین صحیح ابن حبان کے یہ لفظ بھی واقع ہی یعنی فَاقْضُوا اور اسی طرح سے بیان کیا اوسکو صاحب ہدایہ نے کہا مسلم نے خطا کی سفیان بن عیینہ
نے اس لفظ مین اور نہین جانتا ہون کسیکو کہ روایت کیا ہو اس لفظ کو زہری سے سوا سفیان کے کہا ابوداود نے نہین کہا سوا سفیان کے
کسینے یہ لفظ اور جواب اسکا یہ ہی کہ روایت کیا امام احمد نے مسند مین عبدالرزاق سے انھون نے معمر سے انھون نے زہری سے اور اوسمین فاقضوا
کا لفظ ہی اور روایت کیا بخاری نے ادب المفرد مین حدیث لیث سے اوسنے زہری سے اور کہا اقضوا اور سلیمان کی روایت سے زہری سے مانند اوسکے
اور بھی کہا بخاری نے حدیث لیث سے **ثنا** یُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ وَسَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مانند اسکے اور بھی
روایت کیا ابونعیم نے مستخرج مین ابوداود طیالسی سے انھون نے ابن ابی حبیب سے انھون نے زہری سے مانند اسکے تو باطل ہوگیا اس

عبداللہ بن سیدان

صورت میں قول ابوداؤد کا اور تفصیل اسکی فتح القدیر میں ہے **ص** اور جب پہلی اذان ہووے تب لوگ خرید نا بیچنا چھوڑ دیں **ف** اور جمعے کی طرف متوجہ ہوں اسواسطے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ وَذَرُوا الْبَیْعَ یعنی دوڑو طرف یاد اللہ کے اور چھوڑ دو بیع یعنی بیچنے کو **ص** اور جب خطبہ پڑھنے کو امام اٹھے نماز اور بات حرام ہو جاتی ہے **ف** کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نکلے امام تو نہ نماز ہے نہ کلام اور رفع اسکا غریب ہے اور معروف یہ ہے کہ یہ کلام زہری کا ہے روایت کیا اسکو مالک نے موطا میں کہا کہ نکلنا امام کا منع کرتا ہے نماز کو اور کلام اوسکا منع کرتا ہے کلام کو اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف میں عطاء سے کہ عبداللہ بن عباس اور ابن عمر مکروہ رکھتے تھے نماز اور کلام کو بعد نکلنے امام کے اور کہا ابن ابی شیبہ نے **ثنا** عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ یَحْیٰی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ ثَعْلَبَۃَ بْنِ اَبِیْ مَالِکٍ الْقُرَظِیِّ قَالَ اَدْرَکْتُ عُمَرَ وَعُثْمَانَ فَکَانَ الْاِمَامُ اِذَا خَرَجَ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ تَرَکْنَا الصَّلٰوۃَ وَالْکَلَامَ یعنی پایا میں نے عمر اور عثمان کو کہ جب نکلتا تھا امام دن جمعے کے ترک کرتے تھے ہم نماز اور کلام کو اور مروی ہے حضرت علی رضؓ سے مانند اسکے اور بھی روایت کی عروہ سے کہا کہ جب بیٹھے امام منبر پر تو نہیں ہے نماز اور کہا زہری نے کہ جو شخص آوے دن جمعے کے اور امام خطبہ پڑھتا ہو بیٹھے اور نماز نہ پڑھے اور اخراج کیا علمائے ستہ نے ابوہریرہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تو نے کلام کیا اپنے صاحب سے اور امام خطبہ پڑھتا ہے سو لغو کیا تو نے اور بھی اخراج کیا اسکا بعض لوگوں نے کہ آیا ایک شخص اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھتے تھے تو فرمایا کہ پڑھی تو نے نماز اے فلانے کہا نہیں کہا کہ پڑھ دو رکعتیں یعنی کیونکہ دوسری روایت میں ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہ آیا ایک شخص مسجد میں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھتے تھے سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کھڑا ہو اور پڑھ دو رکعتیں اور باز رہے آپ خطبے سے یہاں تک کہ فارغ ہوا وہ شخص نماز سے اخراج کیا اوسکا دارقطنی نے اور کہا کہ اسناد کیا اوسکا حمید بن محمد عبدی نے اور وہم کیا اوسمیں پھر نکالا دارقطنی نے احمد بن حنبل سے یہی حدیث مرسل اور اوسمیں ہے کہ انتظار کیا آپ نے اوسکا اور کہا کہ یہ مرسل صواب ہے اور ہم کہتے ہیں کہ مرسل حجت ہے تو اوسکے مقتضی پر عمل ضرور ہے پھر اسناد اوسکا زیادت ہے جب کہ ماقبل کے معارض نہو کیونکہ اور حدیث میں اوسکا ذکر نہیں نہ یہ کہ اوسکا مخالف مذکور ہے اور زیادت ثقہ کی مقبول ہے اور فقط زیادت اوسکی موجب غلط نہیں ورنہ نہ مقبول کیجاوے زیادت مسلم کی ہر حدیث میں **وَاللّٰہُ اَعْلَمُ** **ص** جب تک کہ تمام کرے خطبے کو اور جب امام منبر پر بیٹھے تب اذان کہی جاوے دوسری بار امام کے آگے **ف** اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں فقط یہی اذان تھی روایت کیا جماعت نے سوا مسلم کے سائب بن یزید سے کہا کہ تھی اذان دن جمعے کے اول اوسکے جب امام بیٹھتا تھا منبر پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اور ابوبکر اور عمر کے سو جب خلافت ہوئی عثمانؓ کی زیادہ کیا دوسری اذان کو اور ابن ماجہ میں ہے کہ زیادہ کیا دوسری اذان کو ایک گھر میں کہ نام اوسکا زوراء تھا بازار میں اور بعض روایتوں میں ہے کہ زیادہ کی حضرت عثمان نے تیسری اذان اور تیسری اذان اس وجہ سے ہے کہ ایک اقامت کو بھی اذان میں شمار کیا ہے جیسا کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بَیْنَ کُلِّ اَذَانَیْنِ صَلٰوۃٌ یعنی درمیان دونوں اذانوں کے نماز ہے یعنی ایک اذان اور ایک اقامت کے تو دفع ہو گیا اس سے وہ اعتراض جو وارد کیا اوسکو بعض لوگوں نے کہ اذان کے بعد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھتے تھے اور اوسکے بعد نماز تو سنتیں کس وقت پڑھتیں کیونکہ یہ اول اذان عصر کے وقت میں تھی اور وہ جو جواب دیا اوسکا بعض لوگوں نے کہ سنتیں پڑھتے تھے بعد اذان کے تو وہ جہالت ہے کیونکہ یہ اذان متصل ہوتی ہے خطبے کے بلا فصل کے اور جائز ہے یہ بات کہ

حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعد زوال کے نکلتے ہون اور سنتین پڑھتے ہون اور پھر اذان ہو کے خطبہ شروع ہوتا ہو کیونکہ اوپر ہم باب الاذان فی العیدین بیان کر چکے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے بعد زوال آفتاب کے دو رکعتین اور کہتے تھے کہ یہ وہ ساعت ہے کہ کھولے جاتے ہین اوسمین دروازے آسمان کے تو مین چاہتا ہون کہ چڑھے میری جانب سے اوسوقت مین کوئی عمل نیک **ص** اور لوگ امام کی طرف منہ کر کے خطبہ سنین اور امام باطہارت کھڑا ہو کے دو خطبے پڑھے اور اون دونون کے بیچ مین ایکبار بیٹھے **ف** کیونکہ کہا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین **ثنا** الْحَارِبِيُّ عَنْ حَجَّاجٍ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُقْسِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِمًا ثُمَّ يَقْعُدُ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَخْطُبُ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھے خطبہ پڑھتے دن جمعے کے کھڑے ہو کے پھر بیٹھتے تھے پھر کھڑے ہو کے خطبہ پڑھتے تھے **ص** اور جب خطبہ تمام ہو جاوے تب اقامت کہی جاوے اور امام لوگون کے ساتھ دو رکعتین پڑھاوے **ف** جانا چاہیے کہ خطبہ طول کرنا نہایت مکروہ ہی روایت کیا ابن ابی شیبہ وغیرہ نے جابر بن سمرہ سے کہتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبے کا قصر کرتے تھے اور نماز کا بھی قصر کرتے اور کہا حضرت عبد اللہ بن مسعود نے کہ قصر خطبے کا اور طول نماز کا معجز ہین تفقہ سے اوس شخص کے اور عمار سے مروی ہی کہ منع کیا کہ لوگ طول کرین خطبے کو یہ مصنف ابن ابی شیبہ مین ہی اور بہت مذمت بیان کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اون لوگون کی جو طول کرتے ہین خطبے کا اور نماز مین کمی کرتے ہین اور یہ علامت قیامت مین سے آپنے ارشاد فرمایا اور اسی طرح یہ جو لوگون کی عادت ہی کہ دو خطبون کے بیچ مین جب امام بیٹھتا ہی تو دعا مانگتے ہین بدعت ہی اور نہایت مکروہ ہی اور اسی طرح قبل نماز جمعے کے جو لوگ الصلوٰۃ الصلوٰۃ کہکے پکارتے ہین بدعت ہی اور ہرگز جائز نہین اور جمعے کے دن کپڑے بدلنا خوشبو لگانا مستحب ہی حدیث مین جمعے کو عید فرمایا ہی فقط

باب عیدین کی نماز کے بیان مین

مستحب ہی کہ عید فطر کے روز نماز کے پہلے کھانا کھاوے اور مسواک کرے اور غسل کرے اور خوشبو ملے اور اپنا اچھا کپڑا پہنے **ف** لیکن نماز کے پہلے کھانا کھانا خصوصًا جب کہ کھانا میٹھا ہو مستحب ہی کیونکہ صحیح بخاری مین ہی کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہین نکلتے تھے واسطے نماز عید کے یہان تک کہ کھا لیتے تھے کچھ خرمے اور کھاتے تھے اونکو طاق اور لیکن مسواک کرنا سو اسواسطے کہ ہر وضو اور نماز کے وقت سنت ہی اور لیکن غسل کرنا سو بیان اسکا غسل کے باب مین گذرا اور لیکن خوشبو ملنا تو اسواسطے کہ یہ دن خوشی کا ہی اور اجتماع کا اور جب کہ جمعے مین خوشبو لگانا مستحب ہی تو عیدین مین بطریق اولی مستحب ہوگا اور اچھا کپڑا پہنے کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھے پہنتے دن عید کے ایک جبہ صوف کا تھا یا کسی اور کپڑے سے اور یہ حدیث ہدایے مین ہی اور روایت کیا بیہقی نے مانند اسکے طریق شافعی سے اور اخراج کیا طبرانی نے اوسط مین تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پہنتے دن عید کے ایک جوڑا سرخ اور جوڑا سرخ اس سے عبارت ہی کہ یمن مین ایک کپڑا ہوتا ہی اوسمین خط ہوتے ہین سرخ اور سبز **ص** اور صدقہ فطر کا ادا کرے **ف** اور بیان اسکا کتاب الزکوٰۃ مین آویگا **ص** اور مسجد کی طرف تکبیر آہستہ آہستہ کہتا ہوا جاوے **ف** خلاف جہر تکبیر مین ہی عید فطر مین نہ اصل تکبیر مین کیونکہ وہ عموم ذکر خدا مین داخل ہی تو نزدیک صاحبین کے جہر کرے جیسا کہ عید قربان مین اور امام صاحب کے نزدیک جہر نہ کرے اور ایک روایت مین اونسے جہر کرے اور کہا امام صاحب نے کہ جہر کرنا اور آواز کا بلند کرنا ساتھ ذکر کے بدعت ہی اور مخالف ہی اللہ تعالی کے قول کے وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ یعنی یاد کر اللہ

عاجزی سے اور آہستہ سے اور حدیث میں آیا ہی لَا تَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا یعنی نہیں پکارتے ہو تم بہرے اور نہ غائب کو یعنی اللہ تعالیٰ سنتا جانتا موجود ہی اور روایت کیا دارقطنی نے عبداللہ بن عمر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے فطر میں جب نکلتے تھے اپنے گھر سے عیدگاہ تک اور روایت کیا انھوں نے ابن عمرؓ سے کہ وہ جب جاتے تھے صبح کو دن عید فطر اور دن عید قربان کے جہر کرتے تھے ساتھ تکبیر کے یہاں تک کہ آتا تھا امام کہا بیہقی نے صحیح ہی وقف اوسکا ابن عمر پر اور ہر فعل صحابی کا ساتھ آیت کلام اللہ کے معارض نہوگا **ص** اور عید کی نماز کے پہلے نفل نہ پڑھے **ف** اور اکثر مشائخ نے اسکو مکروہ جانا ہی اور بھی روایت ہی صحاح ستہ میں حضرت عبداللہ بن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور نماز پڑھی ساتھ صحابہ کے عید کی اور نہ نماز پڑھی قبل اوسکے اور نہ بعد اوسکے اور روایت کیا ترمذی نے ابن عمرؓ سے کہ وہ نکلے دن عید کے تو نہ نماز پڑھی قبل اوسکے اور نہ بعد اوسکے اور ذکر کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا صحیح کیا اوسکو ترمذی نے اور یہ نفی محمول ہی اس بات پر کہ عیدگاہ میں سوا عید کے اور کچھ نہ پڑھتے تھے اور روایت کیا ابن ماجہ نے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں پڑھتے تھے قبل عید کے کچھ سو جب آتے اپنے گھر میں پڑھتے تھے دو رکعتیں **ص** اور جو شرطیں کہ جمعے کے واسطے ہیں وہی شرطیں عید کے واسطے بھی ہیں واجب ہونے اور ادا کرنے کے حق میں مگر خطبہ عیدین میں سنت ہی اور نماز عید کی واجب ہی اور یہی روایت ہی امام ابوحنیفہ سے اور یہی صحیح ہی اور بعضوں نے کہا ہی کہ عید کی نماز سنت ہی ہمارے علماؤں کے نزدیک کیونکہ امام محمد نے کہا ہی کہ جب دو عید میں ایک دن میں جمع ہوں تو اول سنت ہی اور ثانی فرض ہی اور اسکا جواب یوں دیا ہی کہ سنت سے مراد یہ ہی کہ حدیث سے وجوب انکا ثابت ہوا ہی **ف** اور وجہ وجوب کی یہ ہی کہ مواظبت کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسپر اور وجہ سنت ہونے کی یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث اعرابی میں فرمایا جسوقت اوسنے پوچھا کہ کیا مجھپر لازم ہی سوا ان پانچ نمازوں کے فرمایا کہ نہیں مگر یہ کہ نفل پڑھے اور کہا صاحب ہدایہ نے کہ صحیح وجوب ہی اور یہی مذہب ہی اکثر مشائخ کا لیکن جیسا مواظبت نماز عید سے وجوب اوسکا ثابت ہوتا ہی اسی طرح وجوب خطبہ عید کا ثابت ہوتا ہی بہرصورت قائل ہونا ساتھ وجوب نماز عید اور سنیت خطبہ عید کے ترجیح بلا مرجح ہی **ص** اور عید کی نماز کا وقت شروع ہوتا ہی جب آفتاب ایک یا دو نیزے کے برابر بلند ہوتا ہی اور باقی رہتا ہی جب تک کہ زوال ہو آفتاب کا **ف** کیونکہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے نماز عید کی جب آفتاب بلند ہو جاتا تھا سوا ایک نیزے یا دو نیزے کے اور سنن ابوداؤد اور ابن ماجہ میں ہی یزید بن خمیر سے کہا کہ نکلے عبداللہ بن بسر صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آدمیوں کے دن عید فطر یا عید اضحی کے سو برا کہا انھوں نے امام کو کہ دیر کی اوسنے اور کہا کہ فارغ ہو جاتے تھے ہم اب تک نماز سے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابوداؤد و نسائی نے روایت کیا کہ آئے کچھ سوار طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گواہی دیتے تھے کہ انھوں نے دیکھا چاند کو کل تو آپ نے حکم کیا لوگوں کو کہ افطار کریں اور جب صبح ہو جاویں طرف عیدگاہ کے اور بیان کیا گیارہ روایت ابن ماجہ میں اور دارقطنی میں کہ وہ سوار آئے تھے آخر دن میں اور صحیح کیا دارقطنی نے اسناد اوسکا اور صحیح کیا اوسکو نووی نے خلاصے میں اور روایت کیا طحاوی نے **ثنا** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ **ثنا** هُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ عَنْ اَبِيْ عُمَيْرٍ بْنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ **اَخْبَرَنِيْ** عُمُوْمَتِيْ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَّ الْهِلَالَ خَفِيَ عَلَى النَّاسِ فِيْ اٰخِرِ لَيْلَةٍ مِّنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَصْبَحُوْا صِيَامًا فَشَهِدُوْا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بعد ذوالی الشمس انہم رأوا الہلال اللیلۃ الماضیۃ فامر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الناس
بالفطر فافطروا تلک الساعۃ وخرجہم من الغد فصلی بہم صلوٰۃ العید یعنی تحقیق کہ چاند پوشیدہ ہوا
لوگون پر اخیر رات مین رمضان سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین تو صبح کو انھون نے روزہ رکھا اور آنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
پاس بعد زوال کے لوگ کہ انھون نے دیکھا چاند کو شب گذشتہ مین پس حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگون کو فطر کا اور کھلوا انھون نے
روزہ اوسی وقت اور نکلے آپ ساتھ اونکے دوسرے روز صبح کے وقت اور پڑھی ساتھ اونکے عید کی نماز **ص** اور امام معتدیون کے
ساتھ دو رکعت پڑھاوے اسطرح سے کہ پہلے تکبیر تحریمہ کہے اور پھر ثنا پڑھے بعد اوسکے تین تکبیرین کہے تب فاتحہ اور سورت پڑھے
تب رکوع کرے تکبیر کہتا ہوا اور دوسری رکعت مین پہلے قرآن پڑھنا شروع کرے اور بعد قرأت کے تین تکبیرین کہے اور پھر ایک تکبیر
اور کہکے رکوع مین جاوے اور چھ تکبیرین جو زیادہ ہین اونمین ہاتھ اوٹھاوے اور نماز کے بعد دو خطبے پڑھے اونمین احکام صدقہ فطر کے
بتاوے **ف** جانا چاہیے کہ تکبیرات ہمارے نزدیک عیدین مین چھ چھ ہین اور احادیثین مختلف اسمین وارد ہوئی ہین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے اور صحابہ سے لیکن جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہی سو یہ ہی کہ روایت کیا ابوداود اور ابن ماجہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
سے کہ تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے عیدین مین سات اول رکعت مین اور دوسری رکعت مین پانچ قبل قرأت کے سوا تکبیر رکوع کے اور یہی مذہب ہی امام شافعی رحمہ اللہ کا اور روایت کیا اوسکو حاکم نے اور کہا کہ تفرد کیا ساتھ اوسکے ابن ابی سعید نے اور تحقیق کہ استشہاد کیا اوس سے مسلم نے اور کہا کہ اس باب مین مروی ہی حضرت عائشہ اور ابن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم سے اور طریق اونکے
فاسد ہین یعنی ضعیف ہین اور سنن ابوداود اور ابن ماجہ مین ہی عبداللہ بن عمرو بن العاص سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
تکبیر عید فطر مین سات ہین پہلی رکعت مین اور پانچ دوسری رکعت مین اور قرأت دونون رکعتون مین بعد اونکے ہی زیادہ کیا دارقطنی نے
اور پانچ دوسری رکعت مین سوا تکبیر نماز کے کہا نووی نے کہا ترمذی نے علل مین کہ پوچھا مینے بخاری سے اس حدیث کو سو کہا کہ وہ صحیح ہی
اور اخراج کیا ترمذی اور ابن ماجہ نے کثیر بن عبداللہ سے انھون نے اپنے باپ عبداللہ سے انھون نے اپنے دادا عوف مزنی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے تکبیر کہی عیدین مین اول رکعت مین سات قبل قرأت کے اور دوسری رکعت مین پانچ قبل قرأت کے کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث حسن ہی
اور وہ اچھی ہی سب حدیثون مین جو مروی ہین اس باب مین اور کہا ترمذی نے علل کبری مین کہ پوچھا مینے بخاری سے اس حدیث کو سو کہا کہ نہین صحیح ہی
اس باب مین کوئی حدیث اس حدیث سے اور اسی سے اخذ کرتا ہون مین اور مروی ہوئین چند حدیثین سوا اونکے کہ موافق ہین ان حدیثون کی اور
سنن ابوداود مین ہی جو معارض اسکی ہی کہ پوچھا سعید بن العاص نے ابوموسی اشعری سے اور حذیفہ بن الیمان سے کہ کس طرح رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم تکبیر کہتے تھے اضحی اور عید فطر مین سو کہا ابوموسی نے کہ تھے تکبیر کہتے چار مثل تکبیر جنازے کے سو کہا حذیفہ نے سچ کہا پھر کہا
ابوموسی نے ایسا ہی تکبیر کہتا تھا مین بصرہ مین اخیر حدیث تک اور سکوت کیا اوس سے ابوداود نے پھر منذری نے اپنی مختصر مین اور یہ روایت
برابر دو حدیثون کے ہی کیونکہ تصدیق کی اوسکی حذیفہ نے تو گویا انھون نے بھی روایت کیا اوسکو اور سکوت ابوداود اور منذری کا تصحیح ہی
واسطے اوس حدیث کے اور جو ضعیف کیا ابن الجوزی نے اوسکو بسبب تضعیف عبدالرحمن بن ثوبان کے اور نقل کیا اوسکو ابن معین سے اور
امام احمد سے معارض ہی ساتھ قول صاحب تنقیح کے اپنی کتاب مین کہ توثیق کی اوسکی بہت لوگون نے کہا ابن معین نے نہین حرج ہی ساتھ اوسکے
لیکن اسناد مین اوسکی ابوعائشہ ہی کہا ابن القطان نے نہین جانتا ہون مین حال اوسکا اور کہا ابن حزم نے مجہول ہی اور اگر مسلم ہو تو بھی حدیث

ابن ابی سعید

عبدالرحمن بن ثوبان ابوعائشہ

ابن ابیعہ کی ضعیف ہی کیونکہ ظاہر ہوا اضطراب اوس حدیث کا تو کبھی تو اوسمین ہی عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَبِيبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اور کبھی ہی عن عقیل عَنِ الزُّهْرِيِّ اور بعض مین ہی عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اور بعض مین ہی عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ کہا دارقطنی نے کہ یہ مضطرب ہوا اوسمین جو ابن ابیعہ کے اور جو اور دو حدیثین بیان کین منع کیا اونکی تصحیح کو ابن القطان نے اپنی کتاب مین اور کہا اوسنے کہ کثیر بیا عبداللہ کا نزدیک محدثین کے متروک ہی اور کہا احمد نے کہ کچھ نہین اور نہین روایت کی اوسسے اپنی سند مین اور ایسا ہی کہا ابن معین نے اور کہا نسائی اور دارقطنی نے متروک ہی اور کہا ابوزرعہ نے واہی ہی حدیث اوسکی یعنی ضعیف ہی اور کہا امام احمد نے نہین ہی تکبیر عیدین مین کسیکو صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث صحیح لیکن سند پکڑی گئی ہی اوسمین ساتھ قول ابوہریرہ کے اور لیکن جو مروی ہی صحابہ سے سو نکالا عبدالرزاق نے

ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْأَسْوَدِ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يُكَبِّرُ فِي الْعِيدَيْنِ تِسْعًا أَرْبَعًا قَبْلَ الْقِرَاءَةِ ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَرْكَعُ وَفِي الثَّانِيَةِ يَقْرَأُ فَإِذَا فَرَغَ كَبَّرَ أَرْبَعًا یعنی ابن مسعود تکبیر کہتے تھے عیدین مین تو تکبیرین چار قبل قراءت کے پھر تکبیر کہتے تھے اور رکوع کرتے تھے اور دوسری رکعت مین قراءت کرتے تھے اور جب فارغ ہوتے تھے قراءت سے تکبیر کہتے تھے چار بار اور اول رکعت مین تین تکبیرین عید کی ہین اور ایک تکبیر تحریمہ اور دوسری مین بھی تین عید کی اور ایک رکوع کی اور روایت کیا اوسنے باسناد صحیح اوسی اسناد سے کہا کہ تھے ابن مسعود بیٹھے اور نزدیک اونکے ابوموسی اشعری تھے اور حذیفہ سو پوچھا اونسے سعید بن العاص نے تکبیر سے نماز عید مین کہا حذیفہ نے پوچھا ابوموسی سے کہا ابوموسی نے کہ پوچھ عبداللہ بن مسعود سے کیونکہ وہ ہم مین قدیم ہین اور سب سے زیادہ جاننے والے ہین پھر پوچھا اونسے تو کہا ابن مسعود نے تکبیر کہے چار پھر قراءت کرے اور تکبیر کہے اور رکوع کرے پھر کھڑا ہو دوسری رکعت مین اور قراءت کرے پھر تکبیر کہے چار بعد قراءت کے اور ایک دوسرا طریقہ ہی کہ روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے باسناد صحیح مسروق سے کہ تھے سکھاتے ہمکو عبداللہ بن مسعود تکبیر عیدین مین نو تکبیرین پانچ پہلی رکعت مین اور چار دوسری رکعت مین اور اس سے مراد یہ ہی کہ ایک تکبیر تحریمہ کی اور تین عیدین کی اور ایک رکوع کی اول رکعت مین اور دوسری مین ایک رکوع کی اور تین عیدین کی اور ایک دوسرا طریقہ ہی اس حدیث کا روایت کیا اوسکو امام محمد نے **ثنا** أَبُو حَنِيفَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ وَكَانَ قَاعِدًا فِي مَسْجِدِ الْكُوفَةِ وَمَعَهُ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ وَأَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ فَخَرَجَ عَلَيْهِمُ الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ وَهُوَ أَمِيرُ الْكُوفَةِ يَوْمَئِذٍ فَقَالَ إِنَّ غَدًا عِيدُكُمْ فَكَيْفَ أَصْنَعُ فَقَالَا أَخْبِرْهُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَأَمَرَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ أَنْ يُصَلِّيَ بِغَيْرِ أَذَانٍ وَلَا إِقَامَةٍ وَأَنْ يُكَبِّرَ فِي الْأُولٰى خَمْسًا وَفِي الثَّانِيَةِ أَرْبَعًا وَأَنْ يُوَالِيَ بَيْنَ الْقِرَاءَتَيْنِ وَأَنْ يَخْطُبَ بَعْدَ الصَّلٰوةِ عَلٰى رَاحِلَتِهِ یعنی ایک روز حضرت عبداللہ بن مسعود بیٹھے تھے مسجد کوفہ مین اور تھے اونکے ساتھ حذیفہ بن الیمان اور ابوموسی اشعری تو نکلے اونکے اوپر ولید بن عقبہ اور وہ امیر کوفے کے تھا اوس زمانے مین اور کہا کہ کل عید ہی تمہاری تو کیا کرون مین یعنی کس طرح نماز پڑھاؤن مین کہا ابوموسی اور حذیفہ نے کہ بتاؤ اوسکو ای ابن مسعود تو حکم کیا اونھون نے اوسکو کہ پڑھے بغیر اذان اور اقامت کے اور تکبیر کہے پہلی رکعت مین پانچ اور دوسری مین چار اور موالات کرے درمیان دونون قراءتون کے اور خطبہ پڑھے بعد نماز کے اپنی سواری پر اور یہ اثر صحیح ہی اور بیٹھے ہوئے تھے ساتھ صحابہ کے ابن مسعود اور گواہ

تمے ساتھ اوسکے حذیفہ اور ابو موسیٰ تو اگر کوئی کہے کہ مروی ہی ابو ہریرہ اور ابن عباس سے جو مخالف ہی اوسکے جواب اوسکا یہ ہی کہ معارض ہونگے یا ترجیح عبداللہ بن مسعود کے اور ترجیح ہوگی اثر عبداللہ کو کیونکہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فقیہ نہین ہین زیادہ عبداللہ بن مسعود سے اور بدری نہین ہین وہ بخلاف ابن مسعود کے اور ابن عباس سے جو مروی ہی مصنف ابن ابی شیبہ مین کہ تکبیرین کہین انھون نے عید مین تیرہ تکبیرین سات پہلی رکعت مین اور چھ دوسری رکعت مین اور ایک روایت مین ہی کہ بارہ تکبیرین سات اول رکعت مین اور پانچ دوسری رکعت مین معارض ہی اوسکے وہ جو روایت کیا اوسنے خود ابن عباس سے کہ نماز پڑھی انھون نے دن عید کے اور تکبیرین کہین نو تکبیرین پانچ اول رکعت مین اور چار دوسری مین اور موالات کی درمیان دونون قراتون کے اور روایت کیا اوسکو عبدالرزاق نے اور زیادہ کیا اوسمین کہ کہا مغیرہ نے مانند اوسکے تو باقی رہا اثر ابن مسعود کا سالم معارضے سے اور اوسی سے حجت پکڑی ہمارے علماؤن نے واللہ اعلم

اور دو خطبے بعد نماز عید کے پڑھے روایت کیا ابن ماجہ نے جابر سے کہ سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فطر کے یا اضحی کے سو خطبہ پڑھا آپ نے اکہرے پھر بیٹھے آپ پھر کھڑے ہوے پڑھا اور کہا نووی نے خلاصے مین اور جو مروی ہی ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہ سنت ہی یہ بات کہ خطبے پڑھے دو عید مین اور فاصل کرے اونمین ایک جلسے کو ضعیف ہی متصل نہین اور نہین ثابت ہوا دو خطبے پڑھنے مین کچھ اور معتمد اوسمین قیاس ہی جمعے پر تو اگر خطبہ پڑھا قبل نماز کے خلاف کیا سنت کا لیکن پھر اعادہ نکرے خطبے کا **ص** اور اگر امام نے نماز عید پڑھی اور کسی شخص نے اوسکے ساتھ نماز نہ پڑھی قضا نکرے اور اگر عید کی نماز کسی عذر سے پہلے روز نہ پڑھی گئی دوسرے دن پڑھی جاوے اور تیسرے دن نہ پڑھی جاوے **ف** اور دلیل اسکی اوپر گذری **ص** اور عید اضحی کے احکام عید فطر کے موافق ہین مگر عید قربان مین مستحب ہی کہ جب تک نماز نہ پڑھی جاوے کھانا نہ کھاوے اور نماز کے قبل کھانا مکروہ نہین اور اسی پر فتویٰ ہی **ف** روایت کیا ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ابن حبان نے صحیح مین اور حاکم نے مستدرک مین اور صحیح کیا اوسکو عبداللہ بن بریدہ سے انھون نے اپنے باپ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہین نکلتے دن عید فطر کے یہان تک کہ کچھ کھا لیتے تھے اور نہین کھاتے تھے دن بقر عید کے یہان تک کہ لوٹتے تھے زیادہ کیا دار قطنی اور احمد نے کہ کھاتے تھے قربانی سے اور صحیح کیا اوسکو یحیی بن القطان نے اپنی کتاب مین اور دار قطنی کی زیادت کو بھی صحیح کیا **ص** اور عید اضحی مین تکبیر پکار کے راستے مین کہے **ف** اور بیان اسکا اوپر گذرا **ص** اور خطبے مین تکبیرات تشریق اور قربانی کے احکام بتلاوے اور اگر کسی عذر سے یا بغیر عذر کے نماز نہ پڑھی گئی تو تین روز تک نماز درست ہی اور بعد اوسکے نہین اور عرفے کے روز واقفون کی مشابہت کے واسطے یعنی اون لوگون کی جو حج مین کھڑے ہوتے ہین اور وقوف کرتے ہین جمع ہونا کچھ معتبر چیز نہین ہی کہ اوس سے ثواب ہووے اسواسطے کہ ایک مکان خاص جسکو عرفات کہتے ہین اوسمین حاضر ہونا حج کے موسم مین فرض ہی اور موجب ثواب ہی اور عرفات کے سوا دوسرے مکان مین نہین اور تکبیرات تشریق کی یعنی اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد عرفے کی فجر سے ہر فرض کے بعد جو مرد دن کی جماعت کے ساتھ پڑھا جاوے شہر کے مقیم پر **ف** جاننا چاہیے کہ اوسمین اختلاف ہی کہ تکبیرات تشریق کی واجب ہین یا سنت بعضون نے کہا ہی کہ واجب ہین اور بعضون نے سنت اور اکثر کا مذہب یہ ہی کہ واجب ہین روایت کیا ابن ابی شیبہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ وہ تکبیر کہتے تھے بعد فجر کے دن عرفے سے نماز عصر تک اخیر دون تک دنون تشریق سے اور روایت کیا محمد بن حسن نے **نا** ابو حنیفۃ عن حماد بن ابی سلیمان عن ابراہیم النخعی عن علی بن ابی طالب اس سند سے مثل اوسکے اور مذہب امام صاحب کا یہ ہی کہ فجر عرفے سے شروع کرے

اور دن قربانی تک یعنی عید کے روز عصر کی نماز تک پڑھے اور دلیل اونکی یہ ہی جو روایت کیا ابن ابی شیبہ نے ثنا ابو معاویہ عن ابی اسحٰق عن الاسود قال کان عبد اللہ یکبر من صلوٰۃ الفجر یوم عرفۃ الی صلوٰۃ العصر من یوم النحر یقول اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد یعنی تھے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہ تکبیر کہتے تھے نماز فجر سے دن عرفے کے قربانی کے دن نماز عصر تک اللہ اکبر اللہ اکبر اخیر تک اور روایت کیا حاکم نے علی اور عمار رضی اللہ عنہما سے کہا دونو نے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہر کرتے تھے بیچ فرائض کے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا اور تھے قنوت پڑھتے نماز فجر مین اور تھے تکبیر کہتے دن عرفے کے نماز صبح سے اور ختم کرتے تھے اوسکو نماز عصر تک اخیر ایام تشریق مین اور صحیح کیا اوسکو حاکم نے اور کہا ذہبی نے کہ یہ حدیث واہی ہی گویا موضوع ہی کیونکہ عبد الرحمن اسناد مین ہی اوسکی حدیثین اوسکی منکر ہین اور سعید اوسکی اسناد مین اگر سعید کریزی ہی تو وہ ضعیف ہی اور اگر دوسرا ہی تو مجہول ہی اور اخراج کیا اوسکا بیہقی نے اور ضعیف کیا اوسکو

ف اور اوس شخص پر جسنے مرد کے ساتھ اقتدا کی اور اوس مسافر پر جو مقیم کا مقتدی ہی ایام تشریق کے آخر روز کی عصر تک تکبیر تشریق کی ترک نکرے اگرچہ امام ترک کرے **ف** کیونکہ متابعت امام کی اندر نماز کے واجب ہی اور باہر نماز کے واجب نہین

باب خوف کی نماز کے بیان مین

جسوقت کہ دشمن کا خوف زیادہ ہووے تو اوسوقت امام دو گروہ کرے ایک گروہ کو دشمن کی طرف کرے اور دوسرا گروہ کے ساتھ ایک رکعت پڑھے اگر مسافر ہی اور دو رکعتین اگر مقیم ہی تب یہ گروہ دشمن کی طرف چلے جاوین اور دوسرا گروہ جو دشمن کی طرف تھا آوے اور پڑھے اونکے ساتھ امام جو باقی ہی نماز مین اور سلام پھیر دیوے امام اکیلا اور چلے جاوین یہ طرف دشمن کے اور پہلا گروہ آوے اور تمام کرے نماز کو بغیر قرات کے پھر دوسرا آوے اور وہ ساتھ قرات کے نماز تمام کرین اور فجر کا حکم بھی ایسا ہی ہی **ف** اور دلیل ہماری حدیث ابن مسعود کی ہی اخراج کیا اوسکا ابو داؤد نے اور اوسمین یہی مذکور ہی اور ضعیف کیا اس حدیث کو لوگون نے بسبب ابو عبیدہ کے کہ نہین سنا انھون نے اپنے باپ ابن مسعود سے اور ضعیف راوی قوی نہین اور تفصیل سے بیان کیا اسکو شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر مین **ص** اور مغرب کی نماز مین پہلے گروہ کے ساتھ دو رکعتین پڑھے اور دوسرے کے ساتھ ایک رکعت اور اگر زیادہ ہووے خوف کہ گھوڑے سے اوترنہ سکین تو اکیلے اکیلے سوار نماز پڑھین اور رکوع اور سجدہ اشارے سے کرین اور اگر قبلے کی طرف مونہہ نکر سکین تو جس طرف چاہین مونہہ کرین اور باطل کرتا ہی نماز کو لڑائی کرنا اور چلنا اور سوار ہونا **ف** اسواسطے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چار نمازین جنگ خندق مین قضا ہوئین تھین اور اگر لڑائی مین نماز پڑھنا درست ہوتا تو کیون قضا کرتے آپ

باب جنازے کے احکام کے بیان مین

جو شخص کہ قریب مرنے کے ہووے اوسکے واسطے سنت ہی کہ مونہہ قبلے کی طرف کیا جاوے داہنی کروٹ سے اور کلمہ شہادت کا تلقین کیا جاوے اور چت لٹانا مختار ہی **ف** اور اول موافق سنت کے ہی اور چت لیٹنے مین آسانی ہی اور دلیل اوسکی یہ ہی کہ روایت کیا حاکم نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب تشریف لائے مدینے مین تو پوچھا حال براء ابن معرور کا سو کہا صحابہ نے وفات کی اور تین وصیت کین ایک یہ کہ مین جب قریب ہون موت کے تو کر دینا مونہہ میرا طرف قبلے کے کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پہنچا وہ صواب کیا آخر حدیث تک اور لیکن یہ بات کہ داہنی کروٹ پر لیٹے تو ممکن ہی استدلال اوسپر جو صحیحین مین ہی براء ابن عازب سے انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے

کہ فرمایا آپنے جب آؤ تو خوابگاہ اپنی کو تو وضو کر مثل وضو نماز کے پھر لیٹ داہنی کروٹ پر اور کہہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْکَ آخر تک یہان تک کہ کہا اگر مر جاویگا تو مریگا موافق شرع کے اور لیکن داہنی کروٹ پر لیٹنا اور مونہہ قبلے کی طرف بھی کرنا سو بعض لوگ حجت پکڑتے ہین اوس سے جو روایت کیا اوسکو امام احمد نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہ حضرت فاطمہ نے وقت موت کے مونہہ قبلے کی طرف کیا تھا اور بہت طویل حدیث بیان کی ذکر کیا اوسکو شیخ ابن الہمام نے لیکن یہ حجت ضعیف ہی اور اسیواسطے نہین ذکر کیا اوسکو ابن شاہین نے مختصر کے باب مین کتاب الجنائز سے سوا ایک اثر کے ابراہیم نخعی سے کہ مونہہ کرے میت طرف قبلے کے اور عطاء سے بھی ایسا ہی لیکن زیادہ کیا اوسنے کہ اوپر داہنی کروٹ کے اور مین نہین جانتا ہون کیونکر کہ ترک کیا ہو اوسکو مردے سے اور کلمہ شہادت کا کہا جاوے اسواسطے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھاؤ تم مردون کو شہادت اس بات کی کہ نہین ہی کوئی معبود سوا اللہ کے روایت کیا اوسکو جماعت نے سوا بخاری کے اور ایسا ہی مروی ہی حدیث ابوہریرہ سے اور روایت کیا مسلم نے مانند اوسکے **ص** اور جب مر جاوے تب اوسکی داڑھی باندھا جاوے اور اوسکی آنکھ کو بند کرے اور خوشبو آگ پر رکھکے اور اوسکا تخت اور کفن بساے اور باسنے کا شمار طاق ہووے

ف اسواسطے کہ حدیث مین آیا ہی اللہ وتر ہی یعنی طاق ہی اور دوست رکھتا ہی طاق کو **ص** اور تخت پر رکھا جاوے اور نسگا کیا جاوے اور عورت اوسکی چھپائی جاوے اور وضو کرایا جاوے بغیر کلی اور ناک مین پانی ڈالنے کے اور اوس مردے کے اوپر وہ پانی جاری کرے جسکو بیر کی پتی یا اشنان گھانس ڈال کے جوش کیا ہووے ورنہ خالص پانی کے ساتھہ دھووے **ف** اور وارد ہوئی ہی اس مضمون مین حدیث روایت کیا اوسکو حاکم نے مستدرک مین اور ایک روایت مین ہی کہ اغسلوہ بماء وسدر یعنی غسل دو اوسکو ساتھہ پانی اور بیر کی پتی کے **ص** اور اوسکا سر اور داڑھی گل خیرو سے دھووے بعد اوسکے مردے کو بائین کروٹ لٹا کے غسل دیوے اسقدر کہ جو بدن تخت سے ملا ہووے اوسکو پانی پونہچے پھر داہنی کروٹ لٹاوے اور اسی طرح غسل دیوے

ف اسواسطے کہ شروع کرنا داہنی سے مستحب ہی **ص** اور پہلے بائین کروٹ لٹانا اسواسطے کہا کہ جسمین داہنی طرف سے غسل شروع ہووے پھر اوسکو ٹیکن دے کے بٹھاوے اور اوسکے پیٹ کو نرم نرم ملے اور جو کچھہ نکلے اوسکو دھووے اور غسل کو نہ دہراوے تب بعد اوسکے ایک کپڑے سے پانی پونچھے اور اوسکے ناخون نہ تراشے اور بال مین کنگھی نہ کرے اور امام شافعی کے نزدیک کرے

ف کیونکہ کہا حضرت عائشہ رضہ نے جب دیکھا ایک عورت کو کہ کھینچے جاتے ہین بال اوسکی پیشانی کے یعنی کنگھی کی جاتی ہی کہ کیون کھینچتے ہو تم پیشانی اوسکی کو یعنی کنگھی کرنا تو واسطے زینت کے ہی اور مردے کو حاجت زینت کی نہین اخراج کیا اسکا عبدالرزاق نے سفیان ثوری سے انھون نے حماد سے انھون نے ابراہیم سے انھون نے حضرت عائشہ رضہ سے اور روایت کیا اسکو امام ابوحنیفہ نے حماد سے انھون نے ابراہیم سے اور روایت کیا ابراہیم حربی نے اپنی کتاب غریب الحدیث مین ثنا ھُشَیْمٌ ثنا الْمُغِیْرَۃُ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّھَا سُئِلَتْ عَنِ الْمَیِّتِ یُسَرَّحُ رَأْسُہٗ فَقَالَتْہُ یعنی پوچھی گئین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مردے سے کہ کنگھی کیا جاوے تب کہا انھون نے وہ قول **ص** اور اوسکی داڑھی اور سر خوشبو ملے اور سجدے کے اعضا پر کافور ملے یعنی پیشانی اور ناک اور دونون ہاتھہ اور دونون زانو اور دونون قدم پر **ف** اور کافور لگانا مساجد پر حدیث سے ثابت ہی **ص** سنت کفن کی مرد کیواسطے ازار اور کرتہ اور لفافہ ہی اور لفافہ کہتے ہین اوس چادر کو جو سب کپڑون کے اوپر لپیٹی جاتی ہی اور متاخرین نے عمامہ بھی باندھنا سنت رکھا ہی اور اوسکے واسطے ازار اور لفافہ بھی کفایت ہی **ف** اور کفن سنت کی حجت

مختصر القدوری کے مصنف ہین وہ قریب ہی زمانہ کے ابوحنیفہ کے اور آثار موت کے ظاہر ہوتے ہین ۱۲ منہ مرتب

یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کفن دیے گئے تین کپڑون مین سپید تھے سحول کے اور سحول نام ایک مقام کا ہی ملک یمن سے کہ کپڑے اوس جگہ کے بہت اچھے ہوتے ہین اور روایت کیا اسکو اصحاب صحاح ستہ نے حضرت عایشہ رضہ سے لیکن اوس حدیث مین یہ بھی مذکور ہی کہ تھا اون کپڑون مین کرتہ اور نہ عمامہ تو اگر یہ کہا جاوے کہ کرتہ اس سے خارج ہی اور وہ بھی کفن مین لازم ہی جیسا کہ کہا امام مالک نے تو چار کپڑون مین کفن ہووے گا اور وہ غلط ہی کیونکہ بخاری مین ہی عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَ لِعَایِشَۃَ فِیْ کَمْ کُفِّنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ فِیْ ثَلٰثَۃِ اَثْوَابٍ قَمِیْصٍ وَّاِزَارٍ وَّلِفَافَۃٍ یعنی پوچھا حضرت ابوبکر رضہ نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کتنے کپڑون مین کفن دیے گئے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا کہ تین کپڑون مین کرتہ اور ازار اور لفافہ اور یہ ضعیف ہی بسبب ناصح بن عبداللہ کوفی کے اور ضعیف کیا اوسکو نسائی نے اور اگر ہووے اون لوگون مین سے جنکی حدیث لکھی جاوے گی تو بھی حدیث حضرت عایشہ رضہ کی معارض نہووے گی اور جو روایت کیا امام محمد نے امام ہمارے ابوحنیفہ سے عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ النَّخَعِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُفِّنَ فِیْ حُلَّۃٍ یَمَانِیَۃٍ وَّقَمِیْصٍ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کفن دیے گئے ایک جوڑے یمنی مین اور کرتے مین مرسل ہی اور مرسل اگرچہ ہمارے نزدیک حجت ہی لیکن تقدیم اوسکی حدیث حضرت عایشہ رضہ پر کس طرح سے ہوگی ہان اگر یہ کہا جاوے کہ حدیث قمیص کی مروی ہی چند طریقون سے تو معارض ہووے گی حدیث حضرت عایشہ رضہ کے اور اون طریقون مین سے دو طریقے بیان کیے اور تیسرا طریقہ وہ ہی جو روایت کیا عبدالرزاق نے حسن بصری سے مرسل اور چوتھا طریقہ وہ ہی جو روایت کیا ابوداود نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ کفن دیے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین کپڑون مین اوس کرتے مین جسمین انتقال کیا اور ایک جوڑہ یمانی مین اور بحرین ایک شہر کا نام ہی اور یہ ضعیف ہی بسبب یزید بن ابی رباح راوی کے لیکن ترجیح شاید اس طور پر ہووے کہ کفن کو مرد عورت سے زیادہ چاہتے ہین ورنہ اس مقام مین شک ہی کیونکہ مروی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غسل دیے گئے اوس قمیص مین جسمین انتقال کیا پھر اوسپر کس طرح سے کفن پہنایا جاویگا واللہ اعلم اور حلہ یعنی جوڑا عرب کے عرف مین دو کپڑون کا نام ہی ازار اور چادر اور ہمارے نزدیک عمامہ نہین لیکن اچھا جانا اوسکو بعض لوگون نے کیونکہ مروی ہی ابن عمر رضہ سے کہ وہ عمامہ باندھتے تھے مردے کا اور مستحب کفن مین یہ ہی کہ سفید ہووے مرد کیواسطے اور عورت کے لیے اور جائز ہی عورت کو زعفرانی اور زرد رنگ وغیرہ جیسا کہ حالت حیات مین اوسکو درست تھا اور جو لڑکا کہ قریب بلوغ کے ہووے اور اسی طرح لڑکی بھی حکم بالغ اور بالغہ مین ہی اور دو کپڑے کفایت ہین کیونکہ کہا حضرت ابوبکر رضہ کے نظر کرو میرے دو کپڑون مین سو دھواؤ انکو اور کفن دو مجھکو اوسمین کیونکہ زندے کو زیادہ احتیاج ہی نئے کپڑے کی طرف مردے سے یعنی کچھ حاجت نئے کپڑے کی نہین اسمین کفایت ہی کیونکہ زینت لباس اور جمیع امور دنیاوی کی تا حیات ہی اور جب حیات نے قصد انفکاک کیا تو اوسوقت زینت وغیرہ بیفائدہ ہی اور روایت کیا عبدالرزاق نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا ابوبکر رضہ نے اپنے دونون کپڑون مین جن مین بیمار رہے تھے کہ دھواؤ انکو اور کفن دو مجھکو اوسمین تو کہا حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے کیا نہ خریدکرین ہم تمہارے واسطے نیا کپڑا فرمایا کہ نہین زندہ زیادہ محتاج ہی طرف نئے کپڑے کے مردے سے اور صحیح بخاری مین مروی ہی ابوبکر رضہ سے خلاف اوسکے معارض ہی اوسکے جو ذکر کیا ہمنے مصنف عبدالرزاق سے اور سند عبدالرزاق کی کچھ کم نہین سند بخاری سے بلکہ اوس سے بھی زیادہ صحیح ہی اور سند اونکی یہ ہی اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ عُرْوَۃَ عَنْ عَایِشَۃَ قَالَتْ الخ ص اور عورت کیواسطے پیراہن اور ازار اور دامنی اور لفافہ اور سینہ بند جس سے اوسکے پستان باندھے جاوین سنت ہی اور اوسکے واسطے

ف بعض عبدالرزاق نے

ف وجوز ابن ابی رباح وھو من رواۃ ابی داود

ازار اور لفافہ اور دامنی بھی کفایت ہی **ف** اور کفن سنت کی دلیل یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اون عورتون کو جنھون نے اونکی بیٹی کو کفن دیا تھا پانچ کپڑے عطا فرمائے تھے ایسا ہی ہر ہمارے مین بیان کیا اسکو ام عطیہ نے اور بعضون نے کہا ہی کہ صواب بجائے ام عطیہ کے لیلی بنت قانف ہی کہا اونسے کہ تھی مین اون عورتون مین جنھون نے کفن دیا تھا ام کلثوم بیٹی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول جو دیا اوسکو ازار تھی پھر پیراہن پھر دامنی پھر چادر پھر ایک اور کپڑا دیا گیا روایت کیا اسکو ابو داود نے اور حسن کہا اوسکو نووی نے اور کہا منذری نے کہ ام کلثوم نے وفات کی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غائب تھے یعنی اوس جگہ نتھے اور معارض ہی اس قول کے وہ جو کہا ابن الاثیر نے کتاب الصحابہ مین کہ انتقال کیا ام کلثوم نے سنہ نو مین بعد زینب کے ایک برس اور نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسپر اور کہا کہ وہ ہی جسکو غسل دیا تھا ام عطیہ نے اور ایک سند قوی موجود ہی جو دلالت کرتی ہی ضعف پر قول منذری کے وہ جو روایت کیا ابن ماجہ نے بسند صحیح ام عطیہ سے کہا کہ داخل ہوئے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ہم غسل دے رہے تھے اونکی بیٹی ام کلثوم کو سو فرمایا آپنے کہ غسل دو اوسکو تین بار یا پانچ بار ساتھ پانی اور بیری کی پتی کے اور اخیر بار مین کافور کرین سو جب فراغت ہو جاوین خبر دین مجکو تو جب فارغ ہوئے ہم خبر دی ہمنے آپ کو تو پھینکی طرف ہمارے ایک ازار اور کہا کہ پہناد و یہ اوسکو ذکر کیا یہ شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر مین **ص** پہلے لفافہ پھر ازار تب اوسکے اوپر ازار تب مردے کو پیراہن پہناکے ازار پر کھے اور ازار کو پہلے بائیں طرف سے لپیٹے تب داہنی طرف سے لپیٹے تب بعد اوسکے لفافہ بھی اسی طرح لپیٹے اور عورت کو پہلے پیراہن پہناوین اور اوسکے سر کے بال کو دو حصہ کرکے اوسکی چھاتی پر پیراہن کے اوپر رکھدیوے تب اوسکے اوپر دامنی اوڑھادے تب اوسکے اوپر لفافہ لپیٹے اور اگر کفن کے کھل جانیکا ڈر ہووے تو اوسکو باندھ دیوے **ف** اور کفن کفایت سے بھی کم کرنا مکروہ ہی مگر وقت ضرورت کے جیساکہ روایت کیا جماعت نے سوا ابن ماجہ کے حباب بن الارت سے کہا کہ ہجرت کی ہمنے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے اللہ کے تو واقع ہوا اجر ہمارا اللہ پر تو بعضے اونمین سے ایسے ہوئے جنھون نے کچھ اجر لیا اور گذر گئے اونمین سے تھے مصعب بن عمیرؓ کہ قتل کیے گئے دن اُحد کے اور چھوڑ گئے ایک چادر تو ہم جب ڈھانپتے تھے سر اونکا کھل جاتے تھے پیر اونکے اور جب پیر کو ڈھانپتے تھے کھل جاتا تھا سر اونکا تو حکم کیا ہمکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ چھپاؤ سر اونکا اور کردین پر اونکے گھانس اذخر کی اور کفن بھی قبل باندھنے کے خوشبو دیا جاوے طاق بار کیونکہ روایت کیا حاکم نے مستدرک مین کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خوشبو دو تم میت کو تین بار اور ایک روایت مین بیہقی کی ہی حَنِّطُوا کفن المیت ثلثا یعنی خوشبو دو کفن کو مردے کے تین بار اور کہا گیا ہی کہ سند اوسکی صحیح ہی اور بعد اوسکے اوسپر نماز پڑھین کیونکہ **ص** نماز پڑھنا جنازے کی فرض کفایہ ہی یعنی اگر بعض پڑھ لین سب کے ذمے سے ساقط ہوگی اور اگر کسینے نہ پڑھی تو سب گنہگار ہونگے **ف** اور اس جگہ پر دو باتین ثابت کرنا ضرور ہین ایک یہ کہ نماز فرض ہی دوسری یہ کہ فرض کفایہ ہی تو دلیل فرضیت کی یہ ہی کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَصَلِّ عَلَيْهِمْ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ یعنی پڑھ نماز اوپر کیونکہ نماز تمھاری باعث آرام ہی اونکے واسطے اور دلیل دوسری کی یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مردے پر خود نماز نہین پڑھی اور کہا صحابہ سے کہ پڑھو نماز اپنے صاحب پر تو اگر فرض عین ہوتی نہ ترک کرتے اوسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور شرط اوسکی یہ ہی کہ مردہ امام کے سامنے حاضر ہووے تو نماز غائب پر درست نہین اور جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی پر نماز پڑھی تھی تو اسواسطے کہ تخت اوسکا آپکے سامنے حاضر ہوگیا تھا اگرچہ مقتدیون کو

ف ایک کفن کافی ہی اور تین کفن مسنون ہین اور پانچ کفن مستحب ہین

ف اور مرد کو تین کپڑے کفن دینا مسنون ہی اور عورت کو پانچ کپڑے

ف اور کفن کو خوشبو دینا مسنون ہی

ف اور نماز جنازہ فرض کفایہ ہی

ف اور نماز جنازہ کا فرض ہونا اور فرض کفایہ ہونا

ف اور نماز جنازہ کا فرض ہونا اور فرض کفایہ ہونا

نہ معلوم ہوا اور دلالت کرتا ہی اوسپر جو روایت کیا ابن حبان نے صحیح مین عمران بن حصین سے کہ کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بھائی تمھارا نجاشی انتقال کیا اوسنے سو کھڑے ہوا اور نماز پڑھو اوسپر تب کھڑے ہوئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صف باندھی صحابہ نے پیچھے آپکے اور تکبیر کہین چار تکبیرین اور وہ نہین جانتے تھے کہ جنازہ اونکے سامنے ہی اور اس سے معلوم ہوتا ہی کہ گمان اونکا اسی طرف تھا کہ جنازہ بغیر ہونے جنازے کے نماز کس طرح ہوگی تو شاید کہ کشف ہوا ہو آپ پر یا خصوصیات نجاشی مین ہووے واللہ اعلم تو اگر کوئی اعتراض کرے کہ سوا نجاشی کے آپنے مغیرہ بن شعبہ فرنی پر نماز پڑھی اور وہ حاضر تھے جیسا کہ اوترے حضرت جبرئیل علیہ السلام تبوک مین کہا ای رسول اللہ معاویہ نے وفات کی مدینے مین تو اگر چاہو تم لپیٹ دون مین تمھارے واسطے زمین کو یعنی اوس زمین کو جہان وہ فن ہووے حاضر کرون اور تم نماز پڑھو اوسپر فرمایا کہ اچھا تو مارا اپنا بازو زمین پر حضرت جبرئیل نے تو اوٹھا آپکے واسطے تحت اوسکا اور نماز پڑھی آپنے اوپر اور پیچھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دو صفین تھین فرشتون کی ہر صف مین ستر ہزار فرشتے تھے پھر پوچھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل سے کہ کس سبب سے یہ درجہ پایا اوسنے کہا کہ اچھی لگتی تھی اونکو سورت قل ہو اللہ احد کی اور پڑھتے تھے اوسکو آتے جاتے اور چلتے اور کھڑے اور بیٹھے روایت کیا اوسکو طبرانی نے حدیث ابی امامہ سے اور ابن سعد نے طبقات مین حدیث انس سے اور نماز پڑھی آپنے زید بن حارثہ اور جعفر طیار پر جیسا کہ روایت کیا واقدی نے مغازی مین **حَدَّثَنِي** مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ وَحَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عِمَارَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ لَمَّا الْتَقَى النَّاسُ بِمُؤْتَةَ جَلَسَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَكُشِفَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الشَّامِ فَهُوَ يَنْظُرُ إِلَى مَعْرَكَتِهِمْ فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ فَمَضَى حَتَّى اسْتُشْهِدَ وَصَلَّى عَلَيْهِ وَدَعَا لَهُ وَقَالَ اسْتَغْفِرُوا لَهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ يَسْعَى ثُمَّ أَخَذَ الرَّايَةَ جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَمَضَى حَتَّى اسْتُشْهِدَ فَصَلَّى عَلَيْهِ وَدَعَا لَهُ وَقَالَ اسْتَغْفِرُوا لَهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ يَطِيرُ فِيهَا بِجَنَاحَيْنِ حَيْثُ شَاءَ یعنی بیٹھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر اور ظاہر ہوا اونکو شام تک اور دیکھتے تھے اونکی لڑائی کی جگہ کو پھر فرمایا آپنے لیا نشان کو زید بن حارثہ نے اور گذرے اور شہید ہوئے اور نماز پڑھی اوپر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دعا اونکے واسطے اور کہا کہ بخشش مانگو اللہ سے اوسکے لیے داخل ہوا وہ جنت مین اور وہ دوڑتا ہی جنت مین پھر لیا نشان کو جعفر بن ابی طالب نے اور گذرے اور شہید ہوئے پھر نماز پڑھی اوپر اور دعا کی اونکے واسطے اور کہا کہ بخشش مانگو اللہ سے اوسکے لیے اور داخل ہوا وہ جنت کو اور اڑتا ہی جنت مین ساتھ دونون بازو کے جہان چاہتا ہی تو جواب اوسکا یہ ہی کہ خصوصیت نجاشی کا ہمنے دعوی اوس تقدیر پر کیا ہی کہ جب تخت مردے کا ظاہر ہووے آپ کیواسطے اور نہ دیکھین آپ اوسکو اور جو مذکور ہوا اوسکے خلاف ہی باوجود ضعف روایات کے سو جو مغازی سے مروی ہی مرسل ہی دونون مرفوعہ ہین اور جو ابن سعد سے ہی طبقات مین ضعیف ہی ساتھ عنعنہ کے اور وہ بیٹا زید کا ہی اور کہا ہی کہ بیٹا زید کا اتفاق کیا محدثین نے اوسکے ضعف پر اور طبرانی کی روایت مین بقیہ بیٹا ولید کا ہی اور وہ بھی ضعیف ہی اور اگر اسکو تسلیم کرین تو لازم آتا ہی کہ جتنے لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ملکون مین مرے ہون نماز پڑھی ہو آپنے اون سب پر اور یہ ہرگز ثابت نہین ہوا **ص** اور نماز جنازہ کی یہ ہی کہ پہلے تکبیر کہے دونون ہاتھون کو اوٹھا کے پھر بعد اوسکے ہاتھ نہ اوٹھاوے اور شافعی کے نزدیک ہر تکبیر مین اوٹھاوے اور ثنا پڑھے پھر تکبیر کہا اور درود بھیجے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر پھر تیسری تکبیر کہے اور یہ دعا پڑھے اگر مردہ بالغ ہو **اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا**

وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ اور اگر لڑکا ہو تو اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا ذُخْرًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَمُشَفَّعًا اور اگر لڑکی ہو تو اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا ذُخْرًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً اور پھر چوتھی تکبیر کہے اور سلام پھیرے اور قرات آسمین نہین ہی اور شافعی رح کے نزدیک قرات بھی ہی **ف** اور ہمارے نزدیک چار تکبیرین ہین اور پہلے جو آپ پانچ یا زیادہ تکبیر کہتے تھے منسوخ ہی ساتھ اوسکے جو روایت کیا امام محمد نے ابو حنیفہ سے انھون نے حماد سے انھون نے ابراہیم سے کہ تھے لوگ تکبیر کہتے جنازے پر پانچ یا چھ یا چار یہان تک کہ انتقال کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر تکبیر کہتے تھے ایسا ہی زمانہ حضرت ابوبکر صدیق مین پھر جب والی ہوئے حضرت عمر رض تو کہا انھون نے واسطے اونکے کہ تم گروہ ہو اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اگر تم اختلاف کروگے اختلاف کرینگے لوگ بعد تمھارے اور ابھی لوگون کو تھوڑا زمانہ گذرا ہی جاہلیت سے تو اجماع کرو ایسی چیز پر کہ اجماع کرین اوسپر لوگ بعد تمھارے تو سب لوگون کی رائے متفق ہوئی اس بات پر کہ اخیر جنازے پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جتنی تکبیرین کہین تھین اوتنی ہی کہین اور اوسکے ساتھ تسلیم کرین اور چھوڑدین اوسکے ماسوا کو تو ڈھونڈھا انھون نے اور پایا اخیر جنازے کو کہ تکبیرین کہین تھین اوسپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چار تکبیرین اور یہ حدیث منقطع ہی کیونکہ نہین پایا ابراہیم نے حضرت عمر رض کو لیکن انقطاع ارسال مین داخل ہی اور وہ ہمارے نزدیک حجت ہی اور باوجود اسکے کہ وصل کیا اوسکو امام احمد نے روایت عامر بن شقیق سے انھون نے ابووائل سے اور روایت کیا حاکم نے مستدرک مین ابن عباس سے کہ آخر جو تکبیر کہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنازے پر چار تکبیرین تھین اور تکبیرین کہین حضرت عمر رض نے چار اور ابن عمر نے عمر پر چار اور حسن بن علی نے علی پر چار اور حسین بن علی نے حسن پر چار راضی ہوا اللہ ان سب بزرگوار دون سے اور تکبیر کہی ملائکہ نے حضرت آدم علیہ السلام پر چار اور سکوت کیا اوس پر حاکم نے اور ضعیف کیا اوسکو دارقطنی نے بسبب فرات بن سائب کے کہا متروک ہی اور روایت کیا اوسکو بیہقی نے سنن مین اور طبرانی نے نضر بن عبدالرحمن سے اور ضعیف کیا اوسکو بیہقی نے اور کہا کہ مروی ہی بہت وجہون سے اور سب ضعیف ہین مگر یہ کہ اجماع صحابہ کا چار پر دلیل ہی اس بات پر کہ یہ حدیث ثابت ہی اور روایت کیا اوسکو ابونعیم اصبہانی نے تاریخ اصبہان مین حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ بْنِ خُزَيْمَةَ ثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَارِثِ ثَنَا شَيْبَانُ بْنُ الْفَرُّوْخِ ثَنَا نَافِعُ بْنُ مُرَّةَ ثَنَا عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُكَبِّرُ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ سَبْعَ تَكْبِيْرَاتٍ وَعَلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ خَمْسَ تَكْبِيْرَاتٍ ثُمَّ كَانَ اٰخِرُ صَلَاتِهٖ اَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ اِلٰى اَنْ خَرَجَ مِنَ الدُّنْيَا یعنی تکبیرین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل بدر سات اور بنی ہاشم پر پانچ پھر تھین آخر نماز مین چار تکبیرین یہان تک کہ نکلے دنیا سے اور مرفوع ہوا طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ تھی اخیر نماز مین تکبیر کہین تھین آپ نے اسمین چار تکبیرین عمر رض سے روایت کیا اسکو دارقطنی نے اور ضعیف کیا اوسکو اور روایت کیا ابوعمر نے استذکار مین سلیمان بن ابی خثیمہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے جنازے پر چار اور پانچ اور سات اور آٹھ یہان تک کہ آئی خبر نجاشی کی تو نکلے آپ طرف مصلے کے اور صف کی لوگون نے پیچھے آپ کے اور تکبیر کہی چار بار پھر ثابت رہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چار پر یہان تک کہ اوٹھا لیا اونکو اللہ تعالیٰ نے اور روایت کیا اوسکو حارث بن ابی اسامہ نے

ف فرات بن سائب
ف نضر بن عبدالرحمن

مسند مین ابن عمرؓ سے مثل روایت ابن عباس کے اور زیادہ کیا کچھ اور نکالا حازمی نے کتاب الناسخ والمنسوخ مین انس بن مالک سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے تھے اہل بدر پر سات تکبیرین اور بنی ہاشم پر بھی سات اور اخیر نماز کہ پڑھی تھی اوسکو آپنے تکبیرین کہین تھین اوسمین چار یہان تک کہ نکلے دنیا سے اور ضعیف کی گئی یہ حدیث بالجملہ ثابت ہوا کہ صحیح چار تکبیرین ہین اور ایسا ہی بیان کیا اوسکو مشائخ عظام نے وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ اور شروع کرنا ساتھ درود اور ثنا کے سنت دعا کی ہی روایت کیا ابو داود اور نسائی نے اور ترمذی نے دعوات مین فضالہ بن عبید سے کہا کہ سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ دعا کرتا ہی اور نہین درود بھیجی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اور نہ ثنا کی اللہ تعالیٰ پر سو کہا کہ جلدی کی اس شخص نے تو بلایا اوسکو اور کہا کہ جب دعا کرے کوئی تم مین سے تو چاہیے کہ شروع کرے ساتھ حمد اور ثنا کے پھر درود بھیجے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پھر دعا کرے بعد اوسکے جو چاہے صحیح کیا اوسکو ترمذی نے اور یہ دعائین بھی حدیث مین وارد ہوئی ہین **ص** اور جو شخص کہ نماز پڑھے وہ مرد کے سینے کے برابر کھڑا ہو **ف** اسواسطے کہ یہ مقام قلب کا ہی اور اوسمین نور ایمان ہی تو کھڑا ہونا سینے کے پاس اشارہ ہی طرف شفاعت کے واسطے ایمان اوسکے کے اور ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ وہ کھڑا ہو سامنے اوسکے سر کے اور ایسا ہی مروی ہی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور کہا کہ یہی سنت ہی لیکن اوسکی اسناد مین کلام ہی **ص** اور بہتر ہی امامت کیواسطے بادشاہ پھر قاضی پھر امام محلے کا پھر ولی میت کا عصبات کی ترتیب سے اور ولی سے مردے کے اجازت لیکے غیر کو امامت دیست ہی اور اگر ولی کے سوا دوسرون نے نماز پڑھ لی ولی کو اختیار ہی کہ نماز کو دوہراوے اور اگر ولی نے پڑھ لی تو اور لوگ نہ دوہراوین اور جو مردہ بغیر نماز پڑھے ہوئے دفن کیا گیا تو اوسکی قبر پر نماز پڑھی جاوے جب تک شبہہ سڑنے کا نہووے یعنی تین روز تک **ف** اسواسطے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ایک عورت پر انصار سے اور وہ دفن ہو چکی تھی اوسکی قبر پر روایت کیا اوسکو ابن حبان اور حاکم نے اور سکوت کیا اوس سے اور اخراج کیا مالک نے موطا مین یہی مضمون **ص** اور سواری پر نماز جنازہ درست نہین **ف** اوقیاس اسکو مقتضی ہی کہ جائز ہو کیونکہ نماز جنازہ حقیقۃً نماز نہین بوجہ نہونے ارکان نماز کے اور استحسان سے نہین جائز ہی کیونکہ اوسمین تکبیر تحریمہ موجود ہی **ص** اور جس مسجد مین جماعت ہوتی ہو اوسکے اندر مردے کو رکھکے نماز پڑھنا مکروہ ہی اور اگر مردہ اوسکے باہر ہو تو اوسمین اختلاف ہی بعض کے نزدیک مکروہ نہین اور بعض کے نزدیک مکروہ ہی **ف** روایت کیا ابو داود اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص نماز پڑھے مردے پر مسجد مین تو نہین اجر ہی واسطے اوسکے اور ایک روایت مین فَلَا شَیْءَ لَہٗ ہی اور صالح مولی توأمہ کا اوسکی اسناد مین ثقہ ہی لیکن اختلاط ہو گیا تھا اوسکو آخر عمر مین نقل کیا نسائی نے ابن معین سے کہ وہ ثقہ ہی اور جسنے قبل اختلاط کے اوس سے سنا تو وہ روایت اوسکی صحیح ہی اور ابن ابی ذئب نے سنا اوس سے قبل اختلاط کے اور تفصیل کی اسکی شیخ ابن الہمام نے اور وہ جو مسلم مین ہی کہ نماز پڑھی حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد مین جنازے کی ایک واقعہ ہی کہ اوس سے عموم ثابت نہین ہوتا اور جائز ہی کہ بعذر ہوا اور وہ جو بیہقی نے روایت کیا کہ حضرت ابوبکر پر بھی نماز مسجد مین اوسکی اسناد مین اسمٰعیل عنوی متروک ہی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ **ص** اور جو لڑکا پیدا ہوا اور مر گیا تو اگر رویا ہی تو نام رکھا جاوے اور غسل دیا جاوے اور نماز پڑھی جاوے **ف** روایت کیا نسائی نے جابر سے کہ جب رووے لڑکا نماز پڑھی جاوے اوپر اور وارث ہوگا کہا نسائی نے اور واسطے مغیرہ بن مسلم کے حدیث منکر ہی اور روایت کیا اوسکو حاکم نے سفیان سے انھون نے ابو الزبیر سے

فائدہ ۱۱ صحیح ابن ماجہ

فائدہ ۱۲ اسمٰعیل عنوی

فائدہ ۱۳ مغیرہ بن مسلم

اسی اسناد سے اوسکو اور جابر سے مروی ہی مرفوعاً کہ لڑکا نہین نماز پڑھی جاویگی ہو سپر اور نہ وارث ہوگا اور نہ اوسکا کوئی وارث ہوگا یہان تک کہ رووے اخراج کیا اوسکا ترمذی اور ابن ماجہ نے اور صحیح کیا اوسکو حاکم اور ابن حبان نے کہا ترمذی نے روایت کیا اوسکو موقوف اور وہی صحیح ہی اور وہ جو معارضہ کیا ہی ساتھ اوسکے جو روایت کیا ترمذی نے حدیث مغیرہ سے اور صحیح کیا اوسکو کہ کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سقط[1] نماز پڑھی جاویگی اوسپر اور دعا کی جاویگی واسطے والدین اوسکے کے ساتھ مغفرت کے ساقط ہی کیونکہ منع اس مقام مین مقدم ہی اثبات پر ص اور اگر ایک لڑکا قید ہوا اگر اپنے ماباپ کے ساتھ قید ہوا ہی اور کوئی اونمین سے مسلمان نہین اور نہ وہ خود عاقل تھا نماز اوسپر نہ پڑھی جاویگی اور اگر کوئی اونمین سے مسلمان ہوا تو نماز اوسپر پڑھی جاویگی اور اگر اکیلا قید ہوا تو اوسپر نماز پڑھی جاویگی یا وہ لڑکا مسلمان ہوا لیکن اوسکو عقل تھی اور اوسکا کوئی ماباپ بھی مسلمان ہوا تو بھی نماز نہ پڑھی جاویگی اور اگر ایک کافر مرا اور اوسکا ولی مسلمان تھا تو اوسکا ولی غسل دیوے جس طرح سے نجس چیزین دھوئی جاتی ہین یعنی اوسکو وضو نہ کرایا جاوے اور داہنی طرف سے شروع نکرے اور ایک کپڑے مین اوسکو لپیٹے اور ایک گڑھا کھودے اور اوسکو اوسمین ڈال دیوے ف روایت کیا ابن سعد نے طبقات مین اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ ثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَمَّا أَخْبَرْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَوْتِ أَبِي طَالِبٍ بَكَى ثُمَّ قَالَ لِي اذْهَبْ فَاغْسِلْهُ وَكَفِّنْهُ وَوَارِهِ قَالَ فَفَعَلْتُ ثُمَّ أَتَيْتُهُ فَقَالَ لِي اذْهَبْ وَاغْتَسِلْ قَالَ وَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَغْفِرُ لَهُ أَيَّامًا وَلَا يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ حَتّٰى نَزَلَ عَلَيْهِ جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِهٰذِهِ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ یعنی فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہ جب خبر کی مینے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ موت ابوطالب کے روئے پھر کہا واسطے میرے جاؤ اور غسل دے اوسکو اور چھپا اوسکو کہا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہ کیا مینے ایسا ہی اور آیا مین پھر فرمایا کہ جا اور غسل کر اور تجھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بخشش مانگتے واسطے اونکے کئی دن تک اور نہ نکلے گھر سے یہان تک کہ اوترے جبرئیل علیہ السلام ساتھ اس آیت کے کہ نہین جائز ہی واسطے نبی کے اور اون لوگون کے جو ایمان لائے یہ کہ بخشش مانگین مشرکون کے واسطے اور اس سے معلوم ہوا کہ مشرک کی بخشش اگرچہ نبی کے عزیز و اقارب مین سے ہووے نہین ہوتی اور روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے اور اس سے معلوم ہوتا ہی کہ غسل دینے والے کو بھی بعد غسل میت کے غسل واجب ہوتا ہی اور ایسا ہی روایت کیا ابوداود نے حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے جنابت سے اور دن جمعے کے اور غسل میت سے اور یہ ضعیف ہی اور روایت کیا اوسنے اور ترمذی نے مرفوعاً کہ جو غسل دے میت کو سو غسل کرے اور جو اوٹھاوے اوسکو تو وضو کرے حسن کہا اوسکو ترمذی نے اور ضعیف کیا اوسکو جمہور نے اور اس باب مین کوئی حدیث صحیح وارد نہین ہوئی ہان محمول استحباب پر ہو سکتا ہی کہ مثلاً بعد غسل میت کے غسل مستحب ہووے اور اسطرح وضو بعد اوٹھانے جنازے کے ص اور سنت ہی جنازے کے اوٹھانے مین چار آدمی اس طرح پر کہ اوسکے آگے کے پائے اور پیچھے کے پائے کو اپنے داہنے کاندھے پر رکھین تب اوسکے دوسری طرف کے آگے کے پائے اور پیچھے کے پائے کو اپنے بائین کاندھے پر رکھین اور جلدی چلین اور دوڑین نہین ف اور یہ تدبیر اوٹھانے کی وارد ہوئی ہی بہت صحابہ اور تابعین سے روایت کیا ابن ابی شیبہ اور عبدالرزاق نے مصنف مین علی اردی سے کہا کہ دیکھا مینے ابن عمر کو ایک جنازے مین کہ وہ اوٹھایا جاتا تھا چارون کونون سے تخت کے اور روایت کیا

[1] سقط ولد بچہ کو کہتے ہین جو حمل کے بعض حصے کے بعد ساقط ہوجاوے بعض حصے بچون اور بعض حصے بچون اور مردہ پیدا ہونے کا ہو ایسے بچہ پر نماز جنازہ نہین ۱۲

اونھی دونون نے عبداللہ بن مسعود سے کہا کہ جو جاوے ساتھ جنازے کے تو پکڑے چارون کونے تخت کے کیونکہ یہی سنت ہی اور روایت کیا امام احمد نے اونھی سے کہ کہا انھون نے سنت سے ہی یہ بات کہ اوٹھاوے جنازے کو چارون کونون سے تخت کے اور اخراج کیا اوسکا ابن ماجہ نے اور لفظ اوسکا یہ ہی کہ جو اوٹھاوے جنازے کو تو پکڑے چارون کونے تخت کے اور امام شافعی کے نزدیک آگے کا شخص گردن کی جڑ پر رکھے اور پیچھے کا شخص سینے سے اونچا اور ایسا ہی روایت کیا سعد بن معاذ کے جنازہ اوٹھنے کو ابن سعد نے طبقات مین اور امام شافعی نے ساتھ سند ضعیف کے اور مروی ہی یہ بھی بہت صحابہ سے لیکن جواب اوسکا یہ ہی کہ اوسوقت ہجوم تھا ملائکہ کا احوا سطے جنازہ اس طرح پر اوٹھایا گیا اور مروی ہی حدیث مین کہ ستر ہزار فرشتے جنازے مین حاضر ہوئے تھے یا کوئی اور سبب ہوگا اور جلدی چلنا حدیث مین وارد ہی روایت کیا ابوداود اور ترمذی نے عبداللہ بن مسعود سے کہا کہ پوچھا ہمنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کس طرح چلین ساتھ جنازے کے فرمایا کہ کم جنب سے اور جنب ایک قسم ہی دوڑنے کی اور یہ حدیث ضعیف ہی اور نکالا اصحاح ستہ والون نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جلدی کرو ساتھ جنازے کے تو اگر مردہ نیک ہی تو تم جلدی لیے جاتے ہو اوسکو طرف نیکی کے اور اگر بد ہی تو جلدی رکھتے ہو تم اوسکو کندھون سے اپنے ص قبل جنازہ رکھے جانے کے بیٹھنا مکروہ ہی ف کیونکہ بیٹھ جانے سے معلوم ہوتا ہی کہ اوس سے اعراض اور تغافل ہی اور جو شخص بیٹھا ہو اور جنازہ اوسکے سامنے سے گذرے تو کھڑا نہووے اور بعضون نے کہا ہی کہ کھڑا ہووے اور صحیح اول ہی کیونکہ روایت کیا حضرت علیؓ نے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم کرتے ہمکو کھڑے ہونے کا ساتھ جنازے کے پھر بیٹھنے لگے بعد اوسکے اور حکم کیا ہمکو بیٹھے رہنے کا اور روایت کیا اوسکو امام احمد وغیرہ نے ص اور جنازے کے پیچھے چلنا مستحب ہی ف اور اس باب مین دونون طرح کے آثار وارد ہین اور حضرت علیؓ سے مروی ہی کہ وہ پیچھے جنازے کے چلتے تھے اور حضرت عمر اور ابوبکر وغیرہم سے آگے چلنا ثابت ہی اور حق یہ ہی کہ جس طرح چاہے چلے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوار چلے پیچھے جنازے کے اور پیدل جس طرف چاہے اور لڑکا نماز پڑھی جاوے اوسپر روایت کیا اوسکو اصحاب سنن نے اور ترمذی نے صحیح کیا اوسکو اور ایک روایت مین ہی کہ چلو آگے اوسکے اور پیچھے اوسکے اور داہنے اوسکے اور بائین اوسکے اور روایت کیا ترمذی ابوداود اور ابن ماجہ وغیرہم نے کہ چلتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر اور عمر آگے جنازے کے ص قبر کھودے اور لحد بناوے ف کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لحد ہمارے واسطے ہی اور شق واسطے غیر ہمارے کے ہی روایت کیا اوسکو ترمذی نے ابن عباس سے اور اسناد مین اوسکی عبدالاعلی بن عامر ہی کہا اوسنے کہ اوسمین گفتگو ہی اور ابن ماجہ مین ہی انس بن مالک سے کہ جب انتقال کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تو تھے مدینے مین دو شخص ایک لحد بناتا تھا اور ایک نہین بناتا تھا تو کہا ہمنے کہ جو پہلے آویگا اوسی سے قبر بنوائینگے تو پہلے آیا بنانے والا لحد کا اور لحد بنائی گئی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور لحد کی وصیت کی سعد نے واسطے اپنے مرض موت مین ص اور مردے کو لحد مین جو قبر سے قبلے کی طرف قریب ہی رکھے ف اور ایسا ہی روایت کیا ابن ابی شیبہ نے ابراہیم نخعی سے اور ابوداود نے مراسیل مین کہ رکھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبر مین قبلے کی طرف سے اور نہین کھینچے گئے کھینچنے کر یعنی سل نہین کیے گئے اور امام شافعی کے نزدیک سل چاہیے اور وہ یہ ہی کہ رکھا جاوے تخت پیچھے قبر کے کہ ہووے سر مردے کا مقابل مین دونون قدمون کے قبر سے پھر داخل کیا جاوے سر مردے کا قبر مین اور اندر کیا جاوے اور ہووین پیر اوسکے مقام اوسکے سر کے پھر داخل کیے جاوین پیر اوسکے اور اندر کیے جاوین اسی طرح اور یہی مروی ہی چند صحابہ سے

ف عبدالاعلی بن عامر

کہ اسی طرح رکھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبر مین اخراج کیا اوسکا امام شافعی نے اور تفصیل فتح القدیر مین ہی **ص** اور کہنے والا کہے بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ **ف** اور اس مقام پر جو صاحب ہدایہ نے لکھا ہی کہ ایسا ہی کیا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دفن کیا تھا ابو دجانہ کو قبر مین سہو ہی اونسے اور کہا شیخ ابن الہمام نے کہ غلط ہی ابو دجانہ نے انتقال کیا بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیکن روایت کیا ابن ماجہ نے حجاج بن ارطاۃ سے انھون نے نافع سے انھون نے ابن عمر سے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب داخل کرتے مردے کو قبر مین کہتے تھے بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ زیادہ کیا ترمذی نے بعد بسم اللہ کے وباللہ اور کہا کہ حسن غریب ہی اور روایت کیا اسکو ابو داود نے اور طریقے سے اور حاکم نے اور اوسمین ہی کہ جب کھوتم مُردون اینکو قبر مین سو کہو بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اور صحیح کیا اوسکو اور بہت سے طریقے دوسرے ہین اس حدیث کے **ص** اور مردے کا مونہہ قبلے کی طرف کردیوے **ف** اور یہی ثابت ہی حدیثون سے اور اتفاق کیا اوسپر علماے امت نے **ص** اور جو کفن کے کھلنے کے خوف سے گرہ باندھی تھی کھول دیوے اور کچی اینٹ اور بانس قبر پر رکھے **ف** اسواسطے کہ بچھائی گئین تحتین اینٹین واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روایت کیا مسلم نے سعد بن ابی وقاص سے کہ کہا انھون نے اوس مرض مین کہ مرے اوسمین بناؤ واسطے میرے لحد اور رکھو اوسپر اینٹین جیسا کہ کیا گیا تھا ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور گذرا حدیث ابن حبان سے کہ رکھو اوپر میرے اینٹین جیسا کہ رکھی گئین قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے شعبی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر کی گئی قصب اور یہ مرسل ہی اور روایت کیا ابن سعد نے طبقات مین کہ وصیت کی ابو میسرہ عمرو بن شرحبیل ہمدانی نے یہ کی جاوین اوسکی لحد پر کچھ قصب اور کہا کہ دیکھا مینے مہاجرین کو کہ دوست رکھتے تھے اوسکو اور قصب نرکل کو کہتے ہین فقط **ص** اور دفن کے وقت عورت کی قبر پر پردہ کرے اور مرد کی قبر پر نکرے **ف** اسواسطے کہ پردہ خاص واسطے عورت کے ہی **ص** اور پختہ اینٹ اور لکڑی قبر مین بچھانا مکروہ ہی پھر مٹی ڈالے اور قبر کو ہاتھ سے پشت کرے اور مربع نکرے **ف** اور جسنے دیکھا قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سو بیان کیا کہ وہ مثل اونٹ کی کوہان کے ہی کہا امام ابو حنیفہ نے حدیث بیان کی ہمسے ایک شیخ نے مرفوعاً کہ منع کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مربع کرنے سے قبر کے اور برابر کرنے سے اوسکو اور روایت کیا امام محمد نے ابراہیم نخعی سے کہ کہا انھون نے خبر دی مجکو اوسنے جسنے دیکھا قبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو کہ تھین وہ اونچی ہوئین زمین سے اور اوسپر بیچ مین تسگاف تھا پتھر سفید سے اور صحیح بخاری مین ہی ابو بکر بن عیاش سے کہ سفین نمار نے حدیث بیان کی اوسنے کہ دیکھا اونھون نے قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ تھی مثل کوہان شتر کے اور ایسا ہی روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے اور بہت سے آثار اس باب مین وارد ہوئے ہین اور روایت کیا ابو حفص بن شاہین نے کتاب الجنائز مین بسالم سے کہ پوچھا مینے ابو جعفر محمد بن علی اور قاسم بن محمد بن ابی بکر اور سالم بن عبد اللہ سے کہ کس طرح تھین قبر ین آپکے بزرگون کی کہا کہ تھین سب مثل کوہان شتر کے اور روح مسلم نے روایت کیا ہیاج اسدی سے کہا کہ کہا واسطے میرے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہ بھیجتا ہون مین تجکو اوسپر کہ بھیجا تھا مجکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ مچھوڑ کوئی تصویر مگر مٹا دے اوسکو اور نہ کوئی قبر بلند مگر برابر کردے اوسکو یہ جب ہی کہ قبر پر عمارت بنی ہوئی ہو اور یہ مراد نہین کہ زمین سے بھی قبر اونچی نہو بلکہ ایسی چاہیے کہ زمین سے ممتاز رہے جاوے اور معلوم ہووے کہ قبر ہی

باب شہید کے بیان مین

جو شخص کہ طاہر اور بالغ ہووے اور تیز چیز سے مارا جاوے ظلم کی راہ سے اور اوس مارنے کے بدلے مین مال دنیا واجب نہوا ہو یا میدان قتال مین

زخمی پایا جاوے تو جسپر غسل واجب ہی جیسے جنب اور حائض اور نفسا یا اڑکا ہی تو وہ شہید نہین اوسکو کرتیر چیز سے قتل نہین کیا بلکہ بھاری چیز سے تو وہ بھی شہید نہین مگر اگر باغیون نے مارا ہووے یا مشرکین یا لوٹنے والون نے کہ اونکا مقتول جس چیز سے چاہین مارین شہید ہی ف اور جنب اگر شہید ہو تو امام صاحب کے نزدیک غسل اوسکو کرایا جاویگا اور صاحبین کے نزدیک نہین دلیل امام صاحب کی یہ ہی کہ روایت کیا ابن حبان اور حاکم نے عبداللہ بن زبیر سے کہا کہ سنا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے اور تحقیق کہ قتل کیا گیا حنظلہ بن عامر ثقفی صاحب تمہارا غسل دیتے ہین اوسکو ملائکہ تو پوچھا صحابیون نے اونکی بیوی سے کہا کہ نکلے تھے وہ اور جنب تھے اخیر حدیث تک اور فرمایا آپنے کہ اسواسطے غسل دیتے ہین اوسکو ملائکہ اور کہا حاکم نے صحیح ہی اوپر شرط مسلم کے اور بیوی کا ذکر نہین کیا اور نام اونکی بیوی کا جمیلہ بنت ابی سلول ہی بہن تھین عبداللہ بن سلول منافق کی اور باغیون کے یا مشرکون کے ہاتھ سے جو مارا جاوے تو وہ شہید ہی اور دلیل اسکی صاحب ہدایہ نے یہ بیان کی ہی کہ شہدا اُحد کے سب ہتھیار سے نہین مارے گئے تھے اور پھر کسیکو غسل نہین دیا گیا ص اور جو ظلم سے مارا جاوے بلکہ حد یا قصاص سے مرے تو بھی شہید نہین اور جسکے مرنے سے دیت واجب ہووے وہ بھی شہید نہین مگر باپ اگر اپنے بیٹے کو مار ڈالے تو وہ شہید ہی اور اگر کسی شخص کو میدان مین زخمی نیا یا بلکہ اوسکی ناک چھوٹی ہوئی پائی تو وہ شہید نہین تو اگر کسی مسلمان نے کہ ایک مسلمان نے کہ وہ باغی اور ڈکیتا نہین مار ڈالا تو اگر لوہے سے مارا ہی تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک شہید ہی اور جو لوہے سے نہین مارا تو شہید نہین اور صاحبین کے نزدیک کچھ لوہے کی شرط نہین اور جو چیزین کہ مردے سے خاص نہین جیسے پوستین اور قبا اور ٹوپی اور ہتھیار اور مونہ وہ شہید سے اوتار لیجاوینگی اور اگر کفن مین سے کوئی چیز کم ہو تو زیادہ کرین اور جو زیادہ ہو تو کم کرین اور اوسکو غسل ندیوین اور نماز پڑھین اور خون بھرا ہوا دفن کر دیا جاوے ف کیونکہ روایت کیا امام احمد نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سامنے آئے احد کے شہیدون پر سو فرمایا کہ مین گواہ ہون ان لوگون پر دفن کرو اونکو ساتھ زخمون اونکے کے اور خون کے اور یہ مستلزم ہی عدم غسل کو کیونکہ جب غسل ہوگا تو خون کہان باقی رہیگا اور غسل کے ترک مین چند حدیثین آئین ہین اخراج کیا بخاری اور اصحاب سنن نے لیث بن سعد سے انھون نے زہری سے انھون نے عبدالرحمن بن کعب سے انھون نے جابر بن عبداللہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جمع کرتے تھے دو شخصون کو شہیدون احد سے اور فرماتے تھے کہ کون سا زیادہ ہی حافظ قرآن کا تو جب بتلایا کوئی کسیکو اوسکو آگے کرتے لحد مین اور کہتے مین گواہ ہون انپر دن قیامت کے سو حکم کیا آپنے انکے دفن کا خونون مین اور نہین غسل دیا اونکو زیادہ کیا بخاری اور ترمذی نے اور نہین نماز پڑھی اونپر کہا نسائی نے نہین جانتا ہون مین کہ متابعت کی ہو لیث کی کسینے اصحاب زہری سے اس اسناد پر اور بخاری نے نہین اختیار کیا اوسکو اور روایت کیا ابوداود نے جابر سے کہ لگا ایک شخص کو تیر سینے مین یا حلق مین سو مر گیا اور رکھا گیا اوسی طرح اپنے کپڑون مین اور ہم تھے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور سند اوسکی صحیح ہی اور روایت کیا نسائی نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لپیٹ دو اونکو اونکے خونون مین کیونکہ نہین ہی کوئی زخم کہ لگا ہی اللہ کی راہ مین مگر آویگا دن قیامت کے کہ رنگ اوسکا رنگ خون کا ہوگا اور خوشبو جیسے مشک کی اور امام شافعی کے نزدیک اوپر نماز بھی نہ پڑھی جاوے اور کہتے ہین کہ تلوار محو کرنے والی ہی واسطے گناہون کے اور بعض فقہا نے اسکو کلام حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا ہی اور ایسا ہی صحیح ابن حبان مین اور صحیح بخاری مین ہی جابر سے کہ نہین پڑھی نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوپر قتیلون احد کے اور جواب ہماری طرف سے یہ ہی کہ روایت کیا ابوداود نے مراسیل مین عطا بن ابی رباح سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اوپر

شہدائے احد کے تو اب بعمار رضی ہے گی حدیث جابر کی ہمارے نزدیک لیکن اگر کوئی کہے کہ یہ مرسل ہے تو جواب اوسکا یہ ہے کہ عطا یہ بڑے تابعین سے ہین اور مرسلات انکے مانند مرفوع کے ہین اور اگر مسلم ہو تو جب قوت دیوے اوسکو دوسری حدیث مرفوع تو تو حجت ہوگی اور وہ یہ ہے جو روایت کیا حاکم نے جابر سے کہا کہ گم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حمزہ رضی اللہ عنہ کو یعنی اونکی نعش نہین ملتی تھی بسبب کثرت شہدا کے پھر کھڑے ہوئے لوگ قتال سے سو کہا ایک شخص نے کہ دیکھا مینے اونکو فلانے درخت کے نیچے تب آئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوس درخت کے پاس اور دیکھا اونکو اور اونکا حال اور رو دئے پکار کے سو کھڑا ہوا ایک شخص انصار مین سے اور ڈالا اونپر ایک کپڑا پھر لائے گئے حمزہ علیہ السلام اور نماز پڑھی آپنے اونپر پھر باقی شہید پڑھتے جاتے تھے اونپر نماز پہلو مین حضرت حمزہ کے اور اوٹھتے جاتے تھے اور حمزہ رضی اللہ عنہ وہین رکھے گئے یہان تک کہ پڑھی نماز سب شہیدون پر اور فرمایا آپنے کہ حمزہ سردار شہیدون کے ہین اللہ کے نزدیک دن قیامت کے اور کہا کہ صحیح ہے اسناد اوسکا اور نہین نکالا اوسکو شیخین نے لیکن اسناد مین اوسکی مفضل بن صدقہ ہے اور اوسکو اگرچہ ضعیف کیا یحیی اور نسائی نے لیکن کہا ہوازی نے کہ تھے عطا بن مسلم توثیق کرتے تھے اونکی اور احمد بن شعیب نے ثنا کی اونپر بوری ثنا اور کہا ابن عدی نے نہین دیکھتا ہون مین بیاتھ اوسکے کچھ حرج تو نہ کم ہوگی حدیث درجہ حسن سے اور وہ حجت ہے اور شک نہین اسمین کہ قوت کریگی حدیث ابوداود کو اور کہا احمد نے ثنا عفان بن مسلم ثنا حماد بن سلمة ثنا عطاء بن السائب عن الشعبي عن ابن مسعود قال كان النساء يوم احد خلف المسلمين یہان تک کہا فوضع حمزة للنبي صلى الله عليه وسلم وجيء برجل من الانصار فوضع الى جنبه فصلى عليه فرفع الانصاري وترك حمزة ثم جيء باخر فوضع الى جنب حمزة فصلى عليه ثم رفع وترك حمزة فصلى عليه يومئذ سبعين صلوة یعنی تھین ستر آدمی دن احد کے پیچھے مسلمانون کے یہان تک کہا پس رکھے گئے حمزہ واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور لائے گئے دوسرے شخص انصار مین سے اور رکھا اونکے پہلو مین سو نماز پڑھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسپر اور چھوڑ دیے گئے حمزہ رضی اللہ عنہ اور اوٹھایا گیا وہ شخص پھر لائے گئے دوسرے شخص اور رکھا پہلو مین حمزہ کے اور نماز پڑھی آپنے اوسپر اور اوٹھایا گیا اور رکھے رہے حمزہ رضی اللہ عنہ یہان تک کہ پڑھی اونپر نماز ستر بار اور یہ بھی درجہ حسن سے کم نہین اور عطا بن السائب اگرچہ آخر عمر مین حفظ اونکا بگڑ گیا تھا لیکن جن لوگون نے اونسے اول عمر مین روایت کیا تو وہ صحیح ہے اور مین جانتا ہون کہ حماد بن سلمہ نے اونسے قبل تغیر کے سنا کیونکہ حماد بن زید نے تو ثابت ہوا ہے کہ قبل تغیر کے سنا اور وہ وفات اونکی عطا کے بعد پچاس برس کے ہوئی اور حماد بن سلمہ نے انتقال کیا قبل حماد بن زید کے بارہ برس پہلے تو روایت اونکی صحیح ہوگی اور بشرط عدم تسلیم کے حسن سے کم نہوگی اور روایت کیا دارقطنی نے ابن عباس سے کہ جب پھرے مشرک لوگ شہیدون احد سے یہان تک کہ کہا پھر آگے کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حمزہ کو اور تکبیر کہی اونپر دس بار اور ذکر کیا مانند اور روایتون کے اور یہ بھی درجہ حسن سے کم نہین تو بصورتیکہ سب ضعیف ہوتین تب بھی حاصل اون حدیثون کا حسن ہوجاتا نہ کہ ہر حدیث حسن ہوے علاوہ اسکے کہا واقدی نے مغازی مین حدثني عبد الله بن محمد بن عبد الله عن عطاء عن ابن عباس اور ذکر کیا اوس حدیث کو تو رفع ہوگیا اوسکا اور روایت کیا مولی بن ربیعہ بن قیس شکری سے کہا کہ تھا مین اوس لشکر مین کہ بھیجا تھا اوسکو ابوبکر صدیق نے ساتھ عمرو بن العاص کے ایلیا اور فلسطین کی طرف اور ذکر کیا حدیث کو اور کہا کہ قتل کیے گئے وہین مسلمانون مین سے ایک سو تیس آدمی اور نماز پڑھی اونپر عمرو بن العاص اور اون لوگون نے جو اونکے ساتھ تھے

مفضل بن صدقہ

عطاء بن السائب

اور تھے اوسوقت ساتھ عمر کے نو ہزار مسلمان اور دو سو تریسٹھ کہ نماز واسطے نماز کے ہوا اور وہ شہید ہوئے ص اور لڑکے اور حائض اور جنب اور نفسا کو غسل دیا جاوے ف اور دلیل اسکی گذری کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غسل دیتے ہیں حنظلہ کو ملائکہ اور لڑکے کو اسواسطے غسل دیا جاوے کہ سیف کافی ہوئی شہداء احد کے خون کے غسل کے بدلے کیونکہ وہ معصوم تھے بخلاف لڑکے کے کہ اوسکا گناہ نہیں ہوتا اونکے حکم میں نہوگا ص اور اگر ایک شخص کو شہر میں قتیل پایا اور قاتل اوسکا معلوم نہیں برابر ہو کہ قتل اوسکا لوہے یا بڑی لاٹھی یا چھوٹی لاٹھی سے ہوا ہو غسل اوسکو دیوینگے اگر ایسے موضع میں جہاں دیت اور قسامت لازم آتی ہو جیسے محلہ اور گھر وغیرہ میں پڑا ہووے اور اگر سڑک یا مسجد جامع میں پڑا ہووے تو اگر معلوم ہوا کہ لوہے سے قتل ہوا ہی غسل نہ دیا جاویگا کیونکہ وہ شہید ہی اور اگر لوہے سے نہیں قتل کیا گیا ہو بلکہ بڑی لاٹھی سے امام صاحب کے نزدیک غسل دیا جاویگا اور صاحبین کے نزدیک نہیں دیا جاویگا اور اگر چھوٹی لاٹھی سے قتل ہوا ہی سب کے نزدیک غسل دیا جاویگا اور اگر کچھ نہ معلوم ہوا کہ کس سے قتل ہوا ہی تو غسل دیا جاویگا اور اگر کوئی شخص معرکہ میں زخمی ہوا اور اوسکے سویا کچھ کھایا پیا یا اوسکا علاج کیا یا نیند کا غلبہ کیا یا لیکر وقت نماز تک غافل رہا یا کچھ وصیت کی غسل دیا جاویگا اور نماز پڑھی جاویگی اونکی جو قتل ہوئے اور امام محمد کے نزدیک وقت دیدیے غسل دینگے اور اگر بیہوش یا ڈاکنے والا مارا گیا ہو اوسکو غسل دینگے اور نماز نہیں پڑھینگے ف کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نہیں نماز پڑھی باغیوں پر ایسا ہی ہدایہ میں

باب کعبے میں نماز پڑھنے کے بیان میں

کعبے میں فرض اور نفل پڑھنا درست ہی اور امام شافعی کے نزدیک ہدایہ میں کہا ہی کہ درست نہیں اور اونکی کتابوں میں لکھا ہی کہ درست ہی جب یہ متوجہ ہو طرف دیوار کعبے کے یہانتک کہ اگر سونہہ کیا طرف دروازے کے اور وہ کہا ہی اور جو کعبے کی برابر اونٹ کی پالان کی لکڑی کے نہیں تو نہیں جائز ہوگا اور یہی ہی اونکی کتابوں میں کہ اگر معاذ اللہ مستقبل کعبہ گرایا جاوے تو نماز اوسکے بہر اوس طرف منہ کرکے درست ہی اور اوسکے اندر جائز نہیں مگر جب اوسکے سامنے ستر ہو یا بقیہ ہو دیوار کا اور اعتراض کیا اوپر اسکے جو وقا ف اور ہمارے نزدیک اسواسطے درست ہی کہ روایت ہی صحیحین میں ابن عمر سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے کعبے میں اور اسامہ اور بلال اور عثمان بن طلحہ اور بند کر لیا اوسکو پھر رہے تھوڑی دیر اوسمیں کہا ابن عمر نے کہ پوچھا میں نے بلال سے جس وقت نکلے کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ کعبے دو ستون بائیں طرف اور ایک داہنی طرف اور تین پیچھے اپنے پھر نماز پڑھی تو تھا خانہ کعبے کا اوس دن چھ ستون پر انتہی اور یہ دن فتح مکہ کا تھا جیسا کہ تصریح کی انھوں نے ساتھ اوسکے نافع سے انھوں نے ابن عمر سے تو یہ حدیث اور سوا اوسکے معارض ہی اوسکے جو نکالا اون دونوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے کعبے میں اور اوسمیں چھ ستون تھے سو کھڑے ہوئے نزدیک اپنے رب کے اور دعا کی اور نماز نہ پڑھی تو ترجیح ہوگی حدیث ابن عمر کو کیونکہ اثبات مقدم ہی نفی پر اور بعضوں نے جو تاویل کی حدیث بلال کی کہ صلوٰۃ سے اوس جگہ مراد دعا ہی غلط ہی کیونکہ خود بخاری میں ہی ابن عمر سے کہ پوچھا میں نے حضرت بلال سے کہ نماز پڑھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبے میں کہا کہ ہاں دو رکعتیں آخر تک لیکن معارض ہی اوسکے جو صحیحین میں ہی قول ابن عمر سے کہ بھول گیا میں پوچھنا اوسسے کہ کتنی رکعتیں پڑھیں تھیں تو اس صورت میں جمع اس طور پر ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار داخل ہوئے کعبے میں دن کے سو نہیں نماز پڑھی اور داخل ہوئے پھر دوسرے روز سو نماز پڑھی اور یہ حج وداع میں تھا اور یہ مروی ہی حضرت ابن عمر سے ساتھ اسناد حسن کے اخراج کیا اوسکا دارقطنی نے تو ہم معمول کرتے ہیں

حدیث ابن عباس کو اول روز پر واللہ اعلم **ص** کعبے کے اندر نماز پڑھنا جائز ہی اگرچہ مقتدی کی پیٹ امام کی پیٹ کی طرف ہو مگر جسکی پیٹ امام کے مونہہ کی طرف ہوگی اوسکی نماز درست نہوگی کیونکہ وہ امام سے آگے ہوگیا اور کعبے کے اوپر نماز پڑھنا مکروہ ہی تعظیم کے واسطے اور ہمارے مین ہی کہ شافعی کے نزدیک جائز نہین **ف** اسواسطے کہ کعبہ اونکے نزدیک اوس بنا کا نام ہی اور ہمارے نزدیک کعبہ ایک احاطہ ہی اور ہوا ہی آسمان تک نہ بنا کیونکہ نقل اوسکا ہوسکتا ہی اور دلیل اسپر یہ ہی کہ اگر پہاڑ پر کوئی شخص نماز پڑھے تو وہ کعبے سے اونچا ہی تو اس صورت مین جب عمارت کا نام ہووے نماز نہ جائز ہووے اور مکروہ ہی اسواسطے کہ اوسمین ترک تعظیم ہی اور وارد ہوئی ہی اوسمین نہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ابن ماجہ نے سنن مین حضرت عمر رضی سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سات جگہہ ہین کہ نہین جائز ہی نماز اونمین پیٹ خانہ کعبہ کی اور مقبرہ آخر حدیث تک اور ضعیف کی گئی یہ حدیث ساتھہ ابو صالح کاتب اللیث کے لیکن توثیق کی اوسکی جماعت نے اور کلام کیا بعضون نے اور نہ جائز ہونے سے مراد یہ ہی کہ مکروہ ہی اور نماز کامل نہین ہوتی **ص** اور اونکی کتابون مین لکھا ہی کہ جب کوئی ستر سے آگے کھڑا کریوے تو درست ہی اور بغیر اوسکے جائز نہین اور اگر ایک امام کے ساتھہ لوگون نے اقتدا کیا کعبے کے گرد حلقہ باندھکے تو درست ہی مگر کوئی اونمین سے اگر اپنے امام سے زیادہ کعبے کی طرف نزدیک ہی مثلاً امام دو گز کے فرق پر ہی اور مقتدی ایک گز کے تو اس صورت مین اگر وہ شخص اوس طرف ہی جس طرف امام ہی تو نماز اوسکی درست نہوگی اور اگر اور طرف مین ہی تو درست ہوگی جانا چاہیے کہ کعبے کی چار جانب ہین چار دیوار کے سامنے تو پھر جو شخص کہ اوس طرف کھڑا ہی کہ جس طرف امام ہی تو وہ شخص جسوقت کہ کعبے کی طرف امام سے زیادہ نزدیک ہی تو امام سے آگے ہوجاویگا بخلاف دوسرے تین طرف کھڑے ہونے والون کے کیونکہ وہ جو شخص کہ اونمین امام سے زیادہ کعبے کے نزدیک ہی وہ امام کے آگے نہین ہی فقط

ابو صالح کاتب اللیث

کتاب الزکوٰۃ

زکوٰۃ چاندی اور سونا اور سوائم اور تجارت کے مالون مین اگر حاجت اصلی سے زائد ہون اور نصاب کے موافق ہون اور تصرف مین مالک آزاد اور عاقل بالغ مسلمان کے ہوون بعد ایک سال گذرنے کے ان چیزون پر واجب ہوتی ہی **ف** زکوٰۃ فرض ہی کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ یعنی ادا کرو زکوٰۃ مالون اپنے کی اور اوسپر اجماع ہی امت کا اور واجب ہونے سے مراد اس مقام مین فرض ہونا ہی اور شرط آزاد ہونے کی اسواسطے ہی کہ کمال ملک کا ساتھہ حریت کے ہوتا ہی اور غلام کی کچھہ ملک نہین ہی اور بلوغ اور عقل کو بیان کرینگے اور اسلام شرط ہی اسواسطے کہ زکوٰۃ عبادت ہی اور عبادت کافر سے نہین ہوتی اور نصاب بھی ضرور ہی اسواسطے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شرط کیا نصاب کو اور روایت کیا بخاری مسلم نے ابو سعید خدری سے کہ فرمایا حضرت نے نہین ہی کم مین پانچ وسق سے کھجور کے زکوٰۃ اور وسق ساٹھہ صاع کا ہوتا ہی اور صاع چار مُد کا اور مُد ایک رطل اور تہائی رطل ہوتا ہی اور فرمایا کہ نہین ہی کم مین پانچ اوقیہ سے چاندی کے صدقہ یعنی زکوٰۃ اور اوقیہ چالیس درم کا ہوتا ہی تو پانچ اوقیے کے دو سو درم ہوئے اور اس ملک مین قریب چالیس روپے کے ہوتے ہین اور فرمایا کہ نہین ہی پانچ اونٹون سے کم مین زکوٰۃ اور ایکسال گذرنے کی اسواسطے قید ہی کہ روایت کیا مالک اور نسائی نے نافع سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص حاصل کرے مال تو نہین ہی زکوٰۃ اوسپر یہان تک کہ گذر جاوے اوسپر ایک سال اور روایت کیا ابو داؤد نے عاصم بن ضمرہ رضی اللہ عنہ سے اور حارث اعور سے انھون نے حضرت علی رضی سے کہ فرمایا حضرت نے جب ہون تیرے واسطے دو سو درم اور اوسپر گذر جاوے ایک سال تو اوسمین پانچ درہم ہین اور پھر جا کے بیان کیا کہ نہین ہی کسی

حارث الاعور

عاصم بن ضمرہ

مال مین زکوۃ یہان تک کہ گذر جاوے ایک سال اور حارث اگرچہ ضعیف ہی لیکن عاصم ثقہ ہی اور روایت کیا مالک نے کہ قاسم نے نہین لیتے تھے حضرت ابوبکر کسی مال سے زکوۃ یہان تک کہ گذرے اوسپر ایک سال **ص** اور جو مال نصاب یا زائد حاجت اصلی سے نہووے جیسے غلام واسطے خدمت کے اور غلہ واسطے کھانے کے اور کپڑے پہننے کے اور اسباب خانگی اور جانور سواری کے اور ہتھیار کہ انکو استعمال کرتا ہی اور ضروری کے ہتھیار اور کتابین پڑھنے کی تو زکوۃ واجب نہین **ف** کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی مسلمان پر صدقہ اوسکے غلام مین اور اوسکے گھوڑے مین اور ایک روایت مین ہی کہ نہین ہی اوسکے غلام مین صدقہ مگر صدقہ فطر روایت کیا اسکو بخاری مسلم نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے **ص** اور نیت تجارت کی بھی ضرور ہی مثلاً غلام اوسکی حاجت سے فاضل یا گھر بھی رہنے کے واسطے نہون تو اگر نیت تجارت کی نہوگی زکوۃ واجب نہوگی اور مکاتب پر زکوۃ واجب نہین **ف** اور مکاتب اوس غلام کو کہتے ہین کہ اوس سے مالک کہدے کہ اگر اتنے روپے تو مجھے دے دے تو تو آزاد ہی اور زکوۃ اسواسطے اوسپر واجب نہین کہ حریت ضعف اوسمین نہین ہی بلکہ ایک طرح کی عبدیت یعنی غلام ہونا مستحق ہی جب تک اپنی قیمت ادا کر لیوے **ص** اور جو شخص کہ قرضدار ہی بقدر قرض اوسکے زکوۃ اوسپر واجب نہوگی یہ جب ہی کہ قرض کسی شخص کا آتا ہو اور اگر قرض خدا کا ہو جیسے نذر یا کفارہ تو زکوۃ واجب ہوگی اور مال ضمار یعنی اوس مال مین کہ مالک سے غائب ہی اور امید اوسکے ملنے کی نہین ہی جیسے مال گما ہوا یا دریا مین ڈوبا ہوا یا غصب کیا ہوا اور اوسپر کوئی گواہ نہین یا جنگل مین مثلاً گاڑا اور جگہ اوسکی بھول گیا یا جو قرض کہ لینے والے نے اوسکا انکار کیا برسون پھر اقرار کیا لوگون کے سامنے بعد برسون کے یا جو ظالم نے مال لے لیا اور پھر بعد برسون کے مل گیا تو ان سب صورتون مین زکوۃ اون برسون کی لازم نہ آویگی اور امام شافعی کے نزدیک لازم آویگی اور جو قرض کہ مفلس یا غنی پر ہووے اور وہ اقرار کرتا ہو یا قرضدار انکار کرتا ہو لیکن گواہ اوسکے لینے پر موجود ہون یا قاضی اوس سے واقف ہو تو یہ مال اگر اوسکو ملجاوینگے زکوۃ اون گذرے دنون کی واجب ہوگی اور اگر کسی چیز کو تجارت کی نیت سے خریدا بعد اوسکے نیت خدمت کی کی زکوۃ اوس مین واجب نہوگی اگرچہ پھر نیت تجارت کی کرے جیسا کہ اوسے بیچ نہ ڈالے اور جو شخص کسی مال کا سوا چاندی اور سونے اور سوائم کے ہبہ یا وصیت یا نکاح یا خلع یا دیت سے مالک ہو جاوے اور وقت ملک کے نیت تجارت کی ہووے تو امام ابو یوسف کے نزدیک واسطے تجارت کے ہوگا اور زکوۃ واجب ہوگی اور نزدیک امام محمد کے واجب نہوگی اور بعضون نے کہا ہی کہ ابو یوسف کے نزدیک واجب نہوگی اور محمد کے نزدیک واجب ہوگی اور اگر ملک کے وقت نیت تجارت کی نہو اگرچہ پھر نیت تجارت کی ہو جاوے زکوۃ واجب نہوگی جب تک اوسکو بیچ نہ ڈالے یہ جب ہی کہ سبب ملک کا اختیاری ہو اور اگر اختیاری نہو جیسے ورثہ وغیرہ زکوۃ واجب نہوگی اور زکوۃ مین دینے کے وقت نیت زکوۃ کی چاہیے یا مال زکوۃ کو جدا کرے تو اگر کوئی شخص ہزارون کا مال باشتباہ بغیر نیت زکوۃ کے تقسیم یا جدا کرنے کے تو وہ مال زکوۃ سے محسوب نہوگا اور اگر سب مال کچھ شخص اوسمین کی راہ مین دیدیوے تو زکوۃ ساقط ہوگی اور اگر تھوڑا مال دیوے تو جتنے کا مال دیا ہی اوسکی زکوۃ امام محمد کے نزدیک ساقط ہوگی اور ابو یوسف کے نزدیک نہین ہوگی مثلاً اگر اوسکے پاس دو سو درم تھے اوسنے سوا نہین سے دیدیے امام محمد کے نزدیک زکوۃ اون سو کی ادا ہو جاویگی اور ابو یوسف کے نزدیک ادا نہوگی

باب مالون کی زکوۃ کے بیان مین

نصاب اونٹ کی پانچ ہین اور گاے کی تیس اور بکری کی چالیس تو جب اونٹ پانچ سے یا گاے تیس سے یا بکریان چالیس سے کم ہون زکوۃ واجب نہوگی **ف** کیونکہ فرمایا حضرت صلے نے اور جسکے نہون مگر چار اونٹ تو نہین ہی اوسمین صدقہ مگر یہ کہ چاہے مالک اوسکا یعنی فرض نہین زکوۃ اوسمین اور جب ہوجاوین پانچ تو اوسمین ایک بکری ہی اور فرمایا کہ جب ہون کم چالیس بکریون سے آدمی کے پاس تو نہین ہی اوسمین صدقہ مگر یہ کہ چاہے مالک اوسکا اور فرمایا وَفِي الْبَقَرِ فِي كُلِّ ثَلَاثِينَ تَبِيعٌ یعنی گاے مین ہر تیس مین ایک گاے ہی ایک برس کی اور دوسرے برس مین لگی ہو **ص** ہر پنجے مین اونٹ کے بختی ہون یا عربی **ف** بختی اونٹ اوسکو کہتے ہین کہ عربی اونٹ اور عجمی سے مل کے پیدا ہوا ہو اور عربی جسکے ماپ دونون عربی ہون **ض** ایک بکری واجب ہی تو دس مین دو بکریان اور پندرہ مین تین اور بیس مین چار واجب ہونگی اور جب پچیس اونٹ ہوجاوین ایک بنت مخاض یعنی ایک برس کی اونٹنی کہ دوسرے مین لگی ہو چھتیس تک اور جب ہوجاوین تو ایک بنت لبون یعنی دو برس کی اونٹنی کہ تیسرے برس مین لگی ہو اور جب چھیالیس ہون تو ایک حقہ یعنی تین برس کی کہ چوتھے مین لگی ہو اور جب اکسٹھ ہون تو ایک جذعہ کہ چار برس کی پانچوین مین ہو اور جب چھہتر ہون تو دو بنت لبون اور جب اکانوے ہون تو ایک سو بیس تک دو حقہ پھر اسی طرح ہر پنجے مین ایک بکری پھر ایک سو بیالیس مین ایک بنت مخاض اور دو حقہ اور ڈیڑھ سی مین تین حقے واجب ہونگے پھر ہر پنجے مین ایک بکری پھر ہر پچیس مین ایک بنت مخاض اور ہر چھتیس مین ایک بنت لبون پھر ایک سو چھیالیس مین دو سو تک چار حقے واجب ہونگے پھر بعد دو سو کے پنجے سے شروع کیا جاویگا جیسا کہ بعد ڈیڑھ سو کے شروع کیا گیا تھا **ف** اور ایسا ہی وارد ہوا حدیث مین اور اسمین خلاف امام شافعی کا ہی وَاللّٰهُ اَعْلَمُ **ص** اور جب تیس گاے ہون یا بھینس تو ایک تبیع یعنی ایک سال کا دیوے اور جب چالیس ہون تو ایک مسنہ یعنی دو برس کا پڑیا پڑوا اور پھر ساٹھ تک حساب لگا کر دے تو جب ساٹھ ہون دو تبیعے دے اوسکے تک پھر جب ستر ہون ایک مسنہ اور ایک تبیعہ دے پھر جب اسی ہون تو دو مسنے اور جب نوے ہون تو تین تبیعے اور جب سو ہون تو دو تبیعے اور ایک مسنہ اور جب ایک سو دس ہون تو ایک تبیعہ اور دو مسنے پھر جب سو اور بیس ہون چار تبیعے یا تین مسنے دیوے اسی طور سے ہر ایک تیس مین تبیعہ اور ہر چالیس مین مسنہ دیا کریگا اور پچاس بکریان یا بھیڑ ہون تو ایک بکری ہی پھر ایک سو اکیس مین دو بکریان پھر جب دو سو اور ایک بکری ہو تین بکریان دے پھر جب چار سو ہون تو چار بکریان دے پھر اسی طرح ہر سیکڑے مین ایک بکری دیا کرے **ف** اور ایسا ہی حدیث مین آیا ہی روایت کیا اوسکو ابو داود نے حضرت علی سے اور اسناد اوسکا ضعیف ہی اور مروی ہی کتاب حضرت ابو بکر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا ہی ذکر کیا اوسکو بخاری نے **ص** اور جو خچر یا گدھے تجارت کے نہین ہین اونمین زکوۃ واجب نہین مگر یہ کہ تجارت کے لیے ہون **ف** اسواسطے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین نازل ہوا مجھپر اوسمین کچھ اور جب تجارت کے لیے ہون تو زکوۃ واجب ہوگی کیونکہ حال اونکا مثل حال اور اموال کے ہی **ص** اور اونٹ گاے بکری اگر گھر مین سے اونکو کھلایا جاتا ہو اور چارہ دیا جاتا ہو تو اونمین زکوۃ واجب نہین ہا وریہ جو زکاتین گذرین جب ہین کہ وہ جانور سوائم یعنی جنگل سے چرائے جاتے ہون اکثر مدت مین سال کی اور جو جانور کہ کام کے لیے ہین جیسے بیل ہل جوتنے کے یا بوجھ لادنے کے لیے تو اونمین بھی زکوۃ واجب نہین بکری کے اور اونٹ کے اور گاے کے بچون مین جتنے چاہے ہون زکوۃ نہین ہی مگر بڑے کی تبعیت مین مثلاً چالیس بچے ہون بکریون کے اور پانچ مین اونٹون کے اور تیس مین گایون کے اگر ایک بھی بڑا ہوگا تو زکوۃ واجب ہوگی اور بڑے اگر نر گھوڑے ہون

واسطے خچر کے ۱۲

تو زکوۃ واجب نہین اور نری مادہ ہون تو بھی ایک روایت مین واجب نہین اور اگر زیادہ ملے جلے ہون ہر گھوڑے مین ایک دینار واسطے تجارت کے ۱۲ واسطے تجارت کے اگر جنگل سے چرائے ملے ہون ۱۲ منہ مظلہ لازم آویگا یا اونکی قیمت لگاکے اگر نصاب ہووے چالیسوان حصہ لازم آویگا **ف** اور یہ مذہب امام ابو حنیفہ کا ہی اور قول امام زفر کا بھی ہی اور کہا صاحبین نے نہین زکوۃ ہی گھوڑے مین کیونکہ حدیث مین آیا ہی کہ نہین ہی صدقہ مسلمان پر اوسکے غلام اور گھوڑے مین روایت کیا اوسکو بخاری مسلم وغیرہما نے اور جواب اسکا یہ ہی کہ مراد اسجا وہ گھوڑا ہی جو واسطے جہاد ہی کے ہو اور ایسا ہی منقول ہی زید بن ثابت رضہ سے یا وہ جو گھر مین کھاتا ہو اور دلیل امام صاحب کی یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر گھوڑے چرنے والے مین ایک دینار ہی یا دس درم ذکر کیا اس حدیث کو شیخ تقی الدین نے امام مین دار قطنی سے روایت جابر رضی اللہ عنہ سے اور بعضون نے کہا ہی ابن دقیق العید ۱۲ کہ پہلے واجب تھی زکوۃ گھوڑون مین پھر منسوخ ہوگئی جیسا کہ روایت کیا ترمذی اور نسائی نے حضرت علی رضہ سے کہ فرمایا حضرت نے تحقیق کہ معاف کی تمسے زکوۃ گھوڑے اور غلام کی تو نکالو صدقہ دراہم مین اور صحیح نہین کیونکہ جائز ہی کہ عفو اس جگہ ساتھ لاحق سے ہو اور حدیث دار قطنی ناسخ اس حدیث کی ہو اور دلالت کرتا ہی اسپر جو روایت کیا دار قطنی نے زہری سے کہ سائب بن یزید نے خبر دی اونکو کہا کہ دیکھا مینے باپ اپنے کو کہ کھڑا کرتے تھے گھوڑون کو پھر دیتے تھے صدقہ اوسکا حضرت عمر کو اور حکم کیا حضرت عمر رضہ نے ایسا ہی روایت کیا اسکو عبد الرزاق نے اور روایت کیا عبد الرزاق نے ابن جریج سے انھون نے ابن شہاب سے کہ عثمان رضہ صدقہ لیتے تھے گھوڑونکا اور سائب بن یزید نے خبر دی اوسکو کہ عمر بن خطاب لیتے تھے صدقہ گھوڑونکا کہا زہری نے نہین جانتا ہون مین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنت رکھا ہو صدقہ گھوڑونکا اور روایت کیا امام محمد نے آثار مین **ثنا** اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ اَنَّهٗ قَالَ فِي الْخَيْلِ السَّائِمَةِ الَّتِيْ يَطْلُبُ نَسْلُهَا اِنْ شِئْتَ فِيْ كُلِّ فَرَسٍ دِيْنَارًا اَوْ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ وَاِنْ شِئْتَ فَالْقِيْمَةُ فَيَكُوْنُ فِيْ كُلِّ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ خَمْسَةُ دَرَاهِمَ فِيْ كُلِّ فَرَسٍ دِيْنَارٌ اَوْ اَكْثَرُ اِنْتَهٰى یعنی جو گھوڑے چرنے والے کہ طلب کی جاوے اولاد اونکی اگر چاہے ہر گھوڑے مین ایک دینار یا دس درہم اور اگر چاہے تو قیمت کے حساب سے ہر دو سو درہم مین پانچ درہم ہر گھوڑے مین مقرر ہو یا مونث اور روایت کیا دار قطنی نے کہ مشورہ کیا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو یہ ٹھہرا کہ ہر گھوڑے سے دس درہم لیے جاوین **ص** زکوۃ اور کفارہ اور نذر اور عشر مین قیمت کا بھی دیدینا درست ہی اور جو مصدق یعنی صدقہ لیتا ہو حاکم کی طرف سے اوسکو چاہیے کہ اوسط مال لیوے تو اگر اوسط نہ ملے ادنی لیوے اور کمی لیوے یا اعلی لیوے اور جو بڑھے دیوے **ف** اور اوسط مال اسواسطے لیوے کہ فرمایا حضرت نے واسطے معاذ کے نہ لے تو اچھے مال اونکے اور ایسا ہی مروی ہی سنن ابو داود اور نسائی مین **ص** اور جو مال کہ بیچ سال مین بڑھ جاوے اصل نصاب سے اپنی قسم مین مل جاویگا مثلا اوسکے پاس اوس سال مین دو سو درم تھے اور بیچ سال مین سو اور بڑھ گئے تو یہ سو بھی اون دو سو کے ساتھ ملائے جاوینگے تو تین سو کی زکوۃ لازم آویگی اگرچہ اس سو پر پورا سال نہین گذرا ہی اور زکوۃ نصاب سے متعلق ہوتی ہی اور جو کچھ عفو ہو اوسکا حساب نہین مثلا جو کوئی پینتیس اونٹ کا مالک ہووے تو واجب ایک بنت مخاض ہی پچیس مین اور جو زیادہ ہین وہ معاف ہین یہان تک کہ اگر اس سال مین دس ہلاک ہو جاوین زکوۃ ویسی ہی واجب ہوگی اور اگر بعد ایک سال کے تمام نصاب ہلاک ہو جاوے زکوۃ ساقط ہوگی اور اگر بعض ہلاک ہووے تو جتنا ہلاک ہوا ہی اوسکی زکوۃ ساقط ہوگی اور اپنے جو کچھ نصاب سے ہلاک ہووے اوسکو عفو مین صرف کرینگے بعد اوسکے اوس نصاب مین جو عفو سے متصل ہو بعد اوسکے اوس نصاب مین ہے کہ اوس سے متصل ہو مثلا اگر ساٹھ

بکریون مین سے بیس بکریان ہلاک ہوجاوین یا چھ اونٹ سے ایک اونٹ بعد سال کے تو چالیس بکریون پر اور پانچ اونٹ پر
ایک بکری باقی رہیگی اوسی طرح اگر چالیس اونٹ سے پندرہ ہلاک ہوجاوین چار کو عفو مین صرف کرین اور گیارہ کو چھتیس مین کہ اوس سے
متصل ہی تو پچیس اونٹ رہ جاوینگے اور اونمین ایک بنت مخاض لازم آویگی اور اگر چالیس اونٹ سے بیس ہلاک ہوئے تو چار عفو مین
صرف کیے جاوینگے اور گیارہ اوس نصاب مین جو عفو کے قریب ہی اور پانچ اوس نصاب مین جو اوس نصاب سے قریب ہی یہان تک کہ
بیس اونٹ مین چار بکریان باقی رہجاوینگی اور جو پچیس ہلاک ہون پندرہ رہجاوینگی تو تین بکریان لازم آوینگی اور جو تیس ہلاک ہون
دس رہجاوینگی تو دو بکریان لازم آوینگی اور جو پینتیس ہلاک ہوجاوین پانچ رہجاوینگی تو ایک بکری لازم آویگی یہان تک کہ نصاب ہی
نہ رہیگا ص اور جانا چاہیے کہ لینا خراج کا امام کو پہونچتا ہی اور اسی طرح دسوان حصہ خارج کا اور زکوۃ سوائم اور زکوۃ مالون
تجارت کی سب امام لیویگا تو اگر باغیون نے خراج لے لیا تو مالکون سے دوسری بار نہ لیا جاویگا کیونکہ خراج حق لڑنے والون کا ہی
اور وہ کافرون سے لڑتے ہین اور اگر زکوۃ مال تجارت کی لے لی اور زکوۃ کے مصارف مین صرف کیا تو بھی مالکون سے دوبارہ نہ لیا جاویگا اور
اگر انھون نے اوسکے مصرفون مین صرف نہین کیا تو اون لوگون کو چاہیے کہ چپکے سے دوبارہ زکوۃ دیوین اور اسی پر فتوی ہی اور بعضون
کے نزدیک اونکو پھر دینا لازم نہین اور بعضون کے نزدیک اگر اونکو دینے کے وقت نیت تصدق کی کرینگے تو زکوۃ اونسے ساقط ہوجائیگی
اور شیخ ابو منصور ماتریدی نے اسکو قبول نہین کیا ف اور باقی تفصیل اسکی اصل مین لکھی ہی ہمنے اس جگہہ بنظر اس بات کے کہ
عوام فہم تھا ترک کیا ص اور جو لڑکا تغلبی ہو تو اوسکے مال سے جزیہ نہ لیا جاویگا اور عورت تغلبی کے مال سے مثل اونکے مردون کے
لیا جاویگا جانا چاہیے کہ تغلبی منسوب ہی طرف بنو تغلب کے کہ ایک قوم تھی مشرکین سے حضرت عمر رضی نے اوس سے جزیہ طلب کیا اونھون نے
انکار کیا اور کہا کہ ہم صدقہ دونا دینگے تو اس بات پر صلح ہوئی اور حضرت عمر رضی نے کہا کہ یہی جزیہ ہی تمپر جو تم چاہو اپنے یہان نام رکھلو
اسکا تو جب اونسے زکوۃ کے دونے پر صلح ہوگئی اونکے لڑکون سے نہین لیا جاویگا اور عورتون سے لیا جاویگا اور جو صاحب نصاب کہ ہی
اوسکو ایک سال کے پہلے یا زیادہ زکوۃ کا دیدینا اور بھی اوسکو کئی نصابون کی زکوۃ کا دیدینا درست ہی مثلا اوسکے پاس دو سو درم تھے
اور اوسنے کئی نصابون کی زکوۃ اوسمین سے ادا کی اور بعد اوسکے وہ نصاب اوسکو ملی پہلی زکوۃ اوس سے بھی کافی ہوگی اور جو پوری
ایک نصاب کا مالک نہین اور وہ پیشتر کئی نصابون کی زکوۃ دے تو درست نہین ف پہلے سال سے زکوۃ دیدینا ہوا سطے
درست ہی کہ روایت کیا ابو داود اور ترمذی نے عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے کہ پوچھا عباس رضی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے زکوۃ
جلدی دینے مین قبل گذرنے سال کے واسطے مسارعت کے طرف نیکی کے تو اونون دیا آپنے اونکو ص نصاب سونے کا
بیس مثقال ہی اور چاندی کا دو سو درم کہ ہر دس درم سات مثقال کے ہون اور اس وزن کو وزن سبعہ کہتے ہین تو ایک درم آدھا اور
پانچوان حصہ مثقال کا ہوویگا تو دس درم سات مثقال کے ہونگے اور مثقال بیس قیراط کا ہوتا ہی اور درم چودہ قیراط کا اور قیراط
پانچ جو کا ہوتا ہی ف کیونکہ فرمایا حضرت نے نہین کم پانچ اوقیے سے چاندی مین زکوۃ اور ذکر کیا اور پر ہمنے اس حدیث کو اور
اوقیہ چالیس درم کا ہوتا ہی تو پانچ اوقیے کے دو سو درم ہوئے اور روایت کیا ابو داؤد اور ترمذی نے حضرت علی رضی سے اور اوسمین ہی
کہ نکالو صدقہ چاندی کا ہر چالیس درہم مین سے ایک درہم اور نہین ہی ایک سو نوے مین کچھ اور جب دو سو ہون تو اوسمین پانچ درم ہین
اور روایت کیا دار قطنی نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا معاذ بن جبل رضی کو جب بھیجا اونکو یمن کی طرف یہ کہ لیوے

ہر چالیس دینار مین سے ایک دینار اور ہر دو سو درہم سے پانچ درہم اخیر تک اور وہ ضعیف ہی ساتھہ عبد اللہ بن شعیب کے اور
روایت کیا دار قطنی نے حضرت عایشہ اور ابن عمر سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لیتے تھے ہر بیس دینار سے آدھا دینار اور چالیس
دینار سے ایک دینار اور یہ ضعیف ہی ساتھہ ابراہیم بن اسمعیل بن مجمع کے اور دینار ایک مثقال کا ہوتا ہی اور روایت کیا ابو احمد
بن زنجویہ نے کتاب الاموال مین عمرو بن شعیب سے انھون نے اپنے باپ سے انھون نے اپنے دادا سے کہ فرمایا حضرت نے نہین ہی دو سو درہم سے
کم مین کچھہ اور نہ بیس مثقال سے کم سونے مین کچھہ اور دو سو مین پانچ درہم ہین اور بیس مثقال مین آدھا مثقال ہی اور اسناد اوسکا
ضعیف ہی اور روایت کیا ابو داود نے مراسیل مین اور نسائی نے دیات مین عمرو بن حزم سے اور اوسمین ہی کہ فرمایا آپ نے ہر چالیس دینار
مین ایک دینار ہی اور یہ حدیث ثابت ہی اور کہا ابن الہمام نے وَهُوَ حَدِيثٌ لَا شَكَّ فِي ثُبُوتِهِ عَلَى مَا قَدَّمْنَاهُ
یعنی یہ وہ حدیث ہی کہ نہین شک ہی اوسمین جیسا اوپر ہمنے اوسکو بیان کیا ص سونا یا چاندی مین سکہ دار اور معمول ہو یا ڈلا ہو
چاہے اوسکا حصہ زکوۃ مین واجب ہوتا ہی ف تو اگر زیور چاندی یا سونے کا ہوگا زکوۃ واجب ہوگی اور امام شافعی
کے نزدیک نہین واجب ہی اور دلیل امام صاحب کی یہ ہی جو روایت کیا ابو داود اور نسائی نے کہ ایک عورت آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کے پاس اور اوسکے ساتھہ اوسکی بیٹی تھی اور اوسکے ہاتھہ مین دو کنگن تھے موٹے سونے کے سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
اوسکی بیٹی سے کیا ادا کرتی ہی تو زکوۃ اوسکی کہا نہین کہا کہ آسان ہی تجکو کہ پہناوے اللہ تجکو دو کنگن دن قیامت کے آگ کے کہا راوی
کہ اوتارا اونکو اوسنے اور پھینک دیا حضر کے سامنے اور کہا کہ یہ دونون واسطے اللہ کے اور رسول کے ہین کہا ابو الحسن قطان نے اسناد اوسکا
صحیح ہی اور کہا منذری نے مختصر مین کہ نہین ہی گفتگو اوسکی اسناد مین اور سنن ترمذی مین ہی ابن لہیعہ سے کہا کہ آئین دو عورتین حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا اوس حدیث کو اور اوسمین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ادا کرو زکوۃ اوسکی اور وہ جو
ضعیف کیا اوسکو ترمذی نے اور کہا کہ نہین صحیح ہی اس باب مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھہ مراد یہ ہی کہ اس طریقے سے کوئی
حدیث صحیح نہین ہی ورنہ خطا ہی کہا منذری نے کہ شاید قصد کیا اوسنے اون دو طریقون کو جو ذکر کیا اونکو اور طریقہ ابو داود کا نہین گفتگو ہی
اوسمین اور کہا ابن القطان نے بعد تصحیح کے حدیث ابی داود کو ضعیف کیا ترمذی نے اس حدیث کو اسواسطے کہ نزدیک اوسکے اوسمین دو
ضعیف ہین ابن لہیعہ اور مثنی بن الصباح اور روایت کیا ابو داود نے عبد اللہ بن شداد سے کہا کہ داخل ہوئے ہم حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا پر
کہا کہ داخل ہوئے مجیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دیکھین میرے ہاتھہ مین بڑی بڑی انگوٹھیان چاندی کی سو فرمایا کیا ہی یہ اے عایشہ
سو کہا مینے بنایا مینے اونکو کہ زینت کرون مین واسطے تمہارے اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کہ ادا کرتی ہی زکوۃ اونکی کہا مینے
نہین فرمایا کہ وہ کافی ہی تجکو آگ کے لیے اور روایت کیا اوسکو حاکم نے اور صحیح کیا اوسکو اور ضعیف کیا اوسکو دار قطنی نے اسطرح پر
کہ محمد بن عطا مجہول ہی اور جیسا کیا اونکا بیہقی اور ابن القطان نے کہ محمد بن عمرو بن عطا ثقہ لوگون مین سے ہین اور لیکن وہ اونکی اسناد مین
اپنے دادا کی طرف منسوب ہوا اسواسطے دار قطنی نے اوسکو مجہول جانا اور ثابت کی اوسکی عبد الحق نے اور بیان کیا وہ سنن ابو داود
مین اور بیان کیا اوسکو شیخ نے اوسکے محمد بن ادریس رازی نے اور وہ ابو حاتم رازی ہین امام جرح او تعدیل کے اور روایت کیا
ابو داود نے ام سلمہ سے کہا کہ مین پہنتی تھی اوضاح سونے سے اور اوضاح ایک قسم زیور کی ہی سو کہا مینے کہ اے رسول اللہ
کیا کنز ہی یہ فرمایا کہ جو پہنچے یہان تک کہ ادا کی جاوے زکوۃ اوسکی اور زکوۃ اوسکی دی جاوے تو وہ کنز نہین ہوا در کنز سے

ف عبد اللہ بن شعیب
ف ابراہیم بن اسمعیل بن مجمع
ف ابن لہیعہ
ف مثنی بن الصباح
ف محمد بن عطا

مراد یہ ہی کہ روکنا چاندی اور سونے کا اور زکوٰۃ نہ دینا اوسکی گناہ ہی اور اخراج کیا اوسکا حاکم نے مستدرک مین محمد بن ماجر سے انھون نے ثابت سے اوسی اسناد سے اور کہا کہ صحیح ہی اوپر شرط بخاری کے اور لفظ اوسکا یہ ہی کہ جب ادا کی جاوے زکوٰۃ اوسکی تو وہ کنز نہین ہی لیکن کہا بیہقی نے کہ متفرد ہوا ساتھ اوسکے ثابت بن عجلان اور کہا صاحب تنقیح نے یہ کچھ ضرر نہین کرتا کیونکہ ثابت بن عجلان روایت کیا اوس سے بخاری نے اور توثیق کی اوسکی ابن معین نے اور وہ جو کہا عبد الحق نے کہ نہین حجت پکڑی جاویگی ساتھ اوسکے قول ہی ضعیف نہین کہا یہ کسینے اور انکار کیا اوسپر شیخ تقی الدین ابن دقیق العید نے اور وہ جو کہا ابن الجوزی نے کہ محمد بن مہاجر اوسکی اسناد مین کہا ابن حبان نے کہ بناتا ہی احادیث کو اور نسبت کرتا ہی اونکی طرف ثقات کے کہا صاحب تنقیح نے یہ وہم ابن الجوزی کا قبیح ہی اسواسطے کہ محمد بن مہاجر کذاب وہ اور ہی اور یہ جو روایت کرتا ہی ثابت بن عجلان سے فقیہ ہی شامی ہی روایت کیا اوس سے مسلم نے اور توثیق کی اوسکی احمد اور ابن معین اور ابو زرعہ اور دحیم اور ابو داود وغیرہم نے اور عتاب بن بشیر روایت ابو داود مین توثیق کی اوسکی ابن معین نے اور روایت کیا اوس سے بخاری نے ساتھ متابعت کے اور وہ جو مروی ہی جابر سے انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نہین ہی زیور مین زکوٰۃ کہا بیہقی نے باطل ہی نہین ہی اصل اوسکی اور ذکر کیا اوسکو شوکانی نے موضوعات مین اور یہ مروی ہی جابرؓ کا قول اور جو آثار کہ مروی ہین ابن عمر اور حضرت عائشہ اور اسماء سے سو وہ موقوف ہین اور معارض ہین اونکے اور آثار روایت ہی حضرت عمرؓ سے کہ انھون نے لکھا ابو موسیٰ اشعری کو کہ زکوٰۃ دیوین عورتین اپنے زیورون کی روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے اور ابن مسعودؓ سے کہ زیور مین زکوٰۃ ہی روایت کیا اوسکو عبد الرزاق نے اور لکھا عبد اللہ بن عمر نے طرف بیوی سالم کے کہ نکالے زکوٰۃ اپنی بیٹیون کے زیورون کی روایت کیا اوسکو دار قطنی نے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے عطاء اور ابراہیم اور سعید بن جبیر اور طاؤس اور عبد اللہ بن شداد سے کہ کہا انھون نے وَفِی الْحُلِیِّ زَکٰوۃٌ یعنی زیور مین زکوٰۃ ہی اور بھی روایت کیا عطاء اور ابراہیم نخعی سے کہ کہا انھون نے جاری ہوئی سنت کہ زیور مین زکوٰۃ ہی اور بہت سے آئے اس باب مین آثار اور وہ جو روایت کیا مالک نے ابن عمر اور حضرت عایشہ رضہ سے کہ نہین ادا کی انھون نے زیور مین زکوٰۃ معارض ہی اوسکے جو اوپر گذرا تو صحیح مذہب امام صاحب کا ہی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ ص اور ایسا ہی اسباب تجارت مین بھی چالیسوان حصہ دیا جاویگا اور چالیسوان حصہ درہم سے کرینگے اگر اوسمین فقیرون کو نفع ہووے یا دینار سے کرینگے اگر اوسمین زیادہ نفع ہو اور جب نصاب پر پانچوان حصہ بڑھ جاویگا تو اوسمین بھی حساب سے زکوٰۃ واجب ہوگی جیسے دو سو درہم مین چالیس بڑھ جاوین تو ایک درہم اور زکوٰۃ مین دینا پڑیگا اور جو اسی بڑھین دو بڑھ جاوینگے اور اگر پانچوین حصے سے نصاب سے کم بڑھین تو کچھ لازم نہین آتا ف اور صاحبین کے نزدیک جو دو سو پر زیادہ ہو تو زکوٰۃ اوسکی اوسکے حساب سے واجب ہوگی چاہے پانچوان حصہ یعنی چالیس درہم پورے ہون یا نہون اور یہی قول ہی امام شافعی کا اور دلیل اونکی یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور جو زائد ہو دو سو پر تو زکوٰۃ اوسکی اوسکے حساب سے ہی اور دلیل امام ابو حنیفہ کی یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے معاذ کے اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَہٗ اَنْ لَّا یَاْخُذَ فِی الْکُسُوْرِ شَیْئًا یعنی حکم کیا اونکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ لیوے کسور سے کچھ یعنی چالیس تک جو بیچ مین کسرات واقع ہین اونمین زکوٰۃ ندی جاویگی مثلاً دو سو پر بیس بڑھین تو پانچ درہم اور آدھا درہم اور دس بڑھین تو ربع درہم اور تیس بڑھین تو تین حصے درہم کے اور روایت کیا اس حدیث کو دار قطنی نے معاذ سے اور وہ

نوٹ ۱ — عبد اللہ بن ماجر
نوٹ ۲ — ثابت بن عجلان
نوٹ ۳ — محمد بن مہاجر
نوٹ ۴ — عتاب بن بشیر

ضعیف ہی ساتھ مہنال بن خزم کے اور کہا عبدالحق نے احکام مین کہ روایت کیا ابوداود نے عبداللہ اور مہنال نے اپنے باپ سے انھون نے اپنے دادا سے انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ لکھی آپ نے کتاب واسطے عمرو بن حزم کے کہ نہین ہی چاندی مین صدقہ یہان تک کہ پورے پہنچے دوسو درہم کو تو اوسمین پانچ ہین اور ہر چالیس مین ایک ہی اور نہین ہی چالیس سے کم مین صدقہ اور روایت کی کتاب ابن خزم مین بروایت نسائی اور ابن حبان اور حاکم کے کہ ہر پانچ اوقیے مین چاندی سے پانچ درہم ہین اور جو زیادہ ہو تو ہر چالیس سے ایک درہم ہی اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ كَتَبَ عُمَرُ اِلٰى اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ فَمَا زَادَ عَلَى الْمِائَتَيْنِ فَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ یعنی لکھا حضرت عمرؓ نے طرف ابی موسی اشعری کے اور لیکن جو زائد ہو دوسو پر تو ہر چالیس درہم مین ایک درہم ہی اور ایک روایت مین ہے کہ الا وہ چوتھا حصہ دسوین حصے کا یعنی چالیسوان حصہ ہر چالیس مین سے ایک ص اور اگر درم مین کچھ خلل ہو تو اگر چاندی زیادہ ہو اوسی کا اعتبار ہوگا اور اگر غش یعنی تانبا وغیرہ زائد ہی تو اونکی قیمت لگائی جاویگی اور اگر نصاب کا بیچ سال مین نقصان ہوجاوے اور پھر آخر سال مین پورا ہوجاوے زکوۃ واجب ہوگی مثلاً اگر اوسکے پاس اوس سال مین نصاب یعنی بیس دینار موجود تھے پھر سال کے درمیان مین کم ہوگیا اور پھر اخیر سال مین بیس دینار ہوگئے زکوۃ ویسی ہی واجب ہوگی اور سونا چاندی کی طرف ملایا جاویگا اور اسباب دونون کی طرف ملایا جاویگا مثلاً اگر اوسکے پاس دس دینار اور نوے درہم تھے کہ قیمت اوسکی دس دینار ہین زکوۃ امام صاحب کے نزدیک واجب ہوگی اور صاحبین کے نزدیک نہین واجب ہوگی اور جب اوسکے پاس دس دینار اور سو درہم تھے سب کے نزدیک زکوۃ واجب ہوگی

باب عاشر کے بیان مین

عاشر اوس شخص کو کہتے ہین جسکو بادشاہ نے راہگذر پر تاجرون کے صدقہ لینے کے لیے مقرر کیا ہو اور اگر کسی تاجر نے عاشر سے کہا کہ تمام سال میرے اوپر نہین گذرا ہی یا قرض سے مین فارغ نہین ہون یا سوا سوائم کے اور مال مین کہا کہ شہر مین فقیر کو دیچکا ہون تو عاشر اوسکے قول کو بغیر قسم کے قبول نکرے اور اگر کہے سوائم مین کہ فقیر کو دے چکا ہون تو اوسکا قول سچ نجانے کیونکہ سوائم مین فقیر کو دینا درست نہین بلکہ بادشاہ کو دینا چاہیے کہ وہ اوسکو مصرف مین اوسکے صرف کرے اور اگر دعوی کیا کہ زکوۃ اس سال کی مین دوسرے عاشر کو دے چکا ہون اگر وہ عاشر اوس سال کا عاشر تھا تو قول اوسکا ساتھ قسم کے مان لینگے اور اوس عاشر سے نہ پوچھا جاویگا اور جیسے قول مسلمان کا اعتبار کیا جاتا ہی ذمی کا بھی اعتبار کیا جاویگا نہ حربی کا مگر حربی کا اگر اپنی لونڈی مین کہے کہ یہ میری ام ولد ہی تو سچ جانا جاویگا اور اوس سے کچھ نہ لیا جاویگا اور مسلمان سے عاشر چالیسوان حصہ لیوے اور ذمی سے بیسوان اور حربی سے دسوان حصہ اگر مال اوسکا نصاب کو پہونچ جاوے ف اور ایسا ہی کیا تھا حضرت عمرؓ نے روایت کیا امام محمد نے حضرت عمر سے کہ بھیجا اونھون نے ایک شخص کو اور حکم کیا کہ لے مسلمانون کے مال سے جب تجارت کے لیے ہون چوتھا حصہ دس حصون مین سے اور ذمیون کے مال سے آدھا حصہ دس حصون مین سے اور حربی کے مال سے دسوان حصہ اور ایسا ہی روایت کیا اوسکو عبدالرزاق نے اور اور لوگون نے واللہ اعلم ص اور جتنا کہ کافر ہمارے تاجرون سے لیتے ہین معلوم نہوے اور اگر معلوم ہوجاوے تو اتنا ہی ہم بھی اونسے لیوینگے اگر کل مال وہ نہ لیتے ہون تو اگر اہل حرب ہمارا کل مال لیوین تو ہمارا عاشر حربی سے کل مال نہ لیویگا اور اگر نصاب سے کم ہی تو اونسے نہ لیا جاویگا اگرچہ اوسنے اقرار کیا باقی نصاب کا کہ گھر مین ہی اور اگر اہل حرب ہم لوگون سے کچھ نہین لیتے تو ہم بھی اونسے کچھ نہ لینگے

ف مہنال بن خزم

ف نبی اوس کافر کے کہ جسکے اوپر حربی کے اسلام سے ہو اور ایسا ہی ذمی کا ہی اور حربی کا ہی اور جو حربی اپنے کو کہے کہ ام ولد ہی میری

ف مہنال بن خزم

ف وہ وہ ذمی کہ جو حربی کے اوپر ملک کی اطلاق ہو

اور اگر حربی سے عشر لیا اور پھر قبل سال گذرنے کے پھر عاشر پاس سے گذرا اگر دار الحرب سے آیا ہی تو اوس سے دوبارا دسوان حصہ لیا جاویگا اور اگر لوٹکے اپنے وطن جاتا ہی تو نہ لیا جاویگا اور جو ذمی شراب لیکے گذرے تو بیسوان حصہ لیا جاویگا اور سور مین کچھ نہ لیا جاویگا فقط شراب یا سور کو یا دونون کو لیجاوے یہ امام ابو حنیفہ کا مذہب ہی اور شافعی کے نزدیک کسیکا بیسوان حصہ نہ لیا جاویگا اور نزدیک امام زفر کے دونون کا لیا جاویگا اور ابو یوسف کے نزدیک اگر دونون کو لیکے گذرے تو دونون کا بیسوان حصہ لیا جاویگا اور اگر فقط شراب لیکے گذرے تو شراب کا بیسوان حصہ لیا جاویگا اور اگر فقط سور لاوے تو کچھ نہ لیا جاویگا اور اگر کوئی شخص مال اضاعت یا مال مضاربت سے گذرے جائز نہین ہی کہ اوس مال سے عاشر کچھ لیوے اسواسطے کہ وہ مال اوسکے پاس امانت ہی مگر یہ کہ مال مضاربت مین اگر اوسکا حصہ نصاب کو پہونچے تو اوسکے حصے کے موافق اوس سے لیا جاوے اور اگر کوئی غلام ماذون گذرے تو اگر قرضدار ہو تو کچھ نہ لیوے اور اگر قرضدار نہو تو اگر مولی اوسکا اوسکے ساتھ ہی تو لیوے اور اگر ساتھ نہین تو نہ لیوے

باب رکاز کے بیان مین

رکاز اوس مال کو کہتے ہین کہ زمین کے نیچے پیدا ہوا ہو یا رکھا گیا ہو تو کان پیدا ہوتی ہی اور خزانہ رکھا جاتا ہی کان سونے کی اور تل اوسکے زمین خراجی یا عشری مین ہو پانچوان حصہ واجب ہوتا ہی ف کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رکاز مین پانچوان حصہ ہی اخراج کیا اوسکا صحاح ستہ والون نے ص اور باقی سب پانے والون کا ہی اگر اوس زمین کا کوئی مالک نہین ہی اور اگر وہ زمین کسیکی ملک ہی تو باقی مالک کو ہی اور اگر کسیکے گھر مین کچھ نکلا تو اوسمین کچھ واجب نہین ہوتا اور اگر اپنی زمین مین پایا تو اوسمین ایک روایت مین کچھ لازم نہین آتا اور ایک مین لازم آتا ہی اور موتیون اور عنبر اور فیروزے مین اگر پہاڑ پر ملین تو زکوۃ اونمین واجب نہین ف اسواسطے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا خُمُسَ فِي الْحَجَرِ یعنی نہین ہی پانچوان حصہ پتھر مین اور یہ حدیث ہدایہ مین ہی اور اس لفظ سے نہین ملی ہان بروایت کیا ابن عدی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ لَا زَكٰوةَ فِي حَجَرٍ یعنی نہین ہی زکوہ پتھر مین دو طریقون سے اور دونون ضعیف ہین پہلا بسبب عمر بن ابی عمر کلاعی کے اور دوسرا بسبب محمد بن عبد اللہ عزرمی کے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے عکرمہ سے کہ نہین ہی موتی اور نہ زمرد مین زکوۃ مگر یہ کہ تجارت کے لیے ہون اور ایسا ہی ہی عنبر مین اور یہ مذہب امام ابو حنیفہ اور محمد کا ہی اور ابو یوسف کے نزدیک جو چیز زیور کی قسم سے دریا سے نکالی جاوے اوسمین پانچوان حصہ ہی اسواسطے کہ حضرت عمر نے لے لیا خمس عنبر سے اور یہ حدیث بدائع مین ہی اور روایت کیا اوسکو قاسم بن سلام نے کتاب الاموال مین لیکن اسناد اوسکا ضعیف ہی علاوہ اسکے کہا شیخ ابن الہمام رحمہ اللہ نے عَلٰى اَنَّ ثُبُوْتَهٗ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمْ يَصِحَّ اَصْلًا انتہی یعنی ثبوت اس حدیث کا عمر رضی اللہ عنہ سے نہین صحیح ہوا ہرگز لیکن روایت کیا عبد الرزاق نے ثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَنَّهٗ اَخَذَ مِنَ الْعَنْبَرِ الْخُمُسَ یعنی لیا عمر بن عبد العزیز نے عنبر سے پانچوان حصہ اور حسن بصری اور ابن شہاب زہری سے کہ کہا انھون نے عنبر اور موتی مین پانچوان حصہ ہی اور روایت کیا شافعی نے ابن عباس سے اَنَّ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ سَعْدٍ كَانَ عَامِلًا لِعَدَنٍ سَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ الْعَنْبَرِ فَقَالَ لَوْ كَانَ فِيْهِ شَيْءٌ فَالْخُمُسُ یعنی پوچھا ابن عباس سے عنبر سے کہا کہ اگر ہوا وسمین کچھ تو پانچوان حصہ ہی اور اس سے شک معلوم ہوتی ہی اور دلیل ہماری یہ ہی جو روایت کیا ابو عبید نے کتاب الاموال مین اور شافعی نے بھی ثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارِ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ دِيْنَارٍ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَيْسَ فِي الْعَنْبَرِ خُمُسٌ

ف مال ہی کو فرمایا کہ اوسکا مالک نہین ہی اسواسطے کہ اوسکا مالک معلوم نہین ہی اور اوسکو مال ضائع کہتے ہین

ف جس غلام پر قرضہ ہو اوسکو مولی اجازت دیدے تو اوسکو ماذون کہتے ہین

ف عمر بن ابی عمر کلاعی

ف محمد بن عبد اللہ عزرمی

کہا ابن عباس نے کہ نہین ہی عنبر مین پانچوان حصہ اور کہا حدثنا مروان بن معاویۃ عن ابن ابی ملیکۃ عن ابی الزبیر عن جابر بنحوہ اور جابر سے بھی ایسا ہی مروی ہی ص جو خزانہ کہ سکہ اوسکا اسلام کا ہی اگر پاوے تو اوسکو لوگون سے پہنچوائے جیسے لقطہ یعنی پڑی چیز کا حکم ہی اور اگر سکہ کفر کا ہی تو پانچوان حصہ لازم آویگا اور باقی پانے والے کا اگر وہ زمین اوسکی ملک نہین اور نہین تو جو مالک اول اسلام کی فتح کا ہی اوسکو ملیگا اور اگر تاجر ہمارا امن لیکے دار الحرب مین گیا اور وہان سے کاز پائی اوسکو ملیگی اور اگر کسی حربی کے گھر مین پائی تو گھر کے مالک کی ہی اور اگر زمین مین دار الحرب کے جو کسیکی ملک نہین ہی پائی پانچوان حصہ اوسکا نہین اور باقی سب اوسکا ہی

باب زکوۃ خارج کے بیان مین

زمین عشری کے شہد مین اور پہاڑ کے شہد مین اور میوے مین اور زمین مین نکلنے والی چیزون مین برابر ہی کہ اوسکو پانی جاری یا مینہ نے سینچا ہو اگرچہ پانچ وسق نہون یا برس بھر باقی نہ رہتا ہو امام ابو حنیفہ کے نزدیک دسوان حصہ لازم آویگا اور صاحبین اور امام شافعی کے نزدیک پانچ وسق سے کم مین کچھ لازم نہ آویگا اور وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہی اور صاع آٹھ رطل یعنی چار سیر کا ہوتا ہی ف لیکن شہد مین دسوان حصہ اگرچہ پانچ وسق کے برابر نہو سوا اسواسطے کہ روایت کیا بخاری نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جسکو تر کرے آسمان یا چشمہ اور زمین عشری ہو تو اوسمین دسوان حصہ ہی اور جو ڈول وغیرہ سے پانی دیا جاوے تو اوسمین بیسوان حصہ ہی اور حدیث مین مطلق ہی اور ذکر پانچ وسق کا نہین ہی تو محمول ہوگی اطلاق پر اور اس باب مین بہت آثار ہین نکالا عبد الرزاق نے عمر بن عبد العزیز سے کہا کہ جو انکے کم یا بہت اوسمین دسوان حصہ ہی اور نکالا مانند اسکے مجاہد اور ابراہیم نخعی سے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مانند اسکے عمر بن عبد العزیز اور مجاہد اور نخعی سے اور زیادہ کیا حدیث نخعی مین یہان تک کہ ہر چیز مین دسوان حصہ ہی اور امام شافعی کی دلیل یہ ہی کہ فرمایا حضرت نے لیس فیما دون خمسۃ اوسق صدقۃ نہین ہی پانچ وسق سے کم مین صدقہ اور اوپر یہ حدیث گذر چکی روایت کیا عبد الرزاق نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ انھون نے لکھا طرف یمن کے یہ کہ لیا جاوے شہد والون سے دسوان حصہ اور روایت کی عبد اللہ بن عمرو بن العاص نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لیا شہد سے دسوان حصہ نقل کیا یہ ابن حبان نے اور روایت کیا شافعی نے سعد بن ابی ذباب اوسی سے کہ آیا مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا مینے ای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کر واسطے قوم میری کے وہ چیز کہ اسلام لائے اوسپر سو کیا اور عامل کیا مجکو ابو بکر رضی اللہ عنہ نے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو جب آئے وہ اپنی قوم پر کہا ای قوم ادا کرو زکوۃ شہد کی کیونکہ نہین بہتری ہی اوس مال مین کہ ندی جاوے زکوۃ اوسکی کہا انھون نے کیا جانتے ہو تم یعنی کتنی زکوۃ دیون کہا کہ دسوان حصہ اور لیا مینے اونسے دسوان حصہ اور لایا مین اوسکو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سو بیچ ڈالا انھون نے اوسکو اور کر دیا اوسکو مسلمانون کے صدقون مین اور ایسا ہی روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے صفوان بن عیسی سے کہا انھون نے حدیث کی ہمسے اوسکی حارث نے اور روایت کیا اوسکو صلت بن محمد نے انس بن عیاض سے انھون نے حارث بن ابی ذباب سے انھون نے منیر بن عبد اللہ سے انھون نے اپنے باپ سے انھون نے سعد سے اور نہین پہچانا ابن المدینی نے والد منیر کو اور پوچھا اونسے ابو حاتم نے کیا صحیح ہی حدیث اوسکی فرمایا کہ ہان اور نکالا ابو عبید قاسم بن سلام نے کتاب الاموال مین عمرو بن شعیب سے انھون نے اپنے باپ سے انھون نے اپنے دادا سے کہ لیتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے زمانے مین شہد سے دسوان حصہ ہر دس مشکون سے ایک مشک اور اسناد مین اوسکی ابن لہیعہ ضعیف ہی

اور ایسا ہی روایت کیا ترمذی نے اور ضعیف کہا اوسکو اور روایت کیا ابن ماجہ نے اس حدیث کو بسند صحیح کہا اوسنے
حدثنا محمد بن یحیی ثنا نعیم بن حماد ثنا ابن المبارک ثنا اسامۃ بن زید عن عمرو بن شعیب
عن ابیہ عن جدہ عبد اللہ بن عمرو عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ اخذ من العسل العشر
یعنی لیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شہد سے دسوان حصہ اور یہ حدیث صحیح ہی اس باب مین اور اسی سے لازم ہی تمسک کرنا
اور اسناد اوسکا صحیح ہی اور روایت کیا ابن ماجہ نے ابو سیارہ متعی سے کہ کہا مینے ای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس شہد ہی
فرمایا کہ ادا کر عشر کو یعنی دسوین حصے کو سو کہا مینے ای رسول اللہ محافظت کرو اوسکی تم میرے واسطے سو کی آپنے اور ایسا ہی روایت کیا
اوسکو امام احمد اور ابو داود طیالسی نے اور ابو یعلی موصلی نے اپنے مسندون مین کہا بیہقی نے کہ یہ صحیح ہی جو روایت کیا گیا
واجب ہونے عشر مین اور وہ منقطع ہی کہا ترمذی نے پوچھا مینے محمد بن اسمعیل سے اس حدیث کو سو کہا کہ یہ منقطع ہی سلیمان بن موسی نے
نہین پایا اسکو اصحاب سے اور نہین ہی صحیح شہد کی زکوۃ مین کچھ اور روایت کیا مثل اسکے طبرانی نے معجم مین اور تفصیل کی
اسکی شیخ ابن الہمام نے واللہ اعلم بالصواب لیکن حق یہ ہی کہ ان سب احادیثون سے زکوۃ شہد کی ثابت ہوگئی اگرچہ ایک
حدیث سے ثابت نہو اور دوسرے کہ حدیث عمرو بن شعیب کی جسکو روایت کیا ابن ماجہ نے صحیح ہی اسناد اوسکا اور نہین پایا گیا اوسمین
کوئی قدح ص اور سبزون وغیرہ مین یا جو چیزین کہ برس بھر نہین رہتین صاحبین اور شافعی کے نزدیک صدقہ نہین اور امام صاحب کے
نزدیک واجب ہی کہ مالک سبزون وغیرہ کا فقیر کو صدقہ دیوے نہ کہ بادشاہ اوسکو لیوے ایسا ہی لکھا ہی اسرار مین قاضی امام ابو زید دبوسی کے
ف اور دلیل امام صاحب کی یہ ہی جو اوپر گذری کہ جو اوگادے آسمان یا چشمہ اور زمین عشری ہو تو اوسمین دسوان حصہ ہی اور
اطلاق حدیث کا انکے نزدیک حجت ہی اور صاحبین کی دلیل یہ ہی جو جامع ترمذی مین ہی حدیث معاذ سے کہ نہین ہی سبزون مین
صدقہ اور کہا کہ نہین ہی اسناد اوسکا صحیح اور نہین ہی صحیح ہونا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ اس باب مین اور روایت کیا حاکم
نے یہ مضمون اور صحیح کیا اوسکو اور غلطی کی اوسنے اسناد مین اوسکی اسحق بن یحیی متروک ہی ترک کیا اوسکو احمد اور نسائی وغیرہما نے
اور اچھی اس باب مین ایک حدیث ہی روایت کیا جسکو دار قطنی نے موسی بن طلحہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا کہ
لیا جاوے سبزون مین سے صدقہ اور مرسل ہمارے نزدیک حجت ہی ص اور لکڑی وغیرہ جیسے نرکل یا گھانس مین صدقہ واجب نہین اور
جو کہ زمین سے نکلے اور ڈول یا دولاب سے پانی دیا جاوے تو اوسمین بیسوان حصہ دیا جاویگا تو پہلے صدقہ دے لین اور بعد اوسکے کاٹنے
وغیرہ کی مزدوری نکالین ف اور دلیل اسکی اوپر گذری ص اور جو زمین عشری تغلبی کی ہی اوسمین سے جو نکلے تو پانچوان
حصہ لازم آویگا لڑکا اور مرد اور عورت سب اونکے برابر ہین اگرچہ وہ مسلمان ہووے یا اوسکو مسلمان یا ذمی خرید لیوے کیونکہ دسوان
حصہ لازم آتا ہی ہمارے لڑکون پر تو اونکے لڑکون پر اوسکا دونا لازم آویگا اگرچہ مسلمان ہو جاوین طرفین کے نزدیک اور ابو یوسف کے
نزدیک اگر مسلمان ہو جاوے تو دسوان حصہ لازم آویگا اور عشری زمین کو ذمی نے خریدا تو وہ خراجی ہو جاویگی اور اگر پھر اوسکو مسلمان
نے لے لیا تو پھر عشری ہو جاویگی ف زمین عرب کی اور جو زمین کہ اہل اوسکے اسلام لاوین اور وہ زمین کہ اوسکو بعد فتح کے
ساتھ غلبے کے لشکر مین تقسیم کیا عشری ہی اور وہ زمین کہ اوسکو بعد غلبے کے اونھین کفار پر رہنے دیا اور وہ زمین کہ اونکے ساکنون سے
صلح ہی خراجی ہی ص اگر اپنی زمین کو ذمی نے باغ بنایا خراجی ہو جاویگا اور اگر اوسکو مسلمان نے بنایا تو اگر اوسکو خراج کے

پانی سے سینچتا ہی تو خراجی ہی اور اگر عشر کے پانی سے تو عشری ہی اور پانی آسمان کا اور کنوئین کا اور چشمے کا عشری ہی اور پانی اون نہرونکا جنکو عجمیون نے کھودا ہی جیسے نہر یزدجرد کی خراجی ہی اور سیحون اور جیحون اور دجلہ اور فرات امام ابو یوسف کے نزدیک ان نہرون کا پانی عشری ہی اور امام محمد کے نزدیک خراجی ہی اور قیر اور نفط کے چشمے مین اگر زمین عشری مین ہو تو کچھ نہین اور اگر زمین خراجی مین ہی تو اگر گرد چشمے کے کھیتی ہوسکتی ہی تو خراج اوسمین لازم ہوگا اور جو نہین ہوسکتی تو لازم نہین

باب مصارف زکوۃ کے بیان مین

ف جاننا چاہیے کہ اصل اس باب مین قول اللہ تعالی کا ہی اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ الایۃ اخیر آیت تک اور ساقط ہوگئے انمین سے وہ کافر کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اونکو بوجہ ضعف اسلام کے واسطے تالیف قلوب کے دیا کرتے تھے کیونکہ اب اسلام قوی ہوگیا اب کچھ حاجت کافرون کے الفت دلانے کی نہین اور اون لوگون کو اللہ تعالی نے وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ یعنی الفت کرائے گئے دل اونکے فرمایا اور دلیل اسکی یہ ہی کہ کہا حضرت عمر بن خطاب نے جب آیا اونکے پاس عیینہ ابن حصین کہ یہ دین سچ ہی اللہ کی طرف سے تو جسکا جی چاہے ایمان لاوے اور جسکا جی چاہے کافر رہے روایت کیا اسکو طبری نے تفسیر مین یعنی اب ہم کچھ کافرون کو واسطے ملانے کے مال نہ دینگے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے شعبی سے کہ تھے مؤلفہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین اور جب خلیفہ ہوئے حضرت ابوبکر قطع کیا اوسکو اور اسی پر اجماع منعقد ہی اور ایک روایت مین حضرت عمر سے ہی کہ کہا انھون نے یہ وہ چیز ہی کہ دیتے تھے تمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تاکہ ملاوین دل تمھارا اوپر اسلام کے اور اب عزت دی اللہ نے اسلام کو تو اگر تم توبہ کرو اسلام پر تو اچھا ورنہ ہمارے تمھارے درمیان مین تلوار ہی اور کیا حضرت ابوبکر نے ایسا ہی اور نہ کیا انکار اسکا کسیسے صحابہ مین سے تو ثابت ہوا اتفاق **ص** مصارف زکوۃ کے سات ہین ایک فقیر یعنی جو شخص کہ مالک نصاب کا نہو دوسرے مسکین جسکے پاس کچھ نہین تیسرے عامل صدقے کا اوسکو اپنے عمل کے موافق دیا جاویگا چوتھے مکاتب تو اوسکی آزادگی مین مال زکوۃ سے مدد کی جاویگی پانچوین قرضدار جو شخص کہ فاضل اپنے قرض سے نصاب کا مالک نہین چھٹے فی سبیل اللہ یعنی جو شخص کہ جہاد سے بسبب نہونے خرچ کے رک گیا ہو امام ابی یوسف کے نزدیک یا جو شخص کہ حج سے رک جاوے امام محمد کے نزدیک **ف** اسواسطے کہ کیا قصہ ابو عقل نے ایک اونٹ کو اپنے اللہ کی راہ مین سو حکم کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بٹھادے اوسپر ایک حج کرنے والی کو روایت کیا اسکو ابوداود نے اور ذکر کی ایک حدیث طویل اور وہ حج کرنے والی امعقل تھی **ص** ساتوین مسافر کہ اوسکے پاس مال ہی لیکن بالفعل سفر مین اوسکے پاس موجود نہین اور مالک نصاب کو درست ہی کہ زکوۃ اپنے مال کی ان سب مصارف کو دیوے یا بعض کو اور امام شافعی کے نزدیک واجب ہی کہ سب مصارف مین صرف کرے اور ہر صرف مین تین شخصون کو دیوے **ف** اور دلیل یہ ہی کہ موافق ہمارے مذہب کے روایت کیا بیہقی نے ابن عباس سے اور ابن ابی شیبہ نے عمر رضی اللہ عنہ سے اور روایت کیا طبری نے اس آیت کے تحت مین اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ الخ

انا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ الایۃ قَالَ فِيْ اَيِّ صِنْفٍ وَضَعْتَهٗ اَجْزَاَكَ یعنی کہا حضرت عبداللہ بن عباس نے کہ جس قسم مین ان مین سے زکوۃ کو رکھیگا کافی ہوجاویگی تجھسے اور کہا اوسنے **اخبرنا** جَرِيْرٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ عُمَرَ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ الایۃ قَالَ اَيُّنَا صِنْفٍ اَعْطَيْتَ مِنْ هٰذَا اَجْزَاَ عَنْكَ **ثنا** حَفْصٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ

یَأْخُذُ الْفَرْضَ فِي الصَّدَقَةِ فَيَجْعَلُهُ فِي صِنْفٍ وَاحِدٍ وَرَوٰى أَيْضًا عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّهُ قَالَ إِذَا وَضَعْتَهَا فِي صِنْفٍ وَاحِدٍ أَجْزَأَكَ وَأَخْرَجَ نَحْوَ ذٰلِكَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَعَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ وَإِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ وَأَبِي الْعَالِيَةِ وَمَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ بِأَسَانِيدَ صَحِيحَةٍ وَاسْتَدَلَّ ابْنُ الْجَوْزِيِّ فِي التَّحْقِيقِ بِحَدِيثِ مُعَاذٍ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ وَالْفُقَرَاءُ صِنْفٌ وَاحِدٌ وَفِيهِ نَظَرٌ تَسْمَعُهُ قَرِيبًا وَقَالَ أَبُو عُبَيْدٍ فِي كِتَابِ الْأَمْوَالِ وَمِمَّا يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ ذٰلِكَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَدَّاهُ بَعْدَ ذٰلِكَ مَالًا فَجَعَلَهُ فِي صِنْفٍ وَاحِدٍ وَهُمُ الْمُؤَلَّفَةُ قُلُوبُهُمْ إِلٰى آخِرِ مَا ذَكَرَهُ الشَّيْخُ ابْنُ الْهُمَامِ یعنی کہا حضرت عمر نے اوس آیت مین کہ جس قسم مین عطا کریگا تو اوسکو انمین سے کافی ہوجاویگا تجسے اور حضرت عمر لیتے تھے مال صدقے سے اور کرتے تھے اوسکو ایک ہی قسم مین اور ایسا ہی کہا حذیفہ نے اور نکالا مانند اسکے سعید اور عطا اور ابراہیم اور ابو العالیہ اور میمون بن مہران کبار تابعین سے ساتھ سندون صحیح کے اور دلیل لائے ابن الجوزی ساتھ حدیث معاذ کے کہ بتا تو اونکو کہ اللہ نے فرض کیا صدقہ اونپر لیا جاوے اونکے امیرون سے اور دیدیا جاوے اونکے فقیرون کو اور کہا ابو عبید نے کتاب الاموال مین کہ دلالت کرتا ہے اسکی صحت پر کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ادا کیا مال بعد اس آیت کے اوترنے کے اور کیا اوسکو ایک ہی قسم مین ص اور مال زکوٰۃ سے مسجد بنانا یا میت کے کفن مین دینا یا قرض میت کا ادا کرنا یا غلام لیکے اوسکو آزاد کرنا درست نہین ف اور وہ جو فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور صرف کرو صدقے کو گردنون مین اوس سے مراد یہ ہے کہ مکاتب کو قیمت مین اوسکی مدد کرکے آزاد کرادیوے ایسا ہی مروی ہے ابو موسیٰ سے اخراج کیا اوسکا طبری نے اور لفظ اوسکا یہ ہے عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ أَنَّ مُكَاتَبًا قَامَ إِلٰى أَبِي مُوسٰى الْأَشْعَرِيِّ وَهُوَ يَخْطُبُ فَقَالَ لَهُ يَا أَيُّهَا الْأَمِيرُ حُثَّ النَّاسَ عَلَيَّ فَحَثَّ عَلَيْهِ أَبُو مُوسٰى فَأَلْقَى النَّاسُ عَلَيْهِ هٰذَا يُلْقِي عِمَامَةً وَهٰذَا يُلْقِي مِلْحَفَةً وَهٰذَا يُلْقِي خَاتَمًا حَتّٰى أَلْقَى النَّاسُ عَلَيْهِ سَوَادًا كَثِيرًا فَلَمَّا رَأَى أَبُو مُوسٰى مَا أُلْقِيَ عَلَيْهِ قَالَ اجْمَعُوهُ ثُمَّ أَمَرَ بِهِ فَبِيعَ فَأَعْطَى الْمُكَاتَبَ مُكَاتَبَتَهُ ثُمَّ أَعْطَى الْفَضْلَ فِي الرِّقَابِ وَلَوْ رَدَّهُ عَلَى النَّاسِ وَقَالَ إِنَّ هٰذَا الَّذِي أَعْطَوْهُ فِي الرِّقَابِ اور روایت کیا حسن بصری اور زہری اور عبد الرحمن بن زید بن اسلم سے کہ کہا انھون نے وفی الرقاب مین وہ مکاتب لوگ ہین واللہ اعلم ص اور درست نہین کہ مال زکوٰۃ کو اپنے باپ دادا یا نانی نانا اصول سے یا بیٹا بیٹی یا پوتا پوتی فروع سے اور خاوند جورو کو اور جورو خاوند کو دیوے اور بھی ہوئی کہ دینا اپنے غلام کو اگرچہ کچھ آزاد ہوچکا ہو درست نہین ف اور صحیح ہے کے نزدیک عورت کا خاوند کو دینا درست ہے اور دلیل اونکی یہ ہے کہ روایت کیا بخاری مسلم اور نسائی اور ابن ماجہ نے کر بوجھا زینب بیوی نے عبد اللہ بن مسعود کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کیا کافی ہے مجکو صدقے مین کہ دون مین اپنے خاوند کو اور یتیمون کو کہ میری گود مین ہین تو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اوسکو دو اجر ہین ایک اجر صدقے کا اور ایک اجر قرابت کا اور روایت کیا اسکو بزار نے مسند مین اور ذکر کیا اوسکو ابن الہمام نے ص اور درست نہین کہ زکوٰۃ مالدار کو یا مالدار کے غلام کو یا لڑکے کو دیوے اور مکاتب کو مالدار کے دینا درست ہے ف کیونکہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ نہین حلال ہے صدقہ واسطے مالدار کے اور نہ جوان تندرست ہوئے روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی نے ابن عمرؓ سے اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہؓ سے اور ضعیف کیا بعضون نے اس حدیث کو کہ اسناد مین ہے اسکی

زید بن ریحان ہی اور اوسمین کلام ہی اور توثیق کی اوسکی ابن معین نے اور کہا ابن حبان نے کہ وہ صدوق ہی علاوہ اسکے حدیث
بہت سے طریقے ہین سب طریقون مین یہ مرفوع ہی اور روایت کیا ابوداود اور نسائی نے کہ آئے دو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس
اور حضرت تقسیم کرتے تھے صدقے کو اور انھون نے مانگا آپ سے سو فرمایا آپ نے وَلَا حَظَّ فِيهَا لِغَنِيٍّ وَّلَا لِقَوِيٍّ مُّكْتَسِبٍ
یعنی نہین ہی حصہ اوسمین واسطے غنی کے اور نہ واسطے قوی کمائی کرنے والے کے کہا صاحب تنقیح نے یہ حدیث صحیح ہی اور کہا
امام احمد نے یہ حدیث حسن ہی اسناد اوسکا اور کہا شیخ ابن الہمام نے کہ یہ حدیث ساتھ حدیث معاذ کے کہ لے صدقہ مسلمانون کے
امیرون سے اور دیدے اونھی کے فقیرون کو حجت ہی امام شافعی پر کہ تجویز کیا انھون نے صدقے کو واسطے مالدار جہاد کرنے والے کے اور
دلیل امام شافعی کی یہ ہی جو روایت کیا ابوداود اور ابن ماجہ اور مالک نے کہ فرمایا حضرت نے نہین حلال ہی صدقہ واسطے غنی کے
مگر پانچ شخصون کے لیے ایک جو شخص کہ عامل ہو صدقے پر اور وہ شخص کہ جسنے خریدا اوسکو اپنے مال سے اور قرضدار اور جہاد کرنیوالا
للہ کی راہ مین اور مسکین کہ کسینے اوسکو صدقہ دیا اور اوسنے جاکے ایک امیر کو تحفہ دیا تو وہ اوس امیر کے واسطے درست ہی جیسا کہ
حضرت نے بریرہ لونڈی سے ارشاد فرمایا اوس گوشت کے حق مین جو اوسکو صدقے مین ملا تھا لَكِ صَدَقَةٌ وَّلَنَا هَدِيَّةٌ یعنی تیرے
واسطے صدقہ ہی اور ہمارے واسطے ہدیہ ہی اور ذکر کیا شیخ ابن الہمام نے قِيلَ لَوْ يَثْبُتُ وَلَوْ ثَبَتَ فَإِنَّهُ لَمْ يَقُوَ قُوَّةَ حَدِيثِ
مُعَاذٍ فَإِنَّهُ رَوَاهُ أَصْحَابُ الْكُتُبِ السِّتَّةِ مَعَ قَرِينِهِمْ مِنَ الْحَدِيثِ الْآخَرِ وَلَوْ قَوِيَ قُوَّتَهُ لَتَرَجَّحَ حَدِيثُ
مُعَاذٍ بِأَنَّهُ مَانِعٌ وَمَا رَوَاهُ مُبِيحٌ یعنی یہ حدیث ثابت نہین ہی اور اگر ثابت ہو تو نہ ہوگی قوت اوسکی قوت حدیث معاذ کی سی اسواسطے
کہ روایت کیا اوسکو اصحاب کتب ستہ نے باوجود اوسکے کہ ایک اور حدیث ابن عمر رضہ کی اوسکے معین ہی آخر تک ص زکوۃ نبی ہاشم کو
یعنی حضرت علی اور عباس اور جعفر اور عقیل اور حارث کی اولاد کو اور اونکے غلامون آزاد کو دینا درست نہین ف کیونکہ فرمایا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین حلال ہی واسطے تمھارے اے اہل بیت صدقات سے کچھ اسواسطے کہ وہ میل ہی آدمیون کے
ہاتھون کا اور تمھارے واسطے پانچوین[۵] حصے مین پانچوان حصہ ہی جو تمکو غنی کریگا روایت کیا اسکو طبرانی نے اور روایت کیا بخاری
نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے ہم اہل بیت ہین نہین حلال ہی ہمارے لیے میل آدمیون کا اور روایت کیا مسلم
نے ایک مضمون طویل اس باب مین اور اونکے مولی یعنی جو غلام اونکا آزاد کیا ہوا ہو اوسکو بھی درست نہین اور روایت کیا ابوداود اور
ترمذی اور نسائی نے ابو رافع سے مولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آنحضرت نے بھیجا ایک شخص کو بنی مخزوم سے اور صدقے کے سو کہا اوسنے
واسطے ابو رافع کے کہ ساتھ رہے کیونکہ تمکو بھی کچھ اوسمین سے ملیگا کہا ابو رافع نے کہ آیا مین حضرت کے پاس اور پوچھا مینے اوسسے سو فرمایا کہ مولی
قوم کا اونھین سے ہی اور ہمارے واسطے نہین حلال ہی صدقہ کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور صحیح کیا اوسکو حاکم نے اور ابو رافع نام اونکا اسلم ہی
اور باپ کا نام عبید اللہ ہی اور وہ کاتب تھے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے ص ذمی کو زکوۃ کے سوا اور چیزین دینا جیسے صدقہ وغیرہ
درست ہی ف اور زکوۃ درست نہین کیونکہ حدیث معاذ مین ہی کہ صرف کر زکوۃ کو مسلمانون کے فقیرون مین اور ذمی کافر ہی ص
اور اگر مالک نصاب نے کسیکو زکوۃ دیدی اور پھر معلوم ہوا کہ وہ مصرف نہین جیسے وہ غلام یا مکاتب اوسکا نکلا پھر لوٹا دے زکوۃ کو اور اگر
معلوم ہوا کہ اوسکا باپ یا لڑکا ہی یا غنی یا ذمی یا غنی یا ہاشمی نکلا تو پھر نہ لوٹاوے زکوۃ کو اور امام ابو یوسف کے نزدیک پھر لوٹاوے اور
مستحب ہی زکوۃ دینی اتنی کہ ایک دن کو اوسکے سوال سے بے پرواہ کرے اور سارا نصاب دیدینا ایک فقیر کو مثلاً دو سو درہم جبکہ وہ فقیر مدیون نہین

[۵] یعنی غنیمت کے مال مین پانچوین حصے کا پانچوان حصہ تھا جو اسکا ہی منہ ناظم

کردہ ہی اور مال زکوۃ کا دوسرے شہر مین بھیجنا مکروہ ہی مگر اپنے عزیز وٗ نکو یا اونکو جو اپنے شہر سے زیادہ محتاج ہین

باب صدقۂ فطر کے بیان مین

صدقۂ فطر کا گیہون یا اوسکے آٹے یا اوسکے ستو سے یا سوکھے انگور سے آدھا صاع اور خرما یا جو سے ایک صاع اور وہ صاع سمین آٹھ رطل باشمی یا مسور سماوی ف صدقۂ فطر واجب ہی کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ زکوۃ عید فطر کی یعنی صدقہ اوسکا پاکی ہی واسطے مسلمانون کے لغو اور رفث سے اور کھانا ہی واسطے مسکین کے سو جسنے ادا کیا اوسکو قبل نماز کے سو وہ زکوۃ مقبول ہی اور جسنے ادا کیا اوسکو بعد نماز کے تو وہ ایک صدقہ ہی صدقون سے روایت کیا اسکو دارقطنی نے اور ابو داود اور ابن ماجہ نے اور کہا دارقطنی نے کہ نہین ہی اوسمین کوئی مجروح ضعیف اور وہ جو حدیث صاحب ہدایہ نے بیان کی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبے مین کہ ادا کرو ہر آزاد اور غلام چھوٹے بڑے سے آدھا صاع گیہون سے یا ایک صاع کھجور سے یا ایک صاع جو سے روایت کیا اوسکو ثعلبہ بن صعیر عدوی نے یا صعیر عدری نے یعنی اختلاف ہی اوسمین کہ عدوی دال سے ہی یا عدری ذال اور رے سے ہی تو وہ حدیث موی ہی سنن ابو داود اور دارقطنی اور مسند عبد الرزاق مین اور اختلاف ہی اوسکی نسبت اور نام اور متن حدیث مین لیکن اختلاف نسبت مین سو یہ ہی کہ عدوی ہی یا عذری ہی ذال کے پیش اور رے سے تو بعضون نے کہا ہی کہ عدوی ہی نسبت ہی ساتھ اوسکے بڑے دادا کے اور کہا ہی کہ عذری اور یہی صحیح ہی اور ذکر کیا اوسکو مغرب وغیرہ مین اور صحیح کیا ابو علی غسانی نے عذری کو اور کنیت اوسکی ابو معمد ہی اور اختلاف نام مین سو یہ ہی کہ وہ ثعلبہ بن ابی صعیر ہی یعنی ثعلبہ بن عبد اللہ بن ابی صعیر یا ثعلبہ بن عبد اللہ بن صعیر اور اختلاف متن مین سو ایک روایت مین ہی صَدَقَةُ الْفِطْرِ صَاعٌ مِّنْ تَمْرٍ اَوْ قَمْحٍ عَنْ كُلِّ رَأْسٍ یعنی صدقۂ فطر کا ایک صاع ہی کھجور سے یا گیہون سے ہر آدمی کے اور ایک مین ہی صَدَقَةُ الْفِطْرِ صَاعٌ مِّنْ بُرٍّ اَوْ قَمْحٍ عَلٰى كُلِّ اثْنَيْنِ یعنی صدقۂ فطر کا ایک صاع ہی گیہون سے دو آدمیون مین کہا صاحب امام نے کہ ممکن ہی تحریف رأس کی طرف اثنین کے انتہی لیکن یہ احتمال بعید ہی کیونکہ اکثر طریقون صحیحہ مین لفظ اثنین کا وارد ہی کہا عبد الرزاق نے اَخْبَرَنَا جُرَيْجٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ قَبْلَ يَوْمِ الْفِطْرِ بِيَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ فَقَالَ اَدُّوْا صَاعًا مِّنْ بُرٍّ اَوْ قَمْحٍ بَيْنَ اثْنَيْنِ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيْرٍ عَنْ كُلِّ حُرٍّ وَّعَبْدٍ صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ کہ خطبہ پڑھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگون کو قبل دن فطر کے ایک دن یا دو دن سو کہا کہ ادا کرو ایک صاع گیہون سے درمیان دو آدمیون کے یا ایک صاع کھجور سے یا جو سے ہر آزاد اور غلام چھوٹے بڑے کی طرف سے اور یہ سند صحیح ہی اور روایت کیا بخاری مسلم ابن ماجہ وغیرہم نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ فرض کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوۃ فطر کو رمضان سے لوگون پر ایک صاع کھجور سے یا جو سے اوپر ہر آزاد اور غلام مرد اور عورت کے مسلمانون مین سے اور ایک روایت مین ہی کہ حکم کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوۃ فطر کا اور لازم ہی کہ جہت پکڑی جاوے اوس حدیث سے جسکو روایت کیا حاکم نے مستدرک مین ابن عباس سے اَنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَمَرَ صَارِخًا بِبَطْنِ مَكَّةَ يُنَادِيْ اَنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ حَقٌّ وَّاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ حُرٍّ اَوْ مَمْلُوْكٍ الحدیث یعنی صدقہ فطر کا حق ہی واجب ہی ہر مسلمان چھوٹے بڑے پر آزاد ہو یا غلام آخر حدیث تک اور امام شافعی کے نزدیک سب چیزون مین سے ایک ہی صاع ہی اور دلیل لائے ہین ساتھ حدیث ابو سعید خدری کے کہ ہم نکالتے تھے جب تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

زکوۃ فطر کی ہر چھوٹے اور بڑے آزاد اور غلام سے ایک صاع طعام سے یا ایک صاع اقط سے یا ایک صاع جو سے یا کھجور سے
یا انگور خشک سے تو ہم ایسا ہی نکالتے رہے یہان تک کہ آئے معاویہ حج کرنے کو یا عمرہ تو بیان کیا لوگون سے منبر پر تو اونکا یہ کلام تھا
کہ جانتا ہون کہ دو مد گیہون شام سے برابر ہونگے ایک صاع کھجور کے تو لیا اوسکو لوگون نے اور مین ایسا ہی نکالتا تھا جیسا کہ نکالتا تھا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین اور دلیل ہماری بہت حدیثین مشہور ہین ایک حدیث ثعلبہ کی جو اوپر گذری اور روایت کیا
ابوداود اور نسائی نے حسن سے انھون نے ابن عباس سے کہ خطبہ پڑھا انھون نے اخیر رمضان مین بصرے مین سو کہا کہ فرض کیا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ صدقہ ایک صاع کھجور یا جو سے یا آدھا صاع گیہون سے آخر حدیث تک اور راوی اس حدیث کے سب ثقہ ہین
مگر حسن نے نہین سنا ابن عباس سے تو وہ مرسل ہی اور ہمارے نزدیک مرسل حجت ہی اور روایت کیا ابوداود نے مراسیل مین سعید بن المسیب سے
کہ فرض کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوۃ فطر کی دو مد گیہون سے اور روایت کیا اوسکو طحاوی نے کہا تنقیح مین اسناد اوسکا صحیح ہی
مانند آفتاب کے اور ہونا اوسکا مرسل نہین ضرر کرتا ہی اور مراسیل سعید کے حجت ہین اور نہایت طول کیا اس مقام مین شیخ ابن الہمام نے
اور ضعیف کیا امام شافعی کی سب دلیلون کو اس باب مین جسکا جی چاہے دیکھ لیوے اور ہمنے بوجہ خوف تطویل کے ترک کیا

ص اور مراد صاع سے صاع عراقی ہی اور صاع عراقی چار من کا ہوتا ہی اور من چالیس استار کا ہوتا ہی اور استار ساڑھے چار مثقال کا
تو اس حساب سے من ایک سو اسی مثقال کا ٹھہرا اور امام شافعی کے نزدیک مراد صاع حجازی ہی ف اور دلیل اونکی یہ ہی کہ
فرمایا حضرت نے صاع ہمارا سب صاعون سے چھوٹا ہی اور اس حدیث کے ثبوت مین کلام ہی لیکن روایت کیا ابن حبان نے اپنی سند سے
حضرت ابوہریرہ سے کہ کہا گیا واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ ای رسول اللہ صاع ہمارا چھوٹا ہی سب صاعون سے اور مد ہمارا
بڑا ہی اور مدون سے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ای اللہ برکت دے ہمارے صاع مین اور برکت دے ہمارے قلیل مین اور
کثیر مین اور کر ہمکو ساتھ ایک برکت کے دو برکتین اور ابو یوسف کا قول اور شافعی کا یہی ہی کہ صاع پانچ رطل اور تہائی رطل ہی اور دلیل
اونکی یہ ہی کہ وہ آئے مدینے مین اور دیکھا قریب پچاس آدمیون کے انصار اور مہاجرین کی اولاد مین کہ صاع انکا پانچ رطل کا تھا اور کچھ
زیادہ اور کہا انھون نے کہ یہی صاع ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سو کہا انھون نے ترک کیا ہمنے قول ابو حنیفہ کو روایت کیا اوسکو
بیہقی نے اور مروی ہی کہ مناظرہ کیا اونسے امام مالک نے اور حجت پکڑی اون صاعون سے کہ لائے تھے اوسکو وہ لوگ سو رجوع کیا ابو یوسف نے
طرف اونکے قول کے اور ہماری دلیل یہ ہی کہ مروی ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تھے ساتھ مد کے برابر دو رطلون کے اور غسل
کرتے تھے صاع سے برابر آٹھ رطلون کے اور ایسا ہی مفسر واقع ہوا روایت انس اور حضرت عایشہ مین تین طریقون مین روایت کیا اوسکو
دارقطنی نے اور ضعیف کیا اوسکو اور جابر سے بھی روایت کیا اونسے ابن عدی نے اور ضعیف کیا اوسکو ساتھ عمر بن موسی کے اور یہ حدیث
صحیحین مین ہی اور وزن اوسمین صاع اور مد کا مذکور نہین اور اسی حدیث سے دلیل لائے صاحب ہدایہ اور کہا کہ ایسا ہی تھا صاع
عمر رض کا اور روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے یحیی بن آدم سے کہا کہ سنا ہمنے حسن بن صالح سے یقولون صاع عمر ثمانیۃ ارطال
یعنی کہتے تھے کہ صاع عمر کا آٹھ رطل کا ہوتا ہی اور کہا شریک نے کہ اکثر تھا سات سے اور کم تھے آٹھ رطل سے اور روایت کیا مانند اسکے
موسی بن طلحہ نے عمر بن خطاب رض سے اور روایت کیا اوسکو طحاوی نے بھی بہرحال یہ روایت صحیح ہی ص اور اگر صدقۂ فطر مین دیوے
گیہون دیدے بغیر اسکے کہ گیہون کو کیل سے ناپے درست ہی اور امام محمد رح کے نزدیک بغیر کیل کے درست نہین اور گیہون دینا مستحب ہی

جہانکہ چیزون کو گیہون سے خریدتے ہین اور ابو یوسف کے نزدیک درہمون کا دینا ہر جگہ مستحب ہی اور صدقہ فطر کا واجب ہر اُس شخص پر جو حُر یعنی آزاد ہو اور مسلمان ہو اور وہ شخص مالک ہو نصاب زکوۃ کا کہ زیادہ ہو حاجت اصلی سے تو سونے اور چاندی اور مال تجارت مین صدقہ واجب ہی اگرچہ سال پورا نہ گذرے اور اگر سوا ان مالون کے ہو ویسے جیسے گھر ہو نہ رہنے کے لیے اور نہ تجارت کے لیے اور قیمت اوسکی نصاب کو پہونچتی ہو صدقۂ فطر اوس سے واجب نہ ہوگا اور زکوۃ واجب ہوگی **ف** اور امام شافعی کے نزدیک اگرچہ مالک نصاب کا نہو لیکن صدقے پر قادر ہو اوسکو صدقہ دینا واجب ہی اور دلیل ہماری یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی صدقہ مگر مالدار سے روایت کیا اسکو امام احمد نے مسند مین اور ذکر کیا اوسکو بخاری نے تعلیقا اور وہ وجود لیل لاتے ہین امام شافعی ساتھ قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ ادا کرو ایک صاع گیہون سے ہر دو شخصون سے بڑے ہون یا چھوٹے مرد ہو یا عورت آزاد ہو یا غلام امیر ہو یا فقیر لیکن ہر تمھارا تو پاک کرتا ہی اوسکے مال کو اللہ تعالی اور فقیر کو سو پھیر دیتا ہی اللہ اوسپر اکثر اوس سے جو دیتا ہی روایت کیا اوسکو احمد نے اور ضعیف کہا اوسکو ساتھ نعمان بن راشد کے اور جہالت ابن ابی صغیر کے اور بر تقدیر صحت کے ہماری روایت کے مقابل نہوگا مترجم کہتا ہی کہ دلیل امام شافعی کی وہ ہی جو روایت کیا طحاوی نے باسناد صحیح ابو ہریرہ سے کہ کہا انھون نے زکوۃ فطر کی اوپر ہر آزاد اور غلام اور مرد اور عورت چھوٹے اور بڑے فقیر یا مالدار کے ہی اور کہا معمر نے کہ پوچھا مجکو کہ رفع کرتے تھے اوسکو زہری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لیکن صاحب امام نے کہا کہ یہ حدیث وقف اوسکا صحیح ہی اور وقف اس مقام مین مانند رفع کے ہی **ص** جسپر صدقۂ فطر واجب ہی صدقۂ زکوۃ سے وہ محروم ہوگا اور زکوۃ اوسپر حرام ہی **ف** ہمارے نزدیک اسواسطے کہ وہ مالک نصاب کا ہی بخلاف امام شافعی کے **ص** صدقۂ فطر دے اپنی جان کیواسطے **ف** کیونکہ فرمایا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ فرض کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوۃ فطر کو مرد اور عورت پر اور گذری یہ حدیث اوپر **ص** اور اپنے چھوٹے لڑکے کی طرف سے اگر فقیر ہو اور اپنے غلام لونڈی کی طرف سے جو خدمت کے واسطے ہین اگرچہ مدبر یا مکاتب یا ام ولد ہو **ف** مدبر اوس غلام کو کہتے ہین جسکو مولی نے یہ کہا ہو کہ بعد میرے مرنے کے تو آزاد ہی اور ام ولد اوس لونڈی کو کہتے ہین کہ جس سے اوسکے مالک کی اولاد ہو اور کافر غلام کی طرف سے بھی صدقۂ فطر کا واجب ہی اسواسطے کہ کافر غلام بھی مال ہی اور سبب وجوب صدقے کا بھی مال ہی اور نہین داخل ہی اوسمین کفر اور اسلام کو اور دوسرے یہ کہ حدیث مطلق وارد ہی نہین ہی قید اوسمین مسلمان اور کافر کی اور تیسرے یہ کہ روایت کیا دارقطنی نے ابن عباس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صَدَقَةُ الْفِطْرِ عَلٰى كُلِّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى يَهُوْدِيٍّ اَوْ نَصْرَانِيٍّ حُرٍّ اَوْ مَمْلُوْكٍ نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ بُرٍّ اَوْ صَاعٌ مِّنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيْرٍ یعنی صدقہ فطر کا ہر صغیر اور کبیر اور مرد اور عورت اور یہودی اور نصرانی آزاد یا غلام پر نصف صاع ہی گیہون سے اور ایک صاع تمر سے یا جو سے لیکن یہ نہایت ضعیف ہی بلکہ شمار کیا ہی اسکو موضوعات مین کما شوکانی نے وَزِيَادَةُ يَهُوْدِيٍّ اَوْ نَصْرَانِيٍّ مَوْضُوْعَةٌ تَفَرَّدَ بِهَا سَلَّامُ الطَّوِيْلُ وَهُوَ مَتْرُوْكٌ یعنی زیادتی یہودی اور نصرانی کی موضوع ہی تفرد کیا ساتھ اسکے سلام طویل راوی نے اور وہ متروک ہی اور کہا ابن الہمام نے بَلْ عُدَّ فِي الْمَوْضُوْعَاتِ مِنْ قِبَلِ سَلَّامِ الطَّوِيْلِ فَاِنَّهٗ مَتْرُوْكٌ رُمِيَ بِالْوَضْعِ یعنی شمار کی گئی یہ حدیث موضوعات مین بسبب سلام طویل کے اسواسطے کہ وہ متروک ہی منسوب کیا گیا ہی طرف بنانے حدیث کے اور حدیث عجیب ہی ہدایہ مین اور مجوسی بھی روایت ہدایہ مین ہی اور اسکا کہین نشان نہین ملا **ص** اور اپنی عورو کی طرف سے اور بڑے لڑکے کی طرف سے

نعمان بن راشد

ابن ابی صغیر

سلام طویل

صدقہ نہ دیوے اور اپنے چھوٹے لڑکے کی طرف سے بھی جو مالک نصاب کا یعنی غنی ہو بلکہ اوسکے مال سے دیوے اور مکاتب کی طرف سے اور اوس غلام کی طرف سے جو تجارت کے واسطے ہو اور اوس غلام کی طرف سے جو بھاگنے والا ہو نہ دیوے مگر جب وہ بعد بھاگنے کے پھر آیا ہو تو اوسکی طرف سے دیوے اور جو ایک غلام یا دو غلام دو شریک کے بیچ میں ہوویں تو اون غلاموں کی طرف سے کسی شریک پر صدقہ واجب نہوگا نزدیک امام صاحب کے اور نزدیک صاحبین کے دونوں پر واجب ہے اور اگر ایک کے اختیار سے بچا گیا تو جسکا ہوا عید الفطر کی صبح میں اوسپر صدقہ لازم آویگا **ف** یہ اختلاف اوس صورت میں ہے کہ کئی غلام ہوں اور اگر ایک غلام ہو تو سبکے نزدیک کسی پر صدقہ واجب نہوگا **ص** اور صدقہ واجب ہوتا ہے عید الفطر کی صبح ہونے سے تو پھر جو شخص مسلمان ہوا یا پیدا ہوا عید الفطر کی صبح ہونے کے پہلے تو اوسکے لیے واجب ہوگا اور امام شافعی کے نزدیک آفتاب کے ڈوبنے سے واجب ہوتا ہے تو جو اسلام لاویگا یا پیدا ہوگا رات کو عید کی اوسپر واجب نہوگا نزدیک اونکے اور جو شخص کہ عید کی رات میں مرجاوے ہمارے نزدیک صدقہ اوسکی طرف سے واجب نہیں اور شافعی کے نزدیک واجب ہے اور اگر اسلام لایا یا پیدا ہوا بعد طلوع فجر کے تو صدقہ کسیکے نزدیک واجب نہوگا اور اگر صدقہ پہلے سے دیوے تو درست ہے **ف** اور اس باب میں حدیث بخاری کی ہے ابن عمرؓ سے کہ فرض کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر کا یہاں تک کہ کہا اور تھے وہ دیتے قبل فطر کے ایک دن یا دو دن **ص** اور مستحب ہے صدقہ فطر کا صبح ہونے کے بعد جلدی دینا **ف** اور دلیل اسکی یہ ہے کہ روایت کیا حاکم نے کتاب علوم الحدیث میں اوس باب میں جسکی زیادت کے ساتھ ایک راوی منفرد ہوا **ثنا** اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ **ثنا** مُحَمَّدُ بْنُ الْجَهْمِ السَّمَّرِيُّ **ثنا** نَصْرُ بْنُ حَمَّادٍ **ثنا** اَبُو مَعْشَرٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُخْرِجَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَنْ كُلِّ صَغِيْرٍ وَكَبِيْرٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيْبٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ قَمْحٍ وَكَانَ يَاْمُرُنَا اَنْ نُخْرِجَهَا قَبْلَ الصَّلٰوةِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُهَا قَبْلَ اَنْ يَّنْصَرِفَ اِلَى الْمُصَلّٰى يَقُوْلُ اَغْنُوْهُمْ عَنِ الطَّوَافِ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ یعنی حکم کیا ہمکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر کا چھوٹے بڑے سے آزاد سے یا غلام سے ایک صاع کھجور سے یا خشک انگور سے یا جو سے یا گیہوں سے اور حکم کرتے تھے ہمکو کہ نکالیں صدقے کو قبل نماز کے اور تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ تقسیم کرتے تھے صدقے کو قبل جانے کے طرف عیدگاہ کے اور کہتے تھے کہ بے پرواہ کردو اونکو آج پھرنے سے یعنی فقیروں کو غنی کردو سوال کرنے سے **ص** اور اگر تاخیر کرے دینے میں تو اوسکے ذمے سے بغیر پڑے ہوئے ساقط نہوگا **ف** اسواسطے کہ صدقہ فطر کا واجب ہے ہرگز ساقط نہیں ہوسکتا

کتاب الصوم

کھانا پینا جماع ترک کرنا فجر سے آفتاب ڈوبنے تک ساتھ نیت کے اسی کو روزہ کہتے ہیں اور روزہ رمضان کا فرض ہے ہر مسلمان عاقل بالغ پر ادا کرنا بھی اوسکا فرض ہے اور اگر کسی عذر سے ترک ہوجاوے تو قضا بھی فرض ہے اور روزہ نذر اور کفارے کا واجب ہے اور اسکے سوائے باقی سب نفل ہیں **ف** لیکن صحیح یہ ہے کہ روزہ نذر اور کفارے کا بھی فرض ہے اور واجب سے مراد اس جا پر فرض ہے اور ثابت کیا اوسکو صدر الشریعۃ نے **ص** اور ہدایہ میں لکھا ہے کہ روزہ رمضان کا فرض ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ یعنی فرض کیا گیا تمپر روزہ اور اسکے فرض ہونے پر اجماع ہے تو اسیواسطے انکار کرنے والا اسکا کافر ہے اور نذر کا بھی روزہ ایسا ہی واجب ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ یعنی پوری کریں نذریں اپنی اور باقی تفصیل اسکی

اصل مین مذکور ہی اور رمضان کے روزے اور نذر معین کے روزے کی نیت کرنا رات سے ہے دوپہر کے قبل تک درست ہی اور دوپہر کو درست نہین
اور قضا روزے مین ہی کہ زوال تک درست ہی اور صحیح اول ہی ف اور امام شافعی کے نزدیک نیت رات سے درست ہی اور دن کو
جائز نہین اور دلیل لاتے ہین ساتھ اوس حدیث کے روایت کیا جسکو اصحاب سنن اربعہ نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
نہین روزہ ہی اوس شخص کا جسنے نہ نیت کی روزے کی رات سے اور اختلاف کیا ہی انھون نے لفظ حدیث مین پس روایت ابن ماجہ مین ہی کہ
نہین صیام ہی اوسکا جسنے نہ فرض کیا اوسکو رات سے اور معنی ایک ہین اور اختلاف ہی اوسکے رفع اور وقف مین اور نہین روایت کیا
اوسکو مالک نے موطا مین مگر کلام ابن عمر اور حضرت عایشہ اور حفصہ رضہ سے اور اکثر اوسکے وقف پر ہین اور بہ تحقیق رفع کیا اوسکو عبداللہ
بن ابی بکر نے زہری سے پونہچاتے ہین اوسکو حفصہ رضہ تک کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نہ ثابت کرے روزے کو قبل فجر کے
تو نہین روزہ ہی واسطے اوسکے اور وقف کیا اوسکو زہری سے حفصہ پر معمر اور زبیدی اور ابن عیینہ اور یونس ایلی نے اور عبداللہ بن ابی بکر ثقہ ہی
اور رفع زیادت ہی اور زیادتی ثقہ کی مقبول ہی اور روایت کیا دارقطنی نے حضرت عایشہ رضہ سے اور اوسمین لفظ یہ ہی مَنْ لَمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ فَلَا صِيَامَ لَهُ یعنی جو شخص کہ رات سے نہ رکھے روزہ قبل فجر کے تو نہین روزہ ہی واسطے اوسکے کہا دارقطنی
نے تفرد کیا ساتھ اوسکے عبداللہ بن عباد نے مفضل سے ساتھ اس اسناد کے اور سب ثقہ ہین اور کہا بیہقی نے کہ اسناد مین اوسکی عبداللہ
بن عباد غیر مشہور ہی اور یحیی بن ایوب قوی نہین اور وہ اوسکے رجال مین سے ہی اور کہا ابن حبان نے عبداللہ بن عباد بصری بدل دیتا ہی
حدیثون کو اور اولٹ دیتا ہی اونکو اور روایت کیا اوسنے روح بن الفرج سے ایک نسخہ موضوع اور دلیل ہماری یہ ہی کہ روایت کیا صحیحین مین
سلمہ بن اکوع سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ایک شخص کو اسلم سے یہ کہ خبر کر لوگون کو تو جسنے کھا لیا تو چاہیے کہ روزہ رکھے
باقی دن تک اور جس شخص نے نہین کھایا تو روزہ رکھے اسواسطے کہ یہ دن عاشورے کا ہی اور عاشورا فرض تھا رمضان کے فرض ہونے کے
پہلے اور وہ جو منع کیا اوسکو ابن الجوزی نے کہ عاشورا فرض نہ تھا بلکہ سنت تھا کیونکہ روایت ہی صحیحین مین معاویہ سے کہ سنا مینے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے یہ دن عاشورے کا ہی نہین فرض کیا گیا ہم پر روزہ اوسکا سو جسکا جی چاہے روزہ رکھے اور جس روزے
سے ہون تو روزہ رکھا لوگون نے ساتھ آپکے اور ایک اور دلیل سنت ہونے پر اوسکے یہ ہی کہ نہین حکم کیا حضرت نے قضا کا اوسکو جسنے کھا لیا تھا
اور جواب یہ ہی کہ معاویہ اسلام لائے ہین فتح مکہ مین تو اگر سنی انھون نے یہ حدیث بعد اسلام کے تو سننا اونکا نوین برس ہجری یا سو سین
ہجری مین ہوگا اور یہ بعد نسخ عاشورے کے تھا ساتھ رمضان کے اور اگر قبل اسلام کے سنا تو یہ قبل وجوب عاشورے کے ہوگا اور روزہ عاشورے
کا فرض تھا اور پھر بوجہ رمضان کے منسوخ ہوا اور ثابت ہی صحیحین مین حضرت عایشہ رضہ سے کہ تھے قریش جاہلیت مین روزہ رکھتے تھے عاشورے کا
اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی روزہ رکھتے تھے اوسدن تو جب آئے مدینے مین روزہ رکھا اوسکا اور حکم کیا لوگون کو روزے کا
اوسدن اور جب فرض ہوا رمضان کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اب جسکا جی چاہے رکھے روزہ اوس روز اور جسکا جی چاہے نہ رکھے تو اب حدیث
سلمہ بن اکوع کی حجت ہوگی اور وہ قوی ہی اور وہ حدیث ہی جس سے استدلال لائے امام شافعی کیونکہ ذکر کیا ہمنے اختلاف کو اوس حدیث مین
اور وہ جو صاحب ہدایہ ہمارے مذہب پر دلیل لائے ہین کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آیا اونکے پاس اعرابی اور کہا اوسنے
کہ دیکھا مینے چاند کو کہ جس شخص نے نہین کھایا وہ روزہ رکھے اور جسنے کھا لیا تو نہ کھاوے باقی دن تو یہ حدیث کہین پائی نہین گئی اور
مشہور روایت یون ہی کہ آیا اعرابی اونکے پاس اور کہا کہ دیکھا مینے چاند کو سو حکم کیا آپنے ہمین کہ روزہ رکھین کل کے روز روایت کیا

ف خوضیین اس حکم کے کہ ایک شخص نے رات سے روزہ کی نیت کی اور دوپہر کے قبل کچھ کھا پی لیا تو اوسکا روزہ درست ہی یا نہین اور اگر کھا پی لیا تو اوسکا روزہ درست نہین اور اگر کھا پی لیا تو اوسکا روزہ درست نہین اور اگر کھا پی لیا تو اوسکا روزہ درست

اوسکو دارقطنی نے اور مروی ہی سنن اربعہ مین ابن عباس سے کہ آیا ایک اعرابی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ دیکھا مینے چاند کو کہا حسن نے یعنی چاند رمضان کا سو پوچھا اوس سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا گواہی دیتا ہی تو اس بات کی کہ نہین ہی کوئی معبود سوا اللہ کے کہا کہ ہان پھر پوچھا کہ گواہی دیتا ہی اس بات کی کہ محمد رسول اللہ کے ہین کہا کہ ہان فرمایا اے بلال پکار دے لوگون کو کہ روزہ رکھین تب یہ حدیث اس بات پر دلالت نہین کرتی کہ وہ اعرابی رات کو آیا تھا یا دن کو آیا تھا کب آیا تھا اور تفسیر کرتی ہی اوسکی حدیث دارقطنی کی جو بیان کی ابھی ہمنے اور وہ جو امام شافعی نے حدیث روایت کی ہی یعنی اوسکے یہ ہین کہ نہین کمال ہی روزے کا بدون نیت کے جیسے لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ اور لَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَۃَ لَہٗ اور لَا صَلٰوۃَ لِلْعَبْدِ الْاٰبِقِ اور لَا صَلٰوۃَ فِی الْاَرْضِ الْمَغْصُوْبَۃِ اور لَا دِیْنَ لِمَنْ لَّا عَھْدَ لَہٗ اوسوا اسکے وَاللّٰہُ اَعْلَمُ **ص** اور اگر نیت فقط روزے کی کرے کہ مین روزہ اللہ کا کل رکھونگا اور معین نکرے یا نیت نفل کی کی تو روزہ رمضان کا درست ہوجاویگا اور اگر رمضان کے مہینے مین دوسرے واجب کی نیت کی تو رمضان کا روزہ اوس نیت سے بھی ادا ہوجاویگا اور اگر مریض یا مسافر رمضان مین دوسرے واجب کی نیت کریگا تو وہ ہی روزہ ادا ہوگا اور اگر ایک شخص نے ایک روزہ رکھنے کی نذر کی یعنی کہا کہ مین فلانے روز روزہ رکھونگا اور اوس روز دوسرے واجب کی نیت کی تو وہی واجب ادا ہوگا جسکی نیت کی خواہ مسافر ہو خواہ مقیم تندرست ہو یا مریض اور نفل کا روزہ ادا ہوتا ہی نفل کی نیت سے اور صرف نیت سے اور نیت قبل دوپہر کے کرے اور دوپہر کے بعد نہین **ف** اور امام مالک کے نزدیک رات سے نیت کرنا چاہیے کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین روزہ ہی اوسکا جسنے نہین نیت کی اوسکی رات سے اور یہ حدیث مطلق ہی شامل ہی فرض روزے اور نفل روزے کو اور ہماری دلیل یہ ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کو روزہ دار نہین ہوتے تھے اور پوچھتے تھے گھر مین آنکے کہ کچھ کھانیکو ہی سو اگر کہا جاتا کہ نہین کہتے تھے مین روزہ دار ہون اور اگر کہا جاتا تھا کہ ہی کھالیتے تھے اور نیت کرچکتے تھے روزے کی روایت کیا اوسکو مسلم وغیرہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے **ص** اور قضا اور کفارہ اور نذر غیر معین کیواسطے شرط ہی رات سے نیت کرنا اگر رات شک کی ابر ہوا جیسے تیسوین رات مین شعبان کی اوسکے بعد دن کو روزہ نرکھین گے **ف** کیونکہ مروی ہی صحیحین مین کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھو چاند دیکھکے اور افطار کرو چاند دیکھکے تو اگر ابر ہو تمھارے اوپر تو پوری کرلو گنتی شعبان کی تیس دن **ص** مگر نفل **ف** کیونکہ حدیث مین ہی کہ نہین روزہ ہی دن شک کے رمضان سے مگر نفل ایسا ہی ہی ہدایہ مین اور یہ حدیث مجکو نہین ملی اور بعضون کے نزدیک جائز نہین اور دلیل لاتے ہین جو حدیث کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے روزہ رکھا دن شک کے سو مخالفت کی اوسنے ابو القاسم یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اور ذکر کیا اوسکو ابن طاہر نے تذکرے مین موضوعات مین اور ایسا ہی کہا صاحب خلاصہ نے لیکن یہ زیادتی ہی کیونکہ اس حدیث کو ذکر کیا بخاری نے تعلیقا اور روایت کیا اوسکو اصحاب سنن اربعہ نے اور صحیح کیا اوسکو ترمذی اور ابن حبان اور حاکم نے اور روایت کیا اوسکو خطیب نے تاریخ بغداد مین اس لفظ سے مَنْ صَامَ الْیَوْمَ الَّذِیْ یُشَکُّ فِیْہِ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ یعنی جسنے روزہ رکھا دن شک کے تو نافرمانی کی اوسنے اللہ کی اور رسول کی وَاللّٰہُ اَعْلَمُ اور تفصیل اسکی فتح القدیر مین ہی **ص** اور اگر دوسرے واجب کا روزہ اوس دن کہ کھاتو مکروہ ہی اور ادا ہوجاویگا واجب سے صحیح مذہب مین اگر معلوم نہو کہ یہ رمضان کا دن تھا اور اگر معلوم ہوا کہ رمضان کا دن تھا تو وہ روزہ رمضان کا ہوجاویگا اور دن شک کے نفل روزہ رکھنا مستحب ہی سب کے نزدیک اگر وہ دن اوسکے

روزہ رکھنے کا ہو اور نہین تو خاص لوگ جیسے قاضی اور مفتی روزہ رکھین اور عوام لوگ بعد زوال کے افطار کرین اور اگر رات مین شک کی نیت کی کہ اگر کل کا دن رمضان سے ہی تو روزہ میرا رمضان کا ہی ورنہ روزہ نہین رکھتا ہون مین روزہ اوسکا درست نہوگا اور مکروہ ہی یہ کہ نیت کرے کہ اگر کل کا دن رمضان سے ہی تو روزہ میرا رمضان کا ہی اور نہین تو دوسرے واجب کا ہی یا نہین تو دوسرے نفل کا ہی لیکن اگر کل کا دن رمضان کا نکلا تو وہ روزہ رمضان کا ہوجاویگا اور باقی دو صورتون مین نفل ہوجاویگا اور جس شخص نے رمضان کا یا عید کا چاند اکیلے آپ ہی دیکھا تو روزہ رکھے دونون صورتون مین اگرچہ اوسکا قول قبول نہوگا اور اگر افطار کرے تو قضا کا روزہ رکھے اور کفارہ اوسپر نہین اور امام شافعی کے نزدیک کفارہ بھی لازم ہوگا **ف** لیکن روزہ رکھنا تو اسواسطے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صُوْمُوا لِرُؤْیَتِہٖ وَاَفْطِرُوا لِرُؤْیَتِہٖ یعنی روزہ رکھو چاند دیکھکے اور افطار کرو چاند دیکھکے یعنی روزہ موقوف کرو جب چاند دیکھلو شوال کا اور شروع کرو جب دیکھلو چاند رمضان کا اور اوس شخص نے چاند دیکھ لیا اگرچہ قاضی کے نزدیک مقبول نہووے اور کفارہ امام شافعی کے نزدیک لازم ہوگا کیونکہ قصدا چاند دیکھکے اوسنے افطار کیا اور ہمارے نزدیک اسواسطے واجب نہوگا کہ جب قاضی نے اوسکی شہادت قبول نکی ساتھ دلیل شرعی کے تو ایک طرح کا شبہہ پڑگیا اور حدود اور کفارہ دفع ہوجاتے ہین شک اور شبہے سے کذا فی الھدایۃ اور اگر قبل اسکے کہ قاضی اوسکی شہادت رد کرے افطار کیا تو اوسپر اختلاف ہی مشائخ کا اور اگر اس شخص نے اپنے حساب سے تیس دن پورے کر لیے تو روزہ موقوف نکرے جب تک کہ امام موقوف نکرے اسواسطے کہ وجوب اوسپر واسطے احتیاط کے ہی اور احتیاط بعد اسکے تاخیر افطار مین ہی اور اگر اپنے حساب سے قبل امام کے افطار کیا تو اوسپر کفارہ نہین **ص** اگر آسمان مین بدلی یا غبار ہووے تو رمضان کے مہینے مین ایک شخص عادل کی خبر کفایت ہی اگرچہ وہ شخص غلام یا عورت ہو یا زنا کی تہمت کسیکو لگائی ہووے اور اوسکے بدلے مین وہ دے بار اگیا ہو اور پھر اوسنے توبہ کی ہو **ف** اور امام شافعی کے نزدیک دو آدمی لازم ہین اور دلیل اونپر یہ ہی کہ روایت کیا اوسکو اصحاب سنن اربعہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ آیا ایک اعرابی طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ دیکھا مینے چاند کو سو فرمایا آپنے کہ گواہی دیتا ہی تو اس بات کی کہ نہین ہی کوئی معبود سوا اللہ کے کہا اوسنے ہان پھر پوچھا آپنے کہ گواہی دیتا ہی تو کہ محمد رسول اللہ کے ہین کہا اوسنے کہ ہان فرمایا کہ اے بلال پکار دے لوگون کو کہ روزہ رکھین اور بیان کیا اوپر ہمنے اس حدیث کو **ص** اور شوال اور ذیحجہ مین دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتین خبر دین کہ ہمنے چاند دیکھا یعنی گواہی دین **ف** اور بعضی روایتون مین ہی کہ ایک شخص کی گواہی اسمین بھی مقبول ہوگی اور ایسا ہی ہی تحفے مین اور کہا اوسمین کہ یہی صحیح ہی انتہی اور کہتا ہون مین کہ اسکو موافقت کرتی ہین احادیث واللہ اعلم اور صاحب ہدایہ نے اسکو اختیار نہین کیا **ص** اور جب کوئی آسمان مین علت نہووے اور مطلع صاف ہووے تو شرط ہی کہ تینون مہینون کے واسطے جمعت سے آدمی ہون تو اونکا قول قبول کیا جاوے یعنی اتنا گروہ ہو کہ اوسکے سچے ہونے پر عقل گواہی دے اور اگر ایک شخص عادل نے رمضان کے چاند کی گواہی دی اور آسمان مین کچھ علت تھی تو سب آدمیون نے تیس دن روزے رکھے اور تیسویں روز پھر ابر ہوا تو ایک شخص کی گواہی سے افطار نہ کرینگے جب تک کہ دو شخص عادل نہون اور امام محمد کے نزدیک ایک شخص کی گواہی سے بھی افطار درست ہوجاویگا **ف** اور قیاس بھی اسکو چاہتا ہی کیونکہ مہینہ تو معلوم ہی کہ تیس دن سے زیادہ نہین ہوتا اور اوس ایک شخص کی گواہی روزہ رکھنے مین مقبول ہوئی تھی اور اوسکے حساب سے تیس دن ہوئے اور چاند ہونا ضرور ہی تو گویا اوسکی ایک گواہی ہوئی اور ایک دوسرے شخص کی بلکہ وہ گواہ ہوگئے تو لازم ہوگیا قطعا واللہ اعلم بالصواب

باب روزے کے فاسد ہونے کے بیان مین اور اوسکی قضا اور کفارے کے حال مین

جو شخص کہ قصداً جماع کرے یا جماع سے قبل یا دبر مین یا منہ مین کھاوے یا پیوے غذا کیواسطے ہو یا دوا کے لیے یا پھنکا لگاوے
(یعنی اور ۱۲ منہ)
اور معلوم ہو اوسکو کہ میرا روزہ افطار ہو گیا اور پھر قصداً کھالیوے تو ان صورتون مین قضا روزے کی کرے اور کفارہ دیوے
جیسے ظہار کا کفارہ ہوتا ہے اور کفارہ فقط رمضان کے روزہ قصداً توڑنے مین ہے اور دوسرے روزے کیواسطے نہین **ف** ظہار
اوسے کہتے ہین کہ اپنی بیوی کے کسی عضو کو جو عورتین کہ اوسپر حرام ہین اونکے عضو سے تشبیہ دیوے اور اس سے ایک غلام آزاد کرے
اور اگر نہ ہو سکے تو دو مہینے پے در پے روزے رکھے اور اگر نہو سکے تو ساٹھ مسکینون کو کھانا کھلاوے لیکن قصداً کھانے پینے مین
سوا اسواسطے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے افطار کیا رمضان مین سوا اوسپر ہی جو ظہار کرنے والے پر ہے ذکر کیا اسکو
صاحب ہدایہ نے اور یہ حدیث نہین ملی لیکن صحیحین مین مروی ہے حضرت ابو ہریرہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ایک
شخص کو کہ افطار کیا تھا اوسنے رمضان مین یہ کہ آزاد کرے ایک غلام یا روزے رکھے دو مہینے برابر یا ساٹھ مسکینون کو کھانا
کھلاوے اور جماع بھی روزے کو افطار کرتا ہے وہ بھی اسی مین داخل ہے اور روایت کیا اوسکو دار قطنی نے بھی اور مروی ہے
صحاح ستہ مین حضرت ابو ہریرہ سے کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ ہلاک ہوا مین کہا کہ کیا ہوا تجھکو کہا
اوسنے کہ جماع کیا مینے اپنی عورت سے روزہ رمضان مین سو فرمایا آپنے کیا پاتا ہے تو غلام کو کہ آزاد کرے اوسکو کہا نہین فرمایا کہ طاقت
رکھتا ہے کہ تو دو مہینے روزے رکھے کہا نہین فرمایا کہ تو طاقت رکھتا ہے کہ ساٹھ مسکینون کو کھلاوے کہا نہین فرمایا بیٹھ تو آئے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم ایک ٹوکرا کہ اوسمین کھجور تھی سو فرمایا کہ تصدق کر اوسکو فقیرون پر کہا اوسنے ای رسول اللہ نہین ہے یاوہ مجھسے فقیر کوئی تمام مدینہ
کی نہین ہے شہر کے کنارون تک اور اوسکے بیچ مین کوئی گھر کہ فقیر زیادہ ہو میرے گھر سے سو ہنسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہان تک
کہ آگے کے دانت آپکے ظاہر ہو گئے پھر فرمایا کہ لیجا اسکو اور کھلا اپنے گھر کو کہا زہری نے کہ یہ اوسکے واسطے خاص رخصت تھی اور اگر کوئی
شخص ایسا کرے تو نہین چارہ ہے اوسکو کفارے سے اور واقع ہوا روایت ہدایہ مین مُلْ اَنْتَ وَعِیَالُكَ یُجْزِئُكَ
وَلَا یُجْزِئُ اَحَدًا بَعْدَكَ یعنی تو کھالے اور تیرے عیال کافی ہو جاویگا تجھسے اور نہ کافی ہوگا سوا تیرے کسیکو بعد تیرے
لیکن کہا ابن الہمام نے کہ یہ قول کسی طریقے مین اس حدیث کے نہین ہے اور ظاہر یہ ہے کہ یہ خصوصیت ہی کیونکہ دار قطنی کی روایت
مین ہے فَقَدْ كَفَّرَ اللّٰهُ عَنْكَ یعنی کفارہ قبول کیا اللہ نے یہ تجھسے وَاللّٰهُ اَعْلَمُ **ص** اگر خطا سے روزہ افطار کیا ہو مثلاً اوسکو
روزہ یاد تھا اور کلی کرنے لگا تب اوسکے حلق مین بغیر قصد کیے ہوئے پانی چلا گیا یا کسینے اوسکو زبردستی افطار کرا دیا چھنک لیا
یا ناک یا کان مین دوائی ڈالی یا سر کے زخم مین دوا لگائی اور دماغ مین گئی یا پیٹ کے زخم مین لگائی اور اوسکے پیٹ مین دوا گئی
یا اوسنے سنگریزہ نگلا یا بھر مونہہ اپنی خواہش سے قی کی یا بھولکر کھایا یا افطار کیا اس شبہے سے کہ رات ہے اور وہ دن تھا یا بھولے سے
کچھ کھالیا اور شبہہ کیا کہ میرا روزہ افطار ہو گیا تب پھر قصداً کھایا یا عورت سوتی تھی اور جماع اوسسے کیا گیا یا رمضان کے تمام مہینے
مین نیت روزہ رکھنے کی نہ افطار کی یا صبح تک نیت نہ کیے ہوئے تھا اور پھر کھایا تو ان سب صورتون مین قضا کا روزہ رکھے فقط

ف روایت کیا ابو یعلی موصلی نے مسند مین حدیث حضرت عائشہ رضی سے اور اوسمین ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
افطار اوس چیز سے ہے کہ داخل ہووے اور نہین ہے اوس سے جو نکلے کہا ابن الہمام نے لَا شَكَّ فِیْ شُمُوْلِهٖ سُقُوْطًا لِّلْجَمَاعَةِ

یعنی نہیں شک ہی اوسکے ثبوت مین موقوف ایک جماعت پر تو صحیح بخاری مین ہی تعلیقاً کہ کہا ابن عباس اور عکرمہ نے کہ فطر اوس سے ہی جو داخل ہو اور نہین ہی اوس سے جو خارج ہو اور کہا ابن ابی شیبہ نے حدثنا وکیع عن الاعمش عن ابی ظبیان عن ابن عباس قال الفطر مما دخل ولیس مما خرج اور عبد الرزاق نے ابن مسعود سے کہ کہا انھون نے روزہ سے ہی جو نکلے اور نہین ہی اوس سے جو داخل ہووے اور فطر روزے مین اوس سے ہی جو داخل ہو اور نہین ہی اوس سے جو خارج ہو اور حضرت علی رضہ سے بھی یہی قول مروی ہی کہا اوسکو بیہقی نے ص اور اگر کھایا یا پیا یا جماع کیا اور اوسکو روزہ یاد نہ تھا یا سویا اور اوسکو احتلام ہوا یا کسیکی طرف نظر کی پھر انزال ہوا یا تیل ملا یا سرمہ لگا یا کسیکی غیبت کی یا اوسپر قے غالب ہوئی اور اوسنے قے کی یا جنب تھا اور صبح ہوگئی یا اپنے ذکر کے سوراخ مین تیل ڈالا یا غبار یا دھوان یا مکھی اوسکے حلق مین داخل ہوئی تو ان سب صورتون مین روزہ نہ گیا ف روایت ہی صحیحین وغیرہما مین حضرت ابو ہریرہ رضہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بھول جاوے اور وہ روزے سے ہی سو کھایا یا پیا تو تمام کرے اپنے روزے کو کیونکہ کھلایا اوسکو اللہ تعالی نے اور پلایا اوسکو اور ہدایت مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے کسی شخص کے کہ کھایا تھا اوسنے یا پیا تھا پورا کرے روزہ اپنا کیونکہ کھلایا اوسکو اور پلایا اللہ تعالی نے اور یہ حدیث مروی ہی صحیح ابن حبان اور دار قطنی مین کہ ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کہا کہ مین روزہ دار تھا سو کھایا اور پیا مینے بھولے سے سو کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تمام کر روزہ اپنا کیونکہ کھلایا اور پلایا تجکو اللہ نے اور ایک لفظ مین ہی کہ لا قضاء علیک اور روایت کیا اسکو بزار نے ساتھ لفظ جماعت کے اور زیادہ کیا اوسمین فلا تفطر وانہ افطار کرو اور روایت کیا ابن حبان نے ابو ہریرہ رضہ سے انہ علیہ الصلوۃ والسلام قال من افطر فی رمضان ناسیا فلا قضاء علیہ ولا کفارۃ یعنی جسنے افطار کیا رمضان مین بھولے سے تو نہین قضا ہی اوسپر اور نہ کفارہ اور روایت کیا اوسکو حاکم نے اور صحیح کیا اوسکو اور کہا بیہقی نے معرفت مین تفرد بہ الانصاری عن محمد بن عمرو وکلھم ثقات یعنی منفرد ہوا ساتھ اوسکے انصاری محمد بن عمرو سے اور سب ثقہ ہین اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزین ہین کہ نہین افطار کرتی ہین روزہ دار کو حجامت اور قی اور احتلام اور اسناد مین اوسکی عبد الرحمن بن زید بن اسلم روایت کرتا ہی اپنے باپ سے اور وہ ضعیف ہی اور ذکر کیا اوسکو بزار نے بجائی عبد الرحمن سے اور نام اوسکا اسامہ ہی اور ضعیف کیا اوسکو احمد نے اور ابن معین نے ساتھ برائی حفظ اوسکے کے اگرچہ مرد صالح تھے اور کہا نسائی نے نہین ہی قوی اور روایت کیا اوسکو دار قطنی نے اور طریق سے اور اوسمین ہشام بن سعید نے زید بن اسلم سے روایت کی اور ہشام یہ ضعیف کیا اوسکو نسائی اور احمد اور ابن معین نے اور ضعیف کیا اوسکو ابن عدی نے اور کہا کہ لکھی جاویگی حدیث اوسکی اور نہین حجت ہوگی ساتھ اوسکے لیکن حجت پکڑی اوسسے مسلم نے اور استشہاد کیا اوسسے بخاری نے اور روایت کیا اوسکو بزار نے حدیث ابن عباس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لا یفطر الصائم القیء والحجامۃ والاحتلام قال وھذا من احسنھا اسنادا واصحھا یعنی نہین افطار کرتی ہی صائم کو قی اور حجامت اور احتلام اور کہا کہ یہ احسن ہی اور حدیثون سے اس باب مین اسناد کی رو سے اور صحیح ہی اوسمین انتہی اور اسناد مین اوسکی سلیمان بن حبان ہی کہا ابن معین نے سچا ہی اور نہین ہی حجت ساتھ اوسکے اور روایت کیا اوسکو طبرانی نے حدیث ثوبان سے اور کہا کہ نہین روایت کیجاتی یہ حدیث مگر اسی اسناد سے اور متفرد ہوا ساتھ اوسکے ابن وہب تو ظاہر ہوئی یہ بات کہ حدیث

ف اسماء
عبد الرحمن بن زید بن اسلم
اسامہ
ہشام
سلیمان بن حبان ابو خالد

حسن ہی اور حسن حجت ہی مثل صحیح کے اور پچھنے لگانے سے روزہ نہیں جاتا اور دلیل اوسکی یہی حدیث ہی اور امام احمد کے نزدیک
حجامت یعنی پچھنے لگانا روزے کو توڑتا ہی کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ یعنی افطار کیا
پچھنے لگانے والے نے اور جسکے پچھنے لگے روایت کیا اوسکو ترمذی نے اور ہماری دلیل یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
تین چیزیں ہیں کہ نہیں توڑتی ہیں روزہ حجامت اور قی اور احتلام اور دوسرے یہ کہ مروی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
پچھنے لگائے اور آپ احرام سے تھے اور پچھنے لگائے اور وہ روزہ دار ہوتے تھے روایت کیا اوسکو بخاری وغیرہ نے اور کہا گیا واسطے
انس کے کیا تم مکروہ رکھتے تھے حجامت کو واسطے صائم کے زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سو کہا انھوں نے کہ نہیں مگر بسبب ضعف کے
روایت کیا اوسکو بخاری نے اور کہا انس نے اَوَّلُ مَا کَرِهْتُ الْحِجَامَةَ لِلصَّائِمِ اَنَّ جَعْفَرَ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ اِحْتَجَمَ
وَهُوَ صَائِمٌ فَمَرَّ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَفْطَرَ هٰذَا ثُمَّ رَخَّصَ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ
وَالسَّلَامُ فِی الْحِجَامَةِ بَعْدُ لِلصَّائِمِ وَکَانَ اَنَسٌ یَحْتَجِمُ وَهُوَ صَائِمٌ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِیُّ وَقَالَ فِیْ
رِوَایَةٍ کُلُّهُمْ ثِقَاتٌ وَلَا اَعْلَمُ لَهٗ عِلَّةً یعنی اول جو مکروہ رکھا میں نے حجامت کو واسطے صائم کے تو اس سبب سے
کہ جعفر بن ابی طالب نے حجامت کی اور وہ روزہ دار تھے اور گذرے اوپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو فرمایا افطار کیا اوسنے
پھر رخصت دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجامت میں واسطے روزہ دار کے اور تھے انس رض حجامت کرتے اور وہ روزہ دار
ہوتے تھے روایت کیا اوسکو دارقطنی نے اور کہا کہ سب ثقہ ہیں اور نہیں جانتا ہوں میں اوسمیں کسیطرح کی علت اور فرمایا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْفِطْرُ مِمَّا دَخَلَ وَلَیْسَ مِمَّا خَرَجَ یعنی فطر اوس سے ہی جو داخل ہووے اور نہیں ہی
اوس سے جو خارج ہو اور قی اگر آپ آجاوے تو روزہ نہیں جاتا کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکو غلبہ کرے قی اور وہ
روزہ دار ہووے تو نہیں ہی اوسپر قضا اور جو قی کرے قصداً تو قضا کرے روزے کی کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہی نہیں پہچانتے ہیں ہم
اوسکو حدیث ہشام بن حسان سے انھوں نے ابن سیرین سے انھوں نے ابوہریرہ سے انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مگر حدیث عیسی بن یونس
سے کہا بخاری نے نہیں دیکھتا ہوں میں اوسکو محفوظ بسبب اسکے اور صحیح کیا اوسکو حاکم نے اوپر شرط شیخین کے اور ابن حبان نے اور
روایت کیا اوسکو دارقطنی نے اور کہا کہ روایت سب ثقہ لوگوں کی ہی اور کہتا ہوں میں کہ متابعت کی عیسی بن یونس کی ہشام
بن حسان سے حفص بن غیاث نے روایت کیا اوسکو ابن ماجہ نے اور روایت کیا اوسکو حاکم نے اور سکوت کیا اوسپر اور روایت کیا
اوسکو مالک نے موطا میں موقوف اوپر ابن عمر رض کے اور روایت کیا اوسکو نسائی نے حدیث اوزاعی سے موقوف اوپر ابوہریرہ کے اور وقف کیا
اوسکو عبدالرزاق نے ابوہریرہ سے اور وہ جو سنن ابن ماجہ میں مروی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نکلے ایک دن کہ تھے آپ روزہ رکھتے
اوسدن اور منگایا ایک برتن اور پانی پیا سو کہا صحابہ نے اے رسول اللہ آج کے دن آپ روزہ رکھتے تھے فرمایا کہ ہاں لیکن قی کی تھی
میں نے معمول ہی اور پر قبل شروع کرنے روزے کے یا بوجہ ضعف کے وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اور سر لگانے سے بھی روزہ نہیں جاتا اسواسطے
کہ روایت کیا ترمذی نے ابوعائشہ سے انھوں نے انس سے کہ ایک شخص آیا پاس نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور بیماری بیان کی اپنی
انھوں نے کیا سر لگاؤں میں اور میں روزہ دار ہوں فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہاں کہا ترمذی نے نہیں باسناد اوسکا
قوی اور نہیں صحیح ہی اس باب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ اور ابوعائشہ اجماع ہی اوسکے ضعف پر اور روایت کیا ابن ماجہ نے

بقیہ سے حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ بَعْضِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اِكْتَحَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ صَائِمٌ یعنی سرمہ لگایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور آپ روزہ دار ہوتے تھے

سعید بن ابی سعید زبیدی

محمد بن الولید زبیدی

اور گمان کیا بعض علما نے کہ زبیدی مسند ابن ماجہ میں وہ محمد بن ولید ہے اور وہ ثقہ ہے اور یہ وہم ہے کیونکہ یہ زبیدی سعید بن ابی سعید زبیدی حمصی ہے جیسا کہ تصریح کی اسکی بیہقی نے اپنی سند میں اور لیکن چھپایا اس مقام پر اسکو راوی نے کہا تنقیح میں کہ وہ مجہول نہیں ہے جیسا کہ کہا اوسکو ابن عدی اور بیہقی نے بلکہ وہ سعید بن عبد الجبار کا ہے کہا ابن عدی اور بیہقی نے بلکہ وہ سعید بن عبد الجبار حمصی ہے اور وہ مشہور ہے لیکن اتفاق ہے اوسکے ضعف میں اور ابن عدی نے اپنی کتاب میں فرق کیا درمیان سعید بن ابی سعید اور سعید بن عبد الجبار کے کہ وہ دو شخص ہیں اور صحیح یہ ہے کہ وہ ایک ہی شخص ہے اوسکے باپ کی کنیت ابو سعید ہے اور نام عبد الجبار ہے اور اخراج کیا اوسکو بیہقی نے محمد بن عبید اللہ بن ابی رافع سے کہا بیہقی نے کہ وہ قوی نہیں اوسنے اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سرمہ لگاتے تھے اور وہ روزہ دار ہوتے تھے کہا صاحب تنقیح نے اسناد اوسکا قریب ہے طرف صحت کے کہا ابو حاتم نے عتبہ بن حمید ضبی ابو معاذ بصری صالح الحدیث ہے تو یہ چند طریقے ہیں اگر ایک طریقے سے حجت نہ ہوگی تو سب طریقوں سے ملا کے حجت ہوگی اور وہ جو سنن ابو داود میں ہے عبد الرحمن بن نعمان بن معبد بن ہوذہ سے انھوں نے اپنے باپ سے انھوں نے اپنے دادا سے انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حکم کیا آپ نے ساتھ لگانے اثمد خوشبودار کے وقت سونے کے اور کہا کہ یہ ہتھیار کرے اوس سے روزہ دار تو خود اوس حدیث میں ابو داود نے کہا قَالَ لِي يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ هُوَ مُنْكَرٌ یعنی حَدِيثُ الْكُحْلِ یعنی کہا واسطے میرے یحیی بن معین نے کہ یہ حدیث منکر ہے یعنی حدیث سرمہ لگانے کی اور کہا صاحب تنقیح نے کہ سعید اور بیٹا اوسکا نعمان دونوں مجہول ہیں اور اسکے سوا اور کوئی حدیث اونکی نہیں پہچانی جاتی اور عبد الرحمن بن نعمان کہا ابن معین نے ضعیف ہے اور کہا ابو حاتم نے سچا ہے اور اونکے کلام میں منافاۃ نہیں کیونکہ صدق جمیع وجوہ صحت کو نفی نہیں کرتا اور روایت کیا ابو داود نے باسناد صحیح عمش سے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کسی کو اپنے اصحاب میں سے کہ مکروہ رکھتا ہو سرمے کو واسطے صائم کے اور تھے ابراہیم خضاب دیتے تھے سر کی واسطے صائم کے واللہ اعلم ص اور اگر میں پہنچ پانی ہی یا برف پڑتی ہی اور اوسکے منہ میں جاوے تو اوسکا روزہ فاسد ہوگا صحیح مذہب میں اور اگر دوا کی مرہم یا چار پائے سے یا فرج کے سولا اور مقاموں میں جس طرح زلان ہی یا بوسہ لیا یا مساس کیا ان سب صورتوں میں اگر انزال ہو تو قضا کرے اور اگر انزال نہ ہو تو قضا نہ کرے

عبد الرحمن بن نعمان بن معبد

نعمان بن معبد

ف اور بوسہ لینا مرد کیواسطے جب انزال سے امن ہو تو کچھ حرج نہیں ہے اور مباشرت بھی مثل بوسے کے جائز ہے روایت ہے صحیحین میں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے تھے اور مباشرت کرتے تھے اور وہ روزہ دار ہوتے تھے اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ بوسہ لیتے تھے اونکا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور وہ روزہ دار ہوتے تھے روایت کیا اوسکو بخاری مسلم نے اور اچھا یہ ہے کہ اگر جوان ہو تو اوسکو احتراز ایسے امر سے اچھا ہے اور بڈھے وغیرہ کو مضایقہ نہیں اور بہ تفصیل حدیث میں وارد ہے روایت کیا ابو داود نے ساتھ اسناد صحیح کے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ ایک شخص نے پوچھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مباشرت سے واسطے روزہ دار کے تو رخصت دی آپ نے اوسکو اور آیا دوسرا شخص اور منع کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسے پھر معلوم ہوا کہ جسکو رخصت دی تھی وہ بوڑھا تھا اور جسکو منع کیا وہ جوان تھا واللہ اعلم ص ایک شخص نے گوشت کھایا اور اوسکو دانتوں میں پھنسے کے باہر نکالا تو

قضا کرے فقط اور اگر چنے سے کم ہو تو قضا لازم نہین ہی مگر جسوقت کہ اوس گوشت کو مونہہ سے نکالے اور ہاتھ مین لیوے اور پھر کھالے تو اگر چنے سے کم ہو قضا کرے اور اگر کسینے ایک تل نگلا تو اوسکا روزہ فاسد ہوا مگر اوسکو جب چباویگا تو روزہ نہین جاویگا اور بھر مونہہ قے کے پھر پیٹ مین چلی جاوے یا وہ خود آپسے پیٹ مین نگلے روزہ فاسد ہوگا اور تھوڑی سی قے سے دونو حالت مین فاسد نہوگا اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ اگر قے کو آپسے پھیرے اگرچہ تھوڑی سی ہو تو فاسد ہوگا اور خود پھر جانے مین اگرچہ بہت سی ہو روزہ فاسد نہین ہوتا تو بہت سی قے کے آپ پھیرنے مین سب کے نزدیک روزہ فاسد ہوگا اور تھوڑی سی قے پھر جانے مین کسیکے نزدیک فاسد نہوگا اور تھوڑی سی قے کے پھیرنے مین ابو یوسف کے نزدیک فاسد نہوگا اور امام محمد کے نزدیک فاسد ہوگا اور بہت سی قے اگر لوٹ جاوے تو ابو یوسف کے نزدیک فاسد ہوگا اور امام محمد کے نزدیک نہین فاسد ہوگا

باب روزے کے مکروہات کے بیان مین

مکروہ ہی روزہ دار کو چکھنا کسی چیز کا اور چبانا مگر لڑکے کے واسطے وقت ضرورت کے اور مکروہ ہی بوسہ لینا اگر امن جماع سے نہووے سرمہ لگانا اور موچھ مین تیل لگانا اور مسواک کرنا اگرچہ زوال کے بعد ہووے مکروہ نہین اور امام شافعی کے نزدیک مکروہ ہی ف دلیل امام شافعی کی یہ ہی کہ روایت کیا طبرانی اور دارقطنی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جب روزہ رکھو تم تو مسواک کرو صبح کے وقت اور نہ مسواک کرو قریب شام کے کیونکہ روزہ دار جب خشک ہوجاتے ہین دونون ہونٹھ اوسکے تو ہوگا واسطے اوسکے نور دن قیامت کے اور روایت کیا اسکو دارقطنی نے موقوف حضرت علیؓ پر اور دونون طریقون مین کیسان ابو عمر و قصاب ہی ضعیف کیا اوسکو ابن معین نے اور کہا عبداللہ بن احمد بن حنبل نے کہ پوچھا مینے اپنے باپ سے کیسان ابو عمرو سے سو کہا کہ وہ ضعیف الحدیث ہی ذکر کیا اسکو میزان مین اور ایک دلیل اونکی یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مونہہ روزہ دار کا اللہ کے نزدیک پاک زیادہ ہی مشک سے تو مسواک سے وہ بو زائل ہوجاویگی اور دلیل للتے ہین صاحب ہدایہ ہمارے مذہب پر کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق کہ بہتر خلال روزہ دار کا مسواک ہی روایت کیا اوسکو ابن ماجہ نے حدیث حضرت عائشہؓ سے اور دارقطنی نے اور اسناد مین اوسکی مجالد ہی ضعیف کیا اوسکو بہت لوگون نے اور دلیل ہماری یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر نہ شاق ہوتا میری امت پر البتہ حکم کرتا مین اونکو مسواک کا نزدیک ہر نماز کے اور یہ عام ہی روزہ دار وغیرہ کو اور مسند احمد مین ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز مسواک سے بہتر ہی ستر نمازون سے بغیر مسواک کے اور یہ بھی عام ہی اور روایت کیا طبرانی نے ثنا ابراھیم بن ھاشم البغوی حدثنا مامون بن معروف ثنا محمد بن سلمۃ الحرانی ثنا بکر بن خنیس عن ابی عبد الرحمن بن عیاۃ بن نسی عن عبد الرحمن بن غنم قال سألت معاذ بن جبل اتسوک وانا صائم قال نعم قلت ای النہار اتسوک قال ای النہار شئت غدوۃ وعشیۃ الحدیث یعنی کہا عبد الرحمن بن غنم نے کہ پوچھا مینے معاذؓ سے کہ مسواک کرون مین اور مین روزہ دار ہون کہا انھون نے ہان کہا مینے کسوقت دن کو کرون مین کہا جسوقت چاہے تو صبح اور شام سے آخر حدیث تک ذکر کیا اوسکو ابن الہمام نے اور روایت کیا بیہقی نے اسحاق سے کہ پوچھا مینے عاصم احول سے کیا مسواک کرے روزہ دار ساتھ مسواک تر کے کہا ہان کیا دیکھتا ہی تو تر زیادہ اوسکو پانی سے کہا مینے اول روز مین اور آخر دن مین کہا کہ ہان کہا مینے کہ کس سے پونہچا یہ تجکو رحم کرے تمبر اللہ کہا کہ انس رضی اللہ عنہ سے انھون نے ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

ف کیسان ابو عمرو قصاب

ف مجالد

اور کہا بیہقی نے تفرد کیا ساتھ اوسکے ابراہیم بن عبد الرحمن خوارزمی نے اور تحقیق کہ حدیثین بیان کین انھون نے عاصم سے منکر حدیثین کہ نہین ہی حجت ساتھ اونکے اور روایت کیا ابن حبان نے کتاب الضعفا مین ابن عمر رضی سے قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْتَاکُ اٰخِرَ النَّھَارِ وَھُوَ صَائِمٌ یعنی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کرتے آخر روز مین اور آپ روزہ دار ہوتے تھے اور ضعیف کیا اوسکو بسبب ابو میسرہ کے کہا نہین ہی حجت ساتھ اوسکے اور رفع کرنا اوسکا باطل ہی اور صحیح ابن عمر کا فعل ہی اور روایت ہی حضرت انس رضی سے کہ پوچھا انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا مسواک کرے صائم اور وہ روزہ دار ہو فرمایا کہ ہان کہا مینے کہ ساتھ تر مسواک کے اور خشک کے فرمایا ہان کہا مینے اول روز مین اور آخر روز مین فرمایا ہان تو کہا گیا واسطے انس رضی کے کس سے سنا تمنے یہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا اوسکو تمام نے انس رضی سے مرفوعا کہا ابن حبان نے لَا اَصْلَ لَہٗ نہین ہی اصل اوسکی اور اسناد مین اوسکی ابراہیم بن بطا خوارزمی ہی روایت کرتا ہی عاصم احول سے مناکیر کو کہا صاحب حلا کی نے اخراج کیا اوسکو نسائی نے کہا مین اور بیہقی نے سنن مین اور کہا کہ منفرد ہوا ساتھ اوسکے ابراہیم اور وہ منکر ہی حدیث اوسکی اور کہا شیخ ابن حجر نے کہ واسطے اوسکے ایک شاہد ہی حدیث معاذ سے جو اوپر گذری ص بڈھا ضعیف اگر روزہ رکھنے سے عاجز ہو تو وہ روزہ نہ رکھے اور ہر روزے کے بدلے ہر مسکین کو کھانا دیوے جتنا کہ صدقۂ فطر دیا جاتا ہی اور جب بڈھے کو روزہ رکھنے کی طاقت ہو تو اوسکی قضا کرے ف وَعَلَی الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَہٗ فِدْیَۃٌ طَعَامُ مِسْکِیْنٍ قول اللہ تعالی کا اس باب مین حجت ہی ص عورت حاملہ اور عورت دودھ پلانے والی جسوقت کہ اپنی جان یا بچے کی جان کا خوف کرے یا مریض ہووے اور زیادتی مرض کا اوسکو خوف ہووے یا مسافر ہو تو یہ سب افطار کرین اور پھر جب عذر انکا جاوے تو قضا ادا کرین بغیر صدقے کے ف اسواسطے کہ روایت ہی حضرت انس رضی سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ نے وضع کیا مسافر سے روزہ اور آدھی نماز کو اور حاملہ اور دودھ پلانے والی عورت سے روزے کو روایت کیا اسکو ابو داود وغیرہ نے اور مریض بھی اسواسطے نرکھے کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَمَنْ کَانَ مَرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّۃٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ یعنی جو بیمار ہو یا مسافر ہو تو اوتنے ہی شمار کرلے اور دنون سے یعنی اوتنے ہی روزے جتنے قضا ہوئے اور دنون مین رکھے اور اسی طرح بڈھا بھی روزہ نرکھے اور دلیل اوسکی وہ آیت جو گذری لیکن وہ منسوخ ہی جسکے معنی اوسکے لَا یُطِیْقُوْنَہٗ کے نہونگے دوسری آیت سے اور کہا ابن عباس نے کہ وہ منسوخ نہین ہی اور وہ بڈھے مرد اور عورت کیواسطے ہی جو طاقت روزے کی نہین رکھتے تو کھلاوین ہر بدلے ہر روزے کے ایک مسکین کو روایت کیا اوسکو بخاری نے اور ایسا ہی مروی ہی جسکے علی اور ابن عباس اور ابن عمر اور سوا انکے صحابہ سے اور کسی سے خلاف اسکا مروی نہین تو اجماع ہو جاویگا اوسپر ص اور جس مسافر کو کچھ روزے سے نقصان نہوتا ہو تو اوسکو سفر مین روزہ رکھنا مستحب ہی تو اگر وہ سفر مین یا مرض مین مر گیا تو اوسکے روزے کے بدلے مین صدقہ نہ دیا جاویگا اور اگر بیمار تھا اور اچھا ہوا تب مرا یا مسافر تھا اور مقیم ہوا تب مرا تو اوسکے روزے کے بدلے مین اوسکا ولی صدقہ دیوے اس طرح پر کہ اگر وہ شخص صحت اور اقامت کے بعد اوسکے جتنے روزے فوت ہوئے تھے اوتنے روز جی کے مرا ہووے تو اوسکے سب روزون کے بدلے صدقہ دیوے اور اگر اوتنے روز نہین جیا تو جتنے روز تندرست اور مقیم رہا اوتنے دنون کا صدقہ دیوے مثلا اوسکے دس دن فوت ہوئے تھے سو وہ بعد رمضان کے پانچ دن تک مقیم یا تندرست رہا تب مرا تو پانچ دن کا ابکا

ابراہیم بن عبد الرحمن خوارزمی ابو میسرہ

ابراہیم بن بطا خوارزمی

ولی صدقہ دیوے اور صدقہ دینے کیواسطے یہ بھی شرط ہی کہ مرتے وقت وہ شخص وصیت کر گیا ہو یعنی کہہ گیا ہو کہ میرے بعد میرے روزے کی طرف سے صدقہ دینا تو اوسنے جتنا مال چھوڑا ہی اوسکے تیسرے حصے مین اولوگا کیا جاویگا ف اور امام شافعی کے نزدیک سفر مین روزہ نرکھنا افضل ہی اور دلیل لاتے ہین اوس سے جو مروی ہی صحیحین مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھے سفر مین تو ایک جگہ دیکھا کہ بہت لوگ جمع ہین اور ایک شخص پر سایہ کر رہے ہین سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ کیا ہی یہ کہا انھون نے کہ وہ روزہ دار ہی تب فرمایا آپنے لَیْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّیَامُ فِی السَّفَرِ یعنی نہین ہی کچھ نیکی سے روزہ رکھنا سفر مین اور دلیل لاتے ہین اوس سے جو روایت کیا مسلم نے جابرؓ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نکلے سال فتح کے طرف مکے کے رمضان مین یہان تک کہ پونہچے کسی منزل کو تو روزہ رکھا لوگون نے پھر منگایا آپنے ایک قدح پانی کا اور پیا اوسکو سو کہا گیا آپسے کہ بعض لوگون نے روزہ رکھا سو فرمایا آپنے اُولٰٓئِکَ الْعُصَاۃُ وہ لوگ گنہگار ہین انتہی اور جواب یہ ہی کہ اول حدیث مین تو آپنے صورت ضرر اور نقصان مین منع کیا تھا اور یہ ہمارے نزدیک بھی ہی کیونکہ جب خوف ضرر کا ہووے تو روزہ نہ رکھنا افضل ہی اور اسی طرح روایت مسلم مین بھی کیونکہ ایک لفظ اوسکا یہ ہی کہ آدمیون کے اوپر شاق ہوئے روزہ اور روایت کیا اوسکو واقدی نے مغازی مین اور اوسمین یہ ہی کہ حکم کیا تھا اونکو افطار کا اور اونھون نے قبول نکیا جب یہ کلمہ آپنے ارشاد فرمایا اور اس توجیہ مین موافقت ہوگی درمیان احادیث کے کیونکہ روایت ہی صحیح مسلم مین حمزہ اسلمی سے کہ انھون نے کہا ای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاتا ہون مین قوت روزے پر سفر مین تو کیا مجھپر گناہ ہی روزہ رکھنے مین تو فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ رخصت ہی اللہ کی طرف سے سو جو قبول کرے اوسکو تو اچھا ہی اور جو دوست رکھے روزے کو تو نہین ہی کچھ گناہ اوسپر اور صحیحین مین ہی کہ تھے ہم سفر کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تو بعض ہم مین سے روزہ رکھتے تھے اور بعض نہین تو کوئی عیب نہین کرتا تھا دوسرے پر اور مروی ہی سنن ابوداود وغیرہ مین ابوالدرداءؓ سے کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض جہادون مین نہایت گرمی مین یہانتک کہ رکھتے تھے ہم مین سے لوگ ہاتھ اپنے سر پر بسبب گرمی کے اور نہین تھا ہم مین کوئی روزہ دار مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور عبداللہ بن رواحہ تو یہ حدیثین دلالت کرتی ہین اوپر مباح ہونے روزے کے سفر مین اور یہی ہی حجت ہماری اور خلاف پر بھی اسکے حدیثین آئی ہین مسند عبدالرزاق مین ہی کعب بن عاصم اشعری سے انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے لَیْسَ مِنْ اَمْبِرِّ اَمْصِیَامُ فِی اَمْسَفَرِ یعنی نہین ہی نیکی سے روزہ رکھنا سفر مین اور ایک روایت مین ہی کہ روزہ رکھنے والا سفر مین مانند افطار کرنے والے کے اقامت مین روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے اور بزار نے اور دفع تعارض کی وہی توجیہ ہی جو اوپر بیان کی ہمنے فقط اور ولی اوسکے روزون کے بدلے اگر مر گیا ہو تو صدقہ دیوے اور اوسکے بدلے روزہ نرکھے اور بعضون کے نزدیک رکھے دلیل اون لوگون کی یہ ہی کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ مامیری مر گئی اور اوسپر ایک مہینے کے روزے تھے کیا قضا کرون مین اوسکے بدلے سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر تیری ماپر کچھ قرض ہوتا تو تو ادا کرتا یا نہین کہا اوسنے کہ ہان ادا کرتا فرمایا کہ پھر کیسا جب قرض اللہ کا ہو روایت کیا بخاری مسلم نے اسکو حدیث ابن عباس سے اور ایک روایت مین ہی کہ آئی ایک عورت اور کہا اوسنے کہ ای رسول اللہ تحقیق کہ ماہیری مر گئی ماور اوسپر ایک روزہ نذر کا ہی کیا روزہ رکھون مین اوسکے بدلے فرمایا کہ روزہ رکھ تو اوسکے بدلے اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مر جاوے اور اوسکے اوپر روزے ہین روزہ رکھے اوسکے ولی اوسکا روایت کیا اسکو بخاری مسلم ابوداود وغیرہ نے حضرت عائشہؓ سے

اور جواب اسکا یہ ہی کہ روایت کیا نسائی نے سنن کبری مین ابن عباس سے اور وہ راوی حدیث کے ہین کہ نہ نماز پڑھے کوئی بدلے کسیکے اور نہ روزہ رکھے مگر کسیکے اور فتوی راوی بخلاف روایت کے بمنزلہ ذکر ناسخ کے ہی اور ایسا ہی کہا حضرت عمرؓ نے روایت کیا اوسکو عبد الرزاق نے اور ذکر کیا اوسکو مالک نے موطا مین اور کہا مالک نے کہ نہین سنا مینے کسی سے صحابہ اور تابعین سے مدینے مین کہ کوئی اوسکی روزہ رکھتا ہو کسیکے بدلے یا نماز پڑھتا ہو کسیکے بدلے اور یہ مؤید ہی نسخ کو اوس حدیث کے واللہ اعلم **ص** صدقہ ایک وقت کی نماز کا ایک روزے کے صدقے کے برابر ہی اور یہی صحیح ہی اور بعضون کے نزدیک فدیہ پانچ نمازون کا یعنی ایک دن کی نمازون کا مانند فدیے ایک دن کے روزے کے ہی اور رمضان کی قضا لگتا تا رہے چاہے اوا کرے اور چاہے تھوڑی تھوڑی کرکے ادا کرے اور اگر دوسرا رمضان آجاوے تو قضا کے روزے نہ رکھے بلکہ اوس رمضان کے رکھے تب بعد رمضان کے پھر اوسی قضا کے روزے رکھے اور صدقہ ہر روزے کی طرف سے نہ دیوے اور امام شافعی صاحب کے نزدیک صدقہ بھی واجب ہوگا **ف** اور دلیل لاتے ہین ساتھ اوس حدیث کے کہ بیمار ہوئے ایک رمضان مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر افطار کیا یہان تک کہ تندرست ہوئے پھر نہ روزے رکھے یہان تک کہ دوسرا رمضان آگیا اور روزے رکھے اوسی رمضان کے پھر روزے رکھے اوسکے جو قضا کیے تھے اور کھانا دیتے تھے ایک مسکین کو ہر روز اور دلیل ہماری قول اللہ تعالی کا ہی فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ یعنی شمار ہی اوتنا دوسرے دنون مین سے اور یہ عام ہی اور وہ جو امام شافعی نے روایت کیا ثابت نہین ہی کیونکہ سند مین اوسکی ابراہیم بن نافع ہی کہا ابو حاتم رازی نے جھوٹھ بولتا تھا حدیث مین اور راوی مین ایک اور شخص ہی جسکو تہمت ہی وضع حدیث کی **ص** مردے کا ولی مردے کے روزے رکھے اور اوسکی نماز کے بدلے نماز نہ پڑھے اور نفل کا روزہ جب کوئی شخص شروع کرے تو اوسپر تمام کرنا اوسکا لازم آتا ہی تو اگر اوسکو توڑ ڈالیگا تو قضا اوسکی ادا کرے **ف** کیونکہ حضرتؐ نے روزہ نفل صبح کو رکھا تھا پھر کھالیا اور یہ حدیث اوپر گذری اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے افطار کیا روزے کو سفر مین بعد اسکے کہ رکھ چکے تھے اور اسی واسطے ضیافت کے واسطے روزہ نفل توڑ دینا درست ہی اور قضا اوسکی لازم نہین کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا حضرت عایشہ اور حفصہؓ کو جب کھالیا تھا انھون نے کھانا اور روزہ رکھا تھا صبح کو کہ اقضیا یوما آخر مکانہ یعنی قضا کرو دوسرے دن بدلے اوسکے اور ضعیف کیا اوسکو بخاری نے اور روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی اور نسائی نے اور دفع کیا گیا ہی ضعف اوسکا بیان کیا اوسکو شیخ ابن الہمام نے علاوہ اسکے روایت کیا اوسکو ابن حبان نے صحیح مین سوا اوس طریقے کے اور ابن ابی شیبہ نے اور طریقے سے اور بزار نے اور طریقے سے اور روایت کیا اوسکو طبرانی نے اوسط مین سوا ان سب طریقون کے اور طریقون سے پھر کہا شیخ ابن الہمام نے فَقَدْ ثَبَتَ هٰذَا الْحَدِيْثُ ثُبُوْتًا لَا مَرَدَّ لَهٗ یعنی ثابت ہوگئی یہ حدیث اس طرح پر کہ نہین ہی رد کرنے والا اوسکا کوئی اور روایت کیا دارقطنی نے جابر سے کہ تیار کیا ایک شخص نے واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کھانا تو بلایا اوسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور سب اصحابون کو تو جب آئے وہ کھانا کھنکھارا ایک شخص سو کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا ہی تجکو کہا اوسنے مین روزے سے ہون تو کہا حضرت علیہ السلام نے تکلیف کی تیرے بھائی نے اور بنایا واسطے تیرے کھانا اور تو کہتا ہی مین روزہ دار ہون کھالے اور روزہ رکھ لے بدلے اوسکے اور بعضون نے کہا ہی کہ روزے کو نہ توڑے اور دلیل لاتے ہین اوس حدیث سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بلایا جاوے کوئی تم مین سے طرف کھانے کے تو قبول کرے اور اگر روزہ نہو تو کھاوے اور روزہ دار ہو تو دعا کرے اور اس حدیث کا کہین نشان نہین اور نہین معلوم ہی اسکا حال اور تفصیل کی

ابراہیم بن نافع

اس مقام مین شیخ ابن الہمام نے **ص** مگر جس ایام مین کہ روزہ رکھنا منع ہی اونمین اگر شروع کریگا تو تمام کرنا اوسکا لازم نہ آویگا اور وہ پانچ دن ہین ایک عید الفطر کا دن اور دوسرے بقرعید کا دن اور تین دن اوسکے بعد یعنی گیارھوین اور بارھوین اور تیرھوین دن یعنی کارروزہ بے عذر نہ توڑے ایک روایت مین اور ایک روایت مین جائز ہی کیونکہ قضا اوسکے قائم مقام ہی اور ضیافت کے عذر سے نفل کا روزہ توڑنا درست ہی اور یہ حکم ضیافت کرنے والے اور کھانے والے دونون کے واسطے ہی اور اگر رمضان مین دن کو ایک لڑکا بالغ ہوا یا کافر مسلمان ہوا تو اوس روز باقی روز مین کچھ نہ کھاوے اور نہ پیوے رمضان کی بزرگی کے سبب سے اور اوس روز کی قضا ادا نکرے اگرچہ نیت روزے کی ان دونونے کی اور پھر کھالیا تب بھی قضا نہین کرے اور اگر عورت حیض سے پاک ہوئی یا مسافر اپنے گھر آیا تو یہ دونون باقی روز کچھ نکھاوین اور نہ پیوین اور اوس روز کے روزے کی قضا ادا کرین اور اگر ایک مسافر نے افطار کی نیت کی بعد اوسکے اپنے گھر آیا تب نفل روزے کی نیت کی اور نیت کرنے کا وقت تھا یعنی دوپہر کے پہلے تو وہ روزہ درست ہوا اور اگر وہ رمضان کا مہینا تھا تو اوسپر اوس روز کا پورا کرنا واجب ہو گیا یا تعمیم نے اوس دن سفر کیا تو اوسکا بھی یہی حکم ہی اور اون دونونے اگر افطار کیا تو کفارہ نہین ہی جن دونون مین بیہوشی رہا اونکی قضا ادا کرے مگر جسدن بیہوشی شروع ہوئی ہی اور وہ نیت روزے کی کرچکا ہی یا اوس دن کی رات کو بیہوشی تھی تو اونکی قضا نکرے غرض یہ ہی کہ اگر نیت کرچکا ہی تو روزہ صحیح ہوجاویگا اور جو نہین نیت کی تو ہرگز صحیح نہوگا اور اگر سارے رمضان بھر مجنون رہا قضا نکرے اور اگر بعض دن کے رمضان مین دیوانہ رہا تو جتنے روز گذرے ہین اونکی قضا کرے تو اگر وہ مثلاً بالغ یا عاقل تھا اور حالت جنون مین نابالغ عاقل ہوا تو بھی یہی حکم ہی ظاہر روایت مین اور محمد بن حسن شیبانی کے نزدیک اگر حالت جنون مین بالغ ہوا تو روزے اوسپر واجب نہونگے باوجود اوسکے کہ سارے رمضان دیوانہ رہا اور دلیل اوسکی شرح عربی مین مذکور ہی اور اگر اون پانچ دن مین جنمین روزہ رکھنا حرام ہی روزے کی نذر کی یا پورے سال بھر کے روزے کی نیت کی تو اون دونون کی قضا ادا کرے اور اگر روزہ رکھ لیگا تو پھر قضا نہین مگر گنہگار ہوگا تو اگر کچھ نیت نہ کی یا نیت فقط نذر کی کی یا نیت کی نذر کی اور یہ نیت کی کہ قسم نہین ہی تو ان صورتون مین نذر ہوگی اور اگر نیت کی قسم کی اور نیت کی کہ نذر نہین ہی تو قسم ہوگی اور اگر افطار کریگا کفارہ قسم کا لازم آویگا اور اگر دونون کی نیت کی یا قسم کی اور یہ ذکر نہ کیا کہ نذر نہین ہی یا ہی تو ان دونون صورتون مین نذر اور قسم دونون ہونگی اور اگر افطار کردیگا تو قضا نذر کی اور کفارہ قسم کا لازم آویگا اور امام ابی یوسف کے نزدیک دونون کی نیت مین نذر ہوگی اور فقط قسم کی نیت مین قسم ہوگی اور باقی تفصیل اوسکی شرح عربی مین مذکور ہی شش عید یعنی چھ روزے جو شوال مین رکھتے ہین تو اونکو جدا جدا رکھنا مستحب ہی لگتا تار نرکھے تو مکروہ نہوگا اور مشابہت نصاریٰ سے نہ لازم آویگی **ف** اولا استحباب ان چھ روزون کا احادیث سے بیان کرنا لازم ہی سو وہ یہ ہی جو روایت کیا مسلم اور ابوداود اور ترمذی وغیرہم نے ابوایوب سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص روزے رکھے رمضان کے اور پیچھے رکھے اوسکے سات روزے شوال مین تو ہوگا ایسا جیسے کسینے سارے زمانے روزے رکھے اور ثانیاً تشبیہ نصاریٰ کے بیان کرنا واجب ہی وہ یہ ہی کہ اہل کتاب فطر کے روز بھی روزہ رکھتے تھے اور جب چھ روز بعد فطر کے متصل رکھے گیا تو ایک طرح کی تشبیہ نصاریٰ کے ساتھ متحقق ہوئی اور بعضون کے نزدیک جائز ہی کیونکہ وہ کہتے ہین کہ جب عید فطر کے روز روزہ نہ رکھا تو تشبیہ نصاریٰ کی رہی واللہ اعلم اور جسنے شعبان کے روزے رکھے اور ملادیا اوسکو ساتھ رمضان کے تو اچھا کیا اور سنے اور مستحب ہین روزے ایام بیض یعنی

تیرھوین چودھوین پندرھوین تاریخ کو ہر مہینے سے روایت کیا نسائی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ نہین افطار کرتے تھے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایام حیض مین نہ سفر مین اور نہ اقامت مین فقط اور حکم کیا حضرت نے صحابہ کو ان دنون مین روزہ رکھنے کا
روایت کیا اسکو ابوداود اور نسائی نے اور عید فطر اور ایام تشریق یعنی تین روز عید کے بعد اور دن بقر عید کے ان دنون مین روزہ رکھنا
حرام ہی روایت کیا بخاری مسلم ابوداود اور ترمذی نسائی نے ابو سعید رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین جائز
روزہ دو دنون مین ایک دن فطر کے اور دن قربانی کے اور عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
دن عرفے کا اور دن قربانی کے اور ایام تشریق کے یہ دن عید اہل اسلام کے ہین اور وہ دن کھانے اور پینے کے ہین اور مراد اس حدیث
کے دن سے یہ ہی کہ عرفے کے دن حج مین بمقام عرفے پر روزہ رکھنا مکروہ ہی اور تصریح اسکی دوسری حدیث مین آئی ہی روایت کیا ابوداود نے
کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے سے دن عرفے کے اور اگر بمقام عرفے مین نہو تو عرفے کے دن روزہ رکھنا
مستحب ہی اور روایت ہی عائشہ صدیقہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایام تشریق کے دن کھانے اور پینے کے ہین
اور اللہ کے ذکر کے اور ایام تشریق انکو اسواسطے کہتے ہین کہ عرب لوگ گوشتون کو قربانی کے ان دنون مین آفتاب کے نیچے خشک
کرتے تھے اور روایت کیا طبرانی نے ابن عباس سے اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَ اَیَّامَ مِنًی صَائِحًا
یَصِیْحُ اَنْ لَا تَصُوْمُوْا هٰذِهِ الْاَیَّامَ فَاِنَّهَا اَیَّامُ اَکْلٍ وَّشُرْبٍ وَّبِعَالٍ یعنی بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
دنون منی کے یعنی ایام تشریق کے ایک پکارنے والے کو کہ پکارے نہ روزہ رکھو ان دنون مین کیونکہ یہ دن کھانے اور پینے اور جماع
کے ہین اور روایت کیا اوسکو دارقطنی نے حدیث ابوہریرہ سے اور اسناد مین اوسکی سعید بن سلام کاذب کہا اوسکو احمد نے اور سعید بن سلام کاذب
روایت کی دارقطنی نے عبداللہ بن حذیفہ سہمی سے کہ بھیجا مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سواری پر دن منی کے کہ پکارون واقدی کاذب
مین ابی لوگو یہ دن کھانے اور پینے اور جماع کرنے کے ہین اور ضعیف کیا اوسکو بسبب واقدی کے اور توثیق کی اوسکی بعض لوگون نے
اور ذکر کیا اوسکو شیخ ابن الہمام نے باب المیاہ مین کتاب الطہارۃ سے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ اور اسحق بن راہویہ نے مسندون مین
قَالَا حَدَّثَنَا (یعنی ابن عیینۃ والقطان کلاہما) وَکِیْعٌ عَنْ مُوْسَی بْنِ عُبَیْدَۃَ عَنْ مُنْذِرِ بْنِ جَهْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ خُلْدَۃَ عَنْ اُمِّهٖ قَالَتْ بَعَثَ
رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلِیًّا یُنَادِیْ اَیَّامُ مِنًی اَیَّامُ اَکْلٍ وَّشُرْبٍ وَّبِعَالٍ یعنی بھیجا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو کہ پکارین دن منی کے دن کھانے اور پینے اور جماع کے ہین اور سحری کھانا سنت ہی فرمایا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کھاؤ کیونکہ اوسمین برکت ہی روایت کیا اسکو بخاری مسلم ترمذی اور نسائی وغیرہم نے اور فرمایا کہ
فرق درمیان ہمارے روزے اور درمیان اہل کتاب کے روزے کے کھانا سحری کا ہی روایت کیا اسکو مسلم اور ترمذی اور ابوداود نے
اور درست ہی سحری کھانا یہان تک کہ صبح صادق نہو وے اور روزہ کھولنا بلدی افضل ہی تاخیر فطر کی بعد وقت آجانے کے مکروہ ہی
فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہمیشہ رہینگے لوگ ساتھ بہتری کے جب تک جلدی کرینگے فطر کو روایت کیا اوسکو
بخاری مسلم امام مالک نے اور ترمذی نے بھی سہل بن سعد سے اور جسوقت افطار کرے کہے اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ
یعنی اے اللہ تیرے ہی واسطے مینے روزہ رکھا تھا اور تیرے رزق پر افطار کرتا ہون روایت کیا اوسکو ابوداود نے کہ
ایسا ہی کرتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مستحب ہی کہ کھجور سے روزہ افطار کرے اور یہ وارد ہوا حدیث مین نسائی

اور عورت کو چاہیے کہ نفل روزہ بدون اذن خاوند کے نرکھے روایت کیا اوسکو بخاری مسلم وغیرہما نے اور جو شخص کسی قوم پر جاکے اوترے تو بغیر اون اونکے روزہ نرکھے نکالا اسکو ترمذی نے اور کہا یہ حدیث منکر ہی واللہ اعلم

باب اعتکاف کے بیان مین

اعتکاف سنت موکدہ ہی اور اعتکاف کے معنی یہ ہین کہ دیر تک رہنا روزہ دار کا مسجد مین بہ نیت عبادت جسمین جماعت ہوتی ہی ف لیکن سنت موکدہ ہونا تو فقط عشرۂ اخیر مین ہی کیونکہ روایت کیا بخاری مسلم نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھے اعتکاف کرتے عشرۂ اخیر مین رمضان کے یہان تک کہ اوٹھالیا اونکو اللہ تعالی نے پھر اعتکاف کیا بعد اونکے اونکی ازواج مطہرات نے تو یہ مواظبت دلالت کرتی ہی سنت ہونے اعتکاف پر اور ایک اعتکاف واجب ہی وہ یہ کہ نذر کرے اعتکاف کی اور ایک مستحب وہ یہ کہ سوا ان دس دنون مین اخیر رمضان کے اور دنون مین اعتکاف کرنا اور اون دنون مین مواظبت ثابت نہین ہوئی بیان کیا اوسکو شیخ ابن الہمام نے اور دیر تک رہنا یہ رکن ہی اعتکاف کا اور نیت شرط ہی اوسکی اور روزہ بھی شرط ہی اور امام شافعی کے نزدیک شرط نہین دلیل ہماری یہ ہی کہ روایت کیا دارقطنی اور بیہقی نے حضرت عایشہ رضہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا اعْتِكَافَ اِلَّا بِصَوْمٍ نہین ہی اعتکاف مگر روزے سے کہا بیہقی نے یہ وہم ہی سفیان بن حسین سے یا سوید سے اور ضعیف کیا اوسنے سوید کو لیکن کمال مین ہی کہ کہا علی بن حجر نے کہ پوچھا مینے بیہقی سے اون دونون کے احوال سے تو ثنا کی انھون نے اوپر اور روایت کیا ابوداود نے عبدالرحمن بن اسحق سے انھون نے زہری سے انھون نے عروہ سے انھون نے حضرت عایشہ رضہ سے کہ کہا انھون نے سنت ہی اوپر اعتکاف کرنے والے کے کہ نہ عیادت کرے کسی مریض کی اور نہ حاضر ہو جنازے مین اور نہ مس کرے کسی عورت کو اور نہ مباشرت کرے اوس سے اور نہ نکلے کسی حاجت کو مگر جو ضرور ہی اور نہین ہی اعتکاف مگر روزے سے اور نہین ہی اعتکاف مگر مسجد جامع مین کہا ابوداود نے سوا عبدالرحمن کے اور کوئی اوسمین لفظ السنۃ کا نہین ذکر کرتا اور عبدالرحمن بن اسحق اگرچہ کلام کیا گیا ہی اوسمین لیکن اخراج کیا اوس سے مسلم نے اور توثیق کی اوسکی ابن معین نے اور ثنا کی اوسپر غیر اوسکے نے اور روایت کیا ابوداود نے اور نسائی نے ابن عمر رضہ سے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے کیا تھا اپنے اوپر کہ اعتکاف کرین جاہلیت مین ایکدن اور ایک رات نزدیک کعبے کے سو پوچھا انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا آپ نے کہ اعتکاف کر اور روزہ رکھ اور ایک روایت مین نسائی کی ہی کہ حکم کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو کہ اعتکاف کرین اور روزہ رکھین کہا دارقطنی نے متفرد ہوا اساتھ اوسکے عبداللہ بن بکیل بن ورقاء الخزاعی عمر سے اور وہ ضعیف الحدیث ہی اور ثقات لوگون نے اصحاب عمرو بن دینار سے نہین ذکر کیا روزے کا اونمین سے ہین ابن جریج اور ابن عیینہ اور حماد بن سلمہ اور حماد بن زید اور سوا انکے اور یہ حدیث صحیحین مین ہی نہین ہی اوسمین ذکر روزے کا بلکہ اتنا ہی ہی کہ کہا حضرت عمر نے کہ نذر کی تھی مینے جاہلیت مین کہ اعتکاف کرون مسجد حرام مین ایک رات سو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوری کر اپنی نذر اور ایک روایت مین ہی حضرت عمر سے کہ نذر کی تھی مینے جاہلیت مین کہ اعتکاف کرون ایک دن نزدیک مسجد حرام کے تو مراد یہ ہی کہ ایکدن ساتھ رات کے یا ایک رات ساتھ ایکدن کے تاکہ مطابقت ہو دو حدیثون مین اور جواب دیا جاویگا کہ غایت اسکی یہ ہی کہ سکوت کیا روزے کے ذکر سے ان لوگون نے اور یہ بات اصول حدیث مین مقرر ہوئی ہی کہ زیادت ثقہ ضابط کی مقبول ہی اور تم جو ضعف ثابت کرتے ہو عبداللہ بن بکیل کا مسلم نہین کیونکہ کہا ابن معین نے کہ وہ صالح الحدیث ہی اور ذکر کیا اوسکو ابن حبان نے ثقات مین اور روایت کی

ف سوید

ف عبدالرحمن بن اسحق

ف عبداللہ بن بکیل بن ورقاء

مؤید ہی اسکے حدیث حضرت عایشہؓ کی جو نقل کی ہمنے اور ابو داود و نسائی سے اور نکالا بیہقی نے ابن جریج سے انھون نے عطاء سے انھون نے ابن عباس اور ابن عمر سے کہ کہا اون دونون نے اَلْمُعْتَكِفُ يَصُوْمُ یعنی اعتکاف کرنے والا روزہ رکھے تو یہ قول ابن عمر کا بھی مؤید اوسکے ہی کیونکہ نقل کیا انھون نے اسکو اپنے باپ سے اور یہ واقف تھے اوس واقعے سے اور امام شافعی دلیل لاتے ہین اوس سے جو روایت کیا اوسکو حاکم نے ابن عباس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہی اعتکاف کرنے والے پر روزہ مگر یہ کہ کرلے اپنے نفس پر اور تصحیح کی اوسکی حاکم نے اور جواب یہ ہی کہ یہ تصحیح اونکی تمام نہین اسناد مین اوسکی عبداللہ بن محمد ربعی ہی اور وہ مجہول ہی اور باوجود جہالت اوسکی کے نہین رفع کیا اوسکو کسینے سوا اوسکے بلکہ موقوف کرتے ہین اوسکو ابن عباس پر اور مؤید ہی اسکے وقف کے جو ذکر کیا اوسکو بیہقی نے بعد ذکر اس بات کے کہ متفرد ہوا ساتھ اوسکے ربعی کہ روایت کیا اوسکو ابو بکر حمیدی نے عبدالعزیز بن محمد سے انھون نے ابو سہیل بن مالک سے کہا کہ جمع ہوا مین اور ابن شہاب نزدیک عمر بن عبدالعزیز کے اور اونکی عورت نے نذر کی تھی اعتکاف کی مسجد حرام مین سو کہا ابن شہاب نے کہ نہین ہوتا ہی اعتکاف مگر ساتھ روزے کے سو کہا عمر بن عبدالعزیز نے کہ کیا یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی کہا انھون نے نہین سو کہا کہ ابو بکرؓ سے کہا انھون نے نہین کہا عمرؓ سے کہا کہ نہین کہا ابو سہیل نے کہ پھر پھرا مین سو پایا مینے طاؤس اور عطا کو تو پوچھا مینے اونسے یہ سو کہا طاؤس نے تھے ابن عباس نہین دیکھتے تھے معتکف پر صیام مگر یہ کہ خود اپنے نفس پر مقرر کرلے اور کہا عطا نے یہ رائے صحیح ہی تو اگر ابن عباس نے رفع کیا ہوتا اوسکو نہ وقف کرتے طاؤس اوسکو ابن عباس پر اور اسیواسطے اعتراف کیا بیہقی نے کہ رفع اوسکا وہم ہی اور پھر عجیب یہ ہی کہ وقف بھی معارضے سے سالم نہین اسواسطے کہ اوپر ہم ذکر کرچکے ابن عباس اور ابن عمر سے کہ کہا اون دونون نے معتکف روزہ رکھے

اور کہا عبدالرزاق نے حَدَّثَنَا الثَّوْرِيُّ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ مُقْسِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَنِ اعْتَكَفَ فَعَلَيْهِ الصَّوْمُ یعنی جو اعتکاف کرے تو اوسپر روزہ ہی اور اسناد اوسکا صحیح ہی اور نکالا عبدالرزاق نے حضرت عایشہؓ سے موقوفاً مَنِ اعْتَكَفَ فَعَلَيْهِ الصَّوْمُ اور زہری اور عروہ سے بھی کہ کہا اون دونون نے لَا اعْتِكَافَ اِلَّا بِالصَّوْمِ اور موطا مین مالک کی ہی کہ پونہچا اونکو قاسم بن محمد اور نافع مولی بن عمر سے کہ کہا اون دونون نے نہین ہی اعتکاف مگر ساتھ روزے کے بسبب قول اللہ تعالی کے ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى اللَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ یعنی تمام کرو روزے کو رات تک اور نہ مباشرت کرو عورتون سے جب تم اعتکاف کرتے ہو مسجدون مین تو ذکر کیا اللہ تعالی نے اعتکاف کو ساتھ روزے کے کہا یحیی نے کہا مالک نے وَالْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ عِنْدَنَا اَنَّهٗ لَا اعْتِكَافَ اِلَّا بِصِيَامٍ یعنی حکم نزدیک ہمارے اسپر ہی کہ نہین ہی اعتکاف مگر ساتھ روزے کے اور یہ بھی جانا چاہیے کہ اعتکاف اوس مسجد مین صحیح ہی جہان جماعت ہوتی ہو روایت کیا طبرانی نے ابراہیم نخعی سے کہ کہا حذیفہ نے واسطے ابن مسعود کے کیا تم تعجب نہین کرتے ہو اون لوگون سے کہ درمیان تمھارے گھر کے اور گھر ابو موسی کے ہین اور گمان کرتے ہین کہ ہم اعتکاف سے ہین سو کہا ابن مسعود نے کہ شاید وہ لوگ صواب پر ہون اور تم خطا پر اور اون لوگون کو یاد ہوا اور تم بھول گئے ہو کہا حذیفہ نے لیکن مین سو جانتا ہون کہ نہین ہی اعتکاف مگر مسجد جماعت مین اور نکالا بیہقی نے ابن عباس سے کہ بدترسب کاموں مین اللہ کے نزدیک بدعتین ہین اور تحقیق کہ بدعت مین سے ہی اعتکاف کرنا اون مسجدون مین جو گھرون مین ہین اور روایت کیا ابن ابی شیبہ اور عبدالرزاق دونون نے اپنے مصنف مین ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ اَخْبَرَنِيْ جَابِرٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عُبَيْدٍ

عبداللہ بن محمد ربعی

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَا اعْتِكَافَ اِلَّا فِيْ مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ اور اوپر گذر چکا مرفوعاً حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اور ایک روایت میں امام ابوحنیفہ سے یہ مروی ہے کہ نہیں صحیح ہے اعتکاف مگر اوس مسجد میں جس میں پانچوں نمازیں پڑھی جاتی ہیں اور دلیل لاتے ہیں ساتھ اوس حدیث کے جسکو روایت کیا ابن الجوزی نے حذیفہ سے کہ کہا انھوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو مسجد کہ واسطے اوسکے امام ہے اور مؤذن سو اعتکاف اوسمیں صحیح ہوتا ہے وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ **ص** اور کم سے کم مدت اوسکی ایک دن ہے تو جو اعتکاف شروع کرے اور ایک روز تمام ہونے کے پہلے چھوڑ دیوے تو اوسپر قضا ہے اور امام محمد کے نزدیک کم مدت ایک ساعت ہے اور وہ ہوگئی تو قضا نہیں اور معتکف مسجد میں سے باہر نہ نکلے مگر حاجت انسانی جیسے پیشاب یا حاضر ہونے واسطے **ف** کیونکہ مروی ہے حضرت عائشہ رضی سے کہ نہیں داخل ہوتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں مگر واسطے حاجت انسانی کے جب ہوتے تھے معتکف نکالا اسکو اصحاب صحاح ستہ نے **ص** یا جمعے کے واسطے آفتاب ڈھلے نکلے اور جسکا مکان جامع مسجد سے دور ہووے تو وہ ایسے وقت نکلے کہ جمعہ پالیوے اور سنتیں پڑھے چار جمعے کے پہلے اور ایک روایت میں چھ رکعتیں چار سنت اور دو تحیۃ المسجد کی اور بعد جمعے کے چار امام صاحب کے نزدیک اور چھ صاحبین کے نزدیک اور اسقدر سے زیادہ دیر کرنا معتکف کو جامع مسجد میں اعتکاف کو فاسد نہیں کرتا اور اگر بغیر عذر کے مسجد سے ایک ساعت بھی نکلے تو فاسد ہوگا **ف** اور صاحبین کے نزدیک نہیں فاسد ہوگا مگر جب کہ آدھا دن برابر نکلا رہے اور یہی تحسن ہے **ص** معتکف کھاوے اور پیوے اور سووے **ف** اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نہیں ہوتی تھی کوئی جگہ اعتکاف میں مگر درمیان مسجد کے **ص** اور بیچے اور خریدے مسجد میں بغیر سودا حاضر کرنے کے اور سوا معتکف کے اور کوئی شخص مسجد میں یہ کام نہ کرے **ف** روایت کیا اصحاب سنن نے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے کہ منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے اور خریدنے سے مسجد میں آخر حدیث تک اور ایک روایت میں ہے کہ بچاؤ مسجدوں کو اپنے لڑکوں سے یہاں تک کہ فرمایا اور بیچنے سے اور خریدنے سے۔ روایت کیا اوسکو عبدالرزاق نے اور پوری حدیث یوں مروی ہے مصنف میں اوسکے حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَنِّبُوْا مَسَاجِدَكُمْ صِبْيَانَكُمْ وَمَجَانِيْنَكُمْ وَشِرَاءَكُمْ وَبَيْعَكُمْ وَخُصُوْمَاتِكُمْ وَرَفْعَ اَصْوَاتِكُمْ وَاِقَامَةَ حُدُوْدِكُمْ وَسُلَّ سُيُوْفِكُمْ وَاتَّخِذُوْا عَلٰى اَبْوَابِهَا الْمَطَاهِرَ وَجَمِّرُوْهَا مِنَ الْجُمُعِ **ص** اور چپ نہ رہے **ف** یعنی ایسا نہ کرے کہ بالکل بات کرنے کو موقوف کرے **ص** بلکہ بہتر اور نیک باتیں کرے اور اعتکاف کو جماع باطل کرتا ہے **ف** کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِي الْمَسَاجِدِ یعنی نہ مباشرت کرو عورتوں کی جب تم اعتکاف کرنے والے ہو مسجدوں میں **ص** اگرچہ رات کو ہووے یا بھولے سے اور اگر سوا فرج کے اور جگہ ولمی کرے یا بوسہ لیوے یا چھوئے تو اگر انزال ہوا اعتکاف باطل ہوگا اور اگر انزال نہ ہوا تو باطل نہ ہوگا اگرچہ یہ کام اعتکاف میں حرام ہیں اور عورت اپنے گھر میں اعتکاف کرے اور اگر کچھ روزوں کے اعتکاف کی نذر کی تو اون روزوں کی رات میں بھی اوسکو اعتکاف کرنا واجب ہوگا برابر لگتا تار اگرچہ اوسنے ایسی نیت نہ کی ہووے اور جو دو روز کی نیت کی تو دونوں روز کی رات بھی داخل ہو جاویگی اور فقط دن کی نیت صحیح ہو جاویگی فقط

کتاب الحج

جان تو کہ حج فرض ہی اور منکر اوسکا کافر ہی **ف** اور فرضیت اوسکی قرآن شریف سے ثابت ہی فرمایا اللہ تعالی جل شانہ نے وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ یعنی اللہ کیواسطے لوگون کے ذمے پر ہی حج خانہ کعبہ کا اور عمر بھر مین ایکبار فرض ہی روایت کیا احمد نے مسند مین اور دارقطنی نے سنن مین اور حاکم نے مستدرک مین اور کہا صحیح ہی اور بشرط شیخین کے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ خطبہ پڑھا ہمپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا ای لوگو فرض کیا اللہ نے تمپر حج کو سو کھڑے ہوئے اقرع بن حابس نے اور کہا کہ ای رسول اللہ کیا ہر سال مین سو فرمایا آپنے اگر مین کہتا ہان البتہ واجب ہوتا ہر سال مین اور تم اوسکی قدرت نرکھتے حج ایکبار ہی اور جو زیادہ ہو وہ نفل ہی اور روایت کیا مسلم نے صحیح مین ابو ہریرہ رضی سے مانند اسکے **ص** ہر آزاد مسلمان بکلف تندرست آنکھ والے پر جب اوسکے واسطے توشہ اور سواری ہو فاضل ضروری خرچ اور عیال کے نفقے سے لوٹنے تک اور راہ کا بھی امن ہووے **ف** آزاد اور بالغ ہونا اسواسطے شرط ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لڑکا حج کرے پھر بالغ ہووے تو اوسپر دوسرا حج ہی جو غلام حج کرے پھر آزاد ہو جاوے تو اوسپر دوسرا حج ہی روایت کیا اوسکو حاکم نے ابن عباس سے اور کہا صحیح ہی بشرط شیخین پر اور نضر و محمد بن منہال کا ساتھ رفع اوسکے کچھ ضرر نہین کرتا کیونکہ رفع زیادت ہی اور زیادت ثقہ سے مقبول ہی اور مؤید ہی اسکے ایک مرسل حدیث روایت کیا جسکو ابو داود نے مراسیل مین محمد بن کعب قرظی سے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لڑکا حج کرین اہل اوسکے اور مر جاوے کافی ہو جاویگا اوس سے تو اگر بالغ ہووے بلوغ کو حج کرے اور جو غلام حج کرین لوگ اوسکے کافی ہو جاویگا اوس سے تو اگر آزاد کر دیا جاوے تو لازم ہی اوسپر حج اور یہ ہمارے نزدیک حجت ہی اور مصنف ابن ابی شیبہ مین ہی یہ روایت موقوفا ابن عباس سے اور تندرست ہونا شرط ہی بیمار پر حج نہین آنکھ والا چاہیے اندھے پر اگر مال ہو حج نہین توشہ اور سواری شرط ہی اسواسطے کہ روایت کیا حاکم نے سعید بن ابی عروبہ سے انھون نے قتادہ سے انھون نے انس سے اللہ کے قول مین وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا یعنی حج ہی لوگون پر اللہ کے واسطے جو شخص طاقت سبیل کی رکھتا ہو کہا گیا ای رسول اللہ کیا چیز ہی سبیل فرمایا کہ توشہ اور سواری اور کہا کہ صحیح ہی اوپر شرط بخاری مسلم کے اور نہین نکالا اونھون نے اوسکو اور متابعت کی سعید کی حماد بن سلمہ نے قتادہ سے پھر نکالا اوسکو حاکم نے اس طرح پر اور کہا کہ صحیح ہی اوپر شرط مسلم کے اور مروی ہی اوطریقون صحیح سے حسن سے مرسلا کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت مین کہ سبیل زاد اور راحلہ ہی اور بہت لوگون سے یہ حدیث مروی ہوئی ابن عمر اور ابن عباس اور حضرت عایشہ اور جابر اور عبد اللہ بن عمرو بن العاص وغیرہم سے پھر چاہیے کہ فاضل ہو حاجت اصلی ضروری سے مانند خادم اور اسباب خانگی اور کپڑون وغیرہ کے اسواسطے کہ یہ چیزین ہونا ضرور ہین اور یہ بھی شرط ہی کہ اہل و عیال کے نفقے سے فارغ ہو اسواسطے کہ نفقہ فرض ہی اور حق بندے کا مقدم ہی اللہ کے حق پر نزدیک شرع کے اور جو لوگ مکے سے قریب ہین اونکو سواری شرط نہین کیونکہ اونکی مشقت اسقدر نہین کہ سواری بھی ضرور ہو بخلاف اور لوگون کے اور راہ کا بھی امن شرط ہی اسواسطے کہ محافظت جان و مال کی ضرور ہی **ص** عورت کو بغیر محرم اور خاوند کے حج درست نہین اگر اوس عورت سے مکے تک مدت سفر کے برابر راہ ہووے **ف** اور اگر اس سے کم ہووے تو شرط نہین اور امام شافعی کے نزدیک عورت کو بے محرم کے حج جائز ہی جب کہ ایک قافلہ ہووے اور اوسکے ساتھ معتبر عورتین ہون اور ہمارے نزدیک جائز نہین اور دلیل امام شافعی کی عموم آیت کا ہی وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ آخر تک

ف محمد بن منہال

اور قول حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حج کرو مطلق اور ذکر نہ کیا مرد اور عورت کا اور دلیل ہماری یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لا تحج امرأۃ الا ومعہا ذو محرم فقال رجل یا نبی اللہ انی اکتتبت فی غزوۃ کذا وامرأتی حاجۃ قال ارجع فحج معہا واخرجہ الدارقطنی ایضا عن حجاج عن ابن جریج بہ ولفظہ لا تحج امرأۃ الا ومعہا ذو محرم یعنی نہ حج کرے عورت مگر اوسکے ساتھ محرم ہو سو کہا ایک شخص نے اے نبی اللہ کے مین لکھا گیا ہون فلانے غزوے مین اور عورت میری حج کرنے والی ہی کہا آپنے لوٹ جا اور حج کر ساتھ اوسکے اور روایت کیا اوسکو دارقطنی نے اور معنی اوسکے یہی ہین اور مدت سفر کی اسواسطے شرط ہی کہ دوسری حدیث مین صحیحین کی ہی ابو سعید سے انھونے ابن عباس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سفر کرے عورت مگر ساتھ محرم کے اور سفر کے معنی اوپر ہم کتاب الصلوۃ مین بیان کر چکے کہ تین دن اور تین رات سے کم نہین ہوتا اور احتیاط اسمین ہی کہ کسی جا کا ارادہ بغیر محرم کے نکرے اگرچہ مدت سفر سے کم ہووے اسواسطے کہ روایت کیا بخاری مسلم نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سفر کرے عورت دو دن مگر اوسکے ساتھ اوسکا خاوند ہو یا اور کوئی محرم ہو اور ایک روایت مین ابو ہریرہ سے ہی کہ نہین حلال ہی جو ایمان لائی ہی واسطے اللہ کے اور دن قیامت پر یہ کہ سفر کرے ایک رات بغیر محرم کے اور ایک روایت مین طبرانی کی ہی کہ نہ سفر کرے تین میل بھی بغیر محرم کے ص عمر مین ایکبار فرض ہی جسوقت قدرت ہو فی الفور فرض ہووے گا یہ مذہب امام ابی یوسف کا ہی اور امام محمد کے نزدیک فی الفور واجب نہین ہوتا تو اگر اوس سال مین نہ گیا اور دوسرے یا تیسرے سال مین ادا کیا اسکے نزدیک ادا ہو جاویگا اور اگر ادا نہین کیا اور مر گیا تو اسکے نزدیک گنہگار ہوگا تو اگر پہلے سال سے تاخیر کی امام ابی یوسف کے نزدیک گنہگار ہوگا اور محمد کے نزدیک نہین ہوگا اور اگر لڑکے نے احرام باندھا اور بالغ ہو گیا یا غلام نے اور آزاد ہو گیا اور حج کیے گئے فرض اونکا ادا نہوگا تو اگر لڑکے نے احرام پھر باندھا اور پھر وقوف کیا فرض اوس سے ادا ہو جاویگا اور غلام کا نہوگا فرض حج کے تین ہین احرام باندھنا اور عرفات مین کھڑے ہونا اور طواف کرنا زیارت کا اور واجب پانچ ہین مزدلفہ مین کھڑا ہونا اور دو دفعہ صفا اور مروہ کے حج مین اور کنکریان پھینکنا اور طواف صدر کا یعنی اخیر کا طواف وقت رخصت کے واسطے افاقے کے اور منڈانا سر کا اور ان آٹھ کے سوا باقی سنت یا مستحب ہین ف اور ان سب چیزون کا ذکر تفصیل سے آگے آویگا ص مہینے حج کے شوال اور ذیقعدہ اور دس دن ذی الحجہ کے ہین اور انکے قبل احرام باندھنا مکروہ ہی ف فرمایا اللہ تعالی نے الحج اشہر معلومات یعنی حج کچھ مہینے ہین مقرر اور روایت کیا بخاری وغیرہ نے ابن عمر سے کہ مہینے حج کے شوال اور ذیقعدہ اور دس دن ذی الحجہ کے ہین اور مروی ہی یہ بخاری مین تعلیقا اور روایت کیا اوسکو حاکم نے اور صحیح کیا اوسکو اور ایسا ہی مروی ہی ابن عباس سے روایت کیا اوسکو دارقطنی نے اور ایسا ہی روایت کیا اوسکو ابن مسعود سے اور نکالا اوسکو ابن ابی شیبہ نے اور حدیث عبداللہ بن زبیر کی روایت کیا اوسکو دارقطنی نے کہ مہینے حج کے شوال اور ذیقعدہ اور ذی الحجہ ہین تو یہ سب عبادلہ سے مروی ہی عبادلہ کہتے ہین عبداللہ بن مسعود عبداللہ بن عمر عبداللہ بن عباس عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم کو اور بعضون کے نزدیک عبداللہ بن عمرو بن العاص کو بھی ص عمرہ سنت ہی اور عمرہ طواف اور سعی یعنی دوڑنے کو درمیان صفا اور مروہ کے کہتے ہین اور وقوف یعنی کھڑا ہونا اوسمین نہین ہی اور سارے برس مین جب چاہے درست ہی اور مکروہ ہی دن عرفے کے اور چار دن مین بعد عرفے کے ف اور سنت ہونا اوسکا حدیث سے ثابت ہی

روایت کیا ترمذی نے جابرؓ سے کہ پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمرے سے کیا واجب ہی وہ فرمایا نہین مگر یہ عمرکرو تو وہ افضل ہی اور اسکا بیان آگے آویگا **ص** میقات مدینے کے رہنے والے کا ذوالحلیفہ ہی اور عراق والون کا ذات عرق اور شام والون کا جحفہ اور نجد والون کا قرن اور یمن والون کا یلملم **ف** میقات اوسکو کہتے ہین جہان سے احرام باندھتے ہین اور ذوالحلیفہ اور ذات عرق اور جحفہ اور قرن اور یلملم یہ سب مقامون کے نام ہین اور یہ تعیین حدیث مین مروی ہی روایت ہی صحیحین مین حضرت ابن عباسؓ سے کہ مقرر کیا میقات نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے اہل مدینہ کے ذوالحلیفہ اور واسطے اہل شام کے جحفہ اور واسطے اہل نجد کے قرن اور واسطے اہل یمن کے یلملم اور اخراج کیا اوسکا ترمذی اور ابوداود وغیرہما نے اور آخر حدیث کا یہ ہی کہ یہ مقام اون لوگون کی واسطے ہین اور جو اون پاس آوے اور اون لوگون مین سے نہووے جو ارادہ کرے حج اور عمرے کا اور جو اونکے سوا ہو تو جہان سے چاہے یہان تک کہ اہل مکہ احرام باندھین مکے مین اور نہین ذکر کیا اوسمین میقات اہل عراق کو لیکن ذکر کیا اوسکو جابرؓ نے روایت کیا اوسکو مسلم نے اور شک کی راوی نے اوسکے رفع مین اور ابن ماجہ نے روایت کیا اوسکو اور اوسمین شک نہین اور اوسمین ہی کہ مقام اہلال اہل مشرق کا ذات عرق ہی مگر اسناد مین اوسکی ابراہیم بن یزید جوزی ہی اور نہین شک ہی اوسکی حدیث مین اور روایت کیا ابوداود نے حضرت عایشہؓ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کیا میقات واسطے اہل عراق کے ذات عرق اور اسناد مین اوسکی افلح بن حمید ہی اور تھے احمد بن حنبل انکار کرتے اسکا اور نکالا عبدالرزاق نے مالک سے انھون نے نافع سے انھون نے ابن عمرؓ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میقات مقرر کیا واسطے اہل عراق کے ذات عرق اور صحیح ہوئی یہ حدیث **ص** ان مقامون سے آگے بڑھنا بغیر احرام کے حرام ہی جسکا قصد مکے مین داخل ہونے کا ہو **ف** برابر ہی کہ قصد کرے حج اور عمرے کا یا نکرے کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تجاوز کرے کوئی میقات سے مگر احرام باندھکے اور یہ عبارت ہدایے مین ہی اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے مصنف مین **حدثنا** عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُجَاوِزُ الْوَقْتَ اِلَّا بِاِحْرَامٍ یعنی نہ تجاوز کرے میقات سے مگر ساتھ احرام کے اور ایسا ہی روایت کیا اوسکو طبرانی نے اور کہا شافعی نے اپنے مسند مین **حدثنا** ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ اَنَّهٗ رَاَى ابْنَ عَبَّاسٍ يَرُدُّ مَنْ جَاوَزَ الْمِيْقَاتَ بِغَيْرِ اِحْرَامٍ یعنی پھیر دیتے تھے ابن عباس اوسکو جو آگے جاتا تھا میقات کے بغیر احرام کے اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے **ثنا** وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حُبَيْبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اور ذکر کیا اوسکو اور روایت کیا اسحق بن راہویہ نے مسند مین **حدثنا** فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا جَاوَزَ الْوَقْتَ فَلَمْ يُحْرِمْ حَتّٰى دَخَلَ مَكَّةَ رَجَعَ اِلَى الْوَقْتِ فَاَحْرَمَ وَاِنْ خَشِيَ اَنْ لَا يَرْجِعَ اِلَى الْوَقْتِ فَاِنَّهٗ يُحْرِمُ وَيُهْرِيقُ لِذٰلِكَ دَمًا یعنی کہا ابن عباسؓ نے کہ جب تجاوز کرے کوئی شخص میقات کی اور نہ احرام باندھے یہان تک کہ داخل ہوجاوے مکے مین لوٹے طرف میقات کے اور احرام باندھے اور اگر خوف کرے رجوع کا طرف میقات کے تو وہ احرام باندھے اور اوسکے بدلے مین ایک قربانی کرے **ص** اور قبل پہونچنے کے ان مکانون مین اگر پہلے سے احرام باندھ لے تو درست ہی **ف** روایت کیا حاکم نے باب التفسیر مین مستدرک سے کہ پوچھے گئے حضرت علیؓ قول اللہ تعالیٰ سے وَاَتِمُّوا الْحَجَّ

ابراہیم بن یزید جوزی

وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ یعنی تمام کر حج اور عمرے کو واسطے اللہ کے سو کہا انھون نے یہ کہ احرام باندھے تو اپنے گھر سے اور کہا کہ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ صحیح ہی اوپر شرط بخاری مسلم کے اور مروی ہی یہ حدیث ابو ہریرہ سے مرفوعا اور اوسمین ضعف ہی اور حدیث ابن مسعود کی ذکر کیا اوسکو صاحب ہدایہ نے اور نہین پایا مینے اوس حدیث کو ص اور جو ان مقاموں کے رہنے والے ہین اونکو مکے مین بغیر احرام کے داخل ہونا درست ہی تو اونکی میقات حل ہی جو مکے کا رہنے والا ہی وہ احرام حج کے لیے حرم سے باندھا اور عمرے کے لیے حل سے ف حل سوا حرم کے اور زمین کو کہتے ہین سو اسواسطے کہ حکم کیا تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو کہ احرام باندھین جو ف مکہ سے روایت کیا مسلم نے جابر سے کہ حکم کیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ہم حلال تھے یعنی احرام نہین باندھا تھا کہ احرام باندھین ہم جب توجہ کرین طرف منی کے کہا جابر نے کہ اہلال کیا ہمنے ابطح سے اور حکم کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عایشہ رضہ کے بھائی کو کہ عمرہ کرا دین اونکو تنعیم سے اور تنعیم حرم مین نہین ہی اور دلیل قوی یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وَمَنْ کَانَ دُوْنَ ذٰلِكَ فَمِنْ حَیْثُ شَاءَ حَتّٰی اَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَّكَّةَ یعنی جو ان مقاموں سے نہ آیا ہو تو وہ جہان سے چاہے احرام باندھے یہان تک کہ اہل مکے سے وَاللّٰهُ اَعْلَمُ ص جو شخص ارادہ احرام کا کرے وضو کرے اور غسل کرنا اچھا ہی ف اسواسطے کہ غسل کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام کے لیے روایت کیا اوسکو ترمذی نے زید بن ثابت سے اور کہا کہ یہ حدیث حسن ہی غریب ہی اور روایت کیا حاکم نے ابن عباس سے کہ غسل کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر پہنے کپڑے اپنے سو جب آئے ذوالحلیفہ مین پڑھین دو رکعتین پھر سوار ہوئے اونٹ پر تو جب چڑھ چکے اوسپر احرام باندھا حج کے لیے اور کہا حاکم نے صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ یعنی یہ حدیث صحیح ہی اور نہین نکالا اوسکو بخاری مسلم نے اور نکالا ابن عمر رضہ سے کہ کہا انھون نے مِنَ السُّنَّةِ اَنْ یَّغْتَسِلَ اِذَا اَرَادَ اَنْ یُّحْرِمَ وَصَحَّحَهُ عَلٰی شَرْطِهِمَا وَاَخْرَجَهُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَالْبَزَّارُ وَقَوْلُ الصَّحَابِیِّ مِنَ السُّنَّةِ حُكْمُهُ الرَّفْعُ عِنْدَ الْجُمْهُوْرِ یعنی کہا حضرت عبداللہ بن عمر رضہ نے کہ سنت سے ہی یہ بات کہ غسل کرے جب ارادہ احرام کا کرے اور صحیح کیا اوسکو حاکم نے بخاری مسلم کی شرط پر اور نکالا اوسکو ابن ابی شیبہ اور بزار نے اور قول صحابی کا من السنۃ بمنزلہ رفع کے ہی ص اور ایک ازار اور چادر پاک پہنے اور خوشبو لگاوے اور ایک دوگانہ نفل پڑھے ف اسواسطے کہ پہنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ازار اور چادر اور صحابہ نے آپ کے نکالا اوسکو بخاری نے اور لیکن خوشبو لگانا سو اسواسطے کہ کہا حضرت عایشہ رضہ نے خوشبو لگائی مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان دونون ہاتھون سے جسوقت احرام باندھا آپنے اور لگائی مینے خوشبو آپکے جب کھولا احرام آپنے قبل طواف خانہ کعبہ کے اور اوس خوشبو مین مشک تھی اور لیکن دو رکعتین نفل پڑھنا سو اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے دو رکعتین ذوالحلیفہ مین وقت احرام کے روایت کیا اوسکو مسلم نے ابن عمر رضہ سے اور ایسا ہی کرتے تھے حضرت عمر بھی روایت کیا اوسکو بخاری نے اور روایت کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ابوداود اور حاکم نے بروایت ابن عباس کے ص تو اگر حج مفرد یعنی فقط حج کرتا ہو تو کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْحَجَّ فَیَسِّرْهُ لِیْ وَتَقَبَّلْهُ مِنِّیْ اے اللہ مین ارادہ کرتا ہون حج کا تو آسان کر تو اوسکو میرے واسطے اور قبول کر اوسکو میری طرف سے پھر لبیک کہے بعد نماز کے اونیت حج کی کرے اور وہ یہ ہی اَللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ اور اس سے کم نکرے اور اگر زیادہ کرے تو درست ہی ف لیکن لبیک کہنا

بعد نماز کے سو حدیث سے ثابت ہی روایت کیا ترمذی اور نسائی نے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لبیک کہی بعد نماز کے
اور کہا ابن الہمام نے کہ یہ حدیث صحیح ہی اور ثابت کیا اوسکو اور اگر سواری پر چڑھ کے لبیک کہے تو بھی درست ہی اور یہ بھی احادیث صحیحہ سے
ثابت ہی روایت کیا اوسکو بخاری مسلم نے اور زیادہ کرنا اس سے جائز ہی اور امام شافعی کے نزدیک جائز نہین اور دلیل ہماری یہ ہی کہ
حضرت عمر بن الخطاب نے زیادہ کیا ان کلمات پر اور کہا وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ فِیْ یَدَیْكَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَیْكَ مروی ہی یہ
صحاح مین اور زیادہ کیا ابو داود نے ایک روایت مین کہ زیادہ کرتے تھے لوگان کلمات پر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سنتے تھے
اور کچھ نہین کہتے تھے اور زیادہ کیا ابن مسعود نے اسپر مروی ہی یہ بسند اسحق بن راہویہ مین اور امام حسن بھی زیادہ کرتے تھے ان کلمات پر
روایت کیا اسکو ابن سعد نے طبقات مین وَاللّٰہُ اَعْلَمُ ص اور جب لبیک نیت کرکے کہہ لی احرام اوسکا بندھ چکا تو
جماع اور فحش کلام موقوف کرے اور ذکر کرنے کو جماع سے عورتون کے سامنے روایت ہی کہ حضرت عبد اللہ بن عباس نے جب شیر سے سنا
شعر وَهُنَّ یَمْشِیْنَ بِنَا هَمِیْسًا اِنْ یَصْدُقِ الطَّیْرُ نَنِكْ لَمِیْسًا کہ معنی اردو اسکے یہ ہین کہ اونٹ چلتے ہین ہمارے
ساتھ درانحالیکہ اونکے سوزون کے نعل سے آواز آتی ہی اگر فال سچ ہو تو ہم ملیس کہ ایک عورت ہی اوس سے جو ہمارا جی چاہیگا کرینگے
تو لوگون نے کہا کہ آپ رفث کرتے ہین احرام مین تو فرمایا کہ رفث اوسکو کہتے ہین جسمین عورتین مخاطب ہون اور بیجے فسوق اور
گناہون سے اور جدال سے اور وہ یہ کہ اپنے رفیق سے لڑے یا مشرکون سے حج کی تقدیم اور تاخیر مین ف کیونکہ فرمایا اللہ تعالی نے
فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ یعنی نہین ہی رفث اور فسوق اور جدال حج مین ص اور نہ شکار کرے
خشکی کا احرام مین اور دریا کا شکار منع نہین اور شکار کے جانور کو کسیکو نہ بتلاوے اور نہ اوسکی طرف اشارہ کرے ف
اسواسطے کہ ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے شکار کیا تھا ایک حمار وحشی کا اور وہ احرام سے نہ تھے تو پوچھا صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے اوسکے کھانے کو سو فرمایا آپنے کیا تمنے اوسکے شکار مین کچھ مدد کی تھی یا اشارہ کیا تھا کچھ تمنے کہا انھون نے نہین
تب فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سو کھاؤ جو اوسکا گوشت باقی ہی روایت کیا اوسکو اصحاب صحاح ستہ نے اور دوسرے یہ کہ دلالت
کرنے والا یعنی بتانے والا کسی چیز کا مثل کرنے والے کے ہی اور یہی حکم نیک کامون کے باب مین ہی فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِهٖ یعنی بتلانے والا بہتری کا مانند اوسکے کرنے والے کے ہی اور فرمایا اللہ تعالی نے وَلَا تَقْتُلُوا
الصَّیْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ یعنی نہ شکار کرو جب احرام باندھے ہو تم ص اور بر بیز کرے خوشبو لگانے سے اور ناخن کاٹنے سے
ف اور یہ منع حدیث مین وارد ہی ص اور مونہہ ڈھانپنے سے اور سر ڈھانپنے سے ف اور امام شافعی کے نزدیک
جائز ہی واسطے مرد کے چھپانا مونہہ کا اسواسطے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِحْرَامُ الرَّجُلِ فِیْ رَأْسِهٖ وَاِحْرَامُ
الْمَرْاَةِ فِیْ وَجْهِهَا یعنی احرام مرد کا اوسکے سر مین ہی اور احرام عورت کا اوسکے مونہہ مین ہی روایت کیا اوسکو دارقطنی اور
بیہقی نے موقوفا ابن عمر پر اور ذکر کیا اوسکو مرفوع صاحب ہدایہ نے اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے باب مین جو وہ مرگیا تھا
احرام مین کہ چھپاؤ مونہہ اوسکا اور نہ چھپاؤ سر اوسکا روایت کیا اوسکو امام شافعی نے اور دلیل ہماری یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
ایک شخص کے باب مین جب وہ مرگیا تھا احرام مین کہ نہ چھپاؤ مونہہ اوسکا اور نہ چھپاؤ سر اوسکا اسواسطے کہ وہ اوٹھیگا دن قیامت کے
لبیک کہتا ہوا اور دوسرے یہ کہ جب عورت نے باوجود اس بات کے کہ اوسکے مونہہ کھولنے مین خوف فتنے کا ہی مونہہ نہ چھپایا تو

مرد کو ضرور ہو نہ کھولنا واجب ہوگا اور دلیل امام شافعی کی وہ بھی ہی جو روایت کیا امام مالک نے حضرت عثمان سے کہ وہ چہرہ اپنا
موندہ اپنا اور وہ محرم ہوتے تھے اور روایت کیا اوسکو دارقطنی نے مرفوعاً اور کہا کہ صواب موقوف ہونا اس حدیث کا ہی **ص** اور سر
دھونے سے اور داڑھی دھونے سے ساتھ خطمی کے **ف** اسواسطے کہ خطمی خوشبودار چیز ہی اور سر کے کیڑون کو قتل کرتی ہی
اور غسل کرنا احرام مین درست ہی اسواسطے کہ حضرت ابن عمرؓ غسل کرتے تھے احرام مین روایت کیا اسکو مالک وغیرہ نے **ص** اور
داڑھی کترنے سے اور سر منڈانے سے اور بال بدن کے مونڈنے سے **ف** اسواسطے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ
حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ اور نہ مونڈو سر اپنا یہان تک کہ پہونچ جاوے قربانی اپنی جگہہ مین اور کترنا بھی مونڈنے کے حکم مین ہی
ص اور کرتہ پہنے اور سراویل اور قبا اور عمامہ اور ٹوپی اور موزون کے پہننے سے **ف** اسواسطے کہ منع کیا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ان چیزون کے پہننے سے احرام مین روایت کیا اسکو صحاح ستہ والون نے اور اگر موزہ پہنے تو اوسکو کاٹ کے
ٹخنے سے نیچا کرلے اور یہی طرح اگر تہمت نہو تو اوسکے بدلے سراویل پہن لیوے اور بعضون کے نزدیک نہ کاٹے اور پہن لیوے جب نعل نہووے
جو لوگ موزے کے کاٹنے کو کہتے ہین دلیل لاتے ہین ساتھ حدیث ابن عمر کے کہ فرمایا آپ نے اور نہ پہنے موزہ مگر جب نہ پاوے نعلین تو کاٹ لے اوسکو
اور نیچا کرے ٹخنون سے اور جو کہتے ہین نہ کاٹے دلیل لاتے ہین حدیث ابن عباس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو نہ پاوے تہمت
پہنے سراویل اور جو نہ پاوے موزہ پہن لیوے نعلین روایت کیا اوسکو بخاری مسلم ابوداود وغیرہم نے **ص** اور اوس کپڑے سے جو خوشبودار
رنگ مین رنگا ہووے مگر بعد زائل ہوجانے خوشبو کے **ف** اسواسطے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ پہنو اوس کپڑے کو
جسمین زعفران اور ورس لگا ہو احرام مین ذکر کیا اسکو صاحب ہدایہ نے اور روایت کیا اوسکو بہت محدثین نے مثل طحاوی کے ابن عمرؓ سے
ص اور حمام مین جانا اور سایہ لینا گھر سے اور محمل سے یعنی کجاوے سے جائز ہی **ف** اور کپڑا تان دینا واسطے سایے کے
سر کے آگے ہمارے نزدیک جائز ہی اور امام مالک کے نزدیک مکروہ ہی اور عثمانؓ سے یہ منقول ہی روایت کیا ابن ابی شیبہ نے ثَنَا وَكِيعٌ ثَنَا
الصَّلْتُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ قَالَ رَأَيْتُ عُثْمَانَ رض بِالْاَبْطَحِ وَاَنَّ فُسْطَاطَهٗ مَضْرُوْبٌ وَسَيْفُهٗ مُعَلَّقٌ
بِالشَّجَرَةِ یعنی کہا عقبہ نے کہ دیکھا مینے عثمانؓ کو ابطح مین کہ قسطاط اونکا تنا ہوا تھا اور تلوار اونکی لٹکتی تھی درخت مین اور سایہ کیا
صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کپڑا بسبب گرمی کے حج مین روایت کیا اسکو مسلم نے حدیث ام الحصین مین اور حضرت عمرؓ ڈال دیتے
کمال کو درخت پر اور اوسکے سایے مین بیٹھتے تھے اور آپ احرام سے ہوتے تھے اور حمام مین جانا درست ہی اسواسطے کہ حضرت عمرؓ نے غسل کیا
اور آپ احرام سے تھے روایت کیا اوسکو شافعی نے اور روایت کیا اوسکو مالک نے موطا مین اور نقل کیا حضرت ابوایوب نے سر دھونے کو
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہی صحیحین مین وَاللّٰهُ اَعْلَمُ **ص** اور ہمیانی کا باندھنا جائز ہی کمر مین **ف** یہ اسواسطے
بیان کیا کہ احرام مین سیا ہوا کپڑا پہننا نہین جائز ہی اور ہمیانی سی ہوئی ہی تو اسکا باندھنا ضرورت کے سبب سے جائز ہی **ص**
اور زیادہ کہے لبیک کو جب نماز پڑھ چکے یا کسی اونچی جگہہ پر چڑھے یا نیچی جگہہ مین اوترے یا سوارون سے ملاقات ہو اور جب صبح کا وقت ہو
ف اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم لبیک کہتے تھے اور صحابہ آپ کے ان وقتون مین روایت کیا ابن ابی شیبہ نے ثَنَا مُعَاوِيَةُ
عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ خَيْثَمَةَ قَالَ كَانُوْا يَسْتَحِبُّوْنَ التَّلْبِيَةَ عِنْدَ سِتٍّ دُبُرَ الصَّلٰوةِ وَاِذَا اسْتَقْبَلَتْ بِالرَّجُلِ رَاحِلَتُهٗ
وَاِذَا اَصْعَدَ شَرَفًا اَوْ هَبَطَ وَادِيًا وَاِذَا لَقِيَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَبِالْاَسْحَارِ یعنی تھے صحابہ کہ مستحب جانتے لبیک کہنے کو

۴

جمعہ پر پیچھے نماز کے اور جب سامنے آوے مرد کے سواری اوسکی اور جب چڑھے چڑھائی پر اور جب اوترے اوتار مین اور جب ملاقات کرے بعض لوگون سے اور صبح کے وقت اور روایت کیا ابن ناجیہ نے فوائد مین جابر رضی سے قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکبر اذا لقی راکبا یعنی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے جب ملاقات کرتے سوارون کی اور ذکر کیا انھون نے سب مقامون کو سوا اسکے کہ جب سامنے آوے سواری جیسا کہ روایت کیا اوسکو ابن ابی شیبہ نے **ص** اور جب داخل ہووے مکے مین پہلے جاوے مسجد حرام مین **ف** اسواسطے کہ صحیحین مین ہی کہ جب آتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے شروع کرتے تھے مسجد سے تو پڑھتے تھے اوسمین دو رکعتین قبل بیٹھنے کے پھر بیٹھتے تھے ساتھ آدمیون کے اور نہین ہی مضایقہ اسمین کہ جاوے مسجد مین رات کو یا دن کو روایت کیا نسائی نے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے مکے مین رات کو اور دن کو داخل ہوتے تھے حج و وداع مین رات کو اور دن کو عمرے مین **ص** اور جب دیکھے خانہ کعبہ کو تکبیر اور تہلیل کہے **ف** تہلیل کے معنی لا الہ الا اللہ کہنا اور روایت ہی عطا سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب جاتے تھے خانہ کعبہ کے پاس کہتے تھے اعوذ برب البیت من الکفر والفقر ومن ضیق الصدر وعذاب القبر اور اوٹھاتے تھے دونون ہاتھ اور اوس مقام پر اللہ تعالی سے جنت مین داخل ہونا بغیر حساب وکتاب کے مانگے کیونکہ دعا قبول ہوتی ہی وقت دیکھنے خانہ کعبہ کے **ص** پھر سامنے جاوے حجر اسود کے اللہ اکبر کہے اور تہلیل کہے اور اوٹھاوے دونون ہاتھ مانند نماز کے اور چوم لیوے اوسکو مونہہ لگا کے اور اگر چومنا نہو سکے تو پہلے اوسکو ہاتھ سے چھوکے پھر ہاتھ چوم لیوے اور اگر یہ بھی بوجہ ہجوم کے نہو سکے تو سامنے اوسکے جاوے اور تکبیر اور تہلیل کہے اور تعریف کرے اللہ تعالی کی اور درود بھیجے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر **ف** لیکن سامنے جانا حجر اسود کے اور تکبیر کہنا اور تہلیل کہنا حدیث سے ثابت ہی روایت کیا امام احمد نے مسند مین سعید بن مسیب سے انھون نے حضرت عمر رضی سے کہ کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے اونکے تم ایک مرد قوی ہو سو نہ مزاحمت کرو لوگون کی نزدیک حجر اسود کے تو ایذا ہوگی ضعیف کو اگر تو خالی پاوے تو چوم لے اوسکو ورنہ سامنے جا اوسکے اور تکبیر اور تہلیل کر اور ہاتھ اوٹھانا اسواسطے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ ہاتھ اوٹھاوے جاوین مگر سات جگہ مین اور ذکر کیا انھین سے وقت چومنے حجر اسود کے ذکر کیا اسکو صاحب ہدایہ نے اور نہین ہی یہ قول اس حدیث مین جیسا کہ کتاب الصلوۃ مین یہ حدیث گذری اور چومنا سو اس طرح چاہیے کہ لوسہ دونون ہاتھ رکھے اور مونہہ لگا کے چوم لیوے اسواسطے کہ صحیحین مین ہی کہ حضرت عمر رضی آئے حجر اسود پاس اور چوما اوسکو اور کہا قسم اللہ کی مین جانتا ہون کہ تو پتھر ہی نہ تو ضرر کر سکتا ہی نہ نفع کر سکتا ہی اور اگر مین نہ دیکھتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ چومتے تھے تجھکو نہ چومتا مین تجھکو اور مروی ہی حضرت ابن عباس رضی سے کہ وہ چومتے تھے حجر اسود کو اور سجدہ کرتے تھے اوسپر یعنی سر اپنا واسطے چومنے کے اوسپر رکھ دیتے تھے اور کہا انھون نے کہ دیکھا مینے عمر رضی کو کہ چومتے تھے اوسکو اور سجدہ کرتے تھے اوسپر اور پھر کہا کہ دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ کیا تھا ایسا ہی سو کرتا ہون مین اوسکو روایت کیا اسکو ابن المنذر اور حاکم نے اور صحیح کیا اوسکو اور روایت کیا حاکم نے ابن عباس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کرتے تھے حجر اسود پر بعد بوسہ لینے کے اور ایسا ہی کرتے تھے ابن عباس اور کہا کہ دیکھا مینے عمر کو کہ بوسہ دیا اوسکو پھر سجدہ کیا اوسپر اور کہا کہ دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا ایسا ہی سو کرتا ہون مین اوسکو روایت اسکو ابن المنذر اور حاکم نے اور صحیح کیا اوسکو اور جب ہجوم ہو تو چومنے سے باز رہے تاکہ کسیکو اذیت نہووے اسواسطے کہ چومنا سنت ہی اور مسلمان کے ایذا دینے سے

باز رہنا واجب ہی فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ یعنی مسلمان وہ شخص ہی کہ بچیں مسلمان اوسکی زبان اور ہاتھ سے یعنی کسیکو زبان سے کچھ بُرا نکھے اور نہ ہاتھ سے کچھ اذیت دیوے ص اور طواف کرے خانہ کعبہ کا طواف قدوم اور سنت ہی یہ طواف واسطے آفاقی کے بھر اضطباع کیے ہوئے داہنی طرف کو چلے اور طواف کو حجر اسود سے شروع کرے اور طواف مین حطیم کو بھی شامل کر لیوے اور اضطباع اوسکو کہتے ہین کہ چادر کو داہنی بغل کے نیچے کر کے دونون کنارے اوسکے بائین کندھے پر ڈالے اور سات پھیرے اسیطرح کرے ف حطیم ایک مقام ہی کہ اوسمین میزاب ہی قریش نے جب کعبہ بنایا اور پھر اتنا مال حلال نہ پایا کہ اوتنی جگہ کو بھی کعبے مین داخل کرین تو اوسکو باہر رکھا تھا اور اسی واسطے اوسکو حطیم کہتے ہین یعنی ٹوٹا ہوا اور ایسا ہی طواف کیا تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا ترمذی اور ابن ماجہ نے یعلی بن امیہ سے کہ طواف کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اضطباع کر کے ساتھ ایک چادر سبز کے اور مروی ہی حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نذر کی تھی انھون نے کہ اگر فتح ہوگا مکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر پڑھینگی اوسمین دو رکعتین سو جب فتح ہوا مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عایشہ کا ہاتھ پکڑا اور کر دیا اونکو حطیم مین اور فرمایا کہ پڑھ اس جگہ سوا واسطے کہ حطیم خانہ کعبہ سے ہی اور تیری قوم نے جب بنایا اونکو خرچ تو خارج کیا اوسکو خانہ کعبہ سے تو اگر نہ قریب ہوتا زمانہ جاہلیت کا البتہ مین توڑ کر کعبے کی بنا کو اور بناتا مین اوسکو جیسا حضرت ابراہیم نے اوسکو بنایا تھا اور داخل کرتا مین حطیم کو کعبے مین اور چوکھٹ کو زمین سے ملا دیتا اور کرتا مین اوسکے دو دروازے ایک دروازہ شرقی اور ایک دروازہ غربی اور اگر مین جیونگا اگلے سال تک تو کرونگا ایسا ہی روایت کیا اسکو مسلم اور ابو داود ترمذی وغیرہم نے تو نہ جیتے رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگلے سال تک اور نہ فراغت ہوئی خلفاے راشدین کو اس امر کی یہان تک کہ زمانہ ہوا حضرت عبد اللہ بن زبیرؓ کا اور سنی تھی انھون نے یہ حدیث حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے تو کیا انھون نے ایسا ہی اور ظاہر کیے قواعد حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے اور بنا کیا اوسکو جیسا بنا کیا تھا انھون نے بہت لوگون کے سامنے اور داخل کیا حطیم کو خانہ کعبہ مین تو جب قتل کیا حجاج ظالم نے اونکو پھر اجانا اوسنے کعبے کو رکھنا اس طور پر کہ بنایا تھا اوسکو عبد اللہ بن زبیر نے اور کر دیا اوسکو جیسا تھا جاہلیت مین تو جب حطیم خانہ کعبہ سے ٹھہرا تو اس صورت مین طواف حطیم کو اندر کر کے کیا جاویگا یہان تک کہ اگر خالی جگہ مین داخل ہو کر طواف مین حطیم کو چھوڑ دیا نہین جائز ہوگا لیکن اگر کوئی مصلی ہو نہ کر کے حطیم کی طرف نماز پڑھے گا جائز ہوگی واسطے کہ مونہہ کرنا طرف کعبے کے قرآن شریف سے ثابت ہی تو نہین ادا ہوگا ساتھ خبر واحد کے اور طواف مین احتیاط کیوا سطے داخل کیا اسکو یہ مضمون شرح وقایے کا ہی ص اور پہلے تین پھیرون مین رمل کرے اور ایک پھیرا تمام ہوتا ہی حجر اسود سے حجر اسود تک اور رمل اوسکو کہتے ہین کہ دونون کندھون کو ہلاتے ہوئے اکڑتے ہوئے جلدی جلدی چلنا جیسے سپاہی معرکے مین کرتے ہین اور سبب اسکا شجاعت دکھلانا تھا مشرکین کو کیونکہ کہا تھا انھون نے واسطے صحابہ کے ضعیف کیا اونکو یثرب یعنی مدینے کے بخار نے پھر باقی رہا یہ حکم اپنے حال پر بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ف اور روایت کیا بخاری مسلم نے اس حدیث کو ابن عباس سے اور آئی ہین اس باب مین بہت حدیثین ص اور جب حجر اسود پر گذرے بوسہ دے اسی طرح ہر پھیرے مین اور بوسہ دیوے رکن یمانی کو اور رد مستحب ہی پھر ختم کرے طواف کو ساتھ بوسہ لینے حجر اسود کے پھر پڑھے دو رکعت اور دو رکعتین پڑھنا واجب ہین ہر طواف مین سات پھیرون کے بعد مقام ابراہیم مین یا جس جگہ میسر ہو جاوے مسجد مین سے ف کیونکہ حدیث جابر مین ہی کہ جب آئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

۵۲ اس عبارت کو مسلم نے روایت کیا ہی اور ابو داود نے طویل تر حج کے باب مین اکثر مضامون رجال اس حدیث کا کیا ہی اور کل حدیث کو بوجہ طول نہ لکھا ہی اس عبارت کو ذکر نہین کیا ہی منہ

۵۳ حجر اسود کے استلام اور استقبال اور اوسکے بوسہ دینے کے بیان مین منہ

مقام ابراہیم پر فرمایا وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى یعنی لو مقام ابراہیم کا مصلی تو اس سے وجوب اس نماز کا
ثابت ہوتا ہی اور وہ جو صاحب ہدایہ نے دلیل وجوب کی قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وَلْيُصَلِّ الطَّائِفُ لِكُلِّ اُسْبُوْعٍ
رَكْعَتَيْنِ یعنی طواف کرنے والا پڑھے بعد ہر سات پھیروں کے دو رکعتین بیان کیا ہم نہین پایا گیا مان فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا
ثابت ہی صحیحین مین ہی حدیث ابن عمرؓ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب طواف کرتے تھے حج اور عمرے مین تو آپ جلدی چلتے تھے
پہلے تین پھیروں مین اور آہستہ چلتے تھے پچھلے چار پھیروں مین پھر پڑھتے تھے دو رکعتین اور روایت کیا عبدالرزاق نے مرسل ابن جریج سے
انھون نے عطاء سے اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي لِكُلِّ اُسْبُوْعٍ رَكْعَتَيْنِ یعنی تھے پڑھتے بعد طواف کے
دو رکعتین **ص** پھر لوٹ آوے اور چومے حجر اسود کو **ف** حدیث جابر مین ہی کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ چکے
دو رکعتین لوٹ آئے طرف حجر اسود کے **ص** اور نکلے اور چڑھے صفا پہاڑ پر اور منہ کرے طرف خانہ کعبہ کے اور تکبیر کہے اور
تہلیل کہے اور درود بھیجے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اوٹھاوے دونون ہاتھ اور دعا مانگے جو جی چاہے **ف** اسواسطے
کہ حدیث جابر مین ہی سو چڑھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صفا پر یہان تک کہ دیکھا خانہ کعبہ کو سو توحید بیان کی اللہ تعالی کی
اور منہ کیا قبلے کی طرف اور تکبیر کہی اور فرمایا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ
پھر دعا کی درمیان اسکے اور کہا مانند اسکے تین بار اور ماثور یہ ہی کہ کہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِيَّاهُ مُخْلِصِيْنَ
لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ اور اوٹھاوے دونون ہاتھ واسطے دعا کے اور درود بھیجے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر
پھر دعا مانگے اور جب جاہے اور تر کہے اَللّٰهُمَّ اسْتَعْمَلَنِيْ بِسُنَّةِ نَبِيِّكَ وَتَوَفَّنِيْ عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاَعِذْنِيْ مِنْ مُّضِلَّاتِ
الْفِتَنِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ **ص** پھر چلے طرف مروہ پہاڑ کے دوڑتا ہوا درمیان دو میلون سبز اور سرخ کے
اور چڑھ جاوے اوپر اور کرے جیسا کیا تھا صفا پر اسی طرح کرے سات بار شروع کرے صفا سے اور ختم کرے مروہ پر **ف**
یہ دو میل نشان ہین بطن وادی ہین درمیان صفا اور مروہ کے تو جب پونہچے بطن وادی مین درمیان ان دونون میلون کے کہے
رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ یہ مروی ہی حضرت عبداللہ بن عمر سے اور کہے
مروہ پر مثل صفا کے اور صفا کی طرف جس دروازے سے چاہے نکلے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تھے دروازہ بنی مخزوم سے
روایت کیا طبرانی نے ابن عمر سے اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ اِلَى الصَّفَا مِنْ بَابِ
بَنِيْ مَخْزُوْمٍ وَاَسْنَدَ اَيْضًا عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَنْ قَالَ ثُمَّ مِنْ بَابِ الصَّفَا
وَرَوَى ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ عَنْ عَطَاءٍ مُرْسَلًا اَنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ خَرَجَ اِلَى الصَّفَا مِنْ بَابِ بَنِيْ مَخْزُوْمٍ
یعنی نکلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دروازہ بنی مخزوم سے اور کہا جابر نے باب صفا سے اور ابن ابی شیبہ کی روایت مین ہی کہ نکلے صفا
کو دروازہ بنی مخزوم سے اور سات بار صفا سے مروہ کو جانا حدیث سے ثابت ہی صحیحین مین ہی ابن عمرؓ سے کہ آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
مکہ مین سو طواف کیا خانہ کعبہ کا سات بار اور پڑھین پیچھے مقام ابراہیم کے دو رکعتین اور طواف کیا درمیان صفا اور مروہ کے سات بار
اور دوڑا درمیان صفا اور مروہ کے ہمارے نزدیک واجب ہی اور امام شافعی کے نزدیک فرض ہی دلیل اونکی یہ ہی کہ فرمایا حضرت

صلی اللہ علیہ وسلم نے اِسْعَوْا فَاِنَّ اللّٰہَ کَتَبَ عَلَیْکُمُ السَّعْیَ یعنی دوڑو اسواسطے کہ فرض کیا اللہ نے تمپر دوڑنا یعنی درمیان صفا اور مروہ کے اور دلیل ہوی یہ ہو کہ فرمایا اللہ تعالی نے فَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِ اَنْ یَّطَّوَّفَ بِہِمَا یعنی نہین گناہ ہی اوسپر کہ طواف کرے درمیان ان دونون کے ذکر کیا اسکو صاحب ہدایہ نے اور ذکر کیا اس حدیث کو ابن ابی شیبہ نے مصنف مین اور پوری حدیث یون ہی عَنْ صَفِیَّۃَ بِنْتِ شَیْبَۃَ عَنْ حَبِیْبَۃَ بِنْتِ اَبِیْ تُجْرَاۃَ اِحْدٰی نِسَاءِ بَنِیْ عَبْدِ الدَّارِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَطُوْفُ وَالنَّاسُ بَیْنَ یَدَیْہِ وَھُوَ وَرَاءَھُمْ وَھُوَ یَسْعٰی حَتّٰی اَرٰی رُکْبَتَیْہِ مِنْ شِدَّۃِ مَا یَسْعٰی وَھُوَ یَقُوْلُ اِسْعَوْا فَاِنَّ اللّٰہَ کَتَبَ عَلَیْکُمُ السَّعْیَ اور روایت کیا اوسکو دارقطنی نے اور طریقے سے کہا صاحب تنقیح نے اِسْنَادُہٗ صَحِیْحٌ یعنی اسناد اوسکا صحیح ہی اور صفا سے اسواسطے شروع کرتے ہین کہ اللہ تعالی نے فرمایا اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰہِ یعنی صفا اور مروہ اللہ کی نشانیون مین سے ہی اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِبْدَءُوْا بِمَا بَدَأَ اللّٰہُ بِہٖ یعنی شروع کرو اوس سے جس سے شروع کیا اللہ تعالی نے اور شروع کیا اللہ تعالی نے صفا سے اپنے کلام مین روایت کیا اس حدیث کو اس لفظ سے نسائی اور دارقطنی نے اور اخراج کیا اوسکا مسلم اور ابوداود اور ترمذی ابن ماجہ مالک وغیرہم نے **ص** اور ایک پھیرا صفا سے مروہ تک کا ہوتا ہی پھر مروہ سے صفا تک دوسرا پھیرا تو شروع کرے دوڑنے کو صفا سے اور ختم کرے اوسکو ساتوین بار مین مروہ پر اور روایت طحاوی مین ہی کہ سعی صفا سے مروہ تک ہی پھر مروہ سے صفا تک ایک پھیرا ہی حاصل یہ ہی کہ صفا سے جانا اور پھر صفا پر آنا یہ ایک پھیرا ہی تو اس حساب سے چودہ پھیرے ہونگے اور ختم صفا پر ہوگا اور صحیح اول مذہب ہی رہے کہ میقات احرام باندھے رہے اور طواف کرے خانہ کعبہ کا نفل جتنا چاہے **ف** اسواسطے کہ طواف مثل نماز کے ہی اور نماز نفل کا کوئی وقت معین نہین فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلطَّوَافُ بِالْبَیْتِ صَلٰوۃٌ یعنی طواف خانہ کعبہ کا مثل نماز کے ہی اِلَّا اَنَّ اللّٰہَ اَحَلَّ فِیْہِ الْمَنْطِقَ فَمَنْ تَطَوَّقَ فَلَا یَتَطَوَّقُ اِلَّا بِخَیْرٍ یعنی حلال کیا اللہ تعالی نے اوسمین کلام کو سو جو کوئی کلام کرے تو نہ کرے مگر بہتر اور یہ حدیث مرفوع اور موقوف دونون طرح مروی ہی لیکن مرفوع سو روایت سفیان سے انھون نے عطا ابن سائب سے انھون نے طاؤس سے انھون نے ابن عباس سے روایت کیا اوسکو حاکم اور ابن حبان نے اور نکالا اوسکو بیہقی نے روایت موسی بن اعین سے انھون نے لیث بن ابی سلیم سے انھون نے عطاء سے انھون نے طاؤس سے مرفوعا ساتھ اوسی لفظ کے اور روایت کیا اونھون نے اوسکو احمد طریقے سے اور روایت کیا اوسکو ثقات نے موقوفا لیکن عطا ابن سائب ثقہ ہی اور زیادتی ثقہ کی مقبول ہی اور حفظا اوسکا اخیر مین متغیر ہوگیا تھا اور جسنے اوس سے قبل تغیر کے سنا تو روایت اوسکی صحیح ہی اور سفین نے اوسنے قبل تغیر کے سنا ہی اور روایت کیا اوسکو طبرانی نے طاؤس سے انھون نے ابن عمر سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلطَّوَافُ بِالْبَیْتِ صَلٰوۃٌ فَاَقِلُّوْا فِیْہِ الْکَلَامَ یعنی طواف خانہ کعبہ کا نماز ہی سو کم کرو اوسمین کلام **ص** اور خطبہ پڑھے امام مکے مین ساتوین تاریخ اور سکھائے اوسمین طریقے حج کے مثلا انکا نماز ظہر منی کے اور نماز اور کھڑا ہونا عرفات مین اور افاضہ یعنی لوٹنا اوس جگہ سے انکے سبکے طریقے بتلاوے اور دوسرا خطبہ پڑھے تاریخ نو کے دن عرفات کے اور تیسرا خطبہ گیارھوین تاریخ منی مین تو ہر خطبے مین ایک دن کا فاصلہ چاہیے **ف** ایسا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہی اور اسی طرح پڑھا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اور امام زفر کے نزدیک تین دن برابر خطبہ پڑھے آٹھوین تاریخ دسوین تک **ص** پھر نکلے صبح کے وقت دن ترویہ کے یعنی آٹھوین تاریخ ذیحجہ کے اور ترویہ کے معنی سیراب کرنے کے ہین

اور عرب لوگ آج کے دن مین اونٹون کو سیراب کرتے ہین منی کی طرف اور ٹھہرے وہان روز عرفے کی فجر تک پھر وہان سے
عرفات کو جاوے **ف** اور ایسا ہی کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث جابر مین ہی کہ جب ہوا دن ترویہ کا توجہ کی انھون نے
طرف منی کے اور اہلال کیا ساتھ حج کے سو سوار ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور پڑھین اونکے ساتھ ظہر اور عصر اور مغرب اور
عشا اور فجر پھر ٹھہرے تھوڑی دیر یہان تک کہ طلوع ہوا آفتاب اور اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ نماز فجر کی دن ترویہ مین
مکے مین پڑھے اور جب عرفات کو جاوے کہے اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ تَوَجَّھْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَوَجْھَکَ اَرَدْتُ فَاجْعَلْ
ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا وَّحَجِّیْ مَبْرُوْرًا وَّارْحَمْنِیْ وَلَا تُخَیِّبْنِیْ وَاقْضِ بِعَرَفَاتٍ حَاجَتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ
اور لبیک کہے اور تکبیر کرے اور تہلیل کرے اور مروی ہی یہ ابن مسعود رضہ سے روایت کیا اسکو ابو در نے **ص** اور عرفات مین جہان
ٹھہرے بطن عرنہ مین کہ ایک مقام ہی اوس جگہہ نہ ٹھہرے **ف** کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عرفہ سب ٹھہرنے کی
جگہہ ہی اور نہ ٹھہرو بطن عرنہ مین اور مزدلفہ سب وقوف کی جگہہ ہی اور نہ ٹھہرو بطن محسر مین یہ روایت کیا اوسکو طبرانی نے اور حاکم نے
ابن عباس سے اور کہا کہ صحیح ہی اوپر شرط مسلم کے اور روایت کیا اوسکو ابن عدی نے کامل مین ابن عمر سے اور ابو ہریرہ سے مانند حدیث
ابن عباس کے اور روایت کیا اوسکو ابن ماجہ نے اور سناد اوسکا ضعیف ہی **ص** اور جب زوال ہو آفتاب کا خطبہ پڑھے امام
دو خطبے مانند جمعے کے اور سکھائے اوسمین طریقے حج کے مثلاً کھڑا ہونا عرفے مین اور مزدلفہ مین اور رمی جمار اور نحر اور حلق
اور طواف زیارت **ف** اور یہ مروی ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اخراج کیا اوسکا ابو داود اور امام احمد وغیرہ نے **ص** اور
پڑھے اونکے ساتھ ظہر اور عصر کو وقت ظہر مین ساتھ ایک اذان اور دو اقامتون کے **ف** اور جمع کرنا اس مقام مین صحیح حدیثون سے
ثابت ہی ذکر کیا ہمنے اونکو کتاب الصلوٰۃ مین **ص** اور شرط ہی اسکے واسطے یہ کہ امام ہو اور احرام سے ہو دونون نمازون مین تو نہین جائز ہوگی
عصر اوسکی جسنے نہین پڑھی ظہر ساتھ جماعت کے اور جسنے احرام نہین باندھا اور جس شخص نے کہ ظہر کی نماز جماعت سے پڑھی اور پھر
احرام باندھا تو نہین جائز ہی عصر اوسکو پڑھنا ساتھ امام کے مگر وقت عصر مین **ف** اور ظہر جائز ہی کیونکہ ظہر تو اپنے وقت مین ہی
اور عصر نہین جائز ہی وقت ظہر مین مگر ساتھ شرط جماعت کے ظہر اور عصر مین اور احرام کے دونون نمازون کے وقت مین **ص**
پھر جاوے طرف موقف کے اور غسل کرنا اوسوقت سنت ہی **ف** تو اگر فقط وضو کیا جائز ہی اور دلیل سنت ہونے غسل عرفے کی
کتاب الصلوٰۃ مین گذری **ص** اور کھڑا ہو امام اونٹ پر قریب جبل رحمت کے موہنہ قبلے کی طرف کرکے اور دعا مانگے خوب کوشش اور
عجز و زاری سے اور سکھائے طریقے حج کے اور کھڑے ہوون لوگ پیچھے امام کے نزدیک اور موہنہ سب کا قبلے کی طرف ہووے اور امام کے کلام کو سنین
ف لیکن کھڑا ہونا امام کا سواری پر سو اوسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے تھے اونٹ پر روایت کیا یہ جابر رضہ نے اور
موہنہ کرنا قبلے کی طرف سو اوسطے کہ ذکر کیا صاحب ہدایہ نے فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خَیْرُ الْمَوَاقِفِ مَا اسْتَقْبَلَ بِہِ
الْقِبْلَۃَ یعنی بہتر موقف وہ ہین کہ موہنہ ہووے اونمین طرف قبلے کے اور یہ حدیث اس لفظ سے نہین پائی گئی لیکن یہ روایت کیا
حافظ ابو نعیم نے تاریخ اصبہان مین محمد بن صلت سے انھون نے ابن شہاب سے انھون نے نافع سے انھون نے ابن عمر رضہ سے کہ فرمایا حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے خَیْرُ الْمَجَالِسِ مَا اسْتُقْبِلَ بِہِ الْقِبْلَۃُ یعنی بہتر مجلسون وہ ہین کہ موہنہ ہووے اونمین طرف قبلے کے اور
روایت کیا حاکم نے ادب مین ایک حدیث طویل کی اول اوسکا یہ ہی اِنَّ لِکُلِّ شَیْءٍ شَرَفًا وَاِنَّ شَرَفَ الْمَجَالِسِ مَا اسْتُقْبِلَ

بہ القبلہ اور ضعیف کیا گیا یہ ساتھ ہشام بن ابی زیاد کے اور مرفوع ہی ابن عمرؓ سے اکرموا الشیخ الجلیس ما استقبل بہ القبلہ اور اسناد مین اوسکے حمزہ ضبی ہی منسوب ہی طرف وضع کے اور لیکن دعا کرنا سوا اسوا سطے کہ روایت کیا بزار نے ابن عباسؓ سے انھون نے فضل سے کہ دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے ہوئے عرفے مین دعا کرتے تھے دونون ہاتھ کھینچے جیسے کوئی کھانا طلب کرتا ہی اور اسناد مین اوسکی حسین بن عبداللہ ہی ضعیف کیا اوسکو نسائی اور ابن معین نے لیکن کہا ابن عدی نے لکھی جاویگی حدیث اوسکی کیونکہ نہین دیکھی مینے اوسکی کوئی حدیث منکر کہ تجاوز کرے حد کو علاوہ اسکے روایت کیا بیہقی نے ابن عباسؓ سے کہ دیکھا مینے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یدعو بعرفۃ یداہ الی صدرہ کاستطعم المسکین دعا مانگتے تھے عرفے مین اور دونون ہاتھ اونکے سینے تک تھے جیسے کھانا مانگنے والا مسکین اور کوشش کرے دعا مین اسوا سطے کہ حدیث مین آیا ہی کہ دعا مانگی اپنے کوشش سے اس موقف مین اپنی امت کیواسطے سو قبول ہوئی دعا اونکی روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے آخر حدیث تک اور لبیک اس مقام پر منہدم کہے اور امام مالک کے نزدیک اس مقام مین لبیک سو قوف کرے اور دلیل ہمارے ہی جو مروی ہی صحاح ستہ مین فضل بن عباس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لبیک کہا کرتے تھے یہان تک کہ رمی کرتے جمرۂ عقبہ کی اور زیادہ کیا ابن ماجہ نے کہ جب رمی کر چکتے تھے جمرۂ عقبہ کی موقوف کرتے تھے لبیک کو اور جمرۂ عقبہ کا بیان آگے آویگا ص اور جب غروب ہو جاوے آفتاب دن عرفے کے آوے مزدلفہ مین اور جہان چاہے وقوف کرے مگر وادی محسر مین ف نہ ٹھہرے اور دلیل اسکی اوپر گذری ص اور اوترے نزدیک جبل قزح کے اور پڑھے مغرب اور عشا کو ساتھ اذان اور اقامت کے وقت مین عشا کے مغرب کو بھی پڑھے اور اس مقام مین جمع کرے ف اور ایسا ہی کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روایت کیا ابوداود اور ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت علیؓ سے کہ وقوف کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہان تک کہ ڈوب گیا آفتاب اور جب ڈوب چکا چلے وہان سے یہان تک کہ آئے مزدلفہ مین اور پڑھین لوگون کے ساتھ دونون نمازین مغرب اور عشا کی اور جب صبح ہوئی آئے قزح پہاڑ پر اور وقوف کیا اوسپر صحیح کیا اوسکو ترمذی نے اور بعد آفتاب کے ڈوبنے کے وہان سے چلنا ہمین مخالفت مشرکین کی ہی جیسا روایت کیا اوسکو حاکم نے مستدرک مین مسور بن مخرمہ سے کہ کہا انھون نے خطبہ پڑھا ہمپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفات مین اور حمد کی اللہ تعالی کی اور ثنا کی اوسپر پھر فرمایا اما بعد فان اہل الشرک والاوثان کانوا یدفعون من ہذا الموضع اذا کانت الشمس علی رؤس الجبال کانہا عمائم الرجال علی رؤسہا وانا ندفع بعد ان تغیب الشمس الحدیث یعنی مشرک اس مقام سے قبل غروب آفتاب کے جاتے ہین اور ہم بعد آفتاب کے ڈوبنے کے جاتے ہین اور اگر خوف ہو ازدحام کا تو ٹھہر جانے مین کچھ حرج نہین اور جب ہجوم موقوف ہو جاوے وہان سے روانہ ہو اور دلیل ابن ابی شیبہ نے کہ حضرت عایشہ رضہ منگاتی تھین پانی اور افطار کرتی تھین پھر وہان سے جاتی تھین ص اور جسنے مغرب کی نماز راستے مین پڑھ لی پھر دوبارہ یا عرفات مین پڑھ لی تو بھی اعادہ کرے جب تک فجر نہ طلوع ہووے کیونکہ اوسنے اگر نماز پڑھی مغرب کی قبل وقت عشا کے نہین جائز ہی نزدیک امام ابوحنیفہ اور محمد کے تو واجب ہی اعادہ اوسکا جب تک کہ فجر طلوع نہووے اور پڑھے صبح کی نماز تاریکی مین ف اسواسطے کہ روایت کیا ابن مسعودؓ نے کہ پڑھی اوس روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز فجر کی قبل وقت معمول کے روایت کیا اوسکو بخاری مسلم نے صحیحین مین ص پھر وقوف کرے اور دعا مانگے ف اسواسطے کہ حدیث جابر

فضل بن عباس حسین بن عبداللہ

مین ہی کہ نماز پڑہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب معلوم ہوئی اونکو صبح ساتھہ اذان اور اقامت کے پھر سوار ہوئے
فصوا پر یہان تک کہ آئے مشعر حرام مین اور مونہہ کیا طرف قبلے کے اور دعا مانگی اور تکبیر اور تہلیل کہی اور توحید بیان کی اللہ تعالی کی
تو آپ وقوف کرتے رہے یہان تک کہ خوب روشنی ہوگئی سو وقوف کیا آفتاب کے طلوع ہونے تک ص اور یہ وقوف ہمارے نزدیک
واجب ہی اور رکن حج کا نہین ف اور امام شافعی کے نزدیک رکن ہی کیونکہ فرمایا اللہ تعالی نے فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ
الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ایسا ہی ذکر کیا صاحب ہدایہ نے اور یہ وہم ہی کیونکہ امام شافعی کی کتابون مین اس وقوف کو سنت لکھا ہی
اور دلیل ہماری ابن الہمام نے فتح القدیر مین بیان کی ہی اور ایک دلیل یہ ہی جو روایت کیا اصحاب سنن نے ابن عباس سے کہ تحقیق رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم آئے اپنے گھر کے ضعیفون کے پاس تاریکی مین یعنی رات باقی ہوتی تھی اور فرماتے تھے کہ نہ رمی کرین جمرہ کی یہان تک
کہ طلوع ہو آفتاب تو اگر کر ہو تا نہ حکم کرتے آپ اونکو ترک کا اور وجوب کی دلیل یہ ہی کہ روایت کیا ابو داود اور ترمذی نسائی ابن ماجہ
نے عروہ بن مضرس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص حاضر ہو ہماری اس نماز مین اور وقوف کرے ہمارے ساتھہ یہان تک
کہ لوٹے اور وقوف کر چکا تھا وہ عرفے مین رات یا دن کو سو تمام ہوا حج اوسکا کہا حاکم نے صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ یعنی
صحیح ہی اوپر شرط اکثر محدثین کے اور تفصیل فتح القدیر مین ہی ص اور جب خوب فجر روشن ہوجاوے آئے منی مین اور رمی کرے
جمرۂ عقبہ کی بطن وادی سے سات بار انگلیون سے اور تکبیر کہے ساتھہ ہر کنکری کے ف یعنی سات کنکریان چھوٹی لیکے پھینکے
اور منی ایک بستی ہی اطراف مکے مین اور چھوٹی کنکریان اسواسطے پھینکے کہ ذلت ہو شیطان کی اور تاکہ لوگون کو اذیت نہو اور جس مقام سے
چاہے کنکریان اوٹھاوے مگر نزدیک جمرہ کی کیونکہ اوسکے نزدیک جو کنکریان ہین مردود ہین اور یہ حدیث مین وارد ہی اور جمرہ کے معنی چھوٹا
سنگریزہ اور عقبہ تنگ گھاٹی کو جو پہاڑون مین ہوتی ہی کہتے ہین اور کہا حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے کیا حال ہی سنگریزون کا کہ پھینکے ہین
لوگ اوسکو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے سے اور وہ معلوم نہین ہوتین اور اب تک تو چاہیے تھا کہ ایک پہاڑ کنکریون کا ہو جاتا تو
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نہین جانا تو نے جسکا حج قبول ہوجاتا ہی تو اوسکی کنکریان اوٹھتی جاتی ہین اور جسکا قبول نہین ہوتا اوسی جگہہ
پڑی رہتی ہین کہا مجاہد نے کہ جب سنا میںنے یہ اونسے تو میںنے اپنی کنکریون پر نشانی مقرر کردی پھر آیا مین پاس جمرے کے اور ڈھونڈھا مینے
اونکو سونہ پایا مینے اور جائز ہی رمی جو قسم سے زمین کے ہووے مثلا کنکر پتھر مٹی وغیرہ نہ لعل اور یاقوت اور چاندی اور سونا اور پیسا اور
چھوٹی کنکریان انگوٹھے اور کلمے کی انگلی سے پھینکنا چاہیے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ یعنی
لازم ہی تمپر پھینکنا کنکریون کا انگلیون سے اور مروی ہی یہ صحاح مین روایت کیا اوسکو مسلم وغیرہ نے اور آسان یہ ہی کہ کنکری کو انگوٹھے
اور کلمے کی انگلی کے کنارے سے پکڑے اور اوسکو پھینکے اور اگر بڑی کنکریان پھینکے درست ہی سوا اسکے کہ بڑے بڑے پتھر پھینکنے لگے
کہ لوگون کو اذیت ہو اور اگر رمی کی عقبے کے اوپر سے درست ہی لیکن مستحب یہ ہی کہ بطن وادی سے کرے کیونکہ روایت کیا ابو داود نے کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم رمی کرتے تھے جمرہ کی بطن وادی سے اور آپ سوار تھے تکبیر کہتے تھے ساتھہ ہر کنکری کے آخر حدیث تک یہان تک کہ ازدحام ہوا
تو فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ جھگڑا کرین بعض تم مین سے بعض سے اور جب پھینکو تم تو پھینکو مثل کنکری خذف کے یعنی چھوٹی کنکریان
انگلیون سے اور مروی ہی یہ بہت احادیث مین اور اگر بدلے تکبیر کے سُبْحَانَ اللّٰهِ کہا تو جائز ہی اور لبیک کہنا موقوف کرے جب پہلی
کنکری پھینکے ایسا ہی کرتے تھے سردار ہمارے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اگر کنکری کو وادی مین ڈالدیوے کافی ہوجاویگا لیکن مخالفت ہوگی

ف
قصوا الجمع قاف واو الف صاد
نام تو اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم ع ۱۲ بیچ بیضے
نقم قاف واو الف مقصورہ
فصیہ ۱۰ اندھلہ ۱۲
منہ ف

سنت کی اور اسقدر پھینکے کہ کنکری پانچ گز تک جاوے ایسا ہی روایت کیا حسن نے امام ابو حنیفہ سے اور اگر کنکری کو پھینکا اور وہ گر پڑی قریب جمرہ کے کافی ہی اور اگر وہان سے دور جا پڑی نہین جائز ہی **ص** اور موقوف کرے لبیک کو جب اول کنکری می کرے **ف** اور دلیل اسکی اوپر گذری **ص** پھر ذبح کرے اگر چاہے پھر قصر کرے[1] اور حلق افضل ہی **ف** اور قربانی کرنا اس حج مین لازم نہین لیکن اگر چاہے تو کرے روایت کیا جماعت نے سوا ابن ماجہ کے حضرت انس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے منی مین سو آئے جمرہ کے پاس اور رمی کی پھر اپنے مقام پر آئے منی مین اور قربانی کی پھر کہا واسطے حجام کے لے اشارہ کیا طرف داہنی طرف کے پھر بائین طرف پھر شروع کیا آپنے دینا بالون کا لوگون کو اور اسی طرح پر مندا انا سنت ہی **ص** اور اب حلال ہوئین اوسکے واسطے سب چیزین مگر عورتین **ف** اور امام مالک کے نزدیک خوشبو لگانا بھی درست نہین اور ہمارے نزدیک حلال ہی دلیل امام مالک کی یہ ہی کہ روایت کیا حاکم نے مستدرک مین عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے کہ کہا انھون نے سنت سے حج کی یہ بات ہی کہ جب می کر چکے جمرہ کی حلال ہوگئین اوسکو سب چیزین سوا عورات اور خوشبو کے یہان تک کہ زیارت کرے خانہ کعبہ کی اور کہا حاکم نے صحیح ہی اوپر شرط بخاری مسلم کے اور قول صحابی کا سنت ہے ہی حکم رفع مین ہی اور عمر سے ہی کہ کہا انھون نے اِذَا رَمَیْتُمُ الْجَمْرَةَ فَقَدْ حَلَّ لَکُمْ مَا حَرُمَ اِلَّا النِّسَاءُ وَالطِّیْبُ یعنی جب می کر چکے تم جمرہ کی تو حلال ہوئین واسطے تمھارے جو چیزین حرام ہوئین تمھین سوا عورتون اور خوشبو کے اور اسناد اسکا منقطع ہی ذکر کیا اوسکو شیخ تقی الدین نے امام مین اور ہماری دلیل یہ ہی کہ روایت کیا نسائی اور ابن ماجہ نے سفیان سے انھون نے سلمہ بن کہیل سے انھون نے حسن سے انھون نے ابن عباس سے کہ کہا انھون نے جب می جمرہ کی کر چکے تم تو حلال ہوئین تمھارے لیے سب چیزین مگر عورتین تب کہا ایک شخص نے کہ خوشبو بھی حلال ہی سو فرمایا انھون نے کہ دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ تر کرتے تھے سر کو اپنے مشک سے تو کیا مشک خوشبو ہی نہین اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے **حدثنا** وکیع عن ہشام بن عروۃ عن عروۃ عن عائشۃ رضی اللہ عنہ علیہ السلام اِذَا رَمَی اَحَدُکُمْ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَقَدْ حَلَّ لَهٗ کُلُّ شَیْءٍ اِلَّا النِّسَاءَ یعنی فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب می کر چکا کوئی تم مین سے جمرہ عقبہ کی تو حلال ہوئین اوسکے واسطے سب چیزین مگر عورتین اور نہین ذکر کیا خوشبو کو اور روایت کیا اوسکو ابو داؤد نے اور اسناد مین اوسکی حجاج بن ارطاۃ ہی اور وہ ضعیف ہی اور روایت کیا اوسکو دار قطنی نے اور اوسمین بھی حجاج ہی اور کہا انھون نے کہ نہین یہ روایت کیا اوسکو مگر حجاج بن ارطاۃ نے کہتا ہون مین کہ ایک دلیل قوی ہی اس باب مین وہ یہ کہ روایت کیا بخاری مسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا انھون نے خوشبو لگائی مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت احرام کے جب احرام باندھا اور دن قربانی کے قبل طواف خانہ کعبہ کے اور اوسمین مشک تھی **ص** پھر طواف کرے زیارت کا کسی دن مین ایام نحر کے سات بار بغیر رمل اور سعی کے اگر پیشتر رمل اور سعی کر چکا ہو ورنہ رمل اور سعی بھی کرے اور اول وقت اوسکا بعد طلوع فجر کے ہی دن نحر کے اور اوسی دن یہ طواف کرنا افضل ہی اور حلال ہین اب اوسکے واسطے عورتین تو اگر تاخیر کی طواف کی ایام نحر سے مکروہ ہی اور واجب ہوتی ہی قربانی پھر آئے منی مین اور جب دوسرا دن نحر کا ہو تو بعد زوال آفتاب کے رمی کرے تین تین جمرون کی شروع کرے اوس جمرہ سے جو نزدیک ہی مسجد خیف کے پھر جو اوس سے نزدیک ہی پھر جمرۃ العقبہ پر سات سات بار اور تکبیر کہے ساتھ ہر کنکری کے اور وقوف کرے بعد پہلی رمی کے اور دوسری رمی کے نہ بعد تیسری رمی کے اور نہ بعد رمی کے دن نحر کے اور دعا مانگے پھر دوسرے دن ایسا ہی کرے پھر بعد اوسکے ایسا ہی اگر ٹھہرے اور یہ اچھا ہی اور اگر پہلے کیا رمی کو چوتھے دن زوال پر جائز ہی اور درست ہی اوسکو وہان سے چلا جانا

[1] یعنی منہ سے

قبل فجر ہونے چوتھے دن کے نہ بعد طلوع فجر کے اور اگر ٹھہرا طلوع فجر تک تو واجب ہوگیا اور سپر رمی کرنا ف اسواسطے کہ روایت ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ جب حلق کیا انھوں نے رجوع کیا طرف مکے کے اور طواف کیا خانہ کعبہ کا سات پھیرے پھر لوٹ آئے منی مین اور نماز پڑھی ظہر کی منی مین اخراج کیا اوسکا مسلم نے ابن عمر رضہ سے کہا نافع نے اور تھے ابن عمر رضہ تین دن نحر کے پھر رجوع کرتے تھے طرف منی کے اور پڑھتے تھے ظہر اوس جگہہ اور ذکر کرتے تھے کہ ایسا ہی کیا ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حدیث جابر مین ہی جو صحیح مسلم مین موجود ہی خلاف اسکے کہ سوار ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آئے خانہ کعبہ مین اور نماز پڑھی ظہر کی مکے مین اور نہین شک ہی اس بات مین کہ کوئی انمین سے وہم ہی اور ثابت ہی حضرت عایشہ رضہ سے مثل حدیث جابر کے اور اسناد مین اوسکی اسحق حجت ہی صحیح مذہب پر اور اسیواسطے کہا منذری نے مختصر مین یہ حدیث حسن ہی کہا شیخ ابن الہمام نے جب معارض ہوئین حدیثین اور ضرور ہی پڑھنا نماز ظہر کا کسی جا مین تو مسجد حرام مین بہتر ہی بوجہ کثرت ثواب کے اور جا مین اور باقی سب امور حدیث جابر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہین ص اور جائز ہی رمی کرنا سوار ہوکے اور رمی جمرۂ اولی کی جو مسجد خیف کے پاس ہی اور جمرۃ الوسطی کی جو اوسکے بعد ہی بغیر سواری کے کرنا افضل ہی اور جمرۂ عقبہ کی سوار ہوکے افضل ہی

ف اور مروی ہی یہ حضرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے نقل ہی کہ ابراہیم جراح نے کہا کہ داخل ہوا مین ابو یوسف کے پاس اوس بیماری مین کہ انتقال کیا انھوں نے اوسمین تو کھول دین آنکھین اپنی اور کہا مجھسے کہ رمی کرنا سوار ہوکے افضل ہی یا پیدل کہ افضل ہی سو کہا مینے پیدل کہا خطا کی تو نے سو کہا مینے سوار ہوکے کہا خطا کی تو نے اور کہا کہ جو رمی کرا دسکے بعد ٹھہرنا اور تسبیح اور تہلیل اور دعا لازم ہی وہ پیدل افضل ہی اور جو ایسی نہین اوسمین سوار ہوکے افضل ہی اور بیان کی وجہ اسکی تو مین چلا انکے پاس یہان تک کہ نہ پہنچا تھا گھر کے دروازے تک کہ خبر اونکے انتقال کی سنی سو تعجب کیا مینے اونکے حفظ و یاد سے کہ موت کے وقت بھی اسطرح مسائل حضور ہی ص اور اگر اسباب اپنا مکے مین بھیجدیا اور اقامت کی منی مین واسطے رمی کے مکروہ ہی ف اسواسطے کہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے عمرہ سے مَنْ قَدَّمَ ثِقْلَهُ قَبْلَ النَّفْرِ فَلَا حَجَّ لَهُ یعنی جو شخص بھیجدے اسباب اپنے کو قبل کوچ کے سو نہین ہی حج اوسکا اور عمارہ سے کہا انھون نے کہ فرمایا حضرت عمر رضہ نے مَنْ قَدَّمَ ثِقْلَهُ مِنْ مِنًى لَيْلَةَ يَنْفِرُ فَلَا حَجَّ لَهُ اور منی مین جب رہے تو چاہیے کہ رات کو بھی اوسی جا رہے اور مکروہ ہی کہ رات کو رمی کی اور جگہہ پر رہے اسواسطے کہ مصنف ابن ابی شیبہ مین ہی عَنْ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يَنْهٰى اَنْ يَّبِيْتَ اَحَدٌ مِّنْ وَّرَاءِ الْعَقَبَةِ وَكَانَ يَاْمُرُهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْا مِنًى وَاَخْرَجَ اَيْضًا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ نَحْوَهٗ وَاَخْرَجَ اَيْضًا عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَرِهَ اَنْ يَّنَامَ اَحَدٌ اَيَّامَ مِنًى بِمَكَّةَ اور معنی اسکے یہ ہین کہ مکروہ ہی ایام منی مین سوا منی کے اور جگہہ رات کو رہنا اور امام شافعی کے نزدیک واجب ہی ص اور جب کوچ کرے مکے کو اوتر رہے محصب مین ف اسواسطے کہ اوترے تھے اوسمین سردار ہمارے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مروی ہی یہ صحاح ستہ مین ص پھر طواف کرے طواف صدر کا سات پھیرے بغیر رمل اور سعی کے اور یہ طواف واجب ہی مگر اہل مکہ پر ف اسواسطے کہ روایت کیا ترمذی نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص حج کرے خانہ کعبہ کا تو آخر کام اوسکا ساتھہ خانہ کعبہ کے طواف ہووے مگر حائضہ عورتین اور رخصت دی اونکو اوسکے ترک مین کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور صحیحین مین ہی ابن عباس رضہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا اسکا اور اس سے وجوب اسکا ثابت ہوتا ہی اور جو لوگ مکے کے رہنے والے ہین اونپر طواف

ف حضرت امام ابو یوسف کی وفات کے وقت کی کیفیت

واجب نہین اسواسطے کہ یہ طواف وداع یعنی رخصت کا ہی اور مکے کے لوگ کعبے سے رخصت نہین ہوتے ہین **ص** پھر پیوے پانی زمزم کا **ف** روایت ہی حضرت عبداللہ بن عباس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر پانی دنیا مین پانی زمزم کا ہی کہ اوسمین کھانا ہی سیر کرنے والا اور شفا ہی بیمار کی یعنی جو پانی زمزم کا بھوکا شخص سیر ہونے کی نیت سے پی لیوے خدا اوسکو اپنی قدرت سے سیر کرتا ہی روایت کیا اس حدیث کو طبرانی نے معجم کبیر مین اور راوی اوسکے ثقہ ہین اور روایت کیا اوسکو ابن حبان نے بھی آخر حدیث تک اور روایت کیا بزار نے ساتھ اسناد صحیح کے ابوذر سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی زمزم کا کھانا ہی سیر کرنے والا اور شفا ہی بیمار کی اور حضرت عبداللہ بن عباس سے مروی ہی کہ ہم نام رکھتے تھے زمزم کا شباعہ یعنی سیر کرنے والا اور ہم پاتے تھے اوسکو اچھی مدد عیال و اطفال پر یعنی وہ اگر بھوکے ہوتے تھے تو اوسکے پانی سے سیر ہو جاتے تھے روایت کیا اوسکو طبرانی نے کبیر مین اور اسناد اوسکا صحیح ہی اور حضرت عبداللہ بن عباس سے مروی ہی کہ کہا ماء زمزم لما شرب له ان شربته تستشفي شفاك الله وان شربته لشبعك الله وان شربته لقطع ظمأك قطعه الله وهي همزة جبريل وسقي الله اسمعيل یعنی پانی زمزم کا جس واسطے پیا جاتا ہی اوسی کیواسطے ہوتا ہی اگر پیے تو اوسکو شفا کے لیے شفا دیگا تجکو اللہ تعالی اور اگر سیر ہونے کے واسطے پیے سیر کریگا تجکو اللہ اور اگر پیاس موقوف ہونے کے لیے پیے تو موقوف کردیگا پیاس کو تیری اللہ تعالی اور وہ پانون مارنا حضرت جبرئیل کا ہی اور پانی پلانا اللہ کا حضرت اسمعیل کو روایت کیا اوسکو دارقطنی نے اور سکوت کیا اوس سے باوجود کہ شیخ اونکا اوسمین عمر بن حسین اشنانی ہی طعن کیا اونپر ذہبی نے بسبب جہت کے اونکے کہ اوس حدیث پر باوجود اس بات کے کہ ضعیف کیا اوسکو دارقطنی نے اور مروی ہی اونسے کہ کاذب کہا انھون نے اوسکو اور اوسکے واسطے اوپر طعن ہین اور کہا کہ یہ حدیث اس اسناد سے باطل ہی نہین روایت کیا اوسکو ابن عیینہ نے باکہ مرفوع حدیث جابر کی ہی روایت عبداللہ سے اور روایت کیا اوسکو حاکم نے مستدرک مین اور زیادہ کیا وان شربته مستعيذا اعاذك الله یعنی اگر پیگا تو اوسکو دران حالیکہ پناہ مانگنے والا ہی پناہ دیگا اللہ تجکو اور تھے حضرت عبداللہ بن عباس جب پیتے پانی زمزم کا فرماتے اللهم اني اسئلك علما نافعا ورزقا واسعا وشفاء من كل داء اور اس حدیث کی صحت مین کلام ہی بیان کیا اوسکو ابن الہمام نے اور طول کیا اس حدیث کی جرح اور تعدیل مین اور حق یہ ہی کہ یہ حدیث ثابت ہی بہت طریقون سے اور پیا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی اوسکا اور آپنے اوسمین سے ایک ڈول نکالکے کچھ پانی پی لیا اور باقی کو اوسمین ڈال دیا روایت کیا اوسکو ازرقی نے تاریخ مکہ مین اور ابن سعد نے طبقات مین اور بعض روایتون مین ہی کہ آپنے اوسمین تھوک دیا تھا اس سبب سے اوسکو یہ عزت اور شرف حاصل ہوا روایت کیا اوسکو امام احمد اور طبرانی نے ابن عباس سے **ص** پھر بوسہ دیوے چوکھٹ کو اور رکھے سینہ اپنا اور مونہہ اپنا ملتزم پر اور ملتزم درمیان حجر اسود اور دروازے کے ہی اور پردہ کعبے کا ہاتھ مین پکڑ کر روتا ہوا دعا مانگے نہایت تجرو زاری سے اور روتا ہوا کعبے کی مفارقت اور جدائی مین الٹے پانون لوٹے یعنی پشت اوس طرف کرکے نہ لوٹے **ف** روایت کیا ابوداؤد نے عمرو بن شعیب سے کہا کہ طواف کیا سینے ساتھ عبداللہ کے تو جب آئے ہم پیچھے کعبے کے کہا سینے کیا تمنین پناہ مانگتے ہو کہا کہ پناہ مانگتا ہون مین دوزخ سے پھر گئے اور بوسہ دیا حجر اسود کو اور کھڑے ہوئے درمیان رکن اور باب کے اور رکھا سینہ اپنا اور مونہہ اور دونون ہاتھ اور دونون کف کو اور کشادہ کیا انکو پھر کہا کہ ایسا ہی دیکھا تھا سینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور روایت کیا اوسکو ابن ماجہ

اوکہا منذر نے کہ شعیب نے اور محمد نے طواف کیا ساتھ عبد اللہ کے اور وہ ضعیف ہی ساتھ مثنی بن الصباح کے اور عبد اللہ سے مراد اس جگہ عبد اللہ بن عمرو بن العاص ہین تصریح کی اسکے نام کی عبد الرزاق نے اپنی روایت مین ساتھ سند صحیح کے اور ملتزم کو اسواسطے مقرر کیا کہ درمیان رکن اور دروازے کے ملتزم ہی روایت کیا بیہقی نے شعب الایمان مین ابن عباس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مَا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْبَابِ مُلْتَزَمٌ یعنی درمیان رکن اور باب کے ملتزم ہی اور روایت کیا اوسکو ابن عدی نے کامل مین ابن عباس سے مرفوعًا اور وقف کیا اوسکا عبد الرزاق نے کہا انھون نے حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَا بَيْنَ الخ اور ایسا ہی ہی موطا مین اور ملتزم اون مکانون مین سے ہی جہان دعا قبول ہوتی ہی مروی ہی یا ابن عباس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قسم اللہ کی نہین دعا کی مینے اوس جگہ کبھی مگر قبول کیا اوسکو اللہ نے اور حسن بصری کے رسالے مین ہی کہ دعا وہان پندرہ جگہ پر قبول ہوتی ہی وقت طواف کے اور نزدیک ملتزم کے اور نیچے میزاب کے اور خانہ کعبہ کے اندر اور نزدیک زمزم کے اور پیچھے مقام ابراہیم کے اور صفا اور مروہ پر اور سعی کے وقت اور عرفات مین اور مزدلفہ مین اور منی مین اور وقت جمرات کے اور ذکر کیا بعضون نے کہ وقت دیکھنے خانہ کعبہ کے اور حطیم مین اور سب ہی کہ جاوے اندر خانہ کعبہ کے اور بیان ہو چکا اوپر ان سب چیزون کا **ص** اور ساقط ہوگا طواف قدوم اوس شخص سے جسنے وقوف کیا عرفے مین قبل جانے مکے کے اور اوسکے ترک کرنے سے کچھ اوسپر واجب نہین اسواسطے کہ یہ طواف سنت ہی اور سنت کے ترک سے کچھ واجب نہین ہوتا اور جسنے وقوف کیا عرفات مین ایک ساعت بھی بعد زوال آفتاب سے نوین تاریخ کو دسوین تاریخ کے طلوع آفتاب تک تو پایا اوسنے حج کو **ف** تو اول وقت وقوف کا عرفات مین بعد زوال کے ہی اور یہ گذرا حدیث جابر مین اور روایت کیا دار قطنی نے کہ جو شخص وقوف کرے عرفات مین رات کو تو اوسنے پایا حج کو اور جسکو فوت ہوا وقوف عرفات کا تو فوت ہوا اوسکا حج تو حلال ہو جاوے وہ عمرے سے اور لازم ہی اوسپر حج اگلے سال اور اسناد مین اوسکی رحمۃ بن مصعب ہی کہا دار قطنی نے اور نہین لایا اوسکو کوئی سوا اوسکا اور روایت کیا بیہقی اوسمین سے اصحاب سنن اربعہ نے **ص** اور جو شخص عرفات سے گذر گیا اور وہ سوتا تھا یا بیہوش تھا اور اہلال کیا اوس سے اوسکے رفیقون نے یا معلوم نہوا اوسکو کہ یہ عرفہ ہی صحیح ہوا حج اوسکا اور جسنے نہین وقوف کیا عرفات کا فوت ہوا حج اوسکا سو طواف کرے اور سعی کرے اور حلال ہو جاوے اور قضا کرے حج کی اگلے سال یہ اوس شخص مین ہی کہ احرام باندھ چکا ہو حج کا اور عورت بھی سب کامون مین مثل مرد کے ہی لیکن وہ کھولے سر اپنا **ف** اور دلیل اسکی بیان کر چکے **ص** بلکہ کھولے مونہہ اپنا اور اگر مونہہ پر کوئی کپڑا ڈال لیوے اور مونہہ سے جدا رکھے تو درست ہوا اور لبیک بھی جہر سے نکارے اور نہ سعی کرے درمیان دو میلون کے اور نہ حلق کرے بلکہ قصر کرے اور پہنے سیے ہوئے کپڑے کو اور نہ قریب ہو حجر اسود کے از دحام مین **ف** اور مونہہ پر کپڑا ڈال لینا اور مونہہ سے جدا رکھنا عورت کے لیے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہی روایت کیا اسکو ابو داود اور ابن ماجہ نے **ص** اور اگر عورت حائضہ ہو تو سب کام حج کے کرے سوا طواف کے **ف** اسواسطے کہ طواف مین مسجد مین جانا پڑتا ہی اور حائضہ کو مسجد مین جانا درست نہین جیسا کہ کتاب الطہارۃ مین گذرا **ص** اور اگر کسی عورت کو بعد وقوف عرفات کے اور طواف الزیارۃ کے حیض ہوا تو ساقط ہو جاوے گا اوسسے طواف رخصت کا یعنی طواف صدر اور احرام جیسے لبیک کہنے سے ہوتا ہی اسی طرح بدنہ بھیجنے سے بھی احرام ہو جاتا ہی تو جس شخص نے تقلید کی بدنہ کی **ف** یعنی اوسکے گلے مین علامت کے لیے نعل یا ٹکڑا نعل کا یا توشہ دان یا مشک یا تو

یا داڑھی کسی درخت کی باندھ دیوے تاکہ معلوم ہو کہ یہ بدنہ ہدی ہی یعنی کعبے مین جاتی ہی اور اسکو تقلید بدنہ کہتے ہین **ص** نفل کے طور پر یا نذر کی تھی یا بدلہ تھا شکار کا احرام مین یا مانند اسکے مثل قربانیون کے بسبب جنایت کے جو اگلے سال مین اوس سے واقع ہوئی تھی **ف** یعنی یہ قربانی یا بدلہ ہی شکار کا اوسنے احرام مین کیا تھا کیونکہ احرام مین شکار کرنا حرام ہی اور اگر کسے تو برابر اوسکے دوسرا جانور قربانی کرے اور جنایات کا بیان آگے آویگا **ص** اور وہ ارادہ کرتا ہی حج کا یا قربانی بھیجے اسواسطے کہ وہ تمتع کا ارادہ رکھتا ہی اور متوجہ ہوا ساتھ اوس قربانی کے مکے شریف کا سو وہ محرم یعنی احرام سے ہوگیا جیسا لبیک کہنے سے محرم ہوجاتا ہی **ف** اسواسطے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنْ قَلَّدَ بَدَنَةً فَقَدْ اَحْرَمَ یعنی جسنے تقلید کی بدنہ کی سو وہ محرم ہوگیا اور یہ حدیث ہدایہ مین ہی اور مرفوع نہین پائی گئی ہان روایت کیا اسکو ابن ابی شیبہ نے مصنف مین ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے اونکا قول اور نکالا سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے کہ دیکھا انھون نے ایک شخص کو کہ تقلید کی تھی اوسنے بدنہ کی سو کہا انھون نے کہ اس شخص نے احرام باندھا اور وارد ہوا مثل اوسکے حدیث مرفوع مین نکالا اوسکو عبدالرزاق نے اور روایت کیا بزار نے مسند مین حضرت عمران رضی اللہ عنہ سے صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مضمون کو اور طبرانی نے قیس بن سعد رضی اللہ عنہ سے انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **ص** اور اگر اشعار کیا یعنی ایک طرف سے اونٹ کی کوہان مین بائین طرف چیر دیا تا معلوم ہو کہ یہ ہدی ہی یا اوسکی پیٹھ پر جھول کو ڈالا یا تقلید کی بکری کی محرم نہوگا **ف** اور اشعار کرنا ہمارے نزدیک مکروہ ہی اور صاحبین اور امام شافعی کے نزدیک اچھا ہی اور اشعار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہی اور کچھ مضایقہ نہین اوسمین اور جھول ڈالنے سے اسواسطے محرم نہین ہوتا کہ وہ واسطے حفاظت کرنے مکھیون وغیرہ سے ہوتی ہی تو حج کے افعال مین سے اوسکا شمار نہین **ص** اور اگر بدنہ بھیجا تو محرم نہوگا جب تک کہ خود اوس سے مل نجاوے اور اگر ساتھ نہوا بدنہ کے بلکہ فقط اوسکو بھیجدیا محرم نہوگا اور جب مل جاویگا محرم ہوجاویگا **ف** کہا حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا نے کہ کرتی تھی مین واسطے بدنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلائد اور بھیج دیتے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم لونکو اور حلال ہوتی تھی اور یہ مروی ہی بہت حدیثون صحیح مین روایت کیا اوسکو بخاری نے **ص** اور بدنہ اونٹ اور بیل اور گائے کو کہتے ہین **ف** اور امام شافعی کے نزدیک بدنہ فقط اونٹ کو کہتے ہین تو ہمارے نزدیک اونٹا اور بیل ہدی بھیجنا دونون درست ہین اور شافعی رح کے نزدیک سوا اونٹ کے درست نہین اور دلیلین اونکی فتح القدیر مین مذکور ہین

باب قران اور تمتع کے بیان مین

قران افضل ہی حج مفرد اور تمتع سے **ف** جانا چاہیے کہ حج مفرد کا بیان تو گذر چکا اور حج مفرد اوسکو کہتے ہین کہ تنہا کرے حج کا اس طرح پر کہ اوس سال مین عمرہ نکرے یا بعد ایام حج یا قبل شوال کے کرے اور تمتع اوسکو کہتے ہین کہ احرام باندھ کر عمرے کے افعال کرنا حج کے مہینون مین اور قبل وطن جانے کے بعد فارغ ہونے کے عمرے سے احرام کھولے یا بغیر احرام کھولے حج بھی ادا کرنا لیکن اگر قربانی ساتھ لیے ہو تو اوسکو حج سے پہلے حلال ہونا جائز نہین اور تمتع نام اسکا اسواسطے ہی کہ تمتع فائدہ اوٹھا سکتا ہی اون چیزون مین حج احرام مین ممنوع ہین درمیان احرام عمرہ اور حج کے بخلاف قران کرنے والے کے کیونکہ وہ اگر بعد عمرے کے کوئی جنایت کریگا قربانی لازم آویگی **ص** اور قران اوسکو کہتے ہین کہ لبیک کہنا ساتھ حج اور عمرے کے ایک بار مین میقات سے **ف** اور قران افضل ہی تمتع سے اور افراد سے ہمارے نزدیک اور تمتع افضل ہی افراد سے کیونکہ روایت کیا طبرانی نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یَا اَهْلَ مُحَمَّدٍ اَهِلُّوْا بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ یعنی اہلال کرو یعنی بلند کرو آوازین اپنی ساتھ لبیک کے اسواسطے حج اور عمرے کے ایک ساتھ اور آنحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم سے حج مفرد اور قران اور تمتع سب منقول ہین احادیث صحیحہ مین ذکر کیا اونکو شیخ ابن الہمام نے **ص** اور کہے قران مین بعد نماز کے یعنی بعد اوس دوگانے کے جو احرام باندھکے پڑھتے ہین اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَۃَ فَیَسِّرْھُمَا لِیْ وَتَقَبَّلْھُمَا مِنِّیْ اے اللہ ارادہ کرتا ہون حج اور عمرے کا سو آسان کر تو اون دونون کو میرے واسطے اور قبول کر اونکو مجھسے اور طواف کرے واسطے عمرے کے سات پھیرے رمل کرے اول کے تین پھیرون مین اور سعی کرے اور سر نہ منڈاوے پھر حج کرے جیسا کہ گذرا سو اگر اوسنے دو طواف کیے اور دو بار سعی کی مکروہ ہی یعنی چودہ پھیرے طواف کے کیے سات واسطے عمرے کے اور سات طواف قدوم کے حج کے لیے **ف** اسواسطے کہ طواف قدوم سنت حج مین ہی عمرے مین نہین **ص** پھر سعی کرے دونون کیواسطے **ف** اور ہمارے نزدیک یہ مکروہ ہی اور عمرہ کرکے پھر افعال حج کے شروع کرے اور دوبارہ حج کیواسطے بستور سعی اور طواف کرے اور امام شافعی کے نزدیک ایک ہی طواف کرے اور ایک ہی بار سعی کرے کیونکہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے داخل ہوا عمرہ حج مین دن قیامت تک اور صحیحین مین ابن عمرؓ سے مروی ہی کہ انھون نے قران کیا اور ایک طواف کیا دونون کیواسطے پھر کہا کہ ایسا ہی کیا تھا اوسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ہماری دلیل یہ ہی کہ روایت کیا نسائی نے ابراہیم بن محمد بن حنفیہ سے کہا انھون نے طواف کیا بیٹے ساتھ اپنے باپ کے اور جمع کیا تھا انھون نے حج اور عمرے کو سو طواف کیے اون دونون کے واسطے دو طواف اور دو بار سعی کی اور کہا کہ کیا حضرت علیؓ نے ایسا ہی اور حدیث بیان کی اونسے کہ کیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی اور کیا تھا بعض لوگون نے ایسا ہی سو کہا انکے واسطے حضرت عمرؓ نے ھُدِیْتَ لِسُنَّۃِ نَبِیِّکَ ہدایت کیا گیا تو واسطے سنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسا ہی ہی بدائع مین اور یہ حدیث نہین ملی اور نسائی کی روایت مین حماد بن عبد الرحمن اگرچہ ضعیف کیا اوسکو ازدی نے لیکن درجہ اوسکو ابن حبان نے ثقات مین تو حدیث اوسکی درجہ حسن سے کم نہین اور روایت کیا امام محمد نے آثار مین **ثنا** اَبُوْحَنِیْفَۃَ **ثنا** مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ النَّخَعِیِّ عَنْ اَبِیْ نَضْرَۃَ السُّلَمِیِّ عَنْ عَلِیٍّ رض قَالَ اِذَا اَھْلَلْتَ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَۃِ فَطُفْ لَھُمَا طَوَافَیْنِ وَاسْعَ لَھُمَا سَعْیَیْنِ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ قَالَ مَنْصُوْرٌ فَلَقِیْتُ مُجَاھِدًا وَّھُوَ یُفْتِیْ بِطَوَافٍ وَّاحِدٍ لِمَنْ قَرَنَ فَحَدَّثْتُہٗ بِھٰذَا الْحَدِیْثِ فَقَالَ لَوْ کُنْتُ سَمِعْتُہٗ لَمْ اَفْتِ اِلَّا بِطَوَافَیْنِ وَاَمَّا بَعْدَہٗ فَلَا اُفْتِیْ اِلَّا بِھِمَا یعنی کہا حضرت علیؓ نے جب احرام باندھے تو ساتھ حج اور عمرے کے دونون کے تو دو بار طواف کر اور دو بار سعی کر صفا اور مروہ پر کہا منصور نے ملاقات کی مین نے مجاہد سے اور وہ فتوی دیتے تھے ساتھ ایک طواف کے جو قران کرے تو یہ حدیث بیان کی مینے اوسکے سو کہا انھون نے اگر مین سنتا یہ حدیث نہ فتوی دیتا مگر ساتھ دو طوافون کے اور ممکن ہی بعد اسکے سو نہ فتوی دونگا مگر ساتھ دو طوافون کے اور نہین شبہ ہی اس سند کی صحت مین باوجود اس بات کے کہ مروی ہی یہ حضرت علیؓ سے بہت طریقون سے اور ہمنے اونکو تحریر کیا اور اقتصار کیا اس صحیح طریقے پر اور روایت کیا اوسکو امام شافعی نے اور اوسکی اسناد مین ایک راوی مجہول ہی اور تاویل کی اوسکی امام شافعی نے اسطرح پر کہ طواف کرے خانہ کعبہ کا اور ساتھ صفا اور مروہ کے اور طواف کرے خانہ کعبہ کا طواف زیارت اور یہ صریح مخالف ہی کلام حضرت علیؓ کے اور وہ جو کہا ابن المنذر نے کہ اگر یہ قول ثابت ہو حضرت علیؓ سے تو قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تمسک کرنا ساتھ اوسکے اولی ہی اور وہ یہ ہی کہ فرمایا آپ نے جو شخص احرام باندھے ساتھ حج اور عمرے کے کافی ہی اون دونون سے ایک طواف اور ایک سعی جواب اوسکا یہ ہی کہ مانند قول حضرت علیؓ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی مروی ہی تو معارض ہوئے دونون قول تو یہ روایت باقی رہی سالم معارضے

حماد بن عبد الرحمن

پس تمسک ساتھ اسکے اولی ہے اور ثابت ہوئی یہ حدیث عمران بن حصین رضی سے کالا اوسکو دارقطنی نے محمد بن علی زدمی سے انھوں نے عبداللہ بن داود سے انھوں نے شعبہ سے انھوں نے حمید بن ہلال سے انھوں نے مطرف سے انھوں نے عمران بن حصین سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کیے دو طواف اور سعی کی دو بار اور محمد بن یحیی کہا دارقطنی نے ثقہ ہے اور ذکر کیا اوسکو ابن حبان نے کتاب الثقات میں سوا اسکے کہ دارقطنی نے اس روایت میں اوسکی طرف وہم کی نسبت کی ہے اور کہا کہ صواب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قران کیا ساتھ حج اور عمرے کے اور نہیں ذکر کرتے اوسمیں سعی اور طواف کا اور حاصل یہ ہے کہ ذکر سعی اور طواف کا زیادت ہے اور زیادت ثقہ سے مقبول ہے علاوہ اسکے مرفوع ہے یہ ابن مسعود سے اور حضرت علی سے کہا ابن ابی شیبہ نے ثنا هشيم عن منصور بن زاذان عن الحكم عن زياد بن مالك ان عليا وابن مسعود قالا في القران يطوف طوافين ويسعى سعيين فهؤلاء اكابر الصحابة عمر وعلي وابن مسعود وعمران بن حصين رضي الله عنهم فان عارض ما ذهبوا اليه رواية ومن هبا دواية غيرهم ومذهبه كان قولهم وروايتهم مقدمة مع ما يساعد قولهم وروايتهم منا استقر في الشرع من تصير عباداته الى اخرى انه يفعل اذا كان كل منهما هذا ما قال الشيخ ابن الهمام في حاشية الهداية **ص** اور قربانی کرے قران میں بعد رمی کے دن نحر کے اور اگر عاجز ہو قربانی سے تین روزے رکھے کہ اخیر روز اوسکا عرفے کے دن ہو یعنی ساتوین تاریخ سے روزہ رکھنا شروع کرے اور سات روزے بعد حج کے رکھے جہاں چاہے یعنی بعد ایام تشریق کے کہ اندنوں میں روزہ رکھنا حرام ہے **ف** اور قربانی یا بکری ہو یا گائے ہو یا اونٹ ہو یا ساتواں حصہ گائے یا اونٹ کا ہو واسطے کہ فرمایا اللہ تعالی نے فمن تمتع بالعمرة الى الحج فما استيسر من الهدي یعنی جو شخص تمتع کرے تو اوسپر لازم ہے ہدی اور تمتع بھی مثل قران کے ہے اور روزے رکھنا بھی قران سے ثابت ہیں فرمایا اللہ تعالی نے فمن لم يجد فصيام ثلثة ايام في الحج وسبعة اذا رجعتم تلك عشرة كاملة یعنی جو شخص نپاوے قربانی کو تو اوسپر لازم ہیں تین روزے حج میں اور سات جب وطن سے لوٹے یہ دس روزے ہوئے پورے **ص** تو اگر فوت ہوئے یہ تین روزے مقرر ہوئی قربانی **ف** یعنی پھر قربانی کرنا ضرور ہے اور امام شافعی کے نزدیک بعد حج کے یہ روزے رکھے اور قربانی واجب نہیں اور امام مالک کے نزدیک اوضحی دنوں میں روزے رکھلے اور دلیل ہماری یہ ہے کہ جب عرفے کے دن تک روزے نہ رکھے تو چار دن کا روزہ رکھنا تو حرام ہوا اور جب چار دن گذر گئے تو اب جو روزہ رکھیگا تو حج میں نہونگے اور اللہ تعالی نے فرمایا فصيام ثلثة ايام في الحج یعنی روزے تین دن کے حج میں چاہیں **ص** اور قارن اگر مکے میں گیا بلکہ پہلے ہی سے وقوف کیا عرفات میں باطل ہوا عمرہ اوسکا اور واجب ہوئی اوسپر قربانی عمرے کے ترک سے اور ساقط ہوئی قربانی قران کی **ف** یعنی عمرے کو ترک کیا اوسنے کیونکہ طواف نہ کیا اور کھول ڈالا احرام بغیر اوسکے تو واجب ہوئی اوسپر قربانی اور قربانی قران کی واجب نہوئی کیونکہ قران اوس جگہ پایا نہیں گیا **ص** اور تمتع بہتر ہے حج مفرد سے **ف** اسواسطے کہ تمتع میں جمع ہے درمیان دو عبادتوں کے مثل قران کے **ص** اور تمتع یہ ہے کہ احرام باندھے عمرے کے لیے میقات سے حج کے مہینوں میں اور طواف کرے اور سعی کرے اور حلق کرے یا قصر کرے اور موقوف کرے لبیک کو اول طواف میں عمرے کے پھر احرام باندھے حج کا دن ترویح کے اور قبل اوسکے افضل ہے اور حج کرے مفرد کے مانند جیسا کہ گذرا **ف** اور ایسا ہی کیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حلق اور قصر کرنا امام مالک کے نزدیک نہیں ہے اور دلیل ہماری یہ ہے کہ روایت کیا معاویہ رضی نے

کہ قصر کیا تھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور یہ عمرے مین تھا واللہ اعلم اور لبیک کو اول طواف مین موقوف کرے اسواسطے کہ روایت کیا ترمذی نے ابن عباسؓ سے کہ تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باز رہتے لبیک سے عمرے مین جب بوسہ دیتے تھے حجر اسود کو اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث صحیح ہی اور روایت کیا اوسکو ابوداود نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لبیک کہے عمرہ کرنے والا جبتک بوسہ لینے حجر اسود تک اور یہ حدیثین حجت ہین امام مالک پر کہ نزدیک اونکے لبیک کو وقت دیکھنے خانہ کعبہ کے موقوف کرے **ص** مگر فرق یہ ہی کہ رمل کرے طواف زیارت مین اور سعی کرے بعد اوسکے اور اگر متمتع نے قبل جانے منیٰ کے بعد احرام کے طواف کیا اور سعی کی تو اب طواف زیارت مین رمل نہ کرے اور نہ سعی کرے بعد اوسکے اسواسطے کہ وہ ایک بار دونون کو کر چکا اور اوسپر لازم ہی ذبح کرنا اور نہ کافی ہوگی اس سے قربانی دن نحر کی اور اگر عاجز ہو اس سے روزہ رکھے مانند قران کے اور یہ تین روزے رکھنا جائز ہین بعد احرام کے نہ قبل احرام کے اور تاخیر انکی مستحب ہی یعنی تین روزے جو رکھے جاتے ہین حج مین جسکو قربانی میسر نہ ہوئی تو اوسکو بعد احرام کے حج کے مہینون مین رکھنا اونکا درست ہی اور افضل یہ ہی کہ تاخیر کرے اسطرح پر کہ تین روزے پے در پے رکھے اور اخیر روزہ عرفے کے دن پڑے اور اگر متمتع قربانی کو ہانکنا چاہے اور یہ افضل ہی احرام باندھے اور اپنی ہدی کو چلاوے اور سوق یعنی پیچھے سے ہدی کو ہانکنا افضل ہی اوسکو آگے چلکے کھینچنے سے اور اوسکو قود کہتے ہین **ف** اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا ذوالحلیفہ مین اور ہدیا آپ کی ہانکی جاتی تھین آگے اونکے مگر جب سوق سے ہدی نہ چلے تو قود کرے **ص** اور تقلید کرے بدنہ کی اور یہ اولی ہی تجلیل سے **ف** تقلید کے معنی بیان کر چکے یعنی اونٹ گلے کے گلے مین جوتا توشہ دان وغیرہ ڈال دیوے اور تجلیل جھول ڈالنے کو کہتے ہین اور یہ بھی جائز ہی لیکن تقلید افضل ہی تجلیل سے اسواسطے کہ حدیث مین تقلید وارد ہی جیسا گذرا اور قرآن شریف مین ہی **وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَائِدَ** **ص** اور تجلیل سے محرم نہین ہوتا جب تک لبیک نہ کہے اور تقلید سے ہو جاتا ہی اور مکروہ ہی اشعار یعنی چیر دینا کوہان اونٹ کا بائین طرف سے اور اگر کرے تو بائین طرف سے اسواسطے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نیزہ مارا اوسکی بائین طرف مین قصداً اور داہنی طرف مین اتفاقاً اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے مکروہ رکھا اوسکو کیونکہ مشابہ ہی مُثلہ کے **ف** اور مثلہ کے معنی تکلیف دینا اور منع کیا اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث عمران مین ہی کہ نہین کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبے مین مگر منع کیا ہمکو مثلہ سے اور مثلہ حرام ہی مُرتد مین جسکا قتل واجب ہی تو کیونکر نہوگا قربانی مین **ص** اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو اسواسطے کیا تھا کہ مشرکین تعرض کرتے تھے ہدایا سے مگر جب اشعار کرتے تھے تو باز رہتے تھے اوس سے اور بعضون نے کہا ہی کہ مکروہ رکھا امام ابوحنیفہ نے اشعار کو اپنے زمانے کے لوگون کیواسطے کیونکہ وہ اوسمین مبالغہ کرتے تھے یہان تک کہ خوف ہوتا اوس سے سرایت زخم کا اور بعضون نے کہا ہی اختیار کرنا اوسکا تقلید پر مکروہ ہی **ف** اور امام شافعی کے نزدیک سنت ہی اور صاحبین کے نزدیک مستحب ہی روایت ہی جامع ترمذی مین کہ بیٹھے تھے ایک جگہ وکیع اور حدیث بیان کی انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ اشعار کیا آپنے اور کہا کہ ابوحنیفہ کہتے ہین کہ اشعار مُثلہ ہی تو کہا ایک شخص نے ابراہیم نخعی سے بھی یہی مروی ہی کہ اشعار مثلہ ہی تو نہایت غصے ہوئے وکیع رحمۃ اللہ علیہ اور کہا کہ مین تو تجسے حدیث بیان کرتا ہون قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور تو بیان کرتا ہی اوسکے مقابلے مین قول ابراہیم کا اس لائق ہی کہ قید کیا جاوے تو پھر نہ خلاصی ہو تیری جب تک کہ باز نہ آوے تو اس قول سے انتہی اور سبب غصے ہونے وکیع کا یہ تھا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی شخص قول بیان کرے تو اوسکے مقابلے مین کوئی کسی دوسرے کا قول مخالف اوسکے بیان کرے تو لائق تنبیہ کے ہی اسواسطے کہ معارضہ کرنا ہی وہ قول غیر کو قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابن عمرؓ

ف ہدایا جمع ہدی کی کہ اونٹ گائے بکری کو کہتے ہین مراد وہ جانور ہین کہ مکہ کو بھیجے جاتے ہین

جب یہ حدیث بیان کی لَا تَمْنَعُوا اِمَاءَ اللّٰہِ مَسَاجِدَ اللّٰہِ نہ منع کرو اللہ کی لونڈیون کو یعنی عورتون کو اللہ کی مسجدون مین جانے سے تو اونکے بیٹے نے کہا کہ ہم منع کرینگے اور عبداللہؓ اس بات سے غصے ہوئے اور بہت برا کہا اونکو اور ترکی کیا کلام اونسے مرتے دم تک اور اشعار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہی روایت کیا ترمذی نے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لگائین دو جوتیان اور اشعار کیا ہدی کا داہنی طرف سے ذوالحلیفہ مین اور زائل کیا اوس سے خون کو کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور روایت کیا اوسکو مسلم نے اور بخاری نے بھی اور نہین ذکر کیا داہنی اور بائین طرف کو اور ہمارے نزدیک بائین طرف کرے اگر کرے روایت ہی ابی حسان سے انھون نے ابن عباس سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اشعار کیا جانب ایسر یعنی بائین طرف مین پھر بہایا خون اوس سے اور تقلید کی اوسکی دو نعلون سے روایت کیا اسکو ابن عبدالبر نے اور کہا کہ یہ حدیث منکر ہی حدیث ابن عباس سے بلکہ مشہور وہ ہی جو روایت کیا اوسنے مسلم نے اور بہت لوگون نے داہنی طرف مین اور صحیح کیا ابن القطان نے کلام اوسکا لیکن روایت کیا ابو یعلی نے ابن عباس تک اور طریقے سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اشعار کیا بدنہ کا بائین جانب مین پھر بہایا خون اوس سے انگلی سے اور موطا مین ہی کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ جب ہدی بھیجتے تھے مجھ سے تقلید کرتے تھے اوسکی دو نعلون سے اور اشعار کرتے تھے اوسکا بائین طرف سے اور یہ عارض ہی اوسکے جو روایت کیا مسلم نے حال یہ ہی ان حدیثون سے اشعار کرنا ثابت ہی تو عمل کرنا اوپر کچھ منافی مذہب امام ابوحنیفہ نہین کیونکہ فرمایا آپنے مَا صَحَّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَھُوَ مَذْھَبُنَا جو صحیح ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وہی مذہب ہمارا ہی اور وجہ اسکی یہ تھی کہ حضرت امام ابوحنیفہ رح اور اور ایمہ کو نفسانیت نہ تھی فقط ظاہر کرنا حق کا منظور تھا تو اشعار مین صحیح یہ ہی کہ سنت ہی لیکن چونکہ اب لوگ اوسمین نہایت مبالغہ کرنے لگے اور بخوبی کیفیت اشعار سے جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا واقف نہین اور تقلید بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہی تو حتی المقدور احتیاط تقلید مین ہی اشعار سے وَاللّٰہُ اَعْلَمُ **ص** اور عمرہ کرے اور نہ کھولے احرام عمرے کا یہان تک کہ احرام باندھے حج کا دن ترویہ کے اور قبل اوسکے افضل ہی اور احرام نہ کھولے عمرے کا جب سوق کیا ہو ہدی کا اور اگر نہین سوق کیا ہدی کا تو حلال ہو جاوے احرام عمرے سے بطرف گذرا **ف** اور اس باب مین حدیث وارد ہی ذکر کیا اوسکو صاحب ہدایہ **ص** اور حلق کرے دن نحر کے اور حلال ہو جاوے دونون احرام سے **ف** یعنی ایک احرام حج کا اور ایک احرام عمرے کا **ص** اور جو شخص مکے کا رہنے والا ہی وہ افراد کرے اور قران اور تمتع نہ کرے **ف** اسواسطے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ذٰلِکَ لِمَنْ لَّمْ یَکُنْ اَھْلُہٗ حَاضِرِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ یہ اوسکے واسطے ہی کہ نہون اہل اوسکے حاضر مسجد حرام مین اور امام شافعی کے نزدیک مکی بھی قران اور تمتع کرے اور جو شخص میقات کے اندر داخل ہی وہ مثل مکی کے ہی اور وہ بھی تمتع اور قران نہ کرے **ص** اور جسنے عمرہ کیا اور نہ سوق کیا ہدی کا اور لوٹ آیا اپنے گھر مین تو اوسکو اب احرام کھولنا صحیح ہی اور المام اوسکا کامل ہو گیا اور تمتع باطل ہو جاویگا اور جسنے سوق کیا ہدی کا تو لوٹنا اوسکو واسطے حج کے واجب ہوگا تو اب المام اوسکا فاسد رہیگا اور جب لوٹ آیا اور احرام باندھا حج کا تمتع اوسکا صحیح ہوگا اور جسنے احرام باندھا قبل حج کے مہینون کے اور طواف کیا اوسمین کم چار پھیرون سے اور پھر جب حج کے مہینے آئے اور تمام کر لیا اور طواف کو اور حج کیا تو تمتع اوسکا درست ہوا اور اگر چار پھیرے کر لیے قبل حج کے مہینون کے تو متمتع نہوگا اور ایک شخص کم کرنے والا ہی اور حلال ہوا عمرے سے حج کے مہینون مین اور سکونت کی اوسنے مکے مین یا بصرے مین اور حج کیا تو وہ متمتع ہی اور اگر آیا واسطے عمرے کے اور تو مڑا لالا اوسکو اور قصر کیا پھر پھرے سے لوٹ آیا اور پھر عمرے کی قضا کی حج کے مہینون مین اور حج کیا اوسی سال مین تو متمتع نہوگا مگر جب کہ لوٹ آیا اپنے گھر مین اور پھر عمرہ کیا حج کے مہینون مین اور اوسی سال حج کیا تو متمتع ہوگا اور جسنے عمرہ کیا حج کے مہینون مین اور اوسی سال حج کیا تو جو اوسمین سے فاسد ہو گیا اوسکو کرتا چلا جاوے اور ساقط ہوگا دم تمتع کا

باب جنایات کے بیان مین

اگر خوشبو لگائی محرم نے کسی عضو کو یا خضاب کیا سر کا یا ساتھ مہندی کے یا تیل ڈالا یعنی لگایا تیل کو کسی عضو مین اور تیل خالص یا زیتون کا یا تل کا تو واجب ہوگا دم نزدیک امام ابو حنیفہ کے اور صاحبین کے نزدیک صدقہ واجب ہے اور امام شافعی کے نزدیک اگر تیل کو بالون مین استعمال کیا تو واجب ہوگا دم اور اگر استعمال کیا اوسکو اور جگہہ مین تو اوسپر کچھہ نہین اور اگر تیل خوشبودار ہی جیسے تیل بنفشہ کا تو واجب ہوگا دم بالاتفاق بسبب خوشبو کے یا سیئے ہوئے کپڑے کو پہنا یا چھپایا یا سر کو ایک دن تک یا مونڈا یا چوتھائی سر کو یا بچھنے لگانے کی جگہہ کے بال مونڈے یا ایک بغل کے بال یا دونون کے یا بال زیر ناف کے دور کیے یا ناخون ہاتھون کے کاٹے یا پیرون کے ایک مجلس مین یا ایک ہاتھ یا ایک پیر کے یا طواف قدوم کیا یا طواف صدر کیا اور وہ جنب تھا یا فرض طواف بیوضو کیا یا بلا اعراف سے قبل امام کے یا ترک کیا طواف زیارت مین ایک پھیرا یا دو پھیرے یا تین پھیرے کیونکہ اگر تین پھیرے سے زیادہ ترک کیا تو محرم رہیگا یہانتک کہ طواف کے یا ترک کیا طواف صدر کا یا چار پھیرے اوسکے ترک کیے یا سعی کو ترک کیا یا وقوف مزدلفہ کو یا سب رمی کو یا ایک دن کی رمی کو یا پہلی رمی کو اور وہ رمی ہی جمرۂ عقبہ کی یوم نحر کے یا اکثر کو اوسکے ترک کیا مثلاً اکثر کنکریان پھینکنا ترک کین اور باقی پھینکین یا حلق کیا زمین حل مین یا اسطے حج کے یا عمرے کے اسواسطے کہ حلق جائز ہے منی مین اور وہ حرم مین داخل ہی اور جو عمرہ کرنے والا نکل گیا حرم سے قبل حلال ہونے کے اور پھر آیا حرم مین تو اوسپر کچھہ نہین اور حج کرنے والے نے اگر ایسا کیا تو اوسپر دم لازم آویگا یا بوسہ لیا یا چھوا شہوت سے انزال ہو یا نہو یا ناخیر کی حلق کی یا فرض طواف کی ایام نحر سے یا ایک فعل کو دوسرے پر مقدم کیا مثلاً حلق کیا قبل رمی کے یا قربانی کی قربان کرنے والے نے قبل رمی کے یا حلق قبل ذبح کے تو ان سب صورتون مین اوسپر دم لازم ہی اور قارن پر دو دم لازم آوینگے اگر حلق کیا اوسنے قبل ذبح کے ایک دم تو حلق کا قبل اوسکے وقت کے اور ایک دم ذبح کی تاخیر کا حلق سے اور نزدیک صاحبین کے ایک دم لازم آویگا ف اور اگر سردی یا مرض کی ضرورت سے محرم سر یا تمام بدن کو ڈھانپے یا سیئے ہوئے کپڑے پہنے جب تک وہ ضرورت باقی ہو ایک ہی قربانی لازم آتی ہی اگرچہ ایک قمیص کی ضرورت کے وقت دو قمیص بھی پہنے یا ٹوپی پہننے کی ضرورت کے ساتھہ عمامہ بھی باندھے اور اگر ایک عضو کے ڈھانکنے کی ضرورت کیوقت دو عضو کو چھپایا جیسا کہ سر ڈھانکنے کی ضرورت تھی کرتا بھی پہنا یا فقط ایک وقت ضرورت تھی بے ضرورت دوسرے وقت بھی سر ڈھانکا تو دو ہر کفارہ لازم آویگا ص اور اگر خوشبو لگائی کم ایک عضو سے یا چھپایا سر اپنا یا سیا ہوا کپڑا پہنا ایک دن سے کم مین یا مونڈا سر کم چوتھائی سر سے یا کترے ناخون کم پانچ سے یا پانچ متفرق یا طواف قدوم اور صدر کا بیوضو کیا یا سات پھیرون مین سے طواف صدر کے تین پھیرے ترک کیے یا تین جمرون مین سے ایک کی رمی ترک کی یا مونڈا دوسرے شخص کا سر صدقہ دیدے نصف صاع گیہون سے اور اگر خوشبو لگائی یا سر مونڈا عذر سے ذبح کرے یا صدقہ دیوے تین صاع طعام کے چھہ مسکینون پر یا تین روزے رکھے اور اگر اوسنے وطی کی اگرچہ بھولے سے ہو قبل وقوف عرفات کے جو فرض ہی باطل ہوجاویگا حج اوسکا اور حج کرتا چلا جاوے اور ذبح کرے اور پھر قضا کرے حج کی اور یہ لازم نہین کہ عورت کو چھوڑدے حج کی قضا مین اور نزدیک امام مالک کے چھوڑدے اوسکو جب نکلین دونون اور امام زفر کے نزدیک جب احرام باندھین اور امام شافعی کے نزدیک جب اوس مقام کو پونہچے جہان جماع کیا تھا اوسنے چھوڑدے اوسکو اور اگر وطی کی بعد وقوف کے تو نہ فاسد ہوگا حج اوسکا اور واجب ہوگا بدنہ اور وطی مین بعد حلق کے ایک بکری لازم آتی ہی اور عمرے مین اگر اوسنے چار پھیرے طواف کے کر لیے اور بعد اوسکے جماع کیا تو فاسد نہوگا اور واجب ہوگا ذبح اور اگر قبل اسکے کیا عمرہ فاسد ہوگا کرتا چلا جاوے اور ذبح کرے اور پھر قضا کرے تو اگر قبل کیا محرم نے صید کو یا بنایا

۱۲ اور اسکا مانند خوشبودار ہی جیسے تیل بنفشہ کا اور تیل گلاب کا وغیرذالک ۱۲ منہ غفرلہ

اوسکے قاتل کو اول بار یا دوسری بار بھولے سے یا قصد سے تو اوسپر اوسکی جزا لازم ہی اگرچہ وہ جانور درندہ ہو یا انسیت رکھتا ہو
آدمی کے ساتھ یا کبوتر ہی ایسا کہ اوڑ نہین سکتا یا محرم لاچار ہی اوسکے کھانے کے لیے تو ان سب صورتون مین جزا لازم آویگی ف
جاننا چاہیے کہ شکار خشکی کا محرم پر حرام ہی اور دریا کا شکار حلال ہی فرمایا اللہ تعالی نے وَاُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ حلال ہی تمھارے
واسطے شکار دریا کا اور خشکی کا جانور وہ ہی کہ خشکی مین پیدا ہوتا ہی اور اوسی مین رہتا ہی اور دریا کا جانور وہ ہی کہ اوسمین پیدا
ہوتا ہی اور اوسی مین رہتا ہی اور نکال لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انمین سے کُتّے کاٹنے والے اور بھیڑیے اور چیل اور کوّے اور سانپ
اور بچھو کو اور کوے سے مراد وہ ہی جو مردار کھاتا ہی اور جزا اوسکی اوسپر لازم ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے وَلَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ
حُرُمٌ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ الخ آخر آیت تک اور نہ قتل کرو شکار کو اور تم احرام مین ہو اور جو قتل کرے اوسکو
تم مین سے قصداً تو اوسپر جزا ہی اور بتانا اور اشارہ کرنا بھی شکار کرنے مین داخل ہی بسبب حدیث قتادہ کے جو اوپر گذری اور کہا عطا نے
کا اجماع کیا لوگون نے اس بات پر کہ بتانے والے پر ہی جو کرنے والے پر ہی اور دوسری دلیل یہ ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ دلالت کرنے والا بہتری پر مانند کرنے والے کے ہی تو دلالت کرنے والا بدی پر مانند کرنے والے بدی کے ہی
ص اور جزا اوسکی وہ ہی جو قیمت مقرر کردین اوسکی دو شخص عادل جس جگہ پر وہ جانور قتل ہوا ہی یا اوسکے قریب یعنی قیمت اوسی جانور کی
اوسی حساب سے لگائی جاویگی جہان وہ جانور قتل ہوا ہی اور اگر اوسکی اوس جا پر قیمت نہین تو اوسکے قریب مکان مین قیمت اوسکی لگائی جاویگی لیکن اگر زندہ جانور ہی تو
جزا اوسکی ایک بکری پر زائد نہوگی پھر جائز ہی واسطے قاتل کے کہ اوس قیمت سے ہدی کو خرید کرے اور ذبح کرے اوسکو مکے مین یا قیمت مین طعام لے اور مسکینون پر
تصدق کرے ہر مسکین پر نصف صاع گیہون سے یا ایک صاع کھجور سے یا جو سے اور اس سے کم مدیوا ہر مسکین کے طعام سے ایک ایک روزہ رکھے اور اگر فاضل ہو مسکین کے طعام سے صدقہ دیوے اوسکا
یا ایک روزہ رکھے اور یہ مذہب امام ابوحنیفہ اور ابو یوسف کا ہی اور امام محمد اور شافعی کے نزدیک اگر اوس جانور کے مثال دوسرا جانور
پیدا ہو تو واجب ہی وہی جانور مثلاً ہرن مین اور ضبع مین بکری ہی اور خرگوش مین بکری ہی چھوٹی بچہ اور یربوع مین جفرہ یعنی
چار مہینے کی بکری اور شتر مرغ مین بدنہ اور حمار وحشی مین گائے اور کبوتر مین بکری ف اور دلائل انکے اور تمسکات ہر ایک
کے شرح وقایہ اور ہدایہ مین مذکور ہین جسکا جی چاہے دیکھ لیوے اور کبوتر مین بکری لازم آتی ہی امام محمد اور شافعی کے نزدیک
حالانکہ مشابہت صورت مین متحقق نہین موطا مین امام مالک کی ہی کہ حضرت عمر نے فیصلہ کیا اس طرح پر کہ ضبع من بکر ہی اور
ہران مین بکری ہی اور خرگوش مین عناق اور یربوع مین جفرہ اور روایت کیا امام شافعی نے کہ حضرت عمر اور عثمان اور علی اور
زید بن ثابت اور ابن عباس اور معاویہ رضی اللہ عنہم ان سب نے کہا کہ شتر مرغ اگر قتل کرے اوسکو محرم تو ایک بدنہ ہی اونٹ سے
اور اسمین ضعف ہی اور انقطاع ہی اور روایت کیا بیہقی نے ابن عباس سے فِيْ حَمَامَةِ الْحَرَمِ شَاةٌ یعنی کہا ابن عباس نے کبوتر حرم
حرم کے ایک بکری ہی وَفِيْ بَيْضَتَيْنِ دِرْهَمٌ وَفِي النَّعَامَةِ جَزُوْرٌ وَفِي الْبَقَرَةِ بَقَرَةٌ وَفِي الْحِمَارِ بَقَرَةٌ یعنی
دو انڈون مین ایک درہم ہی اور شتر مرغ مین قربانی ہی اور گائے مین اور حمار وحشی مین گائے ہی اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ ضبع صید ہی اور اوسمین ایک بکری ہی ایسا ہی ہدایہ مین روایت کیا اسکو ابن ماجہ نے جابر بن عبداللہ سے کہ پوچھا مینے حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے ضبع کو کہ وہ صید ہی فرمایا کہ ہان اور مقرر کیا اوسمین ایک بکرا جب قتل کرے اوسکو محرم اور روایت کیا اوسکو حاکم نے بغایر
کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ضبع صید ہی تو جب پونچھے اوسکو محرم تو اوسمین ایک بکرا ہی اور کہا کہ صحیح ہی اور نہین نکالا اوسکو بخاری نے مسلم نے

ف
منہ مدظلہ

ص اور اگر کسی جانور کو زخمی کیا یا بال اوسکے اوکھاڑ لیے یا اوسکا کوئی عضو کاٹ ڈالا تو جو اوسمین نقصان ہوا ہو اوسکا تاوان دینا پڑیگا اور اگر کسی طائر کے اوکھاڑ لیے یا اوسکے پر کاٹ ڈالے یا بیضہ توڑ ڈالا یا اوسکو توڑا اور اوسمین سے بچہ مردہ نکلا تو اس صورت مین قیمت دینا پڑیگی اور پر کاٹنے مین سارے جانور کی قیمت لازم آویگی اسواسطے کہ اوسکو بیکار کر دیا اور انڈے توڑنے مین اوسکی قیمت دیوے اور اگر بچہ بھی مردہ اوسمین سے نکلے تو زندہ بچے کی قیمت دیوے اور جو شخص احرام سے نہین ہو وہ بھی اگر حرم کے جانور کو شکار کرے یا اوسکا دودھ دیوے یا وہان کی گھانس کاٹے اور درخت کو وہان کے جو کسیکی ملک نہین ہی اور نہ آدمی اوسکو بوتے ہین تو قیمت اوسکی لازم آویگی مگر جو گھانس خشک ہوگئی ہو یا درخت خشک ہوگیا ہو اور ان چار چیزون مین روزہ نہین ہی ف کہا عبد الرزاق نے حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فِي بَيْضِ النَّعَامِ يُصِيبُهُ الْمُحْرِمُ ثَمَنُهُ وَرَوَى ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَنْهُ قَالَ فِي كُلِّ بَيْضَتَيْنِ دِرْهَمٌ وَفِي كُلِّ بَيْضَةٍ نِصْفُ دِرْهَمٍ وَرَوَى ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ فِي بَيْضِ النَّعَامَةِ قِيمَتُهُ وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ عَنْ خُصَيْفَةَ وَأَخْرَجَ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ مِثْلَهُ عَنْ عُمَرَ مُنْقَطِعًا وَأَخْرَجَ نَحْوَهُ عَنْ مُجَاهِدٍ وَالشَّعْبِيِّ وَالنَّخَعِيِّ وَطَاوُسٍ وَفِيهِ حَدِيثٌ مَرْفُوعٌ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَهُوَ ضَعِيفٌ هٰكَذَا قَالَ الشَّيْخُ ابْنُ الْهُمَامِ فِي كِتَابِهِ حاصل یہ ہی کہ ابن مسعود مین آدھا درم ہی اور یہ کہا ابن مسعود اور عمر اور بہت سے تابعین نے ص اور جو اوے وہان کی گھانس اور نہ کاٹے مگر اذخر کو اور جسنے جان یا ہڈی کو قتل کیا صدقہ دیوے جو چاہے اگرچہ کم ہو مثلا ایک کف طعام سے اور اگر کوے اور چیل اور سانپ اور چوہا اور کتا کاٹنے والا ان جینون کو قتل کیا تو کچھ نہین لازم ہی ف فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ جینزین ہین کہ قتل کی جاوین حل اور حرم مین کوا اور چیل اور بچھو اور سانپ اور کتا کاٹنے والا روایت کیا اسکو بخاری مسلم نے اور یہ وارد ہی بہت حدیثون مین اور ایک روایت مین ابو داود کی ہی کہ جو درندہ حملہ کرنے والا ہو ص اور اسی طرح مچھر اور سیسوا اور چچڑی اور کھٹمل اور درندہ حملہ کرنے والا اگر قتل کرے انکو کچھ نہین لازم آتا اور جائز ہی واسطے محرم کے ذبح کرنا بکری اور گائے اور اونٹ اور مرغی اور بطخ جو پالی ہوئی ہی اور محرم کو کھانا اون جانور کا جسکو حلال نے یعنی جو شخص محرم نہین اوسنے شکار کیا ہی اور ذبح کیا ہی اوسکو درست ہی جب کہ محرم نے نہ بتایا ہو اوسنے جانور کو اور نہ حکم کیا ہو اوسکے شکار کا ف اور اس باب مین حدیث وارد ہی ص اور جو شخص داخل ہووے حرم مین اور اوسکے پاس صید ہو تو اوسکو چھوڑ دے جب اوسکے ہاتھ مین ہووے اور جو کسیکے ہاتھ بیچ چکا ہو تو اوسکو پھیرلے جب وہ جانور خریدنے والے کے ہاتھ مین ہووے اور اگر نہو تو اوس پر جزا لازم ہی اور اگر کسی محرم نے صید کو بیچا تو اوسکو پھیر دیوے اگر وہ جانور اوسکے ہاتھ مین یعنی خریدنے والے کے موجود ہو اور اگر نہو تو جزا دے اوسکی برابر ہی کہ جسکے ہاتھ بیچا ہو وہ احرام سے ہو یا نہو اور جس شخص نے احرام باندھا اور اوسکے گھر مین یا پنجرے مین جو اوسکے ساتھ ہی ایک صید ہی تو اوسپر چھوڑنا اوسکا لازم نہین بخلاف اوسکے جو حرم مین صید کے داخل ہو تو اوسپر چھوڑنا اوسکا واجب ہی اور جو کوئی شخص محرم نہ تھا اور اوسنے صید پکڑا پھر احرام باندھا اور اوسکے ہاتھ سے دوسرے نے لے کے اوسکو چھوڑ دیا تو چھوڑنے والے پر اوسکی قیمت لازم آویگی اور اگر محرم نے کوئی صید پکڑا اور کسیسے اوسکے ہاتھ سے لے کے چھوڑ دیا تو اوسکو قیمت دینا لازم نہین اور جو کسی محرم نے دوسرے محرم کا شکار کیا کہ اوسنے احرام مین اوسکو پکڑا تھا مارڈالا تو دونون پر اوسکی جزا لازم ہی اور پکڑنے والا قاتل سے اوسکی قیمت لیکے

ف ابن منذر کہا کہ ابن مسعود اور ابن عباس اور ابن عمر اور ابن زبیر اور عطا اور طاؤس اور مجاہد اور شعبی اور نخعی اور حسن بصری اور قتادہ اور زہری اور ثوری اور اوزاعی اور شافعی اور احمد اور اسحاق اور ابو ثور اور اصحاب الرائے کا مذہب یہ ہی کہ محرم پر بیضہ نعامہ کی قیمت واجب ہی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ابن مسعود سے کہ ہر دو انڈے مین آدھا درم ہی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ابن عباس سے کہ ہر دو انڈے مین ایک درم ہی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ابن مسعود سے کہ ہر انڈے مین آدھا درم ہی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ابن عباس سے کہ ہر

اور جس چیز سے مفرد حج کرنے والے پر ایک دم ہی تو قارن پر اوس چیز مین دو دم ہین ایک دم حج کا اور ایک دم عمرے کا اگر جس صورت مین قارن نے میقات سے تجاوز کیا بغیر احرام کے تو اوسپر ایک ہی دم لازم ہی کیونکہ جب وہ میقات پر پونہچا تو ایک احرام اوسپر واجب ہی اور ایک واجب کی تاخیر سے ایک ہی دم لازم ہی اور جو دو شخصون نے کہ دونون محرم ہین ایک صید کو قتل کیا تو ہر ایک پر کامل جزا لازم ہی اور اگر ایک صید کو حرم مین دو شخصون نے کہ دونون حلال ہین اور احرام سے نہین ہین مارا تو اون دونون پر ایک جزا نصف نصف لازم ہی اور اگر بیچا محرم نے کسی صید کو یا خریدا اوسکو تو بیع باطل ہی اور اگر ذبح کیا اوسکو تو کھانا اوسکا حرام ہی اور اگر اوسمین سے کچھ کھا لیا اوسکو موافق اوسکے جتنا کھایا ہی قیمت دینی پڑیگی اور جو اوسکو ذبح کیا ہی کسی اور محرم نے اور کھایا اوسکو دوسرے محرم نے تو نہین لازم آویگی کھانے والے کو قیمت اوسکی لیکن اوسپر کھانا اوسکا حرام تھا اور اگر کسینے ایک ہرنی کو حرم سے نکالدیا اور اوسنے ایک بچہ جنا اور بچہ بھی مرگیا اور ہرنی بھی مرگئی تو نکالنے والے پر دونون کی جزا لازم ہی اور اگر اوسکی جزا دیدی اور پھر بچہ ہوا اوسکا تو نہین لازم ہی اوسپر جزا بچے کی

باب میقات سے آگے جانے مین بغیر احرام کے

ایک آفاقی ہی کہ ارادہ رکھتا ہی حج کا یا عمرے کا اور تجاوز کیا اوسنے میقات سے بغیر احرام کے لازم آویگا اوسپر دم اور جو لوٹا آیا طرف میقات کے اور احرام باندھا تو ساقط ہوجاویگا اوس سے دم بالاتفاق یا وہ احرام باندھچکا تھا اور کوئی عمل حج کا بجا نہین لایا تھا اور آیا طرف میقات کے اور لبیک کہی تو ساقط ہوگا اوس سے دم نزدیک ہمارے اور امام زفر کے نزدیک نہین ساقط ہوگا اور جو کوئی عمل حج کا کرلیا مثلاً طواف شروع کرچکا تھا یا بوسہ لیا تھا حجر اسود کا پھر آیا طرف میقات کے لبیک کہتا ہوا تو نہین ساقط ہوگا اوس سے دم اجماعاً اور لبیک کی قید ہواسطے ہی کہ اگر لوٹا آیا طرف میقات کے اور لبیک نہ پکارا تو امام صاحب کے نزدیک دم نہین ساقط ہوگا اور صاحبین کے نزدیک ساقط ہوجاویگا اور اسی طرح مکے کا رہنے والا جو ارادہ رکھتا ہی حج کا اور متمتع جو فارغ ہوا عمرے سے اور نکل گئے دونون حرم سے اور احرام باندھا انھونے تو لازم آویگا دم اون دونون پر ہواسطے کہ میقات ان دونون کا حرم ہی اور اگر کوئی کوفے کا رہنے والا بستان مین داخل ہوا کسی حاجت کیواسطے تو اوسکے لیے داخل ہونا مکے مین بغیر احرام کے جائز ہی اور میقات اوسکا بستان ہی مانند اوسکے جو بستان مین رہتا ہی اور بستان بنی عامر کا ایک مقام ہی داخل میقات کے اور خارج ہی حرم سے تو اگر کسی شخص نے جو بستان کا رہنے والا ہی یا اوسمین داخل ہوا تھا احرام باندھا انھونے بھول سے اور وقوف کیا عرفے مین تو کچھ حرج نہین ہواسطے کہ احرام باندھا انھونے اپنی میقات سے اور جو شخص داخل ہوا مکے مین بغیر احرام کے لازم ہی اوسپر حج یا عمرہ تو جب داخل ہوا مکے مین بغیر احرام کے پھر لوٹ آیا طرف میقات کے اوسی سال اور احرام باندھا حج کا اور سبب جیسے نذر کی تھی اوسنے حج کی تو ساقط ہوا اوس سے جو واجب ہوا تھا اوسپر داخل ہونے مکے مین بغیر احرام کے اور وہ حج تھا یا عمرہ تو یہ حج کافی ہوجاویگا اوس سے اور اگر بعد اوس سال کے آیا طرف میقات کے تو یہ حج کافی نہوگا اور جسنے تجاوز کیا اپنی میقات سے اور احرام باندھا عمرے کا اور فاسد کردیا اوسکو عمرہ کرتا چلا جاوے اور پھر قضا کرے اور نہین ہی دم اوسپر بسبب ترک کرنے احرام کے میقات مین لوٹ جو مکے کا رہنے والا ہی اور طواف کیا اوسنے واسطے عمرے کے اور ابھی ایک پھیرا کیا تھا کہ احرام باندھا حج کا ترک کرے حج کو اور لازم ہی اوسپر دم اور حج اور عمرہ اور یہ مذہب امام ابوحنیفہ کا ہی اور صاحبین کے نزدیک ترک کرے عمرے کو اور اگر چار پھیرے کرلیے تو ترک کرے حج کے احرام کو سب کے نزدیک تو اگر تمام کرلیا اون دونون کو یعنی عمرے اور حج کو تو صحیح ہوا اور ذبح کرے قربانی اور احرام باندھا حج کا اور حج کیا پھر احرام باندھا دان نحر کے دوسرے حج کا اگلے سال مین تو اگر حلق کیا واسطے اول حج کے قبل اوس احرام کے لازم ہوگا اوسکو دوسرا حج بغیر دم کے اور اگر نہ حلق کیا لازم ہوگا اوسکو دوسرا ساتھ دم کے تو اب برابر ہی کہ حلق کرے یا نکرے دم لازم آویگا

اور جس شخص نے عمرہ ادا کیا مگر حلق نہین کیا اور احرام باندھا دوسرے عمرے کا ذبح کرے ایک آفاقی نے احرام باندھا حج کا پھر عمرے کا لازم ہوئے اوسپر دونون اور عمرہ باطل ہو جاتا ہی ساتھ وقوف کے عرفات مین قبل افعال عمرے کے اور اگر فقط توجہ کرے طرف عرفات کے تو باطل نہین ہوتا تو اگر طواف کیا حج کا پھر احرام باندھا عمرے کا اور عمرہ کرتا چلا گیا ذبح کرے اور مستحب ہی ترک کرنا عمرے کا تو اگر ترک کرے قضا کرے عمرے کی اور اوسپر دم لازم ہی اور جسنے حج کیا اور اہلال کیا عمرے کا دن نحر کے یا اون تین دنون مین جو دن نحر کے متصل ہین یعنی ایام تشریق مین تو لازم آویگا اوسپر عمرہ اور ترک کرے اوسکو اور قضا کرے اور دم بھی اوسپر لازم ہی تو اگر عمرہ کرتا چلا گیا صحیح ہوا اور لازم ہوا اوسپر دم اور جسکو فوت ہوا حج پھر احرام باندھا حج یا عمرے کا تو وہ ترک کرے اونکو اسواسطے کہ جسکا حج فوت ہوا ہو لازم ہی اوسپر کہ حلال ہو جاوے عمرے کے افعال کرکے اور قضا کرے اور ذبح کرے **ف** اور دلیل اسکی اصل شرح وقایہ اور ہدایہ مین مذکور ہی

باب احصار کے بیان مین

اگر محرم کو کسی دشمن نے روکا یا مرض کے سبب سے رک گیا تو جو شخص حج مفرد کرتا تھا وہ ایک دم بھیجے اور قارن دو دم اور مقرر کرے ایک دن ذبح کا اگرچہ قبل دن نحر کے ہووے یہ مذہب امام ابو حنیفہ کا ہی اور صاحبین کے نزدیک اگر عمرے سے روکا ہی تو اسی طرح کرے اور اگر حج سے رک گیا ہی تو نہین جائز ہی ذبح مگر دن نحر کے **ف** اور ہمارے نزدیک روکا جانا یعنی احصار مرض سے بھی ہوتا ہی اور امام شافعی کے نزدیک نہین ہوتا احصار مگر دشمن کے سبب سے اور دلیل ہماری یہ ہی کہ روایت کیا طحاوی نے شرح آثار مین **ثنا** عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ سَدَادٍ الْعَبْدِيُّ صَاحِبُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ **ثنا** جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ لَذِعَ صَاحِبٌ لَنَا وَهُوَ مُحْرِمٌ بِعُمْرَةٍ فَذَكَرْنَاهُ لِابْنِ مَسْعُودٍ فَقَالَ يَبْعَثُ الْهَدْيَ وَيُوَاعِدُ اَصْحَابَهُ مَوْعِدًا فَاِذَا ظَنَّ اَنَّهُ حَلَّ وَبَعَثَ اِلَى جَرِيرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَمَّارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ ثُمَّ عَلَيْهِ عُمْرَةٌ بَعْدَ ذٰلِكَ یعنی کہا علقمہ نے کہ کاٹا سانپ نے ایک شخص کو اور وہ محرم تھا عمرے کا تو ذکر کیا ہمنے یہ ابن مسعود سے کہا انھون نے بھیجے دیوے ہدی کو اور وعدہ کرے اپنے لوگون سے تو جب قربانی کرے اوس سے حلال ہو جاوے اور پھر اوسپر لازم ہی عمرہ اور آیت بھی احصار کی مرض کے باب مین نازل ہوئی ہی **ص** اور حل مین اوسکا ذبح کرنا جائز نہین اور جب ذبح ہو گئی قربانی اوسکی تو وہ حلال ہو جاویگا قبل حلق اور قصر کے اور لازم ہی اوسپر کہ اگر حلال ہوا حج سے تو اوسپر حج اور عمرہ لازم ہی اور عمرے سے تو عمرہ لازم ہی اور قران سے ایک حج اور دو عمرے جا ہیین **ف** اور مروی ہی اول عبد اللہ بن عباس اور ابن مسعود سے ذکر کیا اسکو رازی نے اور دوسرا بیان کیا ہمنے اوسکو ابن مسعود سے اور قران مین دو عمرے اسواسطے ہین کہ ایک عمرہ تو حج کے فوت کا ہوا اور ایک عمرہ اوس عمرے کی قضا ہی جو قران مین تھا **ص** اور جب احصار اوسکا مٹ جاوے اور ممکن ہوا اوسکو ہدی اور حج کا پانا تو جاوے اور اگر دونون ملنا ممکن نہون مثلاً حج ملنا ممکن ہو اور قربانی ملنا ممکن نہو یا قربانی ملنا ممکن ہو اور حج کا ملنا ممکن نہو تو جائز ہی اوسکے واسطے کہ حلال ہو جاوے اوی جگہہ یا چلا جاوے اور جو شخص وقوف اور طواف سے مکے مین دونون سے منع کیا گیا ہی تو احصار اوسکا ثابت ہی اور اگر ایک سے ان دونون مین سے روکا گیا تو احصار اوسکا ثابت نہین اور جو شخص عاجز ہو حج سے اور حج کیا جاوے اوسکی طرف سے تو صحیح ہوگا اور اوسکا حج ادا ہو جاویگا اگر عجز اوسکا موت تک باقی رہا اور نیت کی حج مین اوسکی طرف سے **ف** اسواسطے کہ کہا ایک عورت نے اے رسول اللہ تحقیق فرض کیا اللہ نے حج اپنے بندون پر پایا ہمنے اپنے باپ کو ضعیف بوڑھا کہ نہین ٹھہر سکتا سواری پر کیا حج کرون مین اوس سے فرمایا آپ نے ہان ہو ایک

بخاری مسلم نے اور فرمایا آپنے ایک شخص کیواسطے حُجَّ عَنْ اَبِیْکَ وَاعْتَمِرْ یعنی حج کرتو اپنے باپ سے اور عمرہ کر روایت کیا اوسکو ابوداود ونسائی ترمذی نے اور صحیح کیا اوسکو اور وارد ہی یہ بہت حدیثون مین ص اور اگر کسیکو دو شخصون نے حکم حج کا دیا اپنی طرف سے اور خرچ دیا اون دونون نے اور حج کیا اوسنے دونون کی طرف سے تو وہ حج اوس کرنے والے کا ہوگا اور اون دونون کا مال دینا پڑیگا اور نہین جائز ہی اوسکو کہ کرے اوس حج کو اون دونون مین سے ایک کی طرف اور اگر حج کیا ہی اپنے مان باپ سے تو درست ہی اوسکو کہ کرے اوس حج کو باپ یا مان کی طرف سے اور جو کسینے ایک شخص کو حکم دیا حج کیا اور اوسکو احصار ہوا تو دم احصار کا حکم کرنے والے پر ہی اور دم قران اور جنایت کا حج کرنے والے پر ہی یعنی اگر کسینے حکم دیا کہ میری طرف سے قران کرنا تو دم قران کا حکم کرنے والے پر نہین حج کرنے والے پر ہی اور اگر حج کرنے والے نے جماع کیا قبل وقوف عرفات کے تو باطل ہوا حج اوسکا سو دینا پڑیگا نفقہ اوس شخص کا جسنے حکم کیا تھا اوسکو حج کا اور اگر بعد وقوف کے جماع کیا تو نہ لازم آویگا اوسکو پھیر دینا نفقے کا کیونکہ صحیح ہوگیا حج اوسکا اور اگر کسی شخص نے وصیت کی کہ میری طرف سے حج کرا دینا اور لوگون نے بعد اوسکے ایک شخص کو واسطے حج کے مقرر کیا اور خرچ حج کا اوسکو دیدیا اور وہ راستے مین مرگیا تو جو خرچ دیکے مال باقی رہا ہی اوسکے ثلث مین سے پھر حج کرایا جاویگا اور امام ابو یوسف کے نزدیک کل مال کے ثلث سے حج کرایا جاویگا اور نزدیک امام محمد کے اگر اوس مال مین سے جو پہلے شخص کو واسطے حج کے دیا تھا کچھ باقی ہی حج کرایا جاویگا اور جو کچھ باقی نہین رہا باطل ہوگی وصیت اوسکی اور ہدی چاہے اونٹ کی ہو اور چاہے بکری ہو یا گائے اور ادنی درجہ یہ ہی کہ بکری ہو ف اور ہدایہ مین ہی کہ یہ قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی لیکن پایا نہین گیا روایت کیا شافعی نے عطاء سے کہ کہا انھون نے ادنی درجہ دم کا حج مین بکری ہی اور ایسا ہی کہا حضرت عباس نے مروی ہی یہ صحیح بخاری مین ص اور نہین واجب ہی لیجانا اوسکا عرفات مین اور ہدی مین اوسی قسم کا جانور جائز ہی جیسا دن نحر کے قربانی مین جائز ہوتا ہی اور جو اوسمین جائز نہین اوسمین بھی جائز نہین ف مثلاً اونٹ اور گائے مین جو قربانی کے لیے ہو سات آدمیون کا شریک ہے تو درست ہی تو اوسمین بھی درست ہی اور اسی طرح نہایت دبلی جو قربانی کی جگہ تک نہ جاسکے یا اندھی یا لنگڑی یا کان کٹی ہوئی جو ایسی ہدی درست نہین اور ذکر اسکا خلاصے مین کچھ تھوڑا سا آویگا ص اور جائز ہی بکری ہر جگہ مین مگر جب طواف زیارت جنابت کی حالت مین کرلیا یا وطی کی بعد وقوف کے تو ان دونون صورتون مین بدنہ یعنی اونٹ یا گائے کی قربانی لازم ہوئی اور جو ہدی نفل ہو اوسمین سے کھالیوے اور تمتع اور قران کی بھی ہدی سے کھادے اور سوا انکے اور کسی مین نہ کھادے ف حدیث بخاری مین ہی کہ کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نفل ہدی اور تمتع اور قران کی ہدی سے اور سوا انکے مین مثلاً احصار کی ہدی یا جنایت کی ہدی مین سے نہ کھادے اور منع کیا اوسکے کھانے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مروی ہی یہ صحیح مسلم اور ابن ماجہ مین ص اور تمتع اور قران کی ہدی دن نحر کے ذبح کرے اور باقی جس روز چاہے ذبح کرے اور ذبح کی جگہ حرم ہی ف فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سارا عرفہ موقف ہی اور سارا منی قربانی کی جگہ ہی اور جتنے کوچے مکے کے ہین سب قربانی کی جگہ ہین روایت کیا اسکو ابوداود اور ابن ماجہ نے حدیث جابر سے ص اور صدقہ دینا قربانی مین سے حرم کے فقیرون کو اور جسکو چاہے فقیرون مین سے درست ہی اور صدقے مین دیوے اوسکی جھول اور نکیل اور نہ دیوے قصاب کی اجرت مین اوسکو اور نہ سوا ہدی پر گھر واسطے ضرورت کے اور نہ نکالے اوسکا دودھ اور موقوف کرے دودھ کو اس طرح پر کہ پستان کو اوسکے سرد پانی سے دھووے ف اور یہ جب ہی کہ قربانی اوسکی قریب ہو اور لیکن جب ذبح اوسکا قریب ہووے تو اوسکا دودھ نکال کے صدقہ دیدے تاکہ ہدی کو ضرر نہ ہووے اور روایت کیا جماعت نے

ف اصل مسئلہ کا یہ ہی کہ جو شخص حج کا حکم کرے اور خرچ دیدے اور اوسکو احصار ہو تو دم احصار کا اوسی شخص پر ہی جسنے حکم کیا ہی اور اوسکو حج کا اور اگر بعد وقوف کے جماع کیا تو نہ لازم آویگا اوسکو پھیر دینا نفقے کا کیونکہ صحیح ہوگیا حج اوسکا اور اگر کسی شخص نے وصیت کی کہ میری طرف سے حج کرا دینا اور لوگون نے بعد اوسکے ایک شخص کو واسطے حج کے مقرر کیا اور خرچ حج کا اوسکو دیدیا اور وہ راستے مین مرگیا تو جو خرچ دیکے مال باقی رہا ہی اوسکے ثلث مین سے پھر حج کرایا جاویگا اور امام ابو یوسف کے نزدیک کل مال کے ثلث سے حج کرایا جاویگا اور نزدیک امام محمد کے اگر اوس مال مین سے جو پہلے شخص کو واسطے حج کے دیا تھا کچھ باقی ہی حج کرایا جاویگا اور جو کچھ باقی نہین رہا باطل ہوگی وصیت اوسکی اور ہدی

سوا ترمذی کے حضرت علیؓ سے کہ حکم کیا مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تقسیم کرو قربانیون کی بکریون کو اور اونکی جھولون کو اور حکم کیا مجکو کہ نہ دون اونمین سے اجر قصاب کا اور فرمایا کہ ہم اوسکو اپنے پاس سے دیوینگے اور ایک روایت مین ہی کہ صدقہ اوسکی کھالون اور جھولون کا اور سوار ہونا وقت ضرورت کے اوسپر درست ہی صحیحین مین مروی ہی حضرت ابوہریرہؓ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک شخص کو کہ ہانکتا ہی بدنہ کو فرمایا آپنے سوار ہوجا اوسپر کہا اوسنے کہ یہ بدنہ ہی فرمایا کہ سوار ہو اوسپر سو دیکھا اسمینے اوسکو کہ سوار تھا اوسپر ص اور جسنے ہانکا ہدی کو اور وہ قریب ہوئی کہ ہلاک ہوجاوے تو اگر نفل ہی تو اوسپر دوسری ہدی لینا ضرور نہین اور اگر واجب ہی تو اوسکی جگہہ پر دوسری مقرر کرے اور اگر اوسمین نہایت عیب ہی مثلاً تہائی حصے سے زیادہ اوسکی دم یا کان یا آنکھہ جاتی رہی تو اوسکو بھی بدلے اور عیب والی ہدی مالک کی ہی جو چاہے اوسکو کرے اور اگر مرنے لگے ہدی راستے مین اور وہ نفل تھی تو نحر کرے اوسکو اور نعل کو جو اوسکے گلے مین ہی اوسکے خون مین رنگ دیوے اور اوسکو لیکے اوسکے کوہان پر مار دیوے تاکہ اوسمین سے فقیر کھاوے اور غنی نہ کھاوے ف اور ایسا ہی حکم کیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناجیہ اسلمی کو ص اور اگر وقوف کیا لوگون نے اور گواہی دی ایک قوم نے کہ یہ دن نحر کا تھا اور عرفے کا دن گذر گیا تو نہین قبول کی جاویگی شہادت اونکی اور اگر قبل وقت وقوف کے گواہی دی کہ آج کا دن ترویہ کا تھا اور کل عرفہ ہی تو قبول کی جاویگی شہادت اونکی اور اگر رمی کی جمرۂ وسطی اور تیسرے جمرے کی اور نہ رمی کی جمرۂ اولی کی تو اگر رمی کرے پھر سبکی تو اچھا ہی اور اگر فقط جمرۂ اولی کی رمی کی قضا کی تو جائز ہی اور اگر نذر کی کسی شخص نے کہ حج پیدل کریگا تو پیدل کرے طواف زیارت تک اور بعد طواف زیارت کے جائز ہی اوسکو سوار ہونا اور اگر ایک لونڈی کو خریدا اور وہ محرم تھی اپنے مالک کے اذن سے تو جائز ہی خریدنے والے کو کہ حلال کرے اوسکو اس طرح پر کہ بال اوسکے کاٹے یا ناخون کترے پھر جماع کرے اوسسے اور یہ اولی ہی اس سے کہ حلال کرے اوسکو تم جماع کرے اور اگر جماع سے حلال کیا اوسکو تو درست ہی فقط خدا کا شکر ہی کہ کتاب الحج بھی تمام ہوئی خدا تعالی اوسکو اپنے فضل سے قبول فرماوے آمین یارب العالمین

خاتمہ فوائد متفرقہ کے بیان مین

فائدہ پہلا اوپر گذرا کہ عمرہ سنت ہی ہمارے نزدیک اور امام شافعی کے نزدیک فرض ہی اور بعضون کے نزدیک فرض کفایہ ہی دلیل امام شافعی کی یہ ہی کہ روایت کیا حاکم نے مستدرک مین اور دارقطنی نے زید بن ثابت سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ فَرِيضَتَانِ لَا يَضُرُّكَ بِأَيِّهِمَا بَدَأْتَ قَالَ الْحَاكِمُ الصَّحِيحُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ مِنْ قَوْلِهِ یعنی حج اور عمرہ دونون فرض ہین تو نہین ضرر کرتا ہی تجکو جسسے چاہے شروع کر کہا حاکم نے صحیح یہ ہی کہ یہ قول زید بن ثابت کا ہی نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علاوہ اسکے مین کہتا ہون کہ اسناد مین اوسکی اسمعیل بن مسلم مکی ہی ضعیف کیا اوسکو محدثین نے کہا بخاری نے منکر الحدیث وَقَالَ حَنَفَنَا حَدِيثُهُ یعنی پھینک دیتے ہین ہم حدیث اوسکی اور روایت کیا اس حدیث کو بیہقی نے ہشام بن حسان سے انھون نے محمد بن سیرین سے موقوفا اور یہی صحیح ہی اور نکالا دارقطنی نے عمر بن الخطاب سے اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْاِسْلَامُ قَالَ اَنْ تَشْهَدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاَنْ تُقِيْمَ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ وَاَنْ تَحُجَّ وَتَعْتَمِرَ یعنی پوچھا ایک شخص نے کہ اے رسول اللہ کیا ہی اسلام فرمایا یہ کہ گواہی دے تو کہ نہین ہی کوئی معبود سوا اللہ کے اور محمد رسول اللہ کے ہین اور قائم کرے تو نماز کو اور دیوے زکوۃ کو اور حج کرے اور عمرہ کرے تو کہا دارقطنی نے اسناد اوسکا صحیح ہی اور روایت کیا اوسکو حاکم نے کتاب الحج علی صحیح مسلم مین کہا صاحب تنقیح نے یہ حدیث صحیحین مین ہی اور اوسمین ذکر عمرے کا نہین اور یہ زیادت شاذ ہی اور اس باب مین اور حدیثین ہین

لیکن سب ضعیف ہین اور نکالا حاکم نے ابن عمر سے کہ نہین ہی کوئی شخص اسکی مخلوق سے مگر لازم ہی اوسپر حج اور عمرہ اور دونون واجب ہین جو شخص طاقت رکھے وہان جانے کی اور تعلیق کی اوسکی بخاری نے اور نکالا ابن عباس سے اَلْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ فَرِيضَتَانِ عَلَى النَّاسِ كُلِّهِمْ إِلَّا أَهْلَ مَكَّةَ فَإِنَّ عُمْرَتَهُمْ طَوَافُهُمْ فَلْيَخْرُجُوا إِلَى التَّنْعِيمِ ثُمَّ لِيَدْخُلُوا الْحَدِيثَ یعنی حج اور عمرہ دونون فرض ہین آخر حدیث تک اور کہا حاکم نے کہ یہ اوپر شرط مسلم کے ہی اور دلیل ہماری یہ ہی جو روایت کیا ترمذی نے حجاج بن ارطاۃ سے انھون نے محمد بن منکدر سے انھون نے جابر سے کہ پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمرے سے کیا واجب ہی وہ فرمایا نہین مگر یہ کہ عمرہ کرنا افضل ہی کہا ترمذی نے حدیث حسن صحیح ایسا ہی ہی ایک نسخے مین جامع ترمذی کے اور ایک نسخے مین ہی حدیث حسن اور وہ جو ذکر کیا بعضون نے کہ اسناد مین اسکی حجاج بن ارطاۃ ہی اور وہ ضعیف ہی تو جواب اوسکا یہ ہی کہ نہین ہی کم حدیث اوسکی درجہ حسن سے اور متفق ہوئین روایتین ترمذی سے اس بات پر کہ حسن کہا انھون نے اس حدیث کو اور روایت کیا اوسکو ابن حمید سے انھون نے محمد بن منکدر سے انھون نے جابر بن عبد اللہ سے اور روایت کیا اوسکو طبرانی نے معجم صغیر مین اور دارقطنی نے اور طریقے سے اور اسناد مین اوسکی یحیی بن ایوب ہی اور ضعیف کیا اوسکو اور روایت کیا عبد الباقی بن قانع نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حج جہاد ہی اور عمرہ نفل ہی اور یہ بھی حجت ہی اور کہا ابن حزم نے کہ یہ مرسل ہی روایت کیا اسکو معاویہ بن اسحق نے ہامان حنفی سے انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور جواب اوسکا یہ ہی کہ ابن قانع نے رفع کیا اوسکو اور وہ بڑے حافظین حدیث مین سے ہی اور باقی اسناد مین سب راوی ثقہ ہین باوجود اس بات کے کہ مرسل ہمارے نزدیک حجت ہی اور ضعف کرنا ہامان کا صحیح نہین ہی کیونکہ توثیق کی اوسکی ابن معین نے اور روایت کیا اوس سے جماعت مشاہیر نے اور مروی ہی یہ حدیث عبد اللہ بن عباس سے اور اسناد مین اوسکی مجاہیل ہین اور روایت کیا ابن ماجہ نے طلحہ بن عبید اللہ سے کہ انھون نے سنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے حج جہاد ہی اور عمرہ نفل ہی اور اسناد مین اوسکی عمرو بن قیس ہی کہا صاحب امام نے کلام کیا گیا ہی اوسپر اور بہرحال حدیث اوسکی درجہ حسن سے کم نہین اور روایت کیا ابن ابی شیبہ نے حدیث ابو اسامہ سے انھون نے سعید بن ابی عروبہ سے انھون نے ابو معشر سے انھون نے ابراہیم نخعی سے کہ کہا عبد اللہ بن مسعود نے کہ حج فرض ہی اور عمرہ نفل ہی اور کافی ہین یہ عبد اللہ تقلید کے واسطے اور کلام اوذکا حجت ہی ٭ ٭ ٭

فائدہ دوسرا اضحیے کے بیان مین

درست ہی چھ مہینے کا دنبہ قربانی کرنا اور اس سے کم کا درست نہین اور اونٹ پانچ برس سے کم کا درست نہین اور گائے دو برس یا زیادہ کی اور اوس سے کم کی درست نہین اور بکری جب ایک برس کی ہو یا زیادہ ہو تو درست ہی اور اس سے کم کی درست نہین اور اگر قربانی کا جانور مُسِنَّہ ہووے یعنی بے سینگھ کا یا بلیا ہووے یا دیوانہ ہووے یا کانا تو قربانی کرنا درست ہی اور اگر اندھا ہووے یا بہت دبلا ہووے کہ اوسکی ہڈیون مین مغز نہ رہا ہووے یا لنگڑا ہووے اسقدر کہ قربانی کرنے کی جا تک نہ جا سکے تو ان سب جانورون کو قربانی کرنا درست نہین اور جس جانور کا ایک ہاتھ یا ایک پانون کٹا ہووے یا اوسکا کان تیسرے حصے سے زیادہ کٹا ہووے یا اوسکی آنکھ تیسرے حصے سے زیادہ گئی ہووے یا اوسکا سر تیسرے حصے سے زیادہ کٹا ہووے تو ان سب جانورون کو قربانی کرنا درست نہین اور باقی فقرا اسکا کتاب الاضحیہ مین ہی

فائدہ تیسرا مکے کی اور مسجد الحرام کی فضیلت کے بیان مین

روایت ہی ابن عباس سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے مکے کے کیا اچھا شہر ہی تو اور میرے نزدیک زیادہ محبوب ہی اور اگر

تیری قوم نے نہ نکالا ہوتا مجکو تجھسے البتہ مین نہ رہتا مگر تجھ مین اخراج کیا اوسکا ترمذی نے اور ایک حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک ٹیلے پر کھڑے ہوئے اور فرمایا واللہ انک لخیر ارض اللہ واحب ارض اللہ ولولا انی اخرجت منک ما خرجت یعنی تو بہتر ہی اللہ کی زمین بھر مین اور اگر مین نہ نکالا جاتا تجھ مین سے البتہ نہ نکلتا مین مروی ہی یہ حدیث سنن ترمذی اور ابن ماجہ مین اور فرمایا آپنے دن فتح مکہ شریف کے ان ھذا البلد حرمہ اللہ یوم خلق السموات والارض فھو حرام بحرمۃ اللہ الی یوم القیمۃ وانہ لم یحل القتال فیہ لاحد قبلی ولم یحل لی الا ساعۃ من نھار فھو حرام بحرمۃ اللہ الی یوم القیمۃ لا یعضد شوکہ ولا ینفر صیدہ ولا یلتقط لقطتہ الا من عرفھا ولا یختلی خلاھا فقال العباس یا رسول اللہ الا الاذخر فانہ لقبورھم وبیوتھم فقال الا الاذخر یعنی یہ شہر حرمت کی اوسکی اللہ تعالی نے جسدن سے پیدا کیا آسمان اور زمین کو تو یہ حرمت دیا گیا ہی اللہ کی حرمت سے دن قیامت تک اور نہین حلال ہوا اوسمین قتل کرنا کسیکو میرے پہلے سوا میرے اور میرے واسطے ہی ایک گھڑی بھر دن مین درست ہوا تو وہ حرمت دیا گیا ہی اللہ کی حرمت سے دن قیامت تک توڑے کانٹا اوسکا اور نہ بھگادے وہان کے صید کو اور نہ لے وہان کی پڑی چیز کو مگر وہ شخص جو اوسکو پہچنوائے اور نہ لے وہان کی گھاس کو کہا حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مگر اذخر کو یعنی اذخر جو گھاس ہی وہان کی اوسکو لیا کرین کیونکہ وہ سلگاتے ہین اوسکو اور اپنے گھرون مین مرمت کرتے ہین سو فرمایا آپنے مگر اذخر کو یعنی اوسکا لینا درست کیا روایت کیا اوسکو بخاری مسلم نے اور روایت ہی عیاش بن ابی ربیعہ مخزومی سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہیگی یہ امت ساتھ بہتری کے جب تک عظمت دیا وحرمت خانہ کعبہ کی کرینگے جو حق اوسکی تعظیم کا ہی تو جب ضائع کرینگے اس تعظیم کو ہلاک ہوجاوینگے اخراج کیا اوسکا ابن ماجہ نے اور نماز پڑھنا خانہ کعبہ مین نہایت ثواب ہی حدیث شریف مین ہی کہ کعبے مین ایک نماز برابر ہی لاکھ نماز کے اور مدینہ منورہ کی مسجد نبوی مین ایک نماز برابر ہی پچاس ہزار نماز کے واللہ اعلم

فائدہ چوتھا مدینہ شریف کی زیارت کے بیان مین

زیارت ہمارے مشائخ کے زیارت قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی افضل مستحبات مین سے ہی اور مناسک فارسی اور شرح مختار مین ہی کہ نزدیک واجب کے بہرحال زیارت کرنا قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسلمان پر واجبات اور لوازمات مین سے ہی روایت کیا دارقطنی اور بزار نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے من زار قبری وجبت لہ شفاعتی جسنے زیارت کی میری قبر کی واجب ہوئی اوسکے لیے شفاعت میری اور روایت کیا دارقطنی نے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے من حج وزار قبری بعد موتی کان کمن زارنی فی حیاتی یعنی جسنے حج کیا اور زیارت کی میری قبر کی بعد میری موت کے سو گویا کہ اوسنے زیارت کی میری زندگی مین سبحان اللہ جب کہ زیارت قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین یہ درجہ ہوا کہ گویا خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حالت حیات مین زیارت کی تو کون ایسا مسلمان ایسا ہوگا کہ اس درجے سے محروم اور خائب رہیگا اور آپ کی زیارت سے مشرف نہوگا اور حج اگر فرض ہو تو اولی یہ ہی کہ پہلے حج کرے اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کو جاوے اور اگر حج نفل ہی تو اختیار ہی سو جب نیت کرے زیارت قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو آپ کی مسجد کی بھی زیارت کی نیت کرے اسواسطے کہ یہ مسجد اون مسجدون مین سے ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکے حق مین لا تشد الرحال الا الی ثلثۃ مساجد مسجدی الحرام ومسجدی ھذا والمسجد الاقصی یعنی نہ باندھے جاوین کجاوے مگر تین مسجدون کی طرف مسجد حرام اور میری مسجد اور مسجد اقصی یعنی مسجد بیت المقدس کی اور اس حدیث سے

مطلب آپ کا یہ ہی کہ مسجدون کی زیارت کیواسطے جانا اور سفر کرنا اونکے لیے درست نہین مگر ان تین مسجدون کی طرف اور یہ
یعنی اس حدیث کے ہمنے بیان کیے یہی صحیح ہین اور دلالت کرتا ہی اسپر کلام شیخ ابن الہمام کا بعد بیان کرنے اس حدیث کے وَالْاَوْلٰی
عِنْدَ الْعَبْدِ الضَّعِیْفِ تَجْرِیْدُ النِّیَّۃِ لِزِیَارَۃِ قَبْرِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یعنی اولی نزدیک میرے یہ ہی کہ مجرد کرے
نیت کو واسطے زیارت قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا آگے جاکے لِاَنَّ فِیْ ذٰلِکَ زِیَادَۃَ تَعْظِیْمِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ یعنی اسمین زیادتی تعظیم کی ہی واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور جن لوگون نے یہ معنی اس حدیث کے لیے ہین کہ سفر
کیا جاوے کسی مقام کی زیارت کیواسطے مگر ان مسجدون کی طرف تو وہ معنی اس حدیث کے مستقیم نہین کیونکہ کلام شیخ ابن الہمام کا صریح
منافی ہی اوسکے علاوہ اسکے امام احمد نے روایت کیا اس حدیث کو اور اوسمین ہی کہ نہ سفر کیا جاوے طرف کسی مسجد کے مگر ان تین مسجدون
کی طرف اور وہ جو ضعف بیان کرتے ہین اس حدیث کا کہ اسناد مین اوسکی شہر بن حوشب ہی اور وہ راوی ضعیف ہی اور وہم کیا ہے
اس روایت مین تو جواب اوسکا یہ ہی کہ جسوقت توثیق ثابت کردیوین ہم شہر کی تو نسبت وہم کی اوسکی طرف غیر مقبول ہی اور کلام بالائی کا
اور اصول حدیث مین ثابت ہی کہ زیادتی ثقہ ضابط کی مقبول ہی لیکن توثیق شہر بن حوشب کی معلوم کیا چاہیے کہ نہین ضعیف کیا ہی کو
مگر ابن عون اور مسلم نے اور توثیق کی اوسکی احمد بن حنبل اور یحیی بن معین اور بہت لوگون نے قَالَ اَحْمَدُ مَا اَحْسَنَ حَدِیْثَہٗ وَوَثَّقَہٗ
ھُوَ وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْعِجْلِیُّ ھُوَ تَابِعِیٌّ ثِقَۃٌ وَقَالَ ابْنُ اَبِیْ خَیْثَمَۃَ عَنْ یَحْیٰی بْنِ مَعِیْنٍ ھُوَ ثِقَۃٌ وَلَمْ یَذْکُرِ
ابْنُ اَبِیْ خَیْثَمَۃَ غَیْرَ ھٰذَا وَقَالَ اَبُوْ زُرْعَۃَ لَا بَاْسَ بِہٖ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ قَالَ مُحَمَّدٌ یَعْنِی الْبُخَارِیَّ شَھْرٌ حَسَنُ
الْحَدِیْثِ وَقَوِیَ اَمْرُہٗ وَقَالَ اِنَّمَا تَکَلَّمَ فِیْہِ ابْنُ عَوْنٍ ثُمَّ رَوٰی عَنْ ھِلَالِ بْنِ اَبِیْ زَیْنَبَ عَنْ شَھْرٍ وَقَالَ
یَعْقُوْبُ بْنُ شَیْبَۃَ شَھْرٌ ثِقَۃٌ اور کہا صالح بن محمد نے شہر روایت کرتے ہین عنہ الناس من اھل الکوفۃ والبصرۃ واھل
الشام ولم یوقف منہ علی کذب یعنی شہر روایت کیا اوس سے اہل کوفہ اور اہل بصرہ اور اہل شام نے اور نہین معلوم ہوا کذب اوسکا
کسی طرح تو جانا چاہیے کہ یہ کلام متقدمین کا ہی شہر بن حوشب مین اور متاخرین کا کلام سن لینا لازم ہی کہا امام نووی نے شرح صحیح مسلم مین
بَلْ وَثَّقَہٗ لَفِیْفٌ مِنْ کِبَارِ اَئِمَّۃِ السَّلَفِ وَقَالَ اَیْضًا فَھٰذَا کَلَامُ ھٰؤُلَاءِ الْاَئِمَّۃِ عَلَی الثَّنَاءِ عَلَیْہِ
اور کہا حافظ ابن حجر نے شَھْرٌ صَدُوْقٌ اور کہا شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر حاشیہ ہدایہ مین وَالصَّحِیْحَیْنِ شَھْرٌ اَلْمُوَثَّقُ وَوَثَّقَہٗ
اَبُوْ زُرْعَۃَ وَاَحْمَدُ وَیَحْیٰی وَالْعِجْلِیُّ وَیَعْقُوْبُ بْنُ شَیْبَۃَ وَسِنَانُ بْنُ رَبِیْعَۃَ تو جب شہر کو امام احمد اور
یحیی بن معین اور احمد بن عبد اللہ اور ابن ابی خیثمہ اور ابو زرعہ اور بخاری اور ترمذی اور یعقوب اور صالح بن محمد اور سنان بن ربیعہ
اسقدر لوگ ائمہ علماء محدثین سے توثیق کرین تو پھر ضعف بیان کرنا اوسکا بسبب تضعیف مسلم اور ابن عون کے باوجود یکہ رجوع کیا ہو
ان دونون نے اوسکی تضعیف سے اور نہ قبول کرنا اوسکی زیادت کو نہایت بے انصافی ہی اور وہ جو طعن کی ہی لوگون نے کہ شہر ایک
تحویلی بیت المال سے چرالی تو کہا نووی نے فَحَمَلَہُ الْعُلَمَاءُ عَلٰی مُحَمَّلٍ صَحِیْحٍ یعنی حمل کیا اوسکو علما نے محمل صحیح پر اور
وہ جو طعن کرتے ہین کہ شہر نے سفر حج مین اپنے رفیق کی رسی چرائی غلط ہی اور کذب ہی کہا نووی نے غَیْرُ مَقْبُوْلٍ عِنْدَ الْمُحَقِّقِیْنَ
یعنی یہ طعن غیر مقبول ہی نزدیک محققین کے اور بعد اوسکے جب علما سلف سے توثیق اوسکی ثابت اور شیخ ابن الہمام اور حافظ ابن حجر عسقلانی
اور امام نووی قائل اوسکی صحت کے ہین تو زیادتی اوسکی اس حدیث مین بلاشبہ مقبول ہی اور اگر تسلیم بھی کرین تو بھی جب تصریح حدیث

ضعیف مین مروی ہو تو معنی اوسکے اوسکے موافق لیے جاتے ہین بہرحال ترجیح اسی مذہب کو ہی جسکو ہمنے ذکر کیا اور دوسرے کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دوسری حدیث مین ذکر کیا اوسکو شیخ ابن الہمام نے لا تعمل المطی الا الی ثلثۃ مساجد صریح دال ہی اس بات پر کہ مراد حدیث مذکور مین سفر مساجد کا ہی اور جب جاوے واسطے زیارت کے تو کثرت سے بھیجے درود اور سلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر راہ مین اور جب مدینہ شریف کے قریب پونہچے غسل کرے قبل داخل ہونے کے مدینہ طیبہ مین اور چاہیے وضو کرے اور غسل افضل ہی اور اچھے کپڑے اپنے پہنے اور نئے کپڑے پہننا افضل ہی اور وہ جو لوگ جب مدینے کے قریب پہونچتے ہین تو سواری سے اوتر کے پیدل مدینہ شریف مین جاتے ہین کہا شیخ ابن الہمام نے کہ یہ فعل اچھا ہی کہا انھون نے وکل ما کان ادخل فی الادب والاجلال کان حسنا یعنی جو فعل ادب کا ہووے تو وہ اچھا ہی اور جب مدینے مین داخل ہووے تو یہ دعا پڑھے بسم اللہ رب ادخلنی مدخل صدق وادخلنی مخرج صدق اللھم افتح لی ابواب رحمتک وارزقنی من زیارۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما رزقت اولیاءک واھل طاعتک واغفر لی وارحمنی یا خیر مسئول اور چاہیے کہ نہایت تواضع اور عاجزی اور خشوع اور خضوع سے چلے اور نہ باز رہے دم بھر درود شریف سے اور دل مین خیال کرتا جاوے کہ یہ وہ شہر ہی جس مین ہمارے سردار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کی ہی اور اسی جگہ قرآن اور وحی اونپر اوتری ہی اور یہ جگہ ہی ایمان اور احکام کی کہا حضرت عایشہ رضہ نے کہ جتنے شہر ہین سب فتح ہوئے ہین تلوار سے مگر مدینہ کہ یہ فتح ہوا ہی رحم سے اللہ کے اور قرآن سے اور مستحب ہی کہ مدینہ شریف مین سوار ہو کے نہ چلے سوا سطے کہ فرمایا حضرت امام مالک نے جب پوچھا ایک شخص نے کہ کیون نہین سوار ہوتے آپ مدینے مین کہ مین شرم کرتا ہون اللہ تعالی سے کہ روندون ایک چارپائے کے کھر سے اوس مٹی کو جسمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور جب مسجد نبوی مین داخل ہووے داہنا پیر پہلے مسجد مین رکھے اور اندر جاوے اور کہے اللھم اغفر لی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک اور مسجد مین باب جبرئیل یا باب السلام سے داخل ہووے مگر باب جبرئیل سے جانا بہتر ہی اور یہ دعا بھی چاہیے پڑھے اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد اللھم اغفر لی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک اللھم اجعلنی الیوم من اوجہ من توجہ الیک واقرب من تقرب الیک وابلغ من دعاک وابتغی مرضاتک پھر درمیان منبر اور قبر شریف کے اس طرح پر کہ ستون منبر کا داہنے کندھے کے برابر پڑے سامنے محراب کے دوگانہ تحیۃ المسجد کا ادا کرے اور یہ مقام موقف ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور داخل ہی روضہ اطہر مین اور سجدہ شکر کا کرے کہ اس نعمت عظمی کو پونہچا پھر آئے قبر شریف پاس اور منہ کرے قبر کی دیوار کی طرف اور بیٹھ کرے طرف قبلے کے اور وہ جو فقیہ ابو اللیث سے مروی ہی کہ کھڑا ہووے منہ کرکے طرف قبلے کے صحیح نہین ہی کیونکہ روایت کیا ابو حنیفہ نے مسند مین عمر رضہ سے کہ کہا انھون نے سنت سے ہی یہ بات کہ آوے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے پاس قبلے کی طرف سے اور بیٹھ کرے اپنی قبلے کی طرف پھر کہے السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پھر کہے السلام علیک یا رسول اللہ السلام علیک یا خیر خلق اللہ السلام علیک یا خیرۃ اللہ من جمیع خلقہ السلام علیک یا حبیب اللہ السلام علیک یا سید ولد آدم السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ یا رسول اللہ انی اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ وانک عبدہ ورسولہ اشھد یا رسول اللہ انک بلغت الرسالۃ وادیت الامانۃ ونصحت الامۃ

وَشَفَعْتَ الْعُصَاةَ فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا جَزَاكَ اللّٰهُ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَازَى نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدَكَ وَرَسُوْلَكَ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالشَّرَفَ وَالدَّرَجَةَ الْعَالِيَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَاَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ سُبْحَانَكَ اِنَّكَ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ اور مانگے اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کو بوسیلے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اوس جگہ حسن خاتمہ اور مغفرت کو مانگے پھر مانگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شفاعت کو اور کہے یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْئَلُكَ الشَّفَاعَةَ وَاَتَوَسَّلُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ فِيْ اَنْ اَمُوْتَ مُسْلِمًا عَلٰى مِلَّتِكَ وَسُنَّتِكَ اور جو دعائیں طلب رحمت اور محبت کی ہوں اونکو پڑھے اور دل میں خیال کرے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ موجود ہیں اور میرے حاضر ہونے اور زیارت کو جانتے ہیں اور میرے کلام کو سنتے ہیں اور نہایت لحاظ اور آداب اور تمیز اور حضور قلب سے یہ دعا پڑھے اور ابو فدیک رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ سنا میں نے بعض اہل عصر سے کہتے تھے کہ پونہچا ہو کو جو شخص وقوف کرے نزدیک قبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور پڑھے اس آیت کو اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ اور پھر کہے صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ يَا مُحَمَّدُ ستر بار تو ندا کریگا اوسکو ایک فرشتہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا فُلَانُ یعنی رحمت بھیجی اللہ نے اوپر تیرے اے فلانے ذکر کیا اس حکایت کو شیخ ابن الہمام نے اور جس شخص نے اوسکو کہا ہو کہ میرا سلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پونہچا دینا تو اوسکا سلام پونہچا دے اور کہے اَلسَّلَامُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ اور فلان بن فلان کی جگہ اوسکا نام اور اوسکے باپ کا نام لیوے یا اسطرح پر کہے فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ يُسَلِّمُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اور حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ وصیت کرتے تھے لوگوں کو کہ میرا سلام حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پونہچا دینا اور قاصد بھیجتے تھے اسی واسطے شام سے مدینہ شریف کو اور جسکو فرصت نہ ہوسکے ان سب باتوں کی تو بقدر طاقت کے بجا لاوے پھر ایک ہاتھ داہنی طرف ہٹکر سامنے روے شریف حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہوکر کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَثَانِيَهٗ فِي الْغَارِ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا پھر اسی طرح ایک ہاتھ اور ہٹکر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سامنے ہوکر کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ الْفَارُوْقَ الَّذِيْ اَعَزَّ اللّٰهُ بِهِ الْاِسْلَامَ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ خَيْرًا پھر منبر اور قبر شریف کے درمیان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سر ہانے آکر دعا مانگے اور شفاعت طلب کرے اور اپنے والدین کیواسطے اور جسنے درخواست کی ہو اور اپنے دوستوں کے لیے اور تمام مسلمانوں کے لیے دعاے خیر کرے اور بعد ختم دعا کے آمین کہے اور درود اور سلام بھیجے اور بعضوں نے کہا ہے کہ پھر سر مبارک پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے آتا صحابہ سے منقول نہیں روایت کیا ابو داود نے کہ گئے قاسم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس اور کہا اے ماں کھولو میرے لیے قبر شریف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور حضرت ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کی سو کھولیں انھوں نے میرے لیے تین قبریں نہ سود یکھا میں نے کہ وہ قبریں بلند ہیں اور نہ زمین سے ملی ہوئی ہیں آخر حدیث تک اور حاکم نے روایت کیا اوسکو اور زیادہ کیا کہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آگے اور حضرت ابو بکر کو کہ سر اونکا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھوں کے درمیان تھا اور سر حضرت عمر رضی اللہ عنہ برابر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروں کے تھا اور صحیح کیا اوسکو حاکم نے اور جب فارغ ہو زیارت سے تو آوے روضے میں اور بہت بھیجے درود اور سلام اور نماز پڑھے نفل اگر وقت مکروہ نہ ہو اور حدیث صحیح میں آیا ہے مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ درمیان گھر اور منبر میرے کے ایک باغیچہ ہے باغوں جنت سے اور ایک روایت میں ہے مَا بَيْنَ قَبْرِيْ وَمِنْبَرِيْ

یعنی اور درمیان قبر میری اور منبر میرے کے اور کھڑا ہو نزدیک منبر کے اور دعا کرے فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منبری علی
تُرعَةٍ مِن تُرَعِ الجَنَّةِ منبر میرا ایک سیڑھی پر ہے سیڑھیوں جنت سے پھر مقام ستون حنانہ کے پاس جا کر بھی ایسا ہی کرے اور مستحب ہے
کہ روز بعد زیارت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بقیع میں جاوے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی وہاں تشریف لیجاتے تھے اور اوس جگہ ہزار و
صحابہ و تابعین اور اولیائے کبار مدفون ہیں کہ نام اونکے بالتفصیل ہر ایک کے معلوم نہیں اور جب بقیع کے پاس جاوے کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ
دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِيْنَ اَنْتُمْ لَنَا سَابِقُوْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَهْلِ بَقِيْعِ الْفَرْقَدِ
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَهُمْ اور زیارت کرے شہر قبروں کی مانند قبر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے اور قبر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے اور ایک قبہ اہل بیت کا ہے
اولاد امام حسن اور امام زین العابدین اور امام محمد باقر اور امام جعفر صادق اور حضرت فاطمہ صحیح روایت میں اور سیمین عون بن اور
ایک قبہ ہے حضرت ابراہیم کا جو بیٹے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور وہ پہلو میں عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے مدفون ہیں اور عبدالرحمن بن عوف
اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی بھی وہیں قبریں ہیں اسی طرح جتنے متبرک ہیں اور جو مقامات متبرکہ اور مساجد کہ نماز پڑھی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے اونمیں مثل مسجد قبا و خیبر کے جہاں تک ہو سکے انکی زیارت کرے اور جب وہاں سے رجوع کا قصد کرے تو مستحب ہے واسطے
واسطے کہ مسجد سے رخصت ہووے اور درود اور سلام پڑھے اور آئے قبر شریف پاس اور سلام بھیجے اور دعا مانگے اپنے والدین اور اقربا اور دوستوں
کیواسطے اور سوال کرے اللہ سے کہ پھر گھر اپنے پہونچا دے سلامتی اور صحت اور تندرستی سے بلیات دنیوی اور اخروی سے اور یہ دعا مانگے اَللّٰهُمَّ
لَا تَجْعَلْ هٰذَا آخِرَ الْعَهْدِ بِنَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَسْجِدِهٖ وَحَرَمِهٖ وَيَسِّرْ لِيَ الْعَوْدَ اِلَيْهِ
وَالْوُقُوْفَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَامْنُنْ عَلَيَّ فِي الْعَفْوِ وَالْعَافِيَةِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرُدَّنَا اِلٰى اَهْلِنَا سَالِمِيْنَ
غَانِمِيْنَ اٰمِنِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور وقت رخصت کے نہایت مبالغہ کرے گریہ و زاری اور آنسو بہانے میں کہ یہ علامت
مقبولیت دعا کی ہے اور پھر حسرت کرتا ہوا رو تا ہوا اور پھر آنے کی دعا کرتا ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی پر نہایت غم کرتا ہوا سیدھا
پھرے یا الٹے پانوں اور لفظ سمیت جمع کرے الٹے پانوں پھرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جو لوگ پاس اور قریب رہتے ہوں انکو کچھ نذر کرے اور دعا صحت اور مغفرت گناہوں کی ہر حال میں کرتا رہے اور مستحب ہے کہ سیڑھے سر چھرے اور خاک شفا اور پانی زمزم کنوئیں کا جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی پیا اور تر کا مثل
اس کے لیوے اور اسطرح کے سے پانی زمزم کا غیر بطور تبرک ساتھ لیوے اور جب اپنے گھر میں آئے کہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ
وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ فَلَا شَيْءَ بَعْدَهٗ اور پھر باقی عمر درود شریف اور زیادہ تر سابق سے امور خیر میں مصروف رہے اور یہ علامت ہے حج مبرور کی
اَللّٰهُمَّ وَفِّقْ لَنَا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ وَيَسِّرْ هُمَا لِيْ وَزِيَارَةَ قَبْرِ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَمَوْلٰنَا خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ سِرَاجِ
السَّالِكِيْنَ قُدْوَةِ الْعَابِدِيْنَ مَوْلَى الْعٰلَمِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَحْفَادِهٖ
وَعُلَمَاءِ اُمَّتِهٖ وَفُقَهَاءِ اُمَّتِهٖ وَشُهَدَاءِ اُمَّتِهٖ وَاَوْلِيَاءِ اُمَّتِهٖ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا

خاتمۃ الطبع شکر خدا کا کہ نور الہدایہ ترجمہ شرح وقایۃ مکمل المتقل کا الاصل اواخر ربیع الآخر ۱۳۱۶ھ ہجری مطبع نظامی واقع کانپور میں
اہتمام حاجی غفران مآب محمد عبدالرحمن بن حاجی محمد دین خان الفیض علیہ آئیب الرحمۃ والرضوان سے چھپ کر تمام ہوا

وقف ہے یہ کتاب واسطے نفع کے مسلمانوں کے کہ کوئی نہ بیچے نہ بھی ہووے اور طبع نظامی کی وقف ہے واسطے نفع کے مسلمانوں کے

صحیح نامۂ نور الہدایہ یعنی ترجمۂ اردو شرح وقایہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲	۹	اوانصاف	اورانصاف
۳	۲۶	اگر	اکثر
″	۲۶	فیہامین	فیہامین
″	۲۷	اوس	اِس
۴	۲	لے لیے	کے لیے
″	۱۹	سنتے	بنتے
۶	۲۱	اوداخلی	اورداخلی
″	۲۴	اوصل	اورِصل
۸	۱۱	لین	کین
″	۱۶	کاغذ	کاغذپر
″	۲۶	کہی	لکھی
۹	۲۰	کیاہی	کہاہی
۱۰	۸	پسند	بسند
۱۱	۱	مجتہدین بیت مذاہب	مجتہدین مذاہب
۱۴	۲۶	کبھی	کسی
۱۵	۱۱	طبرانی کی	طبرانی کے
۱۸	۵	ان شب	ان سب
۲۰	۴	پاتون	یاتون
۲۱	″	چاہیے	چاہیے
۲۲	۱۳	جبیر بن تفسیر	جبیر بن نفیر
″	۲۲	بن حنبل	بن حنبل
۲۳	۹	عیدی	عَبْدِی
″	۱۰	ثقہ	ثقہ
″	۲۰	اورروایت	روایت
۲۴	۲۱	نفیط	لقیط
۲۶	۱۰	عادت	عادت ہو
۳۰	۲۵	خصیر	حضیر

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۱	۹	مالک اکی	مالک کے
۳۳	۱۶	حضرت رضؓ	حضرتؓ
۳۴	۲۰	نخفی	نخعی
۳۶	۶	ڈھانپا	ڈھانپا
۳۸	۲۷	کیاسکو مانند	کیامانند
۳۹	۱۷	کہتے کہ	کہتے ہیں کہ
۴۳	۱۱	بھی	یہی
″	۱۸	سعید سے کہا	سعید کہا
۴۵	۳	عقیل	عقیلی
″	۶	اختلاف سے اختلاف ہی	اختلاف ہی
″	۱۵	دوقلۃ	دوقلہ
″	۱۶	توسندوئین	توسندوئین
″	۱۹	نجس نہوگا	نجس ہوگا
۴۶	۳	یَصِحُّ	لَایَصِحُّ
۴۷	۱	ہمنے	ہمسے
″	۳	المُصَیصِیُّ	المِصِّیصِیُّ
″	۱۱	تِسعٌ	تَسعٌ
۴۸	۲۲	ابن عمر	ابن ابی عمر
۴۹	۱۱	ایک نگ مزہ	رنگ مزہ
″	۲۴	الحُیُضُ	الحَیَضُ
″	۲۵	والتُّنُّ	والتَّنُّ
۵۰	۱۵	اُسٹھ	سات
۵۱	۱۰	دباغت	دباغت
″	۲۴	المحیق	المُحَبَّقُ
″	۲۷	دباغت مین	دباغت سے
۵۲	۱۱	شَمِیل	شُمَیل

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵۲	۱۶	رہری	زُہری
۵۳	۸	ہذل	ہُذَلی
۵۴	۱۰	کھینچتا	کھینچنا
″	۲۱	قَبْنِ خ	قَبْنِ ح
۵۵	۵	عربنین	عُرَیْنِیِّین
″	۱۴	روایت سے	روایت ہی
″	۲۳	سرہ	سُبْرَہ
۵۷	۲۳	تھامین	نہ تھامین
۵۸	۱	حَرِیث	حُرَیْث
″	″	عیسی	عَبَسی
″	۴	کہ کہا	کہا
″	۱۱	ابن لہیعہ	ابن لَہِیعَہ
″	۱۸	نفسا	نُفَیسا
″	۲۵	ثنی	مُثَنّی
۵۹	۱۱	مُرَبِّد	مُرَبَّد
۶۰	۹	روایت	روایت
″	۱۹	فِعْلٌ	فِعْلَ
″	″	عَمَرَ	عُمَرَ
۶۱	۱	طبیان	ظبیان
″	″	معین قطان	معین اور قطان
۶۲	۱۳	ابی رود	الجارود
۶۳	۱۹	ذلت نہین	ذلت نہین
″	۲۷	قرض	فرض
″	″	نقل	نقل
۶۶	۲۳	مونہہ	مِثْہ
۶۸	۱۴	کرتا	کرتا ہون

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷۰	۱۶	یہی مذکور	یہی مذکور
۷۱	۲۴	نخعی نے	نخعی
۷۳	۲۰	ابن سافعہ	ابن الرفعہ
۷۸	۱۱	زین نے	زرزین نے
″	۲۴	بدن سے	بدن
۷۹	۷	صحت	حجت
۸۰	۵	حدیث	حدث
۸۲	۱۵	نُقَلِّمُ	نُقَلِّمُ
۸۴	۵	پس	بس
۸۵	۶	ضعیف	یاضعیف
۸۶	۱۴	بن مجر	بن حجر
″	۲۲	سرطان	سرحان
۸۷	۱	بن شعبہ	بن شعبہ
۸۸	۶	رُزیع	زُرَیع
۹۰	۳	بن برید	بن یزید
″	۶	اورہی اونکے	ہی اور اونکے
۹۸	۷	ثِقَۃٌ	ثِقَۃ
″	۸	تطلوبنا صفی	قطلوبنا حنفی
۱۰۰	۲۴	توثیق	توثیق کی
۱۰۴	۱۰	اَبَنِ	اِبْنِ
″	۱۴	عَکرمَۃَ	عِکرِمَۃَ
۱۰۵	۱۸	ابن الایاس	ابن الیاس
۱۱۱	۱۶	سنت ہوتا	سنت ہونا
۱۱۳	۵	الاَمرَاق	الاَزرَاق
″	۱۵	الضَّحَّانِ	الضَّحَّاکِ
۱۱۴	۴	رَفع	رفع
″	۱۰	مَقِیم	مِقسَم

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۱۵	۱۶	القوم	القوم
۱۱۶	۷	ابی محلز	ابی مجلز
″	۸	هشیم	هشیم
۱۱۷	۳	تمھارے	تمھارے
″	۹	زمانے	زمانے
۱۲۱	۳	کردہ کسی	دہ کسی
۱۲۷	۲۲	حجاج	حجاج
۱۳۲	۸	سعد	سعید
″	۹	عبیداللہ	عبداللہ
″	۱۸	تین	تمن
۱۳۳	۸	الجد	الجد
″	۱۳	″	″
″	۲۶	ابن ابی شیبہ	ابن شیبہ
۱۳۴	۴	حدیث	حدیث
″	۱۶	قتیبہ	قتیبہ
″	۱۷	تو دیکھا تو دیکھا	تو دیکھا
″	۲۴	ابی سلمان	ابی سلیمان
۱۴۱	۱۲	ابی البختری	ابی البختری
۱۴۲	۱۲	سنے	سن
۱۴۳	۱۰	شلا	شلا
″	۱۹	مسائید	مسانید
۱۴۴	۲۰	صلوھما	لاندعوھما
″	″	طردتکم	طردتکم
۱۴۵	۴	طبیان	ظبیان
۱۴۶	۶	جابر	جابر
″	۹	یذکرون	یذکرون

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۴۶	۲۲	قرض	فرض
۱۴۷	۱۷	بن العزیز	بن عبدالعزیز
″	۱۸	عیسی	عنسی
″	۲۵	ثنی	یغنی
۱۵۳	۱۴	یقیم	تقیم
۱۵۷	۶	عیاد	عباد
″	۲۲	زوزا	زورا
۱۵۸	۵	مقسم	مقسم
۱۵۹	۲۶	عمومتی	عمومتی
۱۶۱	۱	طبیعۃ	طبیعۃ
″	۲	الزھری	الزھری
″	″	″	″
″	″	طبیعۃ	طبیعۃ
۱۶۷	۵	معویہ بن مغویہ	معاویہ بن معاویہ
″	۱۲	عمارۃ	عمارۃ
۱۷۱	۲۷	اردی	ازدی
۱۷۱	″	یہی	یہ بھی
۱۷۲	۱۱	گذرا	مروی ہے
۱۷۴	۹	مفصل	مفضل
″	۲۵	لشکری	یشکری
۱۷۵	۱۰	غافل	عاقل
۱۷۷	۲۲	اختیاری	اختیاری
۱۷۸	۱۹	توجا	توچار
۱۷۹	۱۱	جریج	جریج
″	۱۴	یطلب	یطلب
″	۲۶	اپنے	پہلے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۸۱	۱۹	شنی ابن الصباح	شنی بن الصباح
۱۸۴	۱۰	عشیری	عشری
۱۸۶	۱۶	ہونا	ہوتا
۱۸۸	۱	حجاج	حجاج
″	″	المنہال	المنہال
″	۳	رباح	رباح
″	″	مھران	مھران
″	۹	حدیقہ	حذیفہ
″	۱۸	المکاتب	المکاتب
۱۸۹	۲۶	یاذی یاغنی یاباہا یاشمی	یاذی یاباہا یاشمی
۱۹۳	۱۳	نصو	نصر
۲۰۰	۱۱	ہودہ	ہوذہ
″	۱۳	معین	معین
۲۰۱	۲۳	ایی	ایی
۲۰۲	۱۴	پانچے	پانچے
۲۰۴	۲۷	اس حدیث کا کہ نشان	روایت کیا
۲۱۰	۱۶	عروبہ	عروبہ
۲۱۱	۳	لایحجون	لایحجن
۲۱۵	۷	کرتہ پہنے	کرتہ پہننے
۲۱۹	۷	ہوتے	ہوئے
۲۱۷	۲۰	شریعت	شریف
″	۲۱	ک	تک
″	″	اورمل	اورمل
۲۲۱	۱۸	مخرمہ	مخرمہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۲۳	۱۱	الطیب	الطیب
″	۲۴	تین تین	تین
۲۲۴	۲۱	کرۃ	کرۃ
۲۲۶	۵	الخزدی	الجزری
″	۹	مزدلفہ	مزدلفہ
۲۲۸	۱۵	السلمی	السلمی
۲۲۹	ا	زدی	ازدی
″	۹	قوطھم	قوطھم
″	۲۶	ترویح	ترویہ
۲۳۴	۹	خصیف	خصیف
″	۱۳	چراوے	نہ چراوے
۲۳۷	۲۷	قریب ہووے	قریب ہووے
۲۳۸	۲۲	حذفنا	حذفنا
۲۴۱	۱۲	العلی	العجلی
″	۱۴	روی	روی
″	۱۸	الایمۃ	الایمۃ
۲۴۲	۲	تعملہ	تعملہ
″	۲۲	عمر سے	ابن عمر سے
″	۲۶	وحدہ	وحدہ
۲۴۳	۱۷	امۃ	امۃ
۲۴۴	۵	الغرقد	الغرقد
″	۸	مطعون	مطعون
″	۱۳	بنیتک	بنیتک
″	″	مسجدہ	مسجدہ
″	″	حرمہ	حرمہ
″	۲۲	وثیق	وثیق

صفحہ ۱۲۱ سطر ۱۲ کا حاشیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد خدا و نعت سرور مجتبیٰ بندۂ عاجز کمترین جہانیان مسیح الزمان بانی مطبع مسیحائی لکھنوی ولد مولوی نور محمد ملتانی مرحوم بہزاران عجز و نیاز بعد اہدائے تحفۂ سلام خدمت عالمان باعمل و حکمین و بزرگان باصدق و یقین ناظرین کتاب نور الہدایہ من بنحوائے مضمون فیض مشحون آیۂ شریف وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ شمۂ احوال برخوردار نور الابصار وحید الزمان مؤلف کتاب کا بامید امداد و دعاء مرحمت کریمانہ کے عرض گذار ہے کہ ایام طفولیت سے حق تعالیٰ نے برخوردار ممدوح کو الہو لعب سے بچا کر رغبت تحصیل علوم عطا فرمائی بارھویں برس بعد تحصیل کتب صرف نحو کے شرح وقایۂ عربی پڑھنا شروع کیا اور براہ ذہانت طبع جسقدر پڑھا ترجمہ اوسکا روزمرہ زبان اردو مین لکھکر مرتب کیا بعض علمائے حق پرست نے اوسکو دیکھکر ہدایت وار شاد فرمایا کہ یہ ترجمہ مثل اور رسائل اردو کے عام فہم ہی نہ مفید خواص البتہ اگر ہر مسئلہ اس کتاب کا مدلل با حادیث و اسناد معتبرہ ہوسکتا تو ہر خاص و عام کو مطلوب بلکہ اکثر علمائے عصر اور فقہائے دہر کو بدل محبوب و مرغوب ہوتا ہر چند کہ اوس ایام مین غیبت عاجز مین بوجہ تلف ہوجانے چھاپہ خانۂ ذاتی اور تمام جائداد کثیرۂ تجارت اور ہزارہا کتاب اقسام مختلفہ چھاپہ و قلمی کے صدمات کثیر اور ہجوم آلام سے زندگی عیال و اطفال اس حقیر کی دشوار تھی لیکن توجہ دلی اوستادان شفیق سے حق تعالیٰ نے مومی الیہ کو یہ توفیق عطا فرمائی کہ چند عرصے مین اکثر کتب احادیث شریف پڑھ کر لکھنا اس کتاب کا پندرھویں برس کی عمر مین شروع کیا قریب ربع کے باقی رہا تھا کہ سنہ ۱۲۸۳ ہجری مین حسب الطلب اس عاجز کے بترک وطن و دیار شہر حیدرآباد دکھن مین آکر اتفاق سکونت ہوا چند ماہ بوجہ نہ میسر ہونے کتب ضروریہ کے تکمیل کتاب مین توقف رہا من بعد ایک نسخہ کتاب فتح القدیر کا جناب مولانا و مقتدانا سیدی میر اشرفعلی صاحب دام فیوضہم نے عنایت فرمایا کہ باعث تکمیل کتاب ہوا اور سبب چھپنے اور رواج پانے کتاب کا یہ ہوا کہ جب سے بتوجہ عنایت معتمد عدالت سرکار فیض آثار نواب معلی القاب فلک اقتدار مختار الملک بہادر ادام اللہ اقبالہم سے برخوردار مذکور زمرۂ ملازمین مین شامل ہوا چھپنا اس کتاب کا جمیع حوائج ضروریہ انسانی پر مقدم جانکر تمام ماہوار ذاتی اپنی فراہم کرکے پانچ سو نسخے مطبع عالی نظامی واقع کانپور مین چھپوا کر ہدیۃً جابجا ملکون مین واسطے ملاحظے بعض اکابر دیندار اور بزرگان عالی وقار کے بذریعۂ ڈاک روانہ کیے توقع مرحمت بزرگانہ سے یہ ہی کہ جس مقام پر غلطی اور نقصان نظر آوے باصلاح دیگر اطلاع فرماوین اور حسبۃً للہ توجہ دلی سے امداد فرماوین کہ حق تعالیٰ جل شانہ اپنی قدرت کاملہ سے استطاعت و سامان تکمیل بقیہ تینون جلدون شرح وقایہ اور ترویج کتب دینیہ کا بہ نیت ثواب اخروی بوسیلۂ ہمم عالیہ بندگان فیض رسان اپنے کے عطا فرماوے اور رسید اس کتاب کی ہر ملک سے اس نشان پر عنایت ہو کہ در شہر حیدرآباد دکھن قریب منڈی میر عالم مرحوم متصل مکان مرزا شہسوار بیگ صاحب تعلقدار رسید نزد وحید الزمان مسیح الزمان رسد

وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ وَعَلَيْهِ التُّكْلَانُ

قطعۂ تاریخ از نتایج افکار غواص بحر معانی یکتا نابغۂ میدان سخندانی مجسم اخلاق حمیدہ والا مناقب جناب محمد زکی صاحب متخلص بزکی ادام اللہ فیوضہم

حق آگاہ علم و عمل دستگاہ — فرید زمانہ وحید الزمان — نمایندۂ شان نص و حدیث — بلاغت کلام و فصاحت بیان

بہر نکتہ جوہر بہر قطرہ در — زہی جوش دریائے طبع رواں — تبحر خداداد خلقی کمال — مقالات شرعی ہمہ بر زبان

تقدس باین عنفوان شباب — تحفظ باین لجۂ بیکران — اطاعت گذار و عبادت شعار — بحسن عمل کامل الامتحان

اگر حیدرآباد ہی باغ خلد — کہ ہین جسمین ایسے گل بیخزان — نہین اس جگہ کونسا علم و فن — یہی شہر ہی فخر ہند و ستان

دکن اوج دین مبین زرے وحساب — تعلی اسلام ہی بے گمان — ولی ولایت بھی معصوم ہی — ملا عصمت انبیا کا نشان

علم مین جو محبوب ہی اور علی — تو وصل نبی و علی ہی عیان — الٰہی بحق نبی و علی — یہ والی رہے تا قیام جہان

خدا نے دیا ہی وہ دیوان اسے — کہ ہی شہرۂ نظم تا آسمان — سخن فہم حق فہم روشن ضمیر — رعیت پناہ و عدالت نشان

سکندر نے پایا ارسطو وزیر — اگر حکم و حکمت ہی اب تو امان — یو ہین جملہ ارکان ہین نیک نام — ہر اک معتمد ہی ہر اک رازدان

یہ حسن توجہ رئیسون کا ہی — نہو کثرت علم کیونکر یہان — ہوا ہی اسی قدردانی سے بس — وحید الزمان بھی وحید الزمان

لکھی بدوسن مین وہ نادر کتاب — کھلے جس سے ابواب ستر نہان — بھلا کس سے ہو اس وقایہ کی شرح — یہ حل عقود طور یہ اردو زبان

یہ دفتر ہی آیات و اخبار کا — ہدایت کے نکتے ہین پر تو فشان — ہوئی ہو کے مطبوع مطبوع خلق — بفضل خداوند کون و مکان

بجا ہی اگر اہل دل اہل ہوش — بنائین اس آئینے کو حرز جان — زکی لکھ یہ تاریخ اتمام طبع — عقیدات شرح وقایہ ہی ہان

کھلی بینات و زبر کی بھی شان — کہ شرح وقایہ زہندی زبان — ۱۲۸۶

قطعۂ تاریخ ہذا از نتایج فکر شاعر یکتا و مورخ بے ہمتا جناب محمد عبد الکریم صاحب المتخلص بو الا منشی عدالت خاص سرکار عالی خلف الصدق مولانا محمد مہدی صاحب واصف مترجم تفسیر جلالین و کیمیای سعادت ابن محمد عارف الدین خان مرحوم المتخلص برونق

وحید ان زمان مین یگہ ممتاز — وہ علم و فضل کے ہین ذات حیش — مسیحا کے زمان مین اونکے والد — نہ فاضل ایسا رکھتی ہی جو شش

فروغ برق سے چالاک تر ذہن — طبیعت اونکی نور افشان قمر روش — وہ مینا ہے حقائق سے ہین سرشت — وہ صہبا ہے معارف سے ہین سرخوش

کتاب فقہ ہی شرح وقایہ — سائل جسکے ہین جون سبزہ سبز خیش — کیا ہی ترجمہ ہندی مین اوسکا — فصاحت جسکی جون سبزہ داوآتش

صنائع سے بھرے ہین سارے فقرات — ہر اک سطر اسکی ہی ہیئت سنقش — مسائل کی عبارت وہ مسلسل — نہ ذہن مبتدی ہووے مشوش

لکھا والا نے سال اس ترجمے کا — ہوا نور الہدایہ خوب دلکش — ۱۲۸۶

قطعۂ تاریخ از فرید الزمان برادر خرد مولوی وحید الزمان

بعہد میر محبوب علی شاہ — کہ در طفلی خداداد ش ولایت — عجب دیوان او مختار ملک ست — ہنر و خلق پرور با درایت

باخلاق نکو و زعدل و احسان — دل غمدیدگان را ازو رعایت — چنان افزود قدر عالمانرا — کہ نجا کشید در ذیل حمایت

جہان شادان ز حسن انتظامش — خدا دارد برو دائم عنایت — وحید عصر و یکتائے زمانہ — نوشتہ شرح در سن ہدایت

بفضل حق شود مقبول عالم — خلائق را ازو گردد ہدایت — چو طبعش یافت انجام و پذیرفت — بتقدیم فکر تاریخش عبارت

بگو تم گفت ہاتف از سر لطف — شود ہا فقہ آن نور الہدایت — ۱۲۸۶

چھپی یہ کتاب ایسی تسلیم ہے
نہ ایسی ہے چھپے گی نہ ایسی چھپی

لکھو طبع کی اسکے تاریخ تم
یہ شرح وقایہ بخوبی چھپی
۱۲۸۵ھ

ہو الغنی

اشتہار

یہ کتاب بموجب قانون بستم سنہ ۱۸۷۶ع
بہی رجسٹری گورنمنٹ میں داخل ہوئی
کوئی شخص بدون اجازت عاجز کے
قصد چھاپنے کا نکرے

وہ اردو کی شرح وقایہ چھپی
جو نام ہے اسکا چشمہ فیض ہے

لکھی اسکی تاریخ تسلیم نے
یہ اچھا بہا چشمہ فیض ہے
۱۲۸۵ھ